الا اِنَّ اولیاء اللہِ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون

# مقامِ گنجشکر رحمۃ اللہ علیہ

معارف و حقائق اور تاریخی واقعات کا حسین مرقع

حضرت بابا فریدالدین مسعود گنج شکرؒ کے مشائخ عظام و خلفا، در خلفا، تا زمانۂ حال،
اور آپ کی حیاتِ طیبہ کے مستند تاریخی حالات، ملفوظات و تعلیمات،
مسلکِ اولیا، پر اعتراضات کے قرآن و حدیث کی روشنی میں جوابات،
سلسلۂ عالیہ چشتیہ کے اوراد، وظائف، اشغال و مراقبات،

تالیف

مولانا الحاج (کپتان) واحد بخش سیال چشتی صابری

بسم الله الرحمن الرحیم

یا رب چه چشمه ایست محبت که من ازو
یک قطره آب خوردم و دریا گریستم

# در منقبت شہیدِ عشق حضرت خواجہ قطب الدین بختیار اوشیؒ

شہیدِ عشق مولائے قتیلِ حُبِّ رحمانے
جنابِ خواجہ قطب الدیں امامِ دین و ایمانے

امامِ عاشقانِ دردمند و طالبانِ حق
امامِ بسملان و بیدلان و سوختہ جانے

امامِ عارفان و واصلان و اولیاء اللہ
امامِ مقبلان و مقربان و پاک جانانے

ز تیغ لا فنا فی اللہ ز الا اللہ بقا باللہ
چہ خوش خوش جان بجان بر و ر سپرد آنمرد رحمانے

دلش اخگر، تنش اخگر، جگر اخگر بعشقِ حق
بخاک و خون غلطیدہ بلرزانید دورانے

بملکِ عشق و مستی انقلابے کرد برپائے
جہانے را خرد گم شد ہمہ عالم چہ حیرانے

زمیں جنبد فلک جنبد بجنبد ایں ہمہ عالم
چوں قطبِ دو جہاں قصد سپارد جانِ جانانے

بنازد حسن و شیدائی بنازد حسن و زیبائی
بایں شیرے جواں مردے کہ باشد فخرِ انسانے

طفیلِ خواجہ قطب الدیں معین الدیں فرید الدیں
الٰہی واحدِ خود را نواز از لطف و احسانے

فرید الدیں مہِ اکمل ترا باشد درخشندہ
الٰہی تا ابد جاری بود دریائے فیضانے

سگِ درباں کمینہ بے نوا واحد خیاں خواہد
کہ باشد چترِ رحمت برسرش تا دورِ دورانے

Marfat.com

# در منقبت حریقِ عشق شیخ الاسلام گنجشکر رحمۃ اللہ علیہ

فریدالحق فریدالدین ولی اللہ شہنشا ہے
حبیب اللہ صفی اللہ خلیل اللہ نبی جا ہے

سلاطیں خاک بوس و خاکروب خاکسارانش
مشائخ خاکِ پا و خاکِ راہ و خاکِ درگا ہے

جناب قطب عالم، رکن عالم، غوث دورانے
فقیرے دستگیرے دیں پناہ مشعلِ راہے

کرم کوش و کرم گستر، کرم پرور سخی سرور
جہاندارے، جہاں بانے، جہاں پرور شہنشا ہے

بہ اقلیم ہدایت آفتابے فیضِ عالم مشعل روشن
بہ ملک حسن و خوبی شاہِ خوباں بل شہنشا ہے

بہ ملکِ فقر و عرفاں شہسوارے کامل و اکمل
بہ ملک زہد و طاعت بے مثال و انبیا جاہے

ہ فنا فی اللہ بقا باللہ، سمیع اللہ، بصیر اللہ
خدا بینے، خدا دانے خدا جوئے خدا خوا ہے

طبیبِ قلبِ بیماراں حکیم رازدارِ کل !
حبیبِ دلنوازے دلپذیرے کجکلاہ ماہے

ہ ہمیں واحد کمینہ سگ غلامے رافقیرے را
نوازش کن شکر گنجے شکر بارے شکر شاہے

ہ شکر لبنے شکر دہنے، شکر سخنے شکر کامے
شکر نامے، شکر ریزے شکر بیزے شکر گاہے

ہ شکر خیزے شکر دانے شکر کانے شکر کوہے
شکر گوئے شکر جوئے شکر خوارے شکر خواہے

Marfat.com

# در منقبت مولائے کائنات رضؓ

فاتحِ اعظم مجاہدِ فی سبیل اللہ علی / لا فتیٰ الا علی لا سیف الا سیفہٖ

خاتمِ جبر و شجاعت فاتحِ بدر و حنین / رافعِ ابوابِ خیبر دافعِ اعداء علیؓ

زوجِ خاتونِ بہشت و والدِ حسنؓ و حسینؓ / جسم او جسمِ نبی و لحم او لحمِ نبی

من مدینۃ العلوم و بابِ او باشد علی / ایں ثنائے آں علی از دہنِ پاکِ آں نبی

بوتراب و خاکسار و صاحبِ نانِ شعیر / شد قہار و شیرِ یزداں بر عدوِ دینِ علی

فخرِ دنیا، فخرِ عقبیٰ فخرِ جن و انس ہم / فخرِ عالم ہم ملائک انبیاء مولا علی

قادری و سہروردی زیرِ بارِ منتش / چشتیاں را قبلۂ مقصود باشد ہم علی

سجدہ گاہِ ہر ولی و نورِ چشمِ ہر ولی / گوہرِ مقصودِ عالم تکیہ گاہِ ما علی

مظہرِ نورِ خدا و جانشینِ مصطفیٰ / جانِ عالم، نورِ عالم غوثِ عالم ہم علی

منبعِ علم و ہدایت مصدرِ فیض و کرم / معدنِ جود و سخا و ہم عطا مولا علی

واحدِ مسکیں چہ داند مدحتِ مولا علی

مصطفیٰ و ہم خدا شد مدح خوانِ یا علی

Marfat.com

# در منقبتِ خواجۂ خواجگان خواجہ معین الدین حسن سنجری رحمۃ اللہ علیہ

معین الدین، معین الحق، معینِ دل، معینِ جاں
معینِ بےکساں و عاجزان و ہم گنہگاراں

معینِ عاشقان و سالکان و طالبانِ حق
معینِ واصلان و عارفان و طلبگاراں

معینِ عاصیان و ناقصان و ہم سیہ کاراں
معینِ بےنوایاں خستہ جاناں ہم شرمساراں

معینِ دین و ایمانے معینِ بزمِ ایقانے
معینِ ہر کس و ناکس گدا و شہ شہنشاہاں

مشائخ را مددگارے سلاطیں را پناہ گاہے
حکیماں را خرد آموز و مطلوبِ طلبگاراں

حبیبِ قلبِ مضطر مونسِ جاں راحتِ ایماں
سکونِ عاشقان و ہم شفائے قلبِ بیماراں

ضیائے حق، ضیائے دیں ضیائے ایں جہان و آں
ضیابارے، سحر خیزے، شہنشاہِ ضیاباراں

ز اوجِ عظمتِ خواجہ چہ مے پرسی تو اے جانم
نفس گم کردہ مے آید ملائک در حضورِ شاں

سخی اکبر، کریمِ اکبر، رحیم و ہادی و رہبر
پناہِ واحدِ مسکیں جنابِ خواجۂ دوراں

Marfat.com

# حمد و ثنائے ربِ ذوالمنن

ربِّ من رؤفِ من مولائے من کریمِ من
قبلۂ من قدیرِ من کعبۂ من رحیمِ من
آقائے من حبیبِ من مونسِ من انیسِ من
حافظِ من غفارِ من ناصرِ من جلیسِ من
مالکِ من الٰہِ من قادرِ من خدائے من
رازقِ من رزاقِ من صانعِ من پناہِ من
ساقیِ من نگارِ من رونقِ من بہارِ من
مونسِ دلنوازِ من عظمتِ من وقارِ من
دولتِ من جہانِ من عزتِ من حیاتِ من
امیدِ من نویدِ من شادیِ من نشاطِ من
راحتِ من رضائے من شوکتِ من جلالِ من
سطوتِ من سکونِ من زینتِ من جمالِ من
سودِ من زیانِ من، مونسِ من نگارِ من
روحِ من روانِ من، سوزِ من قرارِ من
مقصدِ جہدِ من جہادِ من طاعتِ حق نمازِ من
ہجرِ من فراقِ من گریۂ دل گدازِ من
غایتِ سوزِ من گدازِ من کاوشِ من جنونِ من
آہِ من بکائے من نالہ و اشکِ خونِ من
بختِ من نصیبِ من دولتِ من بہائے من
تکیۂ من پناہِ من دردِ من دوائے من!

واحدِ خستہ بے نوا خاکِ درت سگِ شما
ساکنِ کوئے را نظرِ کرم نگارِ من!

Marfat.com

# نعت سرورِ کونینؐ

سرورِ سروراں رسول اللہ
دلبرِ دلبراں رسول اللہ

شاہِ شہنشہاں رسول اللہ
مالکِ دوجہاں رسول اللہ

کعبۂ انس وجاں رسول اللہ
قبلۂ کن فکاں رسول اللہ

ماویٰٔ بےکساں رسول اللہ
ملجائے عاصیاں رسول اللہ

سایۂ دوجہاں رسول اللہ
مایۂ دوجہاں رسول اللہ

ساقیٔ دوجہاں رسول اللہ
شافعِ عاصیاں رسول اللہ

واحدِ بےنوا طلب کند
راحتِ دو جہاں رسول اللہ

Marfat.com

# در منقبت مخدوم پاک سیّد علاؤالدّین علی احمد صابرؒ

محبوب رب العلمیں مخدوم صابر کلیری
معشوق جملہ عاشقاں مخدوم صابر کلیری

محبوب جملہ چشتیاں مخدوم صابر کلیری
مقصود جملہ اولیاء مخدوم صابر کلیری

مطلوب جملہ طالباں مخدوم صابر کلیری
مقبول جملہ عارفاں مخدوم صابر کلیری

حامد و محمود حق مخدوم صابر کلیری
صابر و شاکر سخی مخدوم صابر کلیری

ہادی انس و جاں مخدوم صابر کلیری
عاشق و معشوق حق مخدوم صابر کلیری

مولائے ما آقائے ما مخدوم صابر کلیری
شاہدِ رعنائے ما مخدوم صابر کلیری

واحد گدائے بے نوا و خستہ را
بنواز از کرم مخدوم صابر کلیری

Marfat.com

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَاخَوْفٌ عَلَیْہِمْ وَلَاھُمْ یَحْزَنُوْنَ

# مقامِ گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ

معارف و حقائق اور تاریخی واقعات کا حسین مرقع

Marfat.com

تالیف

مولانا الحاج (کپتان) واحد بخش سیال چشتی صابری

الفیصل
ناشران و تاجران کتب
غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ

بار دوم جون 2000ء

محمد فیصل نے
تعریف پرنٹرز سے چھپوا کر شائع کی
قیمت -/150 روپے

Marfat.com

خواجۂ من فرید من آقائے من فرید من — قبلۂ من فرید من کعبۂ من فرید من

خواجۂ لامکانِ من، ساکنِ ملک پاکپتن — قبلۂ دو جہانِ من مولائے من فرید من،

چشم و چراغ خواجگاں، ملجائے بیکساں — ماولائے من فرید من منجائے من فرید من

سجدہ گہ ملک توئی مقصدِ دورِ فلک توئی — قبلۂ انس و جان ہم آقائے من فرید من

فانی صفاتِ حق توئی باقی بذاتِ حق توئی — مظہر ذاتِ حق توئی آقائے من فرید من

راحت من سکون من مشفقِ من حبیب من — خواجۂ من فرید من آقائے من فرید من

واحد خستہ بے نوا خاک درت سگِ شما
افتادہ بر درِ شما آقائے من فرید من

Marfat.com

اللہ محمد چار یار حاجی خواجہ قطب فرید

# بابا فریدؒ

کے اُن پروانوں کے نام

جو

ہر سال لاکھوں کی تعداد میں

فریدؒ فریدؒ کے نعرے لگا کر

بہشتی دروازے سے گذرتے ہیں

از صد سخن پیرم یک نکتہ مرا یاد است

عالم نشود ویران تا میکدہ آباد است

# فہرست


| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| **مقدمہ** | ۱۷ |
| مشرب اہل اللہ کی شاندار فتوحات۔ ماضی اور حال میں، | // |
| مغربی ممالک روس اور چین میں تصوف کی کامیابی ؛ | // |
| روح کی الیکٹرانکس : | ۲۱ |
| آسمان پر چلنا ، | // |
| فرانس کے ایک سائنسدان کا انکشاف ؛ | ۲۲ |
| ایک روسی سائنسدان کا انکشاف : | // |
| برصغیر ہند و پاکستان چشتیوں کا ورثہ ہے : | ۲۴ |
| لفظِ چشتی کی وجہِ تسمیہ : | ۲۶ |
| نسبت چشتیہ کی خصوصیت : | ۲۷ |
| **باب نمبر ۱** | ۲۹ |
| ذکر مشائخ عظام فریدالدین گنج شکرؒ | // |
| ذکر پاک سرور کائنات حضرت محمد مصطفٰےؐ | ۳۰ |
| احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ و آلہٖ و اصحابہٖ وسلم | // |
| حلیہ مبارک | ۳۱ |
| کمالات ظاہری و باطنی | ۳۷ |
| آنحضرتؐ کی عظمت بحیثیت موجب کائنات | ۳۸ |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| بلندیٔ مقام عبدیت یا لبشریت | ۳۹ |
| مقام جامعیت | ۴۱ |
| نور اور بشر کا مسئلہ | ۴۳ |
| آپ کے دن میں ستر بار توبہ کرنے کی | ۴۴ |
| اصلی وجہ | // |
| حضورِ اقدسؐ کی توبہ کی ایک اور وجہ | ۴۵ |
| عارفین کے نزدیک | // |
| آنحضرتؐ کی عظمت بحیثیت مصدر | ۴۶ |
| کائنات ۔ حقیقت محمدیؐ ۔ | // |
| ظہور حقیقت محمدیہؐ | ۴۸ |
| نبیؐ کے ورثاء ۔ | ۴۹ |
| آنحضرتؐ کی عظمت بحیثیت عارف باللہ | ۵۰ |
| آنحضرتؐ کی عظمت بحیثیت رحمۃ للعلمین | ۵۱ |
| آنحضرتؐ کی عظمت بحیثیت سپہ سالار اعظم | ۵۴ |
| آنحضرتؐ کی عظمت بحیثیت مختار | ۵۵ |
| من اللہ و شارع اعظم ۔ | // |
| ذکر پاک حضرت علی کرم اللہ وجہہ | ۵۹ |
| خلفاء | ۶۰ |


Marfat.com

| مضمون | نمبر صفحہ |
| --- | --- |
| حضرت خواجہ حسن بصری رح | ۶۰ |
| حضرت خواجہ ابی الفضل عبدالواحد بن زید رح | ۶۱ |
| حضرت خواجہ فضیل ابن عیاض رح | ۶۵ |
| حضرت خواجہ ابراہیم بن ادھم رح | ۶۹ |
| حضرت خواجہ حذیفہ بن مرعشی رح | ۷۲ |
| حضرت خواجہ امین الدین ہبیرہ بصری رح | ۷۳ |
| حضرت خواجہ ممشاد علی دینوری رح | ۷۵ |
| حضرت خواجہ ابو اسحاق شامی رح | ۷۷ |
| حضرت خواجہ ابو احمد ابدال چشتی رح | ۸۰ |
| حضرت خواجہ ابو محمد محترم چشتی رح | ۸۲ |
| حضرت خواجہ ابو یوسف چشتی رح | ۸۸ |
| حضرت خواجہ قطب الدین مودود چشتی رح | ۹۰ |
| حضرت خواجہ حاجی شریف زندنی رح | ۹۶ |
| حضرت خواجہ عثمان ہارونی رح | ۹۸ |
| حضرت خواجہ خواجگان معین الدین | ۱۰۷ |
| چشتی اجمیری رح | // |
| حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رح | ۱۲۲ |
| **باب نمبر ۲** | ۱۳۵ |
| شیخ الاسلام گنجشکر رح کا سلسلۂ نسب حالات زندگی | // |
| تاریخ کے آئینہ میں | // |
| مقام گنجشکر رح کے مآخذ | ۱۳۸ |
| سلسلۂ نسب | // |

| مضمون | نمبر صفحہ |
| --- | --- |
| حضرت قاضی شعیب رح | ۱۳۸ |
| حضرت قاضی جلال الدین سلیمان رح | ۱۳۹ |
| اولاد امجاد حضرت گنجشکر رح کی ولادت | // |
| حضرت بی بی قرسم خاتون کی کرامت | ۱۴۰ |
| ابتدائی تعلیم | // |
| سلسلۂ طریقت | ۱۴۱ |
| حضرت شیخ الاسلام کی بیعت، مجاہدہ وخلافت | ۱۴۲ |
| حضرت خواجہ گنجشکر رح کی عظمت و مجاہدہ | ۱۴۳ |
| خلافت کے بعد ہانسی کو روانگی | ۱۴۴ |
| حضرت شیخ جلال الدین تبریزی رح سے ملاقات | // |
| اجودھن میں آمد | ۱۴۵ |
| صوم داؤدی چھوڑ کر صوم دہر اختیار کرنا | ۱۴۶ |
| حضرت گنجشکر رح کا کھانا کیا تھا | // |
| حضرت سلطان المشائخ کی شان و شوکت کی اصل وجہ | ۱۴۷ |
| ذات حق میں بے پناہ استغراق | ۱۴۸ |
| وجہ تسمیہ گنجشکر رح | ۱۴۹ |
| چلۂ معکوس | ۱۵۰ |
| اوچ شریف میں آمد اور چلۂ معکوس | ۱۵۱ |
| صلوٰۃ معکوس کا ثبوت حدیث نبوی ؐ سے | ۱۵۲ |
| چلۂ معکوس کے متعلق حضرت گیسو دراز رح کی وضاحت | // |
| دادا پیر حضرت خواجہ معین الدین اجمیری رح کی | ۱۵۳ |
| زیارت و حصول نعمت | // |
| حضرت خواجہ قطب الدین کا وصال اور خواجہ گنجشکر کی عدم موجودگی | ۱۵۴ |


Marfat.com

| مضمون | نمبر صفحہ |
| --- | --- |
| حضرت قطب الاقطاب رح کے وصال کا واقعہ ؛ | ۱۵۵ |
| شہنشاہ غیاث الدین بلبن کی بیٹی کیساتھ حضرۃ اقدسؒ کی شادی کا واقعہ | ۱۵۶ |
| ازواج و اولاد ؛ | ۱۵۸ |
| حضرت خواجہ نصیر الدین رح ؛ | ۱۵۹ |
| حضرت شیخ شہاب الدین گنج علم ؛ | // |
| حضرت شیخ بدر الدین رح سلیمان ؛ | // |
| حضرت مولانا علاؤ الدین موج دریاؒ ؛ | // |
| حضرت شیخ نظام الدین رح ۔ حضرت شیخ یعقوبؒ ؛ | ۱۶۰ |
| حضرت شیخ الاسلام گنج شکر رح کے خلفاء ؛ | ۱۶۱ |
| حضرت مخدوم صابرؒ کے کتابوں میں کم ذکر ہونے کی وجہ ؛ | ۱۶۳ |
| باطنی کمالات ؛ سلوک الی اللہ ؛ | ۱۶۵ |
| ساری عمر عشق بازی نہیں ہوسکتی ؛ | ۱۶۸ |
| قرب کا بُعد بن جانا کیا مطلب رکھتا ہے ؛ | // |
| یہی حال گنج شکر رح کا ہے ؛ | ۱۷۰ |
| ساری عمر عشق کرنا بے حد دشوار ہے ؛ | // |
| اولیاء امت میں گنج شکرؒ کا خصوصی امتیاز ؛ | ۱۷۲ |
| اولیاء امت کو بلندترین مقامات پر پہنچانا گنج شکرؒ کا منصب ہے | // |
| اقتباس الانوار کے مصنف کا مشاہدہ ؛ | ۱۷۳ |
| بلند مقام و بلند کلام ؛ | ۱۷۶ |
| دعا منظور و قبول ہوتی ہے ؛ | // |
| شیخ الاسلام گنج شکرؒ کے پاکیزہ کلمات میں سے چند کلمات ؛ | ۱۷۹ |
| حضرت شیخ الاسلام رح کا تبحر علمی ؛ | ۱۸۳ |
| سلاطین جہاں سے استغنیٰ ؛ | // |
| الغ خاں کا بخت بیدار ہوا ؛ | ۱۸۵ |

| مضمون | نمبر صفحہ |
| --- | --- |
| عصا پر تکیہ کرنا بھی ناگوار گزرا ؛ | ۱۸۵ |
| الصلوٰۃ معراج المؤمنین ؛ | ۱۸۶ |
| لوح محفوظ پر نظر ؛ | // |
| حضرت شیخ بدر الدین غزنوی کو خواجہ گنجشکر کی نصیحت ؛ | // |
| درویشوں کی خدمت ، آداب مریدی ؛ | ۱۸۷ |
| ایک مرید یوسف کی شکایت ؛ | ۱۸۹ |
| حضرت گنجشکرؒ کے بھائی نجیب الدین متوکل کی ظرافت ؛ | // |
| حضرت اقدس کا حوصلہ اور انکسار ؛ | // |
| حضرت سلطان المشائخ رح پر نظر عنایت ؛ | ۱۹۰ |
| ماہ رمضان میں خربوزہ کھانے کی خواہش ؛ | // |
| تنگی کا وظیفہ ، حضرت شیخ کے بال کی برکت ؛ | ۱۹۱ |
| سیم و زر کی طلب اور پھر ترک ؛ | // |
| شیخ الاسلامؒ کا توکل ، درس عوارف المعارف ؛ | ۱۹۲ |
| قبر سے بیعت درست نہیں ؛ | ۱۹۲ |
| خواب میں وظیفہ کی تلقین ؛ | // |
| مسجد میں سماع اور رقص ؛ | ۱۹۳ |
| زکوٰۃ ، شریعت ، طریقت ، حقیقت ؛ | ۱۹۴ |
| ذوقِ سماع ؛ | // |
| کمال عبدیت ، پاؤں چومنے کی برکت ؛ | ۱۹۵ |
| نماز کی حالت میں شیخ کو لبیک کہنا ؛ | ۱۹۶ |
| کرامات | ۱۹۷ |
| مقام عبودیت کی خصوصیات ؛ | ۱۹۹ |
| ایک ظالم حاکم کی اصلاح ؛ | ۲۰۰ |
| ایک نوجوان کا تائب ہونا ؛ | ۲۰۱ |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| درویشوں کی گستاخی اور سزا | ۲۰۱ |
| آپ پر سانپ کی زہر کا اثر نہ ہونا | ۲۰۲ |
| حضرت سلطان المشائخ پر بھی سانپ کا اثر نہ ہوا | // |
| حضرت گنج شکرؒ کی سب سے بڑی کرامت | // |
| حضرت سلطان المشائخؒ کے کمالات | ۲۰۵ |
| حصول محبوبیت کا واقعہ، جنتی دروازہ | ۲۰۶ |
| بہشتی دروازے کا علمی اور شرعی جواز | ۲۰۷ |
| جنتی دروازہ فنائیت فی الرسل کا کرشمہ ہے | ۲۱۰ |
| مراسم عرس | ۲۱۲ |
| تاریخہائے عرس، رسومات کا باطن | // |
| صبح کی محفل، شام کی محفل | ۲۱۳ |
| جنتی دروازہ کا افتتاح | ۲۱۶ |
| غسل کی رسم | ۲۱۷ |
| آداب حاضری | ۲۱۸ |
| **باب نمبر ۳** | ۲۲۳ |
| حضرت خواجہ گنج شکرؒ کے خلفاء اور | ۲۲۴ |
| خلفاء کے خلفاء | // |
| (تا زمانہ حال) | |
| حضرت خواجہ گنج شکرؒ کے خلفاء کی تعداد | // |
| مشائخ چشتیہ نظامیہ | ۲۲۵ |
| حضرت خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلویؒ | // |
| حضرت خواجہ نصیر الدین محمودؒ کے خلفاء | ۲۲۶ |
| حضرت بندہ نواز سید محمد گیسو درازؒ | // |

| مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| اولیاء اللہ کے جسم کے اعضاء الگ الگ ہونے کا سبب | ۲۲۷ |
| مقام وصل سے مقام عشق بلند ہے | ۲۲۸ |
| آفاتِ طریقت | // |
| عشق برخوردار کیا ہے | // |
| انتہائے عشق والی آفت کی ایک مثال | ۲۲۹ |
| حضرت مولانا جلال الدین مغربیؒ کو قائل کرنا | // |
| شیخ اکبرؒ سے اختلاف | ۲۳۰ |
| حضرت میر سید محمد مکیؒ | // |
| حلاجؒ کا مقام | ۲۳۱ |
| حضرت مخدوم جلال الدین بخاری اوچیؒ | ۲۳۳ |
| خلفاء | ۲۳۴ |
| حضرت مخدوم صدر الدین راجو قتالؒ | ۲۳۵ |
| شیخ سراج الدین سوختہؒ | // |
| حضرت اخی راجگیریؒ | // |
| حضرت شیخ قوام الدینؒ | // |
| حضرت شیخ سارنگؒ | ۲۳۶ |
| حضرت شیخ محمد میناؒ | ۲۳۷ |
| حضرت شیخ اختیار الدینؒ | // |
| میر سید اللہؒ | // |
| حضرت شیخ پیاراؒ | ۲۳۸ |
| حضرت شیخ علاء الدین قریشیؒ | // |
| حضرت شیخ فتحؒ | // |


Marfat.com

| مضمون | نمبر صفحہ | مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|---|---|
| شیخ قاسم اودھی رح | ۲۳۹ | تصانیف | ۲۴۸ |
| شیخ محمد عیسیٰ تاج جونپوری رح | // | فرقہ مرجیہ | // |
| مخدوم ابو الفتح جونپوری رح | // | حضرت مولانا فخر الدینؒ کی تشریح | ۲۴۹ |
| حضرت شیخ فخر الدین سجلوری رح | // | خلفاء | ۲۵۱ |
| میر سید علاؤ الدین اودھی رح | ۲۴۰ | حضرت میر محمدی رح | ۲۵۲ |
| شیخ محمد آنجش رح | // | حضرت خواجہ نور محمد قبلہ عالم رح | ۲۵۳ |
| شیخ حسام الدین رح | // | خلفاء | ۲۵۴ |
| **مشائخ گجرات (ہند)** | ۲۴۱ | حضرت خواجہ نور محمد نارووالہ رح | // |
| حضرات خواجہ کمال الدین علامہ رح | // | حضرت قاضی محمد عاقل رح | // |
| حضرت شیخ سراج الدین رح | ۲۴۲ | لباس اور غذا | ۲۵۵ |
| حضرت شیخ علم الدین رح | ۲۴۳ | شاہانِ مغلیہ | ۲۵۶ |
| حضرت شیخ محمود معروف بہ شیخ راجن رح | // | خلفاء | // |
| حضرت شیخ جمال الدین معروف بہ شیخ جمن رح | // | حضرت خواجہ خدا بخش رح | // |
| حضرت شیخ حسن محمد رح | // | خلفاء | ۲۵۷ |
| حضرت شیخ محمد رح | ۲۴۴ | حضرت خواجہ غلام فخر الدین رح | // |
| حضرت یحییٰ مدنی رح | // | حضرت خواجہ تاج محمود رح | // |
| حضرت شیخ کلیم اللہ جہان آبادی رح | ۲۴۵ | خلفاء | ۲۵۸ |
| حضرت شیخ نظام الدین رح | // | حضرت خواجہ غلام فرید رح | // |
| حضرت مولانا فخر الدین | ۲۴۶ | تصانیف | // |
| | | خلفاء | ۲۵۹ |
| فوج میں ملازمت | ۲۴۷ | حضرت خواجہ محمد بخش رح | // |
| دہلی میں خانقاہ کا قیام | // | حضرت حافظ محمد جمال ملتانی رح | ۲۶۰ |
| درس و تدریس | // | سکھوں کا حملہ | ۲۶۱ |

| مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|
| تصانیف | ۲۶۱ |
| حضرت محمد سلیمان تونسوی رح | ۲۶۲ |
| خلفاء | ۲۶۳ |
| حضرت خواجہ اللہ بخش قدس سرہٗ | ،، |
| حضرت حافظ محمد علی خیرآبادی رح | ۲۶۴ |
| خلفاء | ۲۶۵ |
| حضرت حاجی نجم الدین رح | ،، |
| خلفاء | ۲۶۶ |
| سجادہ نشین | ،، |
| حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی رح | ۲۶۷ |
| خلفاء | ،، |
| حضرت سید غلام حیدر علی شاہ رح | ،، |
| حضرت پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی رح | ۲۶۸ |
| حضرت خواجہ غلام حسن بھیروی رح | ۲۶۹ |
| حافظ غلام مرتضیٰ چیلاواہنی رح | ،، |
| خواجہ محمد اکرم کھروڑی رح | ،، |
| بنگال میں سلسلہ عالیہ چشتیہ کا عروج | ۲۷۰ |
| حضرت نور قطب عالم رح | ،، |
| حضرت مولانا حسام الدین رح | ۲۷۱ |
| حضرت شاہ اشرف جہانگیر سمنانی رح | ۲۷۲ |
| پانچ سو ہندوؤں کا مسلمان ہونا | ،، |
| ایک لاکھ ہندوؤں کا مسلمان ہونا | ،، |
| حضرت میر سید عبد الرزاق رح | ۲۷۳ |
| حضرت مخدوم صفی الدین حنفی رح | ۲۷۳ |
| دکن میں سلسلۂ عالیہ چشتیہ کا فروغ | ۲۷۴ |
| حضرت شیخ برہان الدین غریب رح | ،، |
| حضرت شیخ زین الدین رح | ،، |
| حضرت شیخ علاؤ الدین حسین شاہ رح | ۲۷۵ |
| **مشائخ چشتیہ صابریہ** | ۲۷۶ |
| حضرت شاہ شمس الدین ترک رح | ،، |
| حضرت شیخ جلال الدین کبیر الاولیاء رح | ،، |
| خلفاء | ۲۷۷ |
| حضرت شاہ احمد عبد الحق رودولوی رح | ،، |
| حضرت شیخ احمد عارف بن شیخ احمد عبد الحق رح | ۲۷۸ |
| حضرت شیخ محمد بن شیخ عارف رح | ۲۷۸ |
| شیخ بدھ رح | ،، |
| حضرت شیخ منصور رح | ،، |
| حضرت شیخ عبد الرحمٰن رح | ۲۷۹ |
| حضرت شیخ پیر بن شیخ بدھ رح | ،، |
| حضرت شیخ قطب الدین رح | ،، |
| حضرت شیخ حمید رح | ،، |
| حضرت شاہ عبد القدوس گنگوہی رح | ۲۸۰ |
| تصانیف و کمالات | ،، |
| خلفاء | ۲۸۱ |
| حضرت شیخ جلال الدین کابلی تھانیسری رح | ۲۸۲ |

| مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| کرامات | ۲۸۲ |
| حضرت شیخ نظام الدین بلخیؒ | ۲۸۳ |
| تصانیف | ״ |
| وصال | ״ |
| خلفاء | ״ |
| حضرت شیخ علی غواص ترمذی چشتیؒ | ۲۸۴ |
| حضرت مولانا اخوند درویزہ چشتیؒ | ״ |
| حضرت مولانا عبدالکریم پشاوریؒ | ۲۸۵ |
| حضرت پنجو بابا پشاوریؒ | ״ |
| حضرت شیخ محمد عارف لاہوریؒ | ״ |
| حضرت شیخ محمد صدیق لاہوریؒ | ״ |
| حضرت شیخ جان اللہ چشتی لاہوریؒ | ״ |
| حضرت شیخ ابوسعید حسین صابری گنگوہیؒ | ۲۸۶ |
| خلفاء | ״ |
| وصال | ״ |
| حضرت شیخ محمد صادقؒ | ״ |
| حضرت شیخ محمد داؤدؒ | ״ |
| خلفاء | ۲۸۷ |
| حضرت شاہ ابوالمعالیؒ | ״ |
| حضرت شیخ سوندھاؒ | ۲۸۸ |
| خلفاء | ״ |
| حضرت شاہ میراں بھیکؒ | ״ |
| حضرت شیخ محمد سعید چشتی شرقپوری لاہوریؒ | ۲۸۹ |

| مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| حضرت شاہ عتیق اللہ جالندہریؒ | ۲۹۰ |
| حضرت شاہ علیم اللہ جالندہریؒ | ״ |
| تصانیف | ״ |
| حضرت علی شاہ چشتی صابری جالندھریؒ | ۲۹۱ |
| حضرت شیخ محمد چشتیؒ | ״ |
| حضرت سید اعظم چشتی روپڑیؒ | ״ |
| حضرت حافظ موسیٰ مانک پوریؒ | ״ |
| حضرت مولوی غلام مصطفےٰ چشتی وزیرآبادیؒ | ۲۹۲ |
| حضرت امانت علی چشتیؒ | ״ |
| خلفاء | ״ |
| حضرت شیخ محمد عارف چشتی صابری لاہوریؒ | ״ |
| حضرت شیخ محمد سلیم چشتی صابری لاہوریؒ | ۲۹۳ |
| حضرت شیخ خیرالدین چشتی صابری عرف | ״ |
| خیر شاہ لاہوریؒ | ״ |
| حضرت شیخ عبدالرشید چشتی صابریؒ | ״ |
| مشائخ چشتیہ صابریہ محب الٰہیہ | ۲۹۴ |
| حضرت شاہ محب اللہ الٰہ آبادیؒ | ״ |
| حضرت مولانا شیخ سید محمد مکیؒ | ۲۹۵ |
| حضرت شاہ محمد مکیؒ | ״ |
| حضرت شاہ عضدالدینؒ | ״ |
| حضرت شیخ عبدالہادیؒ | ״ |
| حضرت شاہ عبدالباریؒ | ״ |
| حضرت شیخ الحاج شاہ عبدالرحیم ولایتیؒ | ۲۹۶ |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| حضرت میاں جی نور محمد جھنجھانوی رح | ۲۹۶ |
| کرامات | ۲۹۷ |
| خلفاء | ۲۹۸ |
| حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رح | // |
| تصانیف | ۲۹۹ |
| ارشادات | // |
| مسئلہ حاضر و ناظر | ۳۰۳ |
| مسئلہ نور و بشر | ۳۰۴ |
| مسئلہ توسل | ۳۰۵ |
| مسئلہ زیارت قبور اور اصحاب قبور | ۳۰۷ |
| سے روحانی فیض حاصل کرنا۔ | // |
| فیضان مزارات کی دوسری شہادت | // |
| جواز نذر و نیاز | ۳۰۸ |
| میلاد النبی کے موقع پر کھڑا | // |
| ہونے کا جواز | // |
| اجمیر شریف کہنا جائز ہے | // |
| جواز عرس | ۳۰۹ |
| عقائد اہل سنت والجماعت اختیار کرنا | // |
| شیخ کامل سے بیعت ہونا اور شیخ کامل کے | // |
| لوازمات | // |
| شریعت اور طریقت | ۳۱۰ |
| مسئلہ وحدت الوجود کی تصدیق | // |
| وحدت الوجود کی مزید وضاحت | ۳۱۱ |
| مسئلہ رویت (دیدار) حق تعالیٰ | // |

| مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| علم غیب انبیاء اور اولیاء کو ہوتا ہے | ۳۱۱ |
| شاہ اسمٰعیل شہید کا مسلک | ۳۱۲ |
| یا رسول اللہ کہنا | // |
| مسئلہ ہمہ اوست | ۳۱۳ |
| عبد الرسول نام رکھنا اہلِ دیوبند | ۳۱۴ |
| کے نزدیک جائز ہے۔ | // |
| خلفاء حضرت حاجی امداد اللہ رح | // |
| حضرت مولانا رشید احمد محدث گنگوہی رح | ۳۱۵ |
| حضرت مولانا شاہ وارث حسن کوڑہ جہان آبادی رح | ۳۲۰ |
| سلسلہ عالیہ چشتیہ ذوقیہ رح | ۳۲۱ |
| حضرت مولانا سید محمد ذوقی شاہ رح | // |
| تصانیف۔خلفاء۔ | ۳۲۲ |
| حضرت شاہ شہید اللہ فریدی رح | ۳۲۴ |
| تصنیف و تالیف | ۳۲۵ |
| الحاج کپتان واحد بخش سیال چشتی | ۳۲۷ |
| حضرت شاہ سراج علی محمد مدظلہ | |
| **باب نمبر ۴** | ۳۳۱ |
| مخالفین کے اعتراضات اور جوابات | // |
| اولیاء کرام کا مسلک تصوف روح اسلام اور جانِ ایمان | // |
| تصوف پر اعتراض | ۳۳۲ |
| لفظ تصوف کی وجہ تسمیہ | ۳۳۳ |
| تصوف کی اصل، مرتبہ احسان ہے | // |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| اسلام کی غرض و غایت | ۳۳۳ |
| صحابۂ کرام سے کم کشف و کرامات ظاہر ہونیکی وجوہات | ۳۳۸ |
| اقسام حجابات | // |
| اتباعِ نبوی کی اقسام | ۳۳۹ |
| عرس پر اعتراض | ۳۴۰ |
| عرس کی مخالفت کی ایک اور وجہ | ۳۴۱ |
| زیارتِ قبور پر اعتراض | ۳۴۲ |
| غیرمقلدین نے زیارتِ قبور کیوں حرام کہا ہے | ۳۴۶ |
| نذر و نیاز فاتحہ پر اعتراض | ۳۴۸ |
| علمائے دیوبند کا فتوےٰ | |
| امام احمد بن حنبلؒ کے نزدیک فاتحہ و نذر و نیاز جائز ہے | ۳۴۹ |
| اسماعِ موتٰی سے انکار | // |
| ایک نکتہ | ۳۵۱ |
| استمداد اور توسل | ۳۵۲ |
| اکابرِ دیوبند کا فتوےٰ | ۳۵۴ |
| ایک نکتہ | // |
| مسئلہ نور و بشر | ۳۵۶ |
| خانقاہی نظام پر اعتراض | ۳۵۹ |
| مشائخِ عظام کیوں رزق کمانے سے پرہیز کرتے تھے | ۳۶۱ |
| پختہ مزارات اور مقبرہ پر اعتراض | ۳۶۳ |
| خواتین کے مزارات پر جانے پر اعتراض | // |
| مزارات پر پھول چڑھانے پر اعتراض | // |
| مزارات پر بوسہ دینے پر اعتراض | ۳۶۴ |

| مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| اولیاءِ کرام کی بے ادبی خداوند تعالیٰ کو | ۳۶۴ |
| ناپسند ہے | // |
| سماع صوفیہ پر اعتراض | ۳۶۵ |
| حقیقتِ سماع | // |
| آئینِ محبت پر قرآن کریم کی مزید شہادت | ۳۶۶ |
| احادیث میں عشق و محبت کی تاکید | // |
| سماع سے عام طور سے کیوں پرہیز کیا جاتا ہے | ۳۶۸ |
| آیات و احادیث در ممانعت سماع | ۳۷۰ |
| ممانعت سماع کی آیات | ۳۷۱ |
| ممانعت سماع کی احادیث | // |
| آیاتِ جواز سماع | ۳۷۴ |
| جوازِ سماع احادیثِ نبوی کی رو سے | ۳۷۵ |
| حرمتِ سماع کی احادیث کے متعلق ائمہ مجتہدین کی رائے | ۳۷۹ |
| حضرت عتبہ رضؓ کا سماع | ۳۸۰ |
| استاذ الائمہ والمحدثین حضرت امام ابراہیم بن سعد اور سماع | // |
| رئیس المحدثین حضرت امام شعبہؒ کا سماع سنا مزامیر کیساتھ | // |
| صحابۂ کرام رضؓ کا سماع | // |
| آنحضرتؐ کے صحابی حضرت حسان بن ثابت رضؓ کا | // |
| سماع مزامیر کے ساتھ | // |
| رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سماع اور وجد | ۳۸۱ |
| دیگر صحابۂ کرام رضؓ جنہوں نے سماع سنا | // |
| حضرت عمر رضؓ کا غنا پر سکوت | // |
| مختلف سلاسل کے مشائخ عظام اور سماع | ۳۸۲ |
| حضرت داتا گنج بخش سید علی ہجویریؒ لاہوری اور سماع | // |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| حضرت امام غزالیؒ اور سماع ؛ | ۳۸۴ |
| شرائطِ سماع ، مقاماتِ سماع ، | ۳۸۵ |
| بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا رقص ، | ۳۸۶ |
| حضرت غوث الاعظمؒ اور سماع ؛ | // |
| حضرت غوث الاعظمؒ کا خود سماع سننا ، | ۳۸۷ |
| حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ اور سماع ؛ | ۳۸۸ |
| حضرت شیخ کا قرآن سے اخذِ جواز سماع ؛ | ۳۸۹ |
| احادیثِ نبویؐ کی رو سے حضرتِ شیخ شہاب الدینؒ | // |
| کا اخذ جواز سماع ؛ | // |
| وجد و حال حضرت شیخ کی نظر میں ، | // |
| شیخ الشیوخؒ کے ہاں آدابِ سماع ، | ۳۹۰ |
| آئمہ اربعہ اور سماع ، امام ابو حنیفہؒ اور سماع | // |
| علامہ نابلوسیؒ اور سماع ؛ | // |
| علامہ ملّا علی قاری حنفیؒ اور سماع ؛ | ۳۹۱ |
| علامہ شامی حنفیؒ اور سماع ؛ | // |
| امام مالکؒ اور سماع ، | // |
| امام شافعیؒ کا سماع ، | ۳۹۲ |
| امام احمد بن حنبلؒ اور سماع ، | // |
| شیخ عبد الحق محدث دہلویؒ اور سماع ، | ۳۹۳ |
| امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ کا سماع ، | // |
| مولانا عبد الحی فرنگی محلیؒ اور سماع ، | // |
| فتاوائے خیریہ اور سماع ، | // |
| اہلحدیث کے امام قاضی محمد بن علی شوکانی یمنیؒ اور سماع ، | // |
| استاذ العلماء والمحدثین امام ابراہیم بن سعد حنفیؒ اور سماع ، | ۳۹۴ |
| امام احمد غزالیؒ اور سماع ، | // |

| مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| شیخ الشیوخ حضرت ضیاء الدین ابو النجیب سہروردیؒ اور سماع | ۳۹۴ |
| حضرت شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی سہروردیؒ کا سماع اور رقص | ۳۹۵ |
| حضرت شیخ فخر الدین عراقی سہروردیؒ اور سماع ، | ۳۹۶ |
| حضرت شیخ حمید الدین ناگوری سہروردیؒ اور سماع ؛ | ۳۹۵ |
| حضرت شیخ سعدی شیرازی سہروردیؒ اور سماع ؛ | ۳۹۶ |
| حضرت مخدوم جہانیاں اوچی سہروردیؒ اور سماع ؛ | // |
| حضرت شاہ نعمت اللہ سہروردی ملتانیؒ اور سماع | ۳۹۷ |
| قادری بزرگان حضرت میاں میر لاہوریؒ حضرت ملا | // |
| شاہ بدخشیؒ شاہ ابو المعالیؒ کا سماع ؛ | // |
| مشائخ نقشبندیہؒ اور سماع ؛ | ۳۹۸ |
| حضرت خواجہ بزرگ خواجہ بہاء الدین نقشبندؒ اور سماع | // |
| حضرت خواجہ محمد پارسا نقشبندیؒ اور سماع ؛ | // |
| حضرت مولانا عبد الرحمٰن جامی نقشبندیؒ اور سماع ؛ | ۳۹۹ |
| حضرت مولانا خواجگیؒ اور مولانا ہبیتیؒ نقشبندی کا سماع ؛ | // |
| حضرت مجدد الف ثانیؒ اور سماع ؛ | ۴۰۰ |
| حضرت امیر ابو العلیٰ نقشبندیؒ اور سماع ؛ | // |
| حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی نقشبندیؒ اور سماع ؛ | ۴۰۱ |
| حضرت شیخ شہاب الدینؒ کا ایک قول قاضی ثناء اللہ | ۴۰۲ |
| کی زبانی ۔ | // |
| خواجگانِ چشتیہؒ کا سماع ، | ۴۰۴ |
| حضرت خواجہ حسن بصریؒ ، | // |
| حضرت خواجہ ابو اسحٰق شامیؒ ، | // |
| حضرت خواجہ ابو احمد ابدال چشتیؒ ، | ۴۰۵ |
| حضرت خواجہ ابو یوسف چشتیؒ ؛ | // |

| مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| حضرت خواجہ قطب الدین مودود چشتی رہ | ۴۰۶ |
| حضرت خواجہ عثمان ہارونی رہ | ״ |
| حضرت خواجہ معین الدین چشتی رہ | ״ |
| حضرت خواجہ قطب الدین بختیارؒ | ۴۰۷ |
| حضرت شیخ فرید الدین مسعود گنج شکرؒ | ״ |
| سلطان المشائخ حضرت محبوب الٰہیؒ | ۴۰۸ |
| حضرت شاہ عبد القدوس گنگوہیؒ | ״ |
| علمائے دیوبند اور سماع | ۴۰۹ |
| مولانا تھانویؒ کا سماع سننا اور سنوانا | ۴۱۰ |
| مولانا رشید احمد گنگوہیؒ اور سماع | ۴۱۱ |
| مولانا تھانوی کا ایک بار سماع سننا | ۴۱۲ |
| مولانا محمد حسین الٰہ آبادی دیوبندیؒ کا صاحب سماع ہونا | ״ |
| شرائط اور آداب سماع | ۴۱۳ |
| **باب نمبر ۵** | ۴۱۷ |
| اذکار و مشاغل ، فضل ربی | ״ |
| شیخ کامل کی توجہ | ״ |
| کیا ہر شخص ولی اللہ بن سکتا ہے | ۴۱۸ |
| ولایت کی اقسام | ״ |
| ذکر اللہ کی اہمیت | ۴۲۰ |
| اقسام ذکر ، اشغال و مراقبات | ۴۲۲ |
| ضرورت اذکار و مشاغل و مراقبات | ״ |
| ذکر اسم ذات ، ذکر اسم ذات یک ضربی | ۴۲۳ |
| ذکر اسم ذات دو ضربی ، ذکر سہ ضربی | ״ |
| ذکر چہار ضربی ، ذکر نفی و اثبات | ״ |
| ذکر پاس انفاس | ۴۲۴ |

| مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| شیطان کے شر کو مٹانے کا طریقہ | ۴۲۴ |
| حبس دم کا دوسرا طریقہ | ۴۲۵ |
| شغل سرپایہ | ״ |
| **مراقبات** | ۴۲۶ |
| مراقبۂ یقین ، مراقبۂ قرب | |
| مراقبۂ رویت ، مراقبۂ ذات | ״ |
| شغل ہوا | ۴۲۷ |
| شغل دائرۂ حق - مراتب فنا | ״ |
| مقام بقا باللہ سے مراد | ۴۲۹ |
| اچھے اور برے انوار کی پہچان - رنگوں کی پہچان | ۴۳۰ |
| ذکر برائے شفائے مریض | ۴۳۱ |
| مقاصد کے حصول اور آئندہ حالات سے | ״ |
| واقفیت کے لیے ۔ کشف قبور کے لیے | ״ |
| کشف قبور کا دوسرا طریقہ | ״ |
| آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے لیے | ״ |
| حاجت براری کا طریقہ | ״ |
| مشائخ کے تصرفات کرنے اور توجہ دینے کا طریقہ | ״ |
| زندہ اور مردہ اہل اللہ کی نسبت معلوم کرنے کا طریقہ | ۴۳۲ |
| کسی کے دل کے خیالات معلوم کرنے کا طریقہ | ״ |
| آئندہ واقعات معلوم کرنے کا طریقہ | ״ |
| مرض سلب کرنے کا طریقہ | ״ |
| مرض سلب کرنے اور گناہگار سے گناہ دور | ״ |
| کرنے کا دوسرا طریقہ - بلا دفع کرنے کا طریقہ | ״ |
| آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا دوسرا طریقہ | ۴۳۳ |
| احتیاط کی ضرورت - نماز استخارہ | ״ |
| استخارہ کا دوسرا طریقہ | ۴۳۴ |


Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہٗ ونصلی علٰی رسولہ الکریم

# مقدّمہ

# مشرب اہل اللہ کی شاندار فتوحات

## (ماضی وحال میں)

**مغربی ممالک اور روس و چین میں تصوّف کی کامیابی:** ہم اہلِ طریقت کو ایک شاندار خوشخبری سناتے ہیں اور مبارکباد دیتے ہیں کہ جس طرح گزشتہ زمانے میں اولیاء کرام کی روحانی قوت سے دنیا میں اسلام پھیلا اسی طرح آجکل کے الحاد کے زمانے میں بھی تصوّف کو مغربی ممالک بلکہ روس اور چین جیسے دہریہ ملکوں میں بھی شاندار کامیابی حاصل ہو رہی ہے اور لوگ اولیاء کرام کی کتابیں پڑھ کر دھڑا دھڑ مسلمان ہو رہے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ اولیاء کرام کا مسلک ہی دراصل حقیقتِ اسلام ہے اور وہی مسلک ہے جسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کا تھا یعنی وہی وَالَّذِینَ آمَنُوا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰہ (جو لوگ ایماندار ہیں ان کو حق تعالےٰ سے شدید محبت ہے) کے بمصداق حق تعالےٰ سے

Marfat.com

شدید محبت وہی آیۂ کریمہ وَھُوَ مَعَکُم اَیْنَمَا کُنْتُمْ (اللہ تمہارے ساتھ ہے جہاں بھی تم جاؤ) کے بمصداق حق تعالےٰ کی معیت کا شرف وہی آیۂ کریمہ نحن اقرب الیہ من حبل الورید (ہم انسان سے اس کی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہیں) کے مطابق حق تعالےٰ سے قرب ووصال، وہی آیۂ کریمہ اینما تولّوا فثمّ وجہ اللہ (جس طرف دیکھو اللہ ہی اللہ ہے) کے مطابق ہر ہر چیز میں حق تعالےٰ کے حسن وجمال کے مشاہدات اور وہی حدیث قدسی بِیْ یَسْمَعُ وَبِیْ یُبْصِرُ کے مطابق ذات وصفاتِ حق میں فنائیت کا شرف وہی حدیث اِتَّقُوْا فِرَاسَۃَ الْمُؤْمِنِ اِنَّہٗ یَنْظُرُ بِنُورِ اللہ (مومن کی باطنی بصیرت سے ڈرو کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے یعنی تمہارے دل کی بات معلوم کرلیتا ہے) کے مطابق کشف وکرامات کی دولت، وہی حدیث تخلقوا باخلاق اللہ (اللہ کی صفات سے متصف ہو جاؤ) کے مطابق حق تعالےٰ کی طرف سے تصرفات اور کرامات کا طرۂ امتیاز جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کو حاصل تھا اولیائے کرام کو بھی ہر زمانے میں حاصل رہا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اَلَا لَا اِیْمَانَ لَہٗ مَنْ لَا مَحَبَّۃَ لَہٗ (سنو جس کے دل میں محبت نہیں ہے اسے ایمان بھی حاصل نہیں ہے) اور یہ کلمات آپؐ نے تین مرتبہ دہرائے۔ لہٰذا اسلام حق تعالےٰ کے ساتھ شدید محبت کا نام ہے۔ اور اس لحاظ سے اولیار کرام کا مسلک جو عشق و محبت، ذوق وشوق اور ذاتِ حق میں محویت فدائیت اور جانبازی کا مسلک ہے عین اسلام اور روحِ ایمان ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ زاہد خشک کے برعکس اولیائے کرام کو شاندار کامیابی ہوئی ہے اور ہو رہی ہے کیونکہ تخلیق کائنات کا باعث ہی عشق ہے حق تعالےٰ ایک حدیث قدسی میں فرماتے ہیں کہ کُنْتُ کَنْزًا مَخْفِیًا فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ (میں حسن وجمال اور کمالات کا مخفی خزانہ تھا مجھے اس بات کی محبت ہوئی کہ مجھ سے محبت کی جائے اور میرا عرفان حاصل کیا جائے اس لیے میں نے کائنات کو پیدا کیا) اس حدیث کے لفظ فَاَحْبَبْتُ سے ظاہر ہے کہ حق تعالےٰ نے عشق ومحبت کی وجہ سے کائنات کو پیدا فرمایا اور لفظ

اَنْ یَّعْبُدُوْنَ سے ظاہر ہے کہ تخلیق کی غرض و غایت حصولِ قرب و معرفت الٰہی ہے اور اسی کا نام تصوف اور طریقت ہے بخلاف علمائے ظواہر کے مسلک کے جنہوں نے اسلام کی ظاہری رسومات یعنی صوم و صلوٰۃ پر اکتفا کر لیا ہے اور قرب و معرفت عشق و محبت، ذوق و شوق، سوز و گداز کو جو روح اسلام اور جان ایمان ہے خارج از بحث کر دیا ہے۔ اور تصوف کے خلاف یہ الزامات لگاتے ہیں کہ دوسرے مذاہب کی روحانیت کا مرہونِ منت ہے۔

لیکن اب اہل مغرب نے دونوں تعلیمات یعنی اسلامی روحانیت اور دیگر مذاہب کی روحانیت کا خود مقابلہ کر لیا ہے اور اسلامی روحانیت کی فوقیت کے قائل ہو کر دھڑا دھڑ مسلمان ہو رہے ہیں۔ سب سے زیادہ حضرت سید علی ہجویری داتا گنج بخش لاہوری قدس سرہٗ کی کتاب کشف المحجوب اور محی الدین ابن عربی اور امام غزالی وغیرہ حضرات صوفیاء کرام کی کتابیں پڑھ کر امریکہ و یورپ میں لوگ مسلمان ہو رہے ہیں۔ سال ۱۹۳۶ء میں کشف المحجوب کا انگریزی ترجمہ پڑھ کر انگلستان کے کچھ لوگ مسلمان ہوئے۔ ان میں سے ایک اعلیٰ خاندان کے چشم و چراغ دو حقیقی بھائی حضرت شاہ شہید اللہ فریدی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت فاروق احمدؒ تلاشِ شیخ میں ہندوستان آئے اور سارا ملک چھاننے کے بعد آخر حیدر آباد دکن میں حضرت مولانا سید محمد ذوقی شاہ چشتیؒ قدس سرہ کے ہاتھ پر بیعت ہو کر اذکار و مشاغل روحانیہ میں مشغول ہو گئے اور سلوک تمام کر کے حضرت شہید اللہ فریدیؒ منصب خلافت سے نوازے گئے اور تقریباً پچیس سال مسندِ رشد و ہدایت پر متمکن ہو کر ہزاروں طالبان راہِ حق کے قلوب کو نورِ ہدایت سے منور کیا۔ اسی طرح مراکو کے ایک ولی اللہ حضرت شیخ محمد ابن حبیب شاذلیؒ کے روحانی تعلیمات سے متاثر ہو کر یورپ اور امریکہ کے کثیر تعداد لوگ مسلمان ہوئے ہیں۔ حضرت شیخ محمد ابن حبیبؒ نے اپنے انگلستان کے ایک مرید کو جن کا اسم گرامی شیخ عبد القادر الصوفی ہے۔ خلافت بھی عطا فرمائی ہے اور اب امریکہ کے ایک سو پچاس سفید خاندان مشرف بہ اسلام ہو کر اپنے شیخ

حضرت شیخ عبدالقادر الصوفی کے زیر ہدایت لندن کے قریب ناروچ میں سکونت پذیر ہو چکے ہیں۔ انہوں نے پچاس ایکڑ زمین خرید کر کے ناروچ میں ایک مسلم کالونی قائم کی ہے جس میں دینی مدرسہ اور مسجد کے علاوہ انہوں نے تصوف کی کتابوں کے انگریزی وغیرہ میں تراجم کرنے کے لیے ایک پریس بھی لگایا ہے جس کا نام دیوان پریس ہے۔ اس مطبع میں منصور ابن حلاج، امام غزالیؒ، حضرت ابن عربیؒ اور دیگر صوفیائے کرام کی کتابوں کے ترجمے شائع کر رہے ہیں۔

اسی طرح فرانس کے کچھ لوگ الجیریا کے ایک بزرگ حضرت شیخ سید احمد علویؒ کے مرید ہوئے ان میں سے ایک شخص شیخ عیسیٰ نے جن کا عیسائی نام شوآن تھا خلافت بھی حاصل کی۔

اللہ تعالےٰ کے فضل وکرم سے یہاں کراچی میں کوئی پندرہ بیس نومسلم مختلف مغربی ممالک افریقہ اور آسٹریلیا وغیرہ سے آکر ظاہری تعلیم کے علاوہ حضرت شاہ شہید اللہ فریدیؒ کی خانقاہ میں سلوک بھی طے کر رہے ہیں۔ حال میں اٹلی کے دو نومسلم میاں بیوی اجمیر شریف اور دہلی میں حضرت قطب الدین بختیار کاکی قدس سرہٗ اور کلیر شریف سے ہوتے ہوئے پاکپتن شریف پہنچے اور وہاں سے ایک اور نومسلم انگریز محمد نعیم کے ساتھ بہاولپور آئے اور غریب خانہ پر کافی دن مقیم رہنے کے بعد کراچی چلے گئے۔ اسی طرح حضرت محمد ابن حبیب کے دو مرید وہ بھی میاں بیوی تھے۔ گزشتہ جون میں غریب خانہ پر مقیم رہے۔ اس کے بعد ملتان، لاہور، پاکپتن شریف میں اولیاء کرام کے مزارات پر مقیم رہے۔ اور اب واپس وطن چلے گئے ہیں۔ ان کے علاوہ بے شمار لوگ یورپ وامریکہ میں تصوف سے متاثر ہو کر اسلام سے مشرف ہوئے ہیں کہ اگر ان کی تفصیل بیان کی جائے تو ایک علیحدہ کتاب وجود میں آجائے گی۔

**روس اور چین میں روحانیت اسلام کا شوق:** اسی طرح روس اور چین جیسے دہریہ ملکوں میں بھی روحانیت اسلام کے شوق کی ایک لہر دوڑ رہی ہے اور نجی نہیں سرکاری تجربہ گاہوں

Marfat.com

ہیں سرکاری ڈاکٹر اور سائنسدان اب طاقتور کیمروں اور دوسری مشینوں کے ذریعے انسانی روح کے فوٹو لے رہے ہیں۔ اور انہوں نے روحانی قوت کے وہ کرشمے دیکھے ہیں کہ عقل دنگ ہے۔ اب وہ روحانی طاقت کے ذریعے وزنی چیزوں کو حرکت دے سکتے ہیں۔ بغیر آلات کے دور کی چیزیں دیکھ سکتے ہیں۔ دور کی آواز سن سکتے ہیں اور ٹیلی پیتھی (TELEPATHY) کے ذریعے دور دراز مقامات پر پیغام رسانی کر رہے ہیں۔ نیز روحانی قوت کے ذریعے اب وہ زمین سے دو تین انچ اوپر ہوا میں معلق ہونے کے قابل بھی ہو گئے ہیں لیکن یہ چیزیں تو حضرات صوفیاء کرام کے نزدیک نہایت ہی معمولی اور ابتدائی مراحل ہیں جن کی طرف یہ حضرات توجہ ہی نہیں کرتے اور نہ ان کو کوئی وقعت دیتے ہیں۔ اسی طرح چین میں بھی اسلامی روحانیت بدھ روحانیت اور عیسائی روحانیت پر ریسرچ کے مرکز قائم کیے جا چکے ہیں۔ اور کام جاری ہے۔

**روح کی الیکٹرانکس:** امریکہ کے ڈاکٹر البرٹ مون (ALBERT MOON) جو ایٹمی توانائی کے باپ مانے جاتے ہیں کہتے ہیں کہ ہم نے آج تک جسمانی (PHYSICAL) الیکٹرانکس کے کرشمے دیکھے ہیں۔ لیکن اب ہمیں روحانی الیکٹرانکس پر کام کرنا چاہیے کیونکہ اس کے ذریعے انسانی قویٰ کو اس قدر بڑھایا جا سکتا ہے کہ آدمی ایک سیکنڈ میں دنیا کا چکر لگا سکتا ہے۔ ڈاکٹر مون تو مستقبل کی بات کر رہے ہیں لیکن ہمارے اولیاء کرام سے اس سے کئی صدیاں پہلے ان کرامات کا ظہور ہو چکا ہے اور طے الارض اور طے الزمان کی کرامات کی بدولت وہ ایک لمحہ میں کہاں سے کہاں پہنچ جاتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ کا وہ واقعہ تو سب کو یاد ہو گا کہ کس طرح آپ نے مدینہ منورہ میں مسجد نبوی کے اندر کھڑے ہوئے ایران میں نہاوند کے مقام پر لڑنے والی اسلامی فوج کے کمانڈر کو پہاڑ کے پیچھے سے حملہ آور ہونے کی خبر دی اور شکست سے بچا لیا۔

**آسمان پر جانا:** حضرت شیخ عبدالکریم جیلی اپنی کتاب انسان الکامل میں

Marfat.com

لکھتے ہیں کہ میں پہلے آسمان، دوسرے، تیسرے، چوتھے اور پانچویں آسمان پر گیا اور انبیاء علیہم السلام سے ملاقات کی اور ان سے سوال وجواب کا سلسلہ بھی ہوا۔ اس کتاب میں انہوں نے سورج، چاند، مشتری، مریخ وغیرہ کے زمین سے فاصلے بیان کیے ہیں۔ یہ فاصلے ان فاصلوں کے مطابق ہیں جو آج کل سائنس کی ایجادات سے علم نجوم کے ماہرین نے قائم کیے ہیں۔ نیز حضرت شیخ عبدالکریم جیلیؒ نے یہ بھی لکھا ہے کہ زمین کا محیط پچیس ہزار میل ہے اور قطر آٹھ ہزار میل ہے۔ یہ پیمائش بھی آج کل کے اعداد وشمار کے مطابق ہے۔

## فرانس کے ایک سائنسدان کا انکشاف:

فرانس کے ایک سائنسدان نے ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام (THE BIBLE THE QURAN AND SCIENCE) ہے اس کتاب میں انہوں نے لکھا ہے کہ قرآن میں جو تخلیق کائنات کی کیفیت بیان کی گئی ہے وہ سائنس کے انکشافات کے مطابق ہے لیکن تورات اور انجیل میں یہ بات نہیں ہے۔

## ایک روسی سائنسدان کا انکشاف:

روس کے ایک سائنسدان پروفیسر لیونسکایا (LEVINSKAYA) نے جو فلاسفر اور مفکر بھی ہیں اپنی کتاب سائنٹیفک ریلیجن (SCIENTIFIC RELIGION) میں لکھا ہے کہ:

> "مذہبی کتابوں میں سے صرف قرآن ہی ایسی کتاب ہے کہ جس میں مذہب اور سائنس میں یگانگت پائی جاتی ہے۔ قرآن عیسیٰؑ سے چھ سو سال بعد میں وجود میں آیا جس میں مندرجہ ذیل سائنس کی تمام شاخوں کا پتہ ملتا ہے۔

مافوق العادت (METAPHYSICAL SCIENCE)

نجوم (ASTRONOMY) فیزکس (PHYSICS)

بائی آلوجی (BIOLOGY) علم الارض (GEOLOGY)

Marfat.com

گینی کالوجی (GYNECOLOGY) امیبرلئے آلوجی (EMBR YOLOGY)
پیلن ٹالوجی (PALEONTOLOGY) وغیرہ۔ وہ آگے چل کر لکھتے ہیں کہ :

"صرف قرآن ہی کے ذریعے ہم موجودہ دَور کے اہم ترین سوال کا جواب دے سکتے ہیں وہ سوال یہ ہے کہ اب سائنس کے ایجادات کو کس طرح خالق کائنات کے قوانین کے تحت لایا جائے تاکہ موجودہ دَور کے انتشار اور بے چینی کا خاتمہ ہو سکے۔"

عہدِ حاضر کے ایک انگریز ادیب و مفکر ڈاکٹر آربری کہتے ہیں کہ :

"پچھلی دو عظیم جنگوں سے بنی نوع انسان تنگ آچکی ہے اور اب ہم روحانیت کے طلب گار ہیں۔ ہم یہ جاننا چاہتے ہیں کہ خالق کائنات کون ہے۔ اس کی کیا ماہیت ہے اس تک کیسے رسائی حاصل ہو سکتی ہے انسان کی زندگی کا مقصد کیا ہے۔ ان تمام سوالات کا جواب صوفیا کے پاس موجود ہے اور اب اگر مسلم صوفیا۔ ہمارے ساتھ تعاون کریں تو ہم یقیناً موجودہ زمانے کی تباہ کاریوں سے نجات حاصل کر سکتے ہیں۔"

مندرجہ بالا تفصیلات سے ظاہر ہے کہ اب دنیا اسلامی روحانیت کے لیے تڑپ رہی ہے کیونکہ اب اسے مادیت اور لادینیت کا تلخ تجربہ ہو گیا ہے اور مادہ پرستی اور لادینیت نے دنیا میں جو تباہی مچائی ہے اس سے دنیا تنگ آچکی ہے اور سخت ذہنی کوفت اور بے چینی میں مبتلا ہے اور بے چینی کیسے دُور ہو سکتی ہے اس کا علاج قرآن حکیم نے یہ بتایا ہے۔ الا بذکر اللہ تطمئن القلوب (اطمینان قلب تو صرف اللہ کے ذکر میں ہے) اور اذکار و مشاغل پر جس خوبی سے اولیاء کرام اور مشائخ عظام نے عمل کیا ہے اس سے بہتر طریقہ تصور میں بھی نہیں آسکتا۔ کیونکہ اذکار و مشاغل اور عبادات و ریاضات ہی کے ذریعے ان کو حق تعالےٰ کے قرب میں پہنچ کر وہ سکون اطمینان، محویت اور استغراق نصیب ہوتا ہے کہ جو کسی کے وہم و گمان میں بھی نہیں آسکتا۔ ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ قرب حق میں پہنچ کر ہمیں جو لذت محسوس ہوتی ہے

Marfat.com

اگر بادشاہوں کو علم ہو جائے تو تلواریں لے کر ہمارے سروں پر آجائیں گے۔

چنانچہ "**مقام گنج شکر**" میں ہم ایک ایسے ولیٔ کامل، مکمل، اکمل کے حالات، تعلیمات اور بلند روحانی منازل و مقامات بیان کر رہے ہیں جن کی بدولت ہزاروں لاکھوں کفار دولتِ اسلام سے مشرف ہوئے اور سینکڑوں ہزاروں خوش نصیب حضرات ان کی تعلیمات اور روحانی فیوض و برکات سے مستفیض ہو کر واصل باللہ ہوئے اور اب بھی ان کی تعلیمات اور روحانی فیوض و برکات کی بدولت بنی نوع انسان عصرِ حاضر کے انتشار اور بدامنی سے نجات حاصل کر سکتی ہے اور وہ ہستی سلطان العارفین زین سید المجاہدین، عمدۃ الواصلین حضرت شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ جنہوں نے اپنے شیخ قطب الاقطاب حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی قدس سرہٗ کے بعد خانوادۂ چشت اہلِ بہشت کی مسند پر بیٹھ کر برصغیر ہند و پاکستان میں رشد و ہدایت کا کام پورا کیا اور کفر و الحاد کی تاریکی کو نورِ باطن سے پاش پاش کر کے لوگوں کے قلوب کو نورِ اسلام سے منور کیا۔

## برصغیر ہند و پاکستان چشتیوں کا ورثہ ہے:

ویسے تو برصغیر میں دیگر سلاسل مثلاً سلسلہ عالیہ، قادریہ، سہروردیہ، نقشبندیہ کے بزرگانِ دین نے بھی کافی لوگوں کی ہدایت و اصلاح میں حصّہ لیا لیکن دراصل یہ ملک چشتیوں کا ورثہ ہے اور سلسلہ عالیہ چشتیہ کو برصغیر میں جو عدیم المثال کامیابی حاصل ہوئی ہے وہ اسی کا حصّہ ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ نسبتِ چشتیہ یعنی شدید نسبت عشقیہ فطرتِ انسانی کے عین مطابق ہے۔

حضرت محمد بن قاسم کی فتوحات کے بعد جب اسلام سلطان محمود غزنوی رحؒ کے دور میں مستقل طور پر برصغیر میں داخل ہوا تو اس کی سربراہی حضرت خواجہ محمد محترم چشتی قدس سرہٗ نے فرمائی جو سلطان محمود غزنویؒ کی روحانی طور پر پشت پناہی فرما رہے تھے۔ شجرۃ الانوار میں لکھا ہے کہ:

"حضرت خواجہ محمد محترم چشتی قدس سرہٗ پہلے بزرگ ہیں جو ہندوستان

آئے اور سلطان محمود غزنوی کی فوج کے ساتھ ۱۰۱۵ء میں سومنات کے جہاد میں شریک ہوئے۔ اور محمود غزنوی کا لشکر آپ ہی کی پناہ و حمایت میں تھا۔"

حضرت مولانا جامیؒ نے بھی اپنی شہرۂ آفاق کتاب نفحات الانس میں لکھا ہے کہ:

"حضرت خواجہ ابو محمد چشتیؒ محمود غزنوی کے ساتھ اشارۂ غیبی سے جہاد میں شریک ہوئے تھے اور محمود کا لشکر آپ کی پناہ میں تھا اور وہ آپ کے باطنی تصرف کی وجہ سے کامیاب ہوا۔"

محمود غزنویؒ کے دَور کے بعد سلطان محمد غوری ہندوستان پر حملہ آور ہوا تو اس کی پشت پناہی حضرت خواجۂ بزرگ، خواجۂ خواجگان خواجہ معین الدین حسن چشتی اجمیری قدس سرہٗ کے سپرد ہوئی اور آپ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق والیٔ ہندوستان رائے پتھورا کی راجدھانی اجمیر میں آکر سکونت اختیار کر لی۔ جب آپ کے فیوض و برکات سے کفار کثرت سے مسلمان ہونے لگے تو رائے پتھورا کی فوج مقابلہ کے لیئے نکل آئی۔ لیکن شکست کھائی۔ ایک دفعہ جب رائے پتھورا نے حضرتِ اقدس کے غلامانِ خاص کو تکلیف دی تو آپ نے فرمایا کہ ہم نے رائے پتھورا کو زندہ گرفتار کیا ہے۔ اس کے بعد وہ سلطان محمد غوری کے ہاتھوں زندہ گرفتار ہوا اس کی سلطنت کا خاتمہ ہو گیا اور برصغیر میں اسلامی سلطنت قائم ہو گئی اور ملک کی باطنی باگ ڈور مشائخ چشتیہ کے ہاتھ رہی

اس کے بعد حضرت خواجہ بزرگؒ کے خلفاء۔ اور خلفاء کے خلفاء کے ہاتھ میں برصغیر کی سیاست اور باطنی ہدایت کا کام جاری تھا اور نہایت خوش اسلوبی سے انجام پاتا رہا حتیٰ کہ انگریزوں کا دَور شروع ہوا اور پہلے بزرگ جنہوں نے انگریزوں کے خلاف علم جہاد بلند کیا۔ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی چشتیؒ تھے۔ اس سے پہلے مجاہدین بالاکوٹ کی جماعت میں بھی ایک چشتی بزرگ حضرت شاہ عبدالرحیم ولایتی نمایاں حصّہ لیتے رہے جو حضرت حاجی امداد اللہ کے دادا پیر تھے۔ جب حاجی امداد اللہ مہاجر مکّی کا دَور ختم ہوا تو ان کے خلفاء مولانا رشید احمد گنگوہیؒ، مولانا محمد قاسم نانوتوی اور شیخ الہند

Marfat.com

مولانا محمود حسن صاحبؒ نے سیاست ہند میں حصہ لینا شروع کیا اس وقت چونکہ ہندوؤں اور مسلمانوں کے مابین یہ طے پایا تھا کہ پہلے ملک سے انگریز کو نکالنا چاہیے اس لیے یہ بزرگ شروع میں انڈین نیشنل کانگریس کے ساتھ مل کر کام کرتے رہے لیکن بعد میں، جب ہندوؤں کی بد دیانتی ثابت ہوگئی تو مولانا اشرف علی تھانوی صاحبؒ اور مولانا شبیر احمد عثمانی رحؒ نے مسلم لیگ کے ساتھ مل کر کام کیا۔ جب مولانا شیخ الہند مالٹا کی قید سے واپس آئے تو اس وقت کے قطب وقت حضرت مولانا وارث حسن کوڑہ جہاں آبادی چشتی کے ساتھ سات دن خلوت میں رہے اور برصغیر کی سیاست و قیادت کے چارج کا لین دین عمل میں آیا۔ مولانا وارث حسنؒ کے بعد ملک کی سیاست ان کے خلیفۂ اعظم حضرت مولانا سید محمد ذوقیؒ کے ہاتھ میں آگئی جو قائد اعظم محمد علی جناح کی باطنی طور پر پشت پناہی کرتے رہے۔ نیز ظاہری طور پر بھی آپ کا قائد اعظم پر بڑا اثر تھا اور وہ ہر کام حضرت شاہ صاحبؒ کے اشارہ کے مطابق کرتے تھے۔ حضرت مولانا ذوقی شاہؒ کے بعد ہندوستان کی سیاست کا چارج آپ کے خلیفۂ اعظم حضرت شاہ شہید اللہ فریدیؒ کو ملا اور آپ نے بھی ملک کی سیاست میں ظاہری و باطنی طور پر جو کام کیے ان سے اہلِ نظر بخوبی آگاہ ہیں۔

سلسلۂ عالیہ چشتیہ کے مشائخ کے مندرجہ بالا مختصر حالات سے ناظرین پر عیاں ہو گیا ہوگا کہ برصغیر ہند و پاکستان کے مشائخ چشتیہ کا ورثہ ہے اور بفضلہ تعالیٰ ہمیشہ رہے گا اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ دیگر سلاسل نے کوئی کام نہیں کیا یہ ہمارا مطلب ہرگز نہیں ہے بلکہ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ مجموعی طور پر برصغیر ہند و پاکستان پر مشائخ چشت کی بالادستی قائم رہی ہے اور سیاست میں بھی اُن ہی حضرات کا دخل عمل رہا ہے اور خلق خدا کی ہدایت و اصلاح کے سلسلہ میں جو کامیابی مشائخ چشت کو اس ملک میں ہوئی ہے کسی دوسرے سلسلہ کو نہیں ہوئی۔

**لفظ چشتی کی وجہ تسمیہ:** لفظ "چشتی" کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ حضرت ابو اسحاق شامی قدس سرہٗ کے وجود مسعود کے ساتھ اس سلسلہ عالیہ کا

Marfat.com

مرکز قصبہ چشت بن گیا جو افغانستان کے شہر ہرات سے چند کوس کے فاصلے پر ہے حضرت ابو اسحاق شامی پہلے بزرگ ہیں جن کو چشتی کا لقب ملا اور آپ کے بعد اس سلسلہ عالیہ کے پانچ جلیل القدر مشائخ چشت میں رہ کر ہدایت خلق کے منصب انجام دیتے رہے ان حضرات کے اسماء گرامی یہ ہیں:

حضرت خواجہ ابو احمد ابدال چشتیؒ حضرت خواجہ ابو محمد محترم چشتیؒ حضرت خواجہ ناصر الدین ابو یوسف چشتیؒ حضرت خواجہ قطب الدین مودود چشتیؒ اور حضرت خواجہ شریف زندنیؒ

## نسبتِ چشتیہ کی خصوصیت

جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے۔ نسبت چشتیہ کیا ہے شدید نسبت عشقیہ ہے جو فطرت انسانی کے عین مطابق ہے اور اسی وجہ سے بے حد کامیاب ہے کیونکہ حضرت انسان کے قلب میں حدیث کنت کنزاً مخفیاً اور آیہ کریمہ فنفخت فیه من الروحی (میں نے انسان میں اپنا روح پھونکا) کے مطابق عشق الٰہی کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہے۔ اسی مناسبت سے چشتی حضرات اکثر زرد رنگ کے کپڑے زیب تن کرتے ہیں جو آگ کا رنگ ہے۔ ایک دفعہ حضرت مرزا مظہر جانجاناںؒ سے کسی نے دریافت کیا کہ نسبت نقشبندیہ اور نسبت چشتیہ میں کیا فرق ہے تو آپ نے فرمایا کہ ہماری نسبت یعنی نقشبندی نسبت کا نشہ افیون کی پینک کی طرح ہے اور چشتیوں کا نشہ شراب کا نشہ ہے۔ جس میں جوش و خروش اور دلولہ ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرامؓ کی بھی یہی شدید عشقیہ نسبت تھی اور قرآن اس پر شاہد ہے۔ ساتویں پارہ کے شروع میں اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں۔ واذا سمعوا ما انزل الی الرسول (یعنی جب صحابہ کرام آیاتِ قرآن سنتے ہیں تو ان کی آنکھوں میں آنسوؤں کا طوفان امڈ آتا ہے اس وجہ سے کہ ان کو اپنے رب کی معرفت اور مشاہدہ حاصل ہے) نیز اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں والذین آمنوا اشد حباً للّٰہ (مومن وہ لوگ ہیں جو شدت سے اللہ کے ساتھ محبت کرتے ہیں) مشائخ چشتیہ کی یہی شدید عشقیہ نسبت ہے کہ جس کی بدولت ان میں سے اکثر مقامِ محبوبیت پر فائز ہوئے ہیں۔ حضرت بندہ نواز سید محمد گیسو درازؒ خاتم تصوف

Marfat.com

میں فرماتے ہیں کہ اگر ابن عربی میرے وقت میں ہوتے تو میں ان کو ایسے مقام پر لے جاتا کہ وہ یہ باتیں نہ کہتے۔ لیجئے شیخ محی الدین ابن عربی جن کو دنیا نے شیخ اکبر کا لقب دیا ہے۔ ان کے متعلق سلسلۂ چشتیہ کے ایک بزرگ کا یہ خیال ہے تو اکابرین کا مقام کیا ہوگا۔ ناظرین خود اندازہ لگا سکتے ہیں۔

Marfat.com

# باب نمبر ۱

## ذکر مشائخ عظام

## حضرت شیخ فریدالدین گنجشکرؒ

**

Marfat.com

# ذکرِ پاک

## حضرت سیدنا و مولانا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

# حلیۂ مبارک سرورِ کائنات فخرِ موجودات سید المرسلین، محبوبِ رب العالمین، احمدِ مصطفیٰ محمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

بلغ العلیٰ بکمالہ — کشف الدجیٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ — صلوا علیہ وآلہ

**سر اور بال** آپ کا سر بڑا لیکن نہایت موزوں اور خوشنما تھا۔ سر کے بال دراز نہ زیادہ گھنگریالے اور نہ بالکل سیدھے۔ بالوں کی درازی کے متعلق یہ تین مختلف روایات بیان کی جاتی ہیں — (۱) کانوں کی لو تک، (۲) کانوں کے نصف حصہ تک، (۳) دونوں کندھوں کو اوپر سے چھوتے ہوئے۔

بالوں کی کیفیت مختلف حالتوں میں مختلف ہوتی تھی۔ جب تیل لگا کر کنگھا کرتے تو لمبے معلوم ہوتے اور جب تیل نہ لگاتے اور کنگھا نہ کرتے تو چھوٹے لگتے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف حج اور عمرہ کے موقع پر بال کٹوائے اور بس۔ ایک سال آپ نے بالوں میں سدل فرمایا (سدل سے مراد بالوں کا پیشانی کے اطراف میں لٹکانا ہے) حضور ہمیشہ مانگ نکالتے تھے۔ عربی میں اسے فرق کہتے ہیں یعنی بالوں کو ایک دوسرے سے جدا کر کے اس طرح سنوارنا کہ درمیان میں مانگ نکل آئے۔ پیشانی سے سر کے آخری حصہ تک جو لکیر سی کھنچ جاتی ہے اسے عربی میں مفرق کہتے ہیں۔ علماء ہر دو صورتوں کو جائز قرار دیتے ہیں لیکن مانگ نکالنا افضل ہے۔

Marfat.com

## خضاب کی وضاحت

اکثر محدثین کے نزدیک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خضاب لگانا ثابت نہیں۔ صحیحین میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی یہ روایت درج ہے کہ انہوں نے حضور کے بالوں کو زرد رنگ میں دیکھا۔ اس روایت کی یہ تاویل کی جاتی ہے کہ زردی سے مراد وہ زعفران ہے جس سے حضور نے بالوں کو دھویا یا صاف کیا تھا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبیٔ پاک شہِ لولاک صلی اللہ علیہ وسلم کے سرِ اقدس میں گنتی کے چند سفید بال تھے اور وہ بھی مختلف جگہوں پر۔ مثلاً کچھ سر میں کچھ دونوں کنپٹیوں پر اور چند عنفقہ پر (عنفقہ نچلے لب کے اور بالوں کے درمیانی حصہ کو کہتے ہیں) حضرت ابو جحیفہ کی روایت کے مطابق صرف عنفقہ پر سفید بال تھے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ کی یہ روایت ہے کہ آقائے دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے سرِ اقدس اور ریشِ مبارک میں صرف سترہ یا اٹھارہ سفید بال تھے۔ حضرت امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ بیس سے کچھ زیادہ کی روایت کرتے ہیں

حضرت سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم جب تیل لگاتے تھے تو پھر کوئی سفید بال دکھائی نہیں دیتا تھا۔

## چہرۂ اقدس

امام الانبیاء حضرت محمد مصطفٰے احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرۂ اقدس گول مائل بہ درازی۔ رخساروں میں اعتدال۔ چہرہ نہ حد سے زیادہ موٹا، گوشت سے بھرا ہوا اور نہ بالکل گول مول۔ اس لئے کہ یہ دونوں باتیں معیارِ حسن کے خلاف ہیں۔ آپ کے رخسار مبارک تو ایسے صاف و ہموار تھے کہ چودھویں رات کا چاند چمکتا ہوا معلوم ہوتا تھا۔

## روئے اطہر

حبیب کبریا شہِ ہر دوسرا کے روئے اطہر کی چمک، دمک اور لطافت و ملاحت کے کیا کہنے

قَرَّبْنَ الْمَلَا حَسَنُ حُسْنُہُ ۔۔۔ وَالْحُسْنُ صَارَ قَرِیْنَہُ

ترجمہ :۔ حسن نے خوبصورتی کو اپنے ساتھ ملایا اور آپ کا مصاحب بن گیا۔

صلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ وعلیٰ آلہ وسلم

**نورانیت** مواہب لدنیہ میں ہے کہ جب آپ خوش ہوتے تو آپ کا چہرہ آئینہ کی مانند چمکتا اور در و دیوار کا عکس اس میں دکھائی دیتا۔

برون آور سر از برد یمانی ○ کہ روئے تست صبح زندگانی

ترجمہ:۔ اپنا سر یمنی چادر سے باہر نکالئے کیونکہ آپ کا چہرۂ اقدس زندگی کی صبح صادق ہے جب آپ کی پیشانی پر بل پڑتے تو ہر بل پہلی رات کا چاند معلوم ہوتا۔

مہوشاں چوں نہ بدیدار تو حیراں باشد ○ ہست روشن بجہاں آئینہ سیمائے تو

ترجمہ:۔ چاند سے چہرے والے (محبوبانِ عالم) آپ کو دیکھ کر کیوں نہ حیران ہوں۔ آپ کی پیشانیٔ اقدس کے آئینہ سے جملہ جہاں روشن ہے۔

**رنگ** آقائے کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا رنگ بہ اتفاق جمہور سفید مائل بہ سرخی اور گندم گوں تھا۔ بعض روایات کے مطابق سمرۃ سے بھی مراد حمرۃ (سرخی) ہے۔ عرب میں اسمر کا اطلاق سرخی مائل پر بھی ہوتا ہے اور یہ اس وقت ہوتا ہے جب کسی شئے میں سرخی بہت زیادہ ہو۔

**پیشانی** حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشانی کشادہ اور نورانی تھی جیسے چاند کا ٹکڑا۔

**بھنویں** حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بھویں دراز اور کمان کی طرح خمدار تھیں جن کے بال گھنے اور آپس میں گتھے ہوئے تھے۔ بھوؤں کا درمیانی حصہ بالوں سے خالی تھا۔ البتہ اس جگہ ایسے باریک بال تھے کہ دیکھنے والوں کو بھویں پیوستہ نظر آتی تھیں۔ ان کے درمیان ایک باریک سی رگ تھی۔ جو غصّہ کے وقت متحرک ہو جاتی تھی۔

**آنکھیں** حبیبِ کبریا شہِ دوسرا صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھیں بیحد حسین اور بڑی بڑی تھیں۔ لیکن اتنی بڑی نہیں کہ باہر کو نکلی ہوئی ہوں یا اتنی چھوٹی کہ اندر کو دھنسی ہوئی دکھائی دیں۔ آنکھوں کا رنگ سفید تھا جس میں سُرخ ڈورے تھے۔ اسے عربی میں "اشکل العین" کہتے ہیں۔ الغرض حضور کی آنکھیں سیاہ سرگیں اور پلکیں دراز تھیں۔ سرمہ کے بغیر ایسا

Marfat.com

معلوم ہوتا تھا کہ سرمہ لگا ہوا ہے۔

حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اندھیرے میں بھی اسی طرح دیکھتے تھے جس طرح روشنی میں نیز آگے بھی دیکھتے تھے اور پیچھے کی طرف بھی۔ دن میں کہکشاں کے باریک ستارے بھی دیکھ لیا کرتے تھے۔

دراں نرگسیں عرف کاں باغ داشت　　مگر چشم او کحل مازاغ داشت

ترجمہ:- باغ کو نرگس سے زیبائی حاصل ہے لیکن ہمارے نبی کی آنکھوں میں مازاغ کا سرمہ تھا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم حیا و تواضع کے طریقہ کے مطابق اکثر اپنی نظریں نیچی رکھتے اور نزول وحی کے وقت نگاہِ کریمانہ آسمان کی طرف اٹھاتے تھے۔

**سماعت** حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی سماعت کے کمالات بھی بصارت کے کمالات کی طرح تھے۔

**ناک** حضور کی ناک خوبصورت لمبی اور درمیان سے ابھری ہوئی تھی۔

**دہن** دہن مبارک فراخ تھا۔

**دانت** دانت صحیح و سالم اور سب کے سب روشن تھے۔ سامنے کے دانت کشادہ تھے جن سے نور جھلکتا تھا۔

**ہونٹ** حضور کے ہونٹ پتلے اور نرم تھے۔ چہرۂ اقدس پر اکثر اوقات بشاشت و کشادگی اور تبسم رہتا تھا۔

**ریش مبارک** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی داڑھی گھنی اور بڑی تھی جس سے سینۂ مبارک بھر جاتا تھا۔ آپ داڑھی کو طول و عرض سے مٹھی بھر کتراتے تھے۔ البتہ عرض کی نسبت طول کی جانب زیادہ تھی۔

**مونچھیں** مونچھوں کے بارے میں مروی ہے کہ جونہی لبوں سے بڑھتیں تو آپ انہیں کتروا لیتے تھے لیکن سبالہ نہیں کرتے تھے۔ نچلے ہونٹ کے نیچے کے بالوں کو منڈوانے یا نہ منڈوانے کے متعلق کوئی تصریح نہیں ملتی۔ لیکن ظاہر یہ ہے کہ انہیں نہ منڈوانا چاہیئے۔ گلے کے

Marfat.com

نیچے کے بالوں کی بھی یہی صورت ہے۔

**کان** | دونوں کان سالم اور مکمل تھے۔

**گردن** | گردن مبارک چمکدار۔ معتدل صاف اور شفاف تھی۔ جیسے ہرن کے بچے کی گردن۔

**کندھے** | حضور کے کندھے فراخ تھے۔

**سینۂ مبارک** | سینۂ مبارک چوڑا تھا۔ حضرت عارف جامی قدس سرہٗ فرماتے ہیں۔

زسرِّ سینہ اش جامی الم نشرح لک برخواں

یعنی آپ کے سینۂ مبارک کی شان میں سورۂ الم نشرح پڑھو

**شکم** | حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا شکم مبارک سینہ کے برابر اور ہموار تھا۔ جب بیٹھتے تو پیٹ میں شکن پڑ جاتی۔ سینۂ اقدس سے ناف تک بالوں کی ایک سیدھی لکیر تھی۔ اس کے علاوہ پیٹ اور سینہ پر بال نہ تھے۔ بازو۔ کندھوں اور پنڈلیوں کے بال لمبے اور سیاہ تھے لیکن بدن کی سفیدی پھر بھی جھلکتی تھی۔

**بغلیں** | آپ کی بغلیں اور جسم کے تمام جوڑ لطیف مطہر اور صاف و شفاف تھے۔ بغلوں کے بال بہت کم تھے۔

**پشت** | حضور تاجدار انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت مبارک صاف۔ شفاف اور روشن تھی جیسے پگھلی ہوئی چاندنی۔

**مہرِ نبوت** | حضور سرور انبیاء علیہ السلام کے دونوں شانوں کے درمیان یعنی بائیں کندھے کی نرم ہڈی کے اوپر مہر نبوت تھی جو موتے مروارید یا کبوتر کے انڈے کے برابر تھی اس کا رنگ آپ کے جسم کی طرح تھا۔ اس میں "اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ" لکھا ہوا تھا۔ ترمذی شریف میں ہے کہ اس میں چند بال بھی تھے۔

حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام مفاصل (جوڑوں) کی ہڈیاں موٹی اور مضبوط تھیں ہاتھ۔ بازو۔ پنڈلیاں اور ران گوشت سے بھری ہوئی اور نرم تھیں۔ آپ ایسے خوش بدن تھے کہ ہاتھ لگانے والوں کو تسکین اور راحت محسوس ہوتی تھی۔ ہاتھوں کی ہتھیلیاں اور پاؤں بھی نرم۔ گوشت سے پُر اور فراخ تھے۔ اُنگلیاں نرم اور دراز تھیں۔ پاؤں کے تلوے ایسے روشن جیسے عرش

Marfat.com

بریں ۔ پاؤں کے تلوے ہاتھ کی ہتھیلیوں کی طرح گوشت سے پُر اور نرم تھے ۔ ان میں تھوڑی سی جگہ خالی تھی جو چلتے وقت ظاہر ہوتی تھی ۔ جب آپ قدم زمین پر رکھتے یا اوپر اُٹھاتے تو وہ خالی جگہ چھپ جاتی ۔ زمین پر قدم مبارک مکمل طور پر چسپاں ہو جاتے تھے ۔ میسج القدس میں آیا ہے کہ دونوں قدم صاف اور ہموار تھے ۔ ان میں کسی قسم کی شکستگی اور میل کچیل نہ تھی ۔ ان پر پانی ڈالو تو ٹھہرتا نہیں تھا ۔ پاؤں کی تمام انگلیاں برابر تھیں ۔ پنڈلیاں دوسرے اعضا کی نسبت پتلی تھیں جن میں گوشت نسبتاً کم تھا

**قدِ زیبا** حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا قد درمیانہ تھا نہ چھوٹا نہ بہت بڑا ۔ لیکن لمبے سے لمبے قد والے کے مقابلے میں بلند و بالا دکھائی دیتا تھا ۔ جب کوئی طویل القامت آپ کے پاس بیٹھتا یا ساتھ چلتا تو آپ اس سے اونچے نظر آتے تھے ۔

**سایۂ مبارک** حضور کا سایہ نہ تھا ۔ نوادر الاصول میں حکیم ترمذی رحمتہ اللہ علیہ نے اس سلسلے میں حدیث روایت فرمائی ہے ۔

**رفتار** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رفتار کا یہ انداز تھا کہ جب چلتے تو نہایت قوت و طاقت سے قدم اٹھاتے اور جب زمین پر قدم رکھتے تو معلوم ہوتا گویا آپ نیچے اُتر رہے ہیں ۔

**پسینہ** آپ کا پسینہ نہایت خوشبو دار تھا ۔ لوگ شادی بیاہ میں اسے لے جاتے اور اس کا ایک قطرہ تیل وغیرہ میں ملا کر استعمال کرتے اس کی خوشبو عطر اور کستوری سے بھی زیادہ دلکش تھی ۔ آپ جس گھر میں تشریف لے جاتے یا جس کوچہ سے گذرتے وہ جگہ دیر تک خوشبو سے مہکتی رہتی ۔

**فضلات** حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پیشاب اور فضلا زمین نگل لیتی اور وہ زمین خوشبو سے مہک جاتی تھی ۔

Marfat.com

## کمالات ظاہری و باطنی :

حضور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ظاہری و باطنی کمالات اس قدر کثیر، آپ کی شان اس قدر رفیع، آپؐ کا مقام اس قدر ارفع و اعلیٰ ہے کہ حد امکان بشری سے باہر ہے۔ جس طرح حضرت حق تعالیٰ عزوجل کی شان و عظمت کو سوائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کما حقہ، کوئی نہیں جان سکتا اسی طرح رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی شان و عظمت کو خداوند عالم کے سوا کوئی شخص نہیں پہچان سکتا۔ مرزا مظہر جانجاناںؒ نے خوب کہا ہے۔

خدا در انتظار حمد مانیست　　محمدؐ چشم بر راہ ثنا نیست
خدا مدح آفرین مصطفےٰ بس　　محمدؐ حامد حمد خدا بس
محمدؐ از تو میخواہم خدا را　　الٰہی از تو حُبِ مصطفےٰؐ را

شیخ سعدی شیرازیؒ نے کیا خوب فرمایا ہے۔

بَلَغَ العُلیٰ بِکَمَالِہٖ　　کَشَفَ الدُّجیٰ بِجَمَالِہٖ
حَسُنَت جَمِیعُ خِصَالِہٖ　　صَلُّوا عَلَیہِ وَآلِہٖ

نیز فرمایا۔

یتیمی کہ ناکردہ ابجد درست　　کتب خانہ چند ملت بشست

ایک اور شاعر کہتے ہیں۔

اُمّی وَ دقیقہ دانِ عالَم　　بے سایہ و سائبانِ عالَم

حضرت شاہ شمس الدین تبریزیؒ فرماتے ہیں۔

یا رسول اللہؐ حبیبِ خالقِ یکتا توئی　　برگزیدہ ذوالجلال پاک بے ہمتا توئی
پیشوائے انبیاء و صدر و بدرِ کائنات　　چشمؐ چراغِ انبیاء و نورِ چشمِ ما توئی
شمس تبریزی چہ داند نعت تو پیغمبرا　　مصطفےٰ و مجتبےٰ و سید اعلیٰ توئی

Marfat.com

اور حضرت شاہ عبدالعزیز محدث

دہلویؒ نے یہ شعر کہہ کر قلم توڑ دی ہے۔ بعض کا خیال ہے کہ یہ کلمہ حضرت احمد جامؒ کا ہے بعض کہتے ہیں کہ حضرت شیخ سعدیؒ کا۔ واللہ علم۔

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر!

اس سے آگے کوئی لکھے تو کیا لکھے کہے تو کیا کہے' سنے تو کیا سنے۔ جس کے بیان میں قلم لنگ' زبان گنگ اور عقل دنگ ہے۔ خداوند عالم نے قرآن مجید اور فرقان حمید میں آپ کی شان میں اتنا فرمایا کہ:

قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى

اس آیہ پاک کی تفسیر میں علماء کرام اور اولیائے عظام نے ضخیم کتابیں لکھ ڈالیں ہیں اور حق ثناء پھر بھی ادا نہیں ہو سکا۔

## آنحضرت کی عظمت بحیثیت موجب کائنات:

آپ کے بلند روحانی مقامات کا پتہ کچھ مندرجہ ذیل احادیث سے بھی لگتا ہے۔

۱۔ حق تعالیٰ نے فرمایا۔ لَوْلَاکَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاکَ (اے پیغمبر اگر تو نہ ہوتا تو میں کائنات کو پیدا نہ کرتا)

۲۔ "لِیْ مَعَ اللّٰہِ وَقْتٌ لَا یَسْعُنِیْ مَلَکٌ اَلْمُقَرَّبُ وَنَبِیُّ الْمُرْسَلُ"
(مجھے قرب حق میں وہ مقام حاصل ہے کہ جہاں نہ کسی مقرب فرشتہ کی رسائی ہو سکتی ہے نہ کسی نبی اور رسول کی)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے باطنی کمالات کچھ قرآن حکیم کہ ان آیات سے بھی ظاہر ہوتے ہیں۔ جن سے معلوم ہوا ہے کہ آپ کو معراج جسمانی ہوا۔ معتزلہ کا خیال ہے کہ آپکو باطنی یا روحانی معراج ہوا لیکن قرآن مجید کی آیہ۔

سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی

(پاک ہے وہ ذات جس نے سیر کرائی اپنے بندہ عبد کو رات ورات بیت اللہ شریف سے بیت المقدس تک)

Marfat.com

لفظ " عبدہ " سے ظاہر ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حالت عبدیت میں معراج پر تشریف لے گئے۔ اب مختصر الفاظ میں مقام عبدیت ذہن نشین کرانے کی ضرورت ہے تاکہ علم روحانیت سے کم واقفیت رکھنے والے احباب اچھی طرح سمجھ سکیں۔

**بلندئ مقام عبدیت یا بشریت :**

یاد رہے کہ سلوک الیٰ اللہ ( روحانی کورس ) طے کرتے وقت سالک یا طالب کو مجملاً تین اقسام کی سیر سے گزرنا ہوتا ہے۔ سیر الیٰ اللہ' سیر فی اللہ' سیر من اللہ (یعنی ذات حق کی طرف کا سفر' ذات حق کے اندر کا سفر' اور ذات حق سے واپسی کا سفر) جب طالب کی روح صوم وصلوٰۃ' مجاہدات' ریاضات اور شب بیداری کے بعد تزکیہ نفس کے مختلف مراحل یعنی تزکیہ' تصفیہ' تجلیہ اور تخلیہ سے گزر کر ذات حق کی طرف پرواز کرتی ہے تو اسے ذات حق یا روح حق میں فنا حاصل ہوتی ہے۔ اس مقام کو علم روحانیت کی اصطلاح میں فنا فی اللہ کے نام موسوم کیا جاتا ہے۔ اب چونکہ ذات حق کی کوئی انتہا نہیں مراتب قرب یعنی فنا فی اللہ کے درجات کی بھی کوئی حد نہیں اگر طالب چاہے تو ساری عمر بلکہ موت کے بعد عالم ارواح میں اور پھر بہشت میں ہمیشہ ہمیشہ کیلئے سیر فی اللہ یعنی مقام فنا فی اللہ میں رہ سکتا ہے اور پھر بھی ذات حق کا احاطہ ناممکن رہے گا۔ اسی لئے تو صدیق اکبرؓ چلا اٹھے کہ : "اَلعِجزُ عَنْ دَرْکِ الْاِدْرَاکُ اِدْرَاکُ" حق تعالیٰ کا احاطہ کرنے سے عجز کا قائل ہونا ہی ادراک ہے یعنی سالکین کی آخری منزل معرفتِ عجزِ ادراک ہے ؎

یاصاحبُ الجمالِ و یاسیدُ البشر — مِن وَجھِکَ المُنیر لَقَدنُوِّرَ القمر
لایُمکِنُ الثَّناء کَما کَانَ حقہٗ — بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

امام غزالیؒ کیمیائے سعادت کے شروع میں لکھتے ہیں کہ ذات حق میں حیران اور ششدر رہ جانا انبیاء اور اولیاء کا آخری مقام ہے جسے مقام حیرت یا مقام تحیر کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اسلئے اس مقام کے سالک کو فانی فی اللہ' ومغلوب الحال کہا جاتا ہے۔ ظاہر ہے

Marfat.com

اس حالت میں انسان واصل باللہ تو ہوتا ہے لیکن ارکان اسلام کی ادائیگی، خدمت خلق اور ہدایت خلق کرنے کے قابل نہیں ہوتا۔ اسلئے جہاں دیگر مذاہب، میں فنافی اللہ آخری مقام تھا۔ اسلام میں اسے آخری قرار نہیں دیا گیا بلکہ سالک کو حکم ہوتا ہے کہ مقام فنا کے استغراق، محویت، وحدت اور بے خودی سے نکل کر پھر مقام دوئی اور کثرت میں واپس آئے اور حالت فنافی اللہ میں وہ صفاتِ باری تعالیٰ سے متصف ہو جاتا ہے جسکی تصدیق احادیث ذیل سے ہوتی ہے۔

(۱) تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللّٰہ (یعنی حق تعالیٰ کی صفات سے متصف ہو جاؤ)

(۲) "جب میرا بندہ نوافل کے ذریعے میرا قرب حاصل کرنا چاہتا ہے تو میں اس سے محبت کرتا ہوں اور اس سے اسقدر قریب ہو جاتا ہوں کہ میں اسکی آنکھیں بن جاتا ہوں اور وہ مجھ سے دیکھتا ہے اسکے کان بن جاتا ہوں اور وہ مجھ سنتا ہے، اس کے ہاتھ بن جاتا ہوں اور وہ مجھ سے پکڑتا ہے، اسکے پاؤں بن جاتا ہوں اور وہ مجھ سے چلتا ہے اور اسکی زبان بن جاتا ہوں اور وہ مجھ سے بولتا ہے"

چنانچہ فنافی اللہ کے وقت جب سالک ذات وہ صفات حق تعالیٰ میں فنا حاصل کر لیتا ہے تو وہ متصف بصفات اللہ بن کر واپس اپنے اصلی مقام یعنی مقام دوئی اور کثرت میں بھیجا جاتا ہے جہاں پہنچ کر آیہ مبارک انی جاعل فی الارض خلیفہ کے مطابق اس کے سر پر خلافت و نیابت الٰہی کا تاج رکھا جاتا ہے اور دنیا کے تکوینی امور کے علاوہ ہدایت خلق کا فریضہ انجام دیتا ہے۔ فنافی اللہ کے بعد اس مقام دوئی پر عود کے مقام کو مقام بقاباللہ اور مقام عبدیت کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے بالفاظ دیگر وہ انسان کامل کہلاتا ہے اور اسے اختیار نیابت و خلافت الٰہیہ تفویض کیے جاتے ہیں اور احادیث مذکورہ بالا کے مطابق وہ اللہ کی بصارت اور قدرت سے متمتع ہو کر دنیا میں نیابت الٰہیہ کے فرائض انجام دیتا ہے۔

Marfat.com

## مقام جامعیت۔

لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ پہلے وہ فانی فی اللہ تھا اب نہیں ہے۔ بلکہ وہ بیک وقت فانی فی اللہ بھی ہوتا ہے اور باقی باللہ بھی۔ بالفاظ دیگر وہ بیک وقت ذات حق میں فانی بھی ہوتا ہے اور عبد بن کر صوم و صلوٰۃ کا پابند بھی ہوتا ہے ہاں جو حضرات اتنی قوت نہیں رکھتے کہ مقام فنا کی محویت اور استغراق سے نکل سکیں وہ ہمیشہ کیلئے مقام میں فنا میں مستغرق رہ جاتے ہیں۔ علم روحانیت کی اصطلاح میں ان حضرات کو مجذوب کہا جاتا ہے اور کچھ ہوش باقی رہ جائے تو اسے قلندر کہا جاتا ہے۔ لیکن امت محمدیہ میں اولیاء اللہ کی زبردست اکثریت مقام فنا سے نکل کر مقام بقا پر پہنچتے ہیں اور فرائض نیابت الٰہیہ انجام دیتے ہیں۔ اب چونکہ اس قسم کے بلند ہمت حضرات بیک وقت فانی فی اللہ بھی ہوتے ہیں اور باقی باللہ بھی۔ انکے اس مقام کو علم روحانیت کی اصطلاح میں مقام جامعیت کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ جو روحانی ترقی کا آخری اور بلند ترین مقام کہلاتا ہے۔ یہ مقام اولیائے امت محمدیہ کے سوا کسی امت کے اولیاء کو حاصل نہیں ہوا اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مقام عبدیت کے ورثہ میں اولیائے امت کو حاصل ہوا ہے۔ بات یہ ہے کہ ان حضرات کے قلب کے اندر عشق الٰہی کے شعلے اسقدر موجزن ہوتے ہیں کہ وہ مقام قرب کے کسی مرتبہ پر مطمئن نہیں ہوتے بلکہ ھل من مزید کے نعرے لگاتے ہوئے مائل پرواز رہتے ہیں جب ایک مقام قرب پر پہنچتے ہیں تو اس سے اوپر اور مقام نظر آتا ہے جب وہاں رسائی ہوتی ہے تو اوپر اور مقام نظر آتا ہے غرضیکہ بقول سعدی۔

نہ حسنش غایتے دارد نہ سعدی را سخن پایاں　　بمیرد تشنہ مستسقی و دریا ہمچناں باقی

(نہ محبوب حقیقی کے حسن و جمال کی کوئی انتہا ہے نہ سعدی کے عشق کی۔ ہوتا یہ ہے کہ مرض اِستسقیٰ کے بیمار کی طرح دریا کے کنارے بیٹھا پانی پی پی کر مرجاتا ہے اور دریا اسی طرح رواں دواں رہتا ہے)۔

Marfat.com

مرزا بیدل نے اس مقام کو یوں بیان فرمایا ہے۔

ہمہ عمر باتو قدح زدیم و نرفت رنج خمار ما — چہ قیامتے کہ تمے رسی زکنار ما بکنار ما

(یہ کیا قیامت اور غضب ہے کہ تو ہمارے آغوش سے آغوش میں نہیں آتا)

آغوش سے آغوش میں آنا یہی وہ دائمی پرواز ہے کہ طالب قرب حق میں جس قدر پرواز کرتا ہے منزل پر اور منزل نظر آتی ہے اور یہ منازل قرب کبھی ختم نہیں ہوتیں۔

شیخ سعدی نے اس مقام جامعیت کو خوب بیان کیا ہے فرماتے ہیں۔

عجب این نیست کہ من والہ و مجبورم — عجب این است کہ من واصل و مہجورم

(تعجب کی بات یہ نہیں کہ میں عاشق اور مجبور ہوں بلکہ تعجب یہ ہے کہ میں بیک وقت واصل بھی ہوں اور مہجور بھی ہوں)

یہ ہے اولیائے امت کا مقام جامعیت کہ جس میں وہ لذت قرب سے بھی مستفیض ہوتے ہیں اور درد جدائی کے مزے بھی اڑاتے ہیں۔ ہاں! درد جدائی میں بھی لذت ہے۔ کسی نے خوب کہا ہے

من لذت درد توبہ درماں نفروشم — کفر سر زلف توبہ ایماں نفروشم

Marfat.com

(اے دوست مجھے لذت درد داروئے درد سے زیادہ محبوب ہے اور تیرے رخِ انور (دیدار) کی بجائے تیری زلف (جس سے چہرہ چھپ جائے) زیادہ پسند ہے)۔ اور یہی وجہ ہے کہ عاشقانِ الٰہی وصل کے اور قرب حق کے کسی مقام پر مطمئن نہیں ہوتے اور ہر وقت قریب سے قریب تر پہنچنے کی کوشش میں سرگرم رہتے ہیں۔ اور ایک ایسا وقت آتا ہے کہ انکے اجسام بھی روحانیت میں مبدل ہو جاتے ہیں اور خواص بشریت سے آزاد ہو جاتے ہیں اور کئی کئی ماہ کھانا نہ کھائیں تو پرواہ نہیں ہوتی۔ اس مقام پر ان کا سایہ بھی کالعدم ہو جاتا ہے چنانچہ حکایات اولیاء میں پایا جاتا ہے کہ بعض اولیاء اللہ کا سایہ گم ہو چکا تھا۔ اب جبکہ اولیائے امت محمدیہ کی یہ حالت ہے کہ مقام عبدیت اور مقام جامعیت کی وجہ سے جسم کے ساتھ بیک وقت فانی فی اللہ بھی ہوتے ہیں اور باقی باللہ بھی تو خود سرور کائنات 'فخر موجودات' سرور اولیاء وانبیاء کا کیا حال ہونا چاہئے۔ حق تو یہ ہے کہ آپ بدرجہ اُتم جسد عنصری کے ساتھ اولیاء امت سے بدرجہا بلند مقامات قرب طے کریں چنانچہ آئیہ مبارکہ "قاب قوسین اوادنی" یہی ظاہر کرتی ہے کہ چونکہ آپکو مقام جامعیت بدرجہ اتم حاصل تھا۔ یعنی جسد عنصری کے ساتھ بیک فنا اور بقامیں مستغرق رہ کر قرب حق کے مراتب طے کرنا۔ اسلئے آپ قرب حق کے انتہائی مدارج پر پہنچ گئے جہاں بہ مصداق حدیث مذکور نہ کوئی فرشتہ پہنچ سکا اور نہ کوئی نبی اور رسول پہنچا۔ یہ ہے مقام عبدیت اور جامعیت کی مختصر شرح جس سے ثابت ہو گیا کہ ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج جسمانی ہوا نہ کہ روحانی۔ روحانی معراج تو آپ کی امت کے اولیاء کرام کو بھی حاصل ہوتا ہے جسے مقام فنافی اللہ کہتے ہیں۔

## نور اور بشر کا مسئلہ۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معراج جسمانی تھا جو آنحضرتؐ کے کمالِ مقام عبدیت وجامعیت کا نتیجہ تھا۔ یار لوگ مقام عبدیت اور جامعیت کی نافہمی کی وجہ سے خواہ مخواہ نور و بشر کے جھگڑوں میں پڑے ہوئے ہیں۔ اصل بات یہ ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جس طرح

Marfat.com

عروج یعنی فنافی اللہ میں کمال بے مثال حاصل تھا اسی طرح آپکو نزول یعنی بقاباللہ اور عبدیت میں بھی کمال حاصل تھا اور عبدیت دوسرا نام ہے بشریت کا چنانچہ آپکو جس طرح عروج اور علویت میں کمال حاصل تھا اسی طرح آپکو نزول میں کمال حاصل تھا۔ عارفین اس بات پر متفق ہیں کہ مقام عروج جس قدر قوی ہو گا نزول بھی قوی ہو گا۔ نیز عرفاء کا یہ بھی قول ہے کہ کمالات کا دارومدار نزول ہے نہ کہ عروج۔ جس بزرگ کا جتنا نزول قوی ہوتا ہے اس کا مرتبہ بھی اتنا بلند سمجھا جاتا ہے چنانچہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ فرماتے ہیں کہ شیخ اکبر محی الدین ابن عربیؒ سے مولانا جلال الدین رومیؒ کا نزول زیادہ قوی ہے۔ اور جس بزرگ کا نزول زیادہ ہوتا ہے وہ عبادات، عجز و انکسار اور عبدیت اور بشریت میں زیادہ مستعد ہوتا ہے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عدیم المثال عروج کا پتہ اس بات سے چلتا ہے کہ ایک تو حق تعالیٰ آپ کے متعلق "قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنیٰ" جیسے الفاظ فرمائے ہیں۔ دوسرے "لَوْلَاکَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاکَ" فرمایا تیسرے حضرت اقدس علیہ اصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ "لِیْ مَعَ اللہِ وَقْتٌ لَا یَسْعُنِیْ مَلَکٌ الْمُقَرَّبُ وَلَا نَبِیٌّ الْمُرْسَلُ"۔ اور آنحضرت کی بشریت اور عبدیت کا کمال یہ ہے کہ باوجودیکہ آپ پیدائشی معصوم ہیں اور ہر آن و ہر لحہ بلند تر مراتب پر ترقی کر رہے ہیں آپ ساری ساری رات کھڑے نوافل پڑھ رہے ہوتے یہاں تک پاؤں مبارک پر ورم آ جاتا تھا اور شدت گریہ و نالہ سے ریش مبارک تر ہو جاتی تھی۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَ آلِہٖ بقدر حسنہٖ و جمالہٖ۔

## آپ کے دن میں ستر بار توبہ کرنے کی اصلی وجہ۔

آپ کے مقام عبدیت اور بشریت کا پتہ اس بات سے بھی چلتا ہے کہ آپ دن میں ستر مرتبہ توبہ کیا کرتے تھے حالانکہ آپ گناہوں سے پاک تھے۔ ایک دفعہ احقر راقم الحروف نے اپنے شیخ علیہ رحمہ حضرت مولانا سید محمد ذوقی شاہ قدس سرہ، سے ستر بار توبہ کرنے کی وجہ دریافت کی تو انہوں نے فرمایا کہ چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہر آن اور ہر لحہ قرب میں ترقی کر رہے تھے۔ جب اوپر کی منزل پر پہنچتے تو اپنے سابق نیچے والے مقام کو دیکھ کر آپکو

Marfat.com

افسوس ہوتا تھا اور اس سے توبہ کرتے تھے۔ نیز چونکہ آپ کو ذاتی طور پر معلوم تھا کہ حق تعالیٰ کی شان کتنی بلند ہے لہٰذا آپ اپنے کو اس بلند اور برتر شان سے نیچے دیکھ کر بھی افسوس ہوتا تھا اور اپنی اس حالت سے توبہ کرتے تھے۔

## حضور اقدس کی توبہ کی ایک اور وجہ عارفین کے نزدیک۔

لیکن حضرت شیخ ابوالقاسم قشیریؒ اپنی کتاب رسالہ قشیریہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روزانہ ستر بار توبہ کی ایک اور نہایت لطیف اور شاندار وجہ بیان فرماتے ہیں۔ حدیث کے الفاظ یہ ہیں۔

اِنَّہٗ لَیُغَانُ عَلٰی قَلْبِیْ فَاَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ وَّ لَیْلَۃٍ سَبْعِیْنَ مَرَّۃً

حضرت شیخ لکھتے ہیں کہ عربی زبان میں لفظ غفر کے معنی ہیں پردہ کے۔ چنانچہ اس حدیث کے معنی آپ یوں کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جب میرے قلب پر شدید غلبہ حال ہوتا ہے اور تجلیات جلال سے جسم جلنے کو آتا ہے تو میں حق تعالیٰ سے ہر دن اور ہر رات ستر مرتبہ یہ دعا کرتا ہوں کہ یا الٰہی میرے اور تجلیات جلال کے درمیان پردہ ڈال دے تاکہ جلنے سے بچ جاؤں۔ بعض حضرات لفظ **لیغان** سے غفلت مراد لیتے ہیں۔ بعض غنودگی کہتے ہیں لیکن عارفین کے نزدیک اسکے معنی ہیں غلبہ حال۔ عارفین لکھتے ہیں کہ اہل اللہ پر دائمی حضوری کا اس قدر بوجھ رہتا ہے کہ جیسے پہاڑ کے نیچے دبے ہوئے ہیں۔ چنانچہ حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانیؒ مکتوبات میں لکھتے ہیں کہ حضرت شیخ عبداللہ انصاری ہرویؒ فرمایا کرتے تھے کہ جو شخص مجھے ایک لمحہ کیلئے حق تعالیٰ سے غافل کر دے اللہ اسکی مغفرت کر دیگا۔ حضرت مجددؒ نے یہ بھی لکھا ہے کہ ایک شیخ جن کا نام شاید عبداللہ اسطرخیؒ ہے شکاریوں کے ساتھ جنگل چلے جایا کرتے تھے اور کتوں کا شکار دیکھتے تھے۔ جب آپ سے کسی نے پوچھا کہ ان بے ہودہ مشاغل میں آپ کیوں حصہ لیتے ہیں تو فرمایا کہ میں چاہتا ہوں کچھ عرصہ کیلئے تو میرے قلب کا غلبہ حال اور زبردست بوجھ کم ہو جائے۔

Marfat.com

## آنحضرت کی عظمت بحیثیت مصدر کائنات۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت اور بلندی شان اس سے بھی اظہر من الشمس ہے کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ۔

"اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ نُوْرِیْ وَخَلَقَ کُلَّ شَیْئٍ مِّنْ نُّوْرِیْ" (اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے میرا نور پیدا فرمایا اور پھر ہر چیز کو میرے نور سے پیدا کیا)

ہمارے شیخ حضرت مولانا سید محمد ذوقی شاہ قدس سرہٗ اپنی معرکہ الآرا کتاب سر دلبراں میں جو علم روحانیت کا ابجد کی ترتیب سے انسائیکلوپیڈیا ہے تحریر فرماتے ہیں:

**حقیقتِ محمدی** حقیقتِ انسانی کی اصل حقیقتِ محمدی ہے حق تعالیٰ نے سب سے پہلا تنزل حقیقتِ محمدی میں فرمایا۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ نُوْرِیْ یعنی پہلی چیز جو اللہ تعالیٰ نے پیدا کی وہ میرا نور ہے۔ونیز فرمایا کہ کُنْتُ نَبِیًّا وَّ آدَمُ بَیْنَ الْمَآءِ وَالطِّیْنِ۔ یعنی میں نبی تھا جبکہ آدم پانی اور مٹی کے درمیان تھے۔ آپ کل موجودات سے اسبق اور کل مخلوقات سے اکمل ہیں۔ بلحاظ تخلیق کے آپ اول اور بلحاظ ظہور کے آپ آخر ہیں۔ بلحاظ حقیقت آپ خلق اول۔ تعینِ اول۔ برزخ کبریٰ۔ اور رابطہ بین الظہور والبطون ہیں۔ آپ اللہ تعالیٰ کا وہ نور ہیں جو سب سے پہلے چمکا اور جس سے تمام کائنات کی تخلیق ہوئی۔ آپ اصل ہیں جملہ کائنات کی۔ آپ خلاصۃ الموجودات ہیں۔ آپ جانِ عالم ہیں۔ آپ اجمال ہیں اُن اسماء وصفات کا جن کا ظہور تفصیلی کائنات میں ہے۔ آپ ہی عقلِ اول ہیں۔ آپ ہی نورِ نبوت ہیں۔ آپ ہی حقیقت ہیں آدم علیہ السلام کی۔ آپ ہی اصل ہیں جملہ انبیاء علیہم السلام کی۔ جس طرح آدم علیہ السلام پر تخلیقِ کائنات ختم ہوئی آپ پر تکمیلِ انسانی ختم ہوئی۔ آپ اللہ تعالیٰ کا وہ نور ہیں جو اسماء وصفات کے ظہور سے پہلے درخشاں ہوا۔ زماں اور مکاں کے پیدا ہونے سے پہلے چمکا۔ اللہ تعالیٰ نے اُس نور کو عقلِ اول کے اندر اس طرح جگہ دی جیسے انجنیئر کے دل میں مکان کا نقشہ قبل تعمیر مکان جگہ پکڑتا ہے۔ عقلِ اول روحانیات کی عمارتوں کے لئے بمنزلہ انجنیئر کے ہے۔ مکان کی تعمیر کے لئے اینٹ پتھر چونہ لکڑی وغیرہ سامان جو فراہم کیا جاتا ہے وہ سب اُسی نقشہ کے تابع ہوتا ہے جو انجنیئر کے دل میں محفوظ ہے۔ اُسی نقشہ پر مکان کی بنیاد پڑتی ہے۔ اور اُسی نقشہ سے مکان کی تکمیل ہوتی ہے۔ غرضیکہ مکان کی ابتدا اور انتہا اور جملہ درمیانی مراتب اُسی نقشہ کے تابع ہوتے ہیں۔ جب اللہ تعالیٰ نے عالم روحانی کا ابداع کیا اور عالم جسمانی کی تخلیق فرمائی تو نورِ نبوت کو عقلِ اول کی ذات سے اس طرح نکالا جس طرح مکان کا نقشہ انجنیئر کے ضمیر سے نکلتا ہے۔ چنانچہ اسی نور سے چاند سورج روشن ہوئے۔ اور اسی نور سے عرش و کرسی اور لوح و قلم کو قیام ملا۔ اور اسی نور سے آسمانوں کو ستاروں کے ساتھ رونق دی گئی اور اسی نور سے زمینیں بچھائی گئیں اور انھیں آباد کیا گیا۔ یہی نورِ ربانی آدم کے قلب میں امانت بن کر آیا اور منتقل ہوتے ہوتے پہلوئے آمنہ سے ہویدا ہوا اور صورتِ محمدی اُس نے اختیار کی۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ بِقَدْرِ حُسْنِهٖ وَجَمَالِهٖ۔ | جس طرح اللہ تعالیٰ نے اِس نُور سے عالمِ روحانی کا ابداع فرمایا اِسی طرح اِس نُور سے عالمِ جسمانی کو مجسم فرمایا۔ |

گویا یہ نُور ابتدا میں انجینیر کے دل کے اندر کا نقشہ تھا جو آخر میں مثل اُس آخری اینٹ کے ظاہر ہوا جس پر مکان کی تعمیر ختم ہوتی۔ جب یہ نُور ہیکلِ جسمانی میں ظاہر ہُوا اور مکان کی آخری اینٹ کی طرح دُوسری اینٹ میں مل جُل کر اللہ تعالیٰ کے قول

| | |
|---|---|
| قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ (الکہف ع ۱۲) | کہدو کہ میں مثل تمہارے ایک بشر ہوں۔ |

کے مطابق دوسری اینٹوں کی صورت میں نمایاں ہوا تو گویا ایک آفتاب تھا جس پر ابر آگیا اور بوجہ اُس ابر کے دیکھنے والوں کے لئے اُس کا دیکھنا آسان ہوگیا۔ جملہ اسماء وصفات ایک جامع اسم یعنی اسمِ اللہ میں مجتمع ہوکر صورتِ بشری میں ظاہر ہوتے ہیں اور جو دیکھنے والے ہیں انھیں موقعہ ملتا ہے کہ اسمِ اللہ کی صورتِ ظاہری کو وہ دیکھیں اور مراد کو پہونچیں۔ مگر اس دیکھنے کا حق وہی ادا کرتے ہیں جن کی نظر دو نوں جہتوں پر ہو۔ آپ کی دو جہتیں ہیں۔ ایک جہت حقیقت سے متعلق ہے اور دُوسری جہت بشریت سے۔ جس نے ایک جہت پر نظر کی اور دُوسری جہت کو نہ پہچانا اُس نے آپ کو نہ دیکھا اور وہ حق تعالیٰ کی اس تنبیہہ میں آگیا کہ

| | |
|---|---|
| وَتَرٰىهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۔ (الاعراف ع ۲۴) | اور تم دیکھتے ہو ان کو کہ تمہاری جانب نظر کرتے ہیں مگر کچھ نہیں دیکھتے۔ |

خود اللہ تعالیٰ آپ کی جہتِ اولیٰ کو مدِنظر رکھ کر فرماتا ہے کہ

| | |
|---|---|
| لَعَمْرُكَ (الحجر ع ۵) | قسم ہے تیری زندگی کی۔ |

اور فرماتا ہے کہ

| | |
|---|---|
| وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (الشوریٰ ع ۵) | اور بے شک آپ سیدھی راہ کی جانب ہدایت کرتے ہیں۔ |

اور فرماتا ہے:۔

| | |
|---|---|
| مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ۔ (الاحزاب ع ۵) | محمدؐ تم میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں۔ |

و نیز آپ خود اپنی شان میں فرماتے ہیں:۔

| | |
|---|---|
| اِنِّيْ لَسْتُ كَاَحَدِكُمْ اِبِيْتُ عِنْدَ رَبِّيْ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِيْ (البخاری) | میں تم میں سے کسی کی طرح نہیں ہوں بلکہ اپنے رب کے پاس رہتا ہوں اور وہ مجھے کھلاتا ہے اور پلاتا ہے۔ |

اور فرماتے ہیں:۔

| | |
|---|---|
| لِيْ مَعَ اللّٰهِ وَقْتٌ لَا يَسَعُنِيْ فِيْهِ مَلَكٌ مُّقَرَّبٌ وَّلَا نَبِيٌّ مُّرْسَلٌ۔ | مجھ کو حق تعالیٰ کے ساتھ ایک ایسا وقت ہوتا ہے جس میں ملک مقرب اور نبی مرسل نہیں سماتے۔ |

Marfat.com

اور آپ کی جہتِ ثانی کی طرف اشارہ کرکے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ۔

| | |
|---|---|
| قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۔ (الکہف ع ۱۲) | کہدو کہ میں مثل تمہارے ایک بشر ہوں ۔ |

اور فرماتا ہے :-

| | |
|---|---|
| إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُمْ مَّيِّتُونَ ۔ (الزمر ع ۳) | بے شک تم بھی مرنے والے ہو اور یہ بھی مرنے والے ہیں ۔ |

اور فرماتا ہے :-

| | |
|---|---|
| لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ ۔ (القصص ع ۳) | تم ہدایت نہیں کرسکتے جسے چاہو ۔ |

آپ کا دل تنگ ہونا اور شکستہ خاطر ہونا صفاتِ بشری سے تھا نہ کہ آپ کی جہتِ اصلی سے ۔ آپ کا یہ قول کہ اَنْتُمْ اَعْلَمُ بِاُمُوْرِ دُنْیَاکُمْ (تم اپنی دُنیا کے امور کو زیادہ جانتے ہو) بھی بشریت کی جہت سے تھا ۔ عجز و مسکینی اور نقائص امکانی کے کل لوازمات آپ میں بشریت کی جہت سے تھے جو آپ کو عالم سفلی میں نزول فرمانے اور عناصر کی قید میں مقید ہونے سے حاصل ہوتے تھے ۔ تاکہ آپ اپنے ظاہر سے عالم ظاہر کے خواص پر محیط ہوں اور اپنے باطن سے عالم باطن کے خصائص پر حاوی ہوں ۔ آپ مجمع البحرین ہیں اور آپ کی ذات مُظہرِ العالمین ہے ۔ آپ کا اس عالم میں نزول فرمانا بھی آپ کا کمال ہے اور اپنے اصلی مقام پر لیلتہ المعراج میں عروج فرمانا بھی آپ کا کمال ہے ؎

شاہدِ ما بجُز از خال و خط و غبغبِ خویش ٭ خال و خطِّ دگر و غبغبِ دیگر دارد !

## ظہورِ حقیقتِ محمدّیہ باوقاتِ مختلفہ

جب اللہ تعالیٰ نے زمین پر اپنے خلیفہ کا ہونا قرار دے دیا تو ہر زمانے میں خلیفہ کا ہونا لازم ٹھہرا ۔ خلیفہ کے لئے اس کی بھی ضرورت ہے کہ اپنے زمانے کے لوگوں سے ایک گونہ مناسبت رکھے تاکہ لوگ اُس کے ذریعہ سے کمال حاصل کرسکیں اور وہ خلافت کے منصب کو انجام دے سکے ۔ رفتارِ زمانہ سے لوگوں کے حالات میں تغیر واقع ہوتا رہتا ہے ۔ مختلف زمانہ کے لوگ یکساں صلاحیت نہیں رکھتے اور ان کے حالات یکساں قسم کے نہیں ہوتے ۔ ان جُملہ وجوہات کی بناء پر حقیقتِ محمدی کا ظہور اِن کمالات کے ساتھ پہلے ممکن نہ تھا اس لئے وہ حقیقت وقتاً فوقتاً مختلف صُورتوں میں ظاہر ہوتی رہی ۔ ہر ہر صُورت خاص خاص شان اور خاص خاص مرتبہ سے مخصُوص ہُوئی ۔ وہ تمام صُورتیں اپنے اپنے زمانہ اور اپنے اپنے وقت کے حالات سے بہت مناسب تھیں ۔ اور اپنے اپنے زمانے کی مناسبت سے جو کمالات کہ اقتضائے زمانہ کے مناسب تھے اُن سے وہ صُورتیں سب کی سب مزیّن تھیں ۔ وہ صُورتیں انبیاء علیہم السّلام ہیں اور اُن کی اصل حقیقتِ محمّدی ہے ؎

لباسِ بوالبشر پوشیدہ مسجودِ ملک گشتم ٭ بتصویرِ محمّد حامد و محمود بودستم
گہے ادریس گاہے شیث گاہے نوح گہہ یونس ٭ گہے یوسف گہے یعقوب گاہے ہود بودستم
گہے صالح گہ ابراہیم گہ اسحٰق گہ یحییٰ ٭ گہے عیسیٰ گہے موسیٰ گہے داؤد بودستم
برائے میکشاں امروز نقدِ وقتِ شان گشتم ٭ زبہرِ دیگراں روزِ جزا موعود بودستم
بدریائے حقیقت بہرِ غوّاصانِ دریادل ٭ بہرعہدے و عصرے گوہرِ مقصود بودستم (نیازؔ)

Marfat.com

اُن تعیّنات و تشخصات کا اعتبار کروگے تو تم اُن میں غیریت کا حُکم لگاؤ گے اور اُن صورتوں کو حقیقتِ محمّدی کا غیر قرار دو گے لیکن جب تم اُن کی حقیقت کو متّحد جانوگے اور حکم وحدت کے غلبہ سے اُن سب کے مرجع کو ایک ہی اصل کی جانب رجوع کروگے تو اُن سب کو حقیقت متحد سمجھوگے اور دلی تصدیق سے کہنے لگوگے :۔

| | |
|---|---|
| لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ (البقرۃ ع ۴۰) | ہم اس کے رسُولوں میں سے کسی کے درمیان جُدائی نہیں ڈالتے |

دراصل وہ قطب جس پر احکامِ عالم کا دار و مدار ہے اور جو ازل سے ابد تک دائرۂ وجود کا مرکز ہے حقیقۃً ایک ہی ہے اور وہ حقیقتِ محمّدیہ صلی اللہ علیہ وسلّم ہے۔ صرف باعتبار حکم کثرت جو اعتباری ہے وہ متعدد ہے۔

**نبی کے ورثاء**

انقطاعِ نبوت کے بعد قطبیتِ مطلقہ اولیاء اللہ میں منتقل ہوکر آگئی یہ حالت خاتم الاولیاء کے ظہور تک رہے گی۔ پھر اس کے بعد یہ سلسلہ بھی ختم ہوجائے گا۔ اور دائرہ پورا ہوجائے گا۔ پھر حشر و نشر و جنّت و نار کا دور شروع ہوگا۔

وہ یہی اولیاء اللہ ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کی متابعت اور محبت سے ظلّی طور پر انسانِ کامل کے مرتبہ پر فائز ہوکر خلافتِ الٰہی اور نیابتِ رسُول کے منصب پر ممتاز ہوتے ہیں اور امام آخر الزمان کے ظہور تک ہر زمانہ میں رہیں گے۔ یہ لوگ اس زمین پر اللہ کے قائم مقام اور رسُول اللہ صلعم کے وارث ہوتے ہیں۔ زمین پر تصرف کی قوتیں وہ اللہ تعالیٰ سے اخذ کرتے ہیں اور اسماء و صفات کے متولی ہوتے ہیں۔ اس کے لئے وہ معرفتِ الٰہی کے محتاج ہوتے ہیں، اس لئے کمالِ انسانی کا اظہار اس پر ہے کہ انسان اللہ اور اس کے فضل و کمال کو بقدر قوتِ بشری معلوم کرے۔ گویا کمالِ خلافت یا کمالِ انسانی کا دار و مدار کمالِ معرفت پر ہے۔ سالک مسافتِ بُعد کو طے کرتا ہے۔ کثرتِ تعینات کی منازل کو عبور کرتا ہے۔ صفاتِ بشری سے دُور ہوکر اصل حقیقت سے واصل ہوتا ہے۔ تجلّی ذات سے متحقق ہوکر مظہرِ جمیع اسماء و صفاتِ الٰہی بنتا ہے۔ اور تاجِ خلافت پہن کر اطلاق سے تقید کی جانب واپس آتا ہے اور دُوسروں کی تکمیل کا ذریعہ بنتا ہے۔ گویا خواجۂ دوجہاں بنکر کارِ غلامی انجام دیتا ہے۔ متابعت اور عبودیت کے مقام میں تمکین اختیار کرتا ہے۔ جادۂ انقیاد سے تجاوز نہیں کرتا۔ جُملہ مراتب و شیونات کے حقوق ادا کرتا ہے اور ان کی محافظت کرتا ہے طریقت اس کی روش ہوتی ہے شریعت اس کا شعار۔ اور حقیقت اس کا مقامِ اصلی۔ ایسا شخص اس زمین پر اخلاقِ الٰہی کی چلتی پھرتی تصویر اور اس دُنیا کے رہنے بسنے والوں کے لئے رحمت اور برکت کا باعث ہوتا ہے۔ اسی کی شان میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :۔

| | |
|---|---|
| وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ (الانعام ع ۱۵) | یعنی اور ہم نے اُسے ایک نُور دیا ہے جسے لے کر وہ لوگوں میں چلتا پھرتا ہے |

نازل ہے زمین پر کبریائی ؛ بندے کے لباس میں خُدائی

**حقیقت محمدیہ صلعم سمجھ لینے کے بعد اب عارف رومی کا یہ شعر سمجھ آجائیگا**

**(جز محمد صلعم نیست در ارض و سماء)**

نیز فرمایا۔

○ اوست ایجاد جہاں را واسطہ — درمیان خلق و خالق رابطہ
○ شاہباز لامکانی جان او — رحمت للعالمین در شان او
○ عارف اطوار سِرِ جبر و کل — خلق اول، روح، اعظم، عقل کل
○ علت غائی ز امر کن فکاں — نیست غیر از ذات آں صاحبِ قراں
○ رہنمائے خلق و ہادیٔ سُبلؐ — مقتدائے انبیاء ختم رسلؐ

## آنحضرت کی عظمت، بحیثیت عارف باللہ:

ویسے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عرفان کی نہ کوئی حد ہے نہ حساب۔ کیونکہ آپ سب سے بڑے عارف باللہ سب سے بڑے واصل باللہ، سب سے بڑے مقرب الی اللہ ہیں یہاں صرف قرآن حکیم کے حقائق و معارف کے متعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی معرفت کا صرف ایک نکتہ بیان کرنا مطلب ہے۔ آپ نے فرمایا ہے کہ۔

"لِلقرآن ظہرٌ وبطنٌ ولبطنٍ الیٰ سبع ابطن"

(قرآن کا ظاہر ہے اور باطن اور اس باطن کا اور باطن حتیٰ کہ نو بواطن تک)

لیکن بعض حضرات نے قرآن کے صرف ایک ظاہری معانی پر اکتفا کر لیا ہے اور باطنی مطالب و معانی معلوم کرنے کی کوشش نہیں کرتے اسکی وجہ یہ ہے کہ جس قدر کسی کا مقام ہوتا ہے اسی مطابق اس پر قرآن حکیم کے تمام باطنی مطالب اور حقائق و معارف کا انکشاف ہوتا ہے۔ اور جتنا حقائق و معارف کا زیادہ انکشاف ہوتا ہے اتنا اسکے قرب الی اللہ میں ترقی ہوتی ہے۔ اب چونکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوۂ حسنہ ہم سب کیلئے مشعل راہ ہے۔ ہماری تمام عبادات، اور ریاضات کا مدعا و مقصد یہ ہے کہ ہم زیادہ سے زیادہ حقائق و معارف حاصل کر کے حق تعالیٰ کا زیادہ سے زیادہ قرب و معرفت حاصل کریں۔ اسوۂ حسنہ

یعنی اتباع نبوی کی دو اقسام ہیں ایک ظاہری اتباع 'ایک باطنی۔ ظاہری اتباع یہ ہے کہ ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ظاہری شکل و صورت 'لباس 'اعمال و افعال کا اتباع کریں اور اتباع باطنی یہ ہے کہ ہم آپ کی طرح قرب و معرفت حق کی زیادہ سے زیادہ منازل طے کریں۔ ایک حدیث میں آپ نے فرمایا ہے:

مَنِ اسْتَوَا یَوْمَا فَھُوَ مَغْبُوْن

(جس نے اپنی زندگی کے دو دن برابر کئے یعنی ہر روز ترقی کی نئی منازل طے نہ کیں اس نے بہت بڑا نقصان اٹھایا)

اور مندرجہ ذیل حدیث میں تو اتباع باطنی کو اتباع ظاہری پر ترجیح دینے کا حکم وارد ہوا ہے۔ آپ نے فرمایا۔

اِنَّ اللّٰہَ لَا یَنظُرُ عَلٰی صُوَرِکُمْ وَ اَعْمَالِکُمْ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ یَنْظُرُ عَلٰی نِیَاتِکُمْ وَ قُلُوْبِکُمْ

(اللہ تعالیٰ تمہاری ظاہری شکل و صورت اور اعمال کو نہیں دیکھتا بلکہ وہ تمہاری نیات اور قلب کی حالت کو دیکھتا ہے)

لہٰذا اتباع ظاہری کے ساتھ اتباع باطنی بھی ضروری ہے بلکہ اتباع باطنی زیادہ ضروری ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ آلِہٖ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَ جَمَالِہٖ۔

### آنحضرتؐ کی عظمت بحیثیت رحمۃ للعٰلمین:

آپ کا لقب حق تعالیٰ نے "رحمۃ للعٰلمین" رکھا ہے یعنی تمام جہانوں کے لئے آپ کا وجود مسعود رحمت اور باعث برکت ہے۔ جہانوں میں کافر و مشرک 'چرند و پرند بلکہ ہر چیز

Marfat.com

شامل ہے اور بلاشبہ آپ کا وجود ہر جاندار اور بے جان کیلئے باعث رحمت اور برکت ہے۔ یہ کیا کم رحمت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے انبیاء علیہم السلام کی امتوں کے لوگ گناہوں کی وجہ سے بندر خنزیر بن جاتے تھے لیکن جب سے آپکے قدم مبارک اس دنیا میں آئے۔ گناہگار بھی سرفراز ہو گئے اور بندر اور خنزیر بننے سے بچ گئے۔ اگلی امتوں پر گناہوں کی وجہ سے پتھروں کی بارش ہوتی تھی یا فرشتوں کے ذریعے انکے شہروں کو اٹھا کر الٹا پھینک دیا جاتا تھا جس سے مرد' بچے' بوڑھے' عورتیں' جانور سب تباہ ہو جاتے تھے لیکن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کے بعد کفار و مشرکین جس قدر جرائم کے مرتکب ہوئے تو اللہ عزوجل نے نہ انکی شکلیں مسخ فرمائیں نہ ان پر پتھروں کی بارش ہوئی بلکہ جب کفار نے کہا کہ اگر ہم غلطی پر ہیں تو ہم پر عذاب کیوں نہیں نازل ہوتا تو حق تعالیٰ نے فرمایا کہ اے نبی جب تک تو انکے درمیان ہے عذاب نازل نہیں ہو گا علاوہ ازیں یہ کیا کم رحمت ہے کہ آج دنیا کا ایک تہائی حصہ دولت اسلام سے مالا مال ہے۔ دنیا کی کل آبادی ساڑھے تین ارب ہے جس میں سے ایک ارب سے زیادہ مسلمان آباد ہیں۔ یہ صرف ہمارے زمانے کے اعداد و شمار ہیں اور جسقدر مسلمان پچھلے چودہ سو سال میں ہو گزرے ہیں ان کا تو شمار ہی ناممکن ہے یہ سب رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ کی برکات ہیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وجود کی برکت سے نہ صرف کفر و شرک مٹ گیا دنیا' کی ہر قوم اور مذہب کے لوگوں کے خلاف عقل اور خلاف فطرت قوانین' خلاف انسانیت رسم و رواج اور ظالمانہ تہذیب و تمدن کی اصطلاح بھی ہو گئی۔ تاریخ شاہد ہے کہ قرون وسطی میں جب براعظم یورپ پر بدترین قسم کی بربریت' جہالت اور تاریکی کے گھرے بادل چھائے ہوئے یہاں تک کہ تاریخ یورپ میں اس دور کو دور تاریک کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے تو مسلم سپین کی طرف سے عظیم الشان اسلامی تہذیب و تمدن کا آفتاب نمودار ہوا جسکو دیکھ کر اہل یورپ کی آنکھیں چندھیا گئیں اور دیکھا مسلمان کس جنت میں بس رہے ہیں اور ہم کس دوزخ میں جل رہے ہیں۔ اسلئے انہوں نے یکدم اپنے مذہب عیسائیت کے خلاف علم بغاوت بلند کر دیا۔ یہی وجہ ہے کہ بغاوت کے سب سے بڑے رہنما لوتھر کو پادریوں نے "سگِ محمد" کا خطاب دے دیا تھا۔ عیسائیت کے خلاف اس بغاوت کا نتیجہ یہ

Marfat.com

نکلا کہ اہل یورپ نے پورے طور پر مسلمان تو نہ ہوئے لیکن جزوی طور اسلام قبول کر لیا۔ یعنی انہوں نے اسلامی عقائد تو قبول نہ کئے لیکن اسلام کے وہ اصول اور تعلیمات قبول کر لیں جنکا تعلق سائنس، مادی ترقی، علوم و فنون اور تہذیب و تمدن سے تھا اور یورپ کے مورخ اور ارباب عقل و دانش اسبات کے قائل ہیں کہ انہوں نے آج علوم و فنون اور سائنس کے میدان میں جو ترقی کی ہے یہ سب اسلام کا فیضان ہے۔ عیسائی مورخ فلپ ہٹی لکھتے ہیں کہ جس زمانے میں مسلم سپین میں عظیم الشان یونیورسٹیاں قائم تھیں اور سارا ملک باغات، محلات، اور شاندار مساجد، تفریح گاہوں اور پختہ کوچہ و بازار سے آراستہ تھا اور تمام شہر سرکاری روشنی سے جگمگا رہے تھے اس سے کئی صدیاں بعد لندن اور پیرس کی یہ حالت تھی کہ جب کوئی شخص رات کے وقت اپنے گھر سے باہر قدم رکھتا تو اپنے آپ کو گھٹنوں تک کیچڑ میں غرق پاتا تھا۔ ایک اور عیسائی مورخ ٹوائن بی لکھتے ہیں کہ چودھویں صدی عیسوی تک مسلمانوں کی شان و شوکت کا یہ عالم تھا کہ یورپ کی کسی یونیورسٹی یا کالج میں مسلمانوں کے سوا کوئی پروفیسر نظر نہیں آتا تھا اور سارے یورپ کے لوگ مسلمانوں کی شاگردی میں رہ کر سندات حاصل کر رہے تھے۔

اسی طرح دنیا کی باقی اقوام کیلئے بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا وجود مسعود باعث رحمت و برکت ہوا۔ چنانچہ ہمارے ملک ہندوستان میں جہاں برہمنوں کی حکومت ہوتی تھی اور عوام الناس پر مذہب کے نام پر طرح طرح کے مظالم ڈھائے جاتے تھے۔ بیوہ عورتوں کی شادی در کنار انکو حکم دیا جاتا تھا کہ خاوند کی موت پر زندہ آگ میں چھلانگ کر خاکستر ہو جائیں ورنہ وہ گنہگار ہوں گی۔ بتوں کے نام پر انسانوں کو بھینٹ چڑھایا جاتا تھا، آدمیوں کا گوشت کھایا جاتا تھا اور مالی اور جانی قربانیاں دی جاتی تھیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے بعد بنی نوع پر ان مظالم میں خاصی کمی آگئی بلکہ مسلمانوں کی دیکھا دیکھی میں غیر مسلم اقوام نے اپنے ظالمانہ اور مضحکہ خیز قوانین کو ترک کر کے اسلامی رسم و روایات اختیار کر لیں۔ یہ سب رحمۃ اللعلمین کے کرشمے ہیں۔

( اللّٰھم صل علی محمد و آلہ بقدر حسنہ و جمالہ )

نگار من کہ بمکتب نرفت و خط ننوشت  بغمزہ نکتہ آموز صد معلم شد

Marfat.com

رسول اکرمؐ کے جس پہلو پر نظر ڈالو کمال ہی کمال نظر آتا ہے حالانکہ آپ اُمیّ تھے لیکن اُمیّ (ان پڑھ) ہونے کے باوجود آپؐ عقل کل تھے کسی نے خوب کہا ہے ؎

اُمیّ و دقیقہ دان عالم
بے سایہ و سائبان عالم

مولانا ظفر علی خان فرماتے ہیں ؎

جو فلسفیوں سے حل نہ ہوا جو نکتہ وروں سے کھل نہ سکا
وہ راز اِک کملی والے نے بتلا دیا چند اشاروں میں

چنانچہ تاریخ شاہد ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہر میدان میں اور زندگی کے ہر شعبہ میں بدرجہ اتم کمال رکھتے تھے خواہ میدانِ کارزار ہو یا میدان ہدایت، میدان شجاعت ہو یا امامت، میدان سیاست ہو یا میدان قیادت، میدان عدالت، میدان قانون ہو یا میدان عدالت، آپ ہر فن میں کامل تھے اور ہر کام میں معلم اعظم، راہبر اعظم، ہادی اعظم، اور سپہ سالار اعظم تھے۔

## آنحضرتؐ کی عظمت بحیثیت سپہ سالار اعظم:

اسوقت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فن سپہ گری کے متعلق چند سطور بطور تبرک لکھی جاتی ہیں۔ یاد رہے کہ آپ نے نبوت سے پہلے نہ کسی فوجی درس گاہ میں تربیت حاصل کی تھی اور نہ کسی جنگ میں حصہ لیا تھا لیکن چونکہ ہر کام، ہر پیشہ اور ہر فن میں آنحضرت کے استاد حق تعالیٰ عزوجل تھے، آپ پیدائشی طور پر فن حرب کے تمام اصولوں سے بھی بطریق احسن آگاہ تھے مثال کے طور پر فن حرب کے آٹھ اصول ہیں جن پر سکندر اعظم اور دارا کے وقت سے آج تک تمام فوجی جرنیل عمل کرتے آئے ہیں۔ وہ اصول یہ ہیں۔

۱۔ اصول حفظ ماتقدم (SECURITY)

۲۔ اصول حصول مقصد (MAINTENANCE OF THE OBJECTIVE)

۳۔ اصول جارحیت (OFFENSIVE ACTION)

۴۔ اصول اجتماع قوت (CONCENTRATION)

۵۔ اصول تیز رفتاری (MOBILITY)

۶۔ اصول کفایت شعاری (ECONOMY OF FORCE)

۷۔ اصول تحیر یعنی دشمن کو حیران کرنا (SURPRISE)

۸۔

غزوات نبوی کے مطالعے سے پتہ چلتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تمام اصولوں پر پوری طرح عمل فرمایا اور اپنی قلیل تعداد کے باوجود کئی گنا دشمن کی فوج پر بفضلہٖ تعالیٰ فتح پائی۔ آنحضرت کی یہ جنگی قابلیت دیکھ کر آجکل کے بڑے جرنیل بھی حیران ہیں۔ آنحضرت نے ہر جنگ میں جن جن اصولوں پر عمل فرما کر اپنے سے کئی گنا دشمن پر فتح حاصل کی اسکی تفصیل راقم الحروف کی کتاب "پاکستان کی عظیم الشان دفاعی قوت" میں درج ہے۔

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت بحیثیت مختار من اللہ و شارع اعظم :

سرکار دو عالم صلی کو اللہ علیہ و آلہ وسلم کی مندرجہ بالا عظمتوں سے کئی درجہ بڑھ کر وہ عظمت ہے جو آپ کو بحیثیت مختار من اللہ اور شارع اعظم حاصل ہے۔ ویسے تو آنحضرت اپنے آپ کا حق تعالیٰ کا عبد سمجھتے تھے اور ساری امت آپکو عبد سمجھتی ہے لیکن یہ وہ عبدیت ہے جو فنافی اللہ اور بقاباللہ کے جملہ مراتب طے کر کے حاصل ہوتی ہے اور بندۂ عبد بندگی کی حالت میں کائنات پر حکمرانی کرتا ہے اور دنیا میں خلیفۃ اللہ کے منصب جلیلہ پر فائز ہو کر حق تعالیٰ کا نائب ہوتا ہے اور دنیا پر فرمانروائی کرتا ہے۔ عام لوگ مقام خلافت و نیابت

Marfat.com

اِلہٰمیّہ سے واقف نہیں ہیں اور نہ واقفیت حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن اتنی بات تو ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ جب کوئی بادشاہ کسی قابل شخص کو اپنا نائب یا وائسرائے مقرر کر کے کسی ملک میں حکومت کرنے کیلئے بھیجتا ہے تو اسکو بھی اپنے تمام اختیارات دیکر رخصت کرتا ہے۔ اسکو ملک میں قید و بند کے اختیارات بھی تفویض کئے جاتے ہیں۔ قانون سازی کے اختیار بھی دئے جاتے ہیں قاتلوں کو پھانسی دینے کے اختیارات بھی دئے جاتے ہیں۔ اسکو بخشش اور انعام واکرام کے اختیارات بھی دئے جاتے ہیں۔ خطا کاروں کی خطا معاف کرنے بھی اختیارات دئے جاتے ہیں۔ یہ تو ایک مجازی بادشاہ کے نظم ونسق کا حال ہے کہ اپنے تمام اختیارات اپنے نائب کے حوالے کر دیتا ہے۔
اب ذرا غور کریں کہ اس بادشاہ حقیقی اور احکم الحاکمین کی کس قدر طاقت اور قدرت ہے اور وہ اپنے نائب اور خلیفہ کو کس قسم کے اختیارات دے سکتا ہے۔ جہاں مجازی بادشاہوں کو صرف خدا کی بنائی ہوئی دنیا پر حکومت کرنے کی قدرت حاصل ہوتی ہے۔ اس شہنشاہ حقیقی اور قادر مطلق کو لفظ کن کہکر کائنات کے پیدا کرنے اور آن کی آن میں دنیا کو مٹانے کی قدرت بھی ہے' بارش برسانے اور فصل پیدا کرنے کی قدرت بھی حاصل ہے' لوگوں کو ہدایت دینے اور گمراہ کرنے کی قدرت بھی ہے۔ بادشاہ کو گدا اور گدا کو بادشاہ بنانے کی قدرت بھی ہے' لوگوں کے قلوب پر حکومت کرنے کی قدرت بھی ہے۔ جسے چاہے ولی اللہ بنا کر اپنا مقرب بارگاہ بنانے کی قوت بھی ہے۔ زندہ کو مردہ اور مردہ کو زندہ کرنے کی قدرت بھی ہے غرضیکہ کوئی کام ایسا نہیں جو حق تعالیٰ کی قدرت سے باہر ہو۔ اب آپ خود قیاس فرما سکتے ہیں کہ جب احکم الحاکمین اور رَبُّ الْعٰلَمِین کی یہ تمام طاقتیں اور قدرتیں ہیں تو کیا اس کے خلیفہ اور نائب کو ان تمام امور کے اختیارات تفویض نہیں ہونگے۔ اس کا جواب یہ ہے تمام اختیارات خلیفہ اللہ اور نائب حق کو ضرور تفویض ہونا چاہئیں ورنہ وہ نائب نہیں کہلایا جا سکتا۔

چنانچہ آپ جانتے ہیں اور اسلام کے تمام فرقوں کے لوگ اس حقیقت پر متفق ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم شارع اعظم کے لقب سے ملقب ہیں۔ شارع کا مطلب ہے شریعت دینے والا قانون بنانے والا' قانون نافذ کرنے والا اور قانون چلانے والا۔ یہی وجہ ہے

Marfat.com

کہ قوانین شریعت کی بنیاد قرآن مجید اور فرقان حمید کے علاوہ سنت رسول اور حدیث پاک بھی ہے قرآن میں حکم خداوند ہے کہ پانچ وقت نماز پڑھو۔ لیکن قرآن میں ہر نماز کی رکعات کا تعین ہے نہ حرکات و سکنات کی نشان دہی کی گئی ہے' نہ قیام کا ذکر' نہ رکوع کا' نہ سجدہ کا اور' نہ اسبات کا کہ قیام کے وقت کیا پڑھنا چاہیئے' رکوع میں کیا پڑھنا چاہیئے سجود کیا پڑھنا چاہیئے۔ بلکہ جس طرح رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قیام فرمایا' اور رکوع و سجود کیا وہی اسلام کا قانون بن گیا اور ساری دنیا کے لئے واجب التعمیل ہوا۔ اسی طرح روزہ' حج اور زکوٰۃ کے قوانین ہیں جو کچھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور کہا سارے جہان کیلئے قانون بن گیا۔ غرضیکہ شریعت کے تمام قوانین کی بنیاد قرآن حکیم اور حدیث نبوی ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر لفظ' ہر قول' ہر فعل اسلام میں حکم کی حیثیت رکھتا ہے اور اسکی نافرمانی خداوند تعالیٰ کی نافرمانی سمجھی جاتی ہے۔

ایک حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے داروغہ جنت نے جنت کی چابیاں اور داروغہ دوزخ نے دوزخ کی چابیاں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالہ کر دیں۔ اس کا کیا مطلب ہے۔ اس کا مطلب اسکے سوا کیا ہو سکتا ہے کہ خالق کائنات نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جنت اور دوزخ کا مالک بنا دیا' کہ جسے چاہو جنت میں بھیجو اور جسے چاہو دوزخ میں بھیجو۔

ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ ایک صحابی کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مانگ جو مانگتا ہے۔ اس سے بھی ظاہر ہے کہ آپ کو حق تعالیٰ کیطرف سے اسبات کا اختیار حاصل ہے کہ جو شخص جو کچھ طلب کرے آپ دے سکتے ہیں۔

ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ ایک صحابی نے غلطی سے رمضان شریف کا روزہ توڑ دیا۔ جب آنحضرت کے سامنے اسکا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا کہ اس کے کفارہ میں ساٹھ

روزے رکھو کیونکہ یہ قرآن مجید میں حکم خداوندی ہے۔ اس شخص نے عرض کیا کہ حضور جب مجھ سے ایک روزہ بھی ٹوٹ گیا ہے تو ساٹھ دن کس طرح روزہ رکھ سکتا ہوں۔ یہ سنکر آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ بھاگ جاؤ یہ حکم خداوندی ہے بلکہ یہ فرمایا کہ ساٹھ مساکین کو کھانا کھلادو۔ حالانکہ کھانا کھلانے والی قرآنی آیت اسوقت منسوخ ہوچکی تھی اس پر اس نے عرض کیا کہ حضور میں غریب آدمی ہوں مجھے ساٹھ مساکین کو کھانا کھلانے کی قدرت نہیں ہے اس وقت کسی نے آنحضرت کی خدمت کھجوروں کی ٹوکری پیش کی آپ نے اس صحابی سے فرمایا کہ اچھا یہ کھجور لے جاؤ اور اسے غریبوں میں تقسیم کردو۔ تمہارے روزہ کا کفارہ ہو جائیگا حالانکہ قرآن مجید میں حکم خداوندی یہ ہے کہ ایک روزہ کے بدلے ساٹھ روزے رکھے جائیں۔ اس پر اس شخص نے عرض کیا کہ حضور مجھ سے غریب اور میرے بچوں سے زیادہ مستحق کون ہو سکتا ہے۔ یہ سن کر حضورؐ نے تبسم فرمایا اور کہا کہ جاؤ اپنے بال بچوں کو کھلادو۔ روزے کا کفارہ ہو جائیگا اب آپ بتائیں کہ رسول اکرم مامور من اللہ اور مختار من اللہ ہیں یا نہیں جو مجرموں کو اپنی مرضی کے مطابق چھوڑ رہے ہیں۔

(گفتہ او گفتۂ اللہ بود      گرچہ از حلقوم عبداللہ بود)

(اللّٰھمّ صل علی محمدٍ و آلہٖ بقدر حسنہٖ و جمالہٖ)

Marfat.com

# امام المشارق والمغارب، مظہر العجائب والغرائب

## مدینۃ العلوم والمطالب، اسد اللہ الغالب

## حضرت علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ

حضرت علی کرم اللہ وجہہ، کے کمالات کا پتہ اس بات سے چلتا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے حق میں فرمایا۔

حدیث : اَنَا مَدِیْنَتُہُ الْعِلْمِ وَعَلِی بَابُھَا ۔ (میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔)

نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

حدیث : مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ ۔ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ ۔ (جس کا میں آقا ہوں اس کا علیؓ بھی آقا ہے۔)

نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے حق میں فرمایا۔

جِسْمُکَ جِسْمِی، لَحْمُکَ لَحْمِی، دَمُکَ دَمِی ۔ (تیرا جسم میرا جسم ہے تیرا گوشت میرا گوشت ہے، تیرا خون میرا خون ہے۔)

روایت ہے کہ شب معراج حق تعالیٰ کی بارگاہ سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو جو خرقہ خلافت عطا ہوا تو آپ نے صحابہ کرامؓ سے پوچھا کہ اگر یہ خرقہ خلافت تمہیں دوں تو تم کیا کرو گے۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ نے عرض کیا کہ صدق اختیار کرونگا۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ عدل وانصاف کرونگا۔ حضرت عثمانؓ نے عرض کیا کہ میں سخاوت سے کام لونگا۔ جب حضرت علیؓ کی باری آئی تو انھوں نے عرض کیا کہ میں پردہ پوشی کرونگا۔ یہ جواب سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ خرقہ خلافت ان کو عطا فرمایا۔ اور یہ بھی فرمایا کہ مجھے حق تعالیٰ کی طرف سے حکم ہوا کہ جو شخص یہ جواب دے خرقہ ان کے حوالے کرنا۔ حضرت علیؓ کے عرفان کا یہ عالم ہے کہ آپ فرماتے ہیں کہ اگر میں سورہ فاتحہ کی شرح لکھوں تو ستر اونٹ کا بوجھ بن جائے گا۔ ایک دفعہ نماز عشاء کے بعد حضرت عبداللہ بن

Marfat.com

عباس آپ کے پاس گئے اور درخواست کہ سورہ فاتحہ کے باطنی معانی بتائیں۔ آپ نے بیان شروع کیا حتیٰ کہ دوسری صبح کی آذان ہو گئی اور ابھی آپ بسم اللہ کے پہلے حرف با کی تشریح فرما رہے تھے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کے ظاہری' باطنی کمالات کی علامت اس سے زیادہ کیا ہو سکتی ہے کہ دنیا کے چار بڑے روحانی سلاسل میں سے تین سلسلوں کو یعنی چشتیہ' قادریہ' سہروردیہ کو فیضان روحانیت حضرت علیؓ سے حاصل ہوا ہے اور ایک سلسلہ نقشبندیہ کو حضرت ابو بکر صدیقؓ سے حاصل ہوا ہے۔

## خلفاء:

حضرت علیؓ کے ویسے تو بہت خلفاء تھے۔ لیکن ان چار خلفاء کے نام زیادہ مشہور ہیں۔ حضرت امام حسنؓ' حضرت امام حسینؓ' حضرت خواجہ حسن بصریؒ' حضرت خواجہ کمیل ابن زیادؒ تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو کتابؒ مرآۃ الاسرار" مصنفہ حضرت شیخ عبدالرحمٰن چشتی صابریؒ۔

حضرت علیؓ کی تاریخ ولادت ۱۳ رجب ۳۰ھ بعد از واقعہ فیل اور تاریخ وصال ۲۱ رمضان المبارک ۴۰ھ اور مدفن نجف اشرف ہے۔ آپ کی ولادت بیت اللہ شریف میں ہوئی۔

## حضرت خواجہ حسن بصریؒ

حضرت خواجہ حسن بصری کی ولادت حضرت عمرؓ کے زمانہ خلافت میں ہوئی۔ آپ کی والدہ ماجدہ ام المومنین ام سلمیٰؓ کی خادمہ تھیں۔ اس وجہ سے آپ کی پرورش حضرت ام المومنین کی آغوش بابرکت میں ہوئی اور کبھی کبھی حضرت ام سلمیٰؓ آپ کو دودھ بھی پلا دیتی تھیں جس کی برکت سے آپ کی زبان سے حقائق و معارف کے دریا بہہ نکلے۔ نیز بچپن میں آپ کبھی کبھی حضور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مشکیزہ کو منہ لگا کر پانی بھی پی لیتے تھے جہاں آنحضرت خود منہ مبارک لگایا کرتے تھے۔ یہ برکت بھی آپ کے قلب و روح

Marfat.com

میں سرایت کر گئی تھی۔ آپ کا شمار امت کے تابعین میں ہوتا ہے۔ آپ نے تقریباً ایک سو تیس اصحاب رسول کی زیارت کی جن میں سے ستر اصحاب بدر تھے جو سب کے سب اونی لباس پہنتے تھے بوجہ زہدو تقویٰ۔ آپ کو خرقہ خلافت حضرت علیؓ سے ملا اور سلسلہ عالیہ چشتیہ، قادریہ، سہروردیہ کے تمام مشائخ عظام حضرت خواجہ حسن بصریؓ سے مستفیض ہوئے ہیں۔ اس وجہ سے آپ شیخ المشائخ اور امام الاولیاء ہیں۔ آپ اکثر حضرت امام حسن ابن علیؓ سے مسائل دریافت کیا کرتے تھے۔ خاص طور پر آپ نے حضرت امام حسنؓ سے مسئلہ قضاوقدر کی حقیقت دریافت کی اور جواب باصواب پا کر مطمئن ہوئے۔

یہ خط و کتابت کتب تاریخ و سوانح میں محفوظ ہے۔ آپ کا وصال ۵ رجب یا ۴ محرم ۱۱۰ھ کے دن ۸۹ سال کی عمر میں ہوا۔ مدفن بصرہ ہے۔

## خواجہ عبدالواحد بن زیدؒ

رئیسِ افراد، پیشوائے اوتاد، گنج ہدایت، کانِ ولایت فارغ از وسواس و مکرِ شیطان، واصلِ حق حضرت خواجہ عبدالواحد بن زید قدس سرہٗ، حضرت خواجہ حسن بصریؒ کے مرید اور خلیفہ اول تھے حضرت کمیل بن زیادؒ کے ہاتھ سے بھی آپ کو خرقہ خلافت ملا تھا۔ آپ کے کمالات اور کرامات بیشمار ہیں۔ آپ مریدوں کی تربیت میں کامل دسترس رکھتے تھے اور ریاضت و مجاہدہ ترک و تجرید، اور ذوق و عشق میں آپ کا کوئی نظیر نہ تھا۔ امام عبداللہ یافعیؒ نے اپنی تاریخ یافعی میں لکھا ہے کہ آپ نے چالیس سال تک عشاء کے وضو سے فجر کی نماز ادا کی۔ سیر الاولیاء میں لکھا ہے کہ ایک دفعہ درویشوں کی ایک جماعت آپ کی خدمت میں بیٹھی تھی، سب پر بھوک غالب تھی اور کھانے کو کوئی چیز نہ تھی سب نے مجبور ہو کر حضرت خواجہ عبدالواحدؒ سے درخواست کی کہ ہمیں حلوہ چاہیئے حضرت خواجہ نے جب دیکھا کہ دوست لوگ مجبور ہیں آسمان کی طرف منہ کر کے

Marfat.com

حضرت نے حق تعالیٰ سے عرض کی فوراً دیناروں کی بارش ہونے لگی، آپ نے فرمایا اس قدر اٹھاؤ کہ بقدر ضرورت حلوہ خرید سکو، چنانچہ انھوں نے مناسب مقدار اٹھائی اور حلوہ خریدا۔ لیکن حضرت خواجہؒ نے اس میں سے کچھ نہ کھایا۔ امام عبداللہ یافعیؒ نے روضۃ الریاحین میں آپ کے متعلق عجیب وغریب احوال تحریر کئے ہیں۔ ان میں سے چند یہاں درج کئے جاتے ہیں۔ نقل ہے کہ حضرت عبدالواحد بن زیدؒ فرماتے ہیں کہ میرا گھٹنا شل ہو گیا تھا جس سے مجھے سخت درد محسوس ہوتا تھا، ایک رات میں نماز کے لئے کھڑا ہوا، لیکن بیٹھنے کی طاقت مجھ میں نہ تھی چنانچہ میں محراب کے اندر سر رکھ کر سو گیا، ناگاہ میں نے دیکھا کہ دوشیزہ لڑکیوں کی جماعت میں ایک نہایت حسین وجمیل لڑکی نے میری طرف دیکھ کر ان لڑکیوں سے کہا کہ اس مرد کو اس طرح اٹھالو کہ بیدار نہ ہونے پائے، چنانچہ میں دیکھ رہا تھا کہ انھوں نے مجھے اٹھالیا۔ اس لڑکی نے کہا بستر بچھاؤ اور اس کو اس پر سلادو۔ انھوں نے سات ایسے گدے بچھائے کہ دنیا میں، میں نے ان جیسے نہیں دیکھے تھے۔ پھر ہرے رنگ کے خوبصورت تکیے بستر پر لگائے اور مجھے سلا کر قسم قسم عطر اور پھول مجھ پر چھڑکے۔ اس کے بعد وہ لڑکی میرے پاس آئی اور اس نے اپنا ہاتھ میرے درد والی جگہ پر رکھا، ہاتھ رکھتے ہی مجھے آرام ہو گیا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کبھی درد ہوا ہی نہیں۔ یہ بھی روضۃ الریاحین میں مروی ہے کہ عبدالواحد بن زیدؒ فرماتے ہیں۔ ایک دفعہ میرے دل میں شوق جہاد پیدا ہوا اور میں جانے کے لئے تیار ہو گیا کہ میرے دوستوں میں سے ایک شخص نے یہ آیت پڑھی ان اللّٰہ اشترٰی من المؤمنین انفسھم واموالھم الجنۃ [یعنی اللہ تعالیٰ نے خرید لیا ہے مومنین سے ان کی جانوں اور ان کے مال کو بہشت کے عوض] فرماتے ہیں کہ اس آدمی کے پاس ایک پندرہ سالہ لڑکا کھڑا تھا جسے اپنے والد کے میراث میں بہت مال ملا تھا، یہ آیت سنتے ہی اس نے کہا اے عبدالواحدؒ کیا اللہ تعالیٰ کا یہ قول

صحیح ہے ۔ میں نے کہا ہاں صحیح ہے ۔ اس نے کہا آپ گواہ رہیں ، میں نے اپنی جان اور اپنا مال بہشت کے عوض فروخت کیا ۔ اس کے بعد اس لڑکے نے میرے ہاتھ پر بیعت کی اور سوائے ایک گھوڑے اور لڑائی کے ہتھیاروں کے سب کچھ فی سبیل اللہ خرچ کر ڈالا ۔ دوسرے دن وہ ہمارے ساتھ کفار سے جہاد کی غرض سے باہر نکلا ۔ دن کو روزہ رکھتا تھا اور رات نماز میں گزارتا تھا ۔ ایک دفعہ اس نے یہ کہتے ہوئے ایک نعرہ لگایا واشوقاہ الی العینا المرضیہ (مجھے عینا المرضیہ کی تمنا ہے ] اس لڑکے کا یہ حال دیکھ کر میرے دوستوں کو خیال ہوا کہ شاید دیوانہ ہو گیا ہے ۔ میں نے اس سے پوچھا اے دوست یہ عینا مرضیہ کون ہے ۔ اس نے جواب دیا کہ میں عالم محویت میں چلا گیا اور دیکھا کہ ایک شخص نے میرے پاس آکر کہا کہ عینا المرضیہ کے پاس جاؤ ، یہ کہہ کر مجھے ایک ہرے بھرے میدان میں لے گیا ، جس میں ایک پانی کی ندی بہہ رہی تھی اور اس ندی کے کنارے میں نے چند نہایت حسین وجمیل زیورات سے آراستہ پیراستہ مستورات دیکھیں جو اس قدر حسین تھیں کہ پہلے میں نے ان جیسی کبھی نہ دیکھی تھیں ۔ وہ مجھے دیکھ کر نہایت خوش ہوئیں اور کہنے لگیں کہ یہ ہے عینا المرضیہ کا شوہر ، میں نے پوچھا کہ عینا المرضیہ تم میں سے ہے ۔ انھوں نے کہا نہیں ہم اس کی خدمت گار ہیں ۔ آپ آگے تشریف لائیں جب میں آگے بڑھا تو میں نے ایک اور ندی دیکھی جو دودھ سے بھری ہوئی تھی اور اُسکے کنارے چند لڑکیاں کھڑی تھیں ، میں نے ان سے بھی یہی سوال کیا ، انھوں نے بھی کہا کہ آگے تشریف لے جائیں ، ہم ان کی خدمت گار ہیں ، جب میں وہاں سے آگے گیا میں نے تیسری ندی دیکھی جو شراب سے بھری بہہ رہی تھی اور اس کے کنارے پر حسین وجمیل لڑکیاں کھڑی تھیں ، میں نے ان سے دریافت کیا کہ عینا المرضیہ تم میں سے ہے ۔ انھوں نے جواب دیا اے ولی اللہ آگے تشریف لے جائیں ، ہم تو اس کی خدمت گار ہیں ، جب میں آگے بڑھا تو میں نے ایک

Marfat.com

اور ندی دیکھی جو خالص شہد سے بھری تھی اور اس کے کنارے پر بھی اسی طرح حسین لڑکیاں تھیں لیکن حسن و جمال میں پہلی لڑکیوں سے بڑھی ہوئی تھیں انھوں نے بھی کہا کہ عیناالمرضیہ آگے ہے۔ وہاں سے گزر کر میں ایک خیمے کے قریب پہنچا جو سفید مروارید سے بنا تھا۔ اس خیمے کے دروازے پر ایک نہایت خوبصورت لڑکی بیٹھی تھی وہ مجھے دیکھ کر خوش ہوئی اور اس نے آواز دی کہ اے عیناالمرضیہ یہ ہے تمہارا خاوند جو سفر سے واپس آیا ہے پس میں خیمے کے اندر داخل ہوا اور عیناالمرضیہ کو دیکھا کہ ایک ایسے تخت پر جلوہ افروز ہے جو سونے سے بنا ہوا ہے، مروارید اور یاقوت سے جڑا ہوا ہے اسے دیکھتے ہی میں فریفتہ ہوگیا۔ اس نے کہا مرحبا اے ولی الرحمٰن۔ میں اس کے قریب تر ہوا۔ اور ہاتھ اس کی گردن کے گرد ڈالا۔ اس نے کہا ذرا ٹھہریئے ابھی وقت نہیں آیا، ابھی آپ قید حیات میں ہیں۔ آج آپ ہمارے ہاں روزہ افطار کریں گے، اس کے بعد میں بیدار ہوگیا۔ اور اب سخت بے قرار ہوں، حضرت عبدالواحدؒ فرماتے ہیں کہ لڑکے نے یہ بات ختم کی ہی تھی کہ دشمن کی ایک فوج ظاہر ہوئی، سب سے پہلے وہ لڑکا حملہ آور ہوا اور شہید ہوگیا۔ جب میں اس کے پاس پہنچا تو دیکھا کہ وہ اپنے خون میں غلطاں تھا اور قہقہہ لگا کر ہنس رہا تھا۔ اس کے بعد راہی ملک عدم ہوا۔ اللہ تعالیٰ اس پر رحمت کرے —

روضۃ الریاحین میں یہ بھی لکھا ہے کہ ایک دن اہل قریش میں سے کچھ لوگ حضرت عبدالواحد بن زید کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تنگئ روزگار کی شکایت کرنے لگے۔ آپ نے آسمان کی طرف دیکھ کر کہا "الٰہی میں تیرے نام عالی مقام سے سوال کرتا ہوں وہ نام جس کے لیوا کو تو اپنی دوستی سے سرفراز کرتا ہے اب ہمیں اسی وقت اپنی ہاں سے روزی دے" یہ کہتے ہی آسمان سے ایک سخت آواز سنائی دی، اور دیناروں کی بارش ہونے لگی اور لوگوں نے وہ دینار جمع کر لیے۔ آپ کے کمالات اور کرامات اس قدر ہیں کہ قلم بیان کرنے سے قاصر ہے آپ کا وصال ۱۷۱ھ میں بصرہ میں ہوا۔ رحمتہ اللہ علیہ۔

Marfat.com

# حضرت خواجہ ابو علی فضیل بن عیاض قدس سرہٗ

آں مقدمۂ تابعان، آں معظم نائبان، آں آفتاب کرم و احسان، آں دُرِّ دریائے ورع و عرفان آں از دو کون کردہ اعراض ابو علی خواجہ فضیل ابن عیاضؒ مرید و خلیفہ تھے حضرت خواجہ عبد الواحد بن زیدؒ کے۔ نفحات الانس میں لکھا ہے کہ آپ طبقۂ اولی یعنی پہلے طبقہ کے بزرگ ہیں۔ آپ کی کنیت ابو علی ہے۔ آپ کوفہ کے رہنے والے تھے بعض کہتے ہیں کہ آپ کا اصل وطن خراسان تھا اور مرو کے مضافات میں رہتے تھے۔ آپ کی پیدائش سمرقند میں ہوئی اور وہیں آپ کی تربیت ہوئی۔ شیخ فریدالدین عطارؒ کہتے ہیں آپ اکابر اولیاء میں سے تھے آپ طریقت میں ماہر فن اور بحر حقیقت میں غرق تھے۔ آپ خلقت کے مرجع تھے اور ریاضت اور کرامات میں عالی مقام رکھتے تھے۔ ورع (نیکی) اور معرفت میں آپ کا درجہ بہت بلند تھا۔ ابتدائے حال میں آپ پلاس پہنتے تھے پشم کا کلاہ سر پر اور تسبیح گلے میں رکھتے تھے۔ آپ کے بہت دوست تھے جو سب چور اور رہزن تھے جہاں کہیں وہ قافلہ لوٹتے سب مال و متاع آپ کے سامنے لاکر رکھتے۔ اور آپ تقسیم کرتے تھے۔ اس وجہ سے آپ اُن کے سردار تھے۔ اور مال میں سے جس قدر چاہتے تھے اپنے لیے رکھ لیتے تھے۔ اس سے آپ مسجد بنواتے اور جو کوئی نماز باجماعت نہ پڑھتا تھا اُسے نکال دیتے تھے۔ ابتدا میں آپ ایک عورت پر عاشق تھے۔ اور رہزنی میں جو کچھ ہاتھ لگتا تھا آپ اُس کے پاس بھیج دیتے۔ کبھی آپ کے پاس جاکر محبت کی وجہ سے روتے تھے۔ اور اسی محبت کی وجہ سے جس قافلے میں کوئی عورت ہوتی اُسے نہ

Marfat.com

لوٹتے ۔ اور ہر شخص کے لیے بقدر ضرورت مال چھوڑ دیتے ۔ ایک دن آپ اپنے دوستوں کے ساتھ ایک قافلہ لوٹنے نکلے ۔ قافلے میں ایک آدمی یہ آیت پڑھ رہا تھا ۔ الم یان للذین آمنوا ان تخشع قلوبھم لذکر اللہ (یعنی کیا ابھی وقت نہیں آیا مومنوں کے لیے کہ اُن قلوب اللہ تعالےٰ کے ذکر سے بیدار ہوں) یہ آیت تیر کی حضرت فضیل بن عیاضؒ کے دل میں جا لگی ۔ آپ پر رقت طاری ہو گئی اور اس کام سے توبہ کی ۔ اس کے بعد آپ نے تمام حق داروں کو راضی کر لیا ۔ لیکن ایک یہودی تھا جو کسی طرح راضی نہ ہوتا تھا ۔ کافی گفت و شنید کے بعد اس نے کہا کہ میں نے قسم کھائی ہوئی ہے جب تک تو میرا مال نہیں دے گا تجھے معاف نہیں کروں گا ۔ اب میرے سرہانے کے نیچے کچھ سونا پڑا ہے اُسے اٹھا لاؤ ۔ آپ نے اپنا ہاتھ اس کے سرہانے کے نیچے ڈالا اور سونا نکال کر اُسے دے دیا ۔ یہ دیکھ کر یہودی مسلمان ہو گیا ۔ جب آپ نے سبب دریافت کیا تو اس نے کہا کہ میں نے تورات میں پڑھا تھا کہ جو کوئی صدق دل سے توبہ کرتا ہے اس کے ہاتھ لگانے سے خاک بھی سونا بن جاتی ہے ۔ میں نے تیرا امتحان لینے کی خاطر سرہانے کے نیچے مٹی رکھ دی تھی جو تمہارے ہاتھ میں سونا بن گئی ہے ۔ اب مجھے معلوم ہوا ہے کہ تمہاری توبہ سچی ہے ۔ اس کے بعد آپ کوفہ تشریف لے گئے اور امام ابو حنیفہؒ کی صحبت میں رہے ۔ وہاں آپ نے بیشمار اولیاء اللہ کی صحبت پائی ۔ وہاں سے آپ مکہ معظمہ چلے گئے ۔ وہاں آپ نے گوشہ نشینی اختیار کر لی اور حق تعالےٰ کے ساتھ مشغول ہو گئے ۔ حضرت سفیان ثوریؒ فرماتے ہیں کہ ایک رات میں حضرت فضیل بن عیاضؒ کے پاس گیا ۔ آپ آیات و احادیث پر گفتگو فرما رہے تھے ۔ بہت مبارک رات تھی اور بہترین صحبت ۔ اس سے بہتر صحبت مجھے کبھی نہ ملی تھی ۔ لیکن حضرت فضیلؒ نے فرمایا کہ بہت خراب صحبت رہی ۔ میں نے پوچھا کس طرح ، فرمایا اس لیے کہ تم اس کوشش میں تھے کہ ایسی بات کرو ۔ جو مجھے اچھی لگے اور میں یہ کوشش کر رہا تھا کہ ایسا جواب دوں جس سے تم خوش ہو جاؤ ۔ اس وجہ سے ہم دونوں حق گوئی سے باز رہے ۔ اس سے تنہائی اور حق تعالےٰ کے مناجات بہتر تھے ۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ میرا دل چاہتا ہے کہ بیمار ہو جاؤں کیونکہ بیماری کی حالت میں نہ نماز باجماعت کے لیے جانا پڑے

Marfat.com

کسی کو دیکھوں۔ آپ فرماتے ہیں کہ مَیں اس شخص کا شکر گزار رہتا ہوں جو میرے پاس سے گزرے اور سلام نہ کرے (اس وجہ سے غلبہ حال میں سلام کا جواب بھی مشکل ہو جاتا ہے) اور جب مَیں بیمار ہوں تو عیادت کے لیے کوئی نہ آئے۔

آپ فرماتے ہیں کہ جب رات ہوتی ہے تو میں خوش ہوتا ہوں۔ کیونکہ مجھے حقیقی خلوت نصیب ہوتی ہے اور جب صبح ہوتی ہے تو لوگوں کی آمد و رفت سے غمناک ہوتا ہوں اور مجھے تشویش ہوتی ہے۔ ؎

ازاں تنہائی و ملکِ غریبی ‎ ‎ ‎ ‎ شد ہوس ما را ‎ ‎ ‎ ‎ کہ روزی چند نشناسم من کس و کس را

ترجمہ: ہمیں تنہائی اور مفلسی اس لیے پسند ہے کہ نہ مجھے کسی کی جان کی ضرورت رہتی ہے نہ پہچان کی۔

نقل ہے کہ ایک رات خلیفہ ہارون الرشید آپ کی زیارت کے لیے گیا۔ آپ کلام پاک کی تلاوت میں مشغول تھے۔ بادشاہ نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ آپ نے پوچھا کون ہے۔ بادشاہ کے وزیر فضل برمکی نے جواب دیا کہ امیر المومنین ہے۔ آپ نے فرمایا امیر المومنین کا میرے ساتھ کیا کام۔ اور مجھے اس کے ساتھ کیا کام۔ وزیر نے کہا اولو الامر (بادشاہِ وقت) کی اطاعت واجب ہے۔ آپ نے فرمایا مجھے تشویش ہوتی ہے۔ پس آپ نے چراغ بجھا دیا اور دروازہ کھول دیا۔ ہارون الرشید گھر کے اندر داخل ہو گیا اس نے اپنا ہاتھ آگے بڑھایا۔ اچانک وہ ہاتھ حضرت خواجہ فضیلؒ کے ہاتھ سے جا لگا۔ آپ نے فرمایا کیا نرم ہاتھ ہے اگر دوزخ کی آگ سے بچ جائے تو۔ یہ سن کر ہارون الرشید پر گریہ طاری ہو گیا۔ اور عرض کیا کہ کچھ نصیحت فرمائیں آپ نے فرمایا تمہارے باپ حضرت عباسؓ نے جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا تھے، درخواست کی تھی کہ مجھے کسی ملک کا والی بنایا جائے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے چچا جان! اس سے طاعتِ حق بہتر ہے۔ ہارون الرشید نے کہا کچھ اور فرمائیں۔ آپ نے فرمایا جب حضرت عمر بن عبد العزیز مسندِ خلافت پر بیٹھے تو انہوں نے حضرت سالم بن عبد اللہؒ اور محمد بن کعبؒ کو بلا کر فرمایا کہ مَیں اس کام میں مبتلا ہو گیا ہوں۔ اب بتائیے مجھے کیا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بڑوں کو باپ کی طرح سمجھو۔ جوانوں کو بھائی سمجھو۔ چھوٹوں کو اپنے بیٹوں کی طرح جانو۔ عورتوں کو بہن سمجھو۔ الغرض جب کافی نصیحت کے بعد ہارون الرشید

Marfat.com

فارغ ہوا تو اس نے ایک ہزار دینار پیش کیے۔ آپ نے فرمایا میری نصیحت سے تجھے کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ تم نے یہیں سے ظلم کا آغاز کر دیا ہے۔ میں تیری نجات کی کوشش کر رہا ہوں اور تو مجھے بلا میں مبتلا کر رہا ہے۔ یہ کہہ کر آپ کھڑے ہو گئے۔ ہارون الرشید بھی رخصت ہوا اور اپنے وزیر سے کہنے لگا کہ مرد حقیقت میں خواجہ فضیل بن عیاض رح ہے۔ یہ بھی حضرت خواجہ فضیل رح نے فرمایا ہے کہ میں حق تعالیٰ کی عبادت محبت کی وجہ سے کرتا ہوں نہ کہ خوف کی وجہ سے آپ سے کسی نے پوچھا کہ اصل دین کیا ہے آپ نے فرمایا عقل' انہوں نے پوچھا کہ عقل کی اصل کیا ہے فرمایا حلم' انہوں نے پوچھا حلم کی اصل کیا ہے فرمایا صبر۔ نفحات الانس میں لکھا ہے کہ حضرت خواجہ فضیل رح کا ایک لڑکا تھا جو زہد و عبادت اور خوف خدا میں آپ سے بہتر تھا۔ ایک دن مسجد الحرام میں چاہ زمزم کے قریب کسی نے یہ آیت پڑھی۔ یوم القیمة تری المجرمین (قیامت کے دن مجرم لوگ دیکھیں گے کہ ...) یہ سنتے ہی انہوں نے ایک آہ نکالی اور جاں بحق ہو گئے۔ حضرت خواجہ نے فرمایا جو عشق الٰہی میں جان دے اُسے اسی طرح جان دینی چاہیے کہ ایک اشارہ میں جان حق کے سپرد کر دی۔ نقل ہے کہ حضرت خواجہ رح کو تیس سال تک کسی نے ہنستے ہوئے نہ دیکھا سوائے اُس دن کے کہ جب آپ کے لڑکے نے انتقال کیا۔ اُس دن آپ نے تبسّم فرمایا۔ لوگوں نے پوچھا کہ اے خواجہ یہ ہنسنے کا کیا مقام ہے فرمایا اس کی موت پر خدا تعالےٰ راضی تھا میں بھی اس کی رضا کی موافقت میں خوش ہوا۔ آپ کے کرامات و کمالات حد تحریر سے باہر ہیں۔ آپ کے وصال کے وقت آپ کی دو لڑکیاں تھیں۔ آپ نے اپنے عیال سے فرمایا کہ جب مجھے دفن کر دو تو ان لڑکیوں کو کوہِ بوقبیس پر لے جانا اور کہنا کہ الٰہی فضیل رح نے ہمیں وصیت کی ہے کہ ان کو میں نے آپ کے سپرد کیا۔ آپ کے وصال کے بعد اسی طرح کیا گیا۔ اس کے فوراً بعد یمن کا امیر اپنے دو لڑکوں کے ساتھ وہاں سے گزرا اِن کو دیکھ کر اس نے حال دریافت کیا۔ جب لوگوں نے حال بتایا تو اس نے اُسی وقت ان دو لڑکیوں کا عقد نکاح اپنے دو لڑکوں کے ساتھ کر دیا اور انہیں اپنے ساتھ یمن لے گیا۔ آپ کی وفات ماہ محرم ۱۸۷ھ میں مکہ معظمہ میں اس طرح واقع ہوئی کہ کسی نے سورۃ القاریہ پڑھی آپ نے ایک نعرہ لگایا اور جاں بحق ہو گئے۔ رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

# حضرت خواجہ ابراہیم بن ادھمؒ

سلطان التارکین، مقربِ حضرت رب العالمین، تارکِ مملکت دنیا، صاحبِ سلطنت عقبیٰ، ظل اللہ فی العالم القِدم، افرادِ کامل، خواجہ ابراہیم ادھمؒ قدس سرہ، طبقہ اولیٰ میں سے تھے۔ آپ کی کنیت ابواسحاق ہے۔ آپ نسباً ادھم بن سلیمان بن منصور بلخی شاہان بلخ کی اولاد سے تھے۔ خرقۂ خلافت آپ کو حضرت فضیل بن عیاضؒ سے ملا۔ آپ نے عہد شباب میں توبہ کی۔ شیخ فرید الدین عطارؒ نے آپ کی توبہ کے تین چار سبب تذکرۃ الاولیاء میں لکھے ہیں۔ نفحات الانس میں لکھا ہے کہ شکار کے وقت ہاتف نے آواز دی کہ تم اس کام کے لیے نہیں پیدا کیے گئے۔ چنانچہ آپ نے آگاہی پاکر توبہ کی۔ میر سید اشرف جہانگیر سمنانیؒ قدس سرہ لطائف اشرفی میں فرماتے ہیں کہ خضر علیہ السلام نے آپ کی راہبری کی۔ اور اس راستے میں مربی ہوئے اور تربیت کی۔ آپ مقتدائے قوم اور صدیقِ جہاں تھے۔ اور ترک و تجرید، زہد و ورع، معاملات و حقائق اور کمالاتِ ظاہری و باطنی میں بے نظیر تھے۔ آپ نے بڑے بڑے مشائخ کی صحبت پائی ہے۔ امام محمد باقرؒ سے بھی آپ نے خرقۂ خلافت حاصل کیا۔ اور امام ابوحنیفہؒ کی صحبت میں بھی رہے ہیں۔ امام اعظمؒ آپ کے "سیدنا ابراہیم ادھم" کہہ کر پکارا کرتے تھے۔ امام صاحب کے شاگردوں نے پوچھا کہ انہوں نے سیادت (سرداری) کہاں سے پائی۔ امام صاحب نے جواب دیا کہ وہ ہر وقت حق تعالےٰ کے حضور میں مشغول ہیں اور ہم دوسرے کاموں میں۔ خواجہ جنید بغدادی جو اولیاء اللہ کے سردار ہیں فرماتے ہیں کہ فصاتیح العلوم (علوم کی چابی) ابراہیم ادھمؒ ہیں۔ لیکن ان تمام کمالات کے باوجود آپ اپنے حال پر رویا کرتے تھے۔ بلخ سے آپ مرو تشریف لے گئے اور وہاں سے نیشاپور پہنچے۔ اور وہاں کی مشہور غار میں نو سال تک مقیم رہ کر عبادت و ریاضت میں مشغول رہے۔ کسی کو معلوم نہ تھا کہ اس غار کے اندر کیا ہو رہا ہے۔ ہر جمعرات کے دن آپ اس غار سے باہر نکل کر لکڑیوں کا گٹھا جمع کرتے اور شہر جاکر فروخت کرتے تھے۔ اور جو کچھ وصول ہوتا اس سے روٹی خریدتے۔ آدھی خیرات کرتے اور جمعہ کی نماز ادا کر کے پھر غار میں چلے جاتے تھے اور پورا ہفتہ اسی طرح وہاں بسر کرتے۔ آپ سے بعض کرامات بلا قصد صادر ہونے لگے جس سے لوگوں پر آپ کی بزرگی ظاہر ہوئی۔ یہ دیکھ کر آپ اس غار سے بھاگ کر مکہ معظمہ کی طرف روانہ ہوئے۔ آپ

Marfat.com

بیابان میں جا رہے تھے کہ ایک بزرگ نے آکر آپ کو اسمِ اعظم تعلیم کیا۔ جیسا کہ قبل ازیں بیان ہو چکا ہے۔ آپ ہر قدم پر دوگانہ نفل ادا کرتے ہوئے جا رہے تھے۔ حتیٰ کہ چودہ سال کی مدت میں آپ مکہ معظمہ پہنچے۔ مکہ کے تمام اولیاء کرام آپ کے استقبال کے لیے باہر آئے اور سب نے آپ کی بہت تعظیم کی۔ وہاں آپ نے خواجہ فضیل عیاضؒ کی خدمت میں جا کر تربیت حاصل کی۔ اور پچاس سال حرم شریف میں مجاور رہے۔ شرح آداب المریدین میں لکھا ہے کہ آپ مدت تک بصرہ کی جامع مسجد میں معتکف رہے اور تین رات دن کے بعد ایک دفعہ افطار کرتے تھے۔ جس رات آپ روزہ چھوڑتے۔ لوگوں کے دروازوں پر بھیک مانگ کر افطار کرتے۔ لیکن جب آپ کی شہرت بڑھ گئی اور کرامات ظاہر ہونے لگیں تو خلقت آپ پر ٹوٹ پڑی۔ اس لیے آپ خلق سے بھاگ کر سفر میں رہتے تھے۔ خواجہ عطا سلمیؒ جو خواجہ عبداللہ بن مبارک کے استاد ہیں فرماتے ہیں کہ خواجہ ابراہیم نے فرمایا کہ ایک رات میں نے کعبہ کو خالی پا کر طواف شروع کیا اور حق تعالےٰ سے دعا کی کہ مجھے گناہوں سے محفوظ رکھیں۔ آواز آئی کہ ساری خلقت ہم سے یہی طلب کرتی ہے اگر ہم سب کو گناہوں سے محفوظ رکھیں تو دریائے رحمت و غفاری و عفو کہاں جائے۔ پھر میں نے عرض کیا یا اللہ میرے گناہوں کو بخش دے۔ آواز آئی کہ تمام خلقت کے لیے مجھ سے مانگ اپنے لیے کچھ نہ مانگ کیونکہ دعا وہ اچھی ہے جو دوسروں کے لیے مانگی جائے۔ شیخ فریدالدین عطارؒ فرماتے ہیں کہ خواجہ ابراہیم ادھمؒ بلخ چھوڑ کر مکہ پہنچے تو ان کا ایک چھوٹا لڑکا تھا۔ لڑکے نے جوان ہو کر دریافت کیا کہ میرا باپ کہاں ہے اس کی والدہ نے سارا ماجرا سنایا اور بتایا کہ اب وہ مکہ میں مقیم ہیں۔ پس باپ کی زیارت کے لیے وہ مکہ پہنچا۔ آپ نے جب اسے دیکھا تو شفقتِ پدری نے غلبہ کیا۔ آپ نے اُسے پاس بٹھا کر پوچھا کہ تم کس دین پر ہو اس نے جواب دیا دین محمدیؐ پر ہوں۔ آپ نے کہا الحمدللہ۔ آپ بیٹے سے اس قدر مہربانی کے ساتھ پیش آئے کہ آواز آئی کہ ہماری دوستی کا دعوےٰ کرتے ہو اور دل بیٹے کے ساتھ لگاتے ہو۔ آپ نے عرض کیا کہ الٰہی جو کچھ میرے اور آپ کے درمیان حجاب ہوا ہے اُسے اٹھا لے۔ یہ کہنا تھا کہ آپ کا بیٹا فوت ہو گیا۔ اور آپ کی کوئی اولاد باقی نہ رہی اور نہ آپ نے شادی کی۔ لیکن شقیق بلخیؒ کے والد ابراہیم بلخی اور بزرگ

Marfat.com

ہیں جو حضرت خواجہ ابراہیم ادھمؒ کے ہم عصر تھے۔ ان کا مزار بھی بلخ میں ہے۔ ان کی اولاد اپنے آپ کو خواجہ ابراہیم ادھمؒ سے منسوب کرتی ہے لیکن اکثر معتبر کتابوں میں یہی لکھا ہے کہ آپ کی کوئی اولاد باقی نہ رہی تھی۔ نقل ہے کہ خواجہ ابراہیم ادھمؒ نے فرمایا کہ پندرہ سال تک میں نے سخت مشقت اور محنت جھیلنے کے بعد یہ آواز سنی کہ کُن عبداً فاسترحت (میرا بندہ بن اور راحت پا) **بحکم فاستقم کما اُمِرتُ** (جیسا کہ حق تعالےٰ نے کلام پاک میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا ہے کہ ہمارے حکم کے استقامت کے ساتھ پابند ہو جاؤ۔)

آخر عمر میں آپ کا تصرف بہت بڑھ گیا تھا۔ آپ کثرت سے طعام تیار کرا کر غربا و مساکین میں تقسیم فرمایا کرتے تھے۔ شیخ علاؤ الدولہ سمنانیؒ چہل مجلس میں فرماتے ہیں کہ سفیان ثوریؒ خواجہ ابراہیم ادھمؒ کے پاس گئے۔ آپ نے مصلّے کے نیچے ہاتھ ڈال کر مٹھی بھر درہم نکالے۔ اور نوکر سے فرمایا کہ تین من (ایک من ۱/۲ ۳ سیر کے برابر تھا) روٹی اور شہد لاؤ۔ خواجہ سفیان ثوریؒ نے کہا ہم صرف دو آدمی تو ہیں اس قدر اسراف کیوں کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کھانے کی چیزوں میں اسراف نہیں ہوتا اگر زیادہ ہوگا تو اور لوگ کھا لیں گے۔ چہل مجالس میں یہ بھی خواجہ بایزیدؒ سے روایت منقول ہے کہ آپ کے پاس کافی سامان تھا اور بے شمار بھیڑ بکریاں تھیں اور آپ بہت خرچ کیا کرتے تھے۔ ایک دن آپ دریا کے کنارے بیٹھے کپڑا سی رہے تھے۔ ایک شخص نے آکر سوال کیا کہ بلخ کی سلطنت چھوڑ کر آپ کو کیا حاصل ہوا ہے۔ آپ نے اپنی سوئی دریا میں ڈال دی اور حکم کیا کہ سوئی لاؤ۔ یہ کہتے ہی ہزاروں مچھلیاں اپنے منہ میں سونے کی سوئیاں لے کر باہر نکل آئیں۔ آپ نے فرمایا مجھے اپنی لوہے کی سوئی درکار ہے۔ ایک کمزور مچھلی ان کی سوئی لے کر باہر آئی۔ آپ نے اس شخص سے فرمایا یہ ہے کمترین مرتبہ جو میں نے سلطنت چھوڑ کر پایا ہے۔ اس سے زیادہ دیکھنے کی تو طاقت نہیں رکھتا۔ آپ کے کمالات و کرامات اس قدر ہیں کہ تحریر میں نہیں آتے۔ شیخ فریدالدین عطارؒ فرماتے ہیں کہ جب آپ کی وفات کا وقت قریب آیا تو آپ گم ہو گئے۔

Marfat.com

معلوم نہیں کہ آپ کی قبر کہاں ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ آپ کا مزار مبارک بغداد میں امام احمد حنبل رح کے مزار کے متصل ہے۔ بعض کا خیال ہے کہ ملک شام میں حضرت لوط علیہ السلام کے مزار کے پاس ہے۔ نفحات الانس میں لکھا ہے کہ آپ کی وفات ملک شام میں ۱۶۱ھ میں اور دوسری روایت کے مطابق ۱۶۶ھ میں ہوئی۔ ایک قول کے مطابق آپ کی وفات یکم ماہ شوال ۱۸۷ھ کو ابو عبداللہ خلیفہ سوئم کے عہد حکومت میں ہوئی۔ رحمۃ اللہ علیہ

## حضرت خواجہ حذیفہ مرعشی رح

وافر الفضل والاحسان، اکرم الرجال اہل ایمان، ملک الاولیا، امام الفقرا مست جام بے غشی خواجہ حذیفہ مرعشی قدس سرہٗ اکابر مشائخ وقت اور پیشوائے اولیا صاحب اسرار تھے۔ زہد و عبادت اور ترک و تجرید میں آپ یگانۂ روزگار تھے۔ حقائق و معارف میں آپ نے بلند کلمات فرمائے ہیں۔ آپ نے خرقۂ خلافت حضرت خواجہ ابراہیم ادہم رح سے حاصل کیا۔ اور جو نعمت کہ حضرت ابراہیم ادہم رح نے خضر علیہ السلام، امام محمد باقر رض اور حضرت فضیل بن عیاض رح سے حاصل کی سب خواجہ حذیفہ رح کے حوالہ کر دی اور اپنا جانشین بنایا۔ آپ سفر و حضر میں حضرت خواجہ ابراہیم ادہم رح کی خدمت میں رہتے تھے۔ آپ نے اپنے وقت کے تمام مشائخ سے فیض صحبت حاصل کیا ہے۔ آپ کے کرامات اور کمالات بے شمار ہیں۔ امام یافعی رح نے روضۃ الاحباب اور روضۃ الریاحین میں آپ کے احوال اور کرامات بیں اکثر حکایات نقل کی ہیں اُن میں سے ایک یہ ہے کہ چند احباب نے آپ سے دریافت کیا کہ آپ اتنی مدت خواجہ ابراہیم ادہم رح کی خدمت میں رہے ہیں آپ نے اُن میں سب سے زیادہ عجیب بات کیا دیکھی۔ آپ نے فرمایا کہ سفر مکہ کے دوران چند روز ہم فاقہ میں رہے۔ جب ہم شہر کوفہ میں پہنچے تو ایک ویران مسجد میں قیام کیا۔ خواجہ ابراہیم ادہم رح نے میری طرف دیکھ کر فرمایا اے حذیفہ تو بھوکا معلوم ہوتا ہے۔ مَیں نے عرض کیا حضرت خواجہ سے کیا مخفی ہے۔ آپ نے کاغذ اور قلم دوات طلب فرمائی اور یہ لکھا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، انت مقصود بکل حال یعنی ہر حال میں تو مقصود ہے۔ اس کے ساتھ آپ نے چند کلمات اور بھی لکھے اور کاغذ میرے

ہاتھ میں دے کر فرمایا کہ باہر جاؤ اور پہلا شخص جو تمہیں ملے یہ کاغذ اسے دے دینا۔ چنانچہ میں شہر سے باہر گیا۔ مجھے ایک سانڈھنی سوار ملا۔ میں نے کاغذ اسے دے دیا۔ خط کا مضمون پڑھ کر اس نے کہا خط لکھنے والا کہاں ہے۔ میں نے کہا فلاں مسجد میں ہے۔ اس نے اپنی همیانی دی جس میں چھ سو دینار تھے۔ اور چلا گیا۔

آپ کو مریدین کی تربیت میں کمال حاصل تھا۔ چنانچہ بڑے بڑے شاہباز آپ کے سلسلہ میں پیدا ہوئے ہیں۔ آپ کے مریدین کا طریق تجرد ظاہری و باطنی تھا۔ سفر اور حضر میں ذکر جلی (جہری) کرتے تھے اور کسی سے کوئی طمع نہیں رکھتے تھے۔ جو کچھ بے طلب حق تعالےٰ کی طرف سے مل جاتا کھا لیتے تھے۔ اور لوگوں میں تقسیم بھی کر دیتے تھے۔ اور اہل دنیا سے میل جول نہیں رکھتے تھے۔ آپ کی یہی کرامت کیا کم ہے کہ ہمارے تمام خواجگان چشت آپ کے حلقہ بگوش ہیں۔ آپ کی وفات ماہ شوال کی چودہ تاریخ کو ہوئی لیکن سال وصال معلوم نہیں ہو سکا۔ رحمۃ اللہ علیہ

## حضرت خواجہ ہبیرہ بصری رح

امام اہل طریقت، سیر حلقۂ واصلان حقیقت، تاج العارفین، مقتدائے دین، مخصوص بہ رہبری، قطب وقت خواجہ ہبیرہ بصری قدس سرہٗ کو خرقہ خواجہ حذیفہ مرعشیؒ سے ملا۔ آپ علمائے اور اولیاء وقت کے پیشوا تھے۔ آپ معرفت حق میں اور علمائے مشائخ میں مشہور و معروف تھے۔ اور صاحب درجات رفیع اور مقامات عالی تھے۔ آپ کے ریاضات و کرامات بیشمار ہیں۔ مریدین کی تربیت میں آپ مہارت تامہ رکھتے تھے۔ آپ صاحب مذہب کہلاتے ہیں۔ اور آپ کے مریدین کو ہبیریان کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ آپ کا اور آپ کے مریدین کا طریق یہ تھا کہ رات دن وضو سے رہتے تھے۔ نماز حضور دل سے ادا کرتے تھے۔ غیر کا ذکر آپ کی مجلس میں ہرگز نہیں آتا تھا۔ کیونکہ ان کے لیئے غیر کا وجود ختم ہو چکا تھا۔ صفائی دل کے لیئے بیحد کوشش کرتے تھے۔ چنانچہ تین چار دن کے بعد جنگل سے میوہ یا سبزی حاصل کر کے افطار

Marfat.com

کرتے تھے اور ہمیشہ مراقبہ اور محاسبہ میں رہتے تھے۔ قلب کی آنکھوں سے انوار کا مشاہدہ کرتے تھے اور تجرّد کی حالت میں صحرا میں رہتے تھے۔ شہر اور بستیوں میں سکونت نہیں کرتے تھے۔ خلق کے ساتھ ملنا جلنا ترک کر دیا تھا۔ چونکہ باطنی طور پر تمام مقاصد کو خیر باد کہہ چکے تھے ان کی آرزو یہ تھی کہ ظاہر کو بھی باطن کا ہمرنگ بنا کر توحید میں فنا حاصل کریں۔ کسی بزرگ نے کیا خوب کہا ہے بیت ؎

ظاہر و باطن چو شد تسلیم دوست

ماکنوں حقا مسلمان میر دیم

[جب ہمارا ظاہر و باطن دوست کے حوالہ ہو گیا۔ اب ہم حقیقی مسلمان ہو گئے]

آپ کے کمالات و کرامات بیشمار ہیں۔ جب آپ کے مریدین کے کمالات اس قدر ہیں کہ دائرہ تحریر سے باہر ہیں تو آپ کے کمالات کی کیا حد ہو سکتی ہے۔ اس طائفہ کے ہاں کشف و کرامات کوئی قدر و قیمت نہیں رکھتے۔ وجہ یہ ہے کہ ہمارے خواجگانِ چشت رحمہم اللہ تعالیٰ کی تصانیف میں پندرہ مقامات سلوک قرار دیئے گئے ہیں۔ جن میں سے پانچواں مقام کشف و کرامات کا ہے۔ پس جب تک مقام کشف و کرامات سے نہیں گزرتا باقی دس مقامات طے نہیں کر سکتا۔ اور بلند ہمت سالک وہ ہے جو کسی مقام پر قیام نہ کرے۔ اس کے بعد فنائے مطلق حاصل ہوتی ہے۔ اور فنائے مطلق کمال شوق کے بغیر میسر نہیں ہوتا۔ بزرگان نے لکھا ہے کہ بندہ اور حق کے درمیان ستر ظلمانی اور ستر نورانی حجاب حائل ہیں اور یہ تمام پردے بے حد ریاضت و مجاہدہ اور ترک ماسوائے اللہ سے قطع ہوتے ہیں اور شوق کے بغیر ہرگز قطع نہیں ہوتے۔ اسی وجہ سے عارفین نے لکھا ہے کہ یہ راستہ کسی طرح سے قطع نہیں ہوتا بجز شوق و عشق کامل کے، جانکہ کس است حرفے بس است (دانا کے لیئے نکتہ کافی ہے) خواجہ ہبیرہ علیہ رحمۃ کی وفات سات ماہ شوال کو ہوئی لیکن سن وصال معلوم نہیں ہو سکا۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

Marfat.com

## حضرت خواجہ ممشاد دینوری رحؒ

مقتدائے طریقت، عارف حقیقت محقق بر رہبری، شیخ وقت خواجہ ممشاد دینوری قدس سرہٗ طبقہ ثانی سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ کا وطن دینور ہے دینور ایک شہر ہے جو کرمانشاہ کے مغربی کوہستان میں واقع ہے آپ کی تربیت بغداد میں ہوئی۔ آپ مشائخ عراق میں سے تھے۔ آپ جوانمردی میں یگانہ روزگار تھے۔ علم و عمل اور کرامات اور ظاہر و باطن میں آپ صاحب کمال تھے۔ آپ نے اکثر مشائخ کی صحبت پائی ہے۔ آپ خواجہ جنید بغدادیؒ کے اصحاب میں سے تھے آپ محمد رویم رحؒ اور خواجہ ابوالحسن نوریؒ وغیرہم کے ہمعصر تھے۔

## دل آئینہ حق نما ہے

آپ فرماتے ہیں کہ باطن میں حق تعالیٰ نے عارف کو ایک آئینہ دیا ہے۔ کہ جب اس میں نگاہ ڈالتا ہے اللہ کو دیکھتا ہے۔

(شیخ الاسلام فرماتے۔ کہ حق تعالیٰ کی مومن کے دل میں جگہ ہے کہ صوفیا کے نزدیک اسے سِرّ (لطیفہ سِرّ جو لطیفہ، قلب و لطیفہ، روح کے درمیان وسطِ سینہ میں ہے) کہتے ہیں وہاں حق تعالیٰ کے سوا اور کوئی چیز نہیں پہنچ سکتی جب تک آدمی تفرقہ میں رہتا ہے یعنی دوئی کے مقام پر ہوتا ہے پریشان رہتا ہے جب اس سے نکل جاتا ہے آرام پاتا ہے۔ خواجہ ممشادؒ فرماتے ہیں کہ چالیس سال سے مجھے بہشت اور جو کچھ اس میں ہے دکھاتے ہیں لیکن میں گوشۂ چشم سے بھی اس کی طرف نگاہ نہیں کرتا۔ شیخ الاسلام فرماتے ہیں کہ مقامِ حضوری کے بعد حق تعالیٰ کے غیر کو دیکھنا حق تعالیٰ کے ساتھ شرک ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ اپنے پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق فرماتے ہیں۔ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی (آپ کی نظر نے نہ دوسری طرف دیکھا نہ حد سے تجاوز کیا) یعنی اسکی قوت مدرکہ نے دوسری طرف

Marfat.com

رجوع نہ کیا اور حد سے نہ گزری یعنی غیر کی طرف نگاہ نہ کی ۔ یہ بھی آپ کا مقولہ ہے کہ معرفت حق تعالیٰ کے ساتھ محقق ہوتا ہے ۔ آپ فرماتے ہیں کہ میں نے کبھی کسی بزرگ کی خدمت میں کوئی سوال نہیں کیا بلکہ صاف دل ہو کر ان کی خدمت میں بیٹھتا ہوں ۔ اور جو کچھ وہ فرماتے ہیں اسی کو کافی سمجھتا ہوں ۔ نیز فرمایا (طَرِیْقُ الْحَقِّ بَعِیْدٌ وَالسَّیْرُ مَعَ الْحَقِّ شَدِیْدٌ) (حق تعالیٰ کا راستہ دور ہے لیکن اس کا راز سخت ہے ۔) شیخ الاسلام فرماتے ہیں اگرچہ طریق حق دور ہے لیکن وہ خود دستگیری فرماتے ہیں ۔ اسی طرح اگرچہ وصول الی اللہ یعنی حق تعالیٰ کے قرب میں رہنا شدید ہے لیکن حق تعالیٰ خود مونس و مددگار ہوتے ہیں اور کام آسان ہو جاتا ہے ) نیز آپ فرماتے ہیں کہ جو شخص حق تعالیٰ کے کسی دوست کی دوستی کا انکار کرے کمینہ ہے اس کی سزا یہ ہے کہ جو کچھ اسے ملا ہے (یعنی جو دولت ایمان اسے حاصل ہے) اس سے چھین لینی چاہیے یا پھر توبہ کرلے ۔ نیز فرمایا کہ مرید وہ ہے جو مشائخ اور برادرانِ طریقت کی عزت کرے اسباب ترک کر کے توکل اور تجرد اختیار کرے اور آداب شریعت بجا لائے ۔ نفحات الانس میں لکھا ہے کہ شیخ ابو عبداللہ طاقی رحؒ نے فرمایا ہے کہ میں نے خواجہ محمد خفیفؒ سے سنا ہے کہ خواجہ ممشاد دینوریؒ کو میں نے خواب میں دیکھا کہ گویا آپ کھڑے ہیں اور ہاتھ آسمان کی جانب اٹھائے ہوئے ہیں ۔ اور یہ مناجات کر رہے ہیں ۔ کہ اے پروردگار قلوبی (یعنی اے میرے دل کے پروردگار) اور پروردگارِ قلوب ۔ جب آپ یہ کہہ رہے تھے تو آسمان آپ کے سر کے نزدیک ہو رہا تھا حتیٰ کہ آسمان آپ کے سر پر گر پڑا اور پھٹ گیا، اور خواجہ ممشادؒ کو اٹھا لیا ۔ آپ کے کمالات اس قدر ہیں کہ دائرہ تحریر سے باہر ہیں ۔ آپ کی وفات ۲۹۹ھ میں ہوئی رحمۃ اللہ علیہ ۔

Marfat.com

# حضرت خواجہ ابواسحاق چشتی قدس سرہٗ

تاجِ اولیاء، سراجِ اصفیاء، ملک المشائخ باتفاق، قطب ابدال باتحقاق، مستغنی از نمودِ زیبا و زشتی مقتدائے وقت خواجہ ابواسحاق چشتی قدس سرہٗ بلوشاہ عالم راز و نیاز تھے۔ آپ نے خرقۂ خلافت حضرت خواجہ علی دینوریؒ سے حاصل کیا تھا چودہ سلسلوں کے رسالہ اور نیز لطائف اشرفی میں لکھا ہے کہ آپ مرید ہونے کی غرض سے ملک شام سے بغداد پہنچے۔ اور حضرت خواجہ دینوریؒ کے مرید ہو گئے۔ حضرت خواجہ نے دریافت کیا کہ نام کیا ہے آپ نے جواب دیا مجھے ابواسحاق شامی کہتے ہیں۔ حضرت خواجہ نے فرمایا آج سے تجھے ابواسحاق چشتی کہیں گے اور اہلِ چشت اور اس ملک کے لوگ آپ سے ہدایت پائیں گے۔ اور جو لوگ آپ کے سلسلے میں داخل ہوں گے ان کو بھی قیامت تک لوگ چشتی کہیں گے۔ پس تربیت کے بعد حضرت خواجہ نے آپ کو چشت بھیج دیا۔ اسی دن سے خواجگانِ چشت اہلِ بہشت کا ظہور ہوا۔ خواجگانِ چشت کے سردار پانچ حضرات ہیں۔ جنہیں پنج تن کہا جاتا ہے۔ اوّل حضرت خواجہ ابواسحاق چشتیؒ دوم حضرت خواجہ ابو محمد چشتیؒ سوم حضرت خواجہ محمد چشتیؒ چہارم حضرت خواجہ ابو یوسف چشتی پنجم حضرت خواجہ مودود چشتیؒ خواجگانِ چشت کا طریق یہ ہے کہ سنتِ نبویؐ کے مطابق کسی شہر یا قصبہ میں سکونت اختیار کرتے ہیں اور خلقت کو حق تعالیٰ کی جانب مشغول کرتے ہیں۔ اور جو کچھ ماسوائے حق ہوتا ہے۔ اس سے باز رکھتے ہیں، ہمیشہ صفائے باطن کے لیے کوشش کرتے ہیں۔ اور مذہب صوفیہ پر جو انہیں پیران سلسلہ سے ملا ہے مستحکم ہو جاتے ہیں اور وسواس کو ہرگز نہیں آنے دیتے کیونکہ کشائش کار اسی طریقہ صوفیہ میں ہے۔ ریاضت کو بہت عزیز رکھتے ہیں اور فقر کو غنا سے افضل سمجھتے ہیں اور فقیر سے بہت محبت کرتے ہیں، مہمان کی خدمت نہایت اہتمام سے کرتے ہیں۔ سماع اور اہلِ سماع کو بہت عزیز رکھتے ہیں۔ مشائخ کا عرس بڑے شوق سے کرتے ہیں۔ اور سب لوگوں کو اپنے آپ سے بہتر سمجھتے ہیں۔ اور صلح کل کے مسلک کی بنا پر ہر فرقہ کے لوگوں سے محبت رکھتے ہیں۔ ان حضرات کی نظر

ہمیشہ وحدت الوجود پر رہتی ہے۔ اگرچہ کثرت میں رہتے ہیں لیکن ہمیشہ جمالِ احدیت کا مشاہدہ عین کثرت میں کرتے ہیں۔ مریدین کو سب سے پہلے لا موجود الا اللہ کا مراقبہ تعلیم کرتے ہیں تاکہ ایمانِ حقیقی سے محروم نہ ہوں۔ اور جو شغل ورد، یا عبادت جو یہ حضرات اختیار کرتے ہیں لبِ گور تک جاری رکھتے ہیں سوائے ان مشاغل کے کہ جن کے ترک کا اشارہ حق سبحانہ وتعالیٰ کی جناب سے حاصل کرتے ہیں۔ ہمیشہ مست ہوشیار رہتے ہیں۔ یعنی سکر وصحو کے جامع ہوتے ہیں بخلاف طیفوریوں اور جنیدیوں کے۔ کیونکہ جنیدی صحو کو سکر پر ترجیح دیتے ہیں اور طیفوری سکر کو صحو سے افضل سمجھتے ہیں۔ اور حسین بن منصورؒ فرماتے ہیں کہ صحو وسکر دو ایسے صفات ہیں جو بندہ کے ساتھ پیوستہ ہیں۔ جب تک کہ بندہ اپنی صفات سے فانی نہ ہو اپنے خداوند سے محجوب رہتا ہے پس اس صورت میں جب تک بندہ ان دونوں صفات سے مجرّد نہ ہو دونوں صفات کو جمع نہیں کر سکتا۔ اور یہ سنت ہے خاص حضرت رسالت پناہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی۔ کیونکہ آنحضرت سکر وصحو پر قادر تھے۔ کبھی صفت سکر سے موصوف ہوتے تھے اور فرماتے تھے لی مع اللہ وقتاً ۔۔۔۔ الیٰ آخر [کسی وقت میں ایسی حالت میں ہوتا ہوں کہ نہ کوئی نبی مرسل کی وہاں تک رسائی نہ ہو سکتی ہے نہ ملائک مقرب کی] کبھی آنحضرتؐ حالت صحو میں آکر فرماتے تھے ما عرفناک حق معرفتک (ہم نے تجھے تیری معرفت کے مطابق نہیں پہچانا)۔ پس ان دونوں صفات کے جامع وہ حضرات ہوتے ہیں جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے نقش قدم پر چلتے ہیں۔ فہم من فہم (سمجھا جس نے سمجھا)

حضرات چشتیہ تواضع اور اخلاق حمیدہ سے اسقدر متصف ہوتے ہیں کہ کوئی گروہ ان سے نفرت نہیں کرتا۔ عقل اور زیرکی کو علم پر ترجیح دیتے ہیں۔ حضرت خواجہ فریدالدین گنجشکر فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو عقل وعلم پسند کرنے میں اختیار دیا۔ آپ نے عقل پسند فرمایا اور مرتبہ عرفان پر پہنچ گئے اور ابلیس اپنے علم پر مغرور رہا۔ علم لدنی حضرات چشتیہ کے نہایت عزیز ہے مریدین کو ابتدائے حال میں صفائے باطن کے لیے اس قدر کوشش کراتے ہیں کہ بزرگوں کی روحانیت کی محبت اور حضور دل میسر آجاتا ہے تاکہ

غلطیوں سے بچ جائیں اور تمام اُمور صُوری و معنوی (ظاہری و باطنی) حق تعالیٰ کے ارادہ کے مطابق سر انجام ہوں کیونکہ ان کا حال ہنایت معتبر ہوتا ہے یعنی انبیاء علیہم السلام کو وحی ہوتی ہے اور اولیاء کو الہام ہوتا ہے۔ (العلماءُ ورثۃ الانبیا) علما انبیاءؑ کے وارث ہیں سے یہی مقام مراد ہے۔ اور ان پر حضورِ حق اس قدر غالب ہوتا ہے کہ وہ لوگوں کی مدح و قدح (تعریف اور برائی) کی طرف بالکل توجہ نہیں کرتے۔ جس طریق اور جس شغل سے ان کو باطنی ترقی ہوتی ہے وہی اپنا مشرب بنا لیتے ہیں۔ ان کا اصلی مشرب عشق و انکسار و ترک و ایثار ہے۔ نفحات الانس میں لکھا ہے کہ شیخ الاسلام فرماتے ہیں کہ مذہب میں میں نے خواجہ احمد چشتیؒ سے قوی تر کسی کو نہیں دیکھا۔ اور تمام چشتی اسی طرح خلق سے بے باک اور باطن میں شاہسوار تھے۔ یہ حضرات ہر حال میں اخلاص اور ترک ریا کی طرف کوشاں رہتے ہیں۔ اور کسی قسم کی سستی روا نہیں رکھتے۔ یہ بھی شیخ الاسلام نے فرمایا ہے کہ میں نے اپنے بھائی خواجہ احمد چشتیؒ سے بڑھ کر مرتبہ مشاہدہ فراست اور کشف ذات مطلق میں کسی کو نہیں دیکھا۔ صاحب کشف المحجوبؒ فرماتے ہیں کہ مشائخ کے ایک گروہ نے طریق ملامت اختیار کر رکھا ہے اور ملامت خلوص کے حصول میں عظیم اثر رکھتی ہے تمام اہل حق کا مشرب ملامت رہا ہے۔ اور یہ خاصہ ہے بزرگانِ امت محمدیہ کا اور خود رسول مقبول علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جو اہل حق کے امام و مقتدا تھے کیونکہ جب تک آپ پر وحی نازل نہ ہوئی تھی آپ سب کے نزدیک نیک نام اور بزرگ تھے اور جب نبوت ملی خلقت کی زبان پر ملامت کے کلمات جاری ہو گئے کسی نے کہا کاہن ہیں کسی نے کہا مجنون ہیں کسی نے کہا کاذب ہیں (نعوذ باللہ من ذالک) وغیرہ وغیرہ۔ حق تعالیٰ نے مومنین کی صفت یوں بیان فرمائی ہے۔ لا یخافون لومۃ لائم۔ ذالکَ فضل اللہِ یؤتی من یشاء والله سمیعٌ علیم۔ [تہمت لگانے والے کی تہمت سے نہیں ڈرتے یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جسے چاہے عطا کرے اور اللہ سمیع اور علیم ہے] اور حق تعالیٰ کی سنت اسی طرح جاری ہے کہ مقبول حق مہجور خلق ہوتا ہے اور مقبول خلق مہجور حق ہوتا ہے۔ سیر الاولیا میں لکھا ہے کہ حضرت خواجہ ابو اسحاق چشتیؒ مکاشفات کے پوشیدہ رکھنے میں بے حد کوشش

Marfat.com

فرماتے تھے اسلئے آپ نے صورت صحو اختیار کر رکھی تھی تا کہ عوام آپ کے کمال حال سے مطلع نہ ہوں۔ اور صوفیا کے نزدیک یہ مقام بہت بلند ہے۔

خواجہ احمدؒ بھی جو مشائخ چشتیہ کے سردار ہیں آپ کے مرید و خلیفہ ہیں۔ حضرت خواجہ ابو اسحاق چشتیؒ کا مزار عسکہ میں جو شام کے علاقے میں ہے۔ جسے اہل یورپ (Acre) کہتے ہیں۔ آپ کی تاریخ وصال چودہ ماہ ربیع الآخر ہے لیکن سن وصال معلوم نہیں۔ آپ طبقہ ثانیہ سے تعلق رکھتے۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

## حضرت خواجہ ابو احمد چشتیؒ

عمدہ ابرار، قدوۂ اخیار، رئیس اولیا، پیشوائے اصفیا، پاک از دنیا و زشتی، قطب ابدال خواجہ ابو احمد چشتی قدس سرہ، انواع واقسام کے کرامات، درجات اور مشاہدات سے آراستہ تھے۔ فنائے احدیت میں گم تھے اور دوست کے بھید دل میں سے کوئی بھید افشا نہیں کرتے تھے۔ آپ نے خرقۂ خلافت خواجہ ابو اسحاق چشتیؒ سے حاصل کیا تھا۔ نفحات الانس میں لکھا ہے کہ آپ سلطان فرستانہ کے صاحبزادہ تھے جو حسینی شرفا میں سے تھے۔ اور اپنی ولایت کے امیر تھے سلطان کی ایک بہن تھی جو نہایت نیک تھی۔ خواجہ ابو اسحاق چشتیؒ اُن کے گھر جاتے تھے اور کھانا کھاتے تھے۔ ایک دن آپ نے اس صالحہ عورت سے کہا تیرے بھائی کے گھر ایک لڑکا پیدا ہوگا جو بڑی شان والا ہوگا۔ تمہیں چاہیے کہ اپنے بھائی کے حرم میں رہ کر اسبات کا خیال رکھو کہ حمل کے ایام میں اس کی والدہ کوئی حرام چیز نہ کھائے۔ وہ ضعیفہ خواجہ ابو اسحاق چشتیؒ کے فرمان کے مطابق اپنے ہاتھ سے رسیاں بنا کر بیچتی تھی اور اپنی مہاوج کے لیے رزق حلال مہیا کرتی۔ حتیٰ کہ ۲۶۰ھ میں خواجہ ابو احمد چشتیؒ پیدا ہوئے۔ اور وہی عورت رزق حلال سے آپ کی پرورش کرتی رہی۔ جب کبھی خواجہ ابو اسحاقؒ اسکے گھر آتے تھے لڑکے کو دیکھ کر فرماتے تھے کہ اس سے ایسی بو آتی ہے کہ جس سے یہ خاندان بہت بزرگ ہوگا۔ صغیر سنی میں آپ سے عجیب وغریب مشاہدات دیکھنے میں آتے تھے۔ جب آپ بیس سال کے ہوئے ایک دن اپنے والد کے ساتھ پہاڑ کی طرف شکار کو گئے دوران شکار میں آپ اپنے والد اور ہمراہیوں سے جدا ہو گئے۔ پہاڑ کے اندر جا کر دیکھا کہ رجال اللہ

Marfat.com

یں سے چالیس بزرگ ایک پہاڑ پر کھڑے ہیں اور خواجہ ابواسحاق ان کے درمیان ہیں۔ آپ گھوڑے سے اتر کر خواجہ ابواسحاق کے پاؤں پر گر گئے۔ گھوڑا اور اسلحہ جو کچھ آپ کے پاس تھا سب چھوڑ دیا اور تمام ظاہری و باطنی مقاصد ترک کر کے ادنی لباس پہنا اور رجال اللہ کے ساتھ چلے گئے۔ آپ کے باپ اور خدام نے جس قدر تلاش کیا نہ پایا۔ کچھ عرصہ کے بعد خبر ملی کہ آپ خواجہ ابواسحاق کے ساتھ فلاں مقام پر ہیں۔ آپ کے والد نے خدام کی ایک جماعت بھیجی تاکہ آپ کو گھر لے آئیں۔ لیکن انہوں نے جس قدر کوشش کی اور خوف دلایا آپ ہرگز واپس نہ آئے۔ دراصل جب سالک کو توحید میں فنا حاصل ہوتی ہے وہ ہرگز اس مقام سے واپس نہیں آتا کیونکہ وحدت سے مراجعت دوئی ہے اور یہاں دوئی کا نام نہیں۔ بیت

چوں قطرہ غرقِ دریا شد چہ باشد　　وجودِ قطرہ جز دریا نباشد

(جب قطرہ دریا میں غرق ہو جاتا ہے تو یہ ہوتا ہے کہ قطرے کا وجود نہیں رہتا دریا رہ جاتا ہے) کہتے ہیں کہ آپ کے باپ کا ایک شراب خانہ تھا۔ ایک دن آپ وہاں پہنچ گئے شراب خانہ کا دروازہ بند کر کے تمام جام و ساغر توڑ ڈالے۔ لوگوں نے آپ کے والد کو خبر دی۔ وہ چھت پر آیا اور روزن سے ایک بڑا پتھر آپ پر پھینکا۔ لیکن پتھر ہوا میں معلق ہو گیا۔ اور آپ کو کچھ نقصان نہ پہنچا۔ یہ دیکھ کر والد نے آپ کے ہاتھ پر توبہ کی۔ کہتے ہیں کہ خواجہ ابواسحاق چشتیؒ آپ کی تربیت کے بعد روم کی طرف واپس چلے گئے۔ اس کے بعد خواجہ ابواحمد چشتیؒ قصبۂ چشت میں مسند ارشاد پر متمکن ہوئے اور خلقت آپ سے ہدایت پا کر اصلی مقصد تک پہنچنے لگے۔ آپ مشائخ چشت کے سردار اور خانوادۂ کریم اہل چشت کے شیخ ہیں۔ آپ بالاتفاق قطب ابدال تھے۔ اور تمام کرۂ زمین پر متصرف تھے۔ آپ کی عمر دراز تھی۔ آپ ۲۶۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۳۵۵ھ میں وصال پایا اور قصبۂ چشت میں جو ہرات سے تیس کوس کے فاصلہ پر ہے دفن ہوئے۔ رحمۃ اللہ علیہ

# حضرت خواجہ ابو محمد چشتی رحمۃ اللہ علیہ

قطب المشائخ والفقراء، بزرگ ترین اہل صفا، ملجاء اوتاد، ہم قرین افراد منزہ از جمیع اوصاف زشتی پیشوائے قوم حضرت خواجہ ابو محمد چشتی قدس سرہٗ انواع واقسام کے کرامات اور کمالات میں مشہور ہیں اور درجات ومشاہدات میں معروف تھے آپ نے خرقۂ خلافت حضرت خواجہ ابواحمد چشتی رحمۃ اللہ علیہ سے پایا۔ سیر الاولیاء میں لکھا ہے کہ آپ اکثر عالم تحیّر میں رہتے تھے اور سالہا سال آپ کا پہلو زمین سے نہ لگتا تھا۔ غایتِ مجاہدہ اور غلبہ شوق کی وجہ سے آپ نماز معکوس پڑھتے تھے۔ آپ کے گھر میں ایک کنواں تھا جس کے اندر آپ الٹا لٹک کر صلوٰۃ معکوس ادا کرتے تھے۔ نفحات الانس میں لکھا ہے کہ آپ کے والد بزرگوار نے آپ کو اس وقت اپنا قائم مقام بنایا جب آپ کی عمر چوبیس سال سے زائد نہ تھی لیکن تمام علوم دینی اور حقائق کے عالم ہو چکے تھے۔ آپ بڑے زاہد اور متقی تھے۔ اور ہمیشہ آپ دنیا اور اہل دنیا سے بیزار رہتے تھے۔ آپ ہمیشہ ترک دنیا میں کوشاں رہتے تھے۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ چونکہ اوّل وآخر میں ترکِ دنیا ہے۔ اس لیئے دنیا کے غرور سے دل کی حفاظت کرنی چاہیے۔

نقل ہے کہ ایک دن آپ دریائے دجلہ کے کنارے بیٹھے کپڑا سی رہے تھے کہ بادشاہ کا لڑکا آپ سے ملنے آیا گھوڑے سے اترا آپ کے سامنے چہرہ زمین پر رکھا اور بیٹھ گیا۔ آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اگر ملک کے کسی گوشہ میں ایک بڑھیا بھوکی سو گئی تو قیامت کے دن وہ والیٔ ملک کا دامن پکڑے گی۔ اس کے بعد شہزادہ نے آپ کے سامنے تحائف پیش کیئے آپ نے تبسّم فرما کر کہا کہ ہمارے خواجگان میں سے کسی نے یہ چیزیں قبول نہیں کیں۔ نہ مجھے ان کی ضرورت ہے۔ یہ کہہ کر آپ نے آسمان کی طرف منہ کر کے کہا الٰہی اپنے بندوں کی دولت ان لوگوں کو دکھا دے۔ یہ کہنا تھا کہ ہزاروں

مچھلیاں اپنے منہ میں دینار لے کر اوپر آ گئیں۔ آپ نے فرمایا حق تعالیٰ نے اپنے بندوں کو یہ خزانے عطا فرمائے ہیں۔ اس لیئے تیری چیزوں کی ہمیں ضرورت نہیں نفحات میں یہ بھی لکھا ہے کہ جس وقت سلطان محمود غزنویؒ نے سومنات پر لشکر کشی کی تو خواجہ ابو محمد چشتیؒ کو اشارہ ہوا کہ اس کی مدد کو جاؤ۔ آپ ستر سال کی عمر میں چند درویشوں کے ساتھ اس طرف متوجہ ہوئے۔ جب وہاں پہنچے تو بنفس نفیس مشرکین کے ساتھ جہاد کیا۔ ایک دن مشرکین کی فوج نے غلبہ حاصل کر لیا۔ اور لشکر اسلام نے ایک جنگل میں پناہ لی اور شکست کے امکان ظاہر ہونے لگے حضرت خواجہ کا چشت میں ایک مرید تھا جس کا نام محمد کاکو تھا اسی جگہ سے آواز دی کہ اے کاکو کام کر۔ چنانچہ لوگوں نے فوراً دیکھا کہ کاکو جوش میں آیا اور محاربہ کرنے لگا حتیٰ کہ لشکر اسلام نے فتح پائی اور کفار کو شکست ہوئی۔ اس وقت لوگوں نے محمد کاکو کو چشت میں دیکھا کہ پتھر اٹھا اٹھا کر جوش سے مار رہا تھا۔ جب انہوں نے سبب دریافت کیا تو اس نے وہی قصہ بتایا۔ اور تاریخ کی اکثر معتبر کتابوں میں لکھا ہے کہ سلاطین امت محمدیؐ میں سے سب سے پہلا بادشاہ جس نے ہندوستان فتح کیا سلطان محمود غزنوی تھا۔ اگرچہ بعض مورخین مثل مصنف تاریخ فیروز شاہی کلاں وغیرہ نے لکھا ہے کہ ولید بن عبدالملک کے زمانے میں حجاج بن یوسف

نے عماد الدین محمد بن قاسم بن عقیل ثقفی کو کہ اس کا بھتیجا اور داماد تھا سترہ سال کی عمر میں لشکر دے کر سندھ فتح کرنے کے لیئے شیراز کے راستے بھیجا کئی منزلیں طے کرنے کے بعد راجہ داہر کے ساتھ جو اہل فتنہ فساد کا سرغنہ تھا اور ملک سندھ ملتان اور گرد و نواح کے علاقوں میں حکمران تھا جنگ کر کے دس ماہ رمضان المبارک سنہ ۹۲ھ کو اسے قتل کر دیا۔ اس کے بعد تمام صوبہ سندھ ملتان اور سیوستان پر محمد بن قاسم کا تصرف ہو گیا اور راجہ دھر کی لڑکیوں کو مال

Marfat.com

غنیمت کے ساتھ حجاج بن یوسف کے پاس بھیج دیا۔ لیکن ارباب تاریخ اس واقعہ کو فتح ملک ہندوستان نہیں قرار دیتے بلکہ اسے ایک گوشمالی سمجھتے ہیں چنانچہ روضۃ الصفا میں لکھا ہے کہ امیر سبکتگین نے دو دفعہ غزنی سے راجہ جیپال حاکم سندھ پر لشکر کشی کی اور اُس کے ملک کو تاخت و تاراج کر کے بہت سا مال غنیمت ساتھ لے گیا۔ لیکن اس کا لڑکا محمود غزنوی کئی دفعہ ہندوستان پر حملہ آور ہوا اور قلعہ جات فتح کر کے حکومت قائم کر لی۔ ہر مقام پر مناسب افسران کا تقرر کیا خراج حاصل کیا۔ چنانچہ پہلی مرتبہ جب اس نے لشکر کشی کی اور ہندوستان آیا اس نے راجہ جے پال والیٔ سندھ کے ساتھ جنگ کر کے اس کا ملک فتح حاصل کی۔ اور ۴۰۷ھ میں قنوج فتح کیا اور اکثر قلعہ جات اور عمارات کو تباہ کر دیا چنانچہ سات مضبوط قلعے جو بلندی میں آسمان سے باتیں کرتے تھے راجہ جے پال کے بھاگ جانے کے بعد گرا دیئے گئے اور دس ہزار بت کدوں کو خاک میں ملا دیا ان فتوحات میں بے شمار مال غنیمت اور قیدی ہاتھ آئے ان بت کدوں کی تاریخ تعمیر چالیس چالیس پچاس پچاس ہزار برس لکھی تھی۔ ساکنانِ سومنات کا خیال تھا کہ سومنات کا بڑا بت اب مسلمانوں سے ناراض ہو گیا ہے اور ان کو تباہ کر دیگا۔ اسلیئے کفار بڑی تعداد میں جمع ہوئے۔ اور سلطان محمود سے مقابلہ کرنے کے لیئے جا پہنچے۔ سلطان نے مصمم ارادہ کر لیا کہ سومنات کو ضرور فتح کر دوں گا۔ تاکہ وہاں کے لوگوں کا خیال غلط ثابت ہو جائے۔ پس ۴۱۶ھ میں وہ نہر والا اور گجرات کی طرف سے ملتان کے راستے سومنات کی طرف روانہ ہوا۔

روضۃ الصفا میں لکھا ہے کہ دریا کے کنارے پر ایک بڑا بت خانہ تھا جس کے اندر سومنات کا بت رکھا تھا اور اہل ہند چاند گرہن کی شب کو اس کی زیارت کرتے تھے۔ اس رات ایک لاکھ سے زائد کافر اس بت خانہ کے گرد جمع ہو گئے۔ دس ہزار گاؤں اس بت خانہ کے لیئے وقف تھے۔ اور اس

قدر جواہرات وہاں ذخیرہ تھے کہ اس کا دسواں حصہ بھی کسی بادشاہ کے خزانے میں نہ تھا۔ دو ہزار پجاری مستقل طور پر زنار باندھے ہوئے وہاں عبادت گزار تھے۔ وہاں بے شمار جرس (گھنٹے) لگے ہوئے تھے۔ تین سو گانے والیاں اور پانچ ناچنے والیاں بت خانے کے لیئے ملازم رکھی گئی تھیں۔ ایک سنہری زنجیر جسکا وزن بائیس من تھا لٹکا ہوا تھا۔ اگرچہ دریائے گنگا سومنات سے سینکڑوں میل دور تھا لیکن انہوں نے اس کثرت سے سومنات اور گنگا کے درمیان ملازم مقرر کیئے ہوئے تھے کہ ہر روز تازہ پانی بت کو غسل دینے کے لیئے لایا جاتا تھا۔ الغرض جب سلطان محمود مسافت طے کر کے وہاں پہنچا تو دریا کے کنارے پر اس نے ایک مضبوط قلعہ دیکھا۔ مسلمانوں کو دیکھنے کے لیئے لوگ کثیر تعداد میں شہر سے باہر نکل آئے۔ ان کا یہ عقیدہ تھا کہ ان کا بُت تمام مسلمانوں کو تباہ و برباد کر ڈالیگا آخر جب بہت کوشش اور کشمکش کے بعد قلعہ فتح ہوا تو ہندو بھاگ کر بت خانہ کے اندر جاتے تھے اور بت کو گلے لگا کر روتے تھے اور باہر آکر لڑتے اور جان دے دیتے تھے۔ اس لڑائی میں پچاس ہزار سے زائد کافر مارے گئے۔ اور باقی کشتیوں میں سوار ہو کر بھاگ نکلے۔ جس کمرے کے اندر وہ بت رکھا تھا بہت لمبا چوڑا تھا۔ چنانچہ چھپن ستون لعل اور زمرد سے مرصع چھت کو اٹھائے ہوئے تھے وہ بت پانچ گز لمبا اور تین گز چوڑا تھا۔ سلطان محمود خود بت خانے میں آیا اور گرز ہاتھ میں لے کر بت کو توڑ ڈالا۔ وہاں سے اٹھا کر غزنی لے گیا اور مسجد کے سامنے پھینک دیا۔ جس قدر خزانے وہاں جمع تھے سب سلطان کے ہاتھ آئے سومنات سے مراد دوارکا ہے جو اس وقت ملکِ نہروالا میں ایک بہت بڑا شہر تھا۔ وہ بت کشن تھا جس وہ لوگ پوجا کرتے تھے۔ وہاں سے فارغ ہو کر سلطان نے بنارس تک کا علاقہ فتح کر لیا۔ سلطان کے بھانجا سالار مسعود نے منزلکہ بھرائچ اور کوہِ شمال کے دامن تک علاقہ فتح کر لیا۔ بعد ازاں

Marfat.com

سلطان محمود کی اولاد میں سے تیرہ بادشاہوں نے قلعہ لاہور اور نواحی علاقے پر حکومت کی۔ ان میں سے تیرھواں بادشاہ سلطان خسرو ملک تھا جس سے سلطان شہاب الدین غوری نے قلعہ لاہور وغیرہ فتح کرکے اپنے تصرف میں لیا اور اپنے حاکم مقرر کیئے پس سلاطین غزنویہ کا سلسلہ ۵۸۲ھ میں ختم ہوگیا چنانچہ تمام مؤرخین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ہندوستان کا سب سے پہلا فاتح سلطان محمود غزنویؒ تھا۔ ملکِ ہند کی دوسری فتح خواجۂ بزرگ حضرت خواجہ معین الدین سنجری اجمیری قدس سرہٗ کی توجہ کی برکت سے سلطان شہاب الدین معزالدین سام کو میسر ہوئی۔ جس نے رائے پتھورا کو میدان دہلی میں قتل کرکے قطب الدین ایبک کو دہلی میں اپنا قائم مقام مقرر کیا۔ اور واپس غزنی چلا گیا۔ خواجۂ بزرگ کے کرم سے آج تک کوئی ہندو دوبارہ ہندوستان پر حکمران نہیں ہوا۔ پس جاننا چاہیے کہ سب سے پہلی اور سب سے آخری فتح ہند خواجگان چشت علیہم الرحمۃ کی برکت سے وقوع پذیر ہوئی سلطان محمود غزنوی اور سلطان شہاب الدین غوری اس وجہ سے ہندوستان پر حکومت کرنے کے قابل ہوئے کہ خواجگان چشت کا تمام ملک پر تصرف ہے اور جب تک یہ دنیا باقی رہیگی یہ تصرف باقی رہیگا (چنانچہ تمام مشائخ اس بات پر متفق ہیں کہ ملک ہندوستان چشتیوں کا ورثہ ہے اور باطنی طور پر مشائخ چشتیہ کے تصرف میں ہے)

نفحات الانس میں لکھا ہے کہ حضرت خواجہ ابو محمدؒ کا ایک مرید تھا جسکا نام استاد مردانؒ تھا جو قصبہ سنجان خواف کا رہنے والا تھا۔ وہ کئی سال سے حضرت خواجہ کے لیئے استنجا کے ڈھیلوں اور پانی کا انتظام کرتا تھا۔ ایک دن جب آپ نے اسے اپنے وطن واپس جانے کا حکم دیا تو رونے لگا اور عرض کیا کہ میں آپ سے جدائی کی طاقت نہیں رکھتا۔ حضرت خواجہ نے فرمایا جس وقت تجھے ہمارے ملنے کی خواہش ہوگی حجاب ہائے جسمانی اور مسافتہائے مکانی مرتفع ہوجائیں گے (یعنی وہیں گھر بیٹھے بیٹھے زیارت کرلیا کروگے) چنانچہ یہی

ہوتا استاد مردان ہمیشہ سنجان سے چشت کو دیکھا کرتے تھے - شروع میں جب یہ حکایت اس فقیر کاتب حروف (مصنف کتاب ھذا) تک پہنچی یہ بات بعید از قیاس اور مشکل معلوم ہوتی تھی لیکن جب ۱۰۶۵ھ میں یہ فقیر حضرت خواجہ غریب نواز خواجہ بزرگ خواجہ معین الدین اجمیری قدس سرہٗ کی زیارت سے مشرف ہوا اور بے حد نوازشات ہوئیں - جو عرض استاد مردان نے حضرت خواجہ ابو محمد چشتی سے کیا تھا - وہی بندہ نے حضرت خواجہ غریب نواز سے نواز کیا - اور حضرت غریب نواز نے از راہ کرم فقیر کی درخواست منظور فرمائی - اسی روز سے جب موقعہ مناسب ہوتا اور خواجہ غریب کی زیارت کا شوق غالب ہوتا ہے - تو اجمیر شریف کا سارا شہر مع روضۂ متبرکۂ آنحضرت بے حجاب صاف نظر آتا ہے - اس نعمت کا شکر کس زبان سے ادا کروں - الحمدللہ کہ ہمارے مشائخؒ کا تصرف حیات وممات میں برابر ہے چنانچہ خواجگان چشت اور اُن کے مریدین کے کمالات و تصرفات اظہر من الشمس ہیں اور اس مختصر کتاب میں انکی گنجائش نہیں - آپ کی وفات ۴۱۱ھ میں سلطان محمود غزنویؒ کے عہد میں ہوئی رحمۃ اللہ علیہ - سلطان محمود غزنویؒ خلیفہ عباسی ابو العباس بن اسحاق جس کا لقب قادر تھا کا ہمعصر تھا باوجودیکہ کہ سلطان محمود کا تصرف تمام اسلامی ممالک میں تھا لیکن خاندان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے ادب کی خاطر اس نے بغداد کو خلیفہ عباسی کے تصرف میں دیکر اپنے آپ کو اس کا نائب مقرر کرلیا تھا -

Marfat.com

## حضرت خواجہ یوسف چشتی رح

عالم علوم مشاہدہ وسید زمرۂ اولیاء اہل مجاہدہ فارغ از زیبا و زشتی، غرق وصال خواجہ ناصر الدین ابو یوسف چشتی قدس سرہٗ بن محمد سمعان رح جمال معرفت اور کمال حقیقت سے آراستہ تھے۔ کمال حضوری کی وجہ سے دریائے احدیت میں غرق تھے۔ ریاضات، مجاہدات وکرامات میں آپ بے نظیر تھے۔ آپ نے خرقۂ خلافت حضرت خواجہ ابو محمد محترم چشتی رح سے حاصل کیا تھا۔ صاحب نفحات الانس (مولانا جامی رح) فرماتے ہیں کہ آپ خواجہ ابو محمد بن احمد رح کے ہمشیرہ زادہ اور مرید وخلیفہ ہیں۔ خواجہ ابو محمد رح نے ہینسٹھ سال تک شادی نہ کی۔ آپ کی ایک ہمشیرہ تھیں۔ جو ہمیشہ اپنے بھائی کی خدمت کرتی تھیں اور آپ کے لئے کھانا وغیرہ تیار کرتی تھیں۔ غرضیکہ چالیس سال تک وہ ہمشیرہ بھی بھائی کی خدمت گاری اور عبادت میں اس قدر منہمک رہیں کہ شادی کا خیال نہ آیا۔ ایک رات خواجہ ابو محمد نے اپنے والد بزرگوار خواجہ احمد کو خواب میں یہ فرماتے ہوئے دیکھا کہ ولایت شافلان میں ایک شخص ہے جس کا نام محمد سمعان ہے، اس نے علم حاصل کرلیا ہے اور نیکی کے کام میں کمربستہ ہے۔ تم اپنی ہمشیرہ کی شادی اس کے ساتھ کردو۔ آپ نے بیدار ہوتے ہی ان کو تلاش کیا اور ہمشیرہ کی شادی کردی۔ شادی کے بعد انھوں نے بھی چشت میں سکونت اختیار کرلی۔ خواجہ ابو یوسف رح ان کے ہاں پیدا ہوئے۔ خواجہ ابو محمد رح نے ہینسٹھ سال کی عمر میں شادی کی۔ لیکن آپ کا کوئی لڑکا جوان نہ ہوا۔ اس لئے آپ نے اپنے خواہرزادہ خواجہ ابو یوسف رح کی اپنے فرزند کی طرح پرورش فرمائی اور سلوک الی اللہ تربیت دی۔ آپ کی وفات کے بعد خواجہ یوسف آپ کے قائم مقام ہوئے۔ پچاس سال کی عمر میں خواجہ ابو یوسف رح پر غلبۂ محبت وترک دنیا ہوا۔ اس لئے آپ خواجہ حاجی مکی جو بڑے بزرگ تھے اور خواجہ ابو اسحاق چشتی رح کے مزارات پر جاکر سکونِ قلب حاصل کرتے تھے۔ آخر آپ نے ایک دن زمین کھود

کر چلّہ خانہ بنوانے کی کوشش کی۔ ہاتف غیبی نے آواز دی کہ فلاں جگہ کھود کر چلّہ بناؤ چنانچہ آپ نے وہ جگہ کھدوانی شروع کی جہاں آج کل آپ کا چلہ ہے۔ لیکن زمین اس قدر سخت تھی کہ پھاوڑا زمین کے اندر نہیں جاتا تھا۔ آپ نے پھاوڑا اپنے ہاتھ میں لیا، خود کھودنا شروع کیا، غرضیکہ چاشت کے وقت سے عصر کی نماز تک آپ نے چلّہ مکمل کر لیا اور بارہ سال آپ اس چلّے میں مقیم رہے۔ اس عرصہ میں آپ پر اس قدر فنا اور سکر و حیرت طاری ہوتی تھی کہ کبھی کبھی جب خادم آپ کو وضو کراتا تو وضو کرتے کرتے آپ گم ہو جاتے تھے اور کئی کئی گھنٹوں کے بعد پھر آپ ظاہر ہوتے اور وضو پورا کرتے تھے۔ جب خواجہ عبداللہ انصاریؒ پیران چشت کے مزارات کی زیارت کے لئے چشت گئے تو خواجہ ابو یوسفؒ سے بھی ملاقات کی۔ جب آپ ہرات واپس گئے تو اکثر مجالس اور محافل میں خواجہ علیہ الرحمۃ کا تذکرہ کیا کرتے تھے

سیر الاولیاء میں لکھا ہے کہ ایک دفعہ خواجہ ابو یوسفؒ کہیں جا رہے تھے راستے میں دیکھا کہ لوگ مسجد بنا رہے ہیں، لیکن ایک شہتیر ناپ سے کچھ کم تھا اس لئے راست نہیں آرہا تھا۔ اس سے وہ لوگ بہت پریشان تھے۔ آپ یہ دیکھ کر گھوڑے سے اترے اور مسجد کی دیوار پر چڑھ گئے۔ آپ نے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر شہتیر کا سرا پکڑا اور دیوار پر رکھ دیا۔ لوگوں نے دیکھا کہ شہتیر ایک گز دیوار سے زیادہ لمبا تھا۔ سیر الاولیاء میں یہ بھی لکھا ہے خواجہ ابو یوسف کسی وجہ سے متردد تھے۔ رات کو اپنے شیخ علیہ رحمہ کو خواب میں دیکھا، انھوں نے فرمایا کہ اتنی دفعہ سورۂ فاتحہ پڑھ لو۔ اس تردد سے خلاصی پاؤ گے۔ خواجہ یوسفؒ ہررات پانچ ختم قرآن کرتے تھے۔ ختم قرآن کے بعد آپ نے سورۂ فاتحہ پڑھی اور آپ کا تردد جاتا رہا۔ آپ کے کمالات اور کرامات دائرہ تحریر سے باہر ہیں۔ جب آپ کی وفات کا وقت قریب آیا تو آپ نے اپنے بڑے صاحبزادے خواجہ قطب الدین مودود چشتیؒ کو تحصیل علم کی وصیت فرمائی اور اپنا قائم مقام مقرر فرمایا۔ اس کے بعد آپ کا وصال ہو گیا۔ آپ کا وصال ۴۵۹ھ میں خلیفہ ابو جعفر عبداللہ قائم

Marfat.com

بن قادر خلیفہ عباسی کے عہد حکومت میں ہوا، یہ خلیفہ سلطان طغرل بیگ بن میکائیل بن سلجوق کا ہم عصر تھا۔ طغرل بیگ پہلا سلجوق بادشاہ ہے کہ جس نے سلطان مسعود بن سلطان محمود غزنوی سے ملک خراسان فتح کیا اور بغداد میں بھی اسی کے نام کا خطبہ پڑھا جاتا تھا، آخر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے خاندان کے ادب کی خاطر سلطان طغرل بیگ خراسان واپس چلا گیا لیکن بہت مدت تک عراق و خراسان پر اس کا اور اس کی اولاد مثل سلطان ملک شاہ و سلطان سنجر کا تصرف رہا اور ملک روم آج تک عثمان بن طغرل کی اولاد کے قبضے میں ہے خواجہ ابو یوسفؒ کی عمر صاحب نفحات الانس کے قول کے مطابق چوراسی سال تھی، آپ کا مزار چشت میں ہے (جو آج کل کے جغرافیہ کے مطابق افغانستان میں شامل ہے اور ایران اور افغانستان کی سرحد پر ہرات کے مضافات میں واقع ہے) رحمۃ اللہ علیہ۔

## حضرت خواجہ قطب الدین مودود چشتیؒ

سر حلقہ مشائخ کبار، پیشوائے اولیا نامدار، موصوف بصفت حضرت ذرود قطب ارشاد، حضرت خواجہ قطب الدین مودود قدس سرہ بن حضرت خواجہ ابو یوسف چشتیؒ بڑے عظیم الشان اور عالی مقام بزرگ ہوئے ہیں اور تمام مشائخ زمانہ آپ کے ظاہری و باطنی علم کے کمالات کو مانتے تھے۔ آپ مریدین کی تربیت میں بے نظیر تھے۔ آپ کو خرقۂ خلافت اپنے والد بزرگوار حضرت خواجہ ناصر الدین ابو یوسف چشتی قدس سرہ سے حاصل ہو۔ آپ کے کمالات اور کرامات اس قدر ہیں کہ اس مختصر کتاب میں انکی گنجائش نہیں ہے۔ مولانا جامی اپنی کتاب نفحات الانس میں لکھتے ہیں کہ آپ سات سال کی عمر میں سارا قرآن حفظ کر کے علوم کی تحصیل میں مشغول ہو گئے۔ آٹھ سال کی عمر میں آپ کے والد ماجد حضرت خواجہ ابو یوسف چشتیؒ کا انتقال ہو گیا۔ اور آپ ان کے سجادہ نشین ہوئے۔ آپ اپنے خصائل حمیدہ اور افعال پسندیدہ کی وجہ سے علاقے

Marfat.com

کے تمام لوگوں کے مقبول اور مقتداء بن گئے تھے۔ آپ کو حضرت شیخ احمد جامی رحمۃ اللہ علیہ کی صحبت اور تربیت کا شرف بھی حاصل ہوا ہے جس وقت حضرت شیخ احمد جامیؒ جام سے ولایت ہرات میں تشریف لائے اور لوگ ان کے کمالات اور کرامات دیکھ کر مرید اور معتقد ہوئے تو اس کی بہت شہرت ہوئی جب وہاں سے شیخ احمد جامیؒ مزارات کی زیارات کیلئے چشت تشریف لے جانے والے تھے تو خبر ملی کہ حضرت خواجہ مودود چشتی اپنے تمام مریدین کو جمع کرکے آرہے ہیں تاکہ حضرت شیخ کو اس ولایت سے باہر نکال دیں۔ آپ کے مریدین آپ کو پوشیدہ رکھتے تھے۔ لیکن آپ ان حالات کو سب سے زیادہ جانتے تھے۔ ایک دن شیخ احمد جامیؒ کے سامنے خادم نے دسترخوان بچھانا چاہا۔ آپ نے فرمایا ذرا ٹھہر جاؤ کچھ مہمان آرہے ہیں۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ جماعت پہنچ گئی خادم نے دسترخوان بچھایا۔ کھانے سے فارغ ہوکر شیخ علیہ الرحمۃ نے ان سے مخاطب ہوکر فرمایا کہ اپنے آنے کا قصہ تم بتاؤ گے یا میں بتاؤں۔ انہوں نے کہا آپ فرمائیں۔ پس آپ نے فرمایا کہ خواجہ مودودؒ نے تمہیں اس غرض سے بھیجا ہے کہ احمد سے کہو کہ ہماری ولایت میں تمہیں کیا کام۔ سلامتی سے واپس چلے جاؤ۔ ورنہ جس طرح یہاں سے نکلنا چاہو گے ہم نکال دیں گے خواجہ مودودؒ کے اصحاب نے کہا۔ آپ نے بالکل صحیح فرمایا ہے۔ اس کے بعد آپ نے فرمایا اگر ولایت سے مراد دیہات ہیں تو یہ گاؤں یہاں کے لوگوں کی ملکیت ہیں۔ نہ میرے ہیں نہ تمہارے۔ اگر ولایت سے مراد یہاں کے لوگ ہیں تو یہ لوگ سلطان سنجر کے ہیں۔ پس ان کا شیخ الشیوخ سلطان سنجر ہے۔ اگر ولایت سے مراد وہ ہے جو میں جانتا ہوں اور اولیا اللہ جانتے ہیں تو کل میں ان کو بتادوں گا کہ کار ولایت کیا ہے اور کس طرح ہے۔ الغرض اس قسم کی باتیں ہوتی رہیں۔ آخر خواجہ مودود چشتیؒ حقیقت حال سمجھ کر از راہ اخلاص و اعتقاد حضرت شیخؒ کی خدمت میں آئے اور انکو راضی کیا۔ چنانچہ نفحات الانس میں یہ واقعہ مفصل ہے۔ حاصل کلام آنکہ شیخ احمد جامؒ اس بات پر مامور تھے کہ خواجہ مودود چشتیؒ کو نعمت دیں۔ اور خواجہ مودودؒ بھی پہلے تو کسی اور کی طرف رجوع کر رہے تھے۔ لیکن بعد میں اس بات کو سمجھ گئے اور حضرت شیخ کی خدمت میں آکر معافی مانگی۔ آپ نے معاف کردیا اور فرمایا کہ ان لوگوں کو رخصت کر

Marfat.com

دیں اور دو خدمتگار اپنے پاس رہنے دیں اور تین دن یہاں ٹھہریں۔ حضرت خواجہؒ نے اسی طرح کیا اور شیخ کی خدمت میں آکر کہا کہ اب فرمائیے کیا فرمان ہے۔ شیخ نے فرمایا پہلے مصلّے طاق میں رکھ دو اور علم حاصل کرو۔ انہوں نے کہا میں نے قبول کیا کیونکہ خواجہ ابو یوسفؒ خواجہ مودودؒ کے والد نے بھی آخر عمر میں ان کو یہی وصیت کی تھی۔ اس کے بعد خواجہ مودودؒ نے کہا اور کیا فرمان ہے۔ شیخؒ نے فرمایا علم سے فارغ ہو کر اپنے خاندان کو زندہ کرو کیونکہ تمہارے آباؤ اجداد بزرگ اور صاحب کرامت تھے۔ خواجہ مودودؒ نے کہا۔ جب آپ مجھے احیائے خاندان کا حکم دے رہے ہیں تو آپ خود تبرکاً اس کام کا آغاز فرمادیں۔ حضرت شیخؒ نے فرمایا آگے آؤ۔ جب وہ آگے آئے تو شیخؒ نے ان کا ہاتھ پکڑ کر چار بالشت کے فاصلہ پر بٹھا دیا اور تین بار فرمایا "بشر طِ علم" اس کے بعد خواجہ مودودؒ تین دن حضرت شیخؒ کی خدمت میں رہے اور بہت فوائد اور نعمتیں حاصل کیں۔ تھوڑے عرصے کے بعد آپ نے بلخ و بخارا جاکر علم حاصل کیا اور چار سال کے عرصے میں آپ تمام ظاہری و باطنی علوم میں بقدر وسعت و امکان کامل و مکمل ہو گئے اور ہر طرف سے طالبان راہ حق جمع ہوئے اور بلند مقامات حاصل کرتے لگے۔ اُن میں سے ایک شاہ سنجان تھے۔ جن کا پورا نام رکن الدین محمود ہے وہ سنجان نامی ایک قصبے کے رہنے والے تھے۔ وہ کافی عرصہ چشت میں رہ کر حضرت خواجہؒ کا فیض صحبت حاصل کرتے رہے۔ کہتے ہیں کہ جتنی مدت وہ چشت میں رہے۔ رفع حاجت کے لیے چشت سے بہت دور نکل جاتے تھے اور طہارت کر کے واپس آتے تھے وہ کہا کرتے تھے کہ مزارات چشت نہایت مبارک منزل اور متبرک مقام ہے اس جگہ رفع حاجت کرنا بے ادبی ہے۔ کہتے ہیں کہ پہلے وہ خواجہ سنجان کے نام سے مشہور تھے۔ خواجہ مودودؒ نے ان کو شاہ سنجان کا لقب عطا فرمایا اور وہ ہمیشہ اس نام پر ناز کیا کرتے تھے۔ شاہ سنجان کی وفات ۵۹۷ھ میں ہوئی۔ سیرالاولیا میں لکھا ہے کہ ایک دفعہ ایک بزرگ زادہ بدخشاں سے خواجہ مودود کی خدمت میں حاضر ہوا اور بیعت اور کلاہ کی درخواست کی۔ حضرت خواجہ نے نور باطن سے معلوم کر لیا کہ وہ اس کے قابل نہیں۔ آخر سب اصحاب نے سفارش کر کے اسے کلاہ دلایا۔ لیکن حضرت خواجہؒ نے فرمایا کہ اے جوان اس کلاہ کے

آداب پوری طرح بجالانا ورنہ تمہارے لیے اچھا نہ ہوگا۔ جب وہ بدخشاں واپس گیا تو سب باتیں بھول کر نفسانی لذت میں گرفتار ہوگیا۔ جب یہ خبر حضرت خواجہ تک پہنچی فرمایا کلاہ اپنا کام کیوں نہیں کرتا۔ چند یوم کے بعد اسے حکومت نے کسی تہمت میں گرفتار کرلیا اور اس کی آنکھیں نکال دیں۔

خواجہ بزرگ حضرت خواجہ معین الدین حسن سنجری اجمیری قدس سرہٗ دلیل العارفین میں فرماتے ہیں کہ حق تعالےٰ نے دنیا کے گرد کوہ قاف پیدا کیا ہے وہ پہاڑ سبز رنگ کے زمرد کا بنا ہوا ہے۔ (کوہ قاف سے مراد وہ پہاڑ نہیں ہے جو روس اور ترکی کی سرحد پر واقع ہے۔ بلکہ اس سے مراد وہ پہاڑ ہے جو عالم مثال میں ہے۔ یاد رہے کہ عالم مثال اس دنیا سے الگ جہان ہے جو بذریعہ کشف اولیا کرام کے مشاہدہ میں آتا ہے، اور آسمانِ دنیا کی نیلاہٹ (نیلا رنگ) اس پہاڑ کے فروغ رمک سے ہے۔ حق تعالےٰ نے اُس پہاڑ پر ایک فرشتہ مقرر کر رکھا ہے۔ جس کا نام قدقائل ہے۔ اس زمین کی طنابیں اس فرشتے کے ہاتھ میں جنہیں وہ ضرورت کے مطابق ہلاتا رہتا ہے۔ جس وقت وہ زمین کی طنابیں کھینچتا ہے چشمے خشک ہوجاتے ہیں اور نباتات نہیں اُگتی۔ (نوٹ۔ کم فہم لوگ اس میں شک کرتے ہیں کہ جغرافیہ میں تو یہ باتیں نہیں ملتیں۔ حالانکہ خود جغرافیہ ایک نامکمل علم ہے۔ ماہرین علم نجوم، علم طبعیات، علم ہیئت اور علم جغرافیہ آج تک یہ نہیں بتا سکے کہ یہ کرۂ ارض اور لاکھوں ستارے شمس و قمر کس برقی قوت سے اپنے اپنے راستے پر چل رہے ہیں اور اس کمال صحت (PRECION) کے ساتھ چل رہے ہیں کہ ذرا برابر دائیں بائیں یا اوپر نیچے نہیں ہوتے۔ اگر اپنے راستے (ORBIT) سے ہٹ جائیں تو ساری دنیا جل کر خاک ہوجائے یا برف بن جائے اور دنیا میں رہنے والے سب انسان اور جانور ایک لمحے میں ختم ہوجائیں۔ فضا کے ماہر سائنسدانوں (SPACE SCIENTISTS) نے آجکل جو مصنوعی سیارے (SATELITES) فضا میں چھوڑے ہیں۔ یہ خدا کے بنائے ہوئے لوہے وغیرہ سے بنتے ہیں۔ ان میں سے ایک ایک پر کروڑوں پونڈ خرچ آتے ہیں۔ تب جاکر یہ فضا میں اڑنے کے قابل ہوتے ہیں اور ساری دنیا ان سائنس دانوں کو خراج عقیدت

Marfat.com

پیش کر رہی ہے اور بجا طور پر پیش کر رہی ہے۔ لیکن جس عظیم سائنس دان نے عدم سے یہ
سب سامان (MATERIAL) پیدا کیا اور پھر یہ سورج چاند ستارے فضا میں اڑائے
اور اس پختگی اور حکمت سے اڑائے کہ لاکھوں برس سے ہوا میں اڑ رہے ہیں۔ اپنے راستوں
پر قائم ہیں اور معلوم نہیں کہ کون سے ورکشاپ سے انہیں اڑنے کی قوت (ENERGY)
بخشی ہے۔ وہ خلاقِ اعظم، قادرِ مطلق، احکم الحاکمین، صانعِ عظیم اور کارساز جلیل کس
قدر خراجِ عقیدت کا مستحق ہے۔ صاحبِ انصاف حضرات خود قیاس کر سکتے ہیں۔ گذشتہ اور
آنے والی عبارت میں حضرت خواجہ معین الدین چشتی قدس سرہٗ نے جس نظام کی طرف اشارہ
فرمایا ہے وہ اس کائنات کو قائم اور دائم رکھنے والا نظام ہے جسے ظاہری آنکھیں دیکھنے
سے قاصر ہیں۔ لہٰذا انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ یا تو ان باتوں کو تسلیم کیا جائے یا مترجم نے جو
اوپر سوال کیے ہیں ان کا کوئی بڑے سے بڑا سائنس دان جواب دے۔ جو کچھ ان بزرگوں نے
بیان کیا ہے ان کا چشم دید مشاہدہ ہے۔ جس میں شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔ اگر ان ماہرینِ
روحانیت کے مشاہدات کو تسلیم نہ کیا جائے تو پھر باقی علوم کے ماہرین مثلاً ڈاکٹروں، انجینئروں
اور فنی ماہرین کے مشوروں کو آجکل آنکھیں بند کر کے دنیا کیوں قبول کر لیتی ہے۔ حقیقت یہ
ہے کہ اگر ماہرینِ فن خواہ وہ ظاہری علوم کے ماہر ہوں یا باطنی علوم کے یعنی انبیاء علیہم السلام
اور اولیاء کرام ان کے مشوروں پر آنکھیں بند کر کے ایمان لانا لازمی ہے۔ ورنہ زندہ رہنا محال
ہے اور یہی ایمان بالغیب ہے جس کا مطالبہ کلام پاک میں کیا گیا ہے۔ ایک مریض ڈاکٹر
کے پاس جا کر کہتا ہے کہ میرے سر میں درد ہے دوا دیجئے۔ ڈاکٹر جو درد کو دیکھ نہیں سکتا یہ نہیں
کہتا کہ ثابت کرو کہ تمہارے سر میں درد ہے بلکہ اس کے کہنے پر ایمان بالغیب لے آتا ہے۔
جب ڈاکٹر دوائی دیتا ہے تو مریض یہ نہیں کہتا کہ ثابت کرو کہ اس دوائی میں شفا کی خاصیت
موجود ہے بلکہ آنکھیں بند کر کے اس کی بات قبول کر لیتا ہے۔ غرضیکہ آنکھوں سے دیکھے بغیر
ایمان نہ لائیں تو ہم ایک قدم بھی آگے نہیں بڑھ سکتے۔ لہٰذا یہ کس قدر حماقت ہے کہ اللہ تعالیٰ
کی ہستی یا اس کے نظام سلطنت کو سمجھنے کی دعوت جب انبیاء علیہم السلام، اولیاء کرام اور

Marfat.com

علمائے راسخین دیں تو لوگ آنکھوں دیکھے بغیر تسلیم کرنے سے انکار کریں۔ یہ زلزلہ جو آتا ہے اُسی طنا بیں ہلانے سے آتا ہے۔ زمین کو تنگی اور فراخی ان کے تصرف میں ہے۔ (علوم ارضیات کے ماہرین زلزلے کی وجوہات کوہ آتش فشاں کا پھٹنا بتلاتے ہیں اور یہ نہیں بتا سکتے کہ کوہ آتش فشاں کب اور کیوں پھٹتا ہے صرف قیاس آرائیوں سے کام لیتے ہیں۔ ممکن ہے کوہ آتش فشاں کا پھٹنا زمین کی طنابیں کھینچنے کی وجہ سے ہو) کوہ قاف کے پیچھے چالیس جہان ہیں۔ اس جہان سے ماورئی۔ ان میں سے ہر جہان کے چار سو حصے ہیں اور ہر حصہ تنہا اس دنیا سے چار گنا اور اس دنیا میں جو کہ کوہ قاف کے پیچھے ہے کوئی اندھیرا نہیں وہاں کبھی رات نہیں ہوتی۔ وہاں کی زمین سونے کی ہے۔ وہاں کے باشندگان سب فرشتے ہیں۔ وہاں نہ آدم ہے نہ ابلیس، نہ بہشت نہ دوزخ۔ ان چالیس جہانوں کے پیچھے حجاب (پردے) ہیں اور ان پردوں کے پیچھے کا حال سوائے حق تعالیٰ کے کسی کو معلوم نہیں۔ اس کے بعد فرمایا کہ اس کوہ قاف کو حق تعالیٰ نے بیل کے دو سینگھوں کے درمیان رکھا ہے۔ اس نرگاؤ کی عمر تیس ہزار سال ہے۔ وہ ہر وقت اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرتا رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ایک سانپ پیدا کیا ہے اور دوزخ کو اُس سانپ کے منہ میں رکھا ہے۔ وہ سانپ زمین کے ساتویں طبقے کے نیچے ہے۔ حضرت خواجہ بزرگؒ نے یہ بھی فرمایا کہ حضرت خواجہ عثمان ہارونی قدس سرہٗ نے قسم کھا کر فرمایا کہ جس روز میں نے یہ حکایات حضرت خواجہ قطب الدین مودودؒ کی زبان سے سنیں۔ آپ نے مراقبے میں سر جھکا لیا کیونکہ اُس وقت ایک اور درویش بھی بیٹھا تھا۔ دونوں (خواجہ مودودؒ اور درویش) غائب ہو گئے اور تھوڑی دیر کے بعد ظاہر ہو گئے۔ درویش نے کہا جو کچھ حضرت خواجہ نے فرمایا۔ اس کے متعلق میرے دل میں شک پیدا ہوا۔ تو آپ نے مجھے وہاں لے جا کر آنکھوں سے دکھا دیا اور میں نے ان چالیس جہانوں کو دیکھا جن کا ذکر خواجہؒ نے فرمایا۔ پس خواجہ معین الدینؒ فرماتے ہیں کہ درویش کو یہ قدرت ہونی چاہیئے کہ اگر کوئی شخص ان کے کلام میں شک کرے تو اسے آنکھوں سے دکھا دے۔ کوہ قاف کی یہی کیفیت حضرت غوث اعظم سید عبدالقادر جیلانیؒ نے بھی کتاب تکملہ کی چوالیسویں حکایت فی مناقب شیخ ابو محمد بن عبداللہ بصریؒ میں بیان فرمائی ہے۔ اس کا ذکر پندرھویں طبقہ

Marfat.com

میں کیا جائے گا. ان دونوں حکایات کا مقصد عالمِ برزخ کا بیان کرنا ہے جسے صوفیاء کی اصطلاح میں عالم مثال بھی کہا جاتا ہے. سیر الاولیا میں لکھا ہے کہ جب خواجہ قطب الدین مودود چشتیؒ کا آخری وقت آیا تو ایک باہیبت شخص اندر آیا اور اس نے حریر پارہ لکھا ہوا. حضرت خواجہ کے ہاتھ میں دیا. آپ نے اس کا مطالعہ فرمایا اور اسے آنکھوں پر رکھ کر جان مشاہدہ حق میں تسلیم کر دی. تجہیز و تکفین کے بعد لوگوں نے آپ کا جنازہ اٹھانے کی کوشش کی لیکن کسی صورت میں جنازہ نہ اٹھ سکا. لوگ حیران ہوئے کہ کیا ماجرا ہے. آخر ایک خوفناک آواز آئی جس سے ڈر کر لوگ دور بھاگ گئے. اس وقت مردانِ غیب آئے اور انہوں نے آپ کی نماز جنازہ پڑھی. اس کے بعد خلق نے جنازہ پڑھا. پھر کیا ہوا کہ آپ کا جنازہ ہوا میں اڑتا ہوا چلا گیا اور لوگ پیچھے پیچھے ہو لیے. آخر ایک جگہ پر جسے حضرت خضرؑ نے پسند فرمایا جنازہ اترا اور آپ کو دفن کیا گیا. آپ کی یہ کرامت دیکھ کر بہت سے کفار اسی روز مسلمان ہوئے آپ کی وفات شریف ۵۲۷ھ میں سلطان فخر الدین سنجر بن ملک شاہ بن سلطان الپ ارسلان سلجوقی کے عہد حکومت میں ہوئی. آپ کا مدفن چشت ہے. رحمتہ اللہ علیہ.

## حضرت خواجہ شریف زندنیؒ

آں محب و محقق صاحب اسرار، آں مقتدائے اولیائے عالی مقدار آں عالم العلوم لدنی قطب افراد خواجہ شریف زندنی قدس سرہٗ ریاضات و مجاہدات، ترک و تجرید میں بڑے عالی ہمت تھے. آپ کے حقائق و معارف میں کلمات بہت ہیں اور توحید کے نکات و اشارات کے لیے لوگ اکثر آپ سے رجوع کرتے تھے. آپ مشائخؒ وقت میں عدیم المثال تھے. آپ نے خرقہ خلافت حضرت خواجہ قطب الدین مودود چشتی قدس سرہٗ سے حاصل کیا. سیر الاولیا میں لکھا ہے کہ خواجہ حاجی شریف زندنیؒ نے چالیس سال گوشہ نشینی اختیار کی اور ویرانے میں رہے اور جنگل کے درختوں سے جو میوہ یا پتے گرتے تھے اسی سے آپ قوت لایموت (اس قدر خوراک کہ جو موت سے بچا سکے) حاصل کرتے تھے. آپ دنیا سے سخت متنفر تھے. جب کوئی شخص آپ سے ملنے کی خواہش کرتا تو خادم

Marfat.com

اسے نصیحت کر دیتا تھا کہ دنیا اور اہل دنیا کا ذکر نہ کرنا ورنہ زیارت کے شرف سے محروم رہ جاؤ گے۔ ایک دن ایک آدمی نے آپ کی خدمت میں نذر پیش کی۔ آپ نے فرمایا ہمیں اس کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ صحرا جو تم دیکھ رہے ہو خزانۂ غیب سے بھرا پڑا ہے۔ جب اس شخص نے صحرا کی طرف نظر کی سونے کی ایک ندی صحرا میں بہہ رہی تھی۔ یہ دیکھ کر وہ بہت حیران ہوا۔ حضرت خواجہ کا مقصد یہ تھا کہ آئندہ کوئی شخص اس قسم کی حرکت نہ کرے۔ آپ تنہائی اور تجرّد کی حالت میں بڑے اطمینان سے رہتے تھے۔ سیر الاولیا میں لکھا ہے کہ سلطان سنجر سلجوقی کو مرنے کے بعد کسی نے خواب میں دیکھا۔ اس نے پوچھا حق تعالےٰ نے تمہارے ساتھ کیا معاملہ کیا۔ اس نے جواب دیا کہ دنیا میں میں نے جو نیکی اور بدی کی تھی سب میرے سامنے لائی گئی اور دوزخ کے فرشتوں کو حکم ہوا کہ مجھے دوزخ میں لے جائیں۔ اسی اثنا میں فرمان ہوا کہ فلاں وقت مسجد دمشق میں اس نے حاجی شریف زندنیؒ کی قدم بوسی حاصل کی تھی ان کے طفیل ہم نے اسے بخش دیا۔ آپ کے کمالات کا اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ خواجہ عثمانؒ جیسے جلیل القدر بزرگ آپ کے مرید ہیں۔ آپ کا وصال تین ماہ رجب کو ہوا۔ لیکن سن وفات نظر سے نہیں گذرا۔ بہرحال آپ خواجہ یوسف ہمدانیؒ کے ہم عصر تھے۔ اور آپ کی مرقد مبارک ملک شام میں زیارت گاہِ خلق ہے۔ رحمتہ اللہ علیہ۔

Marfat.com

# حضرت خواجہ عثمان ہارونی رح

آں امام اربابِ طریقت، آں پیشوائے اولیائے حقیقت، آں دائم بر مقام مشاہدہ افزونی قطبِ ارشاد حضرت خواجہ عثمان ہارونی قدس سرہٗ اہل بصرت کے مقتدا تھے۔ اور اس طائفہ کے محتشمان میں سے تھے۔ آپ تمام علوم ظاہری و باطنی میں کمال رکھتے تھے۔ اور ریاضت و مجاہدات میں بے نظیر تھے۔ آپ نے خرقۂ خلافت خواجہ حاجی شریف زندنیؒ سے حاصل کیا۔ آپ کا اصلی وطن خراسان ہے اور آپ قصبہ ہارون کے رہنے والے تھے جو نیشاپور کے قریب ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ ہارون ولایت فرغانہ یعنی ماوراء النہر میں ایک قصبہ کا نام ہے۔ لیکن آپ اکثر سفر میں رہتے تھے اور نہایت تجرید و تفرید میں زندگی بسر کرتے تھے۔ آپ نے اپنے وقت کے تمام مشائخ کی صحبت پائی ہے اور ان سے فیوض حاصل کئے ہیں۔ آپ ہر فن میں منتہی تھے۔ اور نہایت قوی تصرف رکھتے تھے۔ آپ کی ولایت کے کمالات کا اس بات سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ خواجہ بزرگ حضرت خواجہ معین الدین حسن سنجری ثم اجمیری قدس سرہٗ جیسے شاہباز آپ کے مرید تھے۔ سیر الاولیاء میں لکھا ہے کہ حضرت خواجہ عثمان ہارونیؒ بار بار فرمایا کرتے تھے کہ ہمارا معین الدین حق تعالےٰ کا محبوب ہے اور مجھے ان کی مریدی سے فخر حاصل ہے خواجہ بزرگؒ انیس الارواح میں تحریر فرماتے ہیں کہ مجھے شہر بغداد میں خواجہ جنیدؒ کی مسجد میں سید العابدین، بدر العارفین شیخ الاعظم خواجہ عثمان ہارونی قدس سرہٗ کی دولتِ پابوسی نصیب ہوئی۔ اس وقت بڑے بڑے مشائخ آپ کی خدمت میں

Marfat.com

حاضر تھے۔ اس درویش نے آپ کے پاؤں پر سر رکھا۔ آپ نے فرمایا دوگانہ نماز ادا کرو میں نے دوگانہ پڑھا۔ آپ نے فرمایا قبلہ رو ہو کر بیٹھو۔ میں نے حکم کی تعمیل کی پھر فرمایا کہ سورہ لبقر مکمل پڑھو۔ میں نے پڑھی۔ فرمایا بیس بار کلمہ سُبحان اللہ پڑھو۔ میں حکم بجالایا۔ اس کے بعد آپ کھڑے ہو گئے اور منہ آسمان کی طرف کر کے میرا ہاتھ پکڑا اور فرمایا آؤ میں تجھے خدا کے سپرد کرتا ہوں۔ یہ کہہ کر آپ نے اپنے دست مبارک سے میرے سر پر قینچی چلائی اور کلاہ چار ترکی اس درویش کے سر پر رکھی۔ گلیم خاص عطا فرمائی اور فرمایا بیٹھ جاؤ۔ میں بیٹھ گیا۔ فرمایا سورہ اخلاص ایک ہزار بار پڑھو۔ میں نے تعمیل کی۔ اس کے بعد فرمایا کہ ہمارے سلسلہ میں ایک دن رات کا مجاہدہ ہے۔ آج کا دن اور رات مشغولی میں گذارو۔ اس درویش نے آپ کے فرمان کے مطابق طاعت اور شغل باطن میں یہ وقت بسر کیا۔ دوسرے دن حضرت خواجہؒ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ فرمایا بیٹھو۔ میں بیٹھ گیا۔ فرمایا اوپر دیکھو۔ میں حکم بجالایا۔ آپ نے فرمایا کہاں تک نظر جاتی ہے۔ عرض کیا عرشِ اعظم تک۔ فرمایا زمین کی طرف دیکھو۔ میں نے حکم کی تعمیل کی۔ فرمایا کہاں تک دیکھ سکتے ہو۔ عرض کیا تحت الثریٰ تک۔ اس کے بعد فرمایا ایک ہزار بار سورہ فاتحہ پڑھو۔ میں نے پڑھا۔ فرمایا پھر آسمان کی طرف دیکھو۔ میں نے اوپر دیکھا۔ فرمایا کہاں تک دیکھ سکتے ہو۔ عرض کیا کہ حجاب عظمت تک۔ پھر فرمایا کہ آنکھیں بند کرو میں نے آنکھیں بند کر لیں۔ فرمایا آنکھیں کھولو۔ میں نے کھول دیں۔ آپ نے اپنی دو انگلیاں میرے سامنے کیں۔ فرمایا کیا دیکھتے ہو میں نے عرض کیا اٹھارہ ہزار جہان انگلیوں کے درمیان دیکھ رہا ہوں۔ پس آپ نے فرمایا جاؤ تمہارا کام ہو گیا۔ آپ کے سامنے ایک اینٹ پڑی تھی۔ فرمایا اسے توڑ دو۔ میں نے اینٹ کو توڑا تو مٹھی بھر سنہری دینار بن گئے۔ فرمایا یہ لے جاؤ اور درویشوں میں صدقہ کر دو۔ جب میں خیرات کر کے خدمت اقدس میں واپس آیا تو آپ نے فرمایا کہ چند یوم میری صحبت میں رہو۔ میں نے عرض کیا کہ حکم کی تعمیل کر دوں گا۔ اس کے بعد آپ کعبۃ اللہ کی طرف سفر پر روانہ ہو گئے جب کعبہ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا وہاں بھی آپ نے میرا ہاتھ پکڑا اور خدا تعالےٰ کے سپرد کیا اور میزاب رحمت (کعبۃ اللہ کا پرنالہ جہاں ہر دعا قبول ہوتی ہے) کے نیچے

کھڑے ہو کر میرے لیے دعا مانگی۔ آواز آئی کہ "معین الدین سنجری کو ہم نے قبول کیا۔ وہاں سے ہم مدینہ منورہ گئے۔ جب روضۂ اطہر پر حاضر ہوئے تو آپ نے حکم دیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام عرض کرو۔ میں نے سلام عرض کیا تو اندر سے آواز آئی "وعلیک السلام یا قطب المشائخ" (یعنی تم پر سلام ہو اے مشائخ کے قطب) جب یہ آواز آئی تو آپ نے فرمایا جاؤ کمالات کو پہنچ گئے۔ اس کے بعد وہاں سے سیر کرتے ہوئے بدخشاں پہنچے وہاں خواجہ جنید بغدادیؒ کے خاندان سے ایک بزرگ رہتے تھے۔ جن کی عمر ایک سو چالیس سال تھی۔ ان کی زیارت سے مشرف ہوئے اور عجیب صحبت پائی۔ وہاں سے بخارا گئے اور وہاں کے بزرگان کی زیارت کی ان میں سے ہر بزرگ ایسی شان رکھتا تھا جو دائرہ تحریر سے باہر ہے۔ اسی طرح دس سال تک حضرت خواجہ کی خدمت میں شریک سفر رہا۔ اس کے بعد بغداد پہنچ کر آپ معتکف ہو گئے اور کچھ عرصہ کے بعد پھر سفر پر روانہ ہو گئے اور مزید دس سال تک سفر میں رہے۔ حتیٰ کہ بیس سال پورے ہو گئے۔ اس دوران میں یہ درویش ہمیشہ حضرت خواجہ کا بستر اور کوزہ اٹھائے رہتا تھا۔ بیس سال کے بعد آپ نے بغداد میں گوشہ نشینی اختیار کر لی اور اس درویش کو حکم ہوا کہ ہم باہر نہیں آئیں گے لیکن روزانہ چاشت کے وقت آجایا کرو اور ہم تجھے فقر کی تعلیم دیں گے۔ تاکہ یادگار رہے۔ اس درویش نے اسی طرح کیا چنانچہ کتاب انیس الارواح میں خواجہ بزرگؒ نے اپنے شیخ کے ملفوظات اٹھائیس مجالس میں جمع کیے ہیں۔ اس میں سے صرف ایک مجلس کا ذکر تبرکاً کیا جاتا ہے

## تیسری مجلس

شہروں کی خرابی کے متعلق بات ہو رہی تھی۔ حضرت نے فرمایا کہ آخری زمانے میں گناہوں کی شامت سے شہر خراب ہو جائیں گے۔ خواجہ قطب الدین مودود چشتی قدس سرہٗ نے مجھ سے فرمایا کہ ایک دفعہ میں سمرقند کی طرف سفر کر رہا تھا۔ وہاں ایک بزرگ رہتے تھے۔ انہوں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کی کہ جب یہ آیت

Marfat.com

نازل ہوئی قال اللہ تعالیٰ وان من قریۃ الا نحن مھلکوھا قبل یوم القیامۃ او معذبوھا عذاباً شدیداً کان ذالک فی الکتاب مسطورا (اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ کوئی ایسا شہر یا بستی نہیں کہ جسے ہم تباہ نہیں کرتے۔ یوم قیامت سے پہلے یا سخت عذاب نازل کرتے ہیں سخت عذاب اور یہ چیز لوح محفوظ میں لکھی جا چکی ہے اپس مکہ کو حبشی ویران کریں گے۔ مدینہ قحط سے ویران ہو جائے گا۔ اور خلقت بھوکوں مرجائے گی۔ بصرہ اور عراق شراب خوری کی شامت سے تباہ ہوں گے اور بلخ (ٹڈی) آسمان سے وارد ہوگی۔ روم لواطت کی وجہ سے تباہ ہوگا۔ آسمان سے ایک آندھی آئے گی۔ سب لوگ سوئے ہوئے ہوں گے اور سب سور اور کتے بن جائیں گے۔ خراسان سے بلخ تک سارا علاقہ اسلئے تباہ ہوگا کہ اہل تجارت خیانت کریں گے اور مسلمان مردار خور بن جائیں گے۔ خوارزم اور اس کے گرد و نواح کے علاقے مزامیر دگانے بجانے) کی شامت سے خراب ہوں گے۔ اور لوگ ایک دوسرے کو قتل کر دیں گے اور ہلاک ہوں گے۔ سیستان میں تند و تیز آندھیوں اور زلزلوں کی وجہ سے پہاڑ پارہ پارہ ہو جائیں گے اور لوگ نیست و نابود ہو جائیں گے۔ مصر اور دمشق اس وجہ سے تباہ ہوں گے کہ آخری زمانے میں لوگ عورتوں کو تختہ دار پر لٹکائیں گے اور کہیں گے کہ یہ فاطمہ ہے۔ ان کے منہ میں خاک۔ پس حق تعالیٰ ان سب کو زمین میں دھنس کر ہلاک کر دے گا۔ اور سندھ کی ویرانی ہند کی وجہ سے ہوگی اور ہند کی ویرانی سندھ کی وجہ سے۔ جب شراب خوری اور زنا کی کثرت ہو جائے گی تو حق تعالیٰ آندھی کو حکم دے گا جو سب کو ہلاک کر دے گی۔ پھر فرمایا کہ جب شہر اس طرح تباہ ہو جائیں گے تو محمد بن عبداللہ علیہ السلام (مہدی آخرالزماں) باہر آئیں گے اور شرق سے غرب تک عدل کریں گے اور حضرت عیسیٰ بن مریم (علیہما السلام) آسمان سے نیچے آئیں گے۔ اس وقت دین اسلام کا غلبہ ہوگا۔ اس کے بعد فرمایا کہ اسوقت دن بہت چھوٹے ہو جائیں گے اور شاید ایک وقت نماز پڑھی جا سکے۔ اس وقت سال مہینے کی طرح، مہینہ ہفتے کی طرح اور ہفتہ دن کی طرح ہوگا اور دن ایک وقت کی نماز کے

برابر ہوگا۔ یہ کہہ کر حضرت خواجہ آبدیدہ ہو گئے اور فرمایا اے درویش لوگوں کو چاہئے کہ اب سال، ماہ، ہفتہ اور دن کو آخیر وقت سمجھیں کیونکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کو چار سو سال سے کچھ زائد عرصہ گذرا ہے کہ آدمیوں سے کتّے کے بچّے پیدا ہو رہے ہیں حضرت خواجہ بزرگ آخری مجلس کے اختتام پر فرماتے ہیں کہ جب حضرت خواجہ عثمان ہارونی قدس سرہٗ نے یہ فوائد ختم کئے عصا اس درویش کو عطا فرمایا اور مصلےٰ اور خرقہ بھی عنایت فرمایا۔ اور یہ بھی فرمایا کہ یہ ہمارے خواجگان کی یادگار ہے۔ یہ لو اور جس کو لائق سمجھو دے دینا۔ جب حضرت خواجہ نے یہ فوائد تمام کئے تو مشغول ہو گئے اس درویش نے اپنا چہرہ زمین پر رکھا اور رخصت ہو گیا۔ الحمد للہ علی کل حال (ہر حال پر اللہ تعالیٰ کا شکر ہے) خواجہ بزرگؒ نے سورہ فاتحہ کی اکثر مقامات پر بہت فضیلت بیان فرمائی ہے۔ سیر الاولیا میں لکھا ہے کہ خواجہ بزرگؒ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ میں خواجہ عثمان ہارونی قدس سرہٗ کی خدمت میں مسافر تھا۔ ہم دریائے دجلہ کے کنارے پر پہنچے کشتی نہ تھی۔ حضرت خواجہؒ نے فرمایا آنکھیں بند کرو۔ میں نے حکم کی تعمیل کی اور بلا تکلف آپ کے ساتھ پانی پر چلتا گیا۔ اس کے بعد میں نے عرض کیا کہ یہ کس طرح ہوا۔ آپ نے فرمایا۔ میں نے پانچ دفعہ سورہ فاتحہ پڑھی۔ سیر الاولیاء میں یہ بھی لکھا ہے کہ ایک دن ایک بوڑھا آدمی نہایت پریشان حالت میں حضرت خواجہ عثمان ہارونیؒ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ چالیس سال سے میرا لڑکا گم ہے۔ مجھے اس کے مرنے جینے کی کوئی خبر نہیں۔ آپ کی خدمت میں اس لیے حاضر ہوا کہ آپ اس کے لیے فاتحہ پڑھیں۔ آپ نے سر نیچے کیا اور تھوڑی دیر کے بعد سر اٹھا کر حاضرین مجلس سے فرمایا کہ سب لوگ اس نیت سے فاتحہ پڑھو کہ اس کا لڑکا واپس آجائے۔ جب سب نے فاتحہ پڑھی تو آپ نے اس آدمی سے فرمایا کہ گھر جاؤ تمہارا لڑکا آگیا ہوگا۔ جب وہ گھر گیا تو لڑکا پہلے موجود تھا۔ اسے لے کر حضرت خواجہؒ کی خدمت میں حاضر ہو۔ جب اس سے احوال دریافت کیے گئے تو اس نے بتایا کہ مجھے لوگوں نے ایک جزیرے میں زنجیروں سے جکڑ رکھا تھا۔ حضرت خواجہؒ کی شکل کے ایک بزرگ میرے نزدیک آئے۔ انہوں نے زنجیروں پر نگاہ ڈالی تو وہ ٹوٹ کر گر پڑیں اور انہوں نے میرا ہاتھ پکڑ

Marfat.com

کر اپنے گھر پہنچایا۔ سیرالاولیاء میں لکھا ہے کہ خواجہ بزرگؒ فرماتے ہیں کہ میرا ایک ہمسایہ تھا جو حضرت خواجہ عثمان ہارونیؒ کا مرید تھا۔ جب وہ فوت ہوا تو ہم نے اس کا جنازہ پڑھا اور دفن کرنے کے لیے قبرستان لے گئے۔ دفن کرنے کے بعد جب سب لوگ واپس چلے گئے تو میں اس کی قبر پر مراقب ہو گیا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ عذاب کے فرشتے پہنچ گئے ہیں۔ لیکن خواجہ عثمان ہارونیؒ فوراً وہاں پہنچ گئے اور فرشتوں سے کہا کہ یہ میرا مرید ہے۔ اس پر عذاب نہ کرو۔ فرشتوں کو حکم ہوا کہ خواجہ عثمان ہارونیؒ سے کہو کہ یہ شخص آپ کے برخلاف تھا۔ خواجہ صاحبؒ نے فرمایا بیشک وہ میرے برخلاف تھا لیکن اس نے اپنے آپ کو میرے حلقے میں باندھ لیا ہے۔ اس کے بعد فرشتوں کو حکم ہوا کہ اسے چھوڑ دو عثمانؒ کا مرید ہے۔ ہم نے اسے ان کی بدولت بخش دیا۔

سیرالعارفین میں لکھا ہے کہ جب خواجہ بزرگؒ حضرت خواجہ عثمان ہارونیؒ سے رخصت ہو کر روانہ ہو گئے تو چند روز کے بعد خواجہ عثمان ہارونیؒ محبت کے غلبہ سے جو ان کو اپنے پیارے مرید سے تھی ان کے پیچھے روانہ ہوئے۔ اتفاقاً ان کا ایسی جگہ سے گذر ہوا جہاں آتش پرست آباد تھے۔ ان کا ایک آتش کدہ تھا۔ جس پر انہوں نے گنبد بنایا تھا۔ اس میں روزانہ کئی سو من لکڑی جلتی تھی۔ حضرت خواجہؒ نے وہاں سے دور

ایک درخت کے نیچے ندی کے کنارے قیام فرمایا آپ نے اپنے خادم فخرالدین کو حکم فرمایا کہ اس قصبہ سے کچھ آٹا اور آگ لے آئے تاکہ افطار کے لیے روٹی پکائی جائے۔ خادم نے آٹا خریدا لیکن آتش پرستوں نے جو آگ کے گرد بیٹھے تھے آگ دینے سے انکار کر دیا۔ خادم نے حضرت خواجہ علیہ رحمتہ کی خدمت میں جا کر ماجرا بیان کیا۔ آپ کے دل میں اسلامی غیرت نے جوش مارا۔ آپ فوراً آتش کدہ کے کنارے پر پہنچے جہاں آتش پرستوں کا سردار مختار نامی اپنے سات سالہ بچے کو گود میں لیے تخت پر بیٹھا تھا اور اس کے گرد تمام آتش پرست بیٹھے آگ کی پوجا کر رہے تھے۔ حضرت خواجہؒ نے آتش پرستوں کے سردار سے کہا کہ جو آگ تھوڑے پانی سے ختم ہو جاتی ہے اسے پوجنے کا کیا

فائدہ۔ خالق مطلق کی پرستش کیوں نہیں کرتے جو تمہارے کام بھی آسکے۔ کیونکہ یہ آگ وغیرہ سب اس کی مخلوق ہے۔ اس نے جواب دیا کہ ہمارے مذہب میں آگ کا بڑا درجہ ہے۔ اس لیے ہم اس کی پوجا کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا اتنے سال ہو گئے ہیں تم لوگ اس کی پوجا کر رہے ہو۔ آؤ اس کے اندر ہاتھ ڈال کر دیکھو کہ تمھیں جلاتی ہے یا چھوڑ دیتی ہے۔ اس نے جواب دیا کہ جلانا آگ کی خاصیت ہے کسی کی کیا مجال کہ اس کے قریب جا سکے۔ آپ نے اس کی گود سے بچہ کھینچ لیا اور اٹھا کر آگ کی طرف دوڑے یہ دیکھ کر آتش پرست فریاد کرنے لگے۔ آپ نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر آیۂ پاک قل یا نار کونی بردًا وسلام علی ابراھیم (اے آگ ابراہیمؑ پر ٹھنڈی ہوا در سلامتی بن جا) پڑھی اور آگ کے اندر چلے گئے اور کامل چار گھنٹے وہاں ٹھہرے رہے لیکن آپ کا اور بچّے کا ایک بال بھی نہ جلا۔ اس کے بعد آتش پرستوں نے بچّے سے پوچھا کہ وہاں تم نے کیا دیکھا۔ بچے نے جواب دیا کہ وہاں گل و گلزار کے سوا کوئی چیز نظر نہیں آتی تھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضرت خواجہؒ کی ولایت ابراہیمی تھی۔ آپ کی یہ کرامت دیکھ کر تمام آتش پرست یکبارگی مسلمان ہو گئے۔ آپ نے مجیتا کا نام عبداللہ اور اس کے لڑکے کا نام ابراہیم رکھا۔ اور دونوں کی تربیت فرمائی حتیٰ کہ دونوں ولایت اور ارشاد کے درجہ تک پہنچ گئے۔ خلافت پائی اور مجاز ہوئے اسیر العارفین کے مصنف لکھتے ہیں کہ میں نے وہ جگہ دیکھی ہے اور معتبر لوگوں سے میں نے تحقیق کی ہے کہ آپ ڈھائی سال اس مقام پر قیام پذیر رہے اور عبداللہ اور ابراہیم کی تربیت فرمائی۔ مسلمان ہونے کے بعد آتش پرستوں نے آتش کدہ کی بجائے ایک عظیم الشان عمارت تعمیر کرلی اور عبداللہ اور ابراہیم کے مقبرے بھی وہاں موجود ہیں۔

گنج الاسرار کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت خواجہ عثمان ہارونیؒ کو حضرت خواجہ بزرگ خواجہ معین الدینؒ سے اس قدر محبت تھی کہ ان سے ملاقات کے لیے آپ دہلی تشریف لائے اور چند روز دونوں بزرگان دہلی میں اکھٹے رہے ہیں۔ لیکن یہ روایت بہت ضعیف ہے کیونکہ کتاب گنج الاسرار اور دیگر رسالے مجاوروں نے جمع کئے ہیں۔ لہذا معتبر

Marfat.com

نہیں ہیں. حضرت خواجہ نصیر الدین اودھیؒ (چراغ دہلی) نے بھی اس روایت سے انکار فرمایا ہے. حضرت خواجہ عثمان ہارونیؒ طویل سفر کے بعد آخر عمر میں پھر مکہ معظمہ جاکر معتکف ہو گئے آپ نے حق تعالیٰ سے دو دعائیں مانگی تھیں. ایک یہ کہ آپ کی قبر مکہ معظمہ میں ہو اور اس کا ہمیشہ نشان باقی رہے تاکہ فاتحہ کا ثواب ملتا رہے. کیونکہ کعبہ شریف میں یہ رسم ہے کسی قبر کا نشان نہیں چھوڑتے اور خاک کے ساتھ برابر کر دیتے ہیں. دوسری دعا آپ نے یہ مانگی کہ میرے فرزند معین الدینؒ نے مدت دراز تک مقام تجرید و تفرید میں بندہ کی خدمت کی ہے اسے وہ ولایت عطا ہو کہ کسی اور کو اس قسم کی ولایت عطا نہ ہوئی ہو. ہاتف نے آواز دی کہ تمہاری قبر مکہؔ میں ہوگی اور اس کا نشان کوئی نہیں مٹا سکے گا. اور معین الدینؒ کو ہندوستان کی وہ ولایت عطا ہوگی جو آج تک ہم نے کسی اہل اسلام کو نہیں دی. لیکن اسے چاہیے کہ پہلے مدینہ جائے اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اجازت سے ہند کی ولایت میں جاکر تصرف کرے. پس خواجہ عثمان ہارونیؒ نے سجدۂ شکر الٰہی ادا کیا اور مشائخ عظام کی سب امانت مع اسمائے معظم و خرقۂ خلافت حضرت خواجہ معین الدینؒ قدس سرہٗ کو عطا فرمائی اور مدینہ منورہ کی طرف رخصت فرمایا. جب خواجہ بزرگؒ حضرت رسالت پناہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت سے مشرف ہوئے. آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کمال مہربانی سے پیش آئے اور ہندوستان کی ولایت آپ کے حوالہ فرمائی. اس کے بعد فرمایا کہ تمہارا مسکن اجمیر مقرر ہوا ہے. وہاں جاکر رہو اور تمہارے وہاں پہنچنے کے بعد ہندوستان میں اسلام کی بہت ترقی ہوگی. چنانچہ یہی ہوا. کیونکہ آپ سے پہلے بہت شاہان اسلام نے ہندوستان جاکر بہت کوششیں کیں لیکن کوئی خاص کامیابی نہ ہوئی. چنانچہ تاریخ کی کتابوں میں

---

۱؎ آپ کی قبر آج تک مکہ معظمہ میں سابق شریف مکہ شریف حسین کے محل میں موجود ہے. بندہ مترجم مولانا و مرشدنا حضرت سید محمد ذوقی شاہ قدس سرہ کی معیت میں حضرت خواجہ عثمان ہارونیؒ قدس سرہ کی قبر کی زیارت سے ۱۳۷۰ھ مطابق ۱۹۵۱ء میں مشرف ہوا اور فاتحہ پڑھی. یہ قبر مبارک محل کے صحن میں ہے اور کسی نے اس کے گرد لکڑی کا چبوترہ لگا دیا ہے. اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اب وہ ہمیشہ کے لیے محفوظ ہو گئی ہے اور اللہ تعالیٰ کا وعدہ پورا ہو چکا ہے.

مفصل اس کا ذکر موجود ہے اور اس کا مجمل ذکر ہم نے خواجہ ابو محمد چشتیؒ کے حالات میں کر دیا ہے. حق سبحانہٗ تعالےٰ نے خواجہ بزرگؒ کی تشریف آوری کے بعد ہندوستان کے راجہ رائے پتھورا (پرتھوی راج) کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دیا اور اس کی جگہ سلطان فخرالدین سام (سلطان شہاب الدین غوریؒ) کو شاہ ہندوستان مقرر فرمایا اور اسلام کو بہت ترقی حاصل ہوئی. جیسا کہ اظہر من الشمس ہے. حضرت خواجہ عثمان ہارونیؒ نے بقیہ عمر مکہ معظمہ میں بسر فرمائی اور ہمیشہ خواجہ بزرگؒ کی کامیابی کے لیے حق تعالےٰ سے دعا مانگتے رہے. حتیٰ کہ آپ کو اطمینان ہو گیا اور چھ شوال سنہ ۶۰۷ھ کو رحلت فرمائی اور مکہ معظمہ میں دفن ہوئے چنانچہ آج تک آپ کی قبر زیارت گاہ خلق بنی ہوئی ہے. رحمۃ اللہ علیہ۔

الٰہی تا بود خورشید و ماہی
چراغِ چشتیاں را روشنائی

---

# حضرت خواجہ معین الدین چشتی قدس اللہ سرہ العزیز

امام ارباب طریقت، پیشوائے اصحاب حقیقت، مستغرق در ذات ذوالجلال، ناطق بلسانِ احوال، طوفانِ ضلالت کی کشتی، قطبِ وحدت، حضرت خواجہ معین الحق والدین چشتی قدس سرہٗ بن سید غیاث الدین حسن سنجری اولیائے کبار اور عارفینِ صاحب اسرار میں سے تھے۔ آپ کے کمالات وکرامات بیشمار ہیں۔ حقائق ومعارف میں آپ کے کلمات بہت بلند ہیں۔ آپ حق تعالیٰ کے مخصوصان ومقربان خاص میں سے تھے اور آپ کا شان بہت بلند اور حال نہایت قوی تھا۔ جو شخص آپ کا چہرہ مبارک دیکھتا تھا وحدانیتِ حق اور رسالتِ مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام پر ایمان لے آتا تھا۔ ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں جو لوگ غیر اللہ کی پرستش میں مبتلا تھے آپ ان سب کو شرک کی تاریکی سے نکال کر ایمان کی روشنی میں لے گئے یہ اس وجہ سے تھا کہ بحکم حدیث اَلشَّیْخُ فِی الْقَوْمِ کَالنَّبِیِّ فِی الْاُمَّۃِ (شیخ اپنی قوم میں اس طرح ہے جس طرح ایک نبی اپنی امت میں) آپ وارث بلکہ نائب رسول صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ چنانچہ آپ کو رسولِ ہند کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ انیس ارواح اور دیگر کتب میں لکھا ہے کہ آپ ساداتِ حسینی ہیں۔ یعنی خواجہ معین الدین بن سید غیاث الدین حسن بن سید احمد حسن بن سید طاہر حسن بن سید عبد العزیز بن سید ابراہیم بن امام علی موسےٰ رضا رضی اللہ عنہ، بن امام موسیٰ کاظمؓ بن حضرت امام جعفر صادقؓ بن امام محمد باقر رضی اللہ عنہ بن امام زین العابدینؓ بن امام حسینؓ بن امیرالمومنین علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہٗ

Marfat.com

**عالی مقام** آپ کے کمالات کا اس بات سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے وقت سے لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ مبارک تک ملک ہندوستان میں کوئی نبی مبعوث نہیں ہوئے۔ چنانچہ احادیث صحیح سے ثابت ہے کہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے عہد مبارک سے پانچ سو سال تک آپ کے سوا حق تعالیٰ نے کسی ولی اللہ کو اس قدر تصرف عطا نہیں کیا کہ جس نے پورے ہندوستان کو جو ابتدائے آفرینش سے شرک کی تاریکی میں ڈوبا ہوا تھا۔ اپنی ولایت کی قوت سے نورِ وحدانیت سے منور کر دیا۔ جیسا کہ اظہر من الشمس ہے۔ اس بارے میں اس زمانے کے ایک بزرگ نے کیا خوب کہا ہے۔ قطعہ ؎

ہمہ غافل از حکم دینِ شریعت ہمہ بے خبر از خدا و پیمبرؐ
نہ ہرگز کسے دیدہ منجار قبلہ نہ ہرگز شنیدہ کس اللہ اکبر

(سب لوگ شریعت کے احکام سے غافل اور خدا اور رسولؐ سے بے خبر تھے نہ کسی نے کعبہ دیکھا تھا نہ کبھی اللہ اکبر کی آواز سنی تھی۔) شعر:-

از فیضِ او بجائے صلیب و کلیسیا در دارِ کفر ہست محراب و منبراست
آنجا کہ بود نعرۂ فریادِ مشرکاں اکنوں خروش نعمہ اللہ اکبر است

خواجۂ بزرگ نے خرقۂ خلافت حضرت خواجہ عثمان ہارونی رحؒ سے حاصل کیا اور آپ کو اپنے زمانہ کے تمام مشائخ کی صحبت حاصل ہوئی ہے۔ آپ کی ولادت باسعادت قصبہ سنجر میں ہوئی اور خراساں میں پرورش پائی۔ سیر العارفین میں لکھا ہے کہ جب آپ کی عمر پندرہ برس کی ہوئی تو آپ کے والد بزرگوار خواجہ غیاث الدین قدس سرہٗ نے جو نہایت ہی متقی و پرہیزگار تھے وفات پائی۔ آپ کا ایک باغ تھا جس کی آمدنی سے بسر اوقات ہوتی تھی۔ وہاں ایک مجذوب رہتے تھے۔ جن کا نام ابراہیم تھا۔ ایک دن ان کا گذر حضرت خواجۂ بزرگ کے باغ میں ہوا۔ آپ نے ان کو نہایت عزت و تکریم کے ساتھ درخت کے نیچے بٹھایا، انگوروں کا خوشہ پیش کیا اور ادب سے اُن کے سامنے بیٹھ گئے۔ ابراہیم نے بغل سے کھلی نکال اور چبا کر حضرت خواجۂ بزرگ کے منہ میں ڈال دی۔ اُسے کھاتے ہی آپ کے باطن میں نورِ معرفت

Marfat.com

چمکنے لگا۔ چنانچہ آپ گھر بار اور ملک املاک سے متنفر ہو گئے۔ دو تین دن کے اندر آپ نے اپنا باغ اور سامان فروخت کر کے درویشوں میں تقسیم کر دیا اور طلب حق میں روانہ ہو گئے مدت تک آپ سمرقند اور بخارا میں رہے۔ کلام پاک حفظ کیا اور ظاہری علم حاصل کیا۔ جب آپ نے دیکھا کہ اس سے بھی مقصد حاصل نہیں ہُوا تو وہاں سے آپ مرشد کی تلاش میں عراق (عرب) تشریف لے گئے جب آپ قصبہ ہارون جو نیشاپور کے نواح میں ہے پہنچے تو حضرت خواجہ عثمان ہارونی قدس سرہٗ کی زیارت نصیب ہُوئی۔ آپ نے ڈھائی سال تک اپنے مرشد کی خدمت میں رہ کر تربیت حاصل کی اور ریاضات و مجاہدات میں مشغول رہے جب آپ مرتبۂ تکمیل تک پہنچے تو خواجہ عثمان ہارونی رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کو خرقۂ خلافت دے کر رخصت کر دیا لیکن خواجہ بزرگ خود انیس الارواح میں تحریر فرماتے ہیں کہ حضرت خواجہ عثمان ہارونیؒ کی زیارت کے لیے میں بغداد پہنچا اور بیس سال آپ کی خدمت میں رہ کر ظاہری اور باطنی سفر طے کئے اس کے بعد خرقۂ خلافت سے مشرف ہُوا چنانچہ اس کا ذکر حضرت خواجہ عثمان ہارونیؒ کے حالات میں ہو چکا ہے وہاں سے آپ قصبہ سنجان میں تشریف لائے اس وقت شیخ نجم الدین کبریٰ قدس سرہٗ بغداد میں ابتدائی سلوک طے کر رہے تھے۔ خواجہ بزرگ قدس سرہٗ نے ان کے حق میں دُعا کی اور خرقۂ خلافت عطا فرمایا۔ شیخ شہاب الدین سہروردیؒ نے بھی ابتدائے حال میں آپ سے فیض حاصل کیا ہے چنانچہ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی قدس سرہٗ نے خواجہ بزرگ کے ملفوظات میں اکثر جگہ لکھا ہے کہ شیخ شہاب الدین سہروردیؒ اور شیخ اوحد کرمانیؒ ڈھائی مہینے آپ کی خدمت میں رہے وہاں سے خواجہ بزرگ قصبہ جبال تشریف لے گئے جو بغداد سے سات دن کے راستہ پر کوہ جودی کے دامن میں واقع ہے۔ شیخ محی الدین عبدالقادر جیلی قدس سرہٗ اس وقت وہاں تشریف رکھتے تھے۔ آپ پانچ ماہ اور سات دن اُن کی صحبت میں رہے اور دونوں حضرات کے درمیان راز و نیاز کی مجالس گرم رہیں وہاں سے آپ بغداد تشریف لے گئے اور شیخ ضیاء الدین ابونجیب سہروردیؒ کی صحبت میں رہے اور بہت محظوظ ہُوئے۔ شیخ اوحد کرمانیؒ اس وقت ابتدائے سلوک میں تھے۔ خواجہ بزرگ نے ان کے حق میں بھی توجہ فرمائی اور خرقۂ خلافت عطا فرمایا۔ آپ

بغداد سے چل کر ہمدان پہنچے وہاں شیخ یوسف ہمدانیؒ جو اُس وقت کے بڑے بزرگ تھے کی صحبت حاصل ہوئی۔ اس کے بعد آپ تبریز تشریف لے گئے اور شیخ ابوسعید تبریزیؒ جو بڑے عارفِ کامل، مجرد اور متوکل تھے کی صحبت حاصل کی۔ سلطان المشائخ فرماتے ہیں کہ شیخ ابوسعیدؒ کے شیخ جلال الدین تبریزیؒ کی طرح ستر مُرید تھے

**مجاہدات**

خواجہ قطب الدین بختیار کاکی قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ خواجہ بزرگؒ نے بڑے بڑے مجاہدات کئے۔ آپ سات دن کے بعد پانچ مثقال کے برابر روٹی پانی میں بھگو کر کھاتے تھے۔ آپ کا لباس دو چادریں تھیں جن میں کئی پیوند لگ چکے تھے۔ پیوند لگانے کے لیے جس قسم کا کپڑا مل جاتا آپ چادر میں سی لیتے تھے۔ جب آپ اصفہان تشریف لے گئے تو شیخ محمود اصفہانیؒ جو وہاں کے بڑے مشائخ تھے کی خدمت میں گئے خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کا اس وقت یہ ارادہ تھا کہ شیخ محمودؒ سے بیعت کر لیں لیکن جب خواجہ بزرگؒ کے جمالِ احوال کا مشاہدہ کیا تو بے اختیار ہو کر آپ کی خدمت میں پیوست ہو گئے اور بیعت کر لی۔ خواجہ غریب نوازؒ کے لیے بھی ان سے بہتر کوئی مصاحب اور محرم راز نہ تھا جیسا کہ حضرت خواجہ عثمان ہارونی قدس سرہٗ کے لیے خواجہ غریب نوازؒ سے بہتر کوئی مرید نہ تھا۔ آپ اکثر فرمایا کرتا تھا کہ ہمارا معین الدین اللہ تعالےٰ کا محبوب ہے اور مجھے اپنے مرید پر فخر ہے۔ اسی طرح خواجہ غریب نوازؒ بھی خواجہ قطب علیہ رحمۃ کے ساتھ کمال شفقت سے پیش آتے تھے۔ آخر آپ نے وہ دو چادریں خواجہ قطبؒ کو عنایت کیں جو اُن سے خواجہ فرید الدین گنج شکر قدس سرہٗ تک پہنچیں۔ سلطان المشائخ فوائد الفوائد میں فرماتے ہیں کہ میں نے ان دو چادروں کی زیارت کی ہے۔ غالباً سلطان المشائخؒ کو ملی ہوں گی۔ خواجہ بزرگؒ کو باون برس کی عمر میں خرقۂ خلافت اور اجازت نامہ حضرت خواجہ عثمان ہارونی قدس سرہٗ سے ملا تھا۔ آپ مشغولئ عظیم رکھتے تھے۔ جہاں کہیں جاتے تھے۔ اکثر قبرستان میں رہائش رکھتے اور روزانہ دو قرآن پاک ختم کرتے تھے جس جگہ آپ کی شہرت ہو جاتی آپ وہاں سے چلے جاتے تھے۔ چنانچہ آپ تبریز سے مہنہ کی طرف تشریف لے گئے اور شیخ ابوسعید ابوالخیرؒ کے مزار کی زیارت سے فیض یاب ہوئے۔

خرقان گئے تو حضرت شیخ ابوالحسن خرقانیؒ کے مزار اقدس سے فیض حاصل کیا۔ دو سال اس علاقے میں رہنے کے بعد آپ استر آباد تشریف لے گئے اور شیخ ناصر الدین استر آبادیؒ کا فیض صحبت حاصل کیا۔ شیخ ناصر الدینؒ عظیم القدر مشائخ تھے جن کی عمر اس وقت ایک سو سات سو سال تھی اور جو دو تین واسطوں سے سلطان العارفین خواجہ بایزید بسطامیؒ سے نسبت رکھتے تھے۔ نیز انہوں نے شیخ ابوالحسن خرقانیؒ اور شیخ ابوسعید ابوالخیر رحمۃ اللہ علیہ کی صحبت بھی پائی تھی۔

استر آباد سے خواجہ بزرگؒ ہرات تشریف لے گئے اور کافی عرصہ اس علاقہ میں رہ کر وہاں کے مشائخ کی زیارت کرتے رہے۔ آپ رات دن شیخ عبداللہ انصاری قدس سرہٗ کے مزارِ مبارک پر رہتے تھے اور اکثر عشا کی نماز کے وضو کے ساتھ نماز فجر ادا کرتے تھے۔ جب ہرات میں آپ کی شہرت زیادہ ہوگئی اور خلقت کا ہجوم ہونے لگا تو وہاں سے رخصت ہو کر آپ سبزوار تشریف لے گئے۔ وہاں کا حاکم محمد یادگار نامی ایک نہایت سخت مزاج، کج طبع اور فاسق و فاجر اور بدعقیدگی میں مشہور تھا۔ اس نے ایک باغ کے اندر مکان بنا رکھا تھا جس میں وہ اکثر شراب خوری اور فسق و فجور میں مشغول رہتا تھا حضرت خواجہؒ جب سبزوار پہنچے تو پہلے ہی دن آپ نے باغ کے اندر جا کر حوض پر غسل فرمایا اور دوگانہ نفل ادا کر کے تلاوتِ کلام پاک میں مشغول ہو گئے۔ اتفاقاً محمد یادگار بھی اسی وقت باغ میں آ گیا۔ خادم نے خواجہ بزرگؒ کو اطلاع دی کہ امیر شہر باغ میں آ رہا ہے۔ اس کے فراش پہنچ گئے ہیں اور خود بھی پہنچنے والا ہے۔ خادم نے کہا کہ مصلحت یہ ہے کہ آپ باغ سے باہر تشریف لے چلیں کیونکہ وہ بہت بدتمیز آدمی ہے۔ لیکن آپ نے قطعاً پروا نہ کی اور خادم کو حکم دیا کہ فلاں سرد کے درخت کے نیچے جا کر بیٹھ جاؤ۔ فراشوں نے آ کر حوض کے گرد قالین بچھانے شروع کر دیئے لیکن اُن کے دل میں خواجہ بزرگؒ کی اس قدر ہیبت پیدا ہوئی کہ کوئی بات منہ سے نہ نکال سکے۔ اتنے میں محمد یادگار بھی آ گیا اور حضرت خواجہؒ کو دیکھ کر ناراض ہوا۔ لیکن آپ نے اُس کی بھی کوئی پروا نہ کی۔ البتہ ایک نگاہ لطف اس پر ڈالی جس سے اس کے جسم پر لرزہ طاری ہو گیا۔ اس کا رنگ فق ہو گیا اور لڑکھڑا کر

Marfat.com

زمین پر گر پڑا۔ اس کے خدام پر بھی یہی حالت طاری تھی اور سب آپ کے قدموں پر گر رہے تھے۔ آپ نے خادم سے فرمایا کہ حوض سے تھوڑا سا پانی لے کر اس کے منہ پر ڈال دے پانی پڑتے ہی وہ ہوش میں آیا اور اٹھ کر خواجہ بزرگ کے قدموں پر گر گیا۔ آپ نے فرمایا اب تو برے عقاید سے باز آئے ہو۔ اس نے عرض کیا کہ واللہ میں اپنی تمام خواہشات دنیوی و اخروی سے باز آیا۔ خدا معلوم آپ نے اسے کیا دکھایا جس سے وہ اپنی تمام عاداتِ بد چھوڑ کر آپ کے ہاتھ پر تائب ہوا اور شرفِ بیعت حاصل کیا۔ اس کے بعد اس نے اپنا سارا مال و اسباب اور زر و جواہر لا کر حضرت خواجہ کے سامنے رکھ دیئے۔ آپ نے فرمایا جاؤ اور خصموں کو راضی کرو تاکہ حق تعالےٰ تمہاری توبہ میں استقامت بخشے اس نے حکم کی تعمیل کی اور تمام غلاموں اور خادماؤں کو آزاد کر دیا جو کچھ ان کے پاس تھا سب اُن کو بخش دیا۔ اس کی دو بیویاں تھیں دونوں کا حق المہر ادا کر کے ان کو طلاق دے دی اور اپنے آپ کو حضرت خواجہ کی محبت میں نثار کر دیا۔ آپ نے اس طرح اس کی تربیت فرمائی کہ تھوڑے عرصے میں وہ عارف باللہ اور صاحبِ ارشاد ہو گئے۔ (یعنی خلافت و اجازت سے مشرف ہوئے) وہاں سے آپ حصار شادماں پہنچے اور محمد یادگار کو وہاں مقیم فرما کر سارا علاقہ ان کے سپرد کر دیا چنانچہ خلقت ان سے فیض یاب ہوئی صاحب سیر العارفین نے لکھا ہے کہ میں نے حصار شادماں جا کر محمد یادگار رحمۃ اللہ علیہ کے مزار کی زیارت کی ہے۔ بڑی پر فضا جگہ ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

وہاں سے خواجہ بزرگ بلخ تشریف لے گئے اور وہاں کے مشائخ سے ملنے کے بعد آپ نے فرجام کے مقام پر شیخ احمد خضرویہ قدس سرہ کی خانقاہ میں اُن سے روحانی محبت کی کی بنا پر چند ماہ قیام فرمایا۔ وہاں مولانا ضیاء الدین حامد حکیم بلخی رہتے تھے جو تصوّف میں ہرگز یقین نہ رکھتے تھے بلکہ اہلِ تصوّف سے شدّت سے پیش آتے تھے اور بالکل منکر تھے ایک دن خواجہ بزرگ درخت کے نیچے نماز پڑھ رہے تھے اور خادم کباب تیار کر رہا تھا اتفاقاً مولانا ضیاء الدین کا وہاں سے گذر ہوا۔ جب حضرت خواجہ نماز سے فارغ ہوئے تو مولانا ضیاء الدین نے آ کر سلام کیا اور بیٹھ گئے۔ خادم نے کباب لا کر سامنے رکھ دیئے آپ نے کچھ کباب اُن کے سامنے رکھے۔ کھاتے ہی تمام اعتراضات ان کے دل سے

صاف ہو گئے اور نورِ معرفت چمکنے لگا۔ بے اختیار ہو کر خواجہ بزرگؒ کے قدموں میں گر گئے اور بیعت سے مشرف ہوئے۔ دوسرے دن انہوں نے اپنا سارا کتب خانہ پانی میں پھینک دیا اور اسبابِ دنیا سے الگ تھلگ ہو کر مجاہدات وسلوک میں مشغول ہو گئے۔ ان کے تمام شاگرد بھی تائب ہو کر بیعت سے مشرف ہوئے۔ مولانا ضیاء الدینؒ کو خلافت دیکر آپ نے وہ علاقہ اُن کے سُپرد کر دیا۔ اس کے بعد آپ نے غزنی کا سفر اختیار کیا اس وقت شمس العارفین شیخ عبدالواحدؒ رحمۃ اللہ علیہ جو شیخ نظام الدین ابوالموید کے مرشد تھے اور جن کا ذکر خواجگانِ چشت کے ملفوظات میں اکثر آتا ہے غزنی میں رہتے تھے۔ خواجہ بزرگؒ کی اُن سے بھی ملاقات ہوئی۔ غزنی سے آپ لاہور پہنچے اور حضرت سید علی حصریؒ (ہجویری معروف بہ داتا گنج بخش قدس سرہٗ کے مزار مبارک سے فیض یاب ہوئے۔ اس وقت شیخ حسین زنجانیؒ ظاہری حیات میں تھے۔ اُن سے آپ کے گہرے تعلقات ہو گئے۔ چند روز لاہور میں رہ کر آپ دہلی تشریف لے گئے۔ اس وقت دہلی رائے پتھورا چوہان کا پایہ تخت تھا وہ لوگ مسلمانوں سے اس قدر متنفر تھے کہ مسلمان کا منہ دیکھنا گناہ سمجھتے تھے۔ لیکن خواجہ بزرگؒ اپنی ولایت کی قوت سے دہلی کے اندر داخل ہو گئے۔ آپ کے ہمراہ اس وقت چالیس صوفی باصفا تھے آپ چند ماہ دہلی میں رہے۔ سیر العارفین میں لکھا ہے کہ خواجہ بزرگ نے اس جگہ قیام فرمایا تھا جہاں اب شیخ رشید مکیؒ کی قبر ہے۔ ہندوستان کفر کی کان میں رہتے ہوئے آپ کے خدام پانچ وقت اذان دیتے تھے اور نماز باجماعت ہوتی تھی۔ یہ دیکھ کر کفار جلتے تھے۔ انہوں نے آپ کے خدام کو نقصان پہنچانے کی بہت کوشش کی لیکن جونہی وہ یہ خیالِ فاسد لے کر باہر نکلتے ان کے جسم پر لرزہ طاری ہو جاتا تھا اور مجبور ہو کر رہ جاتے تھے ایک دن ایک سخت دل کافر خنجر بغل میں چھپا کر خواجہ بزرگؒ پر ہاتھ صاف کرنے کی غرض سے آیا اور آکر آپ کے سامنے بیٹھ گیا۔ آپ نے فراست سے اس کا ارادہ معلوم کر لیا۔ اور اس سے فرمایا کہ خنجر کیوں نہیں چلاتے میری گردن حاضر ہے۔ یہ سنتے ہی اس کے جسم میں لرزہ طاری ہو گیا۔ خنجر نکال کر ایک طرف پھینک دیا اور حضرت خواجہ کے قدموں پر گر گیا۔ اس کے بعد اس نے توبہ کی اور مشرف بہ اسلام ہو گیا۔ کتاب کلمات الصادقین میں

Marfat.com

لکھا ہے کہ ایک دن خواجہ بزرگ کا گذر کفار کے ایک بتکدہ پر ہوا۔ اس وقت سات کافر بت پرستی میں مشغول تھے۔ آپ کا جمال باکمال دیکھتے ہی بے بس ہو گئے اور قدموں میں آکر گر گئے توبہ کی اور مشرف بہ اسلام ہو گئے۔ آپ نے اُن میں سے ہر ایک کو "حمید الدین" کا لقب دیا اور شیخ حمید الدین دہلوی ان سات حضرات میں سے ہیں۔ جب دہلی میں خاص و عام آپ کی خدمت میں حاضر ہونے لگے تو وہاں سے آپ نے اجمیر کی راہ اختیار کی۔ اُس وقت رائے پتھورا اکثر اجمیر میں رہا کرتا تھا۔ خواجہ بزرگ کے کرامات اور خوارق عادت دیکھ کر دہشت زدہ رہ گیا اپنی جاہ و حشمت کی خاطر وہ زبان سے کچھ نہیں کہتا تھا لیکن دل میں وہ ملک ہندوستان کی بادشاہی سے ہاتھ دھو چکا تھا۔ جب اجیپال جوگی خواجہ بزرگ کے کمالات و کرامات کا مشاہدہ کرکے پشیمان ہوا اور اسلام لایا اور حضرت خواجہؒ کا حلقہ بگوش غلام بن گیا تو رائے پتھورا مجبور ہو گیا اور آپ کے خادمان کو ضرر پہنچانے کے منصوبے بنانے لگا لیکن جونہی اس کے دل میں یہ خیال فاسد آتا تھا وہ نابینا ہو جاتا تھا اور جب اس خیال سے توبہ کرتا تو بینا ہو جاتا۔ اس قسم کے کرامات دیکھنے کے باوجود شرک کی ظلمت اُس کے دل سے نہیں نکلتی تھی۔ سیر الاولیاء میں لکھا ہے کہ خواجہ غریب نوازؒ کا ایک مرید تھا جسے رائے پتھورا بہت تنگ کرتا تھا اس نے آپ سے مدد کی التجا کی۔ آپ نے راجہ پتھورا سے کہلا بھیجا کہ اس کو مت ستاؤ۔ لیکن رائے پتھورا کا سر غرور و تکبر سے بھرا ہوا تھا۔ باز نہ آیا اور خواجہ بزرگ کی شان میں بھی ناشائستہ کلمات منہ سے نکالے۔ جب یہ بات آپ تک پہنچائی گئی۔ تو آپ نے فرمایا کہ " پتھورا را زندہ گرفتہ بدست لشکر اسلام دادم " (یعنی پتھورا کو زندہ گرفتار کرکے میں نے لشکر اسلام کے ہاتھ میں دے دیا) انہی ایام میں سلطان فخر الدین سام عرف شہاب الدین غوریؒ لشکر لے کر غزنی سے ہندوستان پر حملہ آور ہوا۔ پتھورا نے مقابلہ کیا لیکن اللہ کے حکم سے وہ زندہ گرفتار ہو گیا اور مسلمانوں نے اسے قتل کر ڈالا۔ اسی دن سے ہندوستان میں اسلام مستحکم ہو گیا خواجہ بزرگ کی برکت سے اس کے بعد کوئی ہندو حکمران نہ ہوا۔ منتخب التاریخ میں لکھا ہے کہ ۵۸۹ھ میں دہلی سلاطین اسلام کا پایہ تخت ہو گیا۔ سلطان معز الدین نے چند روز دہلی میں

Marfat.com

رہ کر سلطنتِ ہندوستان اپنے معتمد غلام قطب الدین ایبک کے سپرد کر دی اور خود غزنی چلا گیا چند سال خراساں میں حکومت کرنے کے بعد تین شعبان ۶۰۲ھ کو غزنی کے نواح میں ڈاکوؤں کے ہاتھوں شہید ہو گیا۔ اس کے بعد سلطان قطب الدین ایبک دہلی کے تخت پر متمکن ہو گیا اور ہندوستان کے ہر گوشے میں لشکر بھیج کر سلطنت کی توسیع کی۔ میر سید حسین مشہدی کو جو سید حسین خنگ سوار کے نام سے مشہور تھے اجمیر کا حاکم مقرر کیا۔ سید حسین خواجۂ بزرگ سے کمال عقیدت رکھتے تھے۔ سیر العارفین میں لکھا ہے کہ اجمیر کے گرد و نواح کے اکثر لوگ سید حسین کی کوشش سے اجمیر آ کر خواجہ بزرگ کے ہاتھ پر اسلام لائے۔ غرضیکہ جب آپ کی کرامات اور کمالات کا چرچا ہوا تو مختلف قبائل کے لوگ اجمیر پہنچ کر خواجۂ بزرگ کے ہاتھ پر مشرف باسلام ہونے لگے۔ حضرت خواجہ کی نظر خاص آیۂ پاک یَهْدِي مَنْ يَّشَاءُ وَيُضِلُّ مَنْ يَّشَاءُ (اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے۔) پر تھی۔ صوفیائے کرام کے مشرب کے مطابق آپ کسی کو اسلام کی دعوت نہیں دیتے تھے۔ جو شخص خلوصِ دل سے خود بخود اسلام کی طرف مائل ہوتا تھا آپ اُسے قبول کر لیتے تھے۔ وحدت الوجود میں کمالِ استغراق کی وجہ سے آپ ہر فرقہ کے لوگوں سے تواضع سے پیش آتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ کافر و مسلمان، اپنے اور پرائے، تمام مذاہب کے پیروکار آپ کی خدمت میں استعانت کے لیے حاضر ہو کر فیض یاب ہوتے تھے۔ چنانچہ اس وقت تک یہ سُنت جاری ہے اور ہندو اور دیگر اقوام کے لوگ عرس کے ایام میں یا دوسرے مواقع پر مزار اقدس پر حاضر ہو کر غایتِ صدق و اخلاص سے نذر و نیاز پیش کرتے ہیں اور آستانۂ عالیہ کی خاک پر منہ رگڑنے سے فخر حاصل کرتے ہیں۔ آپ کے فیض نظر سے ملک بھر میں ایسے صاحبِ ولایت پیدا ہوئے ہیں جو اپنے اپنے علاقہ میں شاہی کرتے ہیں۔ ملک کا کوئی صوبہ کوئی شہر اور کوئی قصبہ ایسا نہیں جہاں خواجۂ بزرگ کے غلامان کا تصرف نہ ہو۔ دوسرے سلسلوں کے بزرگ جو ہندوستان میں شہرت رکھتے ہیں وہ بھی خواجۂ بزرگ کی ولایتِ معنوی کے فیض سے تصرف کرتے ہیں۔ ان میں سے بعض باقاعدہ خرقہ حاصل کرتے ہیں اور بعض آپ کی روحانیت سے ویسے فیض یاب ہوتے ہیں اور تصرف کرتے ہیں۔ چنانچہ سالار مسعود غازی

Marfat.com

کے حالات میں اس قسم کے واقعات بیان ہو چکے ہیں اور شیخ بدیع الدین معروف بہ شاہ مدار قدس سرہٗ کے حالات میں بھی رسالہ مرآت مداری میں مفصل اس بات کا ذکر آتا ہے۔ خواجہ بزرگؒ کے بعد طبقاً بعد طبقۃ آپ کے خلفاء ہر زمانے میں آپ کی مسندِ ارشاد پر متمکن ہو کر ہندوستان بھر میں معنوی طور پر تصرف کرتے ہیں اور ولایت صوری اور معنوی کا عزل و نصب اُن کے تصرف میں دیا جاتا ہے اور وہ آپ کی روحانیت سے استعانت حاصل کرتے ہیں اس قسم کی ولایت کا تصرف یعنی دورانِ حیات و ممات متصرف ہونا دوسرے اولیاء کو کم نصیب ہوتا ہے۔ اور انشاء اللہ آپ کے خلفاء کرام قیامت تک اسی طرح ہر زمانے میں تصرف کرتے رہیں گے۔ چنانچہ خواجہ گنج شکر قدس سرہٗ راحت القلوب میں فرماتے ہیں کہ میرا ارادہ تھا کہ نعمت سجادہ اور ملک ہندوستان کسی دوسرے کے سپرد کروں۔ ہاتف نے آواز دی کہ شیخ نظام الدین بدایونی راستے میں ہیں ذرا ٹھہر جائیں تاکہ وہ پہنچ جائیں کیونکہ یہ ان کی قسمت میں لکھا گیا ہے علیٰ ہذا القیاس

بیت ؎ اگر گیتی سراسر باد گیرد چراغِ مقبلاں ہرگز نہ میرد

(دنیا ختم ہو جائے تو ہو جائے لیکن خدا کے مقبول بندوں کا چراغ ہمیشہ روشن رہے گا)

خواجہ بزرگؒ کے اس قدر تصرفات و خوارق روحانی طریق پر کاتب حروف کے دل پر وارد ہوئے ہیں کہ اگر ان سب کو جمع کیا جائے تو ایک مستقل کتاب بن جائے گی۔ اس لیے آپ کی صرف ایک کرامت پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ جس وقت خواجہ بزرگ نے عالمِ باطن میں کمال ذرہ پروری سے اپنا ہاتھ بندہ کے ہاتھ پر رکھا اور فرمایا کہ اگرچہ تم ہمارے سلسلہ میں مرید ہو۔ لیکن اس وقت ہم تمہیں براہِ راست مرید کرتے ہیں تو میرے دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ جب حضرت خواجہ عثمان ہارونی قدس سرہٗ نے خواجہ بزرگ کو مرید بنایا اور آپ کو خانہ کعبہ میں لے گئے اور کعبہ کی طرف سے آواز آئی کہ "معین الدین کو میں نے قبول کیا تو اس وقت خواجہ بزرگ کی روحانیت نے مجھ پر تصرف کیا اور میں نے اپنے آپ کو حرم کعبہ میں پایا اور زیارت سے مشرف ہوا۔ بعدہٗ دیکھا کہ ایک بزرگ صاحبِ وقار چاہِ زمزم کے قریب کھڑے ہیں اور بندہ کی طرف متوجہ ہو کر فرما رہے ہیں کہ تجھے بھی قبول کیا۔ خواجہ بزرگؒ کے تصرف کا یہ کمال دیکھ کر میں حیران ہوا اور سجدۂ شکر بجا لایا۔ علیٰ ہذا القیاس۔ اس سے زیادہ کیا

Marfat.com

کیا لکھوں کہ خواجہ بزرگ رح کے کمالات و کرامات کی کوئی انتہا نہیں۔ آپ کی روحانیت اب بھی طلب صادق رکھنے والوں کی تربیت کرتی ہے اور مرتبہ تکمیل تک پہنچاتی ہے۔ چنانچہ ریختہ رسالہ مرأت الولایت میں حضرت شیخ عبدالجلیل اویسی قدس سرہٗ کی منقبت میں بیان کیا جائے گا۔ کیونکہ انہوں نے حضرت خواجہ بزرگ رح کی روحانیت سے تربیت حاصل کی تھی۔ میں بیان کر رہا تھا کہ پہلے میر رشید حسین مشہدی سلطان قطب الدین ایبک کی سلطنت کے آخری ایام میں قلعہ بہتلی کے محاصرہ میں کفار کے ہاتھوں شہید ہوئے اور اسی جگہ دفن ہوئے قطب الدین ایبک بھی بیس سال حکومت کرکے ۶۰۷ھ میں بروایت دیگر سنہ ۶۱۰ھ میں چوگان کھیلتے ہوئے گر کر فوت ہوئے۔ اس کے بعد سلطان شمس الدین التمش جو اس کے غلام اور متبنٰے تھے ارکین سلطنت کے مشورہ سے دہلی کے تخت پر بیٹھے۔ جس سے اسلام کو بہت ترقی ہوئی۔ سلطان التمش حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی قدس سرہٗ کے نہایت پرخلوص مرید تھے۔

**ملفوظاتِ گرامی** خواجہ قطب الاسلام رحمۃ اللہ علیہ نے دلیل العارفین میں خواجۂ بزرگ رح کے ملفوظات جمع کئے ہیں۔ ان میں سے چند کلمات تبرکاً یہاں درج کئے جاتے ہیں۔

خواجہ بزرگ فرماتے ہیں کہ عاشق کا دِل محبت کا آتشکدہ ہے جو کچھ اس کے اندر جاتا ہے جل کر راکھ ہوجاتا ہے اور کچھ باقی نہیں رہتا۔ آپ فرماتے ہیں کہ جوئے آب کو دیکھو کس جوش و خروش سے پہاڑوں سے ہوتی ہوئی آتی ہے لیکن جب سمندر میں داخل ہوتی ہے خاموش ہوجاتی ہے۔ (یعنی جب سالک ہجر میں ہوتا ہے تو ذوق وشوق میں بے چین ہوتا ہے لیکن جب ذاتِ حق کے سمندر بے پایاں میں فنا ہوتا ہے تو اُس کا سارا جوش و خروش جاتا رہتا ہے)۔

Marfat.com

نیز فرمایا کہ حق تعالےٰ کے وہ دوست ہیں کہ اگر ایک لمحہ بھی اُس سے محجوب رہیں (پردہ ہو جائے) تو نیست و نابود ہو جائیں۔

فرمایا: جس شخص میں یہ تین خصلتیں ہوتی ہیں۔ یقین جانو کہ اللہ تعالےٰ اسے دوست رکھتے ہیں۔ اوّل: سخاوت یعنی دریا کی طرح سخی ہو۔ دوم: شفقت یعنی آفتاب کی طرح شفیق ہو۔ سوم: تواضع یعنی زمین کی طرح متواضع ہو۔ فرمایا: آدمی اس وقت فقر کا مستحق ہوتا ہے جب اس عالم فانی میں سے اس کے لیے کچھ باقی نہیں رہتا۔

فرمایا: محبت کی علامت یہ ہے کہ تو دوست کا مطیع ہو جائے اور ہمیشہ اس بات سے ڈرتا رہے کہ راندۂ درگاہ نہ ہو جائے۔ فرمایا عارف جو ارادہ کرتا ہے فوراً ہو جاتا ہے۔ اور جس سے بات کرتا ہے اس سے جواب سنتا ہے۔ (یعنی جس چیز کو وہ مخاطب کرتا ہے وہ اس سے ہمکلام ہو جاتی ہے خواہ بے جان کیوں نہ ہو)

فرمایا: عارف کا کمترین درجہ یہ ہے کہ حق کے صفات سے متصف ہو۔

فرمایا۔ اہلِ محبت وہ لوگ ہیں جو (حق تعالےٰ سے) براہ راست کلام سنتے ہیں فاضل ترین وقت وہ ہے کہ دل کے وساوس بند ہو جائیں۔

فرمایا: علم بحرِ محیط ہے اور معرفت اس بحر سے ایک ندی ہے۔ پس بندہ کجا اور خُدا کجا۔ بحرِ محیط سے مراد حق ہے اور معرفت سے مُراد بندہ۔

فرمایا: حق تعالےٰ کے نزدیک بہترین عبادت مظلوموں کی فریاد رسی اور بھوکوں کو کھانا کھلانا ہے۔

فرمایا: جب میں پوست (چھلکے) سے باہر آیا تو عاشق، معشوق اور عشق کو ایک دیکھا یعنی عالم توحید میں سب ایک ہیں۔

نیز فرمایا: کہ حاجی لوگ جسم کے ساتھ خانہ کعبہ کا طواف کرتے ہیں اور بہشت کے طالب ہوتے ہیں۔ لیکن عارفین قلب کے ساتھ عرش و حجابِ عظمت کا طواف کرتے ہیں۔ اور اللہ کے دیدار کے طالب ہوتے ہیں۔

فرمایا: ایک مدت تک میں خانہ کعبہ کا طواف کرتا رہا۔ لیکن اب کعبہ میرا طواف کرتا ہے۔

Marfat.com

فرمایا۔ درحقیقت متوکل وہ ہے جو دنیا سے محبت کرنا بند کردے۔

فرمایا۔ اس راہ میں قرار پکڑنے کے دو معنے ہیں ایک یہ کہ عبودیت کو ملحوظ خاطر رکھے دوسرے حق تعالےٰ کی تعظیم کو لازم پکڑے۔

فرمایا۔ عارفین آفتاب کی مانند ہیں جو دنیا پر چمکتے ہیں۔ اور سارا جہان اُن کے نور سے منور ہو جاتا ہے۔

دلیل العارفین کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ خواجہ قطب الاسلامؒ خواجہ بزرگ کی آخری عمر میں دہلی سے اجمیر تشریف لے گئے۔ چنانچہ دلیل العارفین میں خواجہ قطب الدین بختیار علیہ الرحمۃ نے لکھا ہے کہ جمعرات کے دن جامع مسجد اجمیر میں خواجہ بزرگ کی دولت پابوسی نصیب ہوئی اور یہ آپ کی آخری مجلس تھی۔ تمام درویش اور عزیز و اقارب اور مریدین حاضر خدمت تھے۔ ملک الموت کے متعلق بات ہونے لگی۔ خواجہ بزرگ نے فرمایا۔ بے موت کی زندگی کی قیمت رائی کے دانہ کے برابر بھی نہیں ہے۔ لوگوں نے پوچھا کس طرح۔ فرمایا اسلیئے کہ اَلْمَوْتُ جِسْرٌ یُوْصِلُ الْحَبِیْبَ اِلَی الْحَبِیْبِ (موت ایک پل ہے جو دوست کو دوست سے ملاتی ہے) اس کے بعد فرمایا کہ دوستی یہ ہے کہ اسے دل سے یاد کرے نہ صرف زبان سے اور سوائے دوست کے کسی چیز کا ذکر نہ کرے۔ کلام پاک میں حق تعالےٰ فرماتے ہیں کہ جب میرا ذکر غلبہ کرتا ہے تو میرے سوا تو کسی کو یاد نہیں کرتا اور میں تیرا عاشق ہو جاتا ہوں جب حضرت خواجہؒ نے یہ فوائد بیان فرمائے تو روئے۔ اُس کے بعد فرمایا کہ اے درویش مجھے اس جگہ اس لیے لایا گیا ہے کہ میرا مدفن یہاں ہوگا اور چند روز کے بعد ہم آخری سفر پر روانہ ہوں گے۔ پس آپ نے شیخ علی سجزیؒ کو حکم دیا کہ خلافت نامہ لکھو۔ میں نے اپنی خلافت اور اپنے خواجگان کا سجادہ قطب الدین بختیارؒ کے حوالے کیا۔ دہلی اس کا مقام ہوگا۔ جب خلافت نامہ مکمل ہوا تو اس دعا گو کے ہاتھ میں دیا۔ اس دعا گو نے سر زمین پر رکھ دیا۔ حکم ہوا کہ قریب ہو جاؤ۔ میں نے حکم کی تعمیل کی۔ آپ نے کلاہ اور دستار بندہ کے سر پر رکھی اور حضرت خواجہ عثمان ہارونی قدس سرہٗ کا عصا ہاتھ میں دیا۔ اس کے بعد خرقہ پہنایا اور قرآن مجید، مصلّٰے اور نعلین بھی عطا فرمائے اور فرمایا کہ یہ رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم کی امانت ہے جو خواجگان کے ذریعے ہم تک پہنچی ہے۔ ہم نے یہ امانت تمہارے سپرد کی جس طرح خواجگان نے اس کا حق ادا کیا تم بھی حق ادا کرنا تاکہ خواجگان کے سامنے مجھے شرمندگی نہ ہو۔ بندہ نے سر زمین پر رکھا۔ پس میرا ہاتھ پکڑ کر آپ نے آسمان کی طرف منہ کیا اور فرمایا جاؤ میں نے تجھے خدا کے سپرد کیا اور منزل گاہِ عزت تک پہنچایا۔ اور صحرائے حقیقت سے تجھے گذار دیا۔ اس وقت فرمایا کہ چار چیزیں ہیں جو گوہر فقر ہیں اوّل بدرویشی اختیار کرے لیکن تونگر دکھائی دے۔ دوم۔ بھوکا رہے لیکن سیر دکھائی دے سوم۔ غمناک ہو لیکن خوش دکھائی دے۔ چہارم۔ دشمن کے ساتھ دوست ہو کر دکھلائے۔ (یعنی اگرچہ دشمن دشمنی کرے فقیر اس کے ساتھ بھلائی کرے) جب خواجہ بزرگؒ نے یہ فوائد ختم کئے میں نے چاہا کہ رخصت ہوؤں آپ نے فوراً میری طرف دیکھ کر فرمایا کہ آگے آؤ میں نے حکم کی تعمیل کی اور سر آپ کے قدموں پر رکھا۔ آپ نے سورۃ فاتحہ پڑھی اور فرمایا جاؤ جہاں رہو مرد بن کر رہو۔ میں تسلیمات بجا لایا اور رخصت ہُوا۔ مسافت طے کرنے کے بعد دہلی پہنچا اور وہیں سکونت اختیار کی۔ چنانچہ تمام خلقت نے میری طرف رجوع کیا۔ چالیس دن نہیں گذرے تھے کہ خبر آئی کہ میرے رخصت ہونے کے بعد خواجہ بزرگؒ بیس دن حیات ظاہری میں رہ کر رحمتِ حق سے پیوست ہوگئے۔ اس رات یہ دعاگو نہایت غم و اندوہ کے عالم میں مصلّے پر بیٹھا رہا۔ تھوڑی دیر کے لیے غنودگی طاری ہُوئی تو جمالِ خواجہ سے مشرف ہُوا۔ دیکھا کہ آپ عرشِ معلّے کے نیچے کھڑے ہیں۔ میں نے سر قدموں پر رکھ کر حال دریافت کیا تو فرمایا حق تعالےٰ نے مجھے بخش دیا اور ساکنانِ عرش ملائکہ کے ساتھ جگہ دی ہے تاکہ یہاں قیام کروں۔

### وصالِ مُبارک

سیر الاولیاء میں لکھا ہے کہ جس رات خواجہ بزرگؒ نے رحلت فرمائی۔ چند اولیاء اللہ نے حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپؐ فرما رہے ہیں کہ اللہ کے دوست معین الدین سنجری آ رہے ہیں ہم ان کے استقبال کو آئے ہیں۔ انتقال کے وقت آپ کی پیشانی پر ہرے رنگ کے نور سے یہ لکھا تھا حَبِیْبَ اللّٰہِ مَاتَ فِیْ حُبِّ اللّٰہِ (یہ اللہ کا دوست ہے جس نے اللہ کی محبت میں جان

Marfat.com

دے دی، آپ کے کمالات اس قدر رہیں کہ دائرہ تحریر سے باہر ہیں۔ آپ تمام مقامات غوثی قطبی اور قطب الاقطاب سے گذر کر اور مقامِ فردِ حقیقی یعنی مرتبہ محبوبیت سے مشرف ہو کر کمال استغراق فنائے احدیت میں دوست سے یک رنگ ہو چکے تھے۔ آپ کا وصال دو شنبہ کے دن ماہ رجب ۶۳۲ھ اور دوسری روایت کے مطابق یک شنبہ ماہِ ذوالحجہ ۶۳۳ھ کو ہوا آفتاب ملکِ ہند سے آپ کی تاریخ وصال نکلتی ہے۔ لیکن سلطان المشائخ (حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء) اور دیگر مشائخ چشت نے یہ تصحیح کی ہے کہ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار قدس سرہٗ کا وصال ۱۴ ماہ ربیع الاول ۶۳۳ھ کو ہوا اور دلیل العارفین کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے اور خواجہ قطب الدینؒ نے خود تحریر فرمایا ہے کہ خواجہ بزرگؒ کا وصال اس وقت ہوا جب خواجہ قطبؒ بقید حیات تھے۔ پس اس سے اختلاف رفع ہو جاتا ہے اور کتاب کلمات الصادقین سے بھی اس کی تصدیق ہوتی ہے کہ خواجہ بزرگؒ کا وصال چھ رجب ۶۲۷ھ (سبع وعشرین وستمائہ) کو سلطان شمس الدین التمش کے عہد میں ہوا۔ اللہ تعالیٰ ان کی قبر مبارک کو روشن کریں۔ وصال کے وقت آپ کی عمر شریف ستانوے سال تھی۔ اس میں سے چالیس سال آپ نے اجمیر شریف میں بسر فرمائے آپ کا وصال آپ کے حجرہ خاص میں ہوا اور وہیں دفن ہوئے۔ چنانچہ آپ کا مزار مبارک تمام ہندوستان کا قبلہ ہے۔



Marfat.com

# حضرت خواجہ قطب الدین بختیار اوشی رح

سلطان ارباب مشاہدہ پیشوائے اصحاب مجاہدہ مستغرق در ذات حضرت علیم، شہید تیغ رضا و تسلیم، کشتہ عشق با اختیار، محبوب حق، خواجہ قطب الدین بختیار قدس سرہ ابن کمال الدین احمد بن موسی اوشی قصبہ اوش کے رہنے والے ہیں جو ماوراء النہر میں ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ اوش دیار فرغانہ میں ہے۔ آپ کے القاب کاکی اور بختیار ہیں۔ آپ حضرت خواجہ غریب نواز خواجہ بزرگ قدس سرہ کے اعظم خلیفہ ہیں آپ قطب عالم اور پیشوائے بنی آدم تھے اور مقام ترک و تجرید میں راسخ القدم تھے۔

ریاضات و مجاہدات میں آپ بے نظیر اور حقائق و معارف بیان کرنے میں بے ہمتا تھے۔ استغراق فنائے احدیت میں آپ تمام مشائخ میں ممتاز تھے۔ سیر العارفین میں لکھا ہے کہ خواجہ قطب الاسلام قصبہ اوش میں پیدا ہوئے۔ جب آپ کی عمر ڈیڑھ سال ہوئی تو آپ کے والد ماجد کا انتقال ہو گیا۔ آپ کی والدہ ماجدہ نے جو نہایت پاک دامن اور صالحہ تھیں۔ آپ کی پرورش فرمائی۔ جب آپ کی عمر پانچ سال کے قریب ہوئی تو ایک ہمسایہ آپ کو استاد کے پاس لے گیا۔ راستے میں ایک بزرگ نورانی صورت آپ کے ساتھ ہو لئے اور کمال شفقت سے آپ کا ہاتھ پکڑ کر شیخ ابا حفص کے پاس لے گئے جو تمام کمالات سے آراستہ تھے۔ ان سے کہا کہ اس بچے کو اچھی طرح تعلیم دیجئے کیونکہ یہ ایک دن اولیائے کبار میں سے ہوگا اور مشائخ نامدار کے زمرہ میں شامل ہوگا۔ شیخ ابو حفص نے دل و جان سے قبول کیا۔ جب وہ بزرگ چلے

Marfat.com

گئے تو استاد نے آپ سے پوچھا کیا تم جانتے ہو وہ بزرگ کون تھے۔ آپ نے جواب دیا نہیں۔ فرمایا یہ خضر علیہ السلام تھے جنہوں نے تمہاری تعلیم کا کام میرے ذمہ لگایا ہے۔

شیخ نصیر الدین محمود دہلی قدس سرہٗ بھی خیر المجالس میں فرماتے ہیں کہ مولانا ابو حفص کی صحبت کی برکت سے خواجہ قطب الدینؒ کو تہذیب الاخلاق ظاہری و باطنی اور آداب شریعت و طریقت کی تعلیم حاصل ہوئی۔ اور آپ کا ظاہر و باطن اسقدر آراستہ ہوا کہ ایک ساعت بھی آپ ریاضت و مجاہدہ کے بغیر نہیں رہ سکتے تھے۔ آپ ہر روز ڈھائی سو رکعت نماز کمال خشوع و خضوع سے ادا کرتے تھے اور حق تعالیٰ کے ساتھ مشغول رہتے تھے۔ اس کے بعد شہر بغداد میں مسجد امام ابو لیث سمر قندیؒ کے اندر شیخ شہاب الدین سہروردیؒ، اوحد الدین کرمانیؒ، شیخ برہان الدین چشتی اور شیخ محمود اصفہانیؒ کے سامنے خواجہ بزرگ معین الحق والدین چشتی اجمیری قدس سرہٗ کے مرید ہوئے۔

اور خواجہ بزرگؒ کے کمال شفقت سے آپ نے تھوڑے عرصے میں سلوک تمام کر لیا اور خرقۂ خلافت حاصل کر کے مسند ارشاد پر فائض ہوئے جیسا کہ اس سلسلے کی اکثر کتابوں میں مذکور ہے کہ خواجہ قطب الاسلام اٹھارہ سال کی عمر میں مرید ہوئے اور بیس سال کی عمر میں آپ کی تکمیل ہو گئی۔ سیر الاولیا میں سلطان المشائخؒ سے نقل کیا گیا ہے کہ خواجہ قطب الاسلام ہر رات سونے سے قبل تین ہزار بار درود شریف پڑھتے تھے۔ جب اوش میں آپ کی شادی ہوئی تو تین رات کے لئے آپ سے درود قضا ہو گیا۔ آپ کے ایک مرید احمد رئیس نامی نے رات کو خواب میں حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے دیکھا کہ بختیار کاکی کو میرا سلام کہنا اور ان سے یہ کہنا ہر رات جو تحفہ تم بھیجتے تھے مجھے مل جاتا تھا لیکن تین رات سے نہیں ملا۔ نیند سے بیدار ہو کر انہوں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا پیغام حضرت خواجہ کو پہنچایا۔ آپ نے اپنی بیوی کو بلا کر حق المہر ادا کیا اور اسے چھوڑ کر ہندوستان چلے آئے۔ جب آپ ملتان پہنچے تو شیخ بہاؤ الدین ذکریا قدس سرہٗ سے آپ کو بہت محبت ہو گئی۔

شیخ جلال الدین تبریزی بھی ان دنوں ملتان میں تھے تینوں بزرگوں کے درمیان محبت خوب گرم رہی۔ سیر الاولیا میں سلطان المشائخؒ سے مروی ہے کہ ایک دفعہ تینوں حضرات

Marfat.com

پہلے تھے کہ کفار کا لشکر قلعہ ملتان کے نیچے پہنچ گیا۔ والیٔ ملتان قباچہ بیگ نے حاضر خدمت ہو کر امداد کی درخواست کی۔ خواجہ قطب الاسلام نے ایک تیر قباچہ بیگ کے ہاتھ میں دے کر فرمایا کہ اسے کفار کی طرف پھینکو۔ اس نے حکم کی تعمیل کی۔ جب صبح ہوئی تو ایک کافر بھی قلعہ کے نزدیک نہ تھا۔ حضرت خواجہ گنج شکر قدس سرہٗ پہلی مرتبہ ملتان ہی میں خواجہ قطب الاسلام کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ چنانچہ ان کا ذکر آگے آ رہا ہے۔ چند ایام کے بعد خواجہ قطب الاسلام دہلی روانہ ہوئے۔ جب آپ دہلی پہنچے تو سلطان شمس الدین مقدم اپنے لئے سعادت دارین سمجھ کر کمال اخلاص سے آپ کی خدمت میں رہنے لگے۔ ہفتے میں ایک دفعہ آپ کی زیارت کو آتے تھے۔

شیخ جمال الدین محمد بسطامی جو ان دنوں دہلی میں مقیم تھے اور جن کے کمالات حضرت سلطان المشائخ نے کتاب فوائد الفواد میں درج کئے ہیں ان کو بھی خواجہ قطب الاسلام سے کمال اخلاص و اعتقاد پیدا ہو گیا۔ اور حضرت شیخ محمد عطار المعروف قاضی حمید الدین ناگوری کو بغداد ہی میں قطب الاسلام سے بہت محبت ہو گئی تھی۔ ہندوستان میں ان کی باہمی محبت اور بھی زیادہ ہو گئی۔ یہاں تک کہ قاضی حمید الدین ناگوریؒ کمال صدق و صفا کی وجہ سے اکثر اوقات حضرت خواجہ علیہ رحمہ کی صحبت میں رہتے تھے۔ بعض اوقات دونوں حضرات باہم سفر پر بھی ایک[illegible] تھے۔ چنانچہ [illegible] میں خواجہ قطب الاسلام سے روایت ہے کہ ایک دفعہ میں اور قاضی حمید الدین ناگوری سفر میں تھے جب ہم دریا کے کنارے پر پہنچے تو ہم پر بھوک غالب آ گئی۔ ہم کیا دیکھتے ہیں کہ عالم غیب سے ایک بکری دو روٹیاں منہ میں لئے ظاہر ہوئی اور روٹیوں کو ہمارے سامنے رکھ کر چلی گئی۔ ہم نے روٹی کھائی۔ اس کے بعد اچانک ایک بہت بڑا بچھو دریا کے کنارے پر نظر آیا۔ اس نے اپنے آپ کو پانی میں پھینکا اور بہنے لگا۔ ہمارے دل میں خیال آیا کہ اس میں ضرور کوئی حکمت ہے پس ہم اس کے پیچھے ہو لئے۔ جب بچھو دریا کے دوسری طرف چلا گیا تو ہم نے حق تعالیٰ سے دعا کی کہ ہمیں بھی پار کر دے۔ چنانچہ دریا شق ہو گیا اور درمیان میں خشک زمین نظر آنے لگی۔ جب ہم نے دریا پار کیا تو کیا دیکھتے ہیں کہ درخت کے نیچے ایک آدمی سو رہا تھا

ہے اور ایک سانپ قریب بیٹھا اسے ڈسنے کے لیے تیار تھا تاکہ اسے ہلاک کر دے اس بچھو نے ایک جست لگائی اور سانپ کو مار کر غیب ہو گیا۔ ہم نے آگے بڑھ کر دیکھا کہ کون بزرگ ہیں جس کی خاطر یہ سب کچھ ہو رہا ہے لیکن قریب جا کر دیکھا تو وہ ایک شرابی نکلا جو نشے میں مست پڑا تھا اور پاس اس کی قے پڑی تھی۔ ہمیں دیکھ کر شرم آئی کہ دیکھو یہ اس قدر بے فرمان ہے اور حق تعالےٰ کس قدر نگہبان ہے۔ ہاتف سے آواز آئی کہ اے عزیزان! اگر ہم صرف صالحین اور پارساؤں کی نگہبانی کریں تو ان گنہگاروں اور بدکاروں کی حفاظت کون کرے گا۔ اس اثناء میں وہ آدمی بیدار ہو گیا۔ ہم نے سارا ماجرا اُسے سنایا۔ وہ سن کر شرمندہ ہوا اور شراب نوشی سے توبہ کر کے بعد میں واصل بہ ہوا۔

اس کے بعد خواجہ قطب الاسلام نے فرمایا کہ اے درویش جب وقت آتا ہے اور لطف و کرم کی ہوا چلنے لگتی ہے تو صد ہزاران شرابیوں کو صاحب سجادہ بنا دیتے ہیں اور اگر نسیم قہر چل پڑے تو صد ہزاران سجادہ نشینوں کو اڑا کر شراب خانہ میں پھینک دیتی ہے۔ سیر العارفین میں یہ بھی لکھا ہے کہ جب خواجہ قطب الاسلام دہلی میں مقیم ہوئے تو تمام اکابر و اشراف اور ساری خلقت یکبارگی آپ کی صورت و سیرت پر عاشق اور فریفتہ ہو گئی۔ ان ہی ایام میں شیخ بدر الدین غزنوی کو آپ نے خرقۂ خلافت عطا فرمایا اور انہوں نے ساری عمر آپ کی خدمت میں گذار دی۔ اس کا ذکر تفصیلاً اپنے مقام پر آچکا ہے۔ ایک دفعہ خواجہ قطب الاسلام نے سلطان الآفاق خواجہ بزرگ خواجہ معین الدین اجمیری قدس سرہٗ کی خدمت میں عریضہ لکھا کہ اشتیاق دیدار اس قدر ہے کہ رہا نہیں جاتا اگر اجازت ہو تو بندہ شرف قدمبوسی حاصل کرے۔ خواجہ بزرگ نے جواب لکھا کہ "اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ معتبر است۔ قرب جانی را بُعد مکانی مانع نیست"

(آدمی اسی کے ساتھ رہتا ہے جسکے ساتھ اسے محبت ہو (الحدیث) قرب روحانی کے لئے بُعد (دوری) جسمانی مانع نہیں ہے یعنی اگرچہ جسمانی طور پر آپ مجھ سے دور ہیں روحانی طور پر مجھ سے بالکل قریب ہیں) خواجہ بزرگ نے یہ بھی تحریر فرمایا کہ آپ وہاں

Marfat.com

سلامت رہیں۔ انشاء اللہ کچھ عرصے کے بعد بارادتِ حضرتِ اللہ آپ کی طرف آنا ہوگا۔
پس ناچار خواجہ قطب الاسلام اپنے شیخ کے حکم کے مطابق دہلی ہی میں رہے۔ ان دنوں شیخ الاسلام جمال الدین بسطامی بھی رحلت کر گئے۔ سلطان شمس الدین نے چاہا کہ شیخ الاسلامی خواجہ قطب الاسلام کے سپرد کریں لیکن آپ نے اس کی طرف ذرہ بھر التفات نہ فرمایا۔ یہ دیکھ کر انہوں نے شیخ نجم الدین صغریٰ کو شیخ الاسلام بنا دیا۔ اس منصب سے پہلے شیخ نجم الدین صغریٰ نیک روش اور پسندیدہ اخلاق رکھتے تھے لیکن دنیائے دوں نے اپنا اثر دکھایا اور کم حوصلگی کی وجہ سے وہ اپنے حال پر قائم نہ رہ سکے۔ سلطان شمس الدین اور تمام ارکین سلطنت کو خواجہ قطب الاسلام سے حد درجہ کا اعتقاد و محبت تھی۔ اتفاقاً ان ہی ایام میں خواجہ بزرگ اجمیر شریف سے دہلی تشریف لائے اور خواجہ قطب الاسلام بے حد خوش ہوئے اور درگاہِ ربّ العزت میں شکرانہ بجا لائے۔ آپ نے چاہا کہ سلطان شمس الدین کو اطلاع دیں لیکن خواجہ بزرگؒ نے منع فرما دیا کہ ہم محض تمھیں ملنے آئے ہیں اور دو تین دن سے زیادہ قیام نہیں کریں گے شہر دہلی کی ساری خلقت خواجہ بزرگ قدس سرہٗ کی زیارت کے لیے ٹوٹ پڑی لیکن شیخ نجم الدین صغریٰ نہ آئے۔ باوجودیکہ اس سے قبل ملکِ خراسان میں حضرت خواجہ کے ساتھ بہت اعتقاد رکھتے تھے۔ چونکہ کمالِ اخلاق و عجز اس خاندان کا شیوہ ہے خواجہ بزرگؒ خود شیخ نجم الدین کے مکان پر تشریف لے گئے۔ وہ ایک عمارت کی تعمیر میں مصروف تھے اور خواجہ بزرگ کی طرف بالکل التفات نہ کیا۔ یہ دیکھ کر آپ نے فرمایا اے نجم الدین تجھے کیا ہو گیا ہے شاید شیخ الاسلامی نے تجھے تبدیل کر دیا ہے انہوں نے شرمساری سے سرنگوں ہو کر کہا کہ میں تو وہی مخلص اور معتقد ہوں لیکن آپ نے اس شہر میں ایک ایسا مرید چھوڑ دیا ہے کہ جس کی وجہ سے میری شیخ الاسلامی کو کوئی نہیں پوچھتا۔ خواجہ غریب نوازؒ نے یہ کلمات سن کر تبسم فرمایا اور فرمایا کہ فکر نہ کرو اس مرتبہ میں بابا قطب الدین کو اپنے ساتھ لے جاؤں گا۔ اس کے بعد آپ خواجہ قطب الاسلام کے مکان پر تشریف لائے چند روز کے بعد شیخ نجم الدین عہدۂ شیخ الاسلامی سے برطرف ہو کر قتل ہو گئے۔ چنانچہ اس کی تفصیل شیخ جلال الدین تبریزیؒ کے حالات میں لکھی جائے گی۔

Marfat.com

ان ایام میں حضرت شیخ فریدالدین گنجشکر قدس سرہٗ بھی حضرت خواجہ قطب الاسلام کی خدمت میں رہتے تھے۔ آپ خواجہ بزرگ علیہ رحمہ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ خواجہ بزرگ نے کمال مہربانی سے آپ کے متعلق فرمایا کہ بابا قطب الدین تم نے ایسا عظیم شاہ باز قید کر رکھا ہے جو سدرۃ المنتہیٰ کے سوا کسی جگہ آشیانہ نہیں بناتا۔ یہ فرید وہ شمع ہے کہ درویشوں کے خاندان کو منور کرے گا۔

جس طرح خواجہ قطب الاسلام سے بڑھ کر خواجہ بزرگ کا کوئی مرید نہ تھا اسی طرح خواجہ گنج شکر سے بڑھ کر خواجہ قطب الاسلام کا کوئی مرید و خلیفہ نہ تھا۔ الغرض چند ایام کے بعد خواجہ بزرگ اجمیر تشریف لے گئے اور خواجہ قطب الاسلام کو بھی ساتھ لے جانے کا قصد کیا۔ جب خواجہ قطب الاسلام خواجہ بزرگ کے ہمراہ شہر دہلی سے باہر نکلے شہر کے ہر محلہ سے شور و غوغا بلند ہوا اور سارا شہر ماتم کدہ بن گیا۔ ساری خلقت اور ہر خاص و عام مع سلطان شمس الدین پیچھے پیچھے جا رہے تھے اور جس جگہ خواجہ قطب الاسلام قدم رکھتے تھے لوگ کمال صدق سے وہاں کی مٹی تبرک کے لیے اٹھا لیتے تھے اور منہ پر ملتے تھے جب خواجہ بزرگ نے یہ حال دیکھا تو فرمایا بابا قطب الدین اسی جگہ رہ جاؤ کیونکہ تمہارے چلے جانے سے ساری خلقت مضطرب اور پریشان حال ہے۔ میں اتنے دلوں کو خراب و کباب نہیں کرنا چاہتا۔ جاؤ اس شہر کو ہم نے تمہاری پناہ میں دے دیا۔ پس خواجہ قطب الاسلام کو رخصت فرما کر آپ خود اجمیر تشریف لے گئے۔ اس کے بعد خواجہ بزرگ ایک مرتبہ اور دہلی تشریف لے گئے یعنی بادشاہ سے اپنے فرزندان کے لئے موضع ماندن کا فرمان درست کرانے کی غرض سے جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے۔

سیر العارفین میں لکھا ہے کہ سلطان شمس الدین التمش کا مدت سے ارادہ تھا کہ شہر کے قریب ایک حوض تیار کرایا جائے تاکہ خلق خدا کو آرام پہنچے۔

ایک رات اس نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ ایک مقام پر آپ گھوڑے پر سوار ہوئے کھڑے ہیں اور فرما رہے ہیں کہ اے شمس الدین اگر تو چاہتا ہے کہ حوض بنائے اور خلقت فیض یاب ہو تو اس جگہ بنا جہاں ہم کھڑے ہیں جب بادشاہ

بیدار ہوا تو وہ جگہ جہاں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم تشریف فرماتھے معلوم نہ کرسکا۔ حیران ہوا کہ کیا کیا جائے آخر اپنے ایک خاص آدمی کو خواجہ قطب الاسلام کی خدمت میں بھیجا کہ میں نے رات خواب میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی ہے اگر اجازت ہو تو حاضر خدمت ہو کر عرض کردوں۔ حضرت خواجہ نے فرمایا ہاں میں جانتا ہوں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بادشاہ کو حوض بنانے کا اشارہ فرمایا ہے۔ ہم اسی جگہ جارہے ہیں جہاں حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وسلم گھوڑے پر سوار ہو کر تشریف فرماتھے بادشاہ سے کہو کہ جلدی وہاں پہنچ جائے۔ خواجہ قطب الاسلام وہاں پہنچ کر دوگانہ نماز میں مشغول ہو گئے۔ سلطان بھی وہاں پہنچ گیا۔ اور جو جگہ بھول چکا تھا اسے یاد آگئی وہاں جاکر دیکھا تو حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وسلم کے گھوڑے کے سم کا نشان موجود تھا۔ پس اسی مقام پر حوض تیار کرایا گیا اور جس جگہ گھوڑے کے سُم کا نشان تھا وہاں ایک چھوٹا سا گنبد بنا دیا گیا۔ سبحان اللہ! عجیب پرفیض مقام ہے کہ بے شمار اولیاء اللہ اس کے گرد آرام فرمارہے ہیں۔ خواجہ قطب الاسلام اور قاضی حمید الدین ناگوری اکثر اوقات وہاں جاکر مشغول ہوا کرتے تھے اور خضر علیہ السلام اور دیگر مردانِ غیب کی صحبت میں بیٹھتے تھے۔ ایک بزرگ نے خوب لکھا ہے کہ ؎

بر زمینے کہ نشانِ کف پائے تو بود  سالہا سجدۂ صاحب نظران خواہد بود

(جس زمین پر اے محبوب! تیرے قدموں کا نشان آیا سالہا سال صاحبِ معرفت لوگ وہاں سجدے کرتے رہیں گے)

سیر العارفین میں لکھا ہے آخر عمر میں خواجہ قطب الاسلام دہلی میں متاہل ہوئے اور دو بیٹے پیدا ہوئے۔ ایک شیخ احمد ہیں جن کی قبر حضرت خواجہ کے پہلو میں ہے۔ آپ بہت صاحب کمالات و کرامات تھے۔ آپ کو خواجہ احمد نما بھی کہتے ہیں۔ رحمتہ اللہ علیہ۔ آپ سلطان المشائخ کے زمانے تک زندہ رہے دوسرے بیٹے کا نام شیخ محمد تھا جو ایام طفلی میں رحلت کر گئے تھے۔

عیال و اطفال کے باوجود حضرت خواجہ فتوح کم قبول فرماتے تھے اور ہمیشہ

Marfat.com

تنگی سے بسر کرتے تھے۔ سلطان المشائخ سے نقل ہے کہ خواجہ بزرگ نے آپ کو اجازت دے رکھی تھی کہ اگر ضرورت ہو تو پانچ سو درم قرض لے کر خرچ کر لیا کریں۔ جب دو تین دن متواتر فاقہ ہوتا تو حرم پاک شرف الدین بقال سے جو آپ کا ہمسایہ تھا بقدر ضرورت قرض لے کر خرچ کرتے۔ ایک دن بقال کی عورت نے کہا اگر ہم ہمسایہ نہ ہوتے تو معلوم نہیں ان لوگوں کا کیا حال ہوتا۔ حرم شریف نے یہ بات حضرت خواجہ کی خدمت میں عرض کر دی۔ آپ نے فرمایا آج سے قرض ہرگز نہ لینا۔ آپ کے حجرے کے اندر ایک طاق تھا آپ نے فرمایا آئندہ جس چیز کی ضرورت ہو بسم اللہ پڑھ کر اس طاق میں ہاتھ ڈال کر لے لیا کرو۔ حرم خواجہ جس وقت طاق میں ہاتھ ڈالتیں گرم کاک (روٹی) نکال لیتیں۔ اس سے انکے گھر کے لوگوں کی بسر اوقات ہو جاتی تھی۔ اسی وقت سے حضرت خواجہ کا خطاب کاکی ہو گیا۔ خواجہ بزرگ اکثر آپ کو قطب الدین بختیار کہا کرتے تھے اس وجہ سے آپ کا لقب بختیار ہو گیا۔ سلطان المشائخ سے منقول ہے کہ خواجۂ قطب الاسلام اکثر استغراق میں رہتے تھے۔ اگر کوئی شخص آپ سے ملنے آتا تو دیر کے بعد آپ کو معلوم ہوتا کہ کون ہے اور اس کی دل جوئی کی خاطر ایک دو باتیں کر کے رخصت کر دیتے اور فرماتے تھے کہ مجھے معذور رکھو۔ آپ فنائے احدیت میں اس قدر مستغرق تھے کہ جب آپ کا لڑکا فوت ہوا تو آپ کو خبر تک نہ ہوئی۔ سیر الاولیاء میں سلطان المشائخ سے نقل ہے کہ ایک دفعہ عید کے دن آپ نماز سے فارغ ہو کر اس جگہ پہنچے جہاں اس وقت آپ کا مزار مبارک ہے۔ اس زمانے میں وہ زمین غیر آباد تھی اور وہاں کوئی قبر اور گنبد نہ تھا۔ آپ وہاں کھڑے ہو گئے اور تامل کرنے لگے۔ جو عزیز ساتھ تھے انہوں نے عرض کیا کہ آج عید کا دن اور خلقت آپ کے انتظار میں ہوگی۔ بہتر یہ ہے کہ آپ گھر تشریف لے چلیں۔ آپ نے فرمایا "مرا ازیں زمین بوئے دلہا مے آید" (مجھے اس زمین سے بوئے دلہا یعنی دلوں کی خوشبو آتی ہے) آپ نے مالک زمین کو طلب فرمایا اور اپنی قبر کے لیے وہ زمین خرید لی۔ سلطان المشائخ یہ بیان فرما کر آب دیدہ ہو گئے کہ حضرت خواجہ نے فرمایا تھا کہ "مرا ازیں زمین بوئے دلہا می آید"۔ سبحان اللہ کون کون سے بزرگ اس زمین کے اندر آسودہ ہیں۔ اور اس وقت خلقت

Marfat.com

کو فیض پہنچا رہے ہیں۔ کتاب دلیل العارفین سے معلوم ہوتا ہے کہ آخر وقت میں آپ ایک دفعہ خواجہ بزرگ سے ملنے اجمیر شریف گئے اور وہاں سے رخصت ہو کر دہلی آئے اور بیس روز کے بعد خواجہ بزرگ کا وصال ہو گیا۔ خواجہ قطب الاسلام بھی تھوڑے عرصے کے بعد رحلت فرما گئے۔ حضرت گنج شکر قدس سرہٗ فوائد السالکین میں فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ خواجہ قطب الاسلام کی پابوسی کا شرف حاصل ہوا۔ قاضی حمید الدین ناگوری، مولانا علاء الدین کرمانیؒ، سید نور الدین مبارکؒ، شیخ شرف الدینؒ، شیخ محمود موئینہ دوزؒ، مولانا فقیہ خدادادؒ کہ جن کی نظر کے سامنے عرش سے لے کر تحت الثریٰ تک کوئی حجاب نہ تھا، مجلس میں حاضر تھے۔ حج کے متعلق بات ہونے لگی خواجہ قطب الاسلام نے فرمایا کہ حق تعالےٰ کے ایسے بندے بھی ہیں جو اپنے خراب آباد میں ہوتے ہیں اور خانہ کعبہ کو حکم ہوتا ہے کہ وہاں جا کر ان کا طواف کرے۔ جب عزیزوں نے یہ بات سنی تو کھڑے ہوئے اور عالم تحیر میں مستغرق ہو گئے چنانچہ انہیں اپنی خبر بھی نہ رہی۔ یہ دعا گو بھی عالم شوق میں مستغرق ہو گیا۔ حضرت خواجہ اور ہم سب نے ہاتھ اوپر اٹھائے جیسا کہ خانہ کعبہ کے طواف کے وقت اٹھا کر تکبیر پڑھتے ہیں اس وقت ہم سب ہوش میں آ گئے اور کیا دیکھتے ہیں کہ کعبہ ہمارے سامنے ہے۔ پس ہم نے تمام شرائط کے ساتھ طواف کیا ہاتف نے آواز دی کہ اے عزیزان ہم نے تمہارا حج اور نماز قبول کیا۔ اس کے بعد ہم اپنی اپنی جگہ پر بیٹھ گئے۔ اب میں نے اپنا منہ زمین پر رکھ کر ہانسی جانے کے لئے اجازت طلب کی۔ یہ دیکھ کر آپ آبدیدہ ہو گئے اور فرمانے لگے کہ بابا فرید جانا چاہتے ہو؟ میں نے دوبارہ منہ زمین پر رکھ کر عرض کیا کہ جس طرح فرمان ہو۔ آپ نے فرمایا جاؤ۔ تقدیر میں یہی لکھا ہے۔ خواجہ بزرگ کے وصال کے وقت میں حاضر نہ تھا۔ تم بھی میرے آخری سفر کے وقت حاضر نہ ہو گے۔ اس وقت آپ نے تمام دوستوں کو مخاطب کر کے فرمایا کہ ان کی (خواجہ گنج شکر کی) مزید نعمت کے لیے فاتحہ اخلاص پڑھو۔ سب نے تعمیل کی۔ اس کے بعد مصلےٰ اور عصا اس دعا گو کو عطا فرمایا اور کہا کہ دوگانہ ادا کرو۔ میں نے تعمیل کی۔ آپ نے فرمایا میں تیری امانت یعنی سجادہ، دستار، خرقہ اور نعلین قاضی حمید الدین ناگوری کے سپرد کروں گا کہ میرے انتقال کے چوتھے یا

پانچویں دن تمھیں دے دیں گے تم ان کا احترام کرنا (حق ادا کرنا) "مقامِ ما مقامِ تُست" (ہمارا مقام تمھارا مقام ہے) - جب حضرت خواجہ نے یہ فرمایا تو مجلس سے آہ و نعرہ بلند ہوا - آپ نے فرمایا مرید کو چاہیے پیروں کی نسبت پر چلے اور ذرہ بھر تجاوز نہ کرے تاکہ کل (قیامت کے دن) ان سے شرمندہ نہ ہو - اس کے بعد اس دعاگو کو مخاطب کر کے فرمایا کہ اے مرید تو میرا اس دنیا میں اور آخرت میں دوست دار ہے لیکن غافل نہ رہنا کیونکہ اہلِ سلوک فرماتے ہیں کہ راہِ طریقت بہت پرخوف راستہ ہے -

اور مشائخ عظام فرماتے ہیں کہ اس کوچے میں قدم رکھنے والے جب تک دستِ بلا سے دروازہ نہیں کوٹتے نہیں کھلتا اور جب تک زبانِ ندامت اور غم سے طلب نہیں کرتے مقصود حاصل نہیں کرتے اور جب تک دل کے قدم سے نہیں چلتے منزل گاہِ عزت تک نہیں پہنچتے - اس کے بعد آپ نے فرمایا کہ میں نے تیس سال تک ہر قسم کی زبان استعمال کی لیکن کچھ نہ ملا - ہر قسم کے ہاتھوں سے دروازہ کھٹکھٹایا لیکن نہ کھلا اور ہر قسم کے قدموں سے چلا لیکن منزل گاہِ عزت تک رسائی نہ ہوئی - جب بلا کے ہاتھ سے دروازہ کھٹکھٹایا اور زبانِ اندوہ سے التجا کی تو منزلِ مقصود تک پہنچ گیا -

جب خواجہ نے فوائد ختم کئے تو سب عزیزوں نے منہ زمین پر رکھا اور رخصت ہو گئے - جب میری باری آئی تو آپ نے میرا سر کنار (گود) میں لے کر فرمایا "هٰذا فراق بيني وبينك" (یہ وقت ہے جدائی کا میرے اور تمھارے درمیان) فرمایا جا تجھے خدا کے سپرد کیا اور منزل پر پہنچا دیا - پس دعاگو نے اپنا منہ زمین پر رکھا اور اجازت حاصل کر کے ہانسی چلا گیا -

سیر العارفین میں سلطان المشائخ سے نقل ہے کہ ایک دفعہ شیخ علی سنجری کی خانقاہ میں مجلس سماع گرم تھی - درویشانِ اہلِ حال اور اہلِ کمال موجود تھے خواجہ قطب الاسلام بھی تشریف رکھتے تھے - قوال شیخ احمد جام کا یہ شعر گا رہے تھے ؎

کشتگانِ خنجرِ تسلیم را ہر زماں از غیب جانِ دیگر است

اس پر خواجہ قطب الاسلام کو حال آگیا اور بے ہوش ہو گئے - شیخ محمد عطا عرف قاضی

Marfat.com

حمیدالدین ناگوریؒ اور شیخ بدرالدین غزنویؒ آپ کو گھر لے آئے ۔قوال بھی ساتھ چلے آئے
تین دن رات تک آپ اسی حال میں مستغرق رہے ۔قوالوں کو اسی بیت کا حکم فرماتے رہے
اور وجد کرتے رہے اس سے آپ کی ہڈی ہڈی الگ ہوگئی ۔تیسرے دن استغراق کا غلبہ
زیادہ ہوگیا ۔قاضی حمیدالدین ناگوری اور شیخ بدرالدین غزنوی نے کہا کہ آپ کے خلفاء میں سے
کس کے لئے حکم ہے کہ آپ کی مسند پر بیٹھے ۔آپ نے فرمایا دستار، خرقہ، مصلا اور نعلین
چوبیں (لکڑی کے جوتے) جو خواجہ بزرگ سے مجھے ملے ہیں شیخ فریدالدین مسعود کو پہنچا دینا
کیونکہ میرے جانشین وہی ہیں یہ کہہ کر آپ نے جان مشاہدہ حق میں تسلیم کر دی ۔شیخ بدرالدین
غزنویؒ کہتے ہیں کہ خواجہ کی وفات کی رات مجھ پر غنودگی طاری ہوگئی اور میں نے دیکھا کہ
خواجہ اوپر کی طرف جا رہے ہیں اور فرما رہے ہیں کہ اے بدرالدین دوستانِ حق کے لیے
موت نہیں ہے ۔جب میں بیدار ہوا تو معلوم ہوا کہ آپ کا وصال ہوگیا ہے ۔آپ کی وفات
بروز دوشنبہ چودہ ماہ ربیع الاول ۶۳۳ھ سلطان شمس الدین التمش کے عہد میں ہوئی ۔اس وقت
آپ کی عمر پچاس ۵ سال تھی ایک روایت کے مطابق آپ کی عمر باون سال تھی ایک اور
روایت کے مطابق چونسٹھ سال تھی ۔ایک اور روایت میں آپ کی عمر چھیتر سال بتائی
جاتی ہے ۔آپ دہلی میں حوضِ شمسی کے قریب دفن ہوئے ۔رحمتہ اللہ علیہ

Marfat.com

# مثنوی مولانا رومؒ

یک زمانے صحبت با اولیاءً | بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

اولیا را ہست قدرت از الٰہ | تیرِ جستہ باز گرداند ز راہ

فیضِ حق اندر کمالِ اولیا | نورِ حق اندر جمالِ اولیا

ہر کہ خواہد ہم نشینی با خدا | او نشیند در حضورِ اولیاءً

چوں شوی دُور از حضورِ اولیا | در حقیقت گشتہ دور از خدا

پیرِ کامل صورتِ ظلّ الٰہ | یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا

ہر کہ پیر و ذاتِ حق را ایک نہ دید | نے مرید و نے مرید و نے مرید

مولوی ہرگز نہ شد مولائے رُوم
تا غلامِ شمس تبریزی نہ شد

Marfat.com

Marfat.com

# دوسرا باب

## شیخ الاسلام گنجشکرؒ کا سلسلۂ نسب و حالاتِ زندگی تاریخ کے آئینہ میں

اصل مقصد جس کے لیے یہ کتاب تالیف کی گئی ہے یہ ہے کہ حضرت خواجہ گنجشکرؒ کے تاریخی حالات بیان کیے جائیں تاکہ حضرتِ اقدس کا صحیح مقام قارئین کرام کے سامنے آسکے۔ اور آپ کے بلند و بالا روحانی منازل و مقامات کا پتہ چل سکے۔ اگرچہ حضرتِ اقدس کے تذکرہ نویس بے شمار ہیں اور لوگوں نے کئی قسم کی باتیں حضرتِ اقدس سے منسوب کر دی ہیں لیکن صحیح تاریخی مواد صرف چند کتابوں ہی میں ملتا ہے، چنانچہ ہماری کتاب "مقام گنجشکرؒ" حسب ذیل نو تاریخی کتابوں سے ماخوذ ہے۔

**(۱) سیر الاولیاء:** اس کتاب کے مصنف حضرت خواجہ محمد کرمانی ہیں جو میر خورد یا خواجہ خورد کے نام سے موسوم تھے۔ آپ حضرت سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیاء محبوبِ الٰہی قدس سرہٗ کے مرید و خلیفہ تھے اور آپ کے آباؤ اجداد نے حضرت محبوب الٰہیؓ اور حضرت خواجہ گنجشکرؒ کے آغوش میں رہ کر روحانی تربیت حاصل کی ہے۔ میر خورد کے دادا حضرت شیخ محمد کرمانیؒ حضرت بابا صاحبؒ کے مرید و خلیفہ تھے اور اٹھارہ سال اجودھن میں حضرتِ اقدس کے ساتھ رہ کر خلافت حاصل کی اہل علم

میں یہ کتاب یعنی سیر الاولیاء مستند مانی جاتی ہے اور اس کے حوالہ جات بعد کی کتابوں میں جا بجا ملتے ہیں۔ خوش قسمتی سے یہ نادر کتاب اپنے اصل متن فارسی میں اب دستیاب ہے۔ حال ہی میں اسلامک بک فاؤنڈیشن لاہور نے مرکزِ تحقیقاتِ فارسی ایران کے تعاون سے شائع کی ہے۔

**(۲) فوائد الفوائد:** اس کتاب کے مصنف بھی حضرت سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیاء کے ایک مرید خواجہ حسن علا سنجری ہیں جو بڑے عالم فاضل اور صوفی شاعر تھے۔ یہ کتاب حضرت محبوبِ الٰہی کے اقوال و ملفوظات کا مجموعہ ہے اور حقائق و معارف کا بیش بہا خزینہ ہے۔ کتاب مذکور کی خصوصیت یہ ہے کہ جو کچھ لکھ لیتے تھے حضرت شیخ کو دکھا کر صحیح کرا لیتے تھے۔ اس طرح اس کتاب کی حیثیت بھی ایک مستند ماخذ کی ہے۔ (یعنی فوائد الفوائد سلوک الی اللہ کا دستور العمل ہے اور نہایت اعلیٰ ہے اگرچہ حضرت امیر خسرو نے بھی ملفوظات جمع کئے ہیں لیکن وہ اس قدر مقبول نہیں ہوئے۔۔۔ فوائد الفوائد نہایت معتبر ہے۔) اس کتاب کے متعلق حضرت امیر خسرو فرماتے ہیں کہ کاش میری تمام تصانیف حسن کے نام ہوتیں اور فوائد الفوائد میرے نام۔

**(۳) خیر المجالس:** یہ کتاب حضرت سلطان المشائخ کے خلیفۂ اعظم حضرت نصیر الدین محمود چراغ دہلوی قدس سرہٗ کے ملفوظات کا مجموعہ ہے جو حضرت مولانا حمید قلندر نے جمع کیے ہیں۔ مولانا حمید قلندر بھی حضرت محبوبِ الٰہی کے مرید تھے لیکن آپ کے وصال کے بعد ان کو خلافت حضرت چراغ دہلوی سے حاصل ہوئی۔ حضرت چراغ دہلوی نے بھی جو کچھ حضرت خواجہ گنجشکر کے متعلق بیان فرمایا ہے۔ اسے شیخ حضرت سلطان المشائخ سے سن کر فرمایا ہے۔ اس لیے ان ملفوظات کے مستند ہونے میں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں ہے۔

**(۴) جوامع الکلم:** یہ حضرت بندہ نواز سید محمد گیسو دراز کے ملفوظات کا مجموعہ ہے جو آپ کے فرزند سید حسین المعروف سید محمد اکبر حسینی نے جمع کیے ہیں۔ حضرت گیسو دراز حضرت شیخ نصیر الدین چراغ دہلوی کے مرید و خلیفہ ہیں اور بہت بڑے بزرگ ہیں آپ کا مزار مبارک گلبرگہ شریف میں ہے جو ریاست حیدر آباد دکن میں واقع

Marfat.com

ہے۔ یہ کتاب بھی نہایت معتبر ہے کیونکہ اس میں وہی باتیں درج ہیں جو مؤ
نے اپنے شیخ سے سنیں اور انہوں نے اپنے شیخ حضرت محبوب الٰہی سے سنیں۔

**(۵) سیر العارفین :** اس کتاب کے مصنف مولانا حامد فضل اللہ جمالیؒ ہیں جو شیخ سماء الدین سہروردیؒ کے مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کنبوہ سے تعلق رکھتے تھے۔ آپ کے شیخ حضرت سماء الدین بھی کنبوہ تھے۔ اور ملتان کے رہنے والے تھے۔ لیکن بعد میں دہلی میں مقیم ہو گئے اور وہیں آپ کا مزار ہے۔ شیخ جمالیؒ سلطان بہلول لودھی اور سکندر لودھی کے زمانے میں ہو گزرے ہیں۔ آپ کا سن وفات جو اخبار الاخیار میں دیا ہے ۹۹۹ھ ہے۔ سیر العارفین ۹۳۸ سے ۹۴۱ کے عرصے میں لکھی گئی۔ شیخ جمالیؒ بلند پایہ بزرگ، شاعر اور عالم فاضل تھے اور آپ کی تصانیف کثیر ہیں۔

**(۶) اخبار الاخیار :** اس کتاب کے مصنف حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی ہیں۔ جو شیخ جمالی کے ہمزمان تھے لیکن آپ کا سلسلہ قادریہ تھا۔ آپ بڑے محقق اور بلند مقام صوفی تھے۔ علم حدیث میں آپ کی شرح مشکوٰۃ شریف مشہور کتاب ہے۔

**(۷) لطائف اشرفی :** یہ حضرت شیخ اشرف جہانگیر سمنانیؒ کے ملفوظات کا مجموعہ ہے آپ حضرت شیخ علاؤ الدین بنگالیؒ کے خلیفہ ہیں آپ حضرت شیخ اخی سراج الدین کے خلیفہ ہیں اور آپ حضرت سلطان المشائخؒ کے خلیفہ ہیں۔ یہ ملفوظات آپ کے مرید و خلیفہ حضرت مولانا نظام الدین یمنیؒ نے قلمبند کیے ہیں حضرت شیخ اشرف جہانگیر سمنانیؒ حضرت شیخ احمد عبد الحق ردولویؒ اور حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت اوچیؒ کے ہمزماں تھے۔

**(۸) مراۃ الاسرار :** اس کتاب کے مصنف حضرت شیخ عبد الرحمٰن چشتی صابری ہیں جو عہد شاہجہانی کے رہنے والے تھے۔ اور حضرت شاہ ابو سعید گنگوہیؒ کے دوست تھے۔ مراۃ الاسرار ایک ہزار صفحات پر مشتمل ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے لے کر شاہ جہاں کے وقت تک اولیائے کرام کی گیارہ صدیوں کی تاریخ ہے اس کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں تمام سلاسل کے مشائخ عظام کے حالات

بڑی صحت کے ساتھ درج ہیں اور انداز بیان انتہائی موثر ہے۔ اس کتاب کے ماخذ یہ ہیں تذکرۃ الاولیاء مصنفہ شیخ فریدالدین عطارؒ۔ کشف المحجوب مصنفہ سید علی ہجویریؒ۔ نفحات الانس مصنفہ مولانا جامیؒ۔ لطائف اشرفی۔ اخبار الاخیار۔ سیرالاولیاء۔ فوائد الفوائد۔ یہ کتاب ابھی تک غیر مطبوعہ ہے۔ اس کا ایک مخطوطہ برٹش میوزیم لندن میں موجود ہے۔ جس کی فوٹو کاپی حضرت شاہ شہید اللہ فریدیؒ کے خلیفہ حضرت شاہ سراج علی محمد نے لے کر کراچی میں تیار کرایا ہے اور اس احقر راقم الحروف نے سات سال کے عرصہ میں اس کا اردو ترجمہ مکمل کر لیا ہے اَلحَمدُ لِلّٰہ یہ کتاب زیور طبع سے آراستہ ہو کر منظر عام پر آچکی ہے۔

**(۹) اقتباس الانوار:** یہ خاندان مغلیہ کے آخری دور کی تصنیف ہے اس کے مصنف حضرت شیخ محمد اکرم ہیں جو چشتی صابری تھے اور بڑے صاحب حال بزرگ تھے۔ یہ کتاب حضرت خواجہ غلام فرید چاچڑاں شریف کے زیر مطالعہ رہتی تھی اور اس کے متعلق آپ فرمایا کرتے تھے کہ یہ بادشاہ کتاب ہے اور اس کا مصنف ولی اللہ ہے اس میں مشائخ صابریہ کے حالات کے علاوہ ان کے بلند روحانی مقامات بھی بیان کیے ہیں مصنف بڑے نقاد ہیں اور ضعیف روایات کی ہر جگہ نفی کرتے جاتے ہیں۔

اس کتاب کا بھی راقم الحروف نے اردو ترجمہ کر لیا ہے اور زیر طبع ہے۔

**سلسلہ نسب:** حضرت خواجہ فرالدین گنجشکر قدس سرہٗ کا شجرۂ نسب امیرالمومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ سے اس طرح جا ملتا ہے۔ حضرت فریدالدین مسعود بن حضرت جمال الدین سلیمان بن حضرت قاضی شعیب بن حضرت شیخ محمد احمد بن حضرت شیخ محمد یوسف بن حضرت شیخ شہاب الدین بن فرخ شاہ بادشاہ کابل بن نصیرالدین محمود بن شیخ سلیمان بن شیخ مسعود بن شیخ عبداللہ واعظ اصغر بن شیخ ابوالفتح واعظ اکبر بن شیخ اسحٰق بن شیخ ابراہیم بن شیخ ادھم بن شیخ سلیمان، بن شیخ منصور، بن شیخ ناصر بن حضرت عبداللہؓ ابن امیرالمومنین وخلیفۃ المسلمین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

**حضرت قاضی شعیبؒ:** جب حضرت باباصاحبؒ کے دادا صاحب حضرت

قاضی شعیبؒ کے والد حضرت شیخ احمد تاتاریوں کے حملے میں کابل میں شہید ہو گئے تو قاضی شعیبؒ کابل سے ترک سکونت اختیار کر کے ہندوستان تشریف لائے۔ آپ پہلے لاہور پہنچے۔ اس کے بعد قصور سے ہوتے ہوئے بمقام کھتوال پہنچے جس کا موجودہ نام چاؤلی مشائخ ہے۔ سرکاری ریکارڈ سے معلوم ہوا ہے کہ چاؤلی مشائخ کا پہلا نام کھتوال ہے۔ سیر الاولیاء کے مطابق قصور کے قاضی کی وساطت سے حضرت قاضی شعیبؒ کو بادشاہ نے کھتوال کی قضا کا عہد سپرد کیا۔

## حضرت قاضی جمال الدین سلیمانؒ:

حضرت قاضی شعیبؒ کے دو فرزند تھے بڑے کا اسم گرامی قاضی جمال الدین سلیمان اور چھوٹے کا نام قاضی عبداللہ تھا۔ قاضی سلیمانؒ بڑے عالم و فاضل تھے آپ کی شادی حضرت مولانا وجیہہ الدین خجندی کی صاحبزادی سے ہوئی جن کا اسم گرامی بی بی قرسم[1] خاتون تھا۔ والد ماجد کے وصال کے بعد آپ کھتوال کے قاضی مقرر ہوئے۔

## اولادِ امجاد:

حضرت قاضی جمال الدین سلیمانؒ کے تین فرزند تھے۔ پہلے فرزند کا اسم گرامی شیخ اعزالدین محمودؒ تھا۔ دوسرے کا اسم گرامی حضرت شیخ فریدالدین مسعودؒ اور تیسرے کا حضرت شیخ نجیب الدین متوکلؒ تھا۔ حضرت بی بی قرسم خاتون کے متعلق صاحب مراۃ الاسرار، سیر العارفین اور اخبار الاخیار لکھتے ہیں کہ بڑی عابدہ، زاہدہ اور مستجاب الدعوات تھیں یعنی جو دعا مانگتی تھیں، قبول ہوتی تھی۔

## حضرت گنجشکرؒ کی ولادت:

حضرت بابا فریدالدین مسعودؒ کا سن پیدائش سیر الاولیاء کے مطابق ۵۶۹ھ ہے اور سن وصال ۶۶۴ھ ہے اس حساب سے آپ کی عمر شریف پچانوے سال بنتی ہے لیکن فوائد الفوائد میں آپ کی عمر حضرت سلطان المشائخ نے ترانوے سال بتائی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کا سن پیدائش ۵۷۱ھ تھا جو بعض تواریخ میں مذکور ہے۔

---

[1] مراۃ الاسرار و سیر العارفین

Marfat.com

لیکن ہمارے شجرہ شریف میں حضرت اقدس کا سن وصال ۶۶۸ھ ہے جو کشفی معلوم ہوتا ہے۔ اور اصحیح ہے۔

**حضرت بی بی قرسم خاتون کی کرامت:** جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے۔ شیخ الاسلام خواجہ گنج شکرؒ کی والدہ ماجدہ بڑی عابدہ اور زاہدہ، تہجد گزار، ذاکرو شاغل تھیں۔ مراۃ الاسرار، سیر الاولیا، سیر العارفین اور اخبار الاخیار ان چاروں مستند اور معتبر کتابوں میں حضرت بی بی ماجدہ کے ظاہری و باطنی کمالات کا ذکر آیا ہے۔ سیر العارفین میں لکھا ہے کہ ایک رات جب بی بی صاحبہ تہجد و ذکر و فکر میں مشغول تھیں تو گھر میں چور داخل ہوا اور اس عفت مآب خاتون کے سامنے آتے ہی اندھا ہو گیا۔ اب وہ بھاگنا چاہتا تھا لیکن اندھا ہو چکا تھا کیا کرتا۔ اس نے آواز دی کہ اس گھر میں ضرور کوئی ایسی ہستی موجود ہے جس کی وجہ سے میں اندھا ہو گیا ہوں۔ اب میں وعدہ کرتا ہوں کہ اگر مجھے آنکھیں مل جائیں تو مسلمان ہو جاؤں گا اور چوری چھوڑ دوں گا۔ حضرت بی بی صاحبہ کو اس کے حال پر رحم آیا اور اس کے لیے خدا تعالےٰ سے دعا کی تو فوراً اس کی آنکھیں بینا ہو گئیں۔ صبح کے وقت وہ چور بال بچوں سمیت حاضر ہوا اور سب کے سب مسلمان ہو گئے۔ اس کے بعد اس نے اس گھرانے کی بہت خدمت کی اور بزرگی کو پہنچا۔ اس کا اسلامی نام عبداللہ رکھا گیا۔ اس کی مزار آج تک زیارت گاہ خاص وعام ہے۔ اور حضرت گنج شکرؒ کے آباؤ اجداد کے ساتھ واقع ہے۔

**ابتدائی تعلیم:** حضرت خواجہ گنج شکرؒ کی ابتدائی تعلیم قصبہ کھتوال میں ہوئی۔ لیکن چونکہ وہاں اعلیٰ تعلیم کا انتظام نہیں تھا۔ آپ تیرہ سال کی عمر میں قبۃ الاسلام ملتان تشریف لے گئے جو اس وقت علم وفضل کا گہوارہ اور اہل علم کا مرکز تھا۔ وہاں کوئی پانچ سال تعلیم حاصل کرنے کے بعد آپ کی ملاقات حضرت قطب الاقطاب خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اوشی قدس سرہ سے ہو گئی اور وہیں سے آپ کی کایا پلٹی۔ اس حکیم اور قدیر لم یزلی نے کچھ ایسا انتظام فرمایا کہ جس

Marfat.com

وقت حضرت خواجہ گنجشکر رح مولانا منہاج الدین ترمذی کی مسجد میں بیٹھے کتاب "نافع" پڑھ رہے تھے تو حضرت خواجہ قطب الدین بختیار بھی وہاں جا پہنچے۔ اپنے ہونے والے مرشد کے رخ انور پر نگاہ پڑتے ہی اس نوجوان طالب علم کے دل و دماغ پر ایسا اثر ہوا کہ حضرت شیخ کے حسن و جمال کو تکتے رہ گئے۔ جب حضرت خواجہ قطب الاقطاب، نماز تحیۃ الوضو سے فارغ ہوئے تو ان سے دریافت فرمایا کہ کیا پڑھتے ہو۔ انہوں نے جواب دیا کہ "نافع" حضرت شیخ نے فرمایا اس سے تم کو نفع ہوگا۔ انہوں نے جواب دیا کہ حضور مجھے نفع تو آپ کی نظر کیمیائے اثر سے ہی ہوگا۔ یہ کہہ کر آپ حضرت شیخ کے قدموں پر گر گئے۔ یہ دیکھ کر حضرت خواجہ قطب الاقطاب بہت خوش ہوئے اور فرمایا کہ ظاہری تعلیم کی تکمیل ضروری ہے۔ صاحب سیر الاولیاء لکھتے ہیں کہ اس واقعہ کے بعد جب حضرت خواجہ قطب الاقطاب دہلی تشریف لے گئے تو حضرت خواجہ گنجشکر رح بھی ساتھ تھے اور وہاں جا کر بیعت سے مشرف ہوئے اور ذکر و شغل میں مشغول ہو گئے۔ لیکن بعض تذکروں میں یہ آیا ہے کہ حضرت خواجہ قطب الاقطاب کے حکم سے آپ پہلے ظاہری تعلیم کی تکمیل کے لیے قندھار اور اس کے بعد دیگر بلاد اسلامیہ میں تشریف لے گئے۔ جہاں آپ نے تحصیل علم کے علاوہ اکابر اولیاء سے بھی ملاقات کی اور فیوض حاصل کیے اور واپس آ کر بیعت ہوئے۔

**سلسلۂ طریقت:** شیخ الاسلام خواجہ گنجشکر رح کا سلسلۂ طریقت "سلسلہ عالیہ چشتیہ" ہے جو مندرجہ ذیل واسطوں سے حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے جا ملتا ہے۔

حضرت شیخ فریدالدین مسعود گنجشکر رح تاریخ وصال ۵ محرم ۶۶۸ھ مدفن پاکپتن شریف۔

حضرت خواجہ شیخ قطب الدین بختیار اوشی کاکی رح وصال ۱۴ یا ۲۴ ربیع الاول ۶۳۵ھ مدفن دہلی شریف

حضرت خواجہ بزرگ معین الدین حسن سنجری چشتی اجمیری رح وصال ۶ رجب ۶۳۳ھ مدفن اجمیر شریف۔

حضرت خواجہ عثمان ہارونی رح وصال ۶ شوال مدفن مکہ معظمہ اندر باب اول قدیم محل شریف حسین در احاطہ چوبی۔

حضرت خواجہ حاجی سید شریف زندنی رح وصال ۱۰ رجب ۶۱۲ھ مدفن زندنہ

حضرت خواجہ قطب الدین مودود چشتی رح وصال ۱ رجب ۵۲۷ھ مدفن چشت (افغانستان نزد ہرات)

Marfat.com

حضرت خواجہ ابو یوسف چشتیؒ وصال ۳ رجب ۴۵۹ھ مدفن چشت۔

حضرت خواجہ ابو محمد محترم چشتیؒ وصال ۴ ربیع الاول ۴۱۱ھ مدفن چشت۔

حضرت خواجہ ابو احمد ابدال چشتیؒ وصال ۳ جمادی الثانی ۳۵۵ھ مدفن چشت۔

حضرت خواجہ ابو اسحاق شامیؒ وصال ۴ ربیع الثانی ۳۲۹ھ مدفن عکہ (ملک شام)

حضرت خواجہ ممشا علی دینوریؒ وصال ۴ محرم مدفن دینور۔

حضرت خواجہ ابو ہبیرہ امین الدین بصریؒ وصال ۷ شوال ۲۸۲ھ مدفن بصرہ۔

حضرت خواجہ حذیفہ مرعشیؒ وصال ۱۴ شوال ۲۰۷ھ مدفن بصرہ۔

حضرت خواجہ ابراہیم بن ادہمؒ وصال یکم شوال ۱۶۲ھ مدفن اقلیم شام۔

حضرت خواجہ جمال الدین فضیل ابن عیاضؒ وصال ۳ ربیع الاول ۱۸۷ھ مدفن مکہ معظمہ محلہ حارۃ الباب۔

حضرت خواجہ عبد الواحد بن زیدؒ وصال ۲۷ صفر ۱۷۶ھ مدفن بصرہ۔

حضرت خواجہ حسن بصریؒ وصال ۴ محرم ۱۱۰ھ مدفن بصرہ۔

حضرت سیدنا و مولانا امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ وصال ۲۱ رمضان ۴۰ھ مزار نجف اشرف

حضور حضرت سیدنا و مولانا و نبینا محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ صلی اللہ علیہ وسلم وصال ۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ روضہ اقدس مدینہ طیبہ۔

## حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ کی بیعت، مجاہدہ و خلافت:

حضرت خواجہ گنجشکرؒ دہلی میں

حضرت خواجہ قطب الدین بختیار اوشی کاکی قدس سرہ کے ہاتھ پر بیعت کا شرف حاصل کرنے کے بعد ریاضت و مجاہدہ میں مشغول ہو گئے۔ سیر الاولیاء میں لکھا ہے کہ جس وقت آپ نے حضرت خواجہ قطب الاقطابؒ سے شرف بیعت حاصل کیا مجلس میں یہ بزرگ موجود تھے۔ حضرت قاضی حمید الدین ناگوری سہروردیؒ، مولانا علاء الدین کرمانیؒ، سید نور الدین مبارک غزنویؒ، شیخ نظام الدین ابو المؤید مولانا شمس الدین ترکؒ و خواجہ محمود موئنہ دوزؒ و عزیزان دیگر جن میں سے ہر شخص کی نظر عرش سے تحت الثریٰ تک جاتی تھی۔ ریاضت و مجاہدہ کے لیے آپ نے ایک حجرہ منتخب فرمایا جو غربی دروازہ کے قریب

برج کے نیچے تھا۔ سیرالاولیار میں حضرت سلطان المشائخ فرماتے ہیں کہ ریاضت کے دوران آپ ہفتے میں ایک بار اپنے مرشد علیہ رحمۃ کی خدمت میں آیا کرتے تھے لیکن شیخ بدرالدین غزنوی و دیگر احباب ہر وقت حضرت شیخ کی خدمت میں رہتے تھے۔ جب کسی نے حضرت سلطان المشائخ سے دونوں حاضریوں کا فرق معلوم کرنا چاہا تو آپ یہ مصرع زبانِ مبارک پر لائے ؎

بیرونِ درون بہ کہ درونِ بیرون

(باہر رہ کر دل میں رہنا اس سے بہتر ہے کہ گھر میں رہ کر آدمی دل سے باہر رہے)

سیرالاولیار میں لکھا ہے کہ دہلی میں قیام کے دوران حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ اکثر (جمعہ کے دن) شیخ بدرالدین غزنویؒ کے وعظ میں شریک ہوا کرتے تھے۔ ایک دن شیخ بدرالدینؒ ممبر پر کھڑے حضرت خواجہ گنجشکرؒ کی تعریف کر رہے تھے۔ لوگوں کو معلوم نہیں تھا کہ کس کی تعریف ہو رہی ہے۔ اس وجہ سے کہ آپ پھٹے پرانے کپڑوں میں ملبوس تھے۔ وعظ کے بعد ایک آدمی نے آپ کو نیا کرتہ دیا۔ آپ نے کرتہ پہنا لیکن فوراً اتار کر اپنے بھائی حضرت شیخ نجیب الدین متوکل کو دے دیا اور فرمایا کہ پھٹے پرانے کرتے میں مجھے جو مزہ آ رہا ہے نئے کرتے میں نہیں آتا۔

**حضرت خواجہ گنجشکرؒ کی عظمت و مجاہدہ:** صاحب سیرالاولیار نے حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ کی عظمت، ترکِ دنیا اور انقطاع عن الناس کی کیفیت یوں بیان فرمائی ہے:

"وہ سلطان العارفین، وہ برہان العاشقین، وہ پیشوائے اصحابِ دیں، وہ مقتدائے اربابِ یقین، وہ گنجِ عالم عزلت، وہ گنجینۂ سرائے دولت، وہ سرورِ اقلیم اعظم، وہ قطب الاقطاب عالم یعنی شیخ الشیوخ العالم فریدالحق والدین ملجائے فقرار و المساکین مسعود بن سلیمان جو سعادتِ ابدی، اور دولت سرمدی کو پہنچ چکے تھے۔ علم و تقویٰ، ورع، ترک تجرید، عشق و محبت اور ذوق و شوق، رموز و اشارات میں بے نظیر زمانہ اور اپنے عہد میں یگانہ تھے۔ میدانِ کرامت میں آپ سب سے سبقت لے گئے تھے۔ آپ کی بلندیٔ ہمت اور

Marfat.com

ت درجبت کا یہ کمال تھا کہ نعمائے دنیاوی و آخروی سے آپ لاتعلق تھے اور عشق ذات باری تعالیٰ کے سوا کسی چیز کی رغبت نہ تھی۔ باوجودیکہ دہلی شہر میں جو قبۃ الاسلام تھا۔ ظاہری نعمتوں کی کوئی کمی نہیں تھی۔ اور باغِ جنت کی طرح آراستہ وپیراستہ تھا۔ بندگانِ خدا کرامات کے دروازے کھول رہے تھے اور لوگ ناز و نعمت میں مست تھے لیکن حضرت اقدس کی توجہ ذاتِ باری تعالیٰ سے کوئی چیز نہیں ہٹا سکتی تھی۔ اور اس بادشاہِ عالمِ حقیقت نے ہر چیز سے قطع تعلق کر رکھا تھا اور اس قسم کے شہر کو ترک کر کے دین کے شیروں کی طرح جنگلوں اور دیرانوں کو مسکن بنالیا تھا اور نانِ درویشانہ اور جامۂ فقیرانہ پر قناعت کر رکھی تھی لیکن آپ جس قدر اپنے آپ کو چھپاتے تھے۔ آپ کی شہرت اطرافِ عالم میں زیادہ ہوتی تھی اور آپ کے جمالِ ولایت کا شہرہ زیادہ سے زیادہ بلند ہوتا تھا۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے ؎

البدر یطلع من فرید جبینہ　　　والشمس تغرب فی شقائق خدہ

ملک الجمال باسرہ فکانما　　　حسن البریۃ کلہ من عندہ

(آپ کی پیشانی سے چودھویں کا چاند ظاہر تھا اور آپ کے رُخِ انور میں آفتاب گم ہو جاتا تھا۔ وہ حسن کا بادشاہ ہے اور ایسا حسین ہے کہ سارے جہاں کی خوبصورتی اس سے ہے)

**خلافت کے بعد ہانسی کو روانگی:** غرضیکہ شدید ریاضت ومجاہدات کے بعد حضرت خواجہ قطب الاقطاب نے آپ کو خلافت عطا فرمائی لیکن جب دہلی میں آپ کے گرد ہجوم خلق ہونے لگا تو تنگ آکر آپ ہانسی چلے گئے لیکن لوگوں نے وہاں بھی نہ چھوڑا اور دہلی دگرد ونواح سے خلق خدا آپ کے گرد جمع ہونے لگی جس سے تنگ آکر آپ اپنے قدیم وطن کھتوال چلے گئے [1]

**حضرت شیخ جلال الدین تبریزی سے ملاقات:** سیر الاولیاء اور فوائد الفواد میں حضرت سلطان المشائخ فرماتے ہیں کہ جب شیخ جلال الدین تبریزیؒ ملتان سے دہلی جا رہے تھے تو راستے میں

---

[1] سیر الاولیاء۔

Marfat.com

کھتوال کے مقام پر قیام فرمایا اور لوگوں سے دریافت فرمایا کہ یہاں کوئی درویش بھی ہے تاکہ اس کی زیارت کروں۔ انہوں نے کہا کہ ہاں ایک قاضی کے بیٹے اور شیخ الاسلام خواجہ قطب الدین بختیار اوشی قدس سرہٗ کے خلیفہ یہاں ہیں جو جامع مسجد کے عقب میں رہتے ہیں۔ چنانچہ شیخ جلال الدین آپ کی زیارت کے لیے روانہ ہوئے۔ راستے میں کسی شخص نے انار پیش کیا۔ حضرت خواجہ گنجشکرؒ کی خدمت میں آکر انار کو توڑا اور آپ کو پیش کیا۔ آپ نے فرمایا میرا روزہ[1] ہے۔ اس وقت آپ نہایت ہی بوسیدہ کپڑوں میں ملبوس تھے۔ اور بار بار ستر چھپانے کی کوشش کر رہے تھے۔ یہ دیکھ کر شیخ جلال الدین تبریزیؒ نے فرمایا کہ بخارا میں ایک درویش رہتا تھا جو سات سال وہاں مشغول رہا لیکن سوائے ایک لنگوٹ کے اس کے پاس کوئی کپڑا نہ تھا۔ آپ فکر نہ کریں۔ غرضیکہ جب شیخ جلال الدینؒ نے انار کھا لیا اور چلے گئے تو حضرت خواجہ گنج شکرؒ کو افسوس ہوا کہ کاش میں نے انار کھا لیا ہوتا۔ اب زمین پر جو دیکھتے ہیں تو ایک دانۂ انار پڑا ہوا ہے آپ نے اسے اُٹھا کر دستار کے کونے میں باندھ لیا۔ جب مغرب ہوئی تو آپ نے اسی دانۂ انار سے افطار کیا۔ دانۂ انار کھانا تھا کہ دل میں روشنی پیدا ہوگئی۔ یہ دیکھ کر آپ نے دل میں کہا کہ افسوس زیادہ نہ کھا سکا۔ اس کے بعد جب آپ دہلی گئے اور حضرت خواجہ قطب الاقطابؒ سے اس کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا کہ مسعود وہی ایک دانہ تمہارے لیے مقصود تھا اور وہ تجھے مل گیا۔ خاطر جمع رکھو۔

**اجودھن میں آمد:** چونکہ کھتوال ملتان سے قریب تھا آپ کی شہرت اس قدر ہوئی کہ ملتان سے خلقِ خدا جا کر حضرتِ اقدس کے گرد جمع ہونے لگی، جس سے تنگ آکر اجودھن (پاکپتن)، چلے گئے۔ اجودھن ایک غیر معروف قصبہ تھا اور وہاں آپ نے یومِ وصال تک قیام فرمایا۔ ایک روایت کے مطابق آپ وہاں سولہ سال رہے

---

[1] اگرچہ آپ کا روزہ تھا لیکن نفلی روزے کا یہ حکم ہے کہ اگر دوستوں کی خاطر غروبِ آفتاب سے پہلے افطار کر لیا جائے تو جائز ہے

Marfat.com

اور دوسری روایت کے مطابق چوبیس[1] سال۔ آپ کو گوشۂ عزلت اور گمنامی اس قدر پسند تھا کہ خلقِ خدا سے ہمیشہ چھپتے پھرتے تھے۔ آپ کی زبان مبارک پر اکثر یہ شعر رہتا تھا ؎

ہر کہ در بندِ نام و آوازہ است      خانۂ او برونِ دروازہ است

(جو شخص نام اور شہرت کا طالب ہے وہ حریمِ دوست سے محروم ہے)

## صومِ داؤدی چھوڑ کر صوم الدہر اختیار کرنا:

حضرت سلطان المشائخ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ جب حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ ہانسی میں قیام فرما تھے تو شیخ علی گرد میرٹھ سے آپ کو ملنے آئے۔ ان ایام میں حضرتِ اقدس صوم داؤدی رکھتے تھے یعنی ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن روزہ نہیں رکھتے تھے جس دن روزہ نہیں تھا حضرت اقدس نے شیخ علیؒ کو کھانے پر بلایا ابھی کھانا شروع نہیں ہوا تھا کہ شیخ علیؒ کے دل میں خیال آیا کہ کیا ہی اچھا ہوتا کہ حضرت خواجہ گنجشکرؒ صائم الدہر ہوتے یعنی ہر روز روزہ رکھتے اجونہی ان کے دل میں یہ خیال آیا حضرت شیخ الاسلام کو روشن ضمیری سے اس کا علم ہو گیا اور کھانے سے ہاتھ کھینچ کر فرمایا کہ جو کچھ خاصانِ خدا کے دل میں آتا ہے اسی پر عمل کرنا بہتر ہوتا ہے۔ چنانچہ اس روز کے بعد آپ نے صوم الدہر شروع کر دیا۔

## حضرت گنجشکرؒ کا کھانا کیا تھا:

حضرت سلطان المشائخ سیر الاولیاء میں فرماتے ہیں کہ جب شیخ الاسلام گنجشکرؒ نے اجودھن میں سکونت اختیار کر لی تو خلقِ خدا اس قدر آپ کی خدمت میں حاضر ہوتی تھی کہ آدھی آدھی رات تک مجمع رہتا تھا اور آنے والوں کے سامنے طرح طرح کے کھانے رکھے جاتے تھے اور ہر شخص کے ساتھ نہایت مہربانی اور خندہ پیشانی سے پیش آتے اور کسی شخص کو محروم نہیں کرتے تھے لیکن آپ کا اپنا یہ حال تھا کہ جنگل کے پھل مثلاً پیلو اور ڈیلے (کریر کا پھل جو نہایت ہی ادنیٰ ہوتا ہے اور بکریاں بھی کم کھاتی ہیں) کھا کر

---

[1] سیر الاولیاء

بسر اوقات کرتے تھے۔ حضرت سلطان المشائخ فرماتے ہیں کہ آپ شربت سے روزہ افطار فرماتے تھے جس میں کشمش کے چند دانے ہوتے تھے۔ شربت کا نصف یا دو تہائی حصہ حاضرینِ مجلس کو عطا فرماتے تھے اور ایک تہائی خود نوش فرماتے تھے بلکہ اس میں سے بھی کچھ بچا کر اپنے خاص خادمین کو عنایت فرماتے تھے۔ کیا ہی خوش قسمت وہ لوگ تھے جو آپ کا پس خوردہ حاصل کرتے تھے۔ نماز سے پہلے گھی لگا کر دو روٹیاں آپ کی خدمت میں پیش کی جاتی تھیں۔ ایک روٹی کے ٹکڑے کر کے آپ حاضرینِ مجلس کو عنایت فرماتے تھے اور ایک خود تناول فرماتے بلکہ اس روٹی میں سے بعض لوگوں کو عطا فرمایا کرتے تھے۔ زہے نصیب۔ مغرب کی نماز کے بعد آپ مشغول بحق ہو جاتے تھے۔ اس کے دسترخوان لگتا تھا اور حاضرینِ مجلس کے سامنے قسم قسم کے کھانے رکھے جاتے تھے لیکن آپ اس میں سے کچھ نہیں کھاتے تھے اور پھر دوسرے دن کے افطار کے وقت اسی طرح روزہ افطار فرماتے تھے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سحری بھی نہیں کرتے تھے اور چوبیس گھنٹوں میں صرف ایک وقت روٹی کے چند ٹکڑے اور تھوڑا سا شربت نوش فرماتے تھے۔ حضرت سلطان المشائخ فرماتے ہیں کہ جس کھاٹ پر آپ سویا کرتے تھے اس کا بستر اس قدر چھوٹا تھا کہ پائنتی ننگی رہ جاتی تھی۔ آپ کے پاس حضرت خواجہ قطب الاقطاب کا عطا کردہ عصا تھا جو آپ چوم کر ہاتھ میں لیتے تھے اور جب آرام کرتے تھے تو کھاٹ کے سرہانے کی طرف رکھ کر سوتے تھے۔

**حضرت سلطان المشائخ کی شان و شوکت کی اصل وجہ:** سیر الاولیاء میں لکھا ہے کہ ایک دن خادم نے بازار سے نمک ادھار لے کر آٹے میں ڈالا جب کھانا لایا گیا تو حضرتِ اقدس نے روشن ضمیری سے فرمایا کہ کھانے سے اسراف کی بو آتی ہے۔ چنانچہ آپ نے اس روز کھانا نہ کھایا۔

حضرت سلطان المشائخ سیر الاولیاء میں فرماتے ہیں کہ آخر عمر میں حضرت شیخ الاسلام نہایت عسرت اور تنگی کے ساتھ زندگی بسر فرماتے تھے۔ یہاں تک کہ رمضان شریف میں بہت ہی کم کھانا لایا جاتا تھا جو حاضرین کے لیے کافی نہ ہوتا تھا اور میں نے بھی

کبھی سیر ہو کر کھانا نہیں کھایا تھا۔ حضرت سلطان المشائخ فرماتے ہیں جب میں حضرتِ اقدس سے رخصت ہو کر دہلی جانے لگا تو آپ نے زادِ راہ کے طور پر مجھے ایک سلطانی دسکہ وقت، عطا فرمائی اور اسی دن مولانا بدرالدین اسحاق کے ذریعے کہلا بھیجا کہ آج نہ جاؤ کل چلے جانا۔ چنانچہ میں ٹھہر گیا۔ حضرت شیخ کے گھر اس دن کچھ نہیں تھا یہاں تک کہ افطار کے لیے بھی کوئی چیز نہ تھی۔ میں نے وہ سلطانی حضرت شیخ کی خدمت میں پیش کر کے عرض کیا کہ حکم ہو تو اس سے کوئی چیز خریدی جائے۔ یہ دیکھ کر حضرتِ اقدس بہت خوش ہوئے اور میرے حق میں دعا کی اور فرمایا کہ میں نے تمہارے لیے خدا تعالےٰ سے قدرے دنیا طلب کی ہے۔ حضرت شیخ کی زبانِ مبارک سے یہ کلمات سن کر میرے جسم پر لرزہ طاری ہو گیا کیونکہ کئی بزرگانِ دین دنیا کی وجہ سے فتنہ میں مبتلا ہو گئے ہیں میرا کیا حال ہو گا — جونہی میرے دل میں یہ خیال آیا حضرتِ اقدس نے فرمایا فکر مت کرو، تمہارے لیے دنیا باعثِ فتنہ نہ ہو گی۔ یہ بات سن کر میری جان میں جان آئی۔ چنانچہ حضرتِ اقدس کی دعا کا یہ اثر ہوا کہ چاروں طرف سے فتوح کے دروازے کھل گئے اور اس قدر مال و دولت حضرت سلطان المشائخ کی خانقاہ میں جمع ہونے لگا کہ جس کی مثال نہیں ملتی۔ یہاں تک کہ آپ کے لنگر میں ستّر سیر نمک روزانہ خرچ ہوتا تھا اور ستّر اونٹ پیاز اٹھا کر لاتے تھے اور وہ روزانہ خرچ ہو جاتے تھے۔ حضرت امیر خسرو حضرت محبوبِ الٰہی کی شان میں فرماتے ہیں

در حجرۂ فقر بادشاہ ہے — در عالم دل جہاں پناہ ہے

شہنشاہِ بے سریر و تاج — شاہانش بخاک پائے محتاج

(آپ فقیری کے حجرہ میں بیٹھ کر بادشاہی کرتے تھے اور عالم باطن میں جہاں پناہی کرتے تھے۔ اگرچہ آپ کے پاس نہ تخت تھا نہ تاج، لیکن شاہانِ عالم سب تھے آپ کے محتاج)

## ذاتِ حق میں بے پناہ استغراق:

حضرت خواجہ نصیرالدین چراغ دہلوی قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ میرے شیخ حضرت سلطان المشائخ روایت کرتے ہیں کہ حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ کے متعدد حرم تھے اور کافی بال بچے تھے۔ ایک حرم نے آکر عرض کیا کہ حضور آج آپ کا فلاں بچہ فاقہ کی وجہ سے قریب المرگ

ہے۔ آپ کے استغراق کا یہ عالم تھا کہ آپ نے سر اٹھا کر فرمایا کہ بندہ مسعود کیا، اگر خدا کی تقدیر سے مرجائے تو ٹانگ میں رسی ڈال کر باہر پھینک دو۔ حضرت محبوب الٰہی فرماتے ہیں کہ وہ بزرگ جس نے اچھا کھانا کھایا اور وہ اچھی نیند سویا اگر خدا کی محبت کا دعوٰے کرے تو جھوٹ بولتا ہے۔

**وجہ تسمیہ گنجشکرؒ:** سیر الاولیاء میں لکھا ہے کہ ایک دفعہ خواجہ گنجشکرؒ نے حضرت خواجہ قطب الاقطاب قدس سرہٗ کی خدمت میں عرض کیا کہ کوئی مجاہدہ کرنا چاہتا ہوں۔ حضرت اقدس نے فرمایا کہ طے کا روزہ رکھو[1]۔ چنانچہ میں نے تین دن طے کا روزہ رکھا۔ تیسرے دن ایک آدمی چند روٹیاں لایا۔ میں نے سمجھا غیب سے آئی ہیں۔ میں نے لے کر کھا لیں۔ اس کے بعد میں نے دیکھا کہ ایک کوّا مردار آنتیں چونچ میں لے کر سامنے درخت پر بیٹھ گیا ہے۔ یہ دیکھ کر مجھے کراہت آئی اور جو کچھ کھایا تھا قے کر دیا۔ اور معدہ بالکل خالی ہو گیا۔ جب میں نے یہ واقعہ حضرت شیخ کی خدمت میں پیش کیا تو فرمایا کہ مسعود وہ جو تم نے تین دن کے بعد روٹی کھائی وہ ایک شراب فروش کے گھر سے آئی تھی اس لیے تمہارے پیٹ میں نہ رہ سکی۔ اب جاؤ اور مزید تین دن کا روزہ رکھو۔ چنانچہ میں نے تین دن مزید طے کا روزہ رکھا اور چھ دن کچھ نہ کھایا۔ اس سے جسم بے حد کمزور ہو گیا اور بے حد بھوک محسوس ہوئی۔ میں نے زمین پر ہاتھ مار کر چند سنگریزے اٹھائے اور منہ میں ڈالے تو وہ شکر ہو گئے۔ حکیم سنائی نے کیا خوب کہا ہے ؎

سنگ در دست تو گہر گردد    زہر در کامِ تو شکر گردد

(پتھر تیرے ہاتھ کی برکت سے گوہر بن جاتا ہے اور زہر تیرے منہ میں شکر بن جاتی ہے)

حضرت خواجہ گنجشکرؒ فرماتے ہیں کہ جب میں نے یہ حال دیکھا تو دل میں خیال آیا کہ شاید یہ شیطان کا مکر ہے اس لیے منہ سے نکال کر پھینک دیا۔ اور پھر حق میں مشغول ہو گیا۔ حتیٰ کہ آدھی رات گزر گئی اور کمزوری غالب آگئی۔ اس کے بعد پھر سنگریزے اٹھا کر منہ

---

[1] طے کا روزہ وہ ہوتا ہے کہ جس میں کئی کئی روز تک نہ سحری کی جاتی ہے نہ افطار

Marfat.com

میں ڈالے۔ وہ بھی شکر بن گئے اور میں نے مکرِ شیطان کے خوف سے نکال کر پھینک دیئے اور حق میں مشغول ہو گیا۔ لیکن ضعف کا ایسا غلبہ ہوا کہ مشغولی میں فرق آ گیا۔ چنانچہ میں نے پھر پتھر اٹھا کر منہ میں ڈالے تو شکر ہو گئے۔ اس مرتبہ دل میں خیال آیا کہ یہ حق تعالےٰ کی طرف سے ہے۔ اس وجہ سے کہ تیسری بار یہی ہوا ہے۔ حضرت شیخ نے بھی یہی فرمایا تھا کہ جو کچھ غیب سے آئے اس سے افطار کر لینا۔ چنانچہ آپ نے وہ پتھر کے ٹکڑے جو شکر ہو گئے تھے تناول فرماتے اور صبح ہوتے ہی سارا ماجرا حضرت شیخ کی خدمت میں عرض کیا۔ آپ نے فرمایا کہ تم نے اچھا کیا کہ اس سے افطار کر لیا کیونکہ ہر چہ از غیب است نیکو است (جو کچھ غیب سے آتا ہے اچھا ہے) جاؤ شکر کی طرح میٹھے بن جاؤ گے۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت بابا فرید الدین مسعودؒ کو شکر بار اور گنج شکر کہا جاتا ہے۔

**چلّہ معکوس:** سیر الاولیاء میں لکھا ہے کہ ایک دفعہ حضرت خواجہ گنجشکرؒ پر مزید ریاضت و مجاہدات کا شوق غالب ہوا تو حضرت شیخ کی خدمت میں عرض کیا کہ اگر فرمان ہو تو ایک چلّہ کر لوں۔ یہ بات حضرت شیخ کو ناگوار گزری اور فرمایا کہ ضرورت نہیں ہے ان چیزوں سے شہرت ہوتی ہے آپ نے جواب دیا کہ حضور گواہ ہیں کہ مجھے شہرت کی طلب نہیں ہے۔ اس کے بعد حضرت خواجہ گنجشکرؒ فرمایا کرتے تھے کہ میں بقیہ ساری عمر اس بات سے پشیمان رہا کہ حضرت پیر و مرشد کی خدمت میں کیوں ایسی بات کہی جو آپ کی طبع مبارک کو ناگوار معلوم ہوئی۔ اس کے بعد حضرت خواجہ قطب الاقطابؒ نے فرمایا کہ اب جاؤ اور ایک چلّہ معکوس کر لو۔ لیکن اس وقت حضرت خواجہ گنجشکرؒ کو معلوم نہ تھا کہ چلّہ معکوس کیا ہوتا ہے۔ چنانچہ آپ نے شیخ بدر الدین غزنوی سے کہ حضرت شیخ نے مجھے چلّہ معکوس کا حکم فرمایا ہے لیکن میں حضرتِ اقدس کے رعب و جلال کی وجہ سے یہ نہیں پوچھ سکا کہ چلّہ معکوس کیا ہوتا ہے آپ مجھے بتائیں یا حضرت شیخ سے دریافت کریں۔ شیخ بدر الدین نے حضرت خواجہ قطب الاقطاب سے چلّہ معکوس کی کیفیت دریافت کی تو آپ نے فرمایا کہ چلّہ معکوس یہ ہوتا ہے کہ چالیس دن یا چالیس رات پاؤں میں رسی باندھ کر کسی کنوئیں میں اُلٹا لٹک کر عبادت کرے۔ یہ سُن کر حضرت خواجہ گنجشکرؒ نے

چلّہ معکوس کرنے کا مصمم ارادہ کر لیا۔ لیکن آپ کی خواہش یہ تھی کہ اس کا علم کسی کو نہ ہو۔ اب آپ ایسے مقام کی تلاش میں نکلے جہاں مسجد کے پاس کنواں ہو اور کنوئیں کے پاس ایسا درخت ہو کہ اس کی شاخیں کنوئیں پر چھائی ہوئی ہوں۔ نیز کوئی ایسا مؤذن بھی ہو جو سنگدل اور درویشوں کا ہمراز ہو۔ چنانچہ آپ ایسے مقام کی تلاش میں سارا دہلی کا شہر چھان مارا۔ کوئی جگہ ایسی نہ ملی۔ اس کے بعد آپ نے ہانسی کا سفر اختیار فرمایا لیکن وہاں بھی کامیابی نہ ہوتی

## اُوچ شریف میں آمد اور چلّہ معکوس :

غرضیکہ آپ شہر بہ شہر، قصبہ بہ قصبہ اور خطہ بہ خطہ پھرتے رہے لیکن کوئی ایسا مقام نظر نہ آیا حتیٰ کہ آپ اوچ پہنچ گئے۔ جہاں[1] مسجد کے پاس کنواں اور کنوئیں کے اُوپر درخت تھا اور مسجد کا امام بھی حضرت خواجہ گنجشکر رح کو جانتا تھا اور آپ کا معتقد تھا۔ وہ ہانسی کا رہنے والا تھا اور اس کا نام خواجہ رشید الدین مینائی تھا۔ حضرتِ اقدس نے چند روز اس مسجد میں قیام فرمایا جب امام مسجد کو اعتماد میں لے لیا اور اس سے وعدہ کرا لیا کہ یہ راز فاش نہیں ہوگا تو آپ نے چلّہ شروع کر دیا۔ ایسا ہوتا تھا کہ عشاء کی نماز کے بعد وہ مؤذن آپ کے پاؤں میں رسّی باندھ کر کنوئیں میں الٹا لٹکا دیتا تھا اور صبح صادق ہونے سے پہلے باہر نکال لیتا تھا۔ نظامی نے خوب کہا ہے ؎

دارد دو سرایں رشتہ یکے عجز و دگر ناز ۔۔۔ زیں سو عجز آمد و زاں سو ہمہ ناز

(اس رشتہ یعنی تعلق باللہ کے دو سرے ہیں ایک سرا ناز کا دوسرا سرا نیاز کا۔ اس طرف سے نیاز ہی نیاز ہے اور اس سرے سے ناز ہی ناز ہے)

ہر صبح صادق سے قبل مؤذن آکر دیکھتا تھا کہ حضرتِ اقدس مشغول بحق ہیں اس کے بعد وہ آواز دیتا تھا کہ اے مخدوم کیا حکم ہے۔ آپ پوچھتے تھے کہ صبح صادق ہوئی ہے یا نہیں، وہ جواب دیتا تھا کہ ہونے والی ہے۔ حضرتِ اقدس فرماتے تھے کہ اچھا

---

[1] اوچ شریف ضلع بہاولپور میں احمد پور شرقیہ سے غربی جانب ۱۲ میل کے فاصلے پر ہے جہاں قادری اور سہروردی اکابر اولیاء کرام کے کثرت سے مزارات ہیں،

Marfat.com

مجھے باہر نکال لو۔ آپ کنوئیں سے باہر آکر مسجد میں مراقب ہو جاتے تھے اسی طرح چالیس شب آپ نے چلہ جاری رکھا اور اپنے شیخ کا حکم اس طرح پورا کیا کہ کسی کو اس کا علم نہ ہوا وہ مسجد اب تک اوچ میں موجود ہے اور زیارت گاہ اور حاجت روائے خلق ہے۔

اس کے بعد خواجہ رشید الدین موذن نے حضرت خواجہ گنجشکرؒ سے عرض کیا کہ حضور میں بال بچے دار آدمی ہوں میرے ہاں بہت سی لڑکیاں ہیں روزی تنگ ہے دعا کریں کہ روزی فراخ ہو جائے۔ آپ نے فرمایا۔ وعظ کیا کرو۔ سب کام درست ہو جائے گا۔ اس نے عرض کیا کہ حضور میں عالم نہیں ہوں۔ وعظ کیسے کروں۔ آپ نے فرمایا منبر پر قدم رکھنا تمہارا کام ہے اور کرم حق تعالےٰ کا کام ہے۔ چنانچہ اس نے وعظ شروع کر دیا اور بہت کامیاب ہوا۔ اور تنگی جاتی رہی۔

**صلوٰۃِ معکوس کا ثبوت حدیثِ نبویؐ سے:** حضرت سلطان المشائخ سیر الاولیا میں فرماتے ہیں کہ حضرت شیخ ابوسعید ابوالخیر فرماتے ہیں کہ مجھے جو کچھ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہنچا ہے میں نے سب پر عمل کیا ہے جس وقت مجھے یہ معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازِ معکوس ادا کی تھی تو میں نے اپنے پاؤں میں رسی باندھی اور اپنے آپ کو کنوئیں میں لٹکا دیا۔

**چلّہ معکوس کے متعلق حضرت گیسو درازؒ کی وضاحت:** جوامع الکلم میں لکھا ہے کہ ایک دن کسی شخص نے حضرت بندہ نواز سید محمد گیسو درازؒ سے کہا کہ سمجھ میں نہیں آتا کہ اُلٹے لٹکنے کی وجہ سے آنکھوں اور منہ سے خون کیوں نہ جاری ہو جاتا تھا اور نہ خوراک اور پانی باہر نکلتا تھا۔ حضرتِ اقدس نے جواب دیا کہ "ایک ولی اللہ کے سوکھے ہوئے جسم میں خون اور خوراک کہاں باقی رہ جاتے ہیں وہ تو مجاہدہ اور ریاضت میں سوکھ کر ایک انسانی ڈھانچہ رہ جاتا ہے"۔ حضرت خواجہ گنجشکرؒ کے جسم مبارک میں خون کہاں تھا۔ آپ تو ہمیشہ فقر و فاقہ سے محبت رکھتے تھے۔ اور صائم الدہر تھے۔ اس کے باوجود دن رات عبادت ریاضت میں گزارتے تھے آپ نے چالیس سال عشاء کی نماز کے وضو سے صبح کی نماز ادا فرمائی۔ اعتراض کرنیوالوں

Marfat.com

میں سے کوئی ہے جس نے ایک رات عشار کی نماز کے وضو سے صبح کی نماز پڑھی ہو۔ حضرت سید علی ہجویری قدس سرہ نے کشف المحجوب میں لکھا ہے کہ حضرت شیخ ابراہیم بن ادھم رمضان المبارک کا چاند دیکھ کر سحری کر لیتے تھے اور شوال کا چاند دیکھ کر افطار کرتے تھے اور پورا مہینہ روزہ رکھتے تھے۔ اس کے باوجود سارا دن گرمی کے موسم میں گندم کے کھیت میں مزدوری کرتے تھے اور جس قدر غلہ ملتا تھا اس سے روٹی پکا کر احباب کو کھلاتے تھے۔ اب ان کے جسم میں کہاں ہوگا خون اور خوراک ؟ بلکہ ان حضرات کا سارا جسم نور ہی نور بن جاتا ہے۔

## دادا پیر حضرت خواجہ معین الدین اجمیری کی زیارت و حصول نعمت :

سیر الاولیاء میں حضرت سلطان المشائخ فرماتے ہیں ایک دفعہ شیخ الاسلام خواجہ معین الدین سنجری، شیخ الاسلام خواجہ قطب الدین بختیار اور شیخ الشیوخ العالم حضرت فرید الدین قدس اسرارہم ایک حجرہ میں تشریف رکھتے تھے حضرت خواجہ بزرگ نے حضرت خواجہ قطب الدین سے دریافت کیا کہ کب تک اس جوان کو مجاہدہ میں جلاؤ گے کوئی چیز اسے بخش دو۔ حضرت خواجہ قطب الدینؒ نے عرض کیا کہ میری کیا مجال ہے کہ حضور کے سامنے بخشش کروں۔ حضرت خواجہ بزرگ نے فرمایا یہ تمہارا کام ہے اس کے بعد آپ کھڑے ہو گئے اور فرمایا کہ آؤ ہم دونوں بخشش کرتے ہیں۔ چنانچہ حضرت گنجشکرؒ کی دائیں طرف حضرت خواجہ بزرگ کھڑے ہوگئے اور بائیں طرف حضرت قطب الاقطاب اس کے بعد دونوں حضرات نے جو کچھ عطا کرنا تھا عطا فرمایا۔ اس واقعہ کو صاحب سیر الاولیاء نے یوں قلمبند کیا ہے

بخشش کونین از شیخین شد در باب تو　　　بادشاہی یافتی زیں بادشاہان جہاں،
مملکت دنیا و دیں گشتہ مسلّم مر ترا　　　عالم کن گشتہ اقطائے تو اے شاہ جہاں

(تو نے دو جہاں کی نعمت دو بزرگوں سے حاصل کی اور بادشاہوں سے بادشاہی پائی۔ دین و دنیا کی تم کو شاہی ملی اور کائنات تمہاری جاگیر بن گئی)
اس وقت حضرت خواجہ بزرگ نے حضرت گنجشکرؒ کے حق میں فرمایا کہ یہ ایک شمع ہے کہ جس سے سارا جہاں روشن ہوگا۔

Marfat.com

## حضرت خواجہ قطب الدینؒ کا وصال اور خواجہ گنجشکرؒ کی عدم موجودگی:

سیرالاولیاء میں حضرت سلطان المشائخ فرماتے ہیں کہ جس وقت حضرت خواجہ قطب الدین بختیار قدس سرہٗ کا وصال قریب آیا تو شیخ الاسلام گنجشکرؒ موجود نہ تھے۔ چنانچہ آپ نے وصیت فرمائی کہ میرا یہ خرقہ، عصا، اور نعلین چوبین فریدالدین گنجشکرؒ کو پہنچا دینا۔ وصال کی رات حضرت خواجہ گنجشکرؒ نے خواب دیکھا کہ حضرت خواجہ قطب الاقطابؒ بلا رہے ہیں۔ چنانچہ صبح ہوتے ہی آپ ہانسی سے دہلی روانہ ہو گئے۔ چوتھے روز آپ دہلی میں پہنچے تو معلوم ہوا کہ حضرتِ اقدس کا وصال ہو گیا ہے۔ آپ نے وہاں جا کر اپنا گرد سے آلود چہرہ مزار مبارک پر ملا اور شیخ حمیدالدین ناگوریؒ نے وہ امانت آپکے سپرد کی۔ آپ نے دوگانہ نماز ادا کر کے حضرت شیخ کا خرقہ زیب تن فرمایا اور حضرتِ شیخ کی مسند پر متمکن ہوئے۔

حضرت خواجہ گنجشکرؒ فرماتے ہیں کہ جب میں نے ہانسی جانے کا قصد کیا تو حضرت خواجہ قطب الاقطاب مجھے دیکھ کر آبدیدہ ہوئے اور فرمایا:

مولانا فریدالدین مجھے معلوم ہے تم چلے جاؤ گے۔ میں نے عرض کیا کہ حضور جو حکم ہو۔ فرمایا، تقدیرِ الٰہی اسی طرح ہے کہ ہمارے آخری سفر کے وقت تم موجود نہیں ہو گے۔ اس کے بعد حاضرینِ مجلس کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا کہ اس درویش (بابا فریدالدینؒ) کے لیے مزید نعمتِ دنیا و دین و فقر کے لیے ہم سب مل کر فاتحہ اور سورۂ اخلاص پڑھیں اور دعا کریں۔ چنانچہ سب نے مل کر دعا کی اور بعد دعا حضرتِ شیخ نے اس دعا گو کو عصا، عطا فرمایا اور نیز فرمایا کہ میں تمہاری امانت یعنی سجادہ (مصلی) خرقہ، دستار اور نعلین قاضی حمیدالدین ناگوریؒ کے حوالہ کر دوں گا۔ پانچ دن کے بعد تم کو مل جائے گی۔ وہ ان سے لے لینا اور یہ فرمایا کہ:

مقامِ ما مقام شماست

(ہمارا مقام تمہارا مقام ہے)

جونہی حضرت قطب الاقطابؒ نے یہ الفاظ منہ سے نکالے مجلس میں نعرہ ملبند

Marfat.com

ہوا اور ہر شخص نے دعا کی۔

## حضرت قطب الاقطاب کے وصال کا واقعہ:

سیر الاولیاء میں حضرت سلطان المشائخ نے فرمایا ہے کہ عید کا دن تھا عیدگاہ سے فارغ ہو کر قطب الاقطاب وہاں آئے جہاں اب آپ کا مزار مبارک ہے۔ وہاں ایک صاف میدان تھا نہ کوئی قبر تھی نہ قبرستان، حضرت اقدس وہاں آکر کھڑے ہو گئے اور سوچتے رہے۔ ایک عزیز نے عرض کیا کہ حضور آج عید کا دن ہے خلق خدا انتظار میں ہے کہ حضرت اقدس آئیں اور طعام تناول فرماویں۔ آپ اس ویرانے میں کیا کر رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ:

مرا ازیں زمین بوئے دلہا مے آید

(مجھے اس زمین سے دلوں کی بُو آرہی ہے)

اس کے بعد آپ نے مالکِ زمین کو طلب فرمایا اور وہ قطعۂ زمین خرید لیا اور وصیت فرمائی کہ مجھے یہاں دفن کیا جائے۔ یہ الفاظ کہتے ہوئے سلطان المشائخ آبدیدہ ہو گئے اور فرمایا کہ یہ جو حضرتِ اقدس نے فرمایا تھا کہ مجھے اس زمین سے "بوئے دلہا مے آید" اب جا کر دیکھو کہ وہاں کتنے صاحبِ دل سوئے ہوئے ہیں۔ حضرت سلطان المشائخ فرماتے ہیں:

کہ حضرت قطب الاقطاب پر چار شب و روز تحیّر طاری رہا۔ وصال آپ کا یوں ہوا کہ شیخ علی سجستانی رح کی خانقاہ میں محفلِ سماع منعقد ہوئی جس میں حضرت قطب الاقطاب مع جمیع احباب موجود تھے۔ قوالوں نے احمد جام رح کی غزل گائی۔ جب اس شعر پر پہنچے ؎

کشتگانِ خنجرِ تسلیم را  ہر زماں از غیب جانِ دیگر است

(جو لوگ خنجرِ تسلیم و رضا سے شہید ہو چکے ہیں اُن کے لیے ہر لمحہ نئی جان ہے)

اس شعر پر حضرتِ قطب عالم کو وجد آیا اور عالمِ تحیّر میں رقص کرنے لگے۔ حضرت قاضی حمید الدین ناگوری اور شیخ بدر الدین غزنوی آپ کو مکان پر لے گئے اور قوالوں کو بھی ساتھ لے گئے۔ قوال وہی شعر گاتے رہے اور آپ چار شب و روز رقص کرتے

رہے لیکن جب نماز کا وقت آتا تھا تو آپ وضو تازہ کر کے فرض اور سنت مؤکدہ ادا کرتے تھے اور پھر وجد کرتے تھے یہاں تک کہ آپ کی ہڈیاں اپنی جگہ پر نہ رہیں۔ چوتھی رات آپ کی حالت زیادہ وگرگوں ہو گئی۔ حضرت شیخ کا سر مبارک حضرت شیخ محمد عطا حمید الدین ناگوری کے زانو پر تھا اور پاؤں شیخ بدر الدین غزنوی کی گود میں تھے اسی حالت میں شیخ حمید الدین نے عرض کیا حضور کی حالت متغیر ہو رہی ہے اپنے خلفاء میں سے کسی ایک کے متعلق حکم دیجئے کہ جو حضور کی جگہ پر مسند نشین ہو جائے۔ اگرچہ حضرت خواجہ قطب العالم کے بڑے بیٹے موجود تھے لیکن آپ نے ان کی طرف توجہ نہ فرمائی اور حکم دیا کہ وہ خرقہ جو حضرت شیخ الشیوخ معین الدین رح سے مجھے ملا ہے، خاص مصلےٰ اور عصاء اور نعلین چوبین کے ساتھ شیخ فرید الدین مسعود کو پہنچا دیں۔ آپ کا وصال ۱۴ ربیع الاول سنہ ۶۳۴ھ کو ہوا۔

## شہنشاہ غیاث الدین بلبن کی بیٹی کے ساتھ حضرتِ اقدس کی شادی کا واقعہ

سیر الاقطاب کی روایت صاحبِ اقتباس الانوار نے یوں بیان کی ہے کہ حضرت خواجہ قطب الاقطاب کے وصال کے بعد جب حضرت خواجہ گنجشکر رح قدس سرہ مسند نشین ہوئے تو سلطان غیاث الدین بلبن حضرت اقدس سے بے حد عقیدت رکھتا تھا اور اکثر خدمتِ اقدس میں حاضر ہوتا تھا۔ ایک دن اس نے حاضرِ خدمت ہو کر عرض کیا کہ یہ بندہ خود تو حاضر ہو کر آستانہ بوسی کی سعادت حاصل کرتا ہے لیکن بندہ کے حرم کے لوگ پردہ کی وجہ سے زیارت سے محروم ہیں۔ وہ اس نعمتِ عظمیٰ کے بے حد خواہشمند ہیں اگر حضور مہربانی فرمادیں تو تشریف لے چلیں تاکہ وہ سب زیارت سے مشرف ہوں۔ حضرتِ اقدس نے بادشاہ کی درخواست قبول فرمائی اور محل کے اندر تشریف لے گئے۔ تمام مستورات نے حضرت اقدس کی خدمت میں حاضر ہو کر شرفِ زیارت حاصل کیا لیکن بادشاہ کی بیٹی جس کا نام شہزادی ہزیرہ بانو تھا۔ دور کھڑی رہی حضرتِ اقدس نے سر اوپر اٹھا کر ایک طرف دیکھا تو شہزادی کو کھڑے ہوئے پایا۔ اس کے بعد گردن جھکا لی۔ تھوڑی دیر بعد آپ نے دوبارہ سر اٹھایا اور شہزادی کو غور سے دیکھا اور پھر سر نگوں ہو گئے جب حضرتِ اقدس

Marfat.com

محل سے تشریف لے گئے تو بادشاہ عقلمند تھا۔ وہ سمجھ گیا کہ کوئی بات ضرور ہے چنانچہ اس نے وزیر کو حضرت اقدس کے پاس بھیج کر کہلا بھیجا کہ حضور نے دو مرتبہ میری بیٹی کو غور سے دیکھا ہے اگر حضور کا حکم ہو تو یہ بندہ درگاہ اپنی بیٹی کو خدمت گزاری کے لیے پیش کرے۔ جب وزیر نے حضرت اقدس کی خدمت میں جاکر بادشاہ کی عرضداشت پیش کی تو آپ نے دعوت قبول فرمائی اور کہلا بھیجا کہ میری خواہش مطلقاً یہ نہیں تھی کہ اپنے آپ کو اس تعلق سے آلودہ کر لوں لیکن میرے پروردگار کا متواتر حکم آرہا تھا کہ اے فرید میری رضامندی یہی ہے کہ تم میرے حبیبؐ کی سنت کے مطابق نکاح کرو۔ چنانچہ میں نے یہ بات تسلیم کرلی۔ لیکن مجھے اندیشہ پیدا ہوا کہ کہاں کا حکم ہوتا ہے۔ جب بادشاہ مجھے محل کے اندر لے گیا تو میں متوجہ الی اللہ تھا۔ مجھے حکم ہوا کہ فرید سر اٹھا کر دیکھو۔ جب میں نے سر اٹھا کر دیکھا تو بادشاہ کی بیٹی کو کھڑا پایا۔ اس کے بعد میں نے سر نگوں کر لیا۔ حق تعالیٰ سے فرمان ہوا کہ اس لڑکی کے ساتھ شادی کرو گے۔ چنانچہ میں نے دوبارہ سر اٹھا کر اچھی طرح دیکھا اور حق تعالےٰ کی خدمت میں عرض کیا کہ بندہ حکم کی تعمیل کرے گا۔ جب وزیر یہ پیغام لے کر بادشاہ کے پاس آیا تو وہ بے حد خوش ہوا خاص طور پر اس بات سے زیادہ خوش ہوا کہ حق تعالےٰ نے اس کی بیٹی کے لیے حکم فرمایا ہے چنانچہ اس نے فوراً شادی کا انتظام کیا اور شہزادی کو حضرت اقدس کی خدمت میں بھیج دیا۔ رات کے وقت جب حق تعالےٰ کے حکم سے حضرت اقدس منکوحہ کے پاس تشریف لائے تو گھر میں ساز و سامان دیکھ کر کافی دیر تک حیرت زدہ ہو کر کھڑے رہے اور عبادت کے لیے جگہ تلاش کرتے رہے۔ کونے میں ایک جگہ خالی دیکھ کر آپ نے مصلیٰ بچھایا اور عبادت میں مشغول ہو گئے۔ یہ دیکھ کر شہزادی فوراً اپنی مسند سے اٹھ کر نیچے آئی اور دست بستہ ہو کر پاس کھڑی ہو گئی حتیٰ کہ صبح ہو گئی اور حضرت اقدس باہر چلے گئے۔ دوسری رات پھر یہی واقعہ ہوا۔ تیسری رات بھی یہی ہوا۔ چوتھی رات شہزادی نے عرض کیا حضور مجھے معلوم نہیں کہ مجھ سے کیا خطا ہوئی ہے کہ حضور میری طرف توجہ نہیں فرماتے۔ آپ نے فرمایا بی بی فقیروں کی رضامندی خدا تعالیٰ کی رضامندی میں ہوتی ہے۔ اگر تجھے خدا تعالیٰ کی رضامندی درکار ہے تو دنیا کو ترک کردے، درویشوں

Marfat.com

کا لباس پہن لے اور عبادت میں مشغول ہو جا اور یہ سارا مال و متاع راہِ خدا میں خیرات کر دے بی بی نے یہ سنتے ہی دوسرے روز فوراً سارا مال و متاع درویشوں کو دے دیا اور گھر میں کوئی چیز باقی نہ رکھی۔ اس سے حضرتِ اقدس بہت خوش ہوئے اور بادشاہ کے محل سے جو اس نے اپنی بیٹی کو دیا تھا باہر آکر احباب سے کہا کہ ایک جوڑا موٹے کپڑوں کا میرے اہل خانہ کے لیے لاؤ۔ شیخ محمود موئنہ دوز وہاں موجود تھے۔ وہ اٹھ کر چلے گئے اور کپڑوں کا جوڑا لا کر پیش کیا۔ حضرتِ اقدس نے وہ جوڑا حضرت بی بی صاحبہ کو پہنایا۔ جب بادشاہ کو اس بات کی خبر ہوئی تو اس نے اسی مقدار میں دوبارہ مال و متاع بھیج دیا۔ بی بی صاحبہ نے وہ بھی خیرات کر دیا اور صرف تین سو باندیاں رہ گئیں۔ جو خدمت گزاری کے لیے بی بی صاحبہ کے ساتھ آئی تھیں۔ بی بی صاحبہ نے کہا کہ ان میں سے اکثر قدیمی خدمت گار ہیں میرے لیے یہ مناسب نہیں کہ ان کو کسی اور کے حوالہ کر دوں اس لیے ان کو میں اپنے والد کے پاس بھیجنا چاہتی ہوں۔ اس میں سے جو آنحضرت کو پسند آئیں۔ اپنی خدمت کے لیے رکھ لیں۔ چنانچہ حضرتِ اقدس نے ان میں سے دو خادماؤں کو رکھ لیا۔ ایک کا نام شارو تھا اور دوسری کا نام شکرو۔ اور باقی سب کو بادشاہ کے پاس واپس بھیج دیا۔ اس کے بعد بی بی صاحبہ نے عرض کیا کہ اب ہمارا اس جگہ رہنا مناسب نہیں ہے۔ کیونکہ جب میں فقر و فاقہ میں زندگی بسر کروں گی تو میرے والد یہ کس طرح برداشت کر سکتے ہیں کہ میری خبر گیری نہ کریں۔ اس لیے بہتر یہ ہے کہ کسی ایسی جگہ پر چلے جائیں جہاں ہمیں کوئی نہ جانتا ہو۔ اور پھر ہم دل کھول کر عبادت کریں گے۔ یہ بات حضرتِ اقدس کو بہت پسند آئی اور وہاں سے رات کے وقت کوچ کر کے اجودھن پہنچ گئے۔ بعض روایات میں ہے پہلے کچھ عرصہ ہانسی رہے اور پھر وہاں سے اجودھن تشریف لے گئے۔ سیر الاقطاب کی اس روایات کے متعلق کافی اختلاف پایا جاتا ہے۔ واللہ اعلم۔

**ازواج و اولاد:** حضرت خواجہ گنجشکر قدس سرہٗ کے تین حرم تھے جن میں سے پانچ فرزند اور تین دختران وجود آئے۔ ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں (۱) حضرت خواجہ نصیر الدین (۲) حضرت خواجہ شہاب الدین گنج علم (۳) حضرت خواجہ

بدر الدین سلیمان (۴) حضرت خواجہ نظام الدین (۵) حضرت خواجہ یعقوب (۱) حضرت بی بی مستورہ (۲) حضرت بی بی شریفہ (۳) حضرت بی بی فاطمہ رحمہم اللہ اجمعین۔

**(۱) حضرت خواجہ نصیر الدین :** آپ سب سے بڑے بیٹے تھے اور کھیتی باڑی کیا کرتے تھے۔ آپ بڑے متقی اور پرہیزگار تھے اور ہمیشہ رزقِ حلال کے حصول میں کوشاں رہتے تھے۔ آپ کے چھ بیٹے تھے شیخ عبدالرشیدؒ، شیخ بایزیدؒ، شیخ نعمت اللہ، شیخ کریم الدینؒ، شیخ ابراہیمؒ اور شیخ عبداللہؒ۔

**(۲) حضرت شیخ شہاب الدین گنجِ علم :** آپ بڑے عالم فاضل تھے۔ اس لیے آپ گنجِ علم کہلاتے تھے اور حضرت خواجہ گنجشکرؒ کی خدمت میں علمی گفتگو میں مشغول رہتے تھے۔ آپ کے بھی چھ لڑکے تھے جن کی اولاد اب ہندوستان کے مختلف صوبوں میں پائی جاتی ہے۔

**(۳) حضرت شیخ بدر الدین سلیمانؒ :** حضرت شیخ بدر الدین سلیمان اگرچہ عمر میں تیسرے درجے پر تھے لیکن حضرت خواجہ گنجشکرؒ کے خلیفہ جانشین ہونے کا شرف آپ کو حاصل ہے۔ آپ تمام بھائیوں اور مریدین کے اتفاق سے مسند نشین ہوئے تھے۔ آپ بڑے درویش اور متقی و پرہیزگار تھے۔ آپ اپنے والد ماجد کے پہلو میں دفن کیے گئے جو بہت بڑا شرف ہے۔

**حضرت مولانا علاؤالدین موج دریاؒ :** حضرت شیخ بدر الدین سلیمانؒ کے فرزند ہیں جو آپ کے وصال کے بعد مسند نشین ہوتے۔ آپ ۱۶ سال کی عمر میں مسند نشین ہوئے اور چوّن سال خلافت کے فرائض انجام دیئے۔ آپ بڑے بلند مرتبہ ولی اللہ تھے۔ بادشاہِ وقت آپ کا مرید تھا لیکن آپ نے ساری عمر گوشہ نشینی میں بسر فرمائی اور کبھی پاکپتن شریف سے باہر قدم نہ رکھا مشہور سیاح ابن بطوطہ حضرت شیخ علاؤالدین کی زیارت کے لیے اجودھن حاضر ہوا اور حضرتِ اقدس سے ملاقات کر کے بہت محظوظ ہوا۔ آپ اس قدر متقی و پرہیزگار تھے کہ ابن بطوطہ سے مصافحہ کرنے کے بعد آپ نے اپنے ہاتھ دھو ڈالے۔ اسی طرح جب حضرت شیخ رکن الدین

Marfat.com

سہروردی قدس سرہ اجودھن میں حضرت شیخ علاؤالدین رح سے ملے اور مصافحہ کے بعد معانقہ کیا تو ان کے چلے جانے کے بعد حضرت اقدس نے کپڑے بدل دیئے اور غسل بھی فرمایا جب یہ بات حضرت شیخ رکن الدین کو کسی نے شکوہ کے طور پر بتائی تو آپ نے فرمایا کہ تم لوگوں کو شیخ علاؤالدین کے مقام کا کیا علم ہے انہوں نے جو کچھ کیا ہے بہت اچھا کیا ہے کیونکہ ہم سے دنیا کی بو آتی ہے اور وہ اس سے مبرّا ہیں۔

حضرت شیخ الاسلام گنجشکر رح کے بعد اس سلسلۂ عالیہ نے جس قدر ترقی کی ہے اس کا سہرہ حضرت شیخ علاؤالدین رح کے سر ہے۔ آپ کا مرید سلطان محمد تغلق آپ سے اس قدر ڈرتا تھا کہ سامنے بیٹھ کر بات نہیں کر سکتا تھا۔ حضرت شیخ کے مزار پر جو بہت بڑا گنبد ہے وہ اسی بادشاہ یعنی محمد تغلق کا تعمیر کردہ ہے۔

حضرت شیخ علاؤالدین کے دو صاحبزادے تھے۔ شیخ معزالدین رح اور شیخ علم الدین رح حضرت شیخ معزالدین رح اپنے والد کے وصال کے بعد مسند نشین ہوئے۔ آپ بڑے حسین جمیل تھے۔

## (۴) حضرت شیخ نظام الدین رح:

حضرت شیخ الاسلام گنجشکر رح کے چوتھے فرزند حضرت شیخ نظام الدین رح تھے جو سلطان غیاث الدین بلبن کی فوج میں افسر تھے اور بڑے شجاع تھے۔ آپ اپنے بھائیوں میں سے حضرت خواجہ گنجشکر رح کو سب سے زیادہ محبوب تھے۔ اور حضرت اقدس آپ کی تمام باتیں برداشت کر لیتے تھے جس رات کو حضرت شیخ الاسلام کا وصال ہوا۔ حضرت شیخ نظام الدین اسی رات اجودھن پہنچ چکے تھے لیکن قلعہ کا دروازہ بند ہونے کی وجہ سے گھر نہ جا سکے اس لیے وصال سے پہلے حضرت گنجشکر رح نے فرمایا تھا کہ نظام الدین پہنچ تو گیا ہے۔ لیکن اس کے آنے کا کیا فائدہ کہ ملاقات نہ ہو سکی۔

## (۵) حضرت شیخ یعقوب رح:

آپ حضرت شیخ الاسلام کے سب سے چھوٹے بیٹے تھے اور رند منش تھے آپ اکثر سفر میں رہتے تھے۔

Marfat.com

## حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ کے خلفاء:

حضرت خواجہ گنجشکرؒ کے خلفاء کی تعداد میں قدرے اختلاف ہے بعض کتب مثل جواہر فریدی میں تو خلفاء کی تعداد کئی ہزار بتائی گئی ہے۔ ممکن ہے اس میں آپ کے خلفاء، خلفاء کے خلفاء اور ان کے خلفاء تا قیامت شامل ہوں۔ بہر حال معتبر کتابوں میں جو حالات درج ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے گیارہ نامور خلفا تھے جن کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں۔

۱۔ حضرت شیخ جمال الدین ہانسویؒ (۲) حضرت شیخ نجیب الدین متوکلؒ (۳) حضرت شیخ بدرالدین سلیمانؒ (۴) حضرت مولانا بدرالدین اسحاقؒ (۵) حضرت مخدوم علاؤالدین علی احمد صابرؒ (۶) حضرت مولانا عارفؒ (۷) حضرت مولانا حمیدؒ (۸) حضرت مولانا فخرالدین صفاہانیؒ (۹) حضرت مولانا برہان الدین صوفیؒ (۱۰) حضرت خواجہ نظام الدین اولیاؒ (۱۱) حضرت قاضی منتخب الدینؒ۔ لیکن قضائے الٰہی سے ان میں سے اکثر حضرات کے سلسلے یا تو ختم ہو گئے یا ایک دوسرے میں مدغم ہو گئے اور اس وقت اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دو سلاسل زندہ اور پائندہ ہیں اور تا قیامت سلامت رہیں گے۔ اوّل سلسلہ عالیہ چشتیہ صابریہ دوم سلسلہ عالیہ چشتیہ نظامیہ، یہ اوّل و دوم کی ترتیب اگرچہ بے معنی ہے لیکن چونکہ حضرت مخدوم علاؤالدین علی احمد کو خلافت پہلے ملی تھی اس لیے آپ کے سلسلہ عالیہ کو سلسلۂ اوّل کہا گیا ہے ورنہ آجکل جو چشتی صابری ہیں ان میں بھی نسبت نظامیہ کئی واسطوں سے داخل ہو چکی ہے اور تفریق محض بے معنی ہے اسی طرح سلسلہ عالیہ چشتیہ جمالیہ اور سلسلہ عالیہ صابریہ کے لوگوں کے مابین جو قدرے تکدر پایا جاتا ہے وہ بھی بے معنی ہے کیونکہ حضرت شیخ جمال ہانسویؒ اور مخدوم صابرؒ کے مابین جو نزاع بتایا جاتا ہے اس کی کوئی حقیقت نہیں ہے یہ ایک من گھڑت کہانی ہے جو بعد میں آنے والے متعصب لوگوں کی اختراع ہے۔ اس لیے اس کا ذکر ہی نہیں کرنا چاہیے لیکن افسوس ہے کہ ہمارے معاصر سوانح نگار حضرت مولانا مسلم نظامی نے اس غلط واقعہ کو اپنی کتاب انوار الفریدیہ میں جگہ دے کر نہ صرف بھولی ہوئی بات تازہ کر دی ہے بلکہ آپ نے جو

Marfat.com

الفاظ استعمال فرمائے ہیں ان سے بھی بُرا تاثر پیدا ہوتا ہے۔ مثلاً پہلے آپ نے یہ کہانی دہرائی ہے کہ ایک نفس پرست آدمی تھا جو حصولِ خلافت کے لیے حضرت بابا صاحبؒ کے پیچھے پڑا ہوا تھا۔ اس لیے آپ نے اُسے ٹال دیا اور شیخ جمال الدین ہانسویؒ کے پاس بھیج دیا۔ انہوں نے اس شخص کو حریص اور جھوٹا دعویدار سمجھ کر اس کا خلافت نامہ جو شاید اس نے خود لکھ لیا تھا پھاڑ دیا جب وہ شخص حضرت بابا صاحبؒ کے پاس آیا اور پھٹا ہوا خلافت دکھایا تو آپ نے فرمایا کہ جمال کے پھاڑے ہوئے کو فرید درست نہیں کرسکتا۔ ظاہر ہے کہ ایک حریص اور نفس پرست آدمی کو حضرت بابا صاحبؒ نے ہرگز ہرگز خلافت نامہ لکھ کر نہیں دیا ہوگا۔ اس لیے اس پر حضرت شیخ جمالؒ کی مہر ثبت کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا لہذا یہ خلافت نامہ اس نے خود لکھ لیا تھا اور حضرت شیخ جمال الدینؒ کے پاس تصدیق کے لیے گیا اور آپ نے بجا طور پر اُسے پھاڑ دیا۔ بس معاملہ یہاں ختم ہو جانا چاہیے تھا۔ لیکن افسوس ہے کہ یہ واقعہ بیان کرنے کے بعد مولانا مسلم نظامی تحریر فرماتے ہیں کہ:

”سیر الاقطاب کی روایت کے مطابق یہ واقعہ حضرت سیدنا و مولانا مخدوم علاؤالدین صابرؒ کا ہے۔“

اس جملہ سے یہ تاثر پیدا ہوتا ہے کہ وہ جھوٹی خلافت حاصل کرنے والے آدمی سیر الاقطاب کے نزدیک حضرت مخدوم صابر تھے۔ لفظ ”یہ واقعہ“ لکھ کر مولانا نظامی نے غضب کر دیا ہے۔ خواہ ان کے دل میں یہ بات نہ بھی ہو تب بھی پڑھنے والے کے دل میں یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ وہ حریص اور نفس پرست آدمی جس کا واقعہ اوپر بیان ہو چکا ہے صاحب سیر الاقطاب کے نزدیک ”یہ واقعہ“ مخدوم صابر کا ہے۔ ہم مولانا مسلم نظامی کی دیانت پر حملہ نہیں کرتے لیکن تاثر یہ ہوتا ہے کہ ”یہ واقعہ“ یعنی اوپر والے جھوٹے مدعی کا واقعہ صاحب سیر الاقطاب کے نزدیک مخدوم صابرؒ کا واقعہ ہے۔ لیکن سیر الاقطاب کے مصنف کا ہرگز ہرگز یہ مطلب نہیں ہے ان کا مطلب یہ ہے کہ مخدوم صابرؒ کو حضرت خواجہ گنجشکرؒ نے صحیح طور پر خلافت عطا فرمائی تھی کیونکہ وہ اس کے مستحق تھے لیکن حسب دستور مخدوم پاک کو حضرت بابا صاحبؒ نے ہدایت فرمائی کہ شیخ جمال ہانسویؒ سے بھی مہر ثبت کرالیں۔

Marfat.com

ہم مانتے ہیں کہ سیر الاقطاب کی یہ روایت صحیح نہیں ہے اور حضرت مخدوم صابرؒ اور حضرت شیخ جمال الدینؒ کے درمیان کوئی نزاع یا اختلاف پیدا نہیں ہوا تھا۔ لیکن اس غلط روایت کو از سرِ نو کتاب میں درج کرنے اور پھر ایک حریص اور نفس پرست آدمی کی کہانی سے پیوند لگانا یہ ضرور ایسا امر ہے جس سے اجتناب لازمی تھا۔ ہمیں مولانا مسلم نظامی کی نیت پر کوئی شک نہیں ہے لیکن انتخابِ الفاظ گمراہ کن ضرور ہے۔

## حضرت مخدوم صابرؒ کے کتابوں میں کم ذکر ہونے کی وجہ:

بعض لوگ جن میں اکثریت جمالیوں اور نظامیوں کی ہے اور پھر وہ جو محقق نہیں عامی ہیں یہ سوال کرتے ہیں کہ چشتیہ سلسلہ کی کتابوں یعنی راحت القلوب، راحت المحبین اور اسرار الاولیاء میں حضرت شیخ نظام الدین اولیاء کا تو کثرت سے ذکر ہے لیکن مخدوم صابرؒ کا ذکر بہت کم کیوں ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ تینوں کتابیں اب اہلِ تحقیق کی نظروں میں غیر معتبر ثابت ہو چکی ہیں اور حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلویؒ اور بندہ نواز سید محمد گیسو دراز جیسی مقتدر ہستیوں نے ان کو صحیح نہیں مانا۔ باقی رہی سیر الاولیاء۔ اور فوائد الفوائد، فوائد الفوائد تو سوانح ہی نہیں ہے بلکہ مجموعہ ملفوظات ہے۔ جہاں تک سیر الاولیاء کا تعلق ہے یہ کتاب انوار الفریدیہ کے مصنف کے نزدیک بھی حضرت سلطان المشائخ قدس سرہٗ کے وصال کے چالیس پچاس برس بعد لکھی گئی ہے سیر الاولیاء کے مولف خواجہ خورد حضرت سلطان المشائخ کے دربار میں ایک بچے کی حیثیت سے رہتے تھے جن کی عمر بہت کم تھی۔ نیز خود حضرت سلطان المشائخ حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ کی زندگی کے آخری چند سالوں میں مرید ہوئے اور خلافت حاصل کی لیکن حضرت مخدوم صابرؒ اس سے شاید دس پندرہ سال پہلے خلافت حاصل کر کے کلیر شریف تشریف لے جا چکے تھے۔ اس لیے حضرت سلطان المشائخ کو بھی ان کے متعلق زیادہ معلومات نہیں تھیں جب آپ کو زیادہ معلومات نہ تھیں تو آپ کے سب سے چھوٹے مرید جو چھوٹا ہونے کی وجہ سے خواجہ خورد کے نام سے مشہور تھے۔ ان کو حضرت مخدوم پاک کے حالات کا کیسے علم ہو سکتا تھا کہ حضرت سلطان المشائخ کے پچاس سال بعد لکھی جانے والی کتاب سیر الاولیاء میں اس کا

مفصل ذکر کرتے۔ البتہ حضرت مخدوم صابرؒ کا ذکر سیر الاولیا میں مختصر طریق پر ضرور آیا ہے۔ اور اسی طرح دیگر تذکروں میں بھی مختصر ذکر ہے۔

**دوسری وجہ:** مختصر ذکر کی دوسری وجہ یہ ہے کہ حضرت مخدوم پاک پر اجودھن میں قیام کے دوران استغراق کا غلبہ تھا۔ اس لیے آپ حضرت گنجشکرؒ کی مجالس میں کم شریک ہوتے تھے۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ آپ کا یہ غلبۂ استغراق عارضی تھا۔ اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ حضرت اقدس کا فارسی کلام اس نوعیت کا ہے کہ اس میں مغلوب الحال بزرگوں کی طرح صرف فنائیت ہی نہیں پائی جاتی بلکہ بقا باللہ اور عبدیت بھی پائی جاتی ہے جو منتہیوں اور اہلِ صحو کا مقام ہے۔ مثلاً مندرجہ ذیل غزل میں زبردست شانِ بقا باللہ نزول اور عبدیت جلوہ گر ہے ؎

امروز شاہِ شاہاں مہمان شدہ ست مارا جبریل با ملائک دربان شدہ ست مارا

دوسری وجہ یہ ہے کہ حضرت مخدوم پاک کے سلسلہ میں جتنے بزرگ ہو گزرے ہیں سب کے سب منتہی تھے اور بقا باللہ اور عبدیت کے بلند ترین مقام پر فائز تھے اور استغراق کے غلبہ سے بالکل آزاد اور صاحبِ تمکین اور ابوالحال اور غالب الحال تھے نہ کہ ابن الحال اور مغلوب الحال۔ اگر حضرت مخدوم پاک کا استغراق دائمی ہوتا تو آپ کے سلسلہ کا ایک بزرگ بھی مغلوبیت و استغراق سے نہ بچ سکتا تھا لیکن معاملہ اس کے بالکل برعکس ہے۔

توحید متاعیست کہ بر دار فروشند

گل نیست کہ در کوچہ و بازار فروشند

# باطنی کمالات اور شانِ ولایت

اب ہم اس کتاب کے سب سے مشکل مضمون کی طرف آتے ہیں یعنی آپ کے باطنی کمالات اور آپ کے بلند مقامات و منازل جن کی وجہ سے آپ اولیاء کرام کے زمرہ میں اس قدر ممتاز ہیں یہ امر مسلمہ ہے کہ آنحضرت اقدس کا مقام اس قدر بلند و ارفع و اعلیٰ ہے کہ ہم جیسے ہیچ مقدار اور ہیچمدان کے لیے اس کی نشان دہی ناممکن اور محال ہے لیکن عارف رومی نے فرمایا ہے ؎

آفتاب آمد دلیلِ آفتاب — گر دلیلت باید ازوے رومتاب


(یعنی اگر آفتاب کا ثبوت چاہتے ہو تو آفتاب کی طرف دیکھو اور اس سے منہ مت موڑو)

ہم بھی حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ کے بلند مقامات کی نشان دہی آپ کے آفتابِ ولایت سے کر رہے ہیں نہ کہ اپنی عقلِ نارسا سے۔

اولیاء کرام کے مقامات کو سمجھنے کے لیے سلوک الی اللہ کو سمجھنا ضروری ہے جس میں حق تعالےٰ تک رسائی یعنی پورے عروجی سفر کے منازل و مقامات کی نشان دہی مشائخ عظام نے کر دی ہے۔

**سلوک الی اللہ:** آج کل علم و ہنر کا دور ہے اور اکثر مشکل مسائل نقشہ بنا کر آسانی سے سمجھائے جا سکتے ہیں۔ چنانچہ سلوک الی اللہ کو جو حق تعالےٰ تک پہنچنے کے لیے ایک باقاعدہ کورس ہے۔ ایک دائرہ کی شکل میں ظاہر کیا گیا ہے جو مندرجہ ذیل ہے:

Marfat.com




سالک کے سفر کا آغاز نقطہ ' ب ' سے ہوتا ہے اور صوم وصلوٰۃ، عبادت و ریاضت، ذکرو اذکار مشاغل و مراقبات اور دیگر نیک اعمال کی وجہ سے جب سالک کا تزکیۂ نفس ہوجاتا ہے تو اس کی روحانی قوت میں اضافہ ہوتا ہے اور اس کو طاقتِ پرواز حاصل ہوجاتی ہے جس سے وہ ذاتِ حق کی طرف پرواز کرنے لگتا ہے۔ یہ پرواز جسمانی نہیں روحانی ہوتی ہے۔ غرضیکہ نقطہ ب سے پرواز کرکے جب سالک مقام الف کی طرف جاتا ہے تو اس سفر کو سیر الی اللہ یا عروجی سفر کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے جب مقام الف پر جاتا ہے تو اسے فنا فی اللہ حاصل ہونا شروع ہوتی ہے اور ذاتِ باری کے اندر پرواز کرتا جاتا ہے۔ اب چونکہ ذاتِ باری تعالیٰ کی کوئی انتہا نہیں اس لیے سالک کے پرواز کی بھی کوئی انتہا نہیں اگر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے پرواز جاری رکھے تب بھی سفر ختم نہیں ہوتا کیونکہ اس سفر کی کوئی انتہا نہیں لیکن چونکہ مقام فنا میں محض استغراق، محویت اور مستی کے سوا کچھ نہیں اس لیے اسلام میں ہمیشہ کے لیے اس مقام پر مقیم ہوجانا مطلوب نہیں بلکہ: تَخَلَّقُوا بِاَخلَاقِ اللّٰہ (اللہ تعالیٰ صفات سے متصف ہوجاؤ) اور حدیثِ قدسی بی یسمع اور بی یبصر و کے مطابق سالک جب حق تعالیٰ کی ذات وصفات میں فنائیت کے بعد صفات باری تعالیٰ سے متصف ہوتا ہے اور اس حدیثِ قدسی کے مطابق حق تعالیٰ کی بصیرت سے دیکھتا ہے اور اسی کی سماعت سے سنتا ہے تو وہ خلافت الٰہیہ فی الارض کے قابل ہوجاتا ہے اور اسے مقامِ فنا سے لوٹ کر نقطہ 'د' کے ذریعے اپنے اصلی مقام یعنی مقام کثرت اور دوئی پر واپس آنا پڑتا ہے جہاں پہنچ کر خلافتِ الٰہیہ کا تاج اس کے سر پر رکھا جاتا ہے اور وہ حق تعالیٰ کے نائب کی حیثیت سے منصبِ خلافت کے فرائض انجام دیتا ہے۔

ہدایت خلق میں مصروف ہوتا ہے۔ نکاح کرتا ہے، بال بچوں کی تربیت کرتا ہے مریدین کی تربیت کرتا ہے، سیاست میں حصہ لیتا ہے وغیرہ وغیرہ۔ اس لیے جہاں دوسرے مذاہب میں فنافی اللہ میں ہمیشہ کے لیے مستغرق ہو کر جنگلوں اور غاروں میں رہ جانا مستحسن تھا۔ اسلام میں فنا کے استغراق و محویت سے نکل کر ہوشیاری اور مقام صحو میں آنا مقصود قرار دیا گیا ہے اور رہبانیت کو خلاف اسلام قرار دے دیا گیا ہے۔

لیکن اس بات کا یہ مطلب نہیں ہے کہ فنافی اللہ کے مقام کو ہمیشہ کے لیے ترک کر دیا جاتا ہے۔ ہرگز نہیں۔ اولیائے کرام کی حالت ہمیشہ عروج و نزول میں تبدیل ہوتی رہتی ہے وہ اکثر فنا کی مستیوں سے نکل کر مقام دوئی میں واپس آتے ہیں اور فرائض منصبی انجام دیتے ہیں۔ اب جن حضرات میں استعداد زیادہ ہوتی ہے۔ ان کا عُروج بھی زیادہ ہوتا ہے اور جن کا عروج زیادہ بلند ہوتا ہے ان کا نزول بھی زیادہ قوی ہوتا ہے۔ مثلاً حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ اپنی کتاب شمائم امدادیہ میں فرماتے ہیں کہ حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ کا نزول شیخ اکبر محی الدین ابن عربیؒ کے نزول سے زیادہ قوی ہے۔ نزول جس قدر زیادہ قوی ہوتا ہے عبدیت اور شانِ بقائیت زیادہ ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا مقام خاص عبدیت ہے اور ساری زندگی میں صرف دو یا تین مثالیں استغراق فی الذات کی ملتی ہیں ورنہ آپ پر ہمیشہ عبدیت اور بقائیت کا غلبہ رہتا تھا اس لیے آپ پر ہر وقت عشقِ الٰہی اور ذوق وشوق اور سوز و گداز میں رہتے تھے۔ عجز و انکسار آپ کا شیوہ تھا اور انا الحق یاسبحانی ما اعظم شانی جیسی شطحیات سے آپ کوسوں دُور تھے۔ کیونکہ مغلوب الحال آدمی اس وقت ہوتا ہے جب شرابِ محبت اور وصل کے چند پیالے پی کر مست ہو جاتا ہے لیکن جو لوگ صاحب تمکین ہیں اور ہمتِ بلند اور عالی ظرف کے مالک ہوتے ہیں وہ چند پیالے تو بجائے خود دریا نوش کر جاتے ہیں لیکن مدہوش نہیں ہوتے اور یہی مقام امتِ محمدیہ کا ہے۔ امت میں ایسے حضرات بہت کم ملتے ہیں جو مغلوب الحال ہو کر انا الحق کے نعرے لگاتے تھے۔ چنانچہ شیخ الاسلام گنجشکرؒ کا شمار

بھی ان حضرات میں ہوتا ہے جو باقی باللہ اور غالب الحال تھے۔ آپ کا ظرف اس قدر عالی تھا کہ کبھی مغلوب الحال نہیں ہوتے تھے۔ بلکہ ہر وقت "ھل من مزید" کے نعرے لگاتے تھے۔ شان بقا باللہ اور عبدیت کا یہ عالم تھا کہ آپ تلوین سے کوسوں دور تھے۔ اور ہمیشہ مقام تمکین میں رہ کر شدید ریاضت و مجاہدہ میں مشغول رہتے تھے اور تسلیم و رضا اور عجز و انکسار کے جذبہ میں آکر اس رباعی کا ورد رکھتے تھے ؎

خواہم کہ ہمیشہ در ہوائے تو زیم | خاکے شوم و زیر پائے تو زیم
مقصودِ من بندہ ز کونین توئی، | بہر تو میرم و زبرائے تو زیم

(میری یہ تمنا ہے کہ اے دوست تیرے قدموں میں رہوں، سراپا مٹی بن جاؤں اور تیرے قدموں کے نیچے رہوں۔ میرا مطلوب دو جہانوں میں تیرے سوا کچھ نہیں ہے نہ جنت نہ حور و قصور۔ میں تو تیرے لیے ہی مرتا ہوں اور تیرے لیے زندہ ہوں۔) کس قدر عبدیت خاکساری، عجز و انکساری کا مقام ہے کہ باوجودیکہ آپ ہر وقت بحرِ فنا میں غواصی کر رہے ہیں لیکن شانِ بقائیت کا یہ عالم ہے کہ مٹی بن کر دوست کے قدموں میں رہنا پسند کرتے ہیں۔

**ساری عمر عشق بازی نہیں ہو سکتی:** اکابر اولیاء کا قول ہے کہ ساری عمر عشق میں نہیں رہا جا سکتا بلکہ اکثر اوقات ہجر و فراق کو ترک وصل اور فنا کے مزے اڑانے پڑتے ہیں ورنہ ہمیشہ عشق میں رہے تو آدمی جل کر خاک ہو جاتا ہے۔ لیکن جن خوش بخت اور بلند ہمت حضرات کو عشق میں سے زیادہ حصہ ملا ہے وہ وصل اور قرب میں بھی اپنے آپ کو مہجور سمجھتے ہیں۔ حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ اپنے شیخ حضرت خواجہ باقی باللہ کو ایک خط میں لکھتے ہیں کہ حضور اب میری یہ حالت ہو گئی ہے کہ میرے لیے قرب بھی بُعد بن گیا ہے۔

**قرب کا بُعد بن جانا کیا معنی رکھتا ہے:** اب دیکھنا یہ ہے کہ قرب کیسے بُعد بن سکتا ہے۔ حضرت خواجہ گنجشکرؒ کے لاڈلے خادم حضرت خواجہ غلام فرید اپنی ایک کافی میں فرماتے ہیں ؎

جتھاں خود قرب ہے دوری — اُتھاں کیا وصل و ہجوری
انائیت مٹی پوری — ہے انسانوں نے رحمانوں

(جہاں خود قرب بھی دُوری بن گیا ہو وہاں وصل و فراق بے معنی ہو کر رہ جاتے ہیں کیونکہ اس مقام پر انائیت بخلاف فنائیت کا دَور دورہ ہوتا ہے اور عشق کا غلبہ اس قدر تیز ہوتا ہے کہ عین وصل میں سالک ہل من مزید کے نعرے لگاتا ہے اور بلند سے بلند تر اور بلند تر سے بلند ترین منازل کی طرف پرواز کرتا رہتا ہے جب قرب کی ایک منزل پر پہنچ جاتا ہے تو چونکہ ذات کی کوئی انتہا نہیں اوپر اور منزل نظر آتی ہے جب وہاں پہنچ جاتا ہے تو اوپر اور منزل نظر آتی ہے جب وہاں پہنچتا ہے تو اوپر اور منزل نظر آتی ہے غرضیکہ ساری عمر پرواز میں گزرتی ہے اور بقول سعدی انتہا تک رسائی نہیں ہوتی کیونکہ یہاں کوئی انتہا ہی نہیں ہے۔ سعدی فرماتے ہیں ؎

نہ حسنش غایتے دارد نہ سعدی را سخن پایاں
بمیرد تشنہ مستسقی و دریا ہمچناں باقی

حضرت مولانا روم فرماتے ہیں ؎

دل آرام در بر دل آرام جوے
لب از تشنگی خشک و برطرف جوے

(محبوب بغل میں ہے اور محبوب کی تلاش ہے۔ عاشق کی حالت اس پیاسے کی سی ہے جو دریا کے پر بیٹھا پانی پانی پکار رہا ہے)

ایک اور صاحب فرماتے ہیں ؎

ہمہ عمر با تو قدح زدیم و نرفت رنج خمارِ ما
چہ قیامتے کہ نمے رسی زکنار ما بکنارِ ما

(ہم نے ساری عمر اے دوست تیرے قرب وصل کے پیالے نوش کیے ہیں لیکن پھر بھی ہماری پیاس نہیں بجھی کیا قیامت اور غضب ہے کہ تو ہماری بغل سے ہماری بغل میں نہیں آتا۔

Marfat.com

**یہی حال گنجشکرؒ کا ہے:** حضرت خواجہ گنجشکرؒ کا یہی حال اور یہی مقام ہے آپ ہر وقت قرب و وصال کی نئی سے نئی منازل طے کر رہے ہیں اور پھر بھی سیر نہیں ہوتے اور غلبۂ عشق میں آکر ہر وقت یہی پکارتے رہتے ہیں ؎

خواہم کہ ہمیشہ در ہوائے تو زیم — خاکے شوم وزیر پائے تو زیم
مقصودِ من بندہ ز کونین توئی — بہر تو میرم و زبرائے تو زیم

کیا ہی بلند ہمت ہے اور کیا ہی اعلیٰ ظرف ہے کہ محبوب حقیقی کے قرب و وصال کے پیالے نہیں، صراحی نہیں، خم نہیں، ندی نہیں، نالے نہیں بلکہ دریا اور سمندر نوش فرما رہے ہیں لیکن پیاس ہے کہ بجھنے میں نہیں آتی، کسی نے خوب کہا ہے ؎

قلندر آنکہ فوق الوصل جوید

(قلندر وہ ہے جو وصل سے بھی اوپر کا مقام طلب کرتا ہے)

مولانا روم فرماتے ہیں ؎

نگویم کہ بر آب قادر نیند — کہ بر ساحل نیل مستسقی اند

(یعنی پانی پر قادر ہیں پی رہے ہیں دریا کے کنارے بیٹھے ہیں پھر بھی پیاس نہیں بجھتی)

اس کی وجہ یہ ہے کہ نہ دوست کے حسن و جمال کی کوئی انتہا ہے نہ عاشق صادق کی طلب کی کوئی حد ہے بحضرت خواجہ غلام فریدؒ ایک کافی میں فرماتے ہیں ؎

توڑیں جو دریا نوش ہن — پر جوش بھی خاموش ہن
اسرار دے سر پوش ہن — صامت رہن مارن نہ بک

(اگرچہ عشاق قرب و وصال اور حسن و جمال کے دریا پر دریا نوش کر رہے ہیں اور جوش و خروش کی حالت میں ہیں لیکن خاموش ہیں۔ بھید ظاہر نہیں کرتے نہ انا الحق کے دعوے کرتے ہیں)

**ساری عمر عشق کمانا بے حد دشوار ہے:** اگرچہ ساری عمر عشق کمانا بے حد دشوار ہے اور ہڈیوں کو جلا کر راکھ کر دیتا ہے

Marfat.com

لیکن شیخ الاسلام گنجشکرؒ نے ساری عمر عشق کمایا، تن من جل کر راکھ ہو گیا۔ ہڈیاں جل گئیں۔ لیکن ہل من مزید کے نعرے بند نہ ہوئے اور آخری دم تک سجدہ و سجود جاری رہا کس قدر بلند ہمت اور وسیع ظرف ہے۔ سبحان اللہ۔

یہ حضرتِ اقدس کا سوز و گداز ہے کہ جب کوئی شخص سماع کے جواز کے متعلق سوال کرتا ہے تو آپ جواب دیتے ہیں ؎

سبحان اللہ! یکے بسوخت و خاکستر شد
و دیگرے ہنوز در بحث است

(یعنی ہم تو عشق میں جل کر خاکستر ہو گئے ہیں اور لوگ ہم سے پوچھتے ہیں کہ کیا یہ جائز ہے)

یہ تو مرید کی حالت ہے، اور پیر کی حالت کیا تھی، آپ نے تو کمال ہی کر دیا۔ محبوبِ حقیقی کے عشق میں تڑپ تڑپ کر اسی ایک شعر پہ جان دے دی ؎

کشتگانِ خنجرِ تسلیم را
ہر زماں از غیب جانے دیگر است

چار دن اور چار راتوں کا رقص، الامان! کوئی بشر ہے جو برداشت کر سکتا ہے آخر کیا ہوا۔ تن من، گوشت و پوست کو عشقِ الٰہی میں جلا کر خاک کر دیا ہے اور جان جان آفرین کے سپرد کر دی۔ اس واقعہ کو احقر راقم الحروف نے یوں منظوم کیا ہے ؎

ز تیغ لا فنا فی اللہ ز الا اللہ بقا باللہ
چہ خوش خوش جاں بہ جاں پرور سپرد آں مردِ رحمانے

(یعنی پہلے مصرع پر تیغ لا سے جان نکل جاتی تھی اور دوسرے مصرع میں شربت الا اللہ سے جان میں جان آ جاتی تھی۔ اس رقص و مستی میں آ کر عاشق صادق نے کس طرح خوش ہو کر جان جانِ پرور کے سپرد کر دی) نوٹ: بقیہ غزل باب ہذا کے شروع میں ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

# اولیائے اُمّت میں گنجشکرؒ کا خصوصی امتیاز

اولیاء امت محمدیہ میں جو مقام حضرت شیخ الاسلام

**اولیائے اُمّت کو بلند ترین مقامات پر پہنچانا گنجشکرؒ کا منصب ہے:**

گنجشکرؒ کو حاصل ہے اس کا اندازہ مندرجہ ذیل واقعہ سے ہو سکتا ہے جو صاحب اقتباس الانوار نے مراۃ الاسرار سے نقل کیا ہے۔ حضرت شیخ محمد غوث گوالیاری قدس سرہٗ نے اورادِ غوثی میں اپنے چند مکاشفات بیان فرمائے ہیں۔ آپ لکھتے ہیں ایک رات میں مشغول بیٹھا تھا کہ یکایک آواز آئی کہ وقتِ حضوری اور معموری ہے آجاؤ۔ جب میں نے سر اٹھایا تو کیا دیکھتا ہوں کہ سامنے ایک عظیم الشان دریا ہے اور ساری خلقِ خدا اس دریا پر آئی ہوئی ہے۔ دریا کے وسط میں ایک مرصّع و مکلل تخت نہایت بلندی پر نصب کیا گیا ہے۔ اس تخت کے سامنے ایک صورتِ جمال اور دوسری صورت جلال ہے اور تخت کے اوپر ایک باوقار بزرگ بیٹھے اس مقام کی حفاظت کر رہے ہیں ساری خلقت دریا کے اندر داخل ہو چکی ہے لیکن اس مقام تک کسی کی رسائی نہیں ہو رہی البتہ چند عزیز جن کو میں جانتا ہوں نصف راستہ طے کر چکے ہیں۔ میں اُن پر سبقت کر کے اس تخت تک پہنچ گیا۔ جو بزرگ اس تخت کے محافظ تھے۔ انہوں نے مجھے اپنی طرف کھینچ لیا۔ مجھے اپنا پیراہن عطا فرمایا اور فیض جلال سے بھرے ہوئے دو طبق انوار کے میرے سر پر ڈالے۔ جب میں نے زیادہ طلب کیا تو فرمایا کہ تیرے نصیب میں یہی کچھ

Marfat.com

تھا۔ اس کے بعد میں نے عرض کیا کہ حضور کا اسمِ گرامی کیا ہے، فرمایا مجھے فریدالدین گنجشکرؒ کہتے ہیں۔ یہ سن کر میں نے اپنا سر ان کے قدموں میں رکھ دیا اور دریافت کیا کہ یہ کیا ملک ہے۔ فرمایا یہ دریائے ہستی ہے اور یہ تخت حضرت رب العلمین کا ہے۔ اور یہ صورتیں صفتِ جمال و جلال کی ہیں۔ ہر نبی اور ولی جو اس مقام پر پہنچتا ہے۔ اس نعمت کے فیض سے بہرہ مند ہوتا ہے۔ اس کے بعد بندہ نے عرض کیا کہ حضور اس مقام کے اکیلے محافظ ہیں۔ فرمایا کہ ہم چار آدمی ہیں۔ ایک خواجہ بایزید بسطامیؒ، دوسرے خواجہ جنید بغدادیؒ تیسرے خواجہ ذوالنون مصریؒ اور چوتھا یہ درویش یعنی فریدالدین گنجشکرؒ۔ ہم چاروں آدمی باری باری اس مقام کی محافظت پر مامور ہیں۔ ہم میں سے جس کسی کی باری میں کوئی سالک یہاں پہنچتا ہے تو ہم اُسے اپنا پیراہن عطا کرتے ہیں اور اس کی استعداد کے مطابق حق تعالےٰ کے حکم سے اس کو حصّہ دیتے ہیں اور روزِ قیامت تک یہی ہوتا رہے گا۔ یہ سُن کر میں حیرت زدہ ہوا اور مزید سوال کیا کہ آپ چاروں کی پیدائش تو اُمتِ محمدیہ میں ہوئی ہے قدیم ایام سے اس مقام کی محافظت آپ کس طرح کر رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ ہماری حقیقت اس مرتبہ سے تعلق رکھتی۔ اس تنِ عنصری (ظاہری جسم) کا اس سے کوئی تعلق نہیں کہ کب پیدا ہوا اور کب ختم ہوا۔ حضرت خواجہ گنجشکرؒ کے کمالات کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ آپ کا کیا مقام ہے۔ فہم من فہم۔ اس کے بعد اقتباس الانوار کے مصنف حضرت شیخ محمد اکرمؒ لکھتے ہیں کہ میرے ساتھ بھی ایک واقعہ پیش آیا جو مندرجہ بالا واقعہ سے پوری طرح مناسبت رکھتا ہے۔

**اقتباس الانوار کے مصنف کا مشاہدہ:** وہ یہ ہے کہ ایک دفعہ یہ فقیر ستائیس ماہ رمضان کی شب میں نمازِ عشاء کے بعد شغلِ کیمیائے معرفت میں مشغول تھا۔ جب ایک پہر رات باقی تھی تو ایک نہایت ہی حسین و جمیل نوجوان اَمرد (بے ریش جوان) کی صورت میں میرے سامنے ظاہر ہوا۔ اس کی آنکھیں شمع کی طرح روشن تھیں۔ اس فقیر نے دریافت کیا کہ آپ کون ہیں۔ فرمایا میں بابِ اسرار کا امین ہوں اور یہاں اس لیے آیا ہوں کہ تجھے عالمِ امر کی

Marfat.com

میں لے جاؤں۔ یہ کہہ کر اُس نے اس فقیر کا ہاتھ پکڑا اور ہوا میں پرواز شروع ہوگیا چنانچہ ہم دونوں پرندوں کی طرح اوپر کی جانب پرواز کرتے جا رہے تھے حتیٰ کہ ہم عرش سے اوپر بحرِ اسرار تک پہنچ گئے۔ اس مقام پر دو نوری طاؤس (مور) ظاہر ہوئے جو اس فقیر کو باری باری اپنی پشت پر سوار کر کے اوپر لے گئے اور وہ بابِ اسرار کا امین اسی جگہ رہ گیا۔ جب ہم بحرِ اسرار کے وسط میں پہنچے تو وہاں ایک ایسا مقام پیش آیا کہ جس کا عبور کرنا ہر شخص کے بس میں نہ تھا اور بہت سے سالکین وہاں تک پہنچ کر رک گئے تھے۔ اس مقام کا نام محک العشاق ہے۔ اس مقام پر ایک سیمرغ نمودار ہوا جو نصف نوری اور نصف ناری تھا۔ اور اس فقیر کو اپنے اوپر سوار کر کے فضائے ہویت کے کنارے تک لے گیا۔ وہاں تین سمندر پیش آئے وہاں پر بھی چند سالکین جن میں سے بعض کو یہ فقیر جانتا تھا اور بعض کو نہیں جانتا تھا رُکے ہوئے تھے۔ پہلے سمندر کے کنارے نورِ سرخ سے بنے ہوئے تھے۔ اس سمندر میں سے ایک مچھلی نکلی جو نورِ سرخ سے بنی ہوئی تھی۔ وہ مچھلی اس فقیر کو اپنے اوپر سوار کر کے دوسرے سمندر کے کنارے تک لے گئی جس کے کنارے نورِ سیاہ کے تھے اور بے حد تاباں اور درخشاں تھے۔ اس سمندر کے وسط میں سے ایک آدمی ظاہر ہوا جس کے سات چہرے تھے اور اس کا سارا وجود اسی نور سے تھا۔ وہ اس فقیر کو اپنے اوپر سوار کر کے تیسرے سمندر کے کنارے تک لے گیا۔ اور وہ سمندر، کنارے، رنگ اور زمین سے منزّہ و پاک تھا۔ نہ اس کا کوئی اوّل تھا نہ آخر، اور نہ اس کے طول یا عمق کی کوئی انتہا تھی۔ حالانکہ تمام اشکال والوان (رنگ) بلکہ تمام جہاں اس کے اندر موجود تھے۔ جب یہ فقیر اس کے کنارہ پر پہنچا تو خوف کے مارے ایسی ہیبت طاری ہوئی جو بیان سے باہر ہے۔ اس سمندر کے اندر سے آواز آئی کہ میرا نام پکارتے ہوئے آؤ اور مت ڈرو۔ اس فقیر نے عرض کیا کہ حضور کا اسمِ گرامی کیا ہے تو جواب ملا کہ میرا نام فریدالدین ہے۔ چنانچہ یہ فقیر فرید فرید کہتے ہوئے سمندر کے اندر داخل ہوا۔ وہاں کیا دیکھتا ہے کہ ایک اتنا بڑا جہاز کھڑا ہے کہ جس کے سامنے عرش سے لے کر تحت الثریٰ تک کا علاقہ ایک رائی کے دانے کے برابر تھا اور اس جہاز پر

Marfat.com

ایک نور کا بہت بڑا تخت پڑا تھا جو آفتاب کی طرح روشن تھا۔ اس تخت پر ایک نورانی شکل کا آدمی نورانی لباس زیب تن کیے بیٹھا ہے اور اس کی چاروں طرف چار صورتیں کھڑی ہیں۔ جب یہ فقیر اس تخت کے نزدیک پہنچا تو وہ شخص بے حد مہربانی سے پیش آیا۔ اور مجھے قریب بلا کر فرمایا کہ میری دائیں جانب والی صورت اولیاء اللہ کی ولایت عروجی کی شکل ہے اور بائیں والی صورت ولایتِ نزولی کی شکل ہے۔ پیچھے والی صورت انبیاءؑ کی صورت ہے اور آگے والی صورت کمالاتِ نبوت کی صورت ہے۔ ہم جس شخص کو قطب مدار کا منصب عطا کرتے ہیں اس کو اپنی دائیں طرف والی صورت کے فیض سے بہرہ مند کرتے ہیں اور جس کو مرتبہ فردیت عطا کرتے ہیں اس کو بائیں صورت کے فیض سے بہرہ مند کرتے ہیں اور جس کو مرتبۂ قطب حقیقت و محبوبیت عطا کرتے ہیں اس کو پیچھے والی صورت کا فیض دیتے ہیں اور جس کو تمام کمالات محبوبیت، فردیت اور قطبیت کبریٰ و غوثیت و قطب مداریت وغیرہ کے مراتب عطا کرنا چاہتے ہیں تو اپنی سامنے والی صورت سے مستفیض کرتے ہیں۔ اس کے بعد انہوں نے نورِ ذاتی کی دو چادریں مجھے پہنائیں جن سے ایک پر پورے قرآن مجید کی کشیدہ کاری تھی اور دوسری پر تورات، زبور اور انجیل کی کشیدہ کاری تھی اور فرمایا کہ یہ دونوں چادریں کبریائے ذاتی کی چادریں ہیں۔ ان میں سے وہ چادر جس پر قرآن لکھا ہوا ہے منشائے ولایتِ محمدیہ ہے اور دوسری چادر منشائے ولایت دیگر انبیاء ہے اور میں نے یہ دونوں چادریں تجھے بخشی ہیں اور اُن چار صورتوں میں سے آگے والی صورت کے فیض سے بھی تجھے مشرف کیا ہے۔

اس کے بعد اس فقیر نے عرض کیا کہ حضور کا اسمِ گرامی کیا ہے فرمایا میرا نام فریدالدین گنجشکر رح ہے اور یہ سمندر بحرِ لاتعین ہے۔ جس شخص پر یہ مقام لاتعین مشہود ہوتا ہے۔ میرا تعین اور حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رح کا تعین باری باری اس کو نظر آتا ہے۔ جس طرح کہ تم دیکھ رہے ہو اور اس مقام کا فیض عطا کرتا ہے۔ چونکہ اس مقام کا فیض تجھے میرے ہاتھوں سے ملنا تھا تجھے میری باری میں یہاں لایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ حضرتِ اقدس نے مجھے تین اشغال تلقین فرمائے جن میں سے ایک کا نام

Marfat.com

نقطۂ محبت ہے دوسرے کا نام نقطۂ معرفت اور تیسرے کا نام نقطۂ ذات ہے۔ اس کے بعد فقیر نے عرض کیا حضورؐ کی پیدائش تو آخری زمانہ میں ہوئی ہے اور اس مقام کا فیض آپ سے کافی مدت پہلے لوگوں کو مل رہا ہے یہ کس طرح ہے فرمایا کہ ہم دونوں کی حقیقت ابتداء سے نور محمدیؐ میں مندرج ہو چکی تھی اور اسی وجہ سے ہماری حقیقت اس مقام کی محافظ چلی آرہی ہے۔ اور تمام متقدمین اور متاخرین کو فیض رسانی کر رہی ہے اس معاملہ میں ہمارے وجود عنصری کو کوئی دخل نہیں ہے۔ جب اس فقیر کو افاقہ ہوا تو دو رکعت نماز پڑھ کر ان دونوں بزرگوں کی ارواح کو ایصال ثواب کیا۔

**بلند مقام اور بلند کلام: اقوالِ زرّیں:** سیر الاولیاء میں لکھا ہے کہ حضرت سلطان المشائخؒ نے حضرت شیخ الشیوخ العالم گنجشکرؒ کے چند کلمات اپنی قلم سے لکھ لیے تھے جو یہاں درج کیے جاتے ہیں۔

" سات سو مشائخ عظام سے چار سوال کیے گئے۔

سب نے ایک ہی جواب دیا:

پہلا سوال: سب سے زیادہ داتا کون ہے۔ جواب: تارک الدنیا۔

دوسرا سوال: سب سے زیادہ بزرگ کون ہے۔ جواب: جو کسی چیز سے متغیر نہ ہو۔

تیسرا سوال: سب سے زیادہ غنی کون ہے۔ جواب: جو قناعت کرتا ہے۔

چوتھا سوال: سب سے زیادہ محتاج کون ہے۔ جواب: جو قناعت ترک کرتا ہے۔

**دُعا ضرور قبول ہوتی ہے:** نیز حضرت شیخ الاسلام گنجشکر قدس سرہٗ نے فرمایا ہے۔ اللہ تعالےٰ اپنے بندہ سے حیا کرتا ہے اس بارے میں کہ بندہ دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے اور اللہ تعالےٰ اس کی دعا قبول نہ کرے نیز فرمایا کہ کوئی چیز فقیر کے پاس ہے تو بھی غم نہیں ہے اور نہیں ہے تو بھی غم نہیں ہے۔ نیز فرمایا کہ نامرادی کا دن معراج کی رات ہے[1]۔ نیز فرمایا کہ امام شافعی نے کہا ہے

---

[1] کسی نے خوب کہا ہے ؎ ← ص ۱۵۷

کہ مَیں نے دس سال صوفیوں کی شاگردی کی تب جاکر معلوم ہوا کہ وقت کیا ہوتا ہے۔ نیز فرمایا کہ کام کرو اور بے درد لوگوں کی باتوں کی پروا نہ کرو: نیز فرمایا ؎

بقدر رنج یابی سروری را | بشب بیدار بودن مہتری را

(تکلیف و محنت کے مطابق سرداری ملتی ہے اور شب بیداری سے بزرگی حاصل ہوتی ہے)

نیز فرمایا: الصوفی یصفوابہٖ کُلُّ شیٍٔ ولا یکدرہٗ شیٔ

(صوفی وہ ہے کہ جس کی برکت سے ہر چیز متبرک ہوتی ہے لیکن کوئی چیز اس کو مکدر نہیں کر سکتی) نیز فرمایا: شیخ الاسلام جلال الدین نور اللہ مرقدہ نے فرمایا: الکلام مُسکرُ القلوب ان اول الکلام و آخرہٗ ان کانَ لِلّٰہ فتکلّمْ و الّا فَاسکُتْ (بہت باتیں کرنا دل کو غافل کرتا ہے۔ اوّل کلام اور آخر کلام اگر اللہ کے لیے ہے تو بات کرو ورنہ خاموش رہ) نیز فرمایا جب فقیر نیا کپڑا پہنے تو یہ خیال کرے کہ کفن پہن رہا ہے۔ نیز فرمایا کہ: الانبیاءُ احیاءٌ فی القبور (انبیا علیہم السلام قبروں میں زندہ ہیں) نیز فرمایا ؎ لَوْ کَانَ ھٰذا العِلمُ یُدرِکُ بالمُنی۔ مَا کَانَ یَبقٰی فی البریّۃِ جاھلُ (اگر علم خواہش سے حاصل کیا جا سکتا تو دنیا میں کوئی جاہل نہ رہ جاتا) فاجھدو ولا تکسل ولا تک غافلا۔ فندامۃ العقبٰی لمن یتکاسل (پس جدوجہد کرو اور کاہل مت ہو اور غافل مت ہو جاؤ۔ جو شخص حق کی تلاش کی کاہلی اختیار کرے گا آخرت میں اُسے ندامت حاصل ہوگی) نیز فرمایا کہ جو کچھ تو ہے وہی ظاہر کر ورنہ تجھے ظاہر کر دیا جائے گا جیسا کہ تو ہے۔ نیز فرمایا کہ جذبۃٌ من جذبات الحق خیرٌ من عبادۃ الثقلین

---

گر مرادِ خویش خواہی نامرادی پیشہ گیر | نامرادِ خویش در نامرادی یافتیم

سرمدؒ فرماتے ہیں ؎: سرمد غم عشق را بہ شادی نہ دہی | دردے اگرت رسد منادی نہ دہی

صد بار اگر شود مرادت حاصل | زنہار زوست نامرادی نہ دہی

جامیؒ فرماتے ہیں ؎: ہوائے نیکواں عیش ست و شادی | مرادِ عشق باراں نامرادی

Marfat.com

(اللہ تعالےٰ کے لیے جذبات میں سے ایک جذبہ بہتر ہے تمام مخلوقات کی عبادت سے)
نیز فرمایا قال علیہ السلام طوبیٰ لمن شغلہ عیبہ عن عیوب النّاس
(پیغمبر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ خوشخبری ہے اس شخص کے لیے جس کو اپنی عیب جوئی نے لوگوں کی عیب جوئی سے باز رکھا۔ یعنی لوگوں کے عیب دیکھنے کی بجائے اپنے عیب دیکھتا ہے) نیز فرمایا ؎ رضینا قسمۃ الجبّار فینا۔ لنا العلم وللجُہّال مالٌ[1] ۔(ہم حق تعالےٰ کی تقدیر پر راضی ہیں جس نے ہمیں علم عطا فرمایا اور جاہلوں کو مال۔
نیز فرمایا: لو اردتم بلوغ درجۃ الکبار فعلیکم بعدم الالتفات الی ابناءِ الملوکِ (اگر تمہیں اکابرین کے درجات حاصل کرنے کی خواہش ہے تو تجھے لازم ہے کہ بادشاہوں کے شہزادوں کی طرف توجہ نہ کرے) رباعی ؎

دوشینہ شبنم دل حزینم بگرفت — و اندیشۂ یار نازنینم بگرفت
گفتم بہ سر دیدہ روم بر در تو — اشکم بدوید و آستینم بگرفت

(گزشتہ رات میرا دل یادِ دوست میں بے قرار تھا اور اس نازنین محبوب کا خیال دل کو ستا رہا تھا میں نے کہا کہ دوست کے دروازہ پر آنکھوں کے بل چل کر جاؤں گا اس خیال سے آنسوؤں کا طوفان اُمڈ آیا اور دامن تر ہو گیا) نیز فرمایا المباحثۃ بین الاثنین خیرٌ من تکرار السنتین (دو آدمیوں کا آپس میں بحث کرنا بہتر ہے دو سالوں کے تکرار سے) بیت ؎

اے مدعی بدعویٰ چندین مکن دلیری — یک حرف راز معنی سہ صد جواب باشد

(اے علم و ہنر کے دعویدار اتنی دلیری نہ کر کیونکہ یہاں ایک ایک حرف کے تین تین سو مطالب ہیں) نیز فرمایا: الآفۃ فی التدبیر والسلام فی التسلیم

---

[1] اس قسم کا عربی مقولہ یہ ہے من کان ہمتہ، ما دخل قیمتہ، ما خرج (یعنی جو شخص ساری ہمت اس بات پر صرف کرے کہ پیٹ کے اندر کیا داخل ہوتا ہے۔ اس کی قیمت وہی کچھ ہے جو اس کے پیٹ سے نکلتا ہے)

(تدبیر میں آفت ہے اور تسلیم یعنی معاملہ خدا کے سپرد کرنے میں عافیت ہے) نیز فرمایا العلماء اشرف الناس۔ والفقراءُ اَشرفُ الاشرافِ (علماء بہترین خلائق اور فقراء بہترین شرفاء ہیں) نیز فرمایا: الفقراءُ بَینَ العلماءِ کالبدرِ بَینَ کَواکِبِ السَّماءِ (فقراء علماء کے درمیان اس طرح ہیں جس طرح ستاروں کے درمیان چودھویں کا چاند) نیز فرمایا: اَرزَلُ النّاسِ مَنِ اشتَغَلَ بِالاکلِ واللباسِ (بدترین شخص وہ ہے جو کھانے اور پہننے میں مشغول ہو یعنی اس کا مشغلہ فقط یہی ہو)

## شیخ الاسلام گنجشکرؒ کے پانچ سو کلمات میں سے چند کلمات:

سیرالاولیاء میں لکھا ہے کہ ایک بزرگ نے حضرت شیخ الشیوخ العالم گنجشکرؒ کے ملفوظات میں سے پانچ سو کلمات جمع کیے ہیں جن میں سے چند کلمات یہاں درج کیے جاتے ہیں۔

**تعلق باللہ:** فرمایا باخدائے تعالیٰ باید ساخت کہ ہمہ بستانند۔ او بدہد چوں او ندہد کس نستاند (خدا تعالیٰ سے تعلق مضبوط کرو۔ کیونکہ خلقت لینے والی ہے اور وہ دینے والا ہے اور جب وہ نہیں دیتا تو کسی کو کچھ نہیں مل سکتا۔

**خود فروشی اور بے نفسی:** فرمایا گریختن از خود رسیدن بحق شمر (اپنے آپ سے بھاگ جانا اور اپنی مرادیں ترک کرنا حق تعالیٰ سے جا ملنا ہے)

**نامرادی:** فرمایا کہ تن کو مراد مت دے کیونکہ وہ بہت چاہتا ہے۔

**نادان سے پرہیز:** فرمایا کہ نادان کو زندہ مت سمجھ اور نادانِ دانا نما سے پرہیز کر۔

**راستیٔ دروغ نما سے پرہیز:** فرمایا وہ سچائی جو جھوٹ نظر آئے اس سے پرہیز کر۔ نیز فرمایا کہ وہ چیز مت بیچ جسے کوئی نہ خریدے۔

Marfat.com

**جاہ و مال :** فرمایا جاہ و مال کی خاطر جھگڑا نہ کر۔

**سخاوت :** فرمایا ہر شخص کا کھانا مت کھا بلکہ ہر شخص کو کھانا دے۔

**موت کی یاد :** فرمایا موت کو کسی جگہ نہ بھول اور قیاس سے بات نہ کر (یقینی بات کر)

**بلا سے نجات :** فرمایا بلا ہوا کا نتیجہ ہے یعنی نفسانی خواہشات کی وجہ سے آدمی بلا میں مبتلا ہوتا ہے۔

**گناہ پر فخر :** فرمایا گناہ پر فخر مت کر۔

**شیطان سے پرہیز :** فرمایا دل کو شیطان کا کھلونا نہ بنا۔

**ظاہر اور باطن :** فرمایا اپنے باطن کو ظاہر سے بہتر بنا اور آرائش کی کوشش نہ کر۔

**طلب جاہ :** فرمایا اپنے آپ کو طلب جاہ کے لیے بے قدر مت کر۔

**غریب سے قرض :** فرمایا عاجز اور غریب سے قرض مت مانگ اور اپنے خاندان کی حرمت کو قائم رکھ۔

**طلب صادق :** فرمایا ہر روز نئی دولت (باطنی نعمت) کا طلبگار بن۔

**دشنام سے پرہیز :** فرمایا جس قدر ہو سکے عورتوں کو گالی گلوچ سے باز رکھ۔

Marfat.com

**احسان جتانا:** فرمایا ہر شخص کا احسان مان اور کسی کو احسان نہ جتا۔

**نیکی کرنا:** فرمایا جو شخص تیرے ساتھ نیکی کرے اس کو اپنے خویش و اقارب میں شمار کر۔

**ترک بدی:** فرمایا جس چیز کے بُرا ہونے کی دل گواہی دے اس کو ترک کر دے۔

**بندگی:** فرمایا وہ غلام جو بکنا چاہے اسے مت خرید۔

**نیکی کے لیے بہانہ جوئی:** فرمایا نیکی کے لیے ہمیشہ بہانہ تلاش کرتا رہ۔

**نفس کے ساتھ جنگ:** فرمایا نفس کے ساتھ جنگ کو ختم نہ کر اور اس کے ساتھ صلح کرنا چھوڑ دے۔

**کامرانی ناکامی ہے:** فرمایا سبکساری و درستی کو ضعیفی سمجھ یعنی کامرانی کو کمزوری جان۔

**دشمن سے ڈر:** فرمایا کسی دشمن سے بے خطر نہ رہ خواہ وہ تجھ سے کتنا خوش ہو۔ اور جو شخص تجھ سے ڈرتا ہے اس سے ڈر۔

**طاقت پر تکیہ:** فرمایا اپنی توانائی پر تکیہ نہ کر۔

**شہوت سے احتیاط:** فرمایا شہوت کے وقت دوسرے وقتوں سے اپنی حفاظت زیادہ کر۔

**دین کی حفاظت:** فرمایا جب اہل دولت کے پاس بیٹھے تو دین کو مت بھول

**عدل و انصاف:** فرمایا عزت و حشمت عدل و انصاف میں سمجھو۔

Marfat.com

**وقتِ دولت:** فرمایا دولت کے وقت ہمت کو بلند رکھ اور دین کو کسی قیمت پر نہ دے اور وقت کا بھی کوئی بدل قبول نہ کر یعنی وقت کو صحیح کاموں میں خرچ کرے۔

**تکلّف سے پرہیز:** فرمایا مہمانوں کے ساتھ تکلف روا مت رکھ۔

**توشۂ دانش:** فرمایا توشہ از دانش و تجرید ساز یعنی دانش اور دنیا سے قطع تعلق کو اپنا توشہ یا زادِ راہ بنا۔

**صبر:** فرمایا جب حق تعالےٰ کی طرف سے زحمت پہنچے تو اس سے گریز مت کر یعنی صبر سے قبول کر۔

**درویش اور تونگری:** فرمایا جو درویش تونگری کی امیدیں ہو اُسے حریص سمجھ۔

**حفاظتِ ملک:** فرمایا ملک کو خدا ترس وزیر کی حفاظت میں دو۔

**دشمن سے برتاؤ:** فرمایا دشمن کو نیک مشورہ دے کر رام کرو۔

**دوست سے برتاؤ:** فرمایا دوست کو تواضع سے بندہ بناؤ۔

**بلائے ناگہاں:** فرمایا جہاں پرستی بلائے ناگہاں ہے۔

**اپنی عیب جوئی:** فرمایا اپنے عیب کی تلاش میں رہ۔

**تونگری:** فرمایا تونگری کو خورسندی کے جال میں پھنسا تاکہ قائم رہے۔

**ضبط:** فرمایا دشمن کی تلخ بات سے جوش میں نہ آ۔ بلکہ ضبط سے کام لے۔

**لجاجت:** فرمایا اگر تو چاہتا ہے کہ رسوا نہ ہو تو لجاجت سے پرہیز کر۔

**تکبّر:** فرمایا اگر تو چاہتا ہے کہ ساری دنیا تیرے خلاف ہو جائے تو تکبّر کر۔

**اخفا:** فرمایا اپنے نیک و بد کو صیغہ راز میں رکھو۔

**دین:** فرمایا دین کی علم سے نگہداشت کر۔

**بلندی:** فرمایا اگر تو بلندی کا طالب ہے تو شکستگان کے پاس بیٹھ۔

**حسد:** فرمایا آسودگی چاہتے ہو تو حسد سے پرہیز کرو۔

**آزار کا بدلہ:** فرمایا آزار کا بدلہ ہدیہ ہیں دے یعنی کوئی تکلیف پہنچائے تو اس کو ہدیہ دے۔

**بعد مرگ زندہ ہونا:** فرمایا وہ کام کر جس سے مرنے کے بعد تو زندہ ہو جائے۔

**سخاوت:** سلطان المشائخ فرماتے ہیں کہ ایک دن ایک شخص نے حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ کی خدمت میں عرض کیا کہ میں نے چند دانے چڑیوں کے آگے پھینکے، دوسرے دن کسی نے مجھے ایک من گندم اور ایک روپیہ آکر دیا۔ یہ سن کر آپ نے فرمایا ؎

خورش دہ بہ گنجشک و کبک و ہمام ۔۔۔ کہ ناگہ ہمائے در افتد بہ دام

(چڑیوں اور کبک وغیرہ کو دانے دیا کرو کہ ایک دن ہما تمہارے جال میں آجائے گا)

Marfat.com

**تبحرِ علمی:** حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ کے تبحرِ علمی کا یہ عالم تھا کہ ایک دفعہ مولانا بدرالدین اسحاق جو دہلی کے بہت بڑے عالم و فاضل تھے اور معقول و منقول پر عبور رکھتے تھے کے دل میں ایک اشکال پیدا ہوا لیکن اس کا حل دہلی جیسے قبۃ الاسلام میں کوئی نہ بتا سکا۔ آخر اس مسئلہ کو حل کرانے کی خاطر انہوں نے بخارا جانے کا قصد کیا اور اپنے چند ہمراہیوں سمیت سفر پر روانہ ہو گئے۔ جب راستے میں اجودھن کے مقام پر رات کو قیام کیا تو ان کے دوست حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ کی زیارت کی خاطر جانے لگے اور مولانا بدرالدین اسحاق سے بھی کہا آپ ہمارے ساتھ چلیں۔ انہوں نے جواب دیا کہ تم لوگ جا سکتے ہو میں اپنا وقت ضائع نہیں کرنا چاہتا۔ میں نے ایسے لوگ بہت دیکھے ہیں لیکن جب دوستوں نے بہت مجبور کیا تو وہ ان کے ساتھ چلے گئے۔ جب حضرت شیخ کی خدمت میں جا کر بیٹھے تو آپ نے مولانا بدرالدین اسحاق کی طرف متوجہ ہو کر باتیں شروع کیں اور باتوں باتوں میں ان تمام مسائل کے حل بتا دیئے جن کے لیے وہ بخارا جا رہے تھے۔ یہ دیکھ کر وہ سخت حیران ہوتے اور سفر ترک کر کے آپ سے بیعت ہو گئے اور تکمیل و ارشاد کے مرتبہ پر پہنچ کر حضرت اقدس سے خلافت پائی اور داماد ہونے کا شرف بھی حاصل کیا۔

**سلاطینِ جہاں سے استغنیٰ:** ایک دفعہ سلطان ناصر الدین اپنے وزیر الغ خان جو بعد میں سلطان غیاث الدین بلبن کے نام سے مشہور ہوا، کے ساتھ لاؤ لشکر سمیت اوچ اور ملتان کی طرف جا رہا تھا۔ جب اجودھن کے قریب پہنچے تو بادشاہ نے اپنے وزیر الغ کو نقدی اور چار مواضعات کا پٹہ دے کر حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ کی خدمت میں روانہ کیا۔ جب حضرتِ اقدس کی خدمت میں پہنچا تو دونوں چیزیں سامنے رکھ دیں۔ آپ نے دریافت فرمایا کہ یہ کیا ہے۔ وزیر نے جواب دیا کہ یہ نقدی ہے اور یہ چار دیہات کا پٹہ ہے۔ حضرتِ اقدس نے تبسم کر کے فرمایا کہ نقد مجھے دے دو میں درویشوں میں تقسیم کر دوں گا اور زمین کا پٹہ لے جاؤ کیونکہ اس کے طالب بہت ہیں۔ اس کے بعد آپ نے نقدی درویشوں میں تقسیم کر دی اور خود کچھ نہ لیا اگرچہ گھر میں فاقہ تھا اور پیلوں اور ڈیلے جیسے ادنیٰ جنگلی پھلوں پر گزارہ کر رہے تھے۔

Marfat.com

حضرت محبوب الٰہی فرماتے ہیں کہ جس روز ڈیلوں کے ساتھ نمک بھی میسر آجاتا تھا تو ہمارے عید ہوتی تھی۔

**الغ خان کا بخت بیدار ہوا:** جب وزیر الغ خان حضرت اقدس کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس کے دل میں یہ تمنا بھی تھی کہ بادشاہی مل جائے۔ حضرت اقدس نے روشن ضمیری سے اس کے دل کی بات معلوم کر لی اور فرمایا ؂

فریدون فرخ فرشتہ نہ بود ۔۔۔ زعود دز عنبر سرشتہ نبود
زداد و دہش یافت آں نیکوئی ۔۔۔ توں داد دہش کن فریدون توئی

(شہنشاہ فریدوں فرخ نہ کوئی فرشتہ تھا اور نہ عود اور عنبر میں گوندھا ہوا تھا اس نے عدل وانصاف کی وجہ سے سلطنت حاصل کی تو بھی عدل وانصاف کر بادشاہ تو ہے)

جونہی الغ خان نے یہ خوشخبری سنی قدموں پر گر گیا اور خوش وخرم ہو کر چلا گیا۔

سیر الاولیاء میں اس واقعہ کے ساتھ یہ بھی لکھا ہے کہ جب بادشاہ کا لشکر اجودھن پہنچا اور حضرت شیخ کی زیارت کا قصد کیا تو چونکہ لاکھوں کا مجمع تھا آپ نے اپنا پیراہن دے کر فرمایا کہ اس کو سڑک پر ٹکا دو لشکری اس کو ہاتھ لگا کر چلے جائیں نیز آپ نے اپنے مریدین سے فرمایا کہ میرے گرد حلقہ ڈال کر بیٹھ جاؤ اور لوگوں سے کہو کہ دور سے دیکھتے ہوئے گزر جائیں۔ چنانچہ لشکریوں نے جب تبرکاً آپ کے پیراہن کو چھونا شروع کیا تو آخر پیراہن پارہ پارہ ہو گیا۔ سب سے لوگ دور سے گزر رہے تھے اور زیارت کرتے ہوتے جا رہے تھے لیکن ایک بوڑھا آدمی حلقے کے اندر گھس آیا اور حضرت اقدس کے پاؤں پر گر گیا۔ اور پاؤں مبارک پر بوسہ دے کر کہنے لگا کہ شیخ فرید آپ بہت تنگ ہو رہے ہیں بلکہ آپ کو حق تعالےٰ کی نعمت کا شکریہ ادا کرنا چاہیے آپ نے جب یہ بات سنی تو نعرہ مارا اور آدمی سے محبت سے پیش آئے اور معذرت چاہی۔

**عصا پر تکیہ کرنا بھی ناگوار گزرا:** حضرت سلطان المشائخ سیر الاولیاء میں فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ حضرت شیخ کی طبیعت علیل تھی

Marfat.com

کمزوری کی وجہ سے آپ نے عصا ہاتھ میں لیا اور کہیں جانے لگے۔ تھوڑی دیر کے بعد آپ نے عصا پھینک دیا اور پریشانی کے آثار چہرہ مبارک پر ظاہر ہوئے۔ جب آپ سے وجہ دریافت کی گئی تو فرمایا کہ حق تعالےٰ کی طرف سے مجھ پر عتاب ہوا ہے کہ میرے غیر پر تکیہ کرتے ہو۔

**الصلوٰۃ معراج المومنین:** سلطان المشائخ فرماتے ہیں کہ حضرت اقدس کا ایک مرید تھا جس کا نام محمدؐ تھا۔ وہ مرید حضرت شیخ الاسلام کے بعض اسرار و رموز سے آگاہ تھا۔ ایک دن جمعہ کی نماز میں وہ حضرت شیخ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا کہ بے ہوش ہو کر گر پڑا۔ بعد میں حضرت اقدس نے اس سے دریافت کیا کہ بے ہوشی کی کیا وجہ تھی۔ وہ تو کچھ نہ بتا سکا لیکن حضرت گنجشکرؒ نے خود فرمایا کہ اس وقت مجھے نماز میں معراج حاصل تھا اور اس نعمت سے تجھے بھی حصہ مل گیا۔[1]

**لوح محفوظ پر نظر:** سیر الاولیاء کے مؤلف کہتے ہیں کہ میں نے اپنے چچا سید حسینؒ سے سنا ہے کہ ایک دفعہ حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ حضرت بہاؤالدین زکریا قدس سرہٗ کو خط لکھنا چاہتے تھے۔ آپ نے کاغذ اور قلم ہاتھ میں لیا اور سوچنے لگے کہ نام کے ساتھ القاب کیا لکھوں۔ دل میں خیال آیا کہ جو القاب لوح محفوظ پر لکھے ہیں وہی لکھوں پس آپ نے سر اٹھا کر دیکھا تو لوح محفوظ پر یہ الفاظ لکھے تھے "شیخ الاسلام بہاؤالدین زکریا" اس کے بعد آپ نے خط میں وہی الفاظ لکھے۔

**حضرت شیخ بدرالدین غزنویؒ کو خواجہ گنجشکرؒ کی نصیحت:** ایک دفعہ حضرت شیخ بدرالدین غزنویؒ جو حضرت خواجہ قطب الدین بختیار اوشی قدس سرہٗ کے خلیفہ تھے کے لیے ایک سرکاری افسر

---

[1] اس سے ظاہر ہے کہ اولیاء اللہ کی صحبت میں بیٹھنا باعث برکت ہے کیونکہ جب ان پر انوار نازل ہوتے ہیں تو پاس بیٹھنے والوں پر بھی چھینٹے پڑتے ہیں۔ اسی طرح اولیاء اللہ کی مزارات پر بھی رات دن رحمت حق برستی ہے اور مزارات پر جانے والے اور پاس بیٹھنے والے ان انوار و برکات سے متمتع ہوتے ہیں۔

Marfat.com

نے ایک خانقاہ تیار کرائی جہاں درویشوں کے لیے ہر قسم کا سامان و آرام مہیا تھا لیکن بعد میں حکومت نے اس افسر سے حساب طلب کیا تو اس کو پریشانی لاحق ہوئی جس سے حضرت شیخ بدرالدینؒ بھی پریشان ہوئے اور حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ قدس سرہ کی خدمت میں خط لکھا کہ یہ حال ہے آپ دعا کیجئے مشکل آسان ہو جائے۔

حضرت خواجہ گنجشکرؒ نے جواب میں لکھا کہ آپ کا خط ملا حالات معلوم ہوئے۔ جو شخص اپنے مشائخ کی روش پر نہیں چلتا اُسے ضرور پریشانی ہوتی ہے۔ ہمارے مشائخ عظام میں سے کون ایسا بزرگ تھا جس نے خانقاہ تیار کرائی ہو اور اس میں سے جلوس فرمایا ہو۔۔۔ ہمارے مشائخ کی تو یہ عادت تھی کہ جس جگہ جاتے تھے گمنامی اور بے نشانی اور کسمپرسی میں زندگی بسر کرتے تھے جو شخص مشائخ کی سنت پر نہیں چلتا اس کا حال یہی ہوتا ہے۔

**درویشوں کی خدمت:** ایک دن ایک کامل بزرگ حضرت خواجہ گنجشکرؒ قدس سرہ کے ہاں مہمان ہوئے۔ حضرت اقدس فوراً گھر تشریف لے گئے۔ لیکن گھر میں کھانے کی کوئی چیز نہ تھی سوائے تھوڑے سے جوار کے دانوں کے آپ نے ان دانوں کو چکی میں ڈال کر اپنے ہاتھ سے آٹا بنایا اور پھر اپنے ہاتھ سے روٹی پکا کر درویش کی خدمت میں پیش کی۔ درویش نے مسکرا کر کہا کہ بابا فرید آپ کے گھر میں کچھ نہیں تھا۔ میں دیکھ رہا تھا کہ آپ نے خود آٹا بنایا اور روٹی پکائی۔ اب آپ کیا طلب کرتے ہیں۔ آپ نے کہا کہ میں درویشوں کا خادم ہوں اور میری آرزو وہی ہے جو درویشوں کی ہوتی ہے۔ اس کے بعد اس درویش نے آپ کے لیے دعا کی جس سے آپ کو مزید نعمت ملی۔

**آدابِ مریدی:** فوائد الفوائد میں لکھا ہے کہ حضرت سلطان المشائخ فرماتے ہیں کہ ایک دن حضرت شیخ شیوخ العالم گنجشکرؒ نے فرمایا کہ میں نے ساری عمر میں ایک مرتبہ اپنے شیخ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار قدس سرہ کی خدمت میں جرأت کی۔ وہ یہ تھی کہ میں نے حضرت اقدس سے چلّہ کی اجازت مانگی تو آپ نے فرمایا کہ اس کی ضرورت نہیں ہے۔ اس سے شہرت ہوتی ہے اور ہمارے بزرگوں کا

Marfat.com

یہ طریقہ نہیں ہے۔ میں نے جواب دیا کہ میری نیت شہرت کی بالکل نہیں ہے۔ میں شہرت کے لیے چلّہ نہیں کرتا۔ یہ سن کر حضرت قطب العالم خاموش ہو گئے اس کے بعد مجھے ندامت ہوئی کہ یہ جواب کیوں دیا اور میں ساری عمر پچھتاتا رہا اور بہت استغفار پڑھا۔

**حضرت سلطان المشائخ کی لغزش:** اس کے بعد حضرت سلطان المشائخ نے اپنی ایک لغزش کا ذکر فرمایا۔ آپ فرماتے ہیں کہ ہمارے حضرت کے پاس ایک عوارف المعارف کا نسخہ تھا۔ جس سے آپ روزانہ فوائد بیان فرماتے تھے وہ نسخہ اس قدر کہنہ ہو گیا تھا کہ آپ کو پڑھتے وقت تکلیف ہوتی تھی۔ میں نے آپ کی تکلیف دیکھ کر عرض کیا کہ حضرت شیخ نجیب الدین متوکل کے پاس ایک نسخہ ہے جو بہت صحیح ہے۔ لیکن حضرت اقدس کو میری یہ بات ناگوار گزری۔ اور فرمایا کہ درویش کو اتنی قوت بھی نہیں کہ بوسیدہ نسخہ کی صحت کر سکے۔ یہ کلمات آپ نے تین بار دہرائے لیکن مجھے یہ خیال نہ آیا کہ ناراضگی سے فرما رہے ہیں۔ آخر مولانا بدر الدین اسحاق نے کہا کہ حضرت شیخ تمہیں کہہ رہے ہیں۔ میں فوراً اٹھا اور سر ننگا کر کے آپ کے قدموں میں جا پڑا۔ اور عرض کی کہ نعوذ باللہ میرا مقصود یہ نہ تھا۔ میں نے ایک نسخہ دیکھا تھا فقط اس کا ذکر مقصود تھا اور میرے دل میں کسی قسم کی کوئی بات نہ تھی لیکن حضرت شیخ کی ناراضگی میں کوئی فرق نہ آیا۔ جب میں وہاں سے اٹھا تو مجھ پر ایسا غم طاری تھا کہ بیان سے باہر ہے۔ حیران تھا کہ کیا کروں۔ باہر آیا اور ایک کنوئیں پر پہنچا کہ اس میں کود کر ڈوب مروں۔ لیکن پھر سوچا کہ بدنامی ہو گی۔ غرضیکہ حیرت اور پشیمانی میں پھرتا رہا۔ آخر حضرت اقدس کے فرزند شیخ شہاب الدین جو میرے دوست تھے، کو اس بات کا علم ہوا انہوں نے جا کر حضرت اقدس کے سامنے میرا حال بیان کیا۔ حضرت شیخ نے کمال مہربانی سے مجھے اپنے پاس بلایا اور شفقت فرمائی اور فرمایا کہ میں نے تیرے تکمیلِ حال کے لیے یہ امر کیا تھا کیونکہ پیر مرید کا مشاطہ (سنوارنے والا) ہوتا ہے پھر آپ نے مجھے خلعت عنایت فرمائی اور لباس خاص سے مجھے مشرف فرمایا۔

الحمد للہ رب العلمین

Marfat.com

## ایک مُرید یوسف کی شکایت :

حضرت سلطان المشائخ نے فوائد الفواد میں فرمایا ہے کہ ایک دفعہ حضرت خواجہ گنجشکرؒ کے ایک مرید یوسف نامی نے حضرت اقدس کی خدمت میں شکایت کی کہ مجھے آپ کی خدمت میں اتنے برس گزر گئے ہیں۔ ہر ایک شخص آیا بخشش پائی اور چلا گیا۔ سب سے پہلے میں مستحق تھا کہ بخشش پاتا۔ اسی طرح باتیں کرتا رہا۔ شیخ الاسلام نے فرمایا کہ میری طرف سے تو کوئی تقصیر ہے نہیں۔ تیری طرف سے استعداد اور قابلیت ہونی چاہیے۔ میں تو اپنی طرف سے بہتیرا چاہتا ہوں اگر خدا تعالٰے نہ دے تو کیا کیا جائے۔ حضرت شیخ یہ بات کہہ رہے تھے کہ ایک چھوٹا بچہّ سامنے آیا۔ وہاں ایک اینٹوں کا چکہّ پڑا تھا۔ حضرت اقدس نے بچے سے کہا کہ ایک اینٹ لا۔ وہ لڑکا گیا اور ایک سالم اینٹ لاکر آپ کے سامنے رکھ دی پھر فرمایا کہ فلاں کے لیے ایک اینٹ لا۔ وہ ایک اینٹ لے آیا۔ حضرت اقدس نے جس کی طرف اشارہ کیا۔ اس نے اُسے دے دی۔ پھر فرمایا کہ میرے یوسف کے لیے ایک اینٹ لا۔ وہ لڑکا گیا اور ایک ٹوٹی ہوئی اینٹ لے آیا اور یوسف کے آگے رکھ دی۔ حضرت اقدس نے فرمایا اب دیکھو میں نے تو اُسے نہیں کہا تھا کہ ٹوٹی ہوئی اینٹ لا۔ اب میں کیا کروں۔ جو تمہاری قسمت میں ہے۔ اتنا ہی ہوگا۔

## حضرت گنجشکرؒ کے بھائی شیخ نجیب الدین متوکل کی ظرافت :

حضرت سلطان المشائخ فوائد الفواد میں فرماتے ہیں کہ حضرت خواجہ گنجشکرؒ کے بھائی شیخ نجیب الدین متوکل تحصیل علم کے لیے مدرسہ میں گئے تو استاد نے پوچھا کہ کیا آپ نجیب الدین متوکل ہیں۔ آپ نے جواب دیا کہ متوکل تو نہیں بلکہ متاکل یعنی کھانے والا ہوں۔ پھر استاد نے پوچھا کہ کیا آپ شیخ فرید الدین گنجشکرؒ کے بھائی ہیں۔ فرمایا: بظاہر تو بھائی ہوں۔ باطنی طور پر مجھے معلوم نہیں (یعنی مراتب کا مجھے علم نہیں)

## حضرتِ اقدس کا حوصلہ اور انکسار :

حضرت سلطان المشائخ نے فوائد الفواد میں فرمایا ہے کہ ایک دفعہ حضرت شیخ الشیوخ العالم

Marfat.com

گنجشکر قدس سرہ کی خدمت میں، ایک بے باک آدمی آیا اور کہنے لگا کہ آپ نے اپنے آپ کو بُت بنا رکھا ہے۔ شیخ نے فرمایا میں نے نہیں بنایا خدا نے بنا رکھا ہے۔ پھر اس نے کہا تو نے خود بنایا ہے۔ شیخ نے فرمایا نہیں جو کچھ بنایا ہے خدا نے ہی بنایا ہے۔ اس نے جب یہ بات سنی تو شرمندہ ہو کر چلا گیا۔

## حضرت سلطان المشائخ پر نظرِ عنایت:

حضرت سلطان المشائخ فرماتے ہیں۔ ایک دفعہ حضرت شیخؒ نے فرمایا کہ میں نے حق تعالیٰ سے یہ دعا کی ہے کہ جو تو خدا سے چاہے گا وہی پائے گا۔ پھر آپ نے اپنا عصا مجھے عطا فرمایا۔ کسی نے عرض کیا کہ کیا شیخ کے انتقال کے وقت آپ موجود تھے۔ یہ سُن کر آپ آنکھوں میں آنسو بھر لائے اور فرمایا نہیں مجھے ماہ شوال میں دہلی بھیج دیا تھا۔ ان کا انتقال شب پنجم محرم کو ہوا۔ رحلت کے وقت مجھے یاد فرمایا اور فرمایا کہ فلاں دہلی میں ہے اور یہ بھی فرمایا کہ میں بھی خواجہ قطب الدین قدس سرہ کی رحلت کے وقت موجود نہ تھا ہانسی میں تھا۔ حضرت خواجہؒ یہ حکایت فرماتے جاتے تھے اور روتے جاتے تھے۔ چنانچہ سب حاضرین پر اس کا اثر ہوا۔

## ماہِ رمضان میں خربوزہ کھانے کی خواہش:

اس کے بعد حضرت سلطان المشائخ نے فرمایا کہ جب حضرت شیخ کی بیماری بڑھ گئی اور ماہ رمضان آیا تو آپ روزہ نہیں رکھتے تھے ایک دن خربوزہ لایا گیا اور تراشا گیا۔ میں شیخ کے سامنے رکھتا تھا اور آپ تناول فرماتے تھے۔ اس اثنا میں شیخ نے ایک پھانک مجھے عنایت فرمائی۔ میں نے جی میں کہا کہ اس روزہ کے کفارہ میں دو ماہ متصل روزے رکھ لوں گا اور یہ پھانک کھائے لیتا ہوں یہ دولت جو حضرت شیخ کے ہاتھ سے مجھے پہنچی ہے کہاں نصیب ہوگی۔ قریب تھا کہ میں اُسے کھاؤں کہ حضرت نے منع کر دیا اور فرمایا کہ مجھے تو بیماری کے سبب شریعت سے رخصت ہے تمہیں اجازت نہیں ہے۔ تم نہ کھاؤ۔ پھر لوگوں نے حضرت کی عمر پوچھی تو سلطان المشائخ نے فرمایا کہ ترانوے سال تھی۔ اس دن اس بیان سے ایسی کیفیت پیدا ہوئی کہ بیان نہیں کی جاسکتی۔ جب رات ہوئی تو عشاء

Marfat.com

کی نماز کے بعد حضرت نے اپنا خاص مصلی بندہ کو عنایت فرمایا:

الحمد للہ رب العالمین

**تنگیٔ معیشت کا وظیفہ:** فوائد الفواد میں حضرت سلطان المشائخ نے فرمایا ہے کہ تنگیٔ معیشت کے لیے ہر رات سورۃ جمعہ پڑھنا چاہیے۔ پھر فرمایا کہ شیخ الاسلام فریدالدین قدس سرہٗ ہر جمعہ کی رات کو پڑھنے کے لیے فرماتے تھے اور میں ہر رات پڑھنے کے لیے کہتا ہوں۔ مگر اپنے لیے کبھی نہیں پڑھتا۔ کیونکہ جس کی ضرورت ہوتی ہے، وہ موجود ہوتی ہے۔

**حضرت شیخ کے بال کی برکت:** حضرت سلطان المشائخ فوائد الفواد میں فرماتے ہیں کہ ایک دن میں حضرت شیخ الاسلام فریدالدین قدس سرہٗ کی خدمت میں بیٹھا تھا کہ ایک بال آپ کی ڈاڑھی مبارک سے گر کر گود میں آ گیا۔ میں نے عرض کیا کہ حضور اگر بخشش کریں تو میں اسے بجائے تعویز اپنے پاس رکھ لوں۔ آپ نے فرمایا اچھا۔ میں نے اسے باعزاز تمام لیا اور کپڑے میں لپیٹ کر اپنے ساتھ لے آیا۔ حضرت سلطان المشائخ یہ واقعہ بیان کر کے آبدیدہ ہو گئے اور فرمایا کہ میں نے اس کے بڑے بڑے اثر دیکھے ہیں جو بیمار میرے پاس تعویز کے لیے آتا میں اس کو وہی دیتا جب وہ اچھا ہو جاتا تو مجھے واپس کر دیتا۔

**سیم و زر کی طلب اور پھر ترک:** حضرت سلطان المشائخ نے فوائد الفواد میں فرمایا ہے کہ سیم و زر کے جمع کرنے سے مقصد یہ ہے کہ اس سے اوروں کو نفع پہنچے۔ میرا دل اول ہی سے کسی چیز کے جمع کرنے پر نہ تھا اور نہ کبھی دنیا کی طلب میں رہا لیکن جب میں شیخ الاسلام سے جا ملا تو ایسے سے پیوند ہوا کہ ان کی نظر میں دونوں جہاں بھی نظر نہیں آتے تھے یکبارگی سب کو ترک کیے ہوتے تھے۔

**شیخ الاسلام کا توکل:** شیخ المشائخ نے فوائد الفواد میں فرمایا ہے کہ شیخ الاسلام فریدالدین قدس سرہٗ کا کام ہی کچھ اور طرح کا تھا۔ انہوں نے ترکِ خلق کیا اور دشت و بیابان اختیار کیا اور اجودھن میں نانِ درویشانہ پر

Marfat.com

قناعت کی اور جو چیزیں جنگل کی پیداوار تھیں، مثلاً پیلو اور کریر کے ڈیلے ان پر قانع رہے خلائق کی آمد و رفت کی کوئی حد نہ تھی آدھی رات تک یا کچھ کم وبیش بیٹھتے اور دروازہ کھلا رکھتے۔ اور روپیہ پیسہ، کھانا، نعمتیں جو باری تعالےٰ کے کرم سے آتیں سب آنے جانے والوں کو دیتے۔ کوئی ایسا نہیں آیا کہ جسے کچھ نہ ملا ہو۔ عجب قوت اور عجب زندگانی تھی کہ کسی بنی آدم کو یہ بات میسّر نہیں۔ ایک نیا آنے والا ہو دوسرا برسوں کا۔ دونوں آپ کے نزدیک برابر تھے۔ مہربانی اور توجہ میں برابر ہوتے۔ مَیں نے مولانا بدرالدین اسحاق سے سنا وہ کہتے تھے کہ میں خادم محرم راز تھا۔ جو کچھ ہوتا آپ مجھ سے فرما دیتے اور جس کام کے لیے مجھ سے فرماتے وہ خلا ملا میں یکساں ہوتا۔ کوئی بات تنہائی میں ایسی نہیں کہی کہ جو برملا بعینہٖ آپ نے نہ فرمائی ہو یعنی ظاہر اور باطن آپ کا ایک روش پر تھا اور یہی بات عجائب روزگار ہے۔

**درس عوارف المعارف:** پھر شیخ شہاب الدین سہروردی کی کتاب عوارف کا ذکر ہونے لگا۔ حضرت سلطان المشائخ نے فرمایا کہ میں نے اس کتاب کے پانچ باب شیخ کبیر فریدالدین گنجشکرؒ سے پڑھے ہیں۔ آپ کا بیان کیا تھا۔ وہ بیان پھر کسی سے نہیں سنا گیا۔ بارہا لوگوں کو ایسا ذوق پیدا ہوا ہے کہ ہم لوگ اس وقت مرجائیں تو اچھا ہو۔ پھر آپ نے فرمایا جب یہ کتاب شیخ کی خدمت میں لائی گئی تو آپ کے گھر لڑکا پیدا ہوا تو اس کا نام آپ نے شہاب الدین رکھا۔ (مصنف کتاب کے نام پر)

**قبر سے بیعت:** سلطان المشائخ نے فرمایا ہے کہ ایک دفعہ حضرت شیخ الاسلام فریدالدینؒ کے صاحبزادے نے شیخ الاسلام قطب الدین کے مزار پر سر منڈایا (یعنی بیعت کی نیت سے) لیکن شیخ الاسلام گنجشکرؒ نے فرمایا کہ حضرت قطب الاقطاب ہمارے خواجہ اور مخدوم ہیں مگر یہ بیعت درست نہیں ہے۔ بیعت وہی ہے کہ شیخ کا ہاتھ پکڑیں۔

**خواب میں وظیفہ تلقین فرمایا:** حضرت سلطان المشائخ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ خواب میں شیخ الاسلام گنجشکرؒ نے مجھے ایک سو

بار ہر روز یہ دعا پڑھنے کا حکم فرمایا۔ لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیٔ قدیر۔ جب میں بیدار ہوا تو اس دعا کی ملازمت کی دل میں خیال آیا کہ اس کا ضرور کوئی مقصد ہوگا۔ بعد میں کتاب میں پڑھا کہ جو کوئی یہ دعا ایک سو بار روزانہ پڑھے گا تو وہ بے اسباب خوش رہے گا۔ اور خوش جیئے گا۔ اس دُعا کی ایک فضیلت یہ ہے کہ جو شخص روزانہ دس بار پڑھے اسے ایک ہزار غلام آزاد کرنے کا ثواب ملتا ہے۔ اس کے بعد حضرت شیخ نے مجھے خواب میں سورۃ نبا پڑھنے کا حکم دیا۔ جب بیدار ہوا تو حکم کی تعمیل کی۔ میں نے خیال کیا کہ اس کی کوئی بشارت ہوگی۔ چنانچہ تفسیر میں دیکھا کہ جو شخص عصر کے بعد پانچ دفعہ سورۃ نبا پڑھے گا تو وہ اسیر حق ہوگا اور اس کا نام اسیر اللہ رکھا جائے گا یعنی جو کوئی کسی کی محبت میں گرفتار ہوتا ہے تو اُسے کہا کرتے ہیں کہ فلاں کا اسیر ہے پھر آپ نے حاضرین کو مخاطب کرکے فرمایا کہ تم لوگ ہمیشہ اسی پر رہو۔

## مسجد میں سماع اور رقص:

سلطان المشائخ فوائد الفواد میں فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ اجودھن کا قاضی جو شیخ الاسلام گنجشکرؒ سے خصومت رکھتا تھا ملتان گیا اور وہاں کے ائمہ اور صدور سے کہا کہ بھلا یہ کب جائز ہے کہ ایک شخص مسجد میں بیٹھے اور وہاں سماع ہو اور کبھی کبھی رقص بھی ہو۔ انہوں نے کہا کون ہے کہا شیخ فریدالدین انہوں نے کہا ہم تو ان کی بابت کچھ نہیں کر سکتے۔ سلطان المشائخ فرماتے ہیں کہ میں نے جب سے سماع سُنا ہے اور اب تک بحق خرقۂ شیخ سب کو شیخ کے اوصاف اور اخلاق پر عمل کرتا ہوں چنانچہ ایک دفعہ شیخ کی حیات کے دوران ایک شخص شیخ کی جماعت میں یہ شعر کہہ رہا تھا ؎

مخرام بدین صفت مبادا      کز چشم بدت رسد گزندے

مجھے شیخ کے اخلاق پسندیدہ اور اوصاف حمیدہ اور ان کی کمال فضل و بزرگی یاد آئی اور ایسی رقت طاری ہوئی کہ جس کی کوئی حد نہیں قوال نے چاہا کہ اور شعر پڑھے میں نے یہی بیت کہلوایا۔ یہ کہہ کر حضرت سلطان المشائخ رونے لگے۔

Marfat.com

**زکوٰۃ شریعت، طریقت و حقیقت:** حضرت سلطان المشائخ نے فوائد الفواد میں فرمایا ہے کہ شیخ الاسلام فرید الدین گنجشکرؒ فرماتے ہیں کہ زکوٰۃ تین طرح پر ہے زکوٰۃ شریعت، زکوٰۃ طریقت، زکوٰۃ حقیقت زکوٰۃ شریعت یہ ہے کہ دو سو روپے میں سے پانچ روپے دے۔ زکوٰۃ طریقت یہ ہے کہ دو سو روپے میں سے پانچ روپے رکھے باقی دیدے۔ زکوٰۃ حقیقت یہ ہے کہ سب کچھ دے ڈالے

**حضرت شیخ بہاؤالدین زکریا ملتانی کا ایک اور مرتبہ سماع سننا:** سلطان المشائخ رحمتہ اللہ فوائد الفواد میں فرماتے ہیں کہ حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ نے فرمایا کہ میں بارہ سال کا تھا اور ایک نعت کی کتاب پڑھتا تھا۔ ان دنوں میں ایک شخص ابوبکر قوال نامی ایک شخص میرے استاد کی خدمت میں آیا اور وہ غالباً ملتان کی طرف آیا تھا اس نے اپنے سفر کی حکایت بیان کرتے ہوئے کہا کہ میں نے شیخ بہاؤالدین زکریا کی خدمت میں سماع کیا ہے اور میں یہ قول ان کے سامنے کہتا تھا۔

کل صبح و کل اشراقی ۔۔۔ بجبلۂ عینی یدمع مشتاق

قد لسعت حیۃ الھوی کبدی ۔۔۔ فلا طبیب لھا ولا راق

الا الحبیب الذی قد شغفت ۔۔۔ فخندہ رقیتی وتریاق

از مار غمش گزندہ دارم جگرے ۔۔۔ کو رانکند ہیچ فسوں گر اثرے

خبر دوست کہ من شیفتۂ غم ویم ۔۔۔ افسون علاج من چہ داند دگرے

(دوست کے غم کے سانپ نے میرے جگر کو کاٹ لیا ہے جس کو کوئی منتر نہیں چلتا جس دوست پر میں شیفتہ ہوں اس کے سوا میرا علاج کون جانتا ہے)

**ذوقِ سماع:** سلطان المشائخ فرماتے ہیں۔ شیخ الاسلام فرید الدین قدس سرہٗ کو بڑا ذوق سماع تھا۔ ایک دن انہیں سماع کا شوق ہوا۔ قوال کوئی موجود نہ تھا۔ آپ نے مولانا بدرالدین اسحاقؒ سے فرمایا کہ وہ جو قاضی حمید الدین محمد عطا ناگوری نے خط لکھا ہے وہی لے آؤ۔ وہ خطوط انہوں نے ایک تھیلے میں ڈال رکھے

Marfat.com

تھے۔ جب تھیلے میں ہاتھ ڈالا تو وہی خط ہاتھ میں آیا۔ وہ پھر شیخ کے سامنے لائے۔ آپ نے فرمایا کھڑے ہو جاؤ اور پڑھو۔ انہوں نے ارشاد کے مطابق پڑھنا شروع کیا۔ اس میں لکھا تھا کہ فقیر حقیر ضعیف نحیف محمد عطا کہ بندۂ درویشاں است و از سر و دیدہ خاکِ قدمِ ایشاں۔ شیخ نے فقط اتنا ہی سنا تھا کہ آپ پر حال طاری ہو گیا اس کے بعد یہ رباعی اس خط سے پڑھی گئی ؎

آں عقل کجا کہ در کمال تو رسد — واں روح کجا کہ در جلال تو رسد
گیرم کہ تو راہ بر گرفتی زجمال — آں دیدہ کجا کہ در جمال تو رسد

## کمال عبدیت:

حضرت سلطان المشائخ فوائد الفواد میں فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ شیخ (شیخ الاسلام گنجشکرؒ) حجرہ میں تھے۔ اور دروازہ بند کر رکھا تھا۔ میں نے جو کواڑ کے درزوں میں سے دیکھا تو آپ ہر بار کھڑے ہوتے تھے اور پھر سجدہ میں گر جاتے تھے اور یہ مصرعہ پڑھتے تھے ؎

از بہرِ تو میرم و زبرائے تو زیم

پھر ان کے وصال کی کیفیت بیان فرمائی کہ ۵ محرم کو آپ کو تکلیف زیادہ ہوئی۔ عشاء کی نماز جماعت سے پڑھی پھر بے ہوش ہو گئے۔ تھوڑی دیر کے بعد ہوش میں آئے تو پوچھا کہ میں نے عشاء کی نماز پڑھ لی ہے۔ لوگوں نے کہا جی ہاں پڑھ لی ہے۔ فرمایا ایک دفعہ اور پڑھ لوں خدا جانے کیا ہو۔ جب دوسری دفعہ پڑھ چکے پھر بے ہوش ہو گئے۔ جب ہوش میں آئے تو پھر پوچھا کہ عشاء کی نماز پڑھ چکا لوگوں نے کہا جی ہاں آپ دو دفعہ پڑھ چکے ہیں۔ فرمایا: ایک بار اور پڑھ لوں خدا جانے کیا ہو۔ تیسری دفعہ آپ نے نماز پڑھی اور جاں بحق ہو گئے۔

## پاؤں چومنے کی برکت:

حضرت سلطان المشائخ فرماتے ہیں کہ شیخ الاسلام گنجشکرؒ قدس سرہ نے فرمایا کہ ایک دفعہ شیخ ابوسعید ابوالخیر گھوڑے پر سوار ہو کر جا رہے تھے کہ اتنے میں ایک مرید آیا۔ اس نے آتے ہی شیخ کے زانو کو بوسہ دیا۔ شیخ نے فرمایا اور نیچے بوسہ دے۔ اس نے پاؤں کو بوسہ دیا۔ شیخ نے

Marfat.com

فرمایا اور نیچے اس نے گھوڑے کے سُم کو بوسہ دیا۔ شیخ نے فرمایا اور نیچے۔ اس نے زمین کو چوما۔ پھر شیخ نے فرمایا کہ میں جو تجھے بوسہ دینے کو کہتا رہا میرا مقصود یہ نہ تھا بلکہ تیری بلندیٔ مراتب مقصود تھی۔ سو تو جس قدر نیچے بوسے دیتا گیا۔ تیرا مرتبہ بڑھتا گیا۔

**نماز کی حالت میں شیخ کو لبیک کہنا:** سلطان المشائخ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ حضرت شیخ الاسلامؒ نے مولانا بدرالدین اسحاق کو آواز دی۔ وہ نماز پڑھ رہے تھے۔ انہوں نے نماز ہی میں جواب دیا۔ لبیک۔ پھر آپ نے یہ حکایت فرمائی کہ ایک دفعہ رسول اکرمؐ کھانا کھا رہے تھے کہ اتنے میں ایک شخص کو آواز دی۔ اس نے آنے میں دیر کی۔ جب وہ آیا تو آپؐ نے دیر کا سبب دریافت کیا۔ اس نے کہا میں نماز پڑھ رہا تھا۔ آپ نے قرآن کی آیت کا حوالہ دے کر) فرمایا: کہ دیکھو جب رسولِ خدا تم کو بلائیں تو فوراً چلے آیا کرو۔ پھر خواجہ نے فرمایا کہ شیخ کا فرمان رسول کا فرمان ہے۔ علیہ الصلوٰۃ والسلام۔

از دل و دیں چہ آورم ہدیہ رونمائے تو
اے کہ بتانِ دلبری ہر دو جہاں فدائے تو

روزے کہ ذرہ ذرہ شود استخوانِ من
باشد ہنوز در دلِ ریشم ہوائے تو

Marfat.com

# کرامات

یاد رہے کہ حضرت شیخ الاسلام گنجشکر قدس سرہٗ سے کرامات کا ظہور زیادہ نہیں ہوا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کرامات کا ظہور نچلے درجے کی چیز ہے۔ یعنی عالم مثال عالم ملکوت اور عالم صفات کی۔ لیکن جو غواصانِ بحرِ حقیقت ان مقامات سے گزر کر بہت ہی اوپر مقام ذات اور لاتعین میں پہنچ جاتے ہیں تو وہ نیچے والے مقامات پر آکر تصرفات دکھانے سے پرہیز کرتے ہیں، نیز جب وہ ہدایت خلق کے لیے مقام دوئی اور کثرت میں آتے ہیں تو بھی عبدیت میں اس قدر ڈوبے ہوئے ہوتے ہیں کہ کشف و کرامات میں بہت کم مشغول ہوتے ہیں اور حق تعالیٰ کی درگاہ میں محض عبد اور بندۂ ناچیز بن کر ہر چیز کے لیے حق تعالےٰ سے دعا کرتے ہیں۔ خدا تعالےٰ کی دی ہوئی طاقت اور اختیارات کو استعمال کرنے سے حتی الوسع اجتناب کرتے ہیں اور راضی بہ رضا رہنے کو زیادہ پسند کرتے ہیں نیز عجز و انکسار اور تسلیم و رضا خود سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا خاصہ ہے اور اس مقام کے حصول کے لیے اکابر اولیاؔ کرام ہر وقت کوشاں رہتے ہیں۔ وہ اپنی خواہش اور ارادے کو حق تعالےٰ کی خواہش اور ارادہ میں گم کر دیتے ہیں اور بندۂ عاجز اور ناچیز بننے میں فخر محسوس کرتے ہیں۔ سید الکونینؐ کا مقولہ کہ اَلْفَقْرُ فَخْرِیْ کا مطلب اسی فقر و درویشی، نیستی و ناداری، عجز و انکسار کو باعثِ افتخار سمجھنا اور اس سے خوش ہوتا ہے اور انسان کی روحانی ترقی میں یہی مقام سب سے اونچا اور سب سے آخری مقام ہے۔ اسی مقام عبدیت میں رہ کر اکابرین ہجر و فراق کے مزے لیتے ہیں۔ اور ؎

من لذّتِ درد تو بہ درماں نفروشم

کے مطابق لذّتِ درد میں مست رہتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ ان کو وصال

Marfat.com

پسند نہیں ہوتا۔ وصال میں بھی ان کو لطف آتا ہے اور ہجر و فراق میں بھی۔ اس طرح سے وہ صفات جمال و جلال دونوں کا مشاہدہ کرتے ہیں اور قرب و بعد کی گھڑیاں بدلتی رہتی ہیں۔ سعدی شیرازی فرماتے ہیں ؎

گہے بر طارم اعلےٰ نشینم
گہے بر پشت پائے خود نہ بینم

نیز عارفین کا قول ہے کہ مُشَاهِدَةُ الْاَبْرَارِ بَیْنَ تَجَلِّیْ وَالْاِسْتِتَارِ۔
خاصانِ خدا کے مشاہدات تجلّی (ظہور) اور استتار (اخفا) کے مابین ہیں۔ یعنی کبھی ظہور ہوتا ہے کبھی اخفا۔

بلکہ ہوتا یہ ہے کہ ان عالی مقام عارفین و واصلین کا جذبۂ عشق و محبّت اور سوز و گداز اس قدر تیز ہوتا ہے کہ قرب و وصال میں ہوتے ہوئے بھی وہ قرب و وصال کے بلند سے بلند تر اور بلند تر سے بلند ترین مراتب پر پہنچنے کی کوشش میں ہمہ تن مشغول رہتے ہیں حضرت مجدّد الف ثانیؒ نے اپنے ایک خط میں شیخ علیہ رحمۃ سے کہا کہ اب میرا یہ حال ہے کہ قرب بھی بُعد بن گیا ہے۔ قرب اس وقت بُعد بنتا ہے۔ جب سالک عشق و محبّت کے بے پناہ جذبات میں محبوبِ حقیقی سے قریب سے قریب تر ہونے کی کوشش کرتا اور چونکہ بقول سعدیؒ

نہ حسنش غایتے دارد نہ سعدی را سخن پایاں

نہ محبوب کے حسن و جمال کی کوئی حد ہے نہ سالک اور عاشق صادق کی طلب اور آتشِ عشق کی کوئی حد ہوتی ہے اس لیے چلّا اٹھتا ہے کہ ؎

ہمہ عمر با تو قدح زدیم و نہ رفت رنج خمار ما
چہ قیامتے کہ نمے رسی ز کنار ما بکنار ما

اوز اسعی حالت کو عارفانِ بلند مقام پسند کرتے ہیں اور رات دن اسی آتشِ سوزاں میں تڑپتے رہتے ہیں۔ اسی مقام کا نام عبدیت، عبودیت بقا باللہ، جمع الجمع، فرق بعد الجمع ہے اور یہی غایت اسلام اور روح ایمان ہے۔

Marfat.com

## مقامِ عبودیّت کی خصوصیات:

اسی مقامِ عبدیت میں عشاق کا امتحان ہوتا ہے۔ ان کی عشق و مستی اور فدایت و جان نثاری کو پرکھا جاتا ہے، اسی مقام پر کبھی ان پر وصل کی بجلیاں گرائی جاتی ہیں تو وہ کبھی ہجر و فراق کے تیروں سے ان کے دل و جگر پارہ پارہ کیا جاتا ہے اور اسی مقام پر محبوبِ حقیقی کے پروانوں کو آتشِ عشق میں جلایا جاتا ہے اور کبھی حسن و جمال کے کرشموں سے زندہ کیا جاتا ہے۔ اسی مقام پر عشاق پر کبھی نوازشات کی بارش ہوتی تو کبھی ناز و انداز کی بجلیاں گرائی جاتی ہیں۔ کبھی تیرِ مژگان اور تیغِ ابرو سے ان کی تواضع کی جاتی ہے، تو کبھی چشمِ نرگس، دہنِ شیریں اور لبِ شیریں کی حلاوت سے انہیں شاداب کیا جاتا ہے۔ کبھی جاہ و جلال کی بجلیاں گرائی جاتی ہیں تو کبھی شربتِ وصل سے سیراب کیا جاتا ہے۔ کبھی ہجر و فراق کی آگ میں جلایا جاتا ہے تو کبھی حسن و جمال کے کرشموں سے سیراب کیا جاتا ہے۔ کبھی زلفِ سیہ کے پھندوں میں گرفتار کیا جاتا ہے تو کبھی رُخِ انور کی ضیا باری سے منور کیا جاتا ہے۔ کبھی قرب سے نوازا جاتا ہے تو کبھی بُعد سے۔۔۔ کبھی قرب کی بے خودی، محویت اور استغراق میں مست و متوالا بنایا جاتا ہے تو کبھی وحشت، خوف اور رعب و جلال کی آگ میں جلا کر راکھ کیا جاتا ہے۔ کبھی بلبل کی طرح روئے گل پر نثار ہونے کی دعوت دی جاتی ہے تو کبھی شمعِ حسن پر پروانہ وار جلایا جاتا ہے۔ غرضیکہ محبوبِ حقیقی کے ناز و انداز، عشوے و غمزے، بدلتے رہتے ہیں، اور یہ کھیل جاری رہتا ہے اور عاشقِ صادق ہر حال میں خوش و خرم اور راضی بہ رضا رہتا ہے اور اس کے منہ سے ہمیشہ یہی نکلتا ہے ؂

زندہ کنی عطائے تو در بکشی فدائے تو
دل شدہ مبتلائے تو ہر چہ کنی رضائے تو

ان کے سوز و گداز، ان کے درد و داغ، ان کے غم و اندوہ، نالہ و فریاد، ہجر و فراق، وصل و انبساط، ان کے ذوق و شوق، ان کے شعر و سخن، ان کے رقص و وجد، ان کے علم و دانش ان کے فضل و کمال، ان کے ریاضیات، مجاہدات، ان کی کاوشوں، ان کی قربانیوں اور جان نثاریوں کا مرجع، ان کا ملجا، ان کا ماوا، ان کی جان، ان کی روح، ان کی شان،

Marfat.com

ان کی آن، ان کی بان، ان کے دین، ان کے ایمان، ان کے دھرم، ان کے بھرم، ان کے زہد، ان کے تقوے، ان کے حج، ان کے صوم، ان کی صلوٰۃ اور زندگی اور موت کا مقصد و مدعا، غرض و غایت، رضائے جاناں کے سوا کچھ نہیں ہوتا اور اس کی خاطر وہ ہر مصیبت اور ہر آفت برداشت کرنے کو تیار رہتے ہیں اور کوہ غم کو دعوت دے کر پاس بلاتے ہیں اور کہتے ہیں ؎

نشود نصیب دشمن کہ شود ہلاک تیغت
سر دوستاں سلامت کہ تو خنجر آزمائی

یہی وجہ ہے کہ ہمارے آقا، ہمارے مولا، ہمارے پیر، ہمارے مرشد، ہمارے دوست ہمارے دلبر، ہمارے محبوب حضرت بابا صاحبؒ ہر وقت سجدے کر کر کے اور کھڑے ہو کر اور دوزانو ہو کر یہی رباعی پڑھتے رہتے تھے ؎

خواہم کہ ہمیشہ در ہوائے تو زیم | خاکے شوم و زیر پائے تو زیم
مقصود من بندہ ز کونین توئی | بہر تو میرم و زبرائے تو زیم

تو ایسے حضرات کس طرح کشف و کرامات کو پسند کر سکتے ہیں۔ وہ تو محبوب کے مشاہدات اور تجلیات میں اس قدر غرق ہوتے ہیں کہ دوست و دشمن ان کے لیے برابر ہوتے ہیں سونا اور مٹی میں فرق نہیں کرتے۔ نعمت اور مصیبت میں ان کے ہاں کوئی فرق نہیں ہوتا۔ وہ سب کچھ دوست سے سمجھتے ہیں اور ان کو یقین ہوتا ہے کہ ؎

ہر چہ از دوست نیکوست

بہرحال جس طرح سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے چند معجزات صادر ہوئے۔ ہمارے آقا و مولا بابا فریدؒ سے بھی بہت تھوڑی کرامات ظاہر ہوئیں۔ جن کا ذکر سطور ذیل میں کیا جاتا ہے

**ایک ظالم حاکم کی اصلاح:** حضرت سلطان المشائخ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ ایک منشی نے حضرت اقدس کی خدمت میں عرض کیا کہ فلاں علاقے کا گورنر بہت ظالم ہے۔ اور مجھے تنگ کرتا ہے، میری سفارش کی جائے۔ حضرتِ اقدس نے اپنے ایک خادم کو گورنر کے پاس بھیجا۔ لیکن اس نے کوئی

توجہ نہ دی۔ وہ منشی پھر حضرت اقدس کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ حضور اب پہلے سے زیادہ تنگ کرنے لگا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ میں نے اس کے پاس آدمی بھیجا، لیکن وہ نہیں مانتا۔ میرا خیال ہے تو نے بھی کسی کو تنگ کیا ہے۔ اس نے کہا حضور میں نے ایک ماتحت کو ضرور تنگ کیا تھا۔ اب توبہ کرتا ہوں۔ تھوڑے دنوں کے بعد اس گورنر نے ایک گھوڑا اور خلعت ارسال کی اور حضرت اقدس کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی بداعمالیوں سے توبہ کی۔

## ایک نوجوان کا تائب ہونا:

حضرت محبوب الٰہی فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ شہر دہلی کا ایک نوجوان اجودھن کی طرف روانہ ہوا تاکہ حضرت گنجشکرؒ کے ہاتھ پر توبہ کرے اور مرید ہو۔ راستے میں اسے ایک گلنے والی خوبصورت عورت مل گئی اور اسی بیل گاڑی میں سوار ہو گئی جس میں نوجوان سفر کر رہا تھا۔ لیکن جوان نے اس کی طرف کوئی توجہ نہ دی۔ جب اس عورت نے مزید قریب ہونے کی کوشش کی تو جوان کے دل میں بھی کچھ خواہش پیدا ہوئی۔ اس نے اپنا ہاتھ عورت کی طرف بڑھایا ہی تھا کہ ایک بزرگ نے ظاہر ہو کر اس کے منہ پر طمانچہ مارا اور کہا کہ شیخ کی خدمت میں توبہ کے لیے جا رہا ہے اور یہ حرکت۔ اس کے بعد اس نے وہ گاڑی چھوڑ دی اور پیدل چلنے لگا۔ جب حضرت اقدس کی خدمت میں پہنچا تو آپ نے دیکھتے ہی فرمایا کہ تجھے خدا تعالےٰ نے اپنے فضل و کرم سے بچا لیا ہے۔

## درویشوں کی گستاخی اور سزا:

ایک دفعہ حضرت اقدس کی خدمت میں پانچ درویش آئے۔ وہ بہت ہی بد مزاج اور نخوتی تھے۔ اور حضرت اقدس کی خدمت میں کہنے لگے کہ ہم نے زمانہ دیکھا ہے لیکن کوئی درویش نظر نہیں آیا۔ دعویدار تو بہت ہیں۔ لیکن درویش کوئی نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا، درویشو تھوڑی دیر یہاں بیٹھو میں آپ کو درویش دکھاؤں گا۔ آپ نے کھانا بھی پیش کیا۔ لیکن وہ چلے گئے۔ آپ نے فرمایا کہ تم جا تو رہے ہو لیکن آباد راستے سے جانا جنگل کی طرف نہ جانا، لیکن انہوں نے پرواہ نہ کی اور جنگل کے راستے چل دیئے۔ حضرت اقدس نے

Marfat.com

ان کے پیچھے ایک آدمی بھی بھیجا کہ ان کو خطرناک راستے سے باز رکھے، لیکن وہ اسی راستے سے چلے گئے۔ جب آپ کو اس بات کا علم ہوا تو آپ بہت روئے اور فرمایا انا للّٰہ وانا الیہ راجعون۔ اس کے بعد خبر آئی کہ ان پانچوں آدمیوں کو لُو لگ گئی اور ایک ساتھ مر گئے۔

**ایک درویش کی گستاخی اور سزا:** مراۃ الاسرار میں لکھا ہے کہ حضرتِ اقدس کی خدمت میں ایک درویش آیا۔ آپ نے اسے کھانا دیا۔ کھانا کھا کر جانے لگا تو حضرتِ اقدس کی کنگھی بستر پر پڑی دیکھ کر کہنے لگا یہ کنگھی مجھے دے دیں۔ آپ کو مجھ سے بہت برکت حاصل ہو گی۔ آپ نے تنگ آ کر فرمایا کہ میں نے تجھے اور تیری برکت کو پانی میں غرق کر دیا اس کے بعد وہ چلا گیا اور راستے میں ایک دریا تھا۔ وہ کپڑے اتار کر دریا میں نہانے کے لیے پانی میں گیا تو پھر واپس نہ آیا۔

**آپ پر سانپ کی زہر کا اثر نہ ہوا:** سیر الاولیاء میں لکھا ہے کہ ایک دفعہ آپ کی انگلی پر سانپ نے ڈس لیا۔ لیکن آپ نے کوئی علاج نہ کیا اور حق میں مشغول رہے۔ مشغولی کے غلبہ میں جب آپ کے جسم سے پسینہ رواں ہوا تو زہر کا اثر بھی جاتا رہا۔

**حضرت سلطان المشائخ پر بھی سانپ کا اثر نہ ہوا:** سیر الاولیاء میں لکھا ہے کہ اجودھن جاتے وقت راستے میں حضرت سلطان المشائخؒ کو سانپ نے ڈس لیا۔ لیکن حضرت کی توجہ سے اس کا کوئی اثر نہ ہوا۔

**حضرت گنجشکرؒ کی سب سے بڑی کرامت:** حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ قدس سرہٗ کی سب سے بڑی کرامت آپ کی عظیم نسبت جاریہ ہے جس کی بدولت آپ کا سلسلۂ رشد و ہدایت سات سو سال سے جاری ہے اور بفضلہ تعالیٰ قیامت تک جاری رہے گا۔ بعض مشائخ متقدمین کے سلاسل رشد و ہدایت مرورِ زمانہ کی وجہ سے ختم ہو گئے ہیں۔ البتہ مزارات پر حاضری

دینے والوں کو فیضان ضرور ملتا ہے۔ لیکن حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ کا فیضان بھی جاری ہے اور نسبت رشد و ہدایت بھی اسی آن بان سے جاری ہے جس طرح پہلے تھی۔ اور آپ کے خلفاء کے خلفاء اور خلفاء در خلفاء آج بھی آپ کی مسند پر بیٹھ کر خلق خدا کی ہدایت میں مشغول ہیں۔ آپ کے سلسلۂ طریقت کو نہ صرف برصغیر پاک و ہند میں عظیم الشان کامیابی نصیب ہوئی۔ بلکہ ایران، افغانستان، ترکی، عرب، مصر اور فلسطین میں بھی آپ کے خلفاء پہنچ گئے اور سلسلۂ عالیہ چشتیہ کو اطراف عالم میں پھیلا دیا اور یہ عظیم الشان کامیابی حضرتِ اقدس کے دو نامور خلفاء یعنی مخدوم علی احمد صابر اور حضرت سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی قدس اسرارہم کے ذریعہ ہوئی۔ حضرت مخدوم صابر قدس سرہٗ کے بلند مقام کا اندازہ صرف اس ایک بات سے ہو سکتا ہے کہ جب آپ کا ایک خادم حضرت مخدوم صابرؒ سے مل کر اجودھن واپس آیا تو آپ نے اس سے حضرت مخدوم صاحب کا حال پوچھا اور یہ بھی دریافت کیا کہ حضرت مخدوم نے میرے متعلق بھی کچھ کہا تھا۔ خادم نے کہا کہ حضرت مخدوم صاحب نے پوچھا تھا کہ میرے شیخ کا کیا حال ہے۔ جونہی خادم نے یہ بات کہی حضرت شیخ نے نعرہ لگایا اور فرمایا۔ آج میرا صابر جس مقام پر ہے اس کی زبان سے یہی الفاظ بھی نکل جائیں، تو بڑی بات ہے۔ حضرت مخدوم صابر کے کمال کی دوسری علامت یہ ہے کہ جب خلافت دے کر حضرت شیخ الاسلام قدس سرہٗ نے آپ کو رخصت فرمایا تو زبانِ مبارک سے یہ الفاظ فرمائے:

"اے صابر برو بہو گہا خواہی کر دیعنی ترا عیش خواہد گذشت الغرض تا آخر عمر شیخ علی صابرؒ را عیشے خوش گذشت و او مرد خوش باش و کشادہ ابرو بود علیہ رحمۃ اللہ"

(یعنی اے صابر جاؤ تم مزے کرو گے یعنی عیش سے رہو گے، چنانچہ آخر عمر تک شیخ علی صابرؒ عیش میں رہے۔ آپ خوش باش اور کشادہ پیشانی تھے۔")

کتاب اقتباس الانوار کے مصنف لکھتے ہیں کہ "مندرجہ بالا عبارت سیر الاولیاء

Marfat.com

کی ہے جو خاندانِ چشت کی معتبر کتاب اور دستور العمل ہے۔ اس مختصر لیکن جامع کلمہ یعنی "بھو گہا خواہی کرد" میں حضرت گنجشکر رح نے ایسے حقائق و رموز بھر دیئے ہیں کہ بیان سے باہر ہیں۔ اگر یہ کہا جائے کہ "بھو گہا" سے مراد راحتِ دنیا و آخرت ہے تو بھی درست ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ اس سے مراد راحتِ تجلیاتِ جمال و جلال ہیں جن کے گوناگوں مظاہر سالک پر وارد ہوتے ہیں تو بھی درست ہے۔ اگر یہ سمجھا جائے کہ اس سے مراد راحتہائے قرب و بعدِ حق ہے جو عین مشاہدہ حضور کے وقت عارف پر وارد ہوتی ہیں۔ جن کی وجہ سے کبھی وہ لذتِ عتاب میں غرق ہوتا ہے اور کبھی شوقِ خطاب میں بجلی کی طرح چمکتی ہیں۔ یہ اس سے بھی زیادہ صحیح ہے۔ کسی بزرگ نے خوب کہا ہے

گہہ زد گہہ کرشمہ دگہہ لطف دگہہ عتاب   مسکین دلم چرا نشود خراب

لیکن اس جماعتِ صوفیا کے نزدیک بہترین راحت تحیّر ہے جو عارف کامل کو فنائے توحید کے وقت پیش آتا ہے۔ یعنی ذاتِ مطلق میں اس قدر محو ہو جاتا ہے کہ اپنے آپ۔ جس قدر تلاش کرتا ہے نہیں پاتا۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اکثر فرمایا کرتے تھے کہ رَبِّ زِدْنِی تَحَیُّرًا (اے میرے مولا میرے تحیّر میں اضافہ کر) کسی نے خوب کہا ہے

منم تا سر دپا جملہ تحیّر
تحیّر ہم تحیّر در تحیّر

حضرت مخدوم صابر کے مقام کا اس بات سے اندازہ ہو سکتا ہے، کہ رخصت کے وقت آپ کو تو فرمایا کہ "بر وبھو گہا خواہی کرد" لیکن جب سلطان المشائخ کو رخصت فرمایا تو حکم دیا کہ دہلی پہنچ کر مجاہدہ میں مشغول ہو جانا اور قرض نہ لینا۔ تجھے حق تعالیٰ قرض کا محتاج نہیں کرے گا۔ لیکن مخدوم صابر رح کو ایک بات سے زیادہ نہ فرمائی۔ کیونکہ صوفیانِ باصفا کے ہاں یہ امر مسلمہ ہے کہ جب مرید مرتبہ تکمیل کو پہنچ جاتا ہے اور ایمان مشاہدہ حقیقی کہ قرب حق ہے حاصل ہو جاتا ہے اسے پھر کوئی وصیت نہیں کی جاتی، اس وجہ سے کہ

---

سلہ سیر الاولیاء

Marfat.com

اس پر فنائے احدیت جلوہ گر ہو چکی ہوتی ہے۔

صاحب اقتباس الانوار اس کے بعد آگے چل کر لکھتے ہیں کہ:

"میرے خیال میں" بھوگہا خواہی کرد" جیسے خیر الکلام میں حصول نسبت محبوبیت کی طرف اشارہ ہے، کیونکہ بھوگہا سے مراد عیش و عشرت ہے جو مقامِ محبوبیت کے لوازمات میں سے ہے۔۔۔

چنانچہ اگر اس لفظ سے جو جمع کا صیغہ ہے دوام شہود کی طرف اشارہ ہے جو حقیقتِ محمدیہ و حقیقتِ ذات بحت ہے تو بھی درست ہے اور اگر حصولِ کمالات نبوت و فنائے حقیقت محمدی کی طرف ہو تو بھی درست ہے۔ ختم ہوا اقتباس الانوار کا بیان۔

## حضرت سلطان المشائخ کے کمالات:

سلطان المشائخ محبوب الٰہی حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء قدس سرہ، کے کمالات کا حال بھی اقتباس الانوار کے مصنف سے سن لیجئے۔ آپ لکھتے ہیں کہ حضرت خواجہ گنجشکر رح کے کمالات میں سے اس سے زیادہ کیا کمال ہو سکتا ہے کہ سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیاء قدس سرہٗ جیسے آپ کے مرید ہوں جنہوں نے چار دانگ ہندوستان کو اپنے نورِ ولایت سے منور فرمایا اور ایک جہان کو آپ نے ہدایت کا شرف عطا فرمایا حق تعالٰے نے آپ کو سلطان المشائخ کے خطاب سے مشرف فرمایا اور تاجِ کرامت آپ کے سر پر رکھا" صاحب اقتباس الانوار آگے چل کر لکھتے ہیں کہ:

"سلطان المشائخ از جمیع مقامات غوثی قطبی و فردانیت گزشتہ بر مرتبہ محبوبی رسیدہ بود و اقوال و افعال وے جمیع مشائخ را حجت قاطع است۔

(حضرت سلطان المشائخ غوثی قطبی اور فردانیت کے تمام مقامات سے گزر کر مقام محبوبیت پر پہنچ چکے تھے اور آپ کے اقوال و افعال تمام مشائخ کے لیے قطعی حجت ہیں)

یہ ہیں حضرت شیخ الاسلام گنجشکر رح قدس سرہٗ کے دونوں محبوب خلفاء کے مختصر فضائل۔ اگر مکمل فضائل بیان کیے جائیں تو کئی ضخیم کتابیں وجود میں آجائیں گی۔

**حصولِ محبوبیت کا واقعہ:** حضرت سلطان المشائخ کے مقام محبوبیت کا واقعہ یوں بیان کیا جاتا ہے کہ ایک دفعہ جب حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ نے حضرت سلطان المشائخ کے حجرۂ عبادت میں جھانک کر دیکھا تو آپ کو ایک ایسی حالت میں پایا کہ جس سے شانِ محبوبیت جلوہ گر تھی اور یہ دیکھ کر آپ کو جوش آگیا۔ اور فرمانے لگے کہ خدا تعالیٰ کا شکر ہے کہ آج میرے مرید کو مقام محبوبیت عطا ہو گیا ہے اس حالت وجد میں آپ رقص کرنے لگے اور طاق میں ہاتھ ڈال کر کچھ کوڑیاں اٹھائیں اور حاضرین کی طرف پھینکیں جیسا کہ مشائخ کا رقص و وجد میں دستور ہے۔ چنانچہ عرس کے دوران جو کوڑیوں کی رسم ادا کی جاتی ہے۔ اس کی اصل یہی واقعہ ہے۔

**جنتی دروازہ:** حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ قدس سرہ کے کمالات میں سے ایک جنتی دروازہ ہے جو آپ کے فیض عام اور لطف دوام کی علامت ہے۔ جنتی دروازے کی حقیقت یہ ہے کہ حضرت خواجہ گنجشکرؒ قدس سرہ کے وصال کے بعد جب حضرت سلطان المشائخ اجودھن پہنچے تو فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانیت نے مجھ سے فرمایا کہ حق تعالیٰ کا حکم یہ ہے کہ جو شخص اس دروازہ سے گزرے گا جنتی ہے۔ حدیث کے الفاظ یہ ہیں:

مَنْ دَخَلَ هٰذَا الْبَابَ اٰمِنَ

یہ حدیث ہے نیز حدیث قدسی ہے کیونکہ جب اللہ تعالیٰ کے حکم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوئی بات فرمادیں تو اسے حدیث قدسی کہا جاتا ہے اور چونکہ اس حدیث کے اسناد متصل ہیں اور تمام راوی ثقہ ہیں اس لیے اصول حدیث کی رو سے یہ حدیث صحیح اور معتبر ہے لیکن اس کے باوجود اس کے متعلق بعض حلقوں میں چہ میگوئیاں سننے میں آتی ہیں قبل اس کے کہ اس حدیث کی صحت کے متعلق بحث کی جائے یہ بتا دینا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اولیاء کرام نے اس حدیث کے دو مفہوم لیے ہیں جیسا کہ قرآن مجید کے متعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن کا ایک ظاہر اور ایک باطن اور اس باطن کا ایک اور باطن ہے۔ سات بواطن تک۔ اسی طرح احادیث نبویؐ میں بھی قرآن عظیم

کی طرح جامعیت ہوتی ہے اور محدثین وائمۃ المجتہدین نے ہر حدیث کے کئی مفہوم نکالے ہیں۔ بعینہٖ اسی طرح اس حدیث کے بھی دو مفہوم ہیں۔ ایک ظاہری اور دوسرا باطنی ظاہری مطلب یہ ہے کہ جو شخص اس دروازے سے گزرے گا بہشتی ہے اور باطنی مطلب یہ ہے کہ جو شخص بابِ طریقت یا سلوک الی اللہ سے گزرے گا۔ قرب و معرفتِ حق سے مشرف ہو گا۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کون سا مفہوم صحیح ہے، ظاہری یا باطنی۔ جواب یہ ہے کہ دونوں مفہوم اپنی جگہ پر صحیح ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن کی ہر آیت کا ایک ظاہری مطلب ہے اور ایک باطنی۔ ایک روایت کے مطابق حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآنِ مجید کے سات بواطن فرمائے ہیں۔ چنانچہ ایک آیت میں حکم ہے کہ قرآن مجید کو بغیر وضو نہیں لگایا جا سکتا۔ لَا یَمَسُّهٗ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ۔ اس آیت کریمہ کے ظاہری معنی یہ ہیں کہ قرآنِ مجید کو بغیر طہارت نہیں چھوا جا سکتا۔ اور باطنی معنی یہ ہیں کہ جو لوگ مطہر اور گناہوں سے پاک نہیں ہیں وہ حقیقتِ کلام کو سمجھنا اور پالینا تو در کنار اسے مس ہی نہیں کر سکتے۔ اب چونکہ یہ خدا تعالیٰ کا کلام ہے۔ اس آیت پاک کے ظاہری معنوں پر بھی عمل کرنا واجب ہے اور باطنی پر بھی۔ یعنی یہ کہنا صحیح ہے کہ جو لوگ باطنی طہارت یعنی زہد و تقویٰ سے خالی ہیں۔ وہ کلام پاک کے معنی اور مطالب کو چھو تک نہیں سکتے۔ نہ اس کی گرد تک پہنچ سکتے ہیں۔

اسی طرح بہشتی دروازہ کے متعلق بھی کہا جا سکتا ہے کہ اس حدیث کی رُو سے یہ بھی صحیح ہے کہ جو اس دروازے سے گزر جائے بہشتی ہے اور یہ بھی صحیح ہے کہ جو شخص حضرت خواجہ گنجشکر قدس سرہٗ کے مسلک یعنی طریقت اور سلوک الی اللہ کو طے کر لے وہ بہشتی ہے۔

## بہشتی دروازے کا علمی اور شرعی جواز:

اب دوسرا سوال جو کم علم کم فہم لوگ کرتے ہیں یہ ہے کہ ایک گناہ گار یعنی چور ڈاکو زانی کے گناہ کیونکر بہشتی دروازے سے گزرنے کی وجہ سے معاف ہو جاتے ہیں۔ ایک دفعہ یہی سوال پاکپتن شریف میں عرس کے موقع پر بہاولپور ڈگری کالج کے پرنسپل مولوی ضیاء الدین احمد جو بمبئی میں کمشنر پولیس رہنے کے بعد ریاست بہاولپور کے کمشنر پولیس بھی رہ چکے تھے اور بڑے عالم فاضل تھے حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑوی رحؒ کے مرید خلیفہ مولانا

Marfat.com

غلام محمد گھوٹوی رح شیخ الجامعہ عباسیہ بہاولپور سے کیا۔ یاد رہے کہ حضرت شیخ الجامعہ کا شمار برصغیر پاک و ہند کے چوٹی کے پانچ دس علماء کرام میں ہوتا ہے۔ تبحر علمی کے علاوہ آپ صوفی روشن ضمیر بھی تھے۔ اس لیے انہوں نے جو جواب دیا وہ یہاں درج کیا جاتا ہے۔ تاکہ بہشتی دروازے کے علمی و شرعی جواز سے سب حضرات آگاہ ہو جائیں۔

حضرت شیخ الجامعہ نے فرمایا کہ :

پہلی بات تو یہ ہے کہ کوئی شخص اپنے اعمال کی وجہ سے بہشت میں نہیں جائے گا۔ بلکہ اللہ تعالےٰ کی رحمت اور فضل و کرم سے جائے گا۔ حدیث میں آیا ہے کہ ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے اعمال سے کوئی شخص بہشت میں نہیں جائے گا بلکہ اللہ کی رحمت سے جائے گا۔ یہ سن کر صحابہ کرام رضؓ نے عرض کیا کہ حضور آپ ؟ آپؐ نے فرمایا میں بھی اپنے اعمال کی بدولت نہیں بلکہ اللہ تعالےٰ کی رحمت سے بہشت میں جاؤں گا۔ جب سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم جن کی خاطر ساری کائنات وجود میں آئی ہے کا یہ حال ہے کہ اللہ تعالےٰ کی مہربانی کے بغیر بہشت میں نہیں جا سکتے تو پھر ہمارے تمہارے اعمال کی کیا حیثیت ہے کہ ہم ان کی بدولت بہشت میں جا سکیں۔ دراصل بات یہ ہے کہ حق تعالےٰ کی عظمت شان اور کبریائی کا یہ عالم ہے کہ آدمی اس کی جس قدر عبادت کرے اس کی عظمت کے سامنے ہیچ ہے۔ کیونکہ اس سے نہ ذاتِ باری کی عظمت کا حق ادا ہو سکتا ہے نہ شانِ کبریائی کا یہی وجہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دن میں ستر بار استغفار پڑھا کرتے تھے۔ حالانکہ آپ معصوم تھے۔ نیز آپ اکثر یہ مناجات کیا کرتے تھے۔ یَا وَھَابُ سُبْحَانَكَ مَا عَبَدْنَاكَ حَقَّ عِبَادَتِكَ مَا ذَكَرْنَاكَ حَقَّ ذِكْرِكَ مَا عَرَفْنَاكَ حَقَّ مَعْرِفَتِكَ مَا شَكَرْنَاكَ حَقَّ شُكْرِكَ (اے احسانِ عظیم کرنے والی پاک ذات تو اس قدر بلند و برتر ہے کہ نہ ہم تیری عظمت کے مطابق تیری عبادت کا حق ادا کر سکتے ہیں نہ تیرے کمالات کے مطابق تیرے ذکر کا حق ادا کر سکتے ہیں نہ تیری رحمت کے مطابق تیرا شکر ادا کر سکتے ہیں)، جب سرور کائنات علیہ السلام والصلوٰۃ معترف ہیں کہ ان کے سمیت کوئی شخص حق عبادت ادا نہیں کر سکتا تو وہی بات ثابت ہوئی کہ ہر شخص حق تعالےٰ کے فضل و کرم سے بہشت میں

جائے گا اپنے اعمال کی بدولت نہیں جائے گا۔ کیونکہ ہمارے اعمال اس قابل ہی نہیں ہیں کہ ہمیں بہشت میں پہنچا سکیں۔ تو یہ کہنا کس طرح صحیح ہو سکتا ہے کہ نیک اعمال کے بغیر بہشتی دروازے سے گزرنے والا کیسے بہشتی ہو سکتا ہے۔" حضرت شیخ الجامعہؒ نے فرمایا:

دوسری بات یہ ہے کہ آیا یہ حدیث بہشتی دروازے پر لکھی ہوئی ہے صحیح ہے یا نہیں ہے۔ علم حدیث کے ماہرین نے جن کو عرفِ عام میں محدثین کہا جاتا ہے۔ صحت حدیث کے متعلق اصول مقرر کیے ہیں، اور ان اصولوں کے مطابق جس حدیث کا سلسلۂ اسناد متصل اور معتبر ہوتا ہے۔ اسے حدیث صحیح قرار دیا جا سکتا ہے۔ چنانچہ اس حدیث کا سلسلۂ اسناد بھی اصولِ حدیث کے مطابق بالکل صحیح اور معتبر ہے۔ مثلاً میرے حضرت شاہ مہر علی گولڑوی نے مجھے فرمایا ہے کہ میں نے اپنے شیخ حضرت خواجہ شمس الدین سیالویؒ سے سنا اور انہوں نے اپنے شیخ حضرت خواجہ محمد سلیمان تونسویؒ سے سنا۔ انہوں نے اپنے شیخ حضرت فخر الدین دہلویؒ سے سنا۔ انہوں نے اپنے شیخ سے اور انہوں نے اپنے شیخ اور سلسلۂ اسناد حضرت شیخ المشائخ خواجہ نظام الدین اولیاء قدس سرہٗ پر ختم ہوتا ہے۔ اور فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اس دروازے سے گزرے گا بہشتی ہے۔ اب ان راویوں میں سے کوئی راوی ایسا نہیں ہے جو غیر معتبر اور غیر ثقہ ہو۔ اس لیے اصولِ حدیث کی رو سے یہ حدیث بالکل صحیح ہے۔ اب جو حدیث صحیح ہو اس میں شک کرنا ضلالت اور گمراہی ہے۔ عین اسی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص حج کرلے اس کے سارے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ نیز فرمایا جو شخص حجرِ اسود کو بوسہ دے اس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ نیز فرمایا جو شخص اپنی زبان سے توبہ کرلے اس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور وہ اس طرح ہوتا ہے کہ گویا اس نے کوئی گناہ ہی نہیں کیا۔ اب آپ خود سوچ سکتے ہیں کہ حج کرنے، حجرِ اسود کو بوسہ دینے اور زبان سے توبہ کرنے میں کیا تاثیر ہے کہ ساری زندگی کے تمام گناہ یک قلم معاف ہو جاتے ہیں۔ یہ رحمتِ حق ہے کہ ہماری بخشش کے لیے اس نے اتنے دروازے کھول دیئے ہیں کسی نے خوب کہا ہے ؎

رحمتِ حق بہانہ مے جوید

(اللہ تعالیٰ کی رحمت بہانہ ڈھونڈتی ہے)

Marfat.com

چنانچہ یہ بہشتی دروازہ بھی حق تعالےٰ نے ہم گناہ گاروں کے لیے ایک ذریعۂ بخشش بنا دیا ہے۔ اگر ہم اس صحیح حدیث کو ہر لحاظ سے تسلیم نہ کریں۔ تو بخشش کی تمام باقی احادیث سے بھی انکار لازم آتا ہے۔ لہٰذا جب حج کرنے، حجرِ اسود کو بوسہ دینے اور توبہ کرنے والی احادیث سے گناہ معاف ہوسکتے ہیں تو اس حدیث کی رُو سے بھی معاف ہوسکتے ہیں اس میں کون سی قباحت ہے۔ حضرت شیخ الجامعہؒ کی یہ دھواں دھار تقریر سن کر مولوی ضیاء الدین اور باقی حاضرین عش عش کر رہے تھے اور کسی کو مزید سوال کی ضرورت محسوس نہ ہوئی۔

نیز دیکھنے میں بھی یہی آیا ہے کہ جو شخص ایک دفعہ اس بہشتی دروازہ سے گزر کر جاتا ہے اس کے دل میں نورانیت آجاتی ہے اور گناہوں سے باز آکر اچھے اعمال کی طرف راغب ہو جاتا ہے۔ یہ عوام کا حال ہے اور جو حضرات خواص کے زمرہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ وہ اس حدیث کے باطنی مفہوم سے بھی مستفیض ہوتے ہیں اور منازل سلوک طے کر کے مقام قرب و معرفت میں جگہ پاتے ہیں۔

غرضیکہ اس حدیث پاک کے دو مفہوم ظاہری و باطنی بیک وقت صحیح ہیں اور تاریخ شاہد ہے کہ پورے ہو رہے ہیں اور قیامت تک بفضلہ تعالےٰ پورے ہوتے رہیں گے۔

## جنتی دروازہ فنائیت فی الرسول کا کرشمہ ہے:

یاد رہے کہ حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ کے روضۂ اقدس کے دو دروازے ہیں۔ ایک شرق کی جانب، دوسرا جنوب کی جانب اور جنتی دروازہ یہی جنوبی دروازہ ہے۔ موجودہ روضۂ مبارک کی تعمیر حضرت سلطان المشائخ نے کرائی تھی اور عمارت کی ہر اینٹ پر ایک ختم قرآن ہوا تھا۔ معترضین حضرات کو یاد رکھنا چاہیے کہ حضرت باباؒ صاحب کا یہ جنتی دروازہ کوئی عجوبۂ روزگار نہیں ہے۔ بلکہ دنیائے اسلام میں اور مقامات بھی ہیں جن کے متعلق یہ بشارت موجود ہے۔ کتاب تکملۃ الریاحین میں لکھا ہے کہ حضرت غوث الاعظمؒ شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے فرمایا ہے کہ جو مسلمان میری مسجد اور خانقاہ میں داخل ہوگا، اس پر عذاب قیامت نہ ہوگا۔ نیز چونکہ حضرت گنجشکرؒ کو حقیقتِ محمدیہ میں غایت درجہ کی فنا حاصل تھی، حتیٰ کہ آپ کا لقب بھی زہد الانبیاء ہے، اس مناسبت کی وجہ سے جو خصوصیت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

کے روضۂ اطہر کی ہے، اس کا کچھ شائبہ حضرت خواجہ گنجشکرؒ کے روضۂ مبارک میں بھی ہونا ضروری تھا۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد نبویؐ کے محراب اور روضۂ اطہر کی درمیانی زمین کے متعلق فرمایا ہے کہ ؎

روضة مِّن ریاض الجنّة

(یہ ایک باغ ہے جنت کے باغوں میں سے)

یہی کچھ حضرت گنجشکرؒ کے روضۂ مقدس کے متعلق بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ من دخل ھٰذہ الباب آمِن۔

معترض کو یہ بھی جاننا چاہیے کہ کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے متعلق بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی الفاظ فرمائے ہیں کہ۔

من قال لا الٰہ الا اللہ آمن،

(جس نے لا الٰہ الا اللہ کہا وہ بہشتی ہے)

اب آپ خود قیاس فرما سکتے ہیں، جس طرح ایک گنہگار آدمی بلکہ کافر و مشرک بھی کلمہ طیبہ پڑھ کر فوراً گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے۔ اسی طرح رسول اکرمؐ کے قول کے مطابق جو شخص جنتی دروازہ سے گزرتا ہے گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے۔ بس بات وہی ہے۔" رحمتِ حق بہانہ مے جوید" (اللہ تعالیٰ کی رحمت بہانہ ڈھونڈتی ہے)

Marfat.com

# مراسمِ عُرس

**تاریخہائے عرس:** یہ تو پہلے بتایا جا چکا ہے کہ حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ قدس سرہٗ کا وصال ۵ محرم کو ہوا۔ لیکن عرس ۲۵ ذوالحجہ سے شروع ہو جاتا ہے اور ۱۰ محرم تک جاری رہتا ہے، یعنی کل پندرہ دن عرس رہتا ہے۔ عرس کی اس طویل مدت کی وجہ یہ ہے کہ حضرت اقدس کا سلسلہ بہت وسیع ہے اور لاکھوں آدمی عرس پر حاضر ہوتے ہیں۔ اگر عرس کے ایام کم ہوتے تو بیک وقت ساری خلقت کہاں سما سکتی تھی۔

**رسومات کا باطن:** جس طرح ہر دربار پر اس کے تاریخی پس منظر کے مطابق مختلف قسم کی رسومات انجام دی جاتی ہیں، حضرت خواجہ گنجشکرؒ قدس سرہٗ کے دربار پر بھی اس کے مخصوص تاریخی پس منظر کے پیش نظر قدیم الایام سے رسومات کا ایک دستور العمل چلا آتا ہے جن کی ادائیگی میں خاص برکات کا نزول ہوتا ہے جن کا احساس اہلِ نظر کو خاص طور پر ہوتا ہے۔ اس وجہ سے کہ جو رسومات ظاہری طور پر دربارِ عالیہ میں ادا کی جاتی ہیں وہ دراصل عکس ہیں ان رسومات کا جو عالمِ بطون میں ادا کی جاتی ہیں۔ بات یہ ہے کہ خاصانِ خدا اور محبوبانِ بارگاہ کا اس جہاں سے کوچ کر جانا معمولی بات نہیں ہوتی، بلکہ ان کا یومِ وفات یومِ وصال ہوتا ہے، جب محبوب محبوب سے جا ملتا ہے۔ حدیث شریف میں یومِ وصال کو یومِ عرس کا نام دیا گیا ہے۔ بمصداق حدیث نَمْ کَنَوْمَةِ الْعَرُوس اور جب اولیاء کرام اس جہانِ فانی سے رحلت فرما کر محبوبِ حقیقی سے جا ملتے ہیں تو عالمِ بالا میں اس تقریب کی خوشی منائی جاتی ہے اور خاص فیوض و برکات کا نزول ہوتا ہے۔ جس سے ہر آنے والا مستفیض ہوتا ہے اور یہ بھی عالمِ بالا کا دستور ہے کہ ہر سال یومِ وصال کی تقریب اسی شان و شوکت سے منائی جاتی ہے اور ہر سال انوار و برکات کی بارش ہوتی ہے۔ ویسے تو مزارات پر ہر وقت انوار کی بارش ہوتی رہتی ہے۔ لیکن عرس کے ایام میں خاص اہتمام سے انوار و برکات کا نزول ہوتا ہے اور اس چیز کا مشاہدہ عرس

Marfat.com

کے دنوں میں ہر خاص و عام کو حسب استعداد ہوتا ہے، لیکن خواص کو زیادہ ہوتا ہے اور رسومات کی انجام دہی میں بھی خاص انوار و برکات کا نزول ہوتا ہے۔ کیونکہ یہی رسومات عالمِ بطون میں بھی بیک وقت ادا ہو رہی ہوتی ہیں۔ اب جو شخص اس کا انکار کرے، اس کو چاہیے کہ پہلے آنکھیں پیدا کرے اور پھر ان چیزوں کا مشاہدہ خود کر لے گا۔

**صبح کی محفل:** چنانچہ عرس مبارک حضرت بابا صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی رسومات کا آغاز ۲۵ ذوالحجہ کو ہوتا ہے اور صبح کے وقت پہلے محفل سماع ہوتی ہے جس میں صوفیاء باصفاء شامل ہو کر صاحبِ مزار کے فیوض و برکات سے متمتع ہوتے ہیں خدا اور رسولؐ کی حمد و ثنا میں اولیاء کرامؒ کا کلام قوال پیش کرتے ہیں اور تڑپتے ہوئے روحوں کو ان کی غذا کا سامان مہیا ہوتا ہے۔ یہ محفلِ سماع تقریباً چار گھنٹے جاری رہتی ہے۔ اس اثناء میں حضرت دیوان صاحب مدظلہ، درویشوں کے ہمراہ دربارِ عالیہ میں تشریف لاتے ہیں اور روضہ مبارک کے اندر جا کر فاتحہ خوانی کرتے ہیں۔ اور چند حفاظ صاحبان کلام پاک میں سے تلاوت کرتے ہیں اور سلسلۂ عالیہ چشتیہ کا شجرہ شریف پڑھا جاتا ہے اور حاضرین کے لیے دعائے خیر مانگی جاتی ہے۔ اس کے بعد حضرت دیوان صاحب شکر تقسیم فرماتے ہیں۔ اس سے فارغ ہو کر حضرت دیوان صاحب روضہ مبارک سے باہر تشریف لاتے ہیں اور حضرت شیخ علاؤالدینؒ موج دریا قدس سرہٗ کے روضہ مبارک کے اندر جا کر فاتحہ خوانی کرتے ہیں۔ وہاں سے فارغ ہو کر دالان میں اپنی مخصوص نشست گاہ جس کے گرد کٹہرا لگا ہوا ہے، پر بیٹھ کر فاتحہ خوانی کی رسم ادا کرتے ہیں اور شیرینی و شربت تقسیم فرماتے ہیں۔ اس موقعہ پر میدہ کی روٹیاں اور حلوہ بھی تقسیم کیا جاتا ہے۔ اس سے فارغ ہو کر حضرت دیوان صاحب دوبارہ روضۂ مبارک کے اندر چلے جاتے ہیں اور مراقبہ میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ ان رسومات کے دورانِ محفل سماع جاری رہتی ہے۔ صرف قرآن خوانی کے وقت عارضی طور پر بند ہو جاتی ہے۔ اس حاضری کے دوران حضرت دیوان صاحب مزارِ مقدس کی چادر تبدیل کرتے ہیں اور پھول چڑھاتے ہیں۔ کچھ دیر بعد آپ باہر آ کر محفلِ سماع میں شریک ہو جاتے ہیں اور باری باری قوالوں کی چوکیوں سے سماع سننے کے بعد کوئی دوپہر کے وقت حضرت دیوان صاحب واپس تشریف لے جاتے اور محفلِ سماع

ختم ہو جاتی ہے۔ یہ صبح کی مجلس ۲۵ ذوالحجہ سے لے کر ۶ محرم تک جاری رہتی ہے۔

**شام کی محفل:** یکم محرم سے شام کی محفل شروع ہو جاتی ہے جو ۶ محرم تک جاری رہتی ہے۔ شام کی محفل میں شریک ہونے کے لیے تمام زائرین پہلے ہی سے جمع ہو جاتے ہیں اور عصر کی نماز کے بعد حضرت دیوان صاحب تشریف لا کر اسی نشست خاص پر جلوس فرماتے ہیں اور فاتحہ خوانی ہوتی ہے۔ یہ مجلس دراصل حضرت سلطان المشائخ محبوب الٰہی قدس سرہٗ کی پہلی حاضری کی یادگار ہے۔ جو آپ نے حضرت شیخ الاسلام گنجشکرؒ قدس سرہٗ کے وصال کے بعد پاکپتن شریف آکر پر دی تھی اور آپ پر وجد کی حالت طاری ہو گئی۔

حضرت محبوب الٰہی نے حضرت شیخ کے پہلے عرس پر جو شرکت فرمائی اور جو کلام قوالوں نے پیش کیا تھا وہی کلام اب بھی پیش کیا جاتا ہے۔ سب سے پہلے قوال حضرت محبوب الٰہی کا وہ نوحہ پیش کرتے ہیں جو وصال شیخ کے بعد پہلی حاضری میں آپ کے منہ سے نکلا تھا۔ یہ کلام ہندی زبان میں ہے اور سوز و گداز میں ڈوبا ہوا ہے۔ یہ اشعار قوالوں کے پاس سینہ بہ سینہ چلے آتے ہیں اور اس موقعہ پر اسی مخصوص انداز میں وہ پیش کرتے ہیں اور انوار و برکات کی خوب بارش ہوتی ہے۔ اس کے بعد کوڑیاں نچھاور کی جاتی ہیں اور پھر قوال حضرت مولانا احمد جامؒ کی وہی غزل پیش کرتے ہیں جس میں حضرت خواجہ قطب الدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال ہوا تھا۔ غزل یہ ہے:

منزلِ عشق از جہاں دیگراست ۔۔۔ مردِ معنی را نشان دیگراست

عاشقان خواجگان چشت را ۔۔۔ از قدم تا سر نشان دیگراست

آں فقیراں کہ ایں رہ مے روند ۔۔۔ ہر یکے صاحب قرآن دیگراست

دل چہ بندی در جہاں بے وفا ۔۔۔ کیں جہاں را ہم جہانِ دیگراست

عشق را در مدرسہ تعلیم نیست ۔۔۔ کیں چنیں علم از زبانِ دیگراست

عقل داند کہ ایں رمز از کجا است ۔۔۔ کیں جماعت را بیان دیگراست

در دلِ ویرانِ ہر بیچارہٗ ۔۔۔ شاہ را گنج نہانے دیگراست

دل خورد زخم وز دیدہ خوں چکد ۔۔۔ کیں چنیں شست از کمان دیگراست

کشتگانِ خنجرِ تسلیم را ۔۔۔ ہر زماں از غیبِ جان دیگراست

Marfat.com

ساقیا خونِ جگر در کاسہ کن ۔۔۔ کیں شراب از خم خانِ دیگر است
بر سرِ بازار صرافانِ عشق ۔۔۔ زیرِ ہر دارے جوانِ دیگر است
در بیابانِ وصالش روز و شب ۔۔۔ زیرِ سنگِ کاروانِ دیگر است

احمدا تاگم نگر دی ہوشدار
ایں جرس از کاروانِ دیگر است

اس غزل کا دوسرا شعر حضرت مولانا احمد جام نے اس وقت کہا جب آپ نے حضرت خواجہ قطب الدین مودود چشتی قدس سرہٗ سے اس وقت ملاقات کی جب آپ خورد سالہ تھے۔ لیکن ولایت کی آن بان مشائخ کہنہ مشق کی سی پائی۔ تو فوراً بول اُٹھے ؎

عاشقانِ خواجگانِ چشت را ۔۔۔ از قدم تا سرشان دیگراست

اس کے بعد حضرت خواجہ گنجشکرؒ کا اپنا کلام پیش کیا جاتا ہے جو یہ ہے:

من نیم واللہ یاران من نیم ۔۔۔ جانِ جانم سر بسرم تن نیم
نورِ نورم نورِ نورم نور نور ۔۔۔ من چراغ و پنبہ د روغن نیم
نور پاکم آمدہ در مشت خاک ۔۔۔ کور چشماں را دے روشن نیم
من ولیم من و علیم من نبیؐ ۔۔۔ جم نیم رستم نیم بہمن نیم
اوست اندر سرِ من ظاہر شدہ ۔۔۔ من نیم مسعود واللہ من نیم

اس غزل کے متعلق بعض لوگوں کا خیال ہے کہ حضرت باباصاحب کا کلام نہیں ہے بلکہ خواجہ مسعود بک کا ہے جو حضرت محبوب الٰہی قدس سرہٗ کے پیش امام کے فرزند اور حضرت سلطان المشائخ کے مرید و خلیفہ تھے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

اس کے بعد قوال مل کر ایک ہندی کی خاص چیز روضہ مبارک کے دروازہ پر جا کر گاتے ہیں جو بہت ہی پُر کیف ہے۔ اس ساری تقریب کے دوران فیوض و برکات کی اس قدر بارش رہتی ہے کہ ہر خاص و عام محسوس کرتا ہے۔ لیکن جو خاص اور خاص الخاص ہیں وہ جانتے ہیں کہ انوار و برکات کے فوارے چھوڑ دیئے جاتے ہیں۔ شام کی یہ مجلس یکم محرم سے ۶ محرم تک جاری رہتی ہے۔

Marfat.com

**جنّتی دروازہ کا افتتاح:** ۶ رمحرم کی رات کو بعد نماز عشاء جنّتی دروازہ کا افتتاح ہوتا ہے۔ یہ عرس کی آخری اور خاص تقریب ہے۔ جس میں لاکھوں مسلمان شرکت کرتے ہیں۔ حکومت کی طرف سے اس موقع پر خاص انتظام ہوتا ہے اور جا بجا پولیس کھڑی کر دی جاتی ہے تاکہ ہجوم کی وجہ سے لوگوں کو تکلیف نہ ہو پھر بھی ہجوم اس قدر ہوتا ہے کہ پولیس تھک جاتی ہے اور انسانوں کا سیلاب تھمنے میں نہیں آتا۔ عشاء کی نماز کے بعد حضرت دیوان صاحب جلوس کی صورت میں تشریف لاتے ہیں اور جنّتی دروازہ کھولنے سے پہلے محفل سماع میں شرکت فرماتے ہیں۔ یہ محفل پائنتی کے دالان میں کھڑے کھڑے قائم رہتی ہے۔ اور قوال کھڑے ہوئے پہلے مولانا جامیؒ کی یہ غزل گاتے ہیں ؎

بخدا غیر خدا در دو جہاں چیزے نیست
بے نشان است کزو نام نشان چیزے نیست
چند محجوب نشینی بگماں دگراں
خیمہ در کوئے یقین زن کہ گماں چیزے نیست
ہستیٔ تست حجابِ تو وگرنہ پیدا است
کہ بجز دوست دریں پردہ نہاں چیزے نیست
بندۂ عشق شدی ترک نسب کن جامیؔ
کاندریں راہ فلاں ابنِ فلاں چیزے نیست

اس کے بعد اس مجلس میں حضرت امیر خسرو کا پُر کیف کلام اسی مخصوص قدیم رنگ میں پیش کیا جاتا ہے۔ جس سے عاشقوں کے دلوں پر چھریاں چلنے لگتی ہیں۔

کلام یہ ہے:
ہوں بیراگن شام کی کوئی پیا بتلاوے
بھائی وے گھڑیالیا متاں گھڑیا بجاوے

Marfat.com

آج ملا وا ہو لال سے متاں رین گھٹاوے
سر پر مٹکی دودھ کی سوہنی لٹک سہاوے
بالم آ گئے بالم آ گئے

ارے ارے ندیا کنارے بالم آ گئے
آپ تو پار اتر گئے ارے ارے ہم رہے اُروارے
بالم آ گئے بالم آ گئے

گوری سووے سیج پر مکھ پر ڈالے کیس
چل خسرو گھر آپنے سانجھ بھئی چو دیس
بالم آ گئے بالم آ گئے

اس کے بعد تالیوں اور گولوں کی گونج میں حضرت دیوان صاحب آگے بڑھ کر اپنے ہاتھ سے بہشتی دروازہ کھولتے ہیں۔ پہلے خود داخل ہوتے ہیں اور پھر دیگر سجادہ نشین صاحبان اور معزز حضرات جنتی دروازے سے گزر کر مشرقی دروازے سے باہر چلے جاتے ہیں۔ اس کے بعد عوام کا داخلہ شروع ہوتا ہے اور بابا فریدؒ کے لاکھوں پروانے فرید فرید کے نعرے لگاتے ہوئے جنتی دروازے میں داخل ہوتے رہتے ہیں۔ یہ سماں رات بھر رہتا ہے۔

دروازے کے افتتاح کے فوراً بعد حضرت دیوان صاحب ایک آٹھ فٹ بلند لکڑی کے چبوترے پر کھڑے ہو کر قلاوہ تقسیم فرماتے ہیں۔ یہ رسم بھی پُر کیف ہوتی ہے اور انوار و برکات کی بارش رہتی ہے۔

اسی طرح جنتی دروازہ دس محرم کی رات تک کھلا رکھا جاتا ہے اور گیارہ کو بند ہوتا ہے۔

**غسل کی رسم:** دس محرم کی صبح کے وقت مزار شریف کے پورے احاطہ اور روضہ مبارک کو غسل دیا جاتا ہے اور مزار شریف پر صندل لگایا جاتا ہے۔ صندل خشک ہونے پر حضرت دیوان صاحب روضۂ اقدس پر آتے ہیں اور تقریب میں شرکت فرما کر روضہ شریف کے اندر تشریف لے جاتے ہیں اور بعد فراغت جمالی برج پر جا کر معززین کے ساتھ کھانا تناول فرماتے ہیں۔ یہ رسومات صدیوں سے جاری ہیں اور انشاء اللہ تا قیامت یونہی جاری و ساری رہیں گی۔

الٰہی تا بوَد خورشید و ماہی چراغ چشتیاں را روشنائی
اگر گیتی سراسر باد گیرد چراغِ چشتیاں ہرگز نہ میرد

## آدابِ حاضری :

ہمارے شیخ علیہ رحمۃ فرمایا کرتے تھے۔ روضہ مبارک کے اندر بار بار نہیں جانا چاہیے بلکہ دن میں دو بار جانا چاہیے۔ ایک صبح ایک شام۔ نیز دربار اقدس کے اندر چلتے پھرتے وہی آداب ملحوظ رکھنے چاہییں جو زندہ بادشاہوں کے دربار میں ملحوظ رکھے جاتے ہیں۔ حضرت اقدس یہ بھی فرمایا کرتے تھے کہ لوگ دور دراز کے علاقوں سے آتے ہیں لیکن دربار میں جا کر تلاوت اور نوافل میں مشغول ہو جاتے ہیں حالانکہ یہ کام گھر پر بھی کر سکتے ہیں۔ دربار میں اس چیز کو مضبوط پکڑنا چاہیے جو گھر پر نہیں ہے یعنی ہمہ تن صاحب مزار کی طرف متوجہ رہنا چاہیے۔ نیز دربار میں ٹیک لگا کر بیٹھنا، آپس میں بات چیت کرنا، کھانا پینا، ہنسی مذاق سب ترک کر دینا چاہیے۔ جب روضہ مبارک کے اندر جائے تو السلام علیکم کہہ کر مزار مبارک کی غربی طرف کھڑے ہو کر فاتحہ پڑھے۔ یعنی پہلے ایک فاتحہ اپنے پیر کی طرف سے پڑھے اور دوسری فاتحہ اپنی طرف سے۔ اس سے صاحبِ مزار کے ساتھ اس کا تعارف ہو جاتا ہے اور جو فیضان ملتا ہے۔ پیر کے ذریعے ملتا ہے اور اس میں سے پیر جس قدر مناسب سمجھتے ہیں دیں گے باقی اس وقت دیں گے جب استعداد بڑھ جائے گی۔ قرآن مجید کا تحفہ اہل مزار کے لیے بہترین تحفہ ہوتا ہے۔ اس لیے قرآن مجید کی جس قدر آیات پڑھ سکے اس کا ثواب صاحبِ مزار کی روح کو کرے۔ مختصر فاتحہ یہ ہے کہ بارہ دفعہ سورہ اخلاص، ایک دفعہ سورہ فلق، ایک دفعہ سورہ ناس اور ایک دفعہ سورہ فاتحہ پڑھ کر ہاتھ اٹھائے اور یہ کہے کہ الٰہی میں نے جو کچھ پڑھا ہے۔ اس کے خیر و برکات صاحبِ مزار کو پہنچا دے اور صاحبِ مزار کے خیر و برکات میری روح و جان میں واصل فرما دے۔ اس کے بعد مراقب ہو کر صاحبِ مزار کی روح کی طرف متوجہ ہو جائے اور یہ خیال کرے کہ ان کی روحانیت مجھے فیض دے رہی ہے۔ باقی سب کچھ ان کی ذات پر چھوڑ دے۔ جس بات کی کمی ہے۔ صاحبِ مزار خود بخود پورا کر دیں گے۔ اسی طرح جتنا وقت ہو سکے مراقب رہنا چاہیے۔ اور اس وقت کو رفتہ رفتہ بڑھانا چاہیے۔ اگر روضۂ اقدس کے اندر ہجوم ہے اور بیٹھنے کی جگہ نہیں ہے۔ تو کھڑا رہے اور کھڑا ہونے کی گنجائش بھی نہ ہو تو باہر آ کر صحن میں مراقب ہو جائے۔ شروع میں یہ مراقبہ پندرہ بیس منٹ کا ہونا چاہیے اور بعد میں آدھا گھنٹہ، پون گھنٹہ، پورا گھنٹہ یا اس سے زیادہ کر سکتا ہے۔ جب یہ محسوس کرے کہ اب صاحبِ مزار نے توجہ بند کر دی ہے اور یہ بات

Marfat.com

آسانی سے معلوم ہو جاتی ہے۔ تو دعا مانگ کر باہر چلا جائے۔ لیکن فوراً مکان کی طرف نہیں چلا جانا چاہیے۔ بلکہ کچھ دیر باہر بیٹھ کر باطنی دنیا سے ظاہری دنیا کی طرف رفتہ رفتہ لوٹ کر اپنے کام کی طرف جانا چاہیے۔

دربار کے اندر یا باہر مشاہدہ حسن سے پرہیز کرے۔ کیونکہ سب لوگ صاحب مزار کے مہمان ہوتے ہیں۔ اور مہمانوں کو تکنا صاحب مزار کو برا لگتا ہے۔ اگر روضۂ اقدس کے اندر یا باہر یا دربار کے علاقہ میں کوئی خرابی دیکھے یا کسی سے کوئی نازیبا حرکت سرزد ہو رہی ہو مثلاً کوئی ناچ رہا ہے۔ کوئی شور کر رہا ہے یا بات کر رہا ہے تو اس کی مزاحمت نہیں کرنی چاہیے بلکہ اپنے کام سے غرض رکھنی چاہیے۔ وجہ یہ ہے کہ بعض اوقات دربار میں اس قسم کی نازیبا حرکات میں بھی کوئی نہ کوئی حکمت ہوتی ہے۔ ایک حکمت تو یہ ہوتی ہے کہ محبوب کے حسین چہرہ پر اس کی زیبائش کو دوبالا کرنے کے لیے کوئی سیاہ تل ہونا چاہیے۔ چنانچہ ملنگوں کا ناچ اور دیوانوں کی سی حرکات تل کا کام دیتے ہیں۔ روایت ہے کہ

"ایک مرتبہ حضرت بہاؤالدین ذکریا ملتانی سے جو بڑے مالدار تھے ان کے ایک دوست نے طنزاً پوچھا۔ کہ اہل اللہ کے لیے مال و دولت کا ہونا کیسے ہے؟ آپ نے جواب دیا اس طرح جیسے حسین چہرہ پر سیاہ تل۔"

دوسری حکمت یہ ہے کہ دربار اقدس میں انوار و برکات کا اس قدر نزول ہوتا ہے کہ اس کو متوازن (COUNTERACT) کرنے کے لیے بدی کا عنصر ضروری ہوتا ہے۔ ورنہ انوار و برکات سے لوگوں کے دماغ اڑ جائیں اور وہ پاگل ہو جائیں۔

چنانچہ عارفین کا کہنا ہے کہ۔

دنیا میں بدی اور گناہ کا وجود بھی اسی مصلحت کے تحت ہے کہ حق تعالےٰ کی طرف سے اپنی مخلوق پر ہر وقت اس قدر نوازشات اور برکات کا نزول رہتا ہے کہ اگر برائی کا عنصر نہ ہو تو لوگ پاگل ہو جائیں۔ آپ نے نہیں دیکھا کہ جب آفتاب عالم اور آپ کے درمیان سیاہ بادل آ جاتا ہے تو کس قدر سکون نصیب ہوتا ہے۔ اس طرح بدی اور گناہ کا وجود رحمت حق کو متوازن و مفید بنانے کے لیے ہوتا ہے۔

آداب حاضری میں سے ایک ادب یہ ہے کہ وہاں کی کسی چیز کو برا نہیں کہنا چاہیے

Marfat.com

نہ کسی آدمی کو نہ کسی کام اور نہ کسی چیز کو۔ کیونکہ اس سے صاحب مزار ناراض ہوتے ہیں۔ یہاں تک کہ حکام اور خدام کی نکتہ چینی بھی نہیں کرنی چاہیے کیونکہ یہ سب چیزیں اسی خاص حکمت کے تحت ظہور پذیر ہوتی ہیں۔

سب سے ضروری بات ادب کی یہ ہے کہ صاحب مزار کے خاندان کے افراد کو عزت کی نگاہ سے دیکھنا چاہیے۔ خواہ ان کے اعمال کیسے ہی کیوں نہ ہوں۔ اس لیے کہ ہم نے صاحب مزار کے اس خون کی عزت کرنی ہے۔ جو خاندان کے افراد کی رگوں میں دوڑ رہا ہے۔ نیز جب ہر اس چیز کی مذمت سے پرہیز لازم ہے جو صاحب مزار سے کسی نہ کسی طرح منسوب ہے تو پھر صاحب مزار کی اولاد کو اس کلیہ سے کیوں مستثنیٰ کیا جائے۔ اگر کسی کی بداعمالی کی شکایت ہو تو یہ خیال کرے کہ سب سے بڑا گناہ گار میں خود ہوں۔ اگر اپنے آپ کو اچھا سمجھے گا تو شیطان کی سنّت پر عمل کرے گا۔ کیونکہ وہ بھی اپنے آپ کو اچھا کہہ کر برباد ہوا تھا۔

ایک اور بات جو یاد رکھنے کے قابل ہے سالک کو چاہیے کہ جس قدر فیضان صاحب مزار سے ملے اس کی حفاظت کرے اور بات چیت اور ہنسی مذاق میں ضائع نہ کرے۔ بلکہ جب گھر واپس جائے تو عرس کے دوران اس کو جو لطف ملا ہے اس سے فائدہ اٹھاتا رہے اور اس کے اوپر مزید عمارت تیار کرتا رہے۔ جب گھر پر یہ کام تن دہی سے کرتا رہے گا۔ اور جب دوسری بار مزار پر آئے گا تو فیضان پہلے سے بھی زیادہ ملے گا کیونکہ فیضان ہمیشہ ہر شخص کو ظرف اور استعداد کے مطابق ملتا ہے۔ جیسے شیرخوار بچے کے لیے پہلے ماں کا دودھ موزوں ہوتا ہے۔ پھر بکری کا دودھ، پھر گائے کا دودھ اور پھر بھینس کا۔ جب جوان ہو جاتا ہے تو پھر گوشت روٹی حلوہ سب کچھ ہضم کر جاتا ہے۔ اسی طرح شروع میں سالک کو بھی وہی کچھ ملتا ہے جسے وہ برداشت کر سکتا ہے۔ لیکن ملتا ضرور ہے اور سب کو ملتا ہے۔ خواہ نیک ہو یا بد۔ بلکہ بعض بد تو ایسے ہوتے ہیں جو شیخ کی نظروں میں نیکوں سے بھی اچھے ہوتے ہیں۔ اس کی ایک وجہ ہے اور وہ یہ کہ بد آدمی اس لیے بد بن جاتا ہے کہ اس کے اندر عشق و محبت کا غلبہ نیکوں سے زیادہ ہوتا ہے۔ نیک لوگ اپنے سے کم تر جذبۂ محبت پر غالب آ جاتے ہیں لیکن جن کا جذبۂ عشق و محبت ناقابل تسخیر اور ناقابل المغلوب ہوتا ہے تو وہ کنٹرول سے باہر نکل جاتے ہیں اور خلق کی نگاہوں میں بُرے بن جاتے ہیں۔ لیکن اہل اللہ کے نزدیک

Marfat.com

وہی لوگ زیادہ ترقی کرنے کے قابل ہوتے ہیں کیونکہ ان کے قلوب کے اندر راکٹ کا ایندھن موجود ہوتا ہے اور جب اہل اللہ اس کا کانٹا بدل کر اسے صحیح سمت میں چلاتے ہیں تو وہ اس قدر ترقی کرتے ہیں کہ نیک اور کم جذبۂ محبت والے لوگ دیکھتے رہ جاتے ہیں۔ تو کہنے کا یہ مطلب ہے کہ جو لوگ خلق کی نگاہوں میں بُرے شمار ہوتے ہیں۔ ان کو مایوس نہیں ہونا چاہیے۔ بلکہ وہ لوگ ایسا خام مال ہوتے ہیں جس کی ملک عشق و مستی میں بے حد مانگ ہے۔ اور اسی خام مال سے آگے چل کر غوث و قطب وجود میں آتے ہیں۔ چنانچہ صاحب مزار کی طرف سے سب کو فیض ملتا ہے، بُروں کو بھی اور اچھوں کو بھی۔ بعض اوقات بُروں کو زیادہ ملتا ہے۔ کیونکہ ان کے اندر استعداد عشق زیادہ ہوتی ہے۔

آداب حاضری ہی سے ایک ادب یہ بھی ہے کہ پیٹ بھر کھانا نہ کھائے، خاص طور پر جب روضۂ اقدس پر حاضری کے لیے جائے تو کھانا کم از کم دو گھنٹے پہلے کھایا ہو۔ کھانا کھا کر فوراً نہیں جانا چاہیے۔ اس سے فیضان حاصل نہیں کر سکے گا۔ فیض ملتا ہے لیکن آدمی اخذ فیض نہیں کر سکتا۔

دوسری بات یہ ہے کہ عین دوپہر کے وقت بھی مزارات کی حاضری درست نہیں۔ نصف النہار سے گھنٹہ بھر پہلے جائے یا بعد میں۔

یہ بات بھی آداب حاضری میں شامل ہے کہ پاک و صاف ہو کر جائے۔ غسل کرے تو اچھا ہے، کپڑے صاف ہونے چاہئیں۔ اور ہو سکے تو خوشبو لگا کر جائے۔ وضو بہت ضروری ہے اور بے وضو جانا سخت بے ادبی ہے۔ لیکن اخذ فیضان کے لیے باطنی طہارت سب سے زیادہ ضروری ہے، دل کو گناہوں اور فاسد خیالات سے پاک رکھنا چاہیے۔ دنیاوی حرص و ہوا سے سالک کی ترقی رُک جاتی ہے۔ دنیا کمانا بُرا نہیں اچھا ہے۔ لیکن جو چیز بُرائی ہے وہ یہ ہے کہ دنیا دل کے اندر داخل نہ ہو۔

ایک دفعہ حضرت شیخ بہاؤالدین زکریاؒ ملتانی قدس سرہٗ سے کسی دوست نے طنزاً کہا کہ آپ کے پاس اس قدر مال و دولت ہے کہ گھوڑوں کے کیل بھی سونے کے ہیں۔ آپ نے جواب دیا۔

الحمد للہ در گِل است نہ بدل

"یعنی خدا کا شکر ہے کہ سونے کے کیل گِل یعنی مٹی میں ہیں۔ دل میں نہیں۔"

Marfat.com

لیکن دنیا کو نصب العین اور منزلِ مقصود نہیں بنانا چاہیے۔ مومن کی منزلِ مقصود خدا ہے۔ قرآنِ عظیم ناطق ہے۔ وَاِلٰی رَبِّکَ مُنتَھٰھَا

"مومن کی منزلِ مقصود اللہ ہے"۔

عارف رومیؒ خوب فرما گئے ہیں ؎

چیست دنیا از خدا غافل بدن نے قماش و نقرہ و فرزند و زن !

آب زیرِ کشتی پستی است آب در کشتی ہلاک کشتی است

یعنی وہ دنیا جسے حدیث نے ( الدُنیا جیفۃٌ وطالبھا کلابٌ) دنیا مُردار ہے اور اس کا طالب کتا ہے کے مطابق بُرا کہا ہے وہ خدا سے غفلت کا نام ہے۔ نہ کہ مال و دولت اور بیوی بچے۔ دنیا کی مثال پانی کی سی ہے۔ جب پانی کشتی کے نیچے ہوتا ہے تو کشتی چلتی ہے اور جب پانی کشتی کے اندر چلا جاتا ہے تو کشتی تباہ ہو جاتی ہے"۔

اسی طرح دنیا کمانے والے کو چاہیے کہ دنیا کا طالب نہ بنے۔ بلکہ خدا کا طالب رہے۔ اور دنیا کو خدا تک پہنچنے کا ذریعہ بنالے۔ یہ دنیا اس صورت میں اس کے لیے نہ صرف حلال ہوگی بلکہ رحمت بن جائے گی۔ اگر دُنیا دل کے اندر گھر کر گئی تو پھر وہی حشر ہوگا جو اس کشتی کا ہوتا ہے جس کے اندر پانی چلا جاتا ہے۔ اس لیے

مزارات کی حاضری کے وقت دنیاوی خیالات ترک کر کے حرص و ہوا کو دل سے نکال دینا چاہیے اور دل کو پاک و صاف کر کے مراقب ہونا چاہیے۔

جب آپ کسی بادشاہ کو اپنے گھر پر دعوت دیتے ہیں تو پہلے گھر کی صفائی کرتے ہیں اور سب لوگوں کو وہاں سے نکال دیتے ہیں تو تب بادشاہ داخل ہوتا ہے۔ اگر بادشاہ کے علاوہ کوئی آپ کا یار دوست بھی گھر میں موجود ہوگا تو بادشاہ اپنی بے عزتی محسوس کرے گا۔ اس لیے جب خانۂ دل کو یار و اغیار سے خالی کرو گے تو دوست آئیں گے۔ ورنہ نہیں۔

نیز۔ اگر مختلف بزرگوں کے مزارات پر جانے کا ارادہ ہے تو پہلے چھوٹے بزرگ کے مزار پر جائیے۔ اس کے بعد بڑے بزرگ کی حاضری دے۔ پہلے بڑے بزرگ کے دربار پر جا کر پھر چھوٹے بزرگ کے دربار پر حاضری دینا۔ بڑے بزرگ کی بے ادبی ہے۔

Marfat.com

# باب نمبر ۳

## خلفائے کرام
## حضرت گنج شکر رحمۃ اللہ تعالیٰ

Marfat.com

# حضرت خواجہ گنج شکرؒ کے خلفاء اور خلفاء کے خلفاء

(تا زمانہ حال)

چونکہ ہماری کتاب کا موضوع "مقام گنج شکر" یعنی آں حضرت کے اعلیٰ و ارفع روحانی مقامات بیان کرنا ہے جس کے متعلق ہماری عقل دنگ، زبان گنگ اور قلم لنگ ہے۔ البتہ آپ کے بلند مقامات کا پتہ آپ کے عالی مقام خلفاء اور خلفاء کے خلفاء تا زمانہ حال سے کچھ نہ کچھ ضرور لگ سکتا ہے۔ مثلاً آپ کے ایک خلیفہ کا لقب محبوب الٰہی ہے اور وہ آپ کے ہاتھوں محبوب بنے ہیں، اب آپ خود قیاس فرما سکتے ہیں کہ جو شخص محبوب گر ہے اس کا اپنا مقام کیا ہو گا۔ خدا ہی بہتر جانتا ہے۔ چنانچہ حضرت اقدس کے خلفاء اور خلفاء کے خلفاء نے جو بلند مقامات حاصل کئے وہ بھی مقام گنج شکر کے کرشمے ہیں اور انہوں نے تبلیغ دین کے سلسلے میں جو کارہائے نمایاں انجام دیئے وہ بھی مقام گنج شکر کی آبیاری ہے۔

## حضرت خواجہ گنج شکرؒ کے خلفاء کی تعداد:

قبل ازیں کتاب ہذا میں آپ کے خلفاء کی تعداد گیارہ لکھی گئی ہے۔ اور خزینۃ الاصفیاء کے مصنف نے آپ کے خلفاء کی تعداد ۳۴ لکھی ہے۔ لیکن آپ کا سلسلہ صرف دو خلفاء یعنی حضرت سلطان المشائخ، خواجہ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہیؒ اور حضرت مخدوم علی احمد صابرؒ کے ذریعے جاری ہوا کیونکہ باقی تمام خلفاء کے سلاسل ان دو سلسلوں میں مدغم ہو گئے۔ لیکن اگر آپ کے خلفاء کے خلفاء اور پھر ان کے خلفاء تا زمانہ حال کا شمار کیا جائے تو صرف ہر خلیفہ کے دو خلفاء کا حساب لگانے سے زمانہ حال تک یعنی بیس روحانی پشتوں تک صرف حضرت خواجہ گنج شکر کے خلفاء در خلفاء کی کل مشائخ کی تعداد ساڑھے دس لاکھ ہو جاتی ہے اور قیامت تک کتنی تعداد ہو جائے گی علم ہندسہ کی وسعت سے باہر ہے۔

یہ ہے مقامِ گنج شکر کی ایک ادنیٰ سی جھلک۔ اب ہم سلسلہ عالیہ چشتیہ کی مختلف شاخوں کا ذکر کرتے ہیں

Marfat.com

# مشائخ چشتیہ نظامیہ

یہ سلسلہ حضرت سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی قدس سرہٗ سے شروع ہوتا ہے۔ صاحب خزینۃ الاصفیاء نے آپ کے خلفاء کی تعداد اٹھاون بتائی ہے۔ لیکن مرآۃ الاسرار میں ان کی تعداد دس لکھی گئی ہے۔ جن کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

حضرت خواجہ نصیرالدین چراغ دہلویؒ۔ حضرت شیخ شمس الدین محمدؒ۔ حضرت شیخ قطب الدین منورؒ۔ حضرت شیخ حسام الدین ملتانیؒ۔ حضرت شیخ فخرالدین زرادیؒ۔ حضرت شیخ علاؤالدین نیلیؒ۔ حضرت شیخ برہان الدین غریبؒ۔ حضرت مولانا وجیہہ الدین یوسفؒ۔ حضرت مولانا شہاب الدینؒ۔ حضرت مولانا اخی سراج الدینؒ۔

ان دس خلفاء جو عشرہ مبشرہ کے نام سے موسوم ہیں کے کارناموں، مساعی جمیلہ، منازل و مقامات، تصانیف وغیرہ کی تفصیل سے کتابیں بھری پڑی ہیں اس مختصر کتاب میں اس کی گنجائش نہیں ہے۔ اس لئے ہم صرف زیادہ مشہور حضرات کے خلفاء اور مختصر حالات پر اکتفا کریں گے۔

## حضرت خواجہ نصیرالدین محمود چراغ دہلویؒ:

آپ حضرت محبوب الٰہی کے بزرگ ترین خلیفہ تھے جو آپ کے بعد آپ کے جانشین ہوئے اور ایک جہان کو ہدایت بخشی۔ آپ نے بتیس سال تک حضرت محبوب الٰہی کی سجادگی کا حق ادا کیا۔

مرآۃ الاسرار کے مصنف[1] لکھتے ہیں کہ حضرت خواجہ نصیرالدین چراغ دہلویؒ اٹھائیس سال تین ماہ دو دن مقام قطبیت پر فائز رہے۔ اس کے بعد آپ مقام فردانیت میں چلے گئے اور پھر عالم بقاء کو رحلت فرمائی۔

---

۱۔ مصنف عبدالرحمٰن چشتی جنہوں نے جہانگیر اور شاہجہان کا زمانہ دیکھا ہے بلکہ خاندان مغلیہ کے روحانی متولی اور صاحب خدمت تھے۔ اس کتاب کا پہلی بار اردو ترجمہ راقم الحروف نے حسب فرمان حضرت شاہ شہید اللہ فریدیؒ کیا ہے۔

Marfat.com

حضرت خواجہ نصیر الدین محمود قدس سرہ' کے مقام کا اس بات سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ شاہباز طریقت حضرت بندہ نواز سید محمد گیسو دراز" اور حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت" اور حضرت میر سید محمد مکی" جیسے جلیل القدر اولیاء اللہ آپ کے خلفاء میں شامل ہیں۔ جن کا ذکر آگے آرہا ہے۔

## حضرت خواجہ نصیر الدین محمود" کے خلفاء :

آپ کے خلفاء کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ صاحبِ خزینۃ الاصفیاء نے آپ کے خلفاء کی تعداد سولہ لکھی ہے جن میں حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری قدس سرہٗ کے پوتے کے بیٹے حضرت خواجہ معین الدین خورد" بن خواجہ حسام الدین" بن خواجہ فخر الدین بن خواجہ بزرگ" بھی شامل ہیں۔ آپ کے خلفاء کی فہرست یہ ہے۔

حضرت بندہ نواز سیدؒ گیسو دراز"۔ حضرت مخدوم سید جلال الدین بخاری اوچی سہروردی"۔ حضرت میر سید محمد مکی" - حضرت مولانا خواجگی"' حضرت شیخ صدر الدین حکیم"۔ حضرت قاضی عبدالمقتدر"۔ حضرت شیخ سلیمان ردولوی"۔ حضرت شیخ متوکل کنتوری"۔ حضرت مولانا دانیال"۔ حضرت خواجہ معین الدین خورد"۔ حضرت سید محمد بن مبارک"۔ حضرت شیخ یوسف چشتی"۔ حضرت شیخ سعد اللہ بن شیخ متوکل۔ حضرت شیخ احمد تھانیسری"۔ حضرت قاضی محمد ساوی"۔ حضرت شیخ قوام الدین"۔ حضرت شیخ کمال الدین علامہ"۔ حضرت شیخ محمدؐ شادی"۔

## حضرت بندہ نواز سید محمد گیسو دراز":

آپ حضرت شیخ نصیر الدین محمود چراغ دہلوی" کے بزرگ ترین خلفاء میں سے تھے۔ آپ کا مقام بہت بلند تھا۔ غلبۂ عشق کی وجہ سے آپ اکثر بے پردہ کلام فرماتے تھے۔ چنانچہ آپ کے شیخ علیہ رحمتہ نے آپ کے متعلق فرمایا ہے کہ۔

ہر کہ مرید سید گیسو دراز شد     واللہ خلاف نیست آں عشق باز شد

Marfat.com

آپ کی تصانیف میں جوامع الکلم سب سے زیادہ مشہور ہے جو دراصل آپ کے ملفوظات کا مجموعہ ہے۔

اولیاء اللہ کے جسم کے اعضاء الگ الگ ہونے کا سبب :

آپ نے جوامع الکلم میں لکھا ہے ایک دن اجودھن (پاک پتن) میں شیخ الاسلام فرید الدین گنج شکر قدس سرہٗ کے پوتے شیخ منور فضل اللہ نے مجھ سے دریافت کیا کہ۔

"آپ کو اکثر لوگوں نے شیخ کے گنبد کے اندر سات ٹکڑے ہوا دیکھا ہے یہ کیا راز ہے؟"

میں نے کہا۔ "سبحان اللہ! مجھے کس نے دیکھا ہے؟ اور کون کہتا ہے۔ ہاں اگر آپ اس طرح سوال کریں کہ کتب سلوک میں لکھا ہے صوفی کی یہ حالت ہوتی ہے تو میں علی الا طلاق کہونگا"۔

شیخ فضل اللہ نے کہا "اچھا آپ علی الاطلاق ہی بتایئے"

میں نے کہا کہ "یہ تجلیِ جلالی کا اثر ہے۔ سالک پر اس حالت میں پہاڑ بھی گر جاتے اور پھٹ کر ریزہ ریزہ ہو جاتے ہیں۔ ایک آگ سی لگ جاتی ہے۔ یہ آگ جلانے والی آگ نہیں ہوتی لیکن اس آگ کے ہر شرارے میں صد ہزار آتش کی طاقت ہوتی ہے۔ جو صوفی کو ٹکڑے ٹکڑے کیا صد ہزار ٹکڑے کر دیتی ہے پھر ان پہاڑوں اور آگ کے درمیان ایک صورت ہوتی ہے جس کا مشاہدہ اس صوفی کے سوا کوئی نہیں کر سکتا۔ اس حالت میں ایک نہایت ہی جمیل اور لطیف صورت پیدا ہوتی ہے اور ان ٹکڑوں کو اپنی طرف بلاتی ہے۔ اور ہر ٹکڑہ دوڑ کر اسکی طرف آتا ہے۔ اسکے بعد قدرتِ حق اُس سے بھی زیادہ قوی زیادہ مکمل' اور زیادہ لطیف صورت حال میں دل حق تعالٰی کے ساتھ حاضر ہوتا ہے اور یہ بہشت ہے بلکہ ہزار بہشت بھی اس گھڑی پر قربان کر دی جائیں تو سستی ہے۔

بفراغ دل زمانے نظرے بہ ماہ روئے
بہ ازانکہ چتر شاہی ہمہ عمر وہا و ہوئے

حافظ

## مقامِ وصل سے مقامِ عشق بلند ہے :

آپ نے یہ بھی فرمایا کہ ہمارے مشائخ عاشق تھے لیکن حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ کے مرید واصلین وعارفین تھے۔ لیکن عشق اور جہان ہے۔

## آفاتِ طریقت :

آپ نے فرمایا عشق میں دو آفات ہیں۔ ایک آفتِ ابتدا دوسری آفتِ انتہا۔ آفتِ ابتدا یہ ہے کہ محبوب کی طلب میں اسے دل کے اندر اس قدر سوز و گداز ہوتا ہے کہ اس کے اندر گھر کر جاتا ہے۔ لیکن کچھ عرصہ بعد اسے اس درد و غم سے لذت کامل حاصل ہونے لگتی ہے۔ اور محبوب کے وصال کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ وہ سمجھتا ہے کہ اس درد و غم کے سوا چارہ نہیں لہٰذا اس حالت پر قناعت کر لیتا ہے کچھ عرصہ بعد یہ درد و غم اسکی طبیعت بن جاتی ہے۔ اور وہ اسکا خوگر بن جاتا ہے اور ذوقِ درد نہیں رہتا اور نہ لذت حاصل ہوتی ہے اس طرح وہ ٹھنڈا پڑ جاتا ہے اور ضائع ہو جاتا ہے۔ نعوذ باللہ من ذالک۔

آفت انتہائے عشق یہ ہے کہ جب محبوب کا وصال حاصل ہوتا ہے تو وصال کی لذت میں مشغول ہو جاتا ہے اور ہجر و فراق کی آگ بجھ جاتی ہے۔ کچھ عرصہ بعد وصال اسکی عادت بن جاتی ہے اور ذوقِ وصال بھی جاتا رہتا ہے۔ اور ان دونوں حالتوں میں محبوب کی خاطر ذوق و شوق اور راحت و خوشی نہیں رہتی وصالِ بے ذوق اور لذتِ غم بغیر فراق کس کام کی ہے لہٰذا سالک ٹھنڈا ہو جاتا ہے اور اسکے پاس کچھ نہیں رہتا۔ جب عشق چلا جاتا ہے تو وہ ذوقِ جمالِ محبوب سے محروم ہو جاتا ہے۔ نعوذ باللہ من ذالک۔ اگرچہ وصال ہوتا ہے ذوق نہیں ہوتا جس سے وہ راحت حاصل کرے۔ خالی وصال کس کام کا ہے؟۔

## عشق برخوردار کیا ہے :

لیکن عشق برخوردار ( کامیاب ) یہ ہے کہ ابتدائی حالت میں لذتِ فراق ' ذوقِ الم اور ہجر کی آگ (حرقت ہجر) میں مشغول رہے۔ اور انتہا میں وصال جس قدر زیادہ ہو اسکا ذوق و شوق بھی زیادہ تر ہوتا جائے۔ اور درد پر درد کا اضافہ ہوتا جائے اور ذوق حاصل ہو۔ یہ وہ

عاشق ہے کہ جسکی عاقبت بالخیر ہوتی ہے وہ اپنے عشق سے برخوردار ہوتا ہے اور حظِ کامل حاصل کرتا ہے۔ اگرچہ عارف اسے نقصان کے نام سے موسوم کرتا ہے۔ لیکن ذوق اسی میں ہے۔ شرط یہ ہے کہ نظر نفع و نقصان پر نہ ہو۔

## انتہائے عشق والی آفت کی ایک مثال :

آپ فرماتے ہیں کہ عوارف المعارف میں لکھا ہے کہ "کامل کو ذوقِ سماع نہیں ہوتا" لیکن یہ وہ کامل ہے جسے انتہائے عشق والی آفت لاحق ہو گئی ہے اور اسے ٹھنڈا کر دیا ہے۔ یعنی وصال اسکی عادت بن گئی ہے ذوق مفقود ہو گیا ہے اور صوفی سرد پڑ گیا ہے۔ انتہائے محمود یعنی وہ انتہا جو آفت عشق کی دوسری قسم سے محفوظ ہے اس شعر میں عیاں ہے ؎

عَجَبے نیست کہ سرگشتہ بود طالبِ دوست
عجب این است کہ من واصل و مہجورم

آپ نے فرمایا کہ سماع میں محمود حالت یہ ہے کہ بے خود نہ ہو جائے بلکہ باخود رہے یہ ہے کمالِ معرفت۔

## حضرت مولانا جمال الدین مغربی کو قائل کرنا :

حضرت بندہ نواز سید محمد گیسو درازؒ کی معرفت کا کمال ذیل کی حکایت سے واضح ہوتا ہے۔ آپ نے جوامع الکلم[!] میں لکھا ہے کہ مولانا جمال الدین مغربیؒ جن کی عمر اسی سال تھی اور میرے درمیان جبکہ میری عمر بیس سال تھی شیخ اکبر ابن عربیؒ کی کتاب فصوص الحکم کی ایک عبارت پر اختلاف رائے ہو گیا اور ہم دونوں چھ ماہ تک بحث کرتے رہے لیکن ایک دوسرے کو قائل نہ کر سکے۔ ایک دن مولانا جمال الدین نے کہا میر سید محمد ذرا رک جاؤ۔ جونہی میں نے خاموشی اختیار کی انہوں نے مراقبہ میں گردن جھکا لی۔ کچھ دیر بعد سر اٹھا کر

---

[!] اس کتاب کا بھی احقر راقم الحروف نے فارسی اردو میں ترجمہ کیا ہے۔ جو مراحل طباعت میں ہے۔

Marfat.com

کہنے لگے کہ میر سید محمد درویشوں کے درویش (سردار) ہیں۔ جس نے مجھے مسلمان کر دیا ہے۔ انہوں نے کانوں کو ہاتھ لگا کر کہا کہ جو شخص آپ سے سلوک طے کریگا۔ بحر مخصوص بن جائے گا۔ میں بھی اچھا بولنے والا تھا۔ لیکن اس نے مجھے قائل کر دیا۔

## شیخ اکبر سے اختلاف :

حضرت گیسو دراز کی معرفت اور بلندی مقام کا یہ کمال تھا کہ چند مضامین پر حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی قدس سرہ سے بھی آپ نے اختلاف کرتے ہوئے خاتمہ تصوف میں لکھا ہے کہ اگر ابن عربی میرے زمانے میں ہوتے تو میں ان کو اوپر لے جاتا اور بعض باتیں جو انہوں نے کہی ہیں نہ کہتے۔ یہ ہے کمالِ معرفت بندہ نواز سید محمد گیسو دراز کا جو حضرت خواجہ گنج شکر کے غلامان کے غلام تھے۔ اس سے حضرت گنج شکر کے مقام کا اندازہ ہو سکتا ہے۔

## حضرت میر سید محمد مکی :

حضرت شیخ نصیر الدین چراغ دہلوی کے ایک اور خلیفہ حضرت میر سید محمد مکی ہیں جو بڑے صاحبِ کمال بزرگ تھے۔ آپ شرفاء مکہ میں سے تھے۔ عرب سے ہندوستان آکر آپ نے سرہند شریف میں سکونت کی آپ کا مزار بھی وہاں ہے۔ آپ کے حالات تو بہت طویل ہیں۔ مختصر یہ کہ آپ بڑے صاحبِ علم اور صاحبِ تصنیف تھے۔ آپ نے یہ کتب تصنیف فرمائیں۔ بحر المعانی۔ دقائق المعانی۔ حقائق المعانی۔ رسالہ روح۔ رسالہ پنج نکات۔ اور بحر الانساب۔

اپنے شیخ سے محبت اور عقیدت اور نیاز کا یہ حال تھا کہ آپ پانچوں وقت اپنے شیخ کا وضو کراتے تھے اور شیخ کے لئے استنجا کے ڈھیلے اپنے چہرہ پر رگڑ کر ملائم کرتے تھے۔ آپ نے اپنے شیخ کی اجازت سے تین سو بیاسی مشائخ کی صحبت اختیار کی اور فیض حاصل کئے۔ آپ لکھتے ہیں کہ میں نے عبد مناف کے بھائی صفوان بن قیصر جو آنحضرت کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے تھے کی ایک غار میں زیارت کی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا سے انہوں نے طویل عمر پائی۔ جب میں نے ان کی زیارت کی تو اسوقت انکی عمر نو سو بیانوے (۹۹۲) سال تھی۔

## حلاج کا مقام:

آپ بحر المعانی میں لکھتے ہیں کہ ابن عربیؒ نے لکھا ہے کہ منصور حلاج پر تجلیٔ ذاتی ہوئی تھی۔ اور افراد کے مقام پر فائز تھے۔ لیکن یہ فقیر کہتا ہے کہ اگر ان پر تجلیٔ ذات ہوتی تو انا الحق بالکل نہ کہتے۔ اور حضرت بایزید بسطامیؒ بھی سُبحَانِی مَا اَعظَمَ شَانِی نہ کہتے۔ کیونکہ تجلیٔ ذات محویت ہے اسے کیا معلوم کہ میں کیا ہوں کون ہوں۔ مَنْ عَرَفَ اللہُ کَلَّ لِسَانُہٗ اسی تجلیٔ ذات کے متعلق ہے اور مَن عَرَفَ اللہَ طَالَ لِسَانُہٗ یہ تجلی میں استغراق ہے۔

بحر المعانی میں آپ لکھتے ہیں کہ خضر علیہ السلام مجھ سے سفر اور حضر میں سوال کرتے تھے لیکن میں ان سے بات نہیں کرتا تھا۔ اب بھی دریافت کرتے ہیں تو واللہ میں نہیں بتاتا۔ نیز فرمایا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام علمِ نبوت اور علمِ ولایت میں کامل تھے لیکن خضر کے تین علوم کے متحمل نہ ہو سکے اور خضر میرے ان کلمات میں سرگردان ہیں پس اے محبوب چونکہ موسیٰ علیہ السلام تین اسرار الٰہی کے متحمل نہ ہو سکے۔ تم گدائے کوچۂ محمدیؐ ہو۔ اس وجہ سے بحر المعانی کے تمام کلمات کے متحمل ہو گئے ہو۔ پس اگر موسیٰ علیہ السلام اس زمانے میں ہوتے تو ان سے کہا جاتا جو کہا جاتا۔ یہ ہے غلامانِ غلامانِ غلامِ خواجہ گنج شکرؒ کا مقام۔

بحر المعانی میں آپ نے یہ بھی لکھا ہے کہ سات محرم ۸۲۴ھ کو اس کتاب کا چھتیسواں باب لکھ رہا تھا اور اسرار عشق بیان کر رہا تھا کہ میری حالت دگرگوں ہو گئی۔ اس وقت میں نے سر زانوں پر رکھا تو حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ مسجد قبا میں تمام صحابہ کرام اور اولیاء اللہ یعنی حضرت علیؓ سے لیکر قطب عالم حضرت شیخ نصیر الدین چراغ دہلویؒ تک کے ساتھ تشریف فرما ہیں۔ آنحضرتؐ نے فارسی زبان میں فرمایا۔

"اے فرزندِ منْ لم یزل ولا یزال بحر المعانی را بیار"

میں نے فوراً چھتیس مکتوب پیش کر دئے۔ آنحضرتؐ نے نبوت کی سرعت سے اسے فوراً پڑھ کر فرمایا۔

الحمد للہ الذی انہمک یا ولدی عالم الاسرار

اے میرے بیٹے شکر ہے خدا کا جس نے تجھے عالم اسرار میں منہمک کیا ہے۔

Marfat.com

اسکے بعد فرمایا:

اَرشَدَکَ اللہُ فِی زِیَادَۃِ عِلمِک (اللہ تمہارے زیادتی علم میں برکت دے)

اور پھر فارسی زبان میں فرمایا:

"اے یاران این مصنف بحر المعانی مردیست کہ جمیع کلام مجید را معانی حقیقت بیان کند واگر علم از روئے زمین ہمیں شستہ شود ویک ورق نماندہ باشد وایں شخص قلم بر دست گیرد ہمہ علم راز سرِ نو بنویسد۔ فرمان شد کہ اے فرزندِ مستِ لم یزل ولایزال بیش ازیں اسرار در صحرا منہ کہ امور شریعت در جہاں قصور پرید دو اہل شریعت را در خواطر نفور گیرد۔ پس من نیز قبول کردم و بحر المعانی را ہم ازیں مکتوب سی و شش با تمام رسانیدم۔

اے یاران ! بحر المعانی کا یہ مصنف وہ مرد ہے جو تمام قرآن مجید کے باطنی مطالب بیان کرتا ہے۔ اور اگر تمام روئے زمین کا علم دھل جائے اور ایک ورق بھی باقی نہ رہے تو یہ شخص قلم ہاتھ میں لیکر تمام علم کو از سرِ نو لکھ سکتا ہے۔ اسکے بعد فرمان ہوا کہ اے فرزند مستِ لم یزل ولایزال اسکے بعد رموزِ حقیقت نہ بکھیر کیونکہ اس سے امور شریعت میں خلل واقع ہوتا ہے اور اہل شریعت کے دلوں میں نفرت پیدا ہوتی ہے۔ پس میں نے سرِ تسلیم خم کیا اور کتاب کو ان چھتیس بابوں پر ختم کیا۔"

یہ ہیں کمالات حضرت میر سید محمد مکیؒ کے جو حضرت گنج شکر قدس سرہٗ سے تیسری پشت پر تھے۔ اب آپ حضرت گنج شکر کے مقامات اور کمالات کا اندازہ خود کر سکتے ہیں۔

Marfat.com

## حضرت مخدوم جلال الدین بخاری اوچیؒ:

شہر اوچ شریف ضلع بہاول پور کی تحصیل احمد پور شرقیہ میں واقع ہے. جو شہر احمد پور سے تیرہ میل مغرب کی جانب دور احقر راقم الحروف کے شہر اللہ آباد سے شمال کی جانب بیس میل کے فاصلہ پر ہے۔ اس شہر میں قدیم زمانے میں مشائخ قادریہ اور سہروردیہ کے مزارات ہیں۔ قادریہ سلسلہ کے مزارات میں سے حضرت شیخ عبد القادر ثانیؒ کا مزار زیادہ مشہور ہے سہروردیہ مشائخ میں سے سب سے پہلے حضرت مخدوم سید جلال الدین بخاری گل سرخ ہیں جو حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی کے مرید تھے جنکو بعد میں خرقہء خلافت حضرت شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی قدس سرہ سے حاصل ہوا۔ حضرت مخدوم سید جلال الدین بخاری ثانیؒ آپ کے پوتے ہیں جنکو سلسلہ عالیہ سہروردیہ میں خلافت حضرت شیخ رکن الدین ابو الفتح ملتانی سے حاصل ہوئی جو حضرت شیخ صدر الدین کے بیٹے اور خلیفہ تھے اور آپ حضرت بہاؤ الدین ذکریا ملتانی کے بیٹے اور خلیفہ تھے۔ حضرت مخدوم جلال الدین بخاری ثانیؒ کو دوسری خلافت سلسلہ عالیہ چشتیہ میں حضرت خواجہ نصیر الدین محمود چراغ قدس سرہٗ سے ملی تھی وہ اس طرح کہ جب حضرت مخدوم جلال الدین بخاری اسلامی دنیا کی سیر کرتے ہوئے مکہ معظمہ پہنچے تو حضرت امام عبد اللہ یافعیؒ نے آپ سے کہا کہ اس وقت شیخ نصیر الدین محمودؒ نے دہلی میں چراغ روشن کر رکھا ہے ان سے فیض حاصل کرو۔ اسی روز سے حضرت شیخ کا لقب چراغ دہلی ہو گیا۔

حضرت مخدوم سید جلال الدین ثانیؒ بڑے بلند پایہ مشائخ میں سے تھے۔ اور آپ کے مساعی جمیلہ سے بہاول پور۔ بیکانیر۔ جیسلمیر اور سندھ کے علاقوں میں بیشتر کفار مشرف با اسلام ہوئے۔ آپ کے کمالات کا مفصل ذکر مرآۃ الاسرار میں آیا ہے۔ صاحب مرآۃ الاسرار لکھتے ہیں کہ جب حضرت اشرف جہانگیر سمنانیؒ جو اپنے زمانے کے غوث الوقت تھے حج بیت اللہ کو جاتے ہوئے راستے میں مخدوم جلال الدین جہاں گشتؒ کی خدمت میں اوچ شریف پہنچے تو حضرت مخدوم نے ان سے کہا کہ کل اس وقت میرے پاس آنا۔ جب دوسرے دن انکی خدمت میں حاضر ہوئے تو دیکھا کہ کمرے میں ان کا جسم ٹکڑے ٹکڑے ہوا پڑا ہے اور ہر عضو مختلف زبانوں میں تسبیح بیان کر رہا ہے جب انہوں نے جا کر اسلام علیکم کہا تو

Marfat.com

اعضا جمع ہو گئے اور آپ اٹھ بیٹھے اور فرمایا کہ آج ہم نے تم کو فلاں قطبیت کا فیضان دیا ہے۔ اس کے بعد فرمایا کل پھر اسی وقت آنا۔ جب دوسرے دن پہنچے تو دیکھا کہ حضرت مخدوم کا جسم اس قدر وسیع اور کبیر ہو چکا تھا کہ پورا کمرہ آپ سے بھر گیا تھا بلکہ کھڑکیوں سے گوشت باہر نکل رہا تھا۔ جب آپ نے اسلام علیکم کہا تو آپ کی حالت معمول پر آگئی اور فرمایا کہ آج ہم نے تجھے فلاں قطبیت کا فیضان دیا ہے۔ اس کے بعد فرمایا کہ کل پھر آنا۔ جب تیسرے دن آپ پہنچے تو دیکھا کہ آپ کا جسم شیشے کی طرح لطیف ہے۔ اس دفعہ آپ نے فرمایا کہ آج ہم نے تجھے فلاں قطبیت کا فیضان دیا ہے۔ یاد رہے کہ حضرت مخدوم جلال الدینؒ نے خود تین یا چار سو مشائخ سے خلافت حاصل کی تھی۔ آپ نے ساری اسلامی دنیا کا سفر کیا اس لئے آپ مخدوم جہانیاں جہاں گشت کے نام سے مشہور ہیں۔ سیر و سیاحت کی وجہ سے آپ کا رنگ سیاہی مائل ہو چکا تھا جب آپ مدینہ منورہ پہنچے تو لوگوں کو شبہ ہوا کہ آپ آلِ رسولؐ نہیں ہیں لیکن جب آپ نے روضہ اقدس پر حاضر ہو کر اسلام علیکم یا جدی کہا تو اندر سے آواز آئی و علیکم اسلام یا ولدی وانت امام المسلمین۔ یہ سن کر سارا شہر آپکی سیادت اور بزرگی کا قائل ہو گیا اور بڑی عزت و احترام سے پیش آئے۔ یہاں تک کہ جتنے تبرکات نبویؐ لوگوں کے پاس تھے وہ انہوں نے حضرت مخدوم کے حوالہ کر دیے چنانچہ اوچ شریف، جامع مسجد دہلی اور بادشاہی مسجد لاہور میں جتنے تبرکات موجود ہیں سب حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ کے لائے ہوئے ہیں۔

آپ کی بلند پایہ کتب کے مصنف بھی ہیں جن میں سے الدر المنظوم، خزینۂ جلالی اور مناقب قطبی زیادہ مشہور ہیں سلطان فیروز تغلق آپ کا عقیدتمند مرید تھا۔ سلطان ابراہیم شرقی بھی آپ کا راسخ العقیدہ مرید تھا۔

خلفاء :

مخدوم سید جلال الدین بخاری ثانیؒ کے خلفاء یہ ہیں۔ آپ کے برادرِ خورد حضرت صدر الدین راجو قتالؒ، حضرت شیخ اخی راج گیریؒ، حضرت قوام الدینؒ جو حضرت چراغ دہلویؒ کے مرید تھے۔ اور خلافت آپ سے حاصل کی تھی۔ حضرت سراج الدین سوختہؒ۔

Marfat.com

## حضرت مخدوم صدر الدین راجو قتال،

آپ اپنے والد مخدوم احمد کبیرؒ کے مرید و خلیفہ تھے اور ایک خرقۂ خلافت اپنے بڑے بھائی حضرت مخدوم جلال الدین بخاری ثانیؒ سے بھی حاصل کیا تھا۔ آپ کی مشغولئ بحق کا یہ عالم تھا کہ ہمیشہ استغراق میں رہتے تھے چنانچہ حضرت مخدوم جلال الدین فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے مجھے خلقت کے ساتھ مشغول کیا ہے اور شیخ راجو کو اپنے ساتھ۔ آپ بڑے مستجاب الدعوات تھے۔ منہ سے جو کچھ نکلتا تھا فوراً ہو جاتا تھا۔ آپ کا مزار مبارک اوچ شریف میں ہے۔

## شیخ سراج الدین سوختہؒ :

آپ بھی حضرت مخدوم جہانیاںؒ کے پیارے مرید اور خلیفہ تھے۔ حضرت مخدوم فرماتے ہیں کہ سراج الدین جب تک بیت اللہ کو نہیں دیکھ لیتا تکبیر تحریمہ نہیں کہتا۔

## حضرت شیخ اخی راج گیریؒ :

آپ کا اسم گرامی جمشید تھا۔ لیکن چونکہ حضرت مخدوم جہانیاں آپ کو اخی (بھائی) کہتے تھے آپ اخی کے نام سے مشہور ہو گئے۔ آپ کا توکل حد درجہ کا تھا۔ اور تمام دنیا سے آزاد تھے۔ آپ کا سلسلۂ نسب انبیاء بنی اسرائیل سے جا ملتا ہے۔ حضرت مخدوم نے آپ کو جون پور بھیج دیا تھا۔ آپ کا قربِ حق اس قدر بڑھ چکا تھا۔ کہ حضرت مخدوم کو غیبی اشارہ ہوا کہ ان سے دعا کرائیں۔ اس سے آپ کے مقام کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

## حضرت شیخ قوام الدینؒ :

آپ حضرت شیخ نصیر الدین محمود چراغ دہلویؒ کے مرید تھے۔ لیکن خلافت حضرت مخدوم جہانیاںؒ سے حاصل کی۔ آپ بڑے صاحبِ کمال تھے۔ اور شیخ راجن قتالؒ کے محرم راز تھے۔ حضرت شیخ محمد میناؒ جن کا مزار مبارک لکھنؤ میں ہے۔ شیخ قوام الدینؒ کے تربیت یافتہ تھے۔ لیکن کم عمر ہونے کی وجہ سے آپ کو اپنے خلیفہ شیخ سارنگ کے حوالے کر گئے تھے۔

Marfat.com

## حضرت شیخ سارنگؒ:

آپ حضرت شیخ قوام الدینؒ کے خلیفہ تھے اور بہت باکمال بزرگ تھے آپ اہل ہنود کے ایک معزز خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ جب اسلام قبول کیا تو آپکی ہمشیرہ کا عقد نکاح سلطان فیروز شاہ تغلق سے ہوا۔ آپ کا شمار بادشاہ کے اراکین سلطنت میں ہوتا تھا۔ ولایت مالوہ میں شہر سارنگ پور آپ کا آباد کیا ہوا ہے۔ آپ شروع میں مُلک سارنگ کے نام سے مشہور تھے۔ جب مخدوم جہانیاں اور حضرت شیخ صدر الدین راجو قتال اوچ شریف سے دہلی تشریف لے گئے اس وقت مُلک سارنگ ایک صاحبِ جمال نوجوان تھے۔ سلطان فیروز شاہ اکثر کھانا وغیرہ ملک سارنگ کے ہاتھ حضرت مخدوم کی خدمت میں بھیجا کرتا تھا۔ ایک دفعہ ملک سارنگ نے کھانا حضرت مخدوم جہانیاںؒ اور حضرت راجو قتالؒ کے ساتھ بیٹھ کر کھایا تو نور معرفت آپ کے دل میں سرایت کر گیا۔ اور آپ کی حالت دگرگوں ہو گئی۔ چند روز کے بعد شیخ قوام الدین سے بیعت کرلی۔ ایک دفعہ بال بچوں سمیت پاپیادہ حج کو روانہ ہوئے تو شاہی مزاج کی وجہ سے پاؤں میں آبلے پڑ گئے۔ اور قافلے سے پیچھے رہ گئے۔ تین دن کے بعد اپنے اہل و عیال سے کہا کہ آنکھیں بند کرو اور میرے پیچھے تین قدم چلو۔ جب تین قدم چلنے کے بعد انہوں نے آنکھیں کھولیں تو اپنے آپ کو قافلے کے قریب پایا۔ اور منزل مقصود تک پہنچ گئے۔ اس کے بعد گھر واپس آئے اور شیخ یوسف بدھ ایرجیؒ کی خدمت میں رہنے لگے اور خلافت پائی۔ اسکے بعد خلق خدا سے تنگ آکر ویرانے میں سکونت اختیار کرلی۔ اس جگہ پر اب شہر سارنگپور آباد ہے۔ اس اثنا میں حضرت مخدوم راجن قتالؒ نے بھی مشائخ چشتیہ اور سہروردیہ کا خلافت نامہ آپ کے گھر بھیج دیا۔ اگرچہ سلاطین وقت نے کئی ہزار بیگھے اراضی لنگر کے لئے وقف کی لیکن آپ نے قبول نہ فرمائی اور کہا کہ اس بلا سے ابھی نجات ملی ہے دوبارہ گرفتار نہیں ہونا چاہتا۔ پس آپ نے ہمیشہ فقر و فاقہ کی زندگی بسر کی اور ہمت و استقلال سے رہے۔ آپ کے کمالات کا اندازہ اس بات سے ہو سکتا ہے کہ حضرت شیخ محمد میناؒ جیسے بڑے مشائخ آپ کے مرید و خلیفہ ہیں۔

Marfat.com

## حضرت شیخ محمد میناؒ:

حضرت شیخ محمد میناؒ چشتیؒ صاحب ذوق و سماع تھے۔ اور مسلک مشائخ چشت کو بوجہ احسن پھیلایا۔ آپ کا نزول بہت قوی تھا۔ مطلب یہ کہ شان بقاباللہ پر آپ ثابت قدم تھے۔ اور استغراق سے بالاتر تھے۔ یہ بہت بڑا مقام ہے۔ آپ اپنے زمانے کے قطب تھے۔ اور ایک جہان آپ سے فیض یاب ہوا۔ مخدوم صفی شاہی پوری اور مخدوم سعد خیر آبادیؒ حضرت شیخ محمد میناؒ کے خلفا تھے۔ جو بڑے صاحب کمال بزرگ تھے۔ حضرت میر سید خورد زید پوریؒ حضرت مخدوم سعد خیر آبادیؒ کے مرید و خلیفہ تھے یہ سلسلہ زمانہ حال تک بفضلہٖ تعالیٰ جاری ہے۔ لیکن تفصیل کی یہاں گنجائش نہیں ہے۔ ہمارے دوست پروفیسر یوسف زاہد فیصل آبادی کو اسی سلسلہ عالیہ میں خلافت حاصل ہے۔ پروفیسر صاحب کو زبان فارسی میں کمال حاصل ہے اور شعر بھی کہتے ہیں۔ آج کل آپ مشائخ عظام کا عارفانہ کلام جمع کر رہے ہیں۔ یہ بہت بڑی خدمت ہے۔

## حضرت شیخ اختیار الدینؒ:

آپ حضرت شیخ نصیر الدین چراغ دہلویؒ کے خلیفہ شیخ محمد شادیؒ کے مرید و خلیفہ تھے۔ شیخ یوسف بدھ ایرجیؒ نے شیخ اختیار الدینؒ سے بھی خرقہ خلافت حاصل کیا۔ آپ کا وصال سماع میں ہوا۔ شیخ یوسفؒ نے امام غزالی کی کتاب منہاج العابدین کا ترجمہ کیا ہے۔ شیخ سارنگؒ نے بھی شیخ یوسف بدھؒ سے ایک خرقۂ خلافت حاصل کیا۔ اور رسالہ مکیہ آپ سے پڑھا۔

## میر سید ید اللہؒ:

آپ حضرت بندہ نواز سید محمد گیسو دراز قدس سرہ ' کے پوتے ' مرید اور خلیفہ ہیں شیخ اشرف جہانگیر سمنانیؒ آپ کے ہم عصر تھے اور انکی ملاقات بھی حاصل ہوئی ہے۔ آپ کو ایک حسینہ و جمیلہ عورت سے محبت تھی۔ جب شادی ہوئی تو اسے دیکھتے ہی جاں بحق ہو گئے۔ جب دلہن نے انکو گلے لگایا تو وہ بھی جاں بحق ہو گئی۔ اور دونوں کو ایک ہی قبر میں دفن کیا گیا

Marfat.com

## حضرت شیخ پیاراؒ :

آپ حضرت شیخ یداللہ کے مرید و خلیفہ تھے شروع میں آپ حضرت بندہ نواز گیسو دراز کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا کہ تم جس جگہ عاشق ہوئے ہو ڈر کے مارے بتاتے نہیں ہو صاف بتادو انہوں نے کہا کہ میں ایک ہندو عورت پر عاشق ہو گیا لیکن کسی طرح وصال نہیں ہوتا تھا آخر میں نے زنار باندھا اور جب وہ بت خانہ کو عبادت کیلئے جاتی میں بھی چلا جاتا تھا تاکہ دیدار کر سکتا۔ یہ سن کر حضرتِ بندہ نواز نے ان کو بغل میں لیا اور فرمایا تو بڑا عالی ہمت ہے طریق عشق سیکھنے کا تجھ سے کون زیادہ مستحق ہے کہ تم نے ایمان جیسی چیز عشق مجازی پر قربان کر دی۔ آؤ اب ہم تجھے عشقِ حقیقی سکھاتے ہیں۔ چنانچہ آپ نے انکو حضرت خواجہ گنج شکرؒ کے حجرہ میں جو حضرت خواجہ قطب صاحبؒ کے احاطے میں ہے چلہ کا حکم دیا جس سے وہ انکشاف معرفت کے قابل ہو گئے۔ بندہ نوازؒ کے وصال کے بعد آپ حضرت شیخ یداللہؒ کے مرید ہوئے اور مرتبہ تکمیل کو پہنچے۔ چنانچہ حضرت شاہ جلال گجراتیؒ جیسے شاہ باز آپ کے مرید ہوئے شیخ پیاراؒ کا سلسلہ شاہ جلال گجراتی اور شیخ مصباح العاشقین کے ذریعے بہت پھیلا۔

## حضرت شیخ علاء الدین قریشیؒ :

آپ بھی حضرت بندہ نواز گیسو درازؒ کے مرید و خلیفہ ہیں۔ آپ ترک و تجرید میں اعلیٰ مقام رکھتے تھے اور ساری زندگی اسی طرح بسر کی۔ آپ کا مزار کالپی میں ہے۔

## حضرت شیخ فتحؒ :

آپ حضرت شیخ صدر الدین حکیمؒ کے خلیفہ تھے۔ جو حضرت نصیر الدین چراغ دہلویؒ کے خلیفہ تھے۔ آپ شیخ اودھیؒ کے نام سے مشہور ہیں۔ آپ بڑے عالم تھے اور مدت تک درس دینے کے بعد آپ شیخ صدر الدین حکیمؒ کے مرید ہوئے۔ کافی عرصہ مجاہدات کرتے رہے لیکن لطف نہ آیا۔ آخر اپنے شیخ سے شکایت کی تو آپ نے فرمایا کہ درس بند کر دو۔ اور کتابیں کسی کو دیدو۔ اس سے آپ کا قلب ماسویٰ اللہ سے دور ہو گیا۔ اور علم باطنی نے قرار پکڑ لیا۔

Marfat.com

## شیخ قاسم اودھیؒ:

آپ شیخ فتح اودھیؒ کے خلیفہ تھے۔ آپ نے ایک رسالہ لکھا جس کا نام آدابُ السالکین ہے۔

## شیخ محمدؒ عیسیٰ تاج جونپوریؒ:

آپ بھی شیخ فتح اللہ اودھی کے خلیفہ ہیں۔

## مخدوم ابوالفتح جونپوریؒ:

آپ اپنے داد قاضی مقتدرؒ کے خلیفہ ہیں جو حضرت شیخ نصیرالدین چراغ دہلویؒ کے خلیفہ ہیں۔ آپ فقراور ذوق سماع میں بے نظیر تھے۔ بادشاہ ابراہیم شرقی آپ کا بڑا معتقد تھا۔ جب آپ جونپور تشریف لے گئے تو دیوار کے سائے میں بیٹھے رہتے تھے۔ کافی مدت تک آپ نے فقروفاقہ میں زندگی بسر فرمائی۔ آخر بادشاہ ابراہیم شرقیؒ کو جب علم ہوا تو اس نے رہائش کا انتظام کر دیا۔

## حضرت شیخ فخرالدین بجلوریؒ:

آپ حضرت ابوالفتح جونپوریؒ کے خلیفہ ہیں۔ آپ کا سلسلہ علاقہ لکھنو میں آج تک جاری ہے۔

## شیخ عبدالسلام پراںؒ:

آپ شیخ فخرالدینؒ کے مرید و خلیفہ تھے آپ سیرِ معنوی میں بے نظیر تھے اس لئے آپ عبدالسلام پراںؒ (اڑنے والے) مشہور ہو گئے۔

Marfat.com

## میر سید علاءُ الدین اودھی ؒ:

آپ حضرت شیخ عبدالسلام پراں ؒ کے مرید و خلیفہ ہیں۔ آپ بغداد سے چل کر طلبِ حق میں ہندوستان آئے۔ آپ بڑے صاحبِ سماع اور صاحبِ ارشاد تھے۔

## شیخ محمد آ بکش:

آپ شیخ ابو الفتح ؒ کے مرید و خلیفہ تھے آپ توکل میں نہایت ثابت قدم تھے۔ شیخ اسماعیل ؒ اور شیخ جہاں ؒ آپ کی اولاد میں سے ہیں۔ آپ کا مزار جونپور میں ہے اور وہاں کے صاحبِ ولایت آپ ہیں۔

## شیخ حسام الدین ؒ:

آپ شیخ عبدالمقتدر ؒ کے مرید و خلیفہ ہیں جو حضرت شیخ نصیرالدین چراغ دہلوی ؒ کے خلیفہ ہیں۔ آپ بڑے عالم اور محقق شاعر تھے۔ آپ فرماتے ہیں کہ زہے صحبتِ مشائخ جہاں شیطان کا گزر نہیں ہو سکتا۔

تا ز میخانہ و مے نام و نشاں خواہد بود
سرِ ما خاکِ رہِ پیرِ مغاں خواہد بود
بر زمینے کہ نشانِ کفِ پائے تو بود
سالہا سجدۂ صاحب نظراں خواہد بود

Marfat.com

# مشائخِ گجرات (ہند)

## حضرت خواجہ کمال الدین علامہؒ:

آپ حضرت شیخ نصیر الدین چراغ دہلویؒ قدس سرہٗ کے خلیفہ اور بھانجے تھے۔ آپ بہت بڑے عالم تھے اور تمام علوم اسلامیہ مثل تفسیر، حدیث، فقہ وغیرہ میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ اس لئے آپ علامہ کے لقب سے مشہور ہوئے۔ صاحب تکملہ سیر الاولیاء، حضرت مولانا گل محمد صاحبؒ احمد پوری جو حضرت خواجہ محمد عاقل قدس سرہٗ کے اکابر خلفاء میں سے بھی تھے فرماتے ہیں کہ مجالس حسینیہ میں لکھا ہے کہ حضرت خواجہ کمال الدینؒ کو حضرت سلطان المشائخ قدس سرہٗ نے بھی خلافت عطا فرمائی تھی۔ اس لئے حضرت چراغ دہلویؒ آپ کی بے حد عزت کیا کرتے تھے۔ بندہ نواز گیسو درازؒ نے بھی اپنی تالیفات میں ان کے بہت مناقب بیان کئے ہیں اس لئے سلطان فیروز تغلق اور اس کے امراء و وزراء سب کو آپ سے بہت عقیدت تھی۔ آپ نے سات حج کئے۔ پہلی مرتبہ جب حج کو گئے تو حضرت سلطان المشائخؒ نے ان کو اپنی پوشاک پہنا کر روانہ فرمایا۔ وہاں سے آپ خراسان تشریف لے گئے اور مختلف سلاطین نے شرف قدم بوسی حاصل کیا۔ اور بیش بہا تحائف پیش کئے۔ جب دہلی تشریف لائے تو سونے چاندی کے تحائف سے لدے ہوئے اونٹ ساتھ لائے۔ حضرت خواجہ نصیر الدینؒ نے یہ دیکھ کر فرمایا کہ کمال الدین یہ دنیا کہاں سے لائے ہو۔ انہوں نے عرض کیا کہ میں نے راستے میں سنا تھا کہ حضرت سلطان المشائخ رحلت فرما چکے ہیں اور شیخ نصیر الدینؒ ان کے سجادہ نشین ہوئے ہیں اگر خالی ہاتھ آتا تو برا لگتا تھا لہٰذا مال و دولت لایا ہوں تاکہ اسے علماء و صلحا پر خرچ کیا جا سکے اور تجرد کی زندگی بسر کر سکوں۔ مجالس حسینیہ میں لکھا ہے کہ

---

☆ تکملہ سیر الاولیاء کے مصنف حضرت مولانا گل محمد ہیں جن کا مزار احمد پور شرقیہ میں مرجع خلائق ہے۔ آپ نے اس کتاب میں اپنے زمانے تک تمام مشائخ کا حال بیان فرمایا۔ آپ کا سلسلہ چشتیہ نظامیہ ہے جو حضرت مولانا فخر دہلویؒ تک جا ملتا ہے۔

Marfat.com

حضرت مخدوم جلال الدین بخاریؒ نے شرح مشارق حضرت کمال الدین علامہ سے سبقاً پڑھی تھی☆۔ مولانا شمس الدین اور مولانا جلال الدینؒ بھی شریک درس ہوتے تھے۔ تکملہ میں یہ بھی لکھا ہے کہ حضرت مخدوم جہانیاں فرمایا کرتے تھے کہ حضرت شیخ نصیر الدین محمودؒ نے جو خلافت نامہ آپ کو عطا فرمایا تھا۔ وہ شیخ کمال الدینؒ نے تحریر کیا تھا۔ اور اس پر اپنے دستخط ثبت کئے تھے۔ مجالس حسینیہ میں آپ کی تاریخ وفات ۲۷/ ذیقعد ۷۵۶ھ ہے آپ کا مزار مبارک دہلی میں حضرت چراغ دہلویؒ کے قرب میں واقع ہے۔

## حضرت شیخ سراج الدینؒ :

مجالس حسینیہ میں لکھا ہے کہ حضرت شیخ سراج الدینؒ کو چار سال کی عمر میں حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلویؒ سے خلافت عطا ہوئی۔ اور بڑے ہو کر اپنے والد ماجد حضرت شیخ کمال الدین علامہؒ سے بھی خلافت پائی۔ حضرت شیخ سراج الدین علامۂ دہر اور زہد و تقوی میں بے نظیر تھے۔ سلطان فیروز شاہ نے آپ کو گجرات سے دکن آنے کی دعوت دی اور سات ہزار روپے (تنکہ) زادِ راہ کے لئے پیش کیا لیکن آپ نے مشائخ چشت کی سنت پر عمل کرتے ہوئے قبول نہ فرمایا۔ مجالس حسینیہ میں لکھا ہے کہ حضرت خواجہ نصیر الدینؒ کے وصال کے بعد ایک مرتبہ جب حضرت مخدوم جہانیاںؒ دہلی گئے۔ تو علماء کی ایک مجلس میں حضرت سراج الدینؒ بھی موجود تھے اور نہایت ادق سوالات کا جواب بآسانی دے رہے تھے۔ جب مخدوم جہانیاںؒ کو معلوم ہوا کہ یہ حضرت شیخ کمال الدینؒ کے فرزند ہیں تو ان کے پاس جا کر معذرت چاہی کہ آپ کے ساتھ علمی بحث کی۔ نیز یہ بھی بتایا کہ میں آپ کے والد ماجد کے شاگردوں میں سے ہوں اور حضرت چراغ دہلویؒ نے جو منشور خلافت مجھے عطا فرمایا وہ آپ کے والد بزرگوار نے تحریر کیا تھا۔ یہ سن کر انہوں نے بھی معذرت کی اور فرمایا سبحان اللہ! کیسی عجب صحبت تھی۔ آپ کی تاریخ وصال ۲۱ جمادی الاول ۸۱۷ھ ہے۔ مزار مبارک بمقام پٹن ضلع گجرات (ہند) قلعہ نہروالہ کے اندر ہے۔

---

★اس کتاب کے مصنف شیخ محمد بن شیخ حسن محمدؒ ہیں۔

Marfat.com

## حضرت شیخ علم الدینؒ:

آپ نے خرقہ خلافت اپنے والد ماجد حضرت شیخ سراج الدینؒ سے حاصل کیا اور خلیفہ جانشین ہو کر والد کی مسند پر متمکن ہوئے۔ آپ نے ۲۶ صفر کو رحلت فرمائی سال وصال کا علم نہیں ہو سکا مزار پٹن میں ہے۔

## حضرت شیخ محمود معروف بہ شیخ راجنؒ:

آپ حضرت علم الدینؒ کے فرزند اور خلیفہ تھے۔ آپ کو سلسلہ عالیہ سہروردیہ میں بھی حضرت شیخ قارن الدین سہروردیؒ سے خلافت حاصل تھی اور شیخ قارن الدین کو خلافت حضرت قاضی علم الدین سہروردیؒ سے تھی جو حضرت مخدوم صدر الدین راجن قتالؒ کے خلیفہ تھے۔ قاضی علم الدین کا مزار اوچ ہی بتایا جاتا ہے لیکن معروف نہیں ہے۔

حضرت شیخ راجنؒ نے احمد آباد میں رحلت فرمائی لیکن پانچ ماہ بعد آپ کے جسد عنصری کو پٹن قلعہ نہروالہ میں منتقل کیا گیا۔ آپ کا وصال ۱۲/ صفر ۹۰۰ھ میں ہوا۔

## حضرت شیخ جمال معروف بہ شیخ جمنؒ:

آپ حضرت شیخ راجنؒ کے فرزند اور خلیفہ تھے۔ آپ کا وصال ۲۰/ ذوالحجہ کو ہوا اور اپنے والد کے پاس پٹن میں دفن ہوئے۔

## حضرت حسن محمدؒ:

آپ شیخ احمد کے بیٹے تھے جو میاں جیو کے نام سے معروف تھے آپ حضرت شیخ کمال الدینؒ کی اولاد میں سے تھے۔ یعنی میاں جیو بن شیخ نصیر الدین بن شیخ مجد الدین بن شیخ سراج الدین بن شیخ کمال الدین۔ اس لحاظ سے آپ حضرت شیخ جمنؒ کے بھتیجے بھی تھے اور خلیفہ بھی۔ مجالس حسینیہ آپ کے ملفوظات کا مجموعہ ہے جو آپ کے خلیفہ شیخ محمدؒ نے جمع

Marfat.com

کیے ہیں۔ آپ کی تصانیف میں تفسیر محمدیؒ تقسیم الاوراد ' رسالہ چہار برادران ' حاشیہ تفسیر بیضادی اور حاشیہ قوت القلوب بر شرح مطالع ' حاشیہ نزہت الارواح ' زیادہ مشہور ہیں آپ کی تصانیف کی کل تعداد بیالیس ہے۔ آپ بڑے صاحبِ کشف و کرامات تھے۔ آپ کے خلفاء کی تعداد بھی کافی زیادہ ہے۔ حضرت شیخ حسن محمدؒ کو سلسلہ قادریہ میں حضرت شیخ محمد غیاث نور بخشؒ سے بھی نسبت حاصل تھی۔ اور خرقہ خلافت ان سے حاصل کیا۔ چنانچہ نسبت قادریہ اب تک سلسلہ عالیہ چشتیہ میں جاری ہے۔ خلاصۃ الغوائد میں لکھا ہے کہ حضرت شیخ کلیم اللہ جہاں آبادیؒ نے اپنے بیٹوں کو سلسلہ عالیہ قادریہ میں داخل کر دیا تھا۔ آپ فرماتے تھے کہ سلسلہ عالیہ چشتیہ میں بڑی محنت کی ضرورت ہے اور حضرت غوث الاعظمؓ کا دامن بڑا فراخ ہے جس میں ہر شخص کے چھپنے کی گنجائش موجود ہے حضرت شیخ حسن محمدؒ کا وصال ۲۸/ ذیقعد ۹۸۲ھ کو ہوا۔

### حضرت شیخ محمدؒ :

آپ حضرت شیخ حسن محمدؒ کے بیٹے اور خلیفہ تھے آپ جمیع کمالات ظاہری و باطنی کے جامع تھے۔ آپ ۴۲ کتابوں کے مصنف تھے۔ تفسیر محمدیؒ آپ نے لکھی ہے۔ آپ کی تصنیف رسالہ الہامات ہے جس میں آپ نے نکاتِ معرفت بیان فرمائے ہیں۔ آپ کی تاریخ وصال ۱۹/ ربیع الاول ۱۰۴۰ھ ہے۔

### حضرت یحییٰ مدنیؒ :

آپ حضرت محمدؒ کے بیٹے اور شیخ حسن محمدؒ کے پوتے ہیں۔ آپ نے خرقہ خلافت اپنے جدامجد سے حاصل کیا۔ آپ کا لقب محی الدین ہے۔ روایت ہے کہ آپ کو سرور کائنات فخر موجودات علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خواب میں فرمایا کہ :

"اے یحییٰ ہمارا دل چاہتا ہے کہ تم ہمارے پاس مدینہ میں رہو"

اس بشارت کی بنا پر آپ گھر بار چھوڑ کر مدینہ منورہ چلے گئے اور وہیں آپ کا مدفن ہے تاریخ وصال ۲۸/ صفر ۱۱۲۲ھ ہے

Marfat.com

## حضرت شیخ کلیم اللہ جہاں آبادیؒ:

آپ قریشی تھے۔ آپ حضرت یحییٰ مدنیؒ کے مرید و خلیفہ ہیں۔ آپ صاحبِ تصنیف ہیں۔ آپ کی تصانیف میں سواء السبیل، تسنیم، عشرہ کاملہ، قرآن القرآن، مرقعہ شریف، کشکول کلیمی شامل ہیں۔ جو مشائخ چشتیہ میں دستور العمل یا کتب درسیہ کی حیثیت رکھتی ہیں۔ اور حقائق و معارف کا خزینہ ہیں۔ ہر سالک کے لئے ان کا مطالعہ باعثِ ترقیٔ درجات ہے۔

جہاں آباد کے ایک مجذوب کے کہنے پر آپ نے مدینہ منورہ کا سفر کیا اور حضرت یحییٰ مدنیؒ سے بیعت ہوئے۔ انہوں نے تھوڑے عرصے کے بعد رخصت کر دیا۔ جب آپ مکہ مُعَظّمَہ پہنچے تو جو شخص آپ کو دیکھتا تھا یہی کہتا تھا کہ قطب عالم آ رہے ہیں۔ جہاں آباد پہنچ کر آپ درس و تدریس میں مشغول ہو گئے۔ آپ ایک حویلی کے مالک تھے جس کا کرایہ ڈھائی روپے ماہانہ ملتا تھا اور اس پر آپ کی گزر اوقات تھی۔ دو روپے ماہانہ آپ کا خرچ تھا اور آٹھ آنے ماہوار پر ایک مکان کرایہ پر لے رکھا تھا۔ بادشاہ فرخ سیر نے بارہا عرض کیا کہ آپ بیت المال سے کچھ قبول کر لیا کریں لیکن آپ ہمیشہ انکار کرتے تھے۔ اس نے آپ کی رہائش کے لئے ایک حویلی پیش کی تو وہ بھی آپ نے مسترد کر دی۔ بادشاہ نے حاضر خدمت ہونے کی التجا کی تو آپ نے انکار کر دیا۔ آپ جمعہ کے دن نماز کے لئے جاتے تھے۔ بادشاہ بھی مسجد میں موجود ہوتا تھا لیکن اس کو جرأت نہیں ہوتی تھی کہ بلا اجازت حاضر خدمت ہو سکے اس سے ظاہر ہے کہ حقیقت میں بادشاہ کون تھا۔

حضرت شیخ کلیم اللہ جہاں آبادی کی تاریخ وصال ۲۴/ ربیع الاول ۱۱۴۲ھ ہے اور مدفن دہلی ہے۔ آپ کو سلسلہ عالیہ قادریہ، نقشبندیہ اور سہروردیہ میں نسبت و خلافت حاصل ہوئی تھی۔

## حضرت شیخ نظام الدینؒ:

آپ حضرت صدیق اکبرؓ کی اولاد میں سے ہیں۔ مناقبِ فخریہ میں لکھا ہے کہ آپ کے ایک لاکھ سے زیادہ مرید تھے۔ جن میں اکثر صاحبِ حال اور اہلِ کمال تھے۔ آپ حضرت شیخ

کلیم اللہ جہاں آبادیؒ کے مرید و خلیفہ تھے۔ حضرت شیخ نے آپ کو خلافت دیکر دکن بھیج دیا۔ آپ کے اقوال رسالہ نظام القلوب میں درج ہیں۔ اس رسالہ میں ذکر پاس انفاس کے متعلق لکھتے ہیں۔

"اگر تم مرد عاقل ہو تو ذکر "پاس انفاس" جاری رکھو۔ دونوں جہاں ایک لمحہ میں تمہاری ملکیت ہو جائیں گے۔ شغل پاس انفاس مردان خدا کے ہاتھ کی ایسی تلوار ہے کہ جس سے شیطان خناس کی گردن کٹ جاتی ہے تیرے لئے سارے جہان میں صرف ایک حرف کافی ہے کہ تیرے سینے میں اسم الٰہی کے سوا کوئی سانس باہر نہ آئے۔ اگر تو پاس انفاس پر عمل کرتا رہے گا تو اس کی بدولت سلطان جہاں ہو جائے گا"۔

"شغل پاس انفاس" کرنے کے کئی طریقے ہیں سب سے آسان طریقہ یہی ہے کہ سانس اندر جاتے وقت اسم مبارک اللہ دل میں کہے (نہ کہ زبان سے) اور سانس باہر جاتے وقت لفظ "ھو" دل میں کہے۔

آخر عمر میں آپ پر استغراق کا غلبہ رہتا تھا۔ آپ کی تاریخ وصال ۲۴/ ذلقعد ۱۱۶۲ھ ہے۔ مدفن دہلی ہے۔

## حضرت مولانا فخرالدینؒ:

آپ حضرت خواجہ نظام الدین اورنگ آبادیؒ کے فرزند اور خلیفہ ہیں۔ آپ کی والدہ ماجدہ حضرت بندہ نواز گیسودرازؒ کی اولاد میں سے تھیں۔ آپ عالم متبحر تھے۔ آپ نے فصوص الحکم میاں محمد جانؒ سے پڑھی تھی جن کو شیخ الاکبرؒ کی کتب پر عبور حاصل تھا۔ یہاں تک کہ آپ ادق مسائل کے مطالب آنکھیں بند کر حضرت ابن عربیؒ سے بطور کشف حاصل کرلیتے تھے۔ آپ نے فقہ مولانا عبدالحکیمؒ سے پڑھا جو اپنے زمانے کے جید عالم تھے۔ آپ نے حدیث کی سند دکن کے مشہور محدث سافغا اسعد انصاری المکی ثم اورنگ آبادیؒ سے حاصل کی۔ جو شیخ کردیؒ کے شاگرد تھے۔ شیخ کردیؒ کے حالات شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے انفاس العارفین میں لکھے ہیں۔

**فوج میں ملازمت :**

ضرورت وقتی کے تحت آپ نے فن حرب سیکھا اور کافی مدت تک فوج میں رہے۔ فوج میں آپ نواب نظام الدولہ ناصر جنگ اور ہمت یار خان کے ساتھ رہتے تھے جو بڑے سپہ سالار تھے۔

**دہلی میں خانقاہ کا قیام :**

اس کے بعد آپ دہلی چلے گئے اور سلسلہ رشد وہدایت شروع کیا اور دور دور سے لوگ آ کر شرف بیعت حاصل کرنے لگے۔

دہلی سے آپ نے پاپیادہ پاک پٹن شریف کا سفر کیا حتیٰ کہ پاؤں میں آبلے پڑجاتے تھے اور آپ مہندی لگا کر آرام حاصل کرتے اور پھر روانہ ہو پڑتے۔ اس وقت پاک پٹن شریف میں حضرت شیخ محمد یوسف ؒ دیوان مسند نشین تھے۔ انہوں نے نہایت محبت سے برتاؤ کیا اور مزار شریف کے قریب ایک حجرے میں رہائش کا انتظام کیا۔ جہاں آپ ہر شب ایک ہزار رکعت نفل ادا کرتے تھے۔

**درس وتدریس :**

دہلی واپس آکر آپ نے اجمیری دروازے میں درس وتدریس کا سلسلہ جاری کیا۔ یہ مدرسہ غازی الدین دکنی ؒ کا جاری کردہ تھا جو بعد میں آپ کے ہاتھ پر مرید ہوئے بادشاہ بہادر شاہ ظفر بھی آپ کے سلسلے میں مرید تھا۔ نواب غازی الدین دکنی ؒ بڑے بلند پایہ ولی اللہ ہوئے ہیں۔ جن کا مزار اب ضلع بہاول پور کے شہر خیرپور ٹامی والی میں واقع ہے نواب غازی الدین ؒ کی یہ غزل مجالس میں سماع کی رونق ہے۔

مطلع لمعۂ انوار تو سبحان اللہ — خوبیٔ جلوۂ دیدار تو سبحان اللہ
یوسفا رونق بازار تو سبحان اللہ — جان بکف خیل خریدار بہر سوئے جمع اند
آیت مصحف رخسار تو سبحان اللہ — شان حسن است نمایاں از خط مشکینت
معجز لعل شکر بار تو سبحان اللہ — صد دلے مردہ شود زندہ بلطف سخنت

Marfat.com

## تصانیف :

آپ کی تصانیف میں یہ تین کتابیں زیادہ مشہور ہیں۔ نظام العقائد۔ رسالہ مرجیہ۔ فخر الحسن۔

نظام العقائد پاک پتن شریف کے لوگوں کے اصرار پر لکھی گئی جس میں آپ نے امام ابو حنیفہؒ کے مسلک کے مطابق تمام عقائد اہل سنت والجماعت کی وضاحت فرمائی ہے۔

رسالہ مرجیہ میں آپ نے نہایت ہی اہم مسئلہ کی تشریح فرمائی۔ یہ رسالہ درحقیقت حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ کی کتاب غُنیۃ الطالبین کے ایک بیان کی تشریح میں لکھا گیا ہے جس میں حضرت غوث الاعظمؒ نے حنفیہ کو فرقہ مرجیہ کہا ہے حالانکہ فرقہ مرجیہ عقائد اہل سنت و جماعت کے نزدیک گمراہ فرقہ قرار دیا گیا ہے۔ اس وجہ سے آج کل ہمارے اہل سنت و جماعت کے علماء یہ کہنے پر مجبور ہوگئے ہیں کہ کتاب غنیۃ الطالبین حضرت غوث الاعظمؒ کی تصنیف نہیں ہے۔ حالانکہ یہ امر مشائخ اسلام کے نزدیک محقق ہے کہ یہ کتاب آپ کی تصنیف ہے۔ اس احقر راقم الحروف نے اس مسئلہ کا حل یوں نکالا کہ لاہو میں مولوی شمس الدین کے مکتبہ میں غنیۃُ الطالبین کا ایک مصری عربی نسخہ موجود پایا جس میں لکھا ہے کہ۔

"بعض اصحاب حنفیہ عقائد مرجیہ کے قائل ہیں"

لیکن برصغیر میں جو نسخے پائے جاتے ہیں ان میں فقط "بعض" نہیں ہے اور صرف یہ لکھا کہ "اصحاب حنفیہ مرجیہ عقائد رکھتے ہیں۔ اور لفظ "بعض" کے ہونے یا نہ ہونے سے مطالب میں زمین و آسمان کا فرق پڑ جاتا ہے۔

## فرقہ مرجیہ :

یاد رہے کہ فرقہ مرجیہ وہ ہے جو حق تعالیٰ کی رحمت کے اس غلبہ سے قائل ہیں کہ نماز روزہ وغیرہ کی ضرورت بھی محسوس نہیں کرتے اور عقائد کو بنائے ایمان اور بنائے اسلام سمجھتے ہیں عمل کو نہیں۔

Marfat.com

## حضرت مولانا فخر الدینؒ کی تشریح :

اب آیئے دیکھتے ہیں کہ حضرت مولانا فخر الدین دہلوی قدس مرہٗ نے اس گتھی کو کیسے سلجھایا ہے۔ اس کے لئے ہم یہاں کتاب تاریخ مشائخ چشت مصنفہ خلیق احمد نظامی صاحب کا اقتباس نقل کرتے ہیں جو بہت مختصر لیکن جامع ہے آپ لکھتے ہیں۔

"حضرت شاہ فخر الدینؒ صاحب نے اس پر بحث کی ہے اور ثابت کیا ہے کہ یہ حضرت غوث الاعظمؓ ہی کا کلام ہے لیکن اس جملہ سے ان کا اصلی مقصد وہ نہیں جو عام طور پر سمجھا جاتا ہے لکھا ہے کہ فرقہ مرجیہ نے رحمت الٰہی کے غلبہ میں بہت مبالغہ کیا ہے اور مضمون غضب (الٰہی) کو فراموش کر دیا ہے اور حنفیہ فی الجملہ رحمت کو غلبہ دیتے ہیں۔ اس مناسبت سے انہوں نے (حضرت غوث الاعظمؒ نے) حنفیہ کا ذکر فرقہ مرجیہ میں کیا ہے لیکن حنفیہ اس قدر رحمت کو غلبہ نہیں دیتے جیسا کہ دوسرے فرقہ مرجیہ دیتے ہیں۔ اس سبب سے زائغ عن الحق (حق سے ہٹے ہوئے) نہیں ہیں"

حضرت مولانا فخر الدین کی تیسری کتاب بھی اس لحاظ سے اہم ہے کہ اس میں آپ نے شاہ ولی اللہ کے ایک بیان کی تردید کی ہے۔ یہاں بھی ہم تاریخ مشائخ چشت کا اقتباس پیش کرنے پر اکتفا کرتے ہیں جو مختصر اور جامع ہے وہ یہ ہے۔

"شاہ ولی اللہؒ نے رسالہ انتباہ میں یہ اعتراض کیا ہے کہ سلسلہ چشتیہ حضرت علیؓ سے متصل نہیں ہوتا کیونکہ خواجہ حسن بصریؒ حضرت علیؓ کے زمانے میں بہت کم عمر تھے۔ اور کم عمری میں ان کو روحانی خلافت کس طرح مل سکتی تھی۔ شاہ فخر الدین نے فخر الحسن میں اس بیان کی تردید کی ہے اور محدثانہ کلام کیا ہے اور بتایا ہے کہ حضرت حسن بصریؒ کو حضرت علیؓ سے خلافت ملی تھی اور یہ اعتراض غلط ہے۔ شاہ فخر الدین کی اس کتاب کو بڑی مقبولیت حاصل ہوئی یہاں تک کہ مولانا عبد العلی بحر العلومؒ نے جب اس رسالہ کو دیکھا تو فرمایا کہ حسن اعتقاد کے ساتھ ہم جانتے ہیں کہ جو کچھ بزرگوں نے لکھا ہے حق ہے لیکن یہ تحقیق جو مولانا فخر الدین نے کی ہے ہم کو معلوم نہ تھی۔ فخر الحسن میں احادیث کی متداول کتب اور

شروح کے علاوہ ان کتابوں کے حوالہ جات بھی موجود ہیں جن سے آپ کے علمی تبحر اور وسعتِ مطالعہ کا پتہ چلتا ہے۔ مثلاً (۱) تاریخ صغیر بخاری (۲) تہذیب الکمال مزی (۳) شروطہ الائمہ حازمی (۴) تہذیب الاسماء و اللغات نووی (۵) سنن کبریٰ بیہقی (۶) تاریخ خطیب بغدادی (۷) حلیۃ الاولیاء (۸) تقریب نووی (۹) تاریخ الاسلام ذہبی (۱۰) مراۃ الجنان یافعی (۱۱) سنن دار قطنی (۱۲) کتاب الثقات ابن حبان (۱۳) فتح الباری (۱۴) تدریب الراوی (۱۵) منہاج السنۃ۔

اس عملی بحث کے علاوہ یہ امر بھی قابل غور ہے کہ حضرت خواجہ حسن بصریؒ نے فرمایا ہے کہ "میں نے ستر اصحاب بدر کی زیارت کی ہے جو صوف پہنتے تھے۔ تاریخ اسلام بتاتی ہے کہ حضرت علیؓ بھی جنگ بدر میں شریک تھے اس وقت آپ کی عمر تقریباً چوبیس برس تھی۔ آپ جیسے نو عمر صحابی یقیناً ان ستر اصحاب بدر میں شامل ہوں گے جن کی حضرت خواجہ حسن بصریؒ نے زیارت کی۔ نیز تاریخ کے اعتبار سے حضرت حسن بصریؒ کا سن ولادت ۲۰ھ ہے یہ حضرت عمرؓ کا زمانہ تھا۔ اور حضرت علیؓ کا سن وصال ۴۰ھ میں ہوا ہے۔ اس لحاظ سے بھی حضرت علی کے وصال کے وقت حضرت حسن بصری کی عمر بیس برس تھی اور بیس برس کی عمر میں اکثر مشائخ طریقت کو خلافت ملی ہے بلکہ اس سے بھی کم کی مثالیں کتب سیر میں ملتی ہیں چنانچہ خود حضرت مولانا فخر الدینؒ کو ۱۶ سال کی عمر میں اپنے والد محترم سے خلافت ملی۔ تفصیل کے لئے کتاب فخر الحسن کا مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔

مندرجہ بالا امور سے پتہ چلتا ہے کہ حضرت مولانا فخر الدینؒ نے تحقیق کے میدان میں کتنے اہم کارنامے انجام دیئے یاد رہے کہ آپ کا زمانہ شاہان مغلیہ کا آخری دور تھا جو نہ صرف سیاسی انحطاط کا دور تھا بلکہ علماءِ سُوء اور مکار صوفیوں نے عقائد اسلامیہ کو بھی مسخ کر دیا تھا اس زمانے میں حضرت مولانا فخر الدینؒ اور شاہ ولی اللہؒ کا گھرانہ منار نور بن کر لوگوں کی راہنمائی کر رہے تھے۔ کیونکہ اتباع شریعت میں قولاً اور فعلاً حضرت مولانا فخرؒ کی زندگی ایک نمونہ تھی اور مشعل راہ بن کر لوگوں کی ہدایت کر رہی تھی۔

اس زمانے میں اگرچہ شیعوں کا زور تھا اور حضرت مرزا مظہر جان جاناںؒ جو آپ کے

Marfat.com

ہمعصر تھے شیعوں کے ہاتھوں شہید ہو چکے تھے تاہم حضرت مولانا فخر الدینؒ کی شخصیت کا اس قدر غلبہ تھا کہ شیعہ حضرات آپ سے بیعت ہو کر تائب ہوتے تھے اور مذہب اہل سنت و جماعت اختیار کرتے تھے۔

دہلی کے ارباب حکومت میں بھی آپ کا بڑا اثر تھا اور دہلی کے امراء وزراء اور روساء آپ کے مرید تھے سلطان شاہ عالم آپ کا بہت احترام کرتا تھا۔ آپ نے بادشاہ کو کئی مرتبہ خطوط لکھ کر ملک کی بد حالی کی طرف توجہ دلائی اور معاشرہ کی اصلاح میں ہمیشہ جدو جہد کرتے رہے۔

بادشاہ بہادر شاہ ظفر کم عمری کی وجہ سے مرید نہیں ہو سکا تھا لیکن آپ کے وصال کے بعد آپ کے فرزند اور جانشین حضرت مولانا قطب الدین سے بیعت کی۔ چنانچہ بہادر شاہ ظفر اپنے ایک شعر میں یوں عقیدت مندی کا اظہار کرتے ہیں۔

مرید قطب دین ہوں خاک پائے فخر دین ہوں۔ اگرچہ شاہ ہوں ان کا غلام کمترین ہوں۔

غرضیکہ حضرت مولانا فخر الدین دہلویؒ کے ہاتھوں سے جو خلق خدا کو ہدایت نصیب ہوئی اور بیشمار اولیاء اللہ آپ کے فیض نظر سے وجود میں آئے اس کی بنا پر اگر یہ کہا جائے کہ سلسلہ عالیہ چشتیہ کو آپ کے وجود مسعود سے نشاۃ الثانیہ حاصل ہوئی تو بالکل صحیح ہو گا۔

**خلفاء:**

صاحب تاریخ مشائخ چشت نے حضرت مولانا فخر دہلوی قدس سرہٗ کے خلفاء کی تعداد چالیس سے زائد لکھی ہے۔ ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

۱۔ حضرت خواجہ قطب الدینؒ جو آپ کے فرزند اور خلیفہ جانشین تھے۔ ۲۔ حضرت خواجہ نور محمدؒ مہارویؒ۔ ۳۔ حضرت شاہ نیاز احمد بریلویؒ۔ حضرت مولانا ضیاء الدینؒ ۴۔ حاجی لعل محمدؒ۔ ۵۔ حضرت مولانا جمال الدین رام پوریؒ۔ ۶۔ سید بدیع الدینؒ۔ ۷۔ مولوی نور اللہ۔ ۸۔ مولوی مکرمؒ۔ ۹۔ مولوی فرید الدین۔ ۱۰۔ مولوی روشن علی۔

Marfat.com

۱۱۔ مولوی حسن علی۔ ۱۲۔ خواجہ محمد غوث نبیرہ شاہ کلیم اللہؒ۔ ۱۳۔ حضرت محمد غوثؒ کرتار پور۔ ۱۴۔ حاجی خدا بخش۔ حضرت قطب الدین شرقیؒ۔ ۱۵۔ میاں عبداللہ۔ ۱۶۔ حضرت سید احمد۔ ۱۷۔ مولوی عبدالوہاب بیکانری۔ ۱۸۔ مولوی محمد صالحؒ۔ ۱۹۔ مولوی علاؤالدینؒ۔ ۲۰۔ شیخ محمد زمانؒ۔ ۲۱۔ حضرت شاہ مرادؒ۔ ۲۲۔ حافظ سعد اللہؒ۔ ۲۳۔ ملاں گل محمدؒ۔ ۲۴۔ سید قمرالدین منتؒ۔ ۲۵۔ مولانا فتح اللہؒ۔ ۲۶۔ صوفی محمد یارؒ۔ ۲۷۔ حاجی محمد واصلؒ۔ ۲۸۔ سید محمد میرؒ۔ ۲۹۔ مولانا عظیم الدینؒ۔ ۳۰۔ میاں محمد امانؒ۔ ۳۱۔ خلیفہ محمد پناہؒ۔ ۳۲۔ مولوی عظمت اللہؒ۔ ۳۳۔ رفیع الدین خانؒ۔ ۳۴۔ شاہ محمد اعظمؒ۔ ۳۵۔ شیخ غلام فرید چشتیؒ۔ ۳۶۔ میر محمد عظیمؒ۔ ۳۷۔ مولانا ظہور اللہؒ۔ ۳۸۔ میاں عصمت اللہؒ۔ ۳۹۔ حاجی احمدؒ۔ ۴۰۔ شاہ قمرالدینؒ۔ ۴۱۔ شاہ روح اللہؒ۔ ۴۲۔ سید شریفؒ۔ ۴۳۔ مولانا حسن علیؒ۔

ان حضرات میں حضرت خواجہ قطب الدینؒ نے دہلی۔ حضرت خواجہ نور محمدؒ نے پنجاب، حضرت شاہ نیازؒ نے یوپی۔ حضرت حاجی لعل محمدؒ نے اطراف دہلی، حضرت مولانا جمال الدینؒ نے علاقہ رامپور اور مولانا ضیاء الدینؒ نے جے پور میں سلسلہ عالیہ کی نشرو اشاعت میں بڑی جدوجہد سے کام لے کر لاکھوں دشت گان حقیقت کے قلوب کو سراب کیا اور اسلام کا دائرہ عمل وسیع کیا۔ جے پور میں مدرسہ ضیاء العلوم اب تک جاری ہے۔

## حضرت میر محمدیؒ:

حضرت مولانا فخر دہلویؒ کے خلفاء میں سے حضرت میر محمدیؒ نے دہلی میں بڑے کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ شاہی خاندان کی اصلاح و تربیت ان کے سپرد تھی۔ ہر وقت ان کے ہاں شہزادوں کا جمگھٹا لگا رہتا تھا۔ بہادر شاہ ظفر بھی اکثر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا کرتے تھے۔ اور دھوم دھام سے ان کی سواری خانقاہ معلیٰ تک جاتی تھی۔ مرزا سلیم بن اکبر شاہ ثانی بھی آپ کا مرید تھا۔ مرزا خجستہ بخت بن شام۔ میران شاہ محمد بن بہادر شاہ ظفر۔ میر جلال

الدین۔ مولوی گل محمدؒ۔ مولوی نوازش علی۔ شیخ ابراھم ذوق اور مرزاروش بخت آپ کے اکابر مریدین میں سے تھے۔

اگران تمام خلفاء کے کارنامے بیان کیے جائیں تو کئی ضخیم کتابیں وجود میں آ جائیں گی۔ لہٰذا ہم صرف حضرت خواجہ نور محمد مہارویؒ اور آپ کے جلیل القدر خلفاء کے مختصر حالات بیان کرتے ہیں جنہوں نے علاقہ پنجاب' سندھ اور خراسان میں تبلیغ اسلام کے فرائض انجام دیئے اور ہزاروں لاکھوں جانوروں کو انسان اور انسانوں کو فرشتہ بلکہ فرشتوں سے افضل بنایا۔

## حضرت خواجہ نور محمد قبلہ عالمؒ:

آپ کا پہلا نام بہبل یا بابل تھا۔ آپ کے شیخ نے آپ کا نام نور محمد رکھا۔ آپ قوم کھرل سے تعلق رکھتے تھے۔ پنجاب میں سلسلہ عالیہ چشتیہ نظامیہ کو جو ترقی حاصل ہوئی اس کا سہرا آپ کے سر ہے۔ آپ کے خلیفہ حضرت خواجہ محمد سلیمانؒ تونسویؒ کے ذریعے سلسلہ چشتیہ حدود ہندوستان سے نکل کر خراسان اور ایران پہنچ گیا۔ اور حضرت قاضی محمد عاقلؒ کے ذریعے ریاست بہاول پور اور سندھ میں پھیلا۔

آپ تعلیم کی خاطر دہلی گئے اور وہاں حضرت مولانا فخر الدینؒ سے بیعت ہو کر بلند روحانی مدارج پر پہنچے۔ یہاں تک کہ حضرت مولانا فخرؒ فرمایا کرتے تھے کہ "مکھن پنجابی لے گیا اور چھاچھ دنیا کے لئے چھوڑ گیا آپ کے الفاظ یہ ہیں ۔ "مکھن لے گیا پنجابی چھاچھ پیو سنار" آپ کا مسلک وحدت الوجود تھا لیکن شاہ کلیم اللہؒ کی طرح اخفا سے کام لیتے تھے۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ ۔

"برامم ماضیہ کہ حوادث واقع شدند ۔ محض برائے اظہار وجود شدند"

(سابقہ امتوں پر جو مصائب نازل ہوئیں محض اظہار وحدت الوجود سے ہوئیں)

اتباع شریعت میں آپ ہر وقت کمربستہ رہتے تھے اور غیر شرع رسوم کی سختی سے ممانعت فرمایا کرتے تھے۔

Marfat.com

## خلفاء :

تاریخ مشائخ چشت میں آپ کے خلفاء کی تعداد پچیس[۲۵] بتائی ہے جن میں سے یہ حضرات زیادہ مشہور ہیں۔ ۱۔ حضرت مولانا نور محمد نارووالہؒ ۲۔ حضرت قاضی محمد عاقلؒ (کوٹ مٹھن شریف) ۳۔ حضرت شاہ محمد جمال اللہؒ (ملتان) ۴۔ حضرت شاہ محمد سلیمانؒ (تونسہ شریف)۔ ۵۔ حضرت میاں غلام حسین بھٹیؒ۔ ۶۔ نواب غازی الدین دکنیؒ۔

صاحب تاریخ مشائخ چشت نے حضرت مخدوم نوبہار ساکن اوچ شریف' مولانا عبدالوہاب ساکن اوچ شریف۔ اور مولانا تاج محمود ساکن گڑھی اور مخدوم محب جہانیاں کو بھی آپ کے خلفا کی فہرست میں لکھا ہے۔

## حضرت خواجہ نور محمد نارووالہؒ :

آپ حضرت قبلہ عالم مہارویؒ کے پہلے خلیفہ ہیں۔ آپ حضرت مہارویؒ کے ہمراہ دہلی تشریف لے گئے اور مولانا فخرؒ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ مولانا فخر دہلویؒ نے آپ کو دیکھ کر فرمایا کہ "ان کی آنکھوں میں ہمیں عشق نظر آتا ہے" آپ بڑے جید عالم تھے لیکن بے حد منکسر المزاج تھے۔ آپ کے خلفا حسب ذیل ہیں۔

۱۔ حضرت عبداللہ خانؒ۔ ۲۔ حضرت مولوی محمد حسنؒ۔ ۳۔ حضرت نور محمدؒ برڑہ۔ ۴۔ مولوی ابو بکرؒ۔ ۵۔ مولوی محمد گھلویؒ۔ مولوی محمد گھلویؒ نے آپ کے ملفوظات جمع کیے ہیں جن کا نام خیر الاذکار ہے۔

## حضرت قاضی محمد عاقلؒ :

آپ امیر المومنین حضرت عمر فاروقؓ کی اولاد میں سے ہیں آپ نے کوٹ مٹھن شریف اور چاچڑاں شریف میں مرکز تبلیغ قائم کر کے ریاست بہاول پور۔ جنوبی پنجاب اور سندھ و بلوچستان کے علاقوں کے لوگوں کی اصلاح اور ہدایت میں بہت جدوجہد فرمائی۔ دہلی کے بادشاہ کا وزیر ارادت خان آپ کا مرید تھا۔ بادشاہ نے لنگر کیلئے پانچ ہزار بیگھہ اراضی کا جو

Marfat.com

فرمان تحریر کر کے بھیجا اسے صاحب تاریخ مشائخ چشت نے نقل کیا ہے۔ آپ نے کوٹ مٹھن شریف میں ایک اعلیٰ پیمانہ پر درس جاری کیا جہاں بڑے جید علماء سبق پڑھاتے تھے۔ خود خواجہ محمد عاقلؒ سو سے زائد طلباء کو درس دیا کرتے تھے۔ آپ نے اپنے شیخ کے ساتھ کئی مرتبہ دہلی جا کر حضرت مولانا فخرؒ کی زیارت بھی کی تھی۔ پہلی بار جب آپ دہلی گئے تو ادب کی بنا پر سارا سفر پیادہ طے کیا۔ آخری بار جب آپ حضرت مولانا فخر دہلویؒ سے رخصت ہوئے تو آپ نے یہ چار کتابیں عنایت فرمائیں ۔

۱۔ مکتوباتِ شیخ عبدالقدوس گنگوہی[1] جس پر مولانا فخرؒ کے ہاتھ کا حاشیہ لکھا ہوا ہے۔

۲۔ کتاب مطول

۳۔ سواء السبیل۔

۴۔ لوائح جامی مع شرح لوائح[2]

## لباس اور غذا :

حضرت مولانا فخر دہلویؒ کی ہدایت کے مطابق آپ کی غذا لطیف تھی اور لباس بھی لطیف۔ حضرت خواجہ عبیداللہ احرارؒ نے بھی لکھا ہے کہ ۔

" سالک را باید غذا و لباس لطیف استعمال کند کہ انوار لطیف وارد مے شود "

(سالک کو چاہئے کہ غذا اور لباس لطیف استعمال کرے کیونکہ اس سے انوار لطیف وارد ہوتے ہیں)

---

۱۔ اس کتاب کا راقم الحروف مؤلف نے فارسی سے اردو میں ترجمہ کیا ہے اور زیر طباعت ہے۔

۲۔ احقر راقم نے لوائح جامی کی شرح بھی لکھی ہے۔ جس کے مقدمہ میں ثابت کیا ہے کہ وحدت الوجود اور وحدت الشہود میں نزاع لفظی ہے حقیقی نہیں۔

Marfat.com

شاہان مغلیہ:

بادشاہ اکبر شاہ ثانی نے اپنے شہزادہ جہاں خسرو اور کاؤس شکوہ کو حضرت قاضی صاحبؒ کا مرید کرایا تھا۔ بہادر شاہ ظفر کو بھی آپ سے بہت عقیدت تھی۔ چنانچہ ایک شعر میں لکھتے ہیں۔

دل فدا کرتے ہیں نام فخر دین پر اے ظفرؔ  ہم ہیں عاقل ربط عاقلؒ سے دلی رکھتے ہیں ہم

آپ کی تاریخ وفات ۸ ر رجب ۱۲۲۹ھ ہے۔ مدفن کوٹ مٹھن شریف ہے۔

خلفاء:

آپ کے مشہور خلفاء کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

۱۔ آپ کے پوتے حضرت خواجہ خدا بخشؒ۔
۲۔ حضرت مولوی سلطان محمود خان بیلویؒ۔
۳۔ مولانا نور محمد برڑہ محمد پوریؒ۔
۴۔ حضرت مولوی عبداللہ بھٹی احمد پوریؒ۔
۵۔ حضرت مولانا گل محمد احمد پوریؒ۔
۶۔ مولانا محمد اعظمؒ۔

حضرت خواجہ خدا بخشؒ:

آپ کا لقب محبوب الٰہی تھا۔ آپ عالم متبحرؒ تھے۔ آپ کے لنگر کا یہ حال تھا کہ بارہ من غلہ گندم آنے والوں کے گھوڑوں پر روزانہ خرچ ہوتا تھا۔ اس سے مردم کی تعداد کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ آپ نے نوابوں اور راجاؤں سے جاگریں قبول نہیں کی تھیں۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ یہ میرے مشائخ کی سنت ہے۔ آپ سختی سے پابند شریعت تھے۔ اور سختی سے پابندی کراتے تھے مدرسہ میں آپ خود بھی درس دیا کرتے تھے۔

## خلفاء :

آپ کے خلفاء صاحب تاریخ مشائخ نے یہ بتائے ہیں ۔

۱۔ حضرت خواجہ غلام فخرالدین ؒ جو آپ کے بڑے بیٹے تھے۔

۲۔ صاحبزادہ نصیر بخش مہارویؒ ۔

۳۔ مولانا کریم حیدرؒ ۔

۴۔ مولوی غلام کبریاؒ ۔

۵۔ مولوی محمد صالح ملتانیؒ ۔

۶۔ مخدوم عنایت شاہؒ ۔

۷۔ میاں حیدر بخشؒ ۔

۸۔ قاضی فتح محمد ملتانیؒ ۔

۹۔ سید لال شاہؒ

حضرت خواجہ خدا بخش کی تاریخ وصال ۱۲ر ذالحجہ ۱۲۶۹ھ مدفن کوٹ مٹھن شریف۔

## حضرت خواجہ غلام فخرالدینؒ :

آپ بھی پابند شریعت تھے۔ آپ کا حافظہ بہت قوی تھا۔ احادیث نبویؐ نوک بر زبان تھیں۔ آپ نے بھی نواب بہاول پور کی پیش کردہ اراضی مسترد کر دی۔ آپ کا وصال ۵ر جمادی الاول ۱۲۸۸ھ کو ہوا۔ مدفن کوٹ مٹھن شریف ہے۔ آپ کے بعد آپ کے چھوٹے بھائی حضرت خواجہ غلام فرید مسندِ خلافت پر متمکن ہوئے۔

## حضرت خواجہ تاج محمود صاحبؒ :

آپ حضرت خواجہ خدا بخشؒ کے چھوٹے بیٹے تھے۔ آپ سے بھی سلسلہ چشتیہ نظامیہ خوب چلا۔ آپ خواجگان شیدانی شریف کے جد امجد اور پیرو مرشد ہیں۔ تاریخ مشائخ چشت کے مطابق آپ کے پانچ بیٹے تھے ۔

۱۔ خواجہ محمد شریفؒ ۔ ۲۔ خواجہ گل محمدؒ ۔ ۳۔ خواجہ خیر محمدؒ ۔ ۴۔ خواجہ شیر محمدؒ ۔
۵۔ خواجہ غوث بخشؒ ۔

Marfat.com

## خلفاء :

آپ کے خلفاء صاحب تاریخ مشائخ چشت کے مطابق یہ ہیں۔

۱۔ میاں فضل علی خانؒ مزار سکھانی۔

۲۔ میاں محمدؒ مزار کوٹ مٹھن شریف۔

۳۔ مولوی محمد حامدؒ مزار شیذانی شریف۔

۴۔ مولوی جندوڑہؒ مزار سیت پور۔

## حضرت خواجہ غلام فریدؒ :

سلسلہ عالیہ چشتیہ نظامیہ کی کوٹ مٹھن برانچ حضرت خواجہ غلام فریدؒ کے ہاتھوں خوب چمکی۔ آپ عالم تبحر۔ بلند پایہ شاعر اور عالی مرتبہ ولی اللہ تھے۔ آپ کے مریدین میں نواب صاحب ریاست بہاول پور۔ نواب صاحب ریاست ٹونک اور نواب صاحب ریاست جھل (بلوچستان) والیانِ ملک تھے لیکن حضرت اقدس کے ساتھ نہایت والہانہ محبت اور عجز و انکسار سے پیش آتے تھے۔ بہادر شاہ ظفر کے پوتے شاہزادہ احمد اختر بھی آپ کے مرید تھے جو کتاب مناقب فریدی کے مؤلف ہیں۔ انکے بیٹے شاہزادہ محمدؒ شاہ حضرت خواجہ غلام فریدؒ کے فرزند اور خلیفہ حضرت خواجہ محمد بخشؒ عرف نازک سائیں کے مرید تھے جنہوں نے حضرت نازک سائیں کے ملفوظات قلمبند کئے ہیں۔

## تصانیف :

حضرت خواجہ غلام فرید کی تصانیف ہی سے اولین درجہ آپ کے دیوان سرائیکی کو حاصل ہے جو شاعرانہ خوبیوں کے علاوہ حقائق و معارف کا بیش بہا خزانہ ہے۔ دوسرے درجے پر آپ کے ملفوظات کا مجموعہ ہے جو آپ کے ایک خلیفہ مولانا رکن الدین نے جمع کئے ہیں۔ یہ ملفوظات پانچ جلدوں میں ہیں جن کا اردو ترجمہ راقم الحروف مؤلف نے فارسی سے اردو میں کر کے مقابیس المجالس (اشارات فریدی) کے نام سے شائع کیا یہ کتاب شریعت اور

طریقت کا بہترین نمونہ ہے اور تمام مسائل تصوف اور مسائل شریعت پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ آپ کی تیسری اہم کتاب جواہر فریدی ہے جو فارسی میں ہے آپ کی تاریخ وصال ۷ ربیع الاول ۱۳۱۹ھ ہے۔ مدفن کوٹ مٹھن شریف ہے۔

## خلفاء :

حضرت خواجہ غلام فرید کے خلفاء کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

۱۔ حضرت خواجہ محمد بخش معروف بہ نازک سائیں جو آپ کے فرزند ارجمند ہیں۔
۲۔ حضرت دیوان ولایت شاہ صاحب ساکن اوچ بخاری۔
۳۔ حضرت خواجہ فضل حق صاحب ساکن منگھیر شریف۔
۴۔ حضرت حافظ محمد ساکن حاجی پور۔
۵۔ حضرت مولانا احمد بخش ساکن ججہ عباسیاں۔
۶۔ حضرت مولوی خان محمد۔
۷۔ حضرت میاں نبی بخش مہرلوالہ۔
۸۔ میاں جی محمد بخش۔
۹۔ میاں محمد یعقوب ساکن چاچڑاں۔
۱۰۔ میاں بلند خان ناگوری۔
۱۱۔ میاں عبید الرحمٰن اللہ آبادی۔
۱۲۔ مولانا رکن الدین جامع ملفوظات۔
۱۳۔ مولانا محمد ابراہیم زرگونی۔

## حضرت خواجہ محمد بخش :

حضرت خواجہ محمد بخش نازک کے خلفاء یہ ہیں۔

۱۔ حضرت خواجہ معین الدین جو آپ کے فرزند ارجمند تھے۔
۲۔ حضرت مولانا نور احمد ساکن فرید آباد تحصیل خانپور ضلع رحیم یار خان۔
۳۔ حضرت میاں احمد دین ساکن پراراں شریف تحصیل لیاقت پور ضلع رحیم یار خان
۴۔ جام میاں حامد ساکن علاقہ جلال پور پیروالا ضلع ملتان۔

آپ کی تاریخ وصال ۱۲ رمضان ۱۳۲۹ھ مدفن کوٹ مٹھن شریف۔

Marfat.com

## حضرت حافظ محمد جمال ملتانیؒ

ملتان اولیاء اللہ کا ہمیشہ سے گہوارہ رہا ہے اور عرصہ سے مشائخ سہروردیہ کے زیر تسلط رہا ہے۔ حضرت شیخ بہاؤالدین زکریا ملتانی قدس سرہٗ نے وہاں عالی شان خانقاہ قائم کی تھی جو صدیوں تک چلتی رہی لیکن اٹھارویں صدی عیسوی میں مشائخ چشتیہ کا وہاں عمل در آمد ہوا۔ تاریخ مشائخ چشت میں حضرت مارہروی کے حوالہ سے لکھا ہے

"ایک دن حضرت خواجہ نور محمد مہارویؒ اپنے شیخ مولانا فخر دہلویؒ کی خدمت میں بیٹھے تھے۔ آپ کے مرید حافظ محمد جمالؒ بھی ساتھ بیٹھے تھے۔ اس بات کا ذکر چھڑا کہ ملتان میں حضرت شیخ بہاؤالدینؒ کی عظمت کے سامنے کسی ولی کا تصرف کام نہیں کرتا اور کوئی شیخ وہاں نہیں جاتا اور کسی کو بیعت نہیں کرتا۔ مولانا فخر الدینؒ نے فرمایا میاں نور محمد! اب تک ملتان بہاؤالحقؒ کی ولایت تھی۔ لہٰذا وہاں کسی دوسرے ولی کا تصرف کام نہیں کرتا تھا لیکن اب ملتان ہمارے حوالے کر دیا گیا ہے۔ لازم ہے کہ تم وہاں اپنا کوئی مرید بھیجو اور کہو کہ خانقاہ شیخ بہاؤالدین زکریاؒ میں خلق خدا کو مرید کرے اور اپنا تصرف کرے۔"

حضرت قبلہ عالم نے دہلی سے واپسی پر حافظ محمد جمالؒ کو ملتان بھیج دیا اور انہوں نے مولوی خدا بخشؒ کو خانقاہ حضرت بہاؤالحقؒ میں بیٹھ کر مرید کیا۔ (مناقبُ المحبوبین)

حضرت حافظ محمد جمالؒ بڑے عالم متبحر تھے۔ شیخ اکبر اور مولانا جامی کی کتب وحدت الوجود پر آپ کو عبور حاصل تھا اور وحدت الوجود آپ کا خاص مسلک تھا۔ آپ نے ملتان میں ایک مدرسہ قائم کیا جو علم و فضل کا مرکز تھا۔ حضرت مولوی گل محمد احمد پوریؒ نے بھی دو سال تک اس مدرسہ میں درس حاصل کیا اور حضرت حافظؒ کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کئے۔

Marfat.com

## سکھوں کا حملہ :

آپ صوفی باصفا ہونے کے ساتھ بڑے بہادر مجاہد بھی تھے۔ آپ کے زمانے میں سکھوں نے کئی بار ملتان پر حملہ کیا لیکن قابض نہ ہو سکے۔ سکھوں کے بڑھتے ہوئے سیلاب کا مقابلہ آپ نے نہایت شجاعت اور جوانمردی سے کیا۔ آپ تیر کمان لے کر قلعہ کے دیوار پر بیٹھے سکھوں پر تیر برسا رہے تھے۔ جب سکھوں نے آخری بار خوب تیاری کر کے حملہ کیا تو بہت لوگ بھاگنے لگے لیکن آپ نے لوگوں کو حوصلہ دلایا اور لڑنے پر مجبور کر دیا۔ آخر کار آپ نے جام شہادت نوش کیا۔

## تصانیف :

آپ کے ملفوظات کئی لوگوں نے جمع کئے ہیں جو حقائق کا خزانہ ہیں ان میں زیادہ مشہور یہ ہیں۔

۱۔ فضائل رضیہ۔ جمع کردہ حضرت مولانا عبدالعزیز پرہاروی جو بہت بڑے عالم اور مصنف کتب تھے۔

۲۔ انوار جمالیہ۔ جمع کردہ حضرت مفتی غلام حسین شہید جو بلند پایہ شاعر تھے۔

۳۔ اسرار کمالیہ۔ از زاہد شاہ۔ آپ کا وصال ۵ جمادی الاول ۱۲۲۶ھ کو ہوا مدفن ملتان ہے

تاریخ مشائخ چشت میں آپ کے خلفاء کی تعداد آٹھ درج ہے وہ یہ ہیں۔

(۱) حضرت خواجہ خدا بخش (۲) زاہد شاہ صاحب (۳) مولوی غلام حسن (۴) قاضی محمد عیسیٰ خان پوری (۵) مولوی عبیداللہ ملتانی (۶) مولانا محمد حامد فتح پوری (۷) صاحب زادہ غلام فرید (۸) مولوی عبدالعزیز پرہاروی جو علامۂ دہر ہیں اور بے شمار تصانیف کے مصنف ہیں۔

Marfat.com

# حضرت شاہ محمد سلیمان تونسویؒ

حضرت خواجہ غلام فریدؒ اپنی کتاب مقابیس المجالس میں فرماتے ہیں کہ حضرت خواجہ محمد سلیمان تونسوی قدس سرہٗ کے مریدین کی تعداد اتنی ہے کہ اگر حضرت قبلہ عالمؒ کے تمام خلفاء کے مریدین کو جمع کیا تو بھی خواجہ سلیمانؒ کے مریدین کی تعداد ان سب سے زیادہ ہوگی۔

آپ کے رشد و ہدایت کا سلسلہ ہندوستان سے نکل کر افغانستان اور ایران پہنچ گیا حالانکہ آپ کے زمانے میں سارا پنجاب سکھوں کے قبضے میں تھا اور وہ ہر جگہ کفر پھیلا رہے تھے۔ آپ کو ان واقعات سے سخت قلق ہوتا تھا لیکن آپ نے اس کا علاج اتباع شریعت میں دیکھا اس لئے جہاد بالسیف کی بجائے جو سید احمد شہیدؒ کی جماعت مجاہدین نے شروع کیا ہوا تھا آپ جہاد بالعلم پر زیادہ زور دیتے تھے۔ آپ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ کفار کے مظالم کی اصل وجہ یہ ہے کہ ہم مسلمانوں نے ترک شریعت کر دیا ہے۔ چنانچہ آپ کے خلفاء و مریدین کی بدولت آپ کے دینی مراکز پنجاب سے تجاوز کر کے افغانستان، راجپوتانہ اور سندھ تک پھیل گئے تھے بلکہ ترکستان سراندیپ اور عدن تک ان کی شعاعیں پہنچ گئیں۔

حضرت خواجہ نور محمدؒ فرمایا کرتے تھے کہ مجھے اپنے شیخ مولانا فخر الدینؒ نے فرمایا کہ تمہارے سلسلے میں ایک شہباز مقید ہو گا۔ چنانچہ اس کی تلاش میں آپ اکثر سفر کیا کرتے تھے۔ چنانچہ ایک دفعہ جب آپ اوچ شریف آئے تو وہاں حضرت شاہ سلیمانؒ سے ملاقات ہو گئی اور آپ نے ان کو حضرت مخدوم سید جلال الدین بخاری کے مقبرے کے اندر بیعت کیا۔

آپ کو اپنے شیخؒ سے اس قدر عشق تھا کہ ہر ماہ شیخ کی خدمت میں جاتے تھے اور صرف چند یوم گھر پر بسر کرتے تھے۔ آپ ہمیشہ پیدل سفر کر کے مہار شریف جاتے تھے۔ ایک دفعہ تو پاؤں میں آبلے پڑ گئے اور پاؤں کی انگلیوں کے دس کے دس ناخن جدا ہو کر گر پڑے لیکن آپ کے استقلال میں فرق نہ آیا۔ آپ نے اپنے پیر کے حکم سے اپنا گاؤں جو پہاڑ میں تھا چھوڑ کر اس مقام پر ایک جھونپڑی بنالی جو آج شہر تونسہ کے نام مشہور ہے۔ رفتہ رفتہ لوگ

Marfat.com

مرید ہوتے گئے حتیٰ کہ ریاست بہاولپور کا والی نواب بہاول خان بھی حلقۂ مریدین میں شامل ہو گیا۔

آپ نے تونسہ ہی قیام کے بعد فوراً وہاں دینی مدارس قائم کئے۔ جن میں پچاس استاد پڑھاتے تھے اور ہر استاد کے لئے علیحدہ رہائش کے لئے مکان تھا۔ بعض اساتدہ یکجا بھی رہتے تھے۔ طلبا اور اساتذہ کو کھانا لنگر سے ملتا تھا۔ آپ خود بھی پڑھاتے تھے اور خاص لوگوں کو روحانی کتب کی تعلیم دے کر منازل سلوک طے کراتے تھے۔ ان مدارس میں احیاء العلوم مصنفہ امام غزالی اور فتوحات مکیہ مصنفہ شیخ اکبرؒ جیسی اونچی کتابوں کی تعلیم بھی دی جاتی تھی۔ عوارف المعارف مصنفہ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ بھی آپ کے درس کی نصابی کتاب تھی۔

حکمرانوں اور بادشاہوں کے ساتھ آپ سختی سے پیش آتے تھے اور ان کو راہ راست پر لانے کی کوشش کرتے تھے۔ شاہ شجاع دو مرتبہ آپ کی خدمت میں تونسہ شریف حاضر ہوا تو آپ نے اسے اپنے ساتھ زمین پر بٹھا کر باتیں کیں۔ افغانستان کے بادشاہ دوست محمد خان نے بھی آپ سے امداد کی درخواست کی۔

## خلفاء :

تاریخ مشائخ چشت میں مناقب حافظیہ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ آپ کے ستر خلفاء تھے۔ لیکن ہم اس وقت اختصار کی خاطر صرف چند خلفاء کے حالات بیان کرتے ہیں۔

## حضرت خواجہ اللہ بخش قدس سرہ :

آپ حضرت خواجہ تونسوی قدس سرہ ' کے پوتے اور خلیفہ جانشین ہیں۔ آپ ایک مدت دراز تک اپنے دادا علیہ رحمہ کی طرح روحانی تعلیم تربیت میں مصروف رہے اور ایک جہان کو ہدایت بخشی۔ جب آپ نے ہندوستان کا سفر کیا تو بے شمار لوگ آپ سے بیعت ہوئے۔

Marfat.com

دہلی میں جب آپ حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلوی ؒ کے مزار پر مقیم تھے تو بادشاہ بہادر شاہ ظفر آپ کی ملاقات کے لئے حاضر ہوا لیکن آپ دوسرے دروازے سے نکل کر چلے گئے اور جب بہت منت سماجت کے بعد لوگ آپ کو واپس لائے تو بادشاہ نے شرف قدم بوسی حاصل کیا۔ دوسرے دن جب آپ شاہ جہاں آباد تشریف لے گئے تو بیگمات مرید ہوئیں اور بادشاہ نے نذر پیش کی لیکن جہاں آپ کو امراء سے وحشت ہوتی تھی غربا اور مسکین سے خوب محبت کرتے تھے اور ان کے ساتھ نہایت اخلاق اور خندہ پیشانی سے پیش آتے تھے۔

مرزا غلام احمد قادیانی کی آپ نے سخت مخالفت کی اور اس فتنہ کی سرکوبی کرتے رہے اور مسلمانوں کو اس سے بچاتے رہے۔ آپ کی تاریخ وصال ۲۹ر جمادی الاول ۱۳۱۹ھ ہے۔

آپ حضرت خواجہ غلام فرید ؒ کے ہم عصر اور دوست تھے۔ بلکہ خواجہ غلام فرید ؒ آپ کی بہت عزت کیا کرتے تھے۔ آپ کے بعد آپ کے خلفاء اور خلفاء کے خلفاء نے سلسلہ عالیہ چشتیہ کی تعلیمات کی خوب اشاعت کی۔

## حضرت حافظ محمد علی خیر آبادی ؒ:

آپ کا شمار حضرت شاہ سلیمان قدس سرہٗ کے اکابر خلفا میں ہوتا ہے۔ آپ کی تعلیمات کا مرکز خیر آباد تھا جہاں سے آپ اودھ اور دکن میں سلسلہ عالیہ چشتیہ کی اشاعت کا کام انجام دیتے رہے۔ آپ نے دہلی میں مشکوٰۃ شریف، بخاری شریف اور مسلم شریف کا سبق حضرت شاہ عبدالقادر ؒ سے پڑھا جو حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے فرزند تھے۔ دہلی میں حضرت خواجہ قطب الدین بختیار قدس سرہٗ اور اجمیر میں حضرت خواجہ بزرگ قدس سرہٗ کے مزارات پر سالہا سال مجاہدات کے بعد پاک پتن پہنچے اور وہاں مجاہدات کے بعد تونسہ شریف جاکر حضرت سلیمان قدس سرہٗ سے بیعت کا شرف حاصل کیا۔ آپ سختی سے پابند شریعت تھے اور دوسروں سے پابندی کراتے تھے۔ آپ کو مثنوی مولانا روم سے ؒ سے خاص شغف

Marfat.com

تھا اور باطنی مطالب بیان کرنے میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ آپ نے اپنی خانقاہ میں درس قائم کیا تھا اور کتب تصوف مثل تصانیف رومی ' ابن عربی اور مولانا جامی کی تعلیمات خود دیا کرتے تھے۔ امراء ' رؤساء اور بادشاہوں سے آپ اجتناب کرتے تھے۔ بہادر شاہ ظفر نے حاضر خدمت ہونے کی بے حد کوشش کی لیکن آپ نے ہرگز اجازت نہ دی۔ ایک دفعہ جب بادشاہ اچانک آپہنچا تو آپ مسجد کی دیوار پھاند کر باہر چلے گئے۔ نواب بہاول پور نے بھی حاضر ہونے کی بہت کوشش کی لیکن باریابی حاصل نہ ہوئی۔ اولیاء کرام اور مشائخ اسلام کا بادشاہوں سے یہ سلوک اس وجہ تھا کہ ان حضرات کو سوائے رب جلیل کے کسی سے نہ کوئی طمع تھا نہ خوف۔

**خلفاء:**

آپ کے تین خلفاء صاحب سجادہ ہوئے۔

۱۔ حضرت مرزا سردار بیگ

۲۔ حضرت حبیب علی شاہ

۳۔ حضرت مولانا احسن الزمان

یہ تینوں بزرگ حیدر آباد دکن میں رشد وہدایت کے فرائض انجام دیتے رہے۔
آپ کے سجادہ نشین حضرت حافظ اسلم تھے جنہوں نے ۵۴ سال حق سجادگی ادا کیا۔

**حضرت حاجی نجم الدین:**

آپ نے علاقہ راجپوتانہ میں مقام شیخاوائی کو اپنے شیخ کے حکم سے اپنی تعلیم و تربیت کا مرکز بنایا اور جے پور ' جودھپور ' بیکانیر ' اودھے پور ' اجمیر کے علاقوں میں تبلیغ اسلام کا سلسلہ جاری کیا۔ آپ اردو اور فارسی کے شاعر بھی تھے۔ آپ کا مسلک بھی وحدت الوجود تھا۔
آپ کی اردو تصانیف یہ ہیں۔

گلزار وحدت۔ ماھی الغیریت۔ پیو ملانی غیر بھلانی۔ بادہ ماہیہ نجم۔
افضل الطاعت۔ پریم گنج۔ حیات العاشقین۔ نجم آخرۃ۔ فضیلت

Marfat.com

نکاح۔ بیان الاولیا۔ سماع السامعین فی رد المنکرین۔ دیوان نجم اردو۔ تذکرۃ الواصلین۔

آپ کی فارسی تصانیف یہ ہیں

شجرۃ العارفین۔ شجرۃ المسلمین۔ شجرۃ الابرار۔ مناقب الحبیب (احوال خواجہ اجمیریؒ)۔ مناقب التارکین (حالات خواجہ حمید الدین ناگوری سوالیؒ)۔ مناقب المحبوبین (حالات مشائخ نظامیہ مع ملفوظات خواجہ تونسویؒ)۔ تذکرۃ السلاطین۔ راحت العاشقین۔ مقصود العارفین۔ احسن العقائد۔ احسن القصص۔ نجم الواعظین۔ نجم الہدایت۔ مقصود عارفین۔ ہدایت نامہ خیالات نجمی۔ دیوان نجم فارسی۔

آپ کی تاریخ وصال ۱۹ رمضان ۱۲۸۷ھ ہے۔ مدفن فتح پور ہے۔

## خلفاء:

آپ کے خلفاء کی تعداد کثیر ہے۔ تاریخ مشائخ چشت میں آپ کے چھبیس خلفاء کے اسمائے گرامی درج ہیں

## سجادہ نشین:

آپ کے سجادہ نشین آپ کے فرزند ارجمند حضرت خواجہ نصیر الدین تھے۔ جن کے سات خلفاء تھے۔ حضرت حافظ نجم الدینؒ کے خلفاء میں مولانا حکیم، سید محمد حسن امروہیؒ زیادہ مشہور ہیں۔ آپ صاحب تصانیف تھے۔ آپ کی حسب ذیل ہیں۔

تفسیر القرآن (جس کا اردو ترجمہ غایت برہان فی تفسیر القرآن شائع ہوا) کوکب دریہ۔ معراج رسول۔ حقانیت اسلام۔ اتمام حجت۔ تلخیص التواریخ۔ رسالہ آگہی نامہ۔ در نایاب۔ گنجینہ اسرار انبیاء۔ کشف الاسرار۔ نگینہ حکمت فی شرح فصوص الحکم۔ آفتاب عالم تاب۔

Marfat.com

## حضرت خواجہ شمس الدین سیالؒ:

آپ حضرت شاہ سلیمان تونسویؒ کے محبوب ترین خلفاء میں سے تھے جن کی مساعی جمیلہ سے گولڑہ شریف اور جلال پور کی عظیم الشان خانقاہیں وجود میں آئیں۔

خواجہ شمس الدین سیالؒ نے بیعت کے بعد چودہ مرتبہ اپنے شیخ علیہ رحمہ کے ساتھ مہار شریف کا سفر اختیار کیا اس حال میں کہ ان کا سامان کندھوں پر اٹھائے ہوئے ان کی سواری کے آگے چلتے تھے۔ آپ اٹھارہ سال کی عمر میں بیعت ہوئے اور چھتیس سال کی عمر میں خلافت سے سرفراز ہوئے۔ آپ نے سیال شریف میں مدرسہ جاری کیا اور لنگر خانہ قائم کیا۔ جہاں پر مسافروں کے علاوہ شہر کے غربا و مساکین کو بھی کھانا ملتا اور ہر آنے والے کو چارپائی پر بستر ملتا تھا۔ آپ نماز با جماعت پڑھتے تھے۔ سماع بالمز امیر سے اجتناب کرتے تھے۔ آپ کی تاریخ وصال ۲۱ صفر ۱۳۰۰ھ ہے۔

## خلفاء:

آپ کے وصال کے بعد آپ کے فرزند خواجہ محمد الدین سجادہ نشین ہوئے۔ ان کے علاوہ آپ کے خلفاء کی تعداد چونتیس ہے جن کے اسمائے گرامی تاریخ مشائخ چشت میں درج ہیں جن میں سے حضرت پیر سید غلام حیدر علی شاہ جلال پوریؒ۔ حضرت پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی اور حضرت مولانا معظم علی ساکن مرولہ والہ تحصیل بھیرہ زیادہ مشہور ہیں۔

## حضرت پیر سید غلام حیدر علی شاہؒ:

آپ بے حد حسین و جمیل تھے ظاہری حسن کے ساتھ باطنی حسن بھی بدرجہ کمال تھا۔ آپ کا سلسلہ نسب دسویں پشت میں حضرت مولانا جلال الدین بخاری مخدوم جہانیاں جہاں گشت قدس سرہٗ سے جا ملتا ہے۔ آپ بڑے خوش خلق اور منکسر المزاج تھے اور شریعت کے سختی سے پابند تھے۔ آپ کا وصال ۶ر جمادی الثانی ۱۳۲۶ھ کو ہوا۔ علامہ اقبال نے ایک رباعی میں آپ کی تاریخ وصال "مغفور گشت" نکالی ہے۔

Marfat.com

## حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑوی ؒ

حضرت پیر مہر علی شاہ علیہ رحمہ نرالی شان کے بزرگ تھے۔ شاعر بھی تھے۔ عالم بھی۔ واعظ بھی۔ اور بلند پایہ ولی اللہ بھی۔ آپ نے نہ صرف تعلیمات مشائخ کو رائج کیا بلکہ اپنے زمانے کے عقائد باطلہ کا بھی ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ آپ کے والد ماجد کی طرف سے آپ کا سلسلہ حضرت غوث الاعظم سیدنا عبد القادر جیلانی سے اور والدہ ماجدہ کی طرف حضرت مخدوم جہانیاں ؒ تک جاملتا ہے۔

ظاہری علوم سے فارغ ہو کر آپ نے تدریس کا سلسلہ جاری کیا اور پھر حج بیت اللہ کے لئے روانہ ہوئے وہاں کچھ عرصہ قیام کے بعد حضرت حاجی امداد اللہ اور مہاجر مکی ؒ نے آپ کو ہندوستان واپس جانے کا مشورہ ان الفاظ میں دیا:

"ہندوستان میں عنقریب ایک فتنہ نمودار ہونے والا ہے۔ آپ ضرور واپس جائیں۔ اگر آپ ہندوستان میں خاموش بھی بیٹھے رہے تو وہ فتنہ ترقی نہیں کرے گا اور ملک میں سکون رہے گا۔"

اس فتنہ سے مراد فتنہ قادیانی تھا جس کا حضرت اقدس نے ڈٹ کر مقابلہ کیا اور اس کی کمر توڑ کر رکھ دی۔ آپ شیخ اکبر کے مداح تھے اور عقیدہ وحدت الوجود رکھتے تھے۔ آپ فصوص الحکم کا باقاعدہ درس دیا کرتے تھے۔ آپ کے تبحر علمی کا یہ حال تھا کہ علامہ اقبال ؒ نے آپ کو عریضہ لکھ کر مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات طلب کئے:

"۱۔ شیخ اکبر (ابن عربی) نے تعلیم حقیقت زمان کے متعلق کیا کہا ہے اور ائمہ متکلمین سے کہاں تک مختلف ہے۔

۲۔ یہ تعلیم شیخ اکبر کی کن کتابوں میں پائی جاتی ہے۔

۳۔ حضرات صوفیہ میں اگر کسی بزرگ نے بھی حقیقت زمان پر بحث کی ہو تو ان بزرگوں کے ارشادات بھی مطلوب ہیں۔ مولٰنا سید انور شاہ مرحوم نے مجھے عراقی ؒ کا ایک رسالہ مرحمت فرمایا تھا جس کا نام درایتہ الزماں ہے مگر چونکہ یہ رسالہ مختصر ہے مزید روشنی کی ضرورت ہے۔"

Marfat.com

کاش کہ علامہ اقبالؒ ایک حقیقت آگاہ ولی اللہ سے اس سے زیادہ اہم سوال کرتے۔

**حضرت خواجہ حافظ غلام حسن بھٹیؒ** آپ حضرت قبلۂ عالم خواجہ نور محمد مہاروی قدس سرہٗ کے محبوب خلیفہ تھے حضرت قبلۂ عالم نے آپکو سلطان التارکین کا خطاب عنایت فرمایا تھا۔ آپنے اپنے آپ کو اپنے مرشد کی خدمت میں مٹا دیا تھا۔ حضرت قبلۂ عالم فرمایا کرتے تھے کہ میاں صاحب نارووالہ (حضرت نور محمد نارووالہؒ) نے ہم سے نعمت حاصل کی ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کا نصیب قوی تھا۔ اور خدا کی مرضی یہی تھی۔ قاضی صاحب کوٹ والا (حضرت قاضی محمد عاقل صاحبؒ) نے اس نعمت کو مال وزر سے خریدا ہے۔ حافظ صاحب ملتانی (حضرت حافظ محمد جمالؒ) نے اسے عجز وانکسار سے حاصل کیا ہے اور حضرت تونسوی (شاہ سلیمان تونسویؒ) کو یہ مدارج اپنی ریاضات ومجاہدات سے میسر ہوئے ہیں۔

مگر بھٹی صاحب نے محض خدمت اور جان نثاری سے یہ دولت پائی ہے آپکا وصال ۹/ ذیقعدہ ۱۲۵۰ھ میں ہوا۔ مزار مبارک حضرت خواجہ نور محمد مہارویؒ کی پائینتی مبارک کی جانب چشتیاں شریف میں ہے۔

**حضرت حافظ غلام مرتضےٰ چیلاواہنیؒ** آپ حضرت بھٹی صاحبؒ کے برادر عزیز و خلیفۂ جانشین تھے تاریخ وصال ۱۲۵۰ھ ہے۔ مزار مبارک چیلاواہن شریف تحصیل لودھراں میں ہے

**حضرت خواجہ محمد اکرم کہروریؒ** آپ حضرت بھٹی صاحبؒ کے بھانجے اور محبوب ترین خلیفہ تھے۔ آپ کا سلسلہ نسب حضرت معاذ بن جبلؓ (صحابی رسولؐ) سے جا ملتا ہے۔ اور آپ مادرزاد ولی اللہ تھے۔ آپ سے کافی کرامات کا ظہور ہوا اور آپکے ذریعے اس سلسلۂ عالیہ کا فیض بہت پھیلا۔ آپ کے حالات کتاب انیس المساکین میں تفصیلاً درج ہیں۔ آپ کا مزار مبارک کہرور پکا تحصیل لودھراں میں مرجع خلائق ہے۔

اب تک ہم نے حضرت بابا فریدؒ کے خلفاء میں سے ایک خلیفہ حضرت محبوب الٰہی کے پہلے خلیفہ حضرت شیخ نصیر الدینؒ کے مختصر حالات بیان کئے ہیں۔

# بنگال میں سلسلہ عالیہ چشتیہ کا عروج

اگرچہ بنگال کو مسلمانوں نے ۱۱۹۷ء میں فتح کر لیا تھا لیکن اس کی حالت کافی مدت تک خراب رہی حتیٰ کہ حضرت سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیاء قدس سرہٗ کے ایک خلیفہ حضرت اخی سراجؒ نے وہاں پہنچ کر کایا پلٹ دی۔ اور وہی بنگال علوم و فنون کا گہوارہ بن گیا۔ بنگال کا ایک غریب آدمی حضرت سلطان المشائخ کی خدمت میں حاضر ہوتا ہے اور مرید ہوتا ہے علم حاصل کرتا ہے سلوک تمام کرتا ہے اور "آئینہ ہند" کا لقب لے کر واپس جاتا ہے۔ اخی سراج سے پہلے بنگال میں ایک امیر گھرانے کے عالم و فاضل بزرگ موجود تھے جن کا نام علاؤالدین تھا جب حضرت شیخ نے ان کو خلافت دیکر بنگال جانے کا حکم دیا تو اخی سراج نے گھبرا کر عرض کیا کہ حضور وہاں تو مولانا علاؤالدین جیسے بڑے عالم و فاضل موجود ہیں میری وہاں کیا دال گلے گی۔ آپ نے فرمایا کہ فکر مت کر وہ تمہارا غلام بن جائے گا۔ چنانچہ مولانا علاؤالدین جن کا شمار اب تک علماء ظاہری میں ہوتا تھا حضرت اخی سراج سے ایسے متاثر ہوئے کہ فقر اختیار کر کے مرید ہو گئے غرضیکہ حضرت شیخ علاؤالدین نے سلوک تمام کیا اور بڑے مراتب کو پہنچے۔

## حضرت نور قطب عالمؒ:

حضرت شیخ علاؤالدینؒ کے بعد آپ کے فرزند حضرت شیخ نور قطب عالم مسند نشین ہوئے جو بہت بڑے بزرگ تھے خاص کر آپ کے مکتوبات بہت اہمیت کے حامل ہیں۔ بقول صاحب تاریخ مشائخ چشت حضرت نور قطب عالمؒ نے بنگال کے ہندو روحانی پیشواؤں مثلاً

Marfat.com

چتنیا، روپا، سناتن اور جگوا سوامی کو بہت متاثر کیا اور ان کی بھگتی تحریک حضرت مولانا قطب عالمؒ کی مرہون منت ہے۔ ☆

## حضرت مولانا حسام الدین مانک پوریؒ

حضرت شیخ نور قطب عالمؒ کے مشہور خلیفہ حضرت شیخ مولانا حسام الدین مانک پوریؒ ہیں آپ کے دادا حضرت جلال الدین مرید و خلیفہ تھے حضرت شیخ محمدؒ کے جو حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء کے خلیفہ تھے۔ آپ کے ملفوظات کا مجموعہ رفیق العارفین کے نام سے موجود ہے۔ بقول صاحب تاریخ مشائخ چشت آپ کے ایک سو بیس خلفاء تھے۔

ع یاران خبر دہید کہ این منزل گاہ کیست

ن خلفاء میں سے یہ حضرات زیادہ مشہور ہیں۔

حضرت راجی سید حامد شاہؒ ابن سید راجہ شاہ مانک پوری۔ حضرت سید مسعود فتح پوری۔ حضرت سید محمدؒ امیر بدہا۔ حضرت مولانا کمال الدینؒ۔ حضرت مولانا شہر اللہ ابو القاسم ملتانیؒ۔ حضرت مولانا نصیر الدین ملتانیؒ۔ حضرت مولانا فرید الدین سالار عراقیؒ۔ حضرت شیخ احمد قنوجیؒ۔ حضرت مولانا معین الاسلام اودھیؒ۔ حضرت مولانا منہاج الدین بہاریؒ۔ حضرت مولانا جمال الدین حسنؒ۔ حضرت شیخ ضیاء الدین یوسف داؤد کردی۔ حضرت مولانا سوندھو کردیؒ۔ مولانا محمدؒ علاؤالدین کردیؒ۔ حضرت شیخ شہاب الدین مانک پوری

---

☆ صوفیا کرام کے ہندو ارباب روحانیت پر فیوض اور احسانات کی تفصیل کے لئے ڈاکٹر تارا چند کی کتاب انفلوئنس آف اسلام آن ہندو کلچر ملاحظہ ہو جس میں انہوں نے شنکر اچاریہ۔ رامانوجا۔ رامانند کبیر اور ان کے چیلوں اور چیلوں کے چیلوں پر اولیائے کرام کی نظر کرم اور فیوض و برکات کی تفصیل درج کی ہے احقر راقم الحروف نے اسے اپنی کتاب اسلامک صوفی ازم اور اس کے اردو ترجمہ روحانیت اسلام میں وضاحت سے بیان کیا ہے۔

Marfat.com

ارزنی شاہ غرضیکہ حضرت اخی سراجؒ کے خلفاء کے ذریعے سلسلہ عالیہ چشتیہ بنگال، بہار اور جونپور میں پھیل گیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے تین حضرات کردستان کے باشندے تھے جو عراق ایران کے شمال میں واقع ہے۔

## حضرت شاہ اشرف جہانگیر سمنانیؒ:

آپ کے والد ملک سمنان کے بادشاہ تھے حضرت شیخ اشرفؒ مادر زاد ولی تھے۔ اور علم لدُنّی کے دروازے آپ پر کشادہ تھے آپ نے سات سال کی عمر میں قرآن حفظ کیا۔ چودہ سال کی عمر میں علوم اسلامیہ میں فارغ التحصیل ہوئے۔ والد کے بعد آپ تخت نشین ہوئے لیکن بادشاہت سے متنفر ہو کر حضرت شیخ علاء الدولہ سمنانیؒ جیسے بزرگوں کی خدمت میں رہنا پسند کیا۔ تیئس ۲۳ سال کی عمر میں آپ نے تخت و تاج چھوڑ کر ہندوستان کا رخ کیا۔ اوچ شریف پہنچ کر کچھ عرصہ حضرت مخدوم جہانیاں کی خدمت میں رہے اس کے بعد دہلی جا کر مشائخ کی زیارت کی۔ بہار جا کر حضرت شیخ شرف منیریؒ کا جنازہ پڑھایا۔ اور بنگال چلے گئے جہاں حضرت مخدوم علاء الدین سے بیعت ہو کر سلوک طے کیا اور خلافت حاصل کی۔ آپ اپنے وقت کے غوث تھے۔

## پانچ سو ہندوؤں کا مسلمان ہونا۔

شیخ کے حکم سے آپ نے کچھوچھہ میں سکونت اختیار کی جہاں ایک جوگی آپ کی کرامت دیکھ کر پانچ سو چیلوں سمیت مسلمان ہوا اور بلند مراتب حاصل کئے۔

## ایک لاکھ ہندوؤں کا مسلمان ہونا۔

ایک دفعہ آپ بنارس تشریف لے گئے جہاں ہندو جوگیوں سے آپ کی بحث ہوئی۔ دوران بحث ہی آپ نے ایک بت کو زندہ کر دیا جس کی اس وقت ایک لاکھ ہندو پوجا کر رہے تھے۔ یہ دیکھ کر ایک لاکھ ہندو مسلمان ہو گئے۔ وصال سے کچھ دیر پہلے آپ نے محفل سماع

Marfat.com

طلب کی اور شیخ سعدیؒ اور دیگر اولیاء کرام کا کلام سنتے رہے اور آخر اس ذوق و شوق اور مشاہدہ حق میں جان دے دی۔ تاریخ وصال ۲۸ محرم ۸۰۸ھ ہے۔

## حضرت میر سید عبدالرزاقؒ :

آپ حضرت شیخ اشرف جہانگیرؒ کے خلیفہ تھے۔ آپ حضرت غوث الاعظم کی اولاد میں سے تھے آپ کو حضرت شیخ نے بارہ سال کی عمر میں اپنی تربیت میں لیا اور تمام ظاہری اور باطنی نعمتوں سے مالامال فرمایا۔ یہ سلسلہ کئی صدیوں سے چل رہا ہے حضرت شیخ کبیر عباسیؒ۔ حضرت شیخ معروفؒ۔ حضرت مخدوم خیرالدین انصاری بھی حضرت شیخ اشرف جہانگیر سمنانیؒ کے خلفاء میں سے ہیں۔ شیخ خیرالدین کے خلیفہ ان کے بیٹے شیخ علی تھے جو آپ کے بعد مسند نشین ہوئے۔

## حضرت مخدوم صفی الدین حنفیؒ :

آپ بھی حضرت شیخ اشرف جہانگیرؒ کے خلیفہ ہیں۔ آپ حضرت امام ابو حنیفہؒ کی اولاد ہیں اور حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہیؒ کے دادا ہیں۔ آپ کا قیام ردولی شریف میں تھا جہاں حضرت خضرؑ نے آپ کو ولایت کی بشارت دی جب حضرت شیخ اشرف جہانگیرؒ ردولی تشریف لے گئے تو آپ وہاں مرید ہوئے۔ حضرت اقدس نے وہاں چالیس روز قیام فرمایا۔ تا کہ شیخ صفی الدینؒ ان کے سامنے چلہ کر لیں۔ اس قلیل عرصہ میں آپ کا سلوک تمام ہوا اور خلافت سے مشرف ہوئے۔ اس وقت انہوں نے اپنے بیٹے شیخ اسماعیل کو جو چالیس دن عمر رکھتے تھے شیخ کی خدمت میں لاکر مرید کرایا اور حضرت شیخ نے قبول فرمایا۔ حضرت مخدوم صفی الدین کے بعد حضرت شیخ اسماعیلؒ مسند خلافت پر بیٹھے۔

Marfat.com

# دکن میں سلسلہ عالیہ چشتیہ کا فروغ

## حضرت شیخ برہان الدین غریبؒ:

آپ سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیا محبوب الٰہی قدس سرہٗ کے مرید تھے جن کے ذریعے جنوبی ہند میں سلسلہ عالیہ چشتیہ نے خوب ترقی کی۔ ایک دفعہ حضرت سلطان المشائخ کی خدمت میں حضرت خواجہ بایزید بسطامیؒ کا ذکر ہو رہا تھا۔ آپ نے فرمایا ہمارے ہاں ایک بایزید ہے۔ لوگوں نے عرض کیا وہ کون ہے تو آپ نے فرمایا کہ "برہان الدین غریب"۔ سلطان علاؤالدین بہمنی آپ سے بے حد عقیدت رکھتا تھا کیونکہ اس کو سلطنت بھی مشائخ چشت کی دعا سے ملی تھی۔ ایک دن سلطان محمد تغلق حضرت سلطان المشائخ کی خدمت میں حاضر ہو کر باہر جانے والا تھا کہ علاؤالدین حسن جو اس وقت عام آدمی تھا آ گیا۔ حضرت شیخ نے اسے دیکھ کر فرمایا کہ۔

سلطانے رفت و سلطانے آمد (ایک بادشاہ گیا اور دوسرا بادشاہ آیا)

جب سلطان علاؤالدین حسن تخت نشین ہوا تو اس نے پانچ من سونا اور دس من چاندی حضرت شیخ برہان الدین غریبؒ کے ذریعے حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کو ایصال ثواب کے لئے غرباء اور مساکین میں تقسیم کرائی۔

بقول صاحب تاریخ مشائخ چشت شیخ حماد بن عماد کاشانیؒ نے حضرت شیخ کے ملفوظات جمع کئے جن کا نام احسن الاقوال ہے۔ ان کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ آپ نے اپنے مریدین کی تربیت کے لئے کتنی جدوجہد فرمائی۔

## حضرت شیخ زین الدینؒ:

حضرت شیخ برہان الدینؒ کے خلیفہ حضرت شیخ زین الدینؒ تھے۔ جن کے ذریعے سلسلہ عالیہ چشتیہ نے دکن میں خوب ترقی کی۔

Marfat.com

### حضرت شیخ علاؤالدین حسین شاہؒ:

آپ حضرت شیخ زین الدین کے خلیفہ ہیں۔ اسی طرح یہ سلسلہ آگے بڑھتا رہا لیکن یہاں تفصیل کی گنجائش نہیں ہے۔

## علاقہ گجرات میں سلسلہ چشتیہ کا عروج:

سرزمین گجرات (ہند) میں سلسلہ عالیہ چشتیہ کی ابتدا حضرت خواجہ قطب الدینؒ کے زمانے سے ہو چکی تھی۔ حضرت خواجہ قطب الدین کے مرید حضرت شیخ محمودؒ اور شیخ حامد الدینؒ نہروالہ کے باشندہ تھے جو گجرات میں واقع ہے جن کا تفصیلی ذکر کہیں نہیں ملتا۔

اس کے بعد گجرات میں حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء قدس سرہٗ کے خلفاء حضرت سید حسینؒ، شیخ حسام الدین ملتانیؒ، شاہ بارک اللہ کے ذریعے سلسلہ چشتیہ کو خوب ترقی ہوئی۔ سید حسینؒ بہت بڑے عالم تھے انہوں نے ہدایہ پر حاشیہ لکھا ہے۔ آپ روحانی اشارہ پا کر حضرت سلطان المشائخ سے بیعت ہوئے تھے جن کو آپ نے گجرات میں تبلیغ کے لئے مقرر کیا۔ نہروالہ کے ایک تالاب کے کنارے آپ کا مزار ہے۔ شیخ حسام الدین کا مزار بھی وہیں ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

# مشائخ چشتیہ صابریہ

حضرت مخدوم علی احمد صابر قدس سرہٗ کے حالات قبل ازیں بیان ہو چکے ہیں۔ آپ کے صرف ایک خلیفہ تھے جنکا اسم گرامی حضرت شاہ شمس الدین ترکؒ تھا۔

## حضرت شاہ شمس الدین ترک پانی پتیؒ

مراۃ الاسرار میں آپ کے مفصّل حالات درج ہیں۔ جنکا خلاصہ یہاں دیا جاتا ہے۔ طریقت میں آپکی شان بہت بلند تھی اور تجرّد میں آپ کو کمال حاصل تھا۔ لہذا آپ اکثر لباس قلندرانہ چرمی پہنتے تھے۔ اور مستغنی عن الناس تھے۔ آپ حضرت شیخ احمد یسویؒ کی اولاد میں سے تھے جو "شیخ ترکستان" کے نام سے معروف ہیں اور جنکا سلسلہ نسب حضرت محمد حنفیہ ابن حضرت علیؓ سے جاملتا ہے۔ آخر عمر میں آپ نے خرقۂ خلافت حضرت مخدوم علاء الدین علی احمد صابر قدس سرہٗ سے حاصل کیا۔ حضرت شیخ کے وصال کے تین دن بعد آپ انکے حکم کے مطابق پانی پت پہنچے۔ چونکہ رہنے کو کوئی مکان نہیں تھا آپ دیوار کے سایہ میں بیٹھ گئے۔ آپ نے کچھ عرصہ سلطان غیاث الدین بلبن کی فوج میں بھی ملازمت کی اور اُسے ایک ایسا مضبوط قلعہ فتح کرایا جسکا اس نے کافی عرصہ سے محاصرہ کر رکھا تھا۔ اور پھر غائب ہو گئے۔ آپ حضرت شیخ نصیر الدین چراغ دہلیؒ کے ہم عصر تھے۔

## حضرت شیخ جلال الدین کبیر الاولیاءؒ

آپ حضرت شاہ شمس الدین ترکؒ کے مرید و خلیفہ تھے اور پانی پت کے ایک امیر خاندان سے تعلق رکھتے تھے آپ کا ظاہری حُسن بے نظیر تھا۔ ایک دن عالم حسن و شباب میں گھوڑے پر سوار ہو کر جا رہے تھے۔ حضرت شاہ شمس الدین ترکؒ کے قریب سے گزرے

Marfat.com

تو آپ نے اُنہیں دیکھ کر اپنے اصحاب سے فرمایا کہ مجھے اپنی نعمت اس نوجوان کے چہرے میں چمکتی ہوئی نظر آرہی ہے۔ اُدھر انکی نظر جونہی حضرت شیخ کے نور ولایت پر پڑی چونکہ ہدایت کا وقت آچکا تھا آپ نے فوراً گھوڑے سے اتر کر سر حضرت اقدس کے قدموں پر رکھ دیا۔ اس کے بعد انہوں نے سب کچھ چھوڑ کر حضرت شیخ کی صحبت اختیار کر لی اور تکمیل کو پہنچے آپ حضرت عثمان رضؓ کی اولاد میں سے تھے۔

**خلفاء** صاحب تاریخ مشائخ چشت نے آپ کے خلفاء کی تعداد چالیس لکھی جن میں سر فہرست حضرت شاہ احمد عبدالحق ردولوی قدس سرہٗ ہیں۔ آپکی تاریخ وصال ۸۱۶ھ ہے مدفن آپکا پانی پت ہے۔

**حضرت شاہ احمد عبدالحق ردولویؒ** آپ عرصہ دراز تک مشائخ کی صحبت میں رہ کر آخر پانی پت پہنچے۔ اور حضرت شیخ جلال الدین پانی پتی قدس سرہٗ کے مرید ہوئے۔ آپ نے بہت شدید مجاہدات کیئے حتیٰ کہ قبر کھود کر چھ ماہ تک اس میں ریاضت کرتے رہے۔ آخر حق تعالیٰ کیطرف سے "عبدالحق" کا خطاب پا کر باہر آئے۔ اسکے بعد آپ ہمیشہ مشاہدہ حق میں مستغرق رہتے تھے۔ جب نماز کا وقت آتا تھا تو خادم حق حق حق کی آواز دیکر آپ کو ہوشیار کرتا تھا۔ کہتے ہیں کہ پہلی مرتبہ حق کی آواز سن کر آپ عالم لاہوت سے جبروت کی طرف آتے۔ دوسری آواز سن کر آپ جبروت سے ملکوت کی طرف اور تیسری آواز پر آپ عالم ملکوت سے عالم ناسوت کی طرف آتے اور نماز پڑھکر پھر عالم لاہوت یعنی مشاہدۂ جمال حق منہمک ہو جاتے تھے جب نماز جمعہ کو جاتے تو خادم آگے چل کر حق حق کی آواز بلند کرتا جاتا تھا اور اس آواز کو آپ سُن کر قدم اٹھاتے جاتے تھے۔ جب خادم خاموش ہوتا تو آپ عالم تحیّر میں کھڑے ہو جاتے تھے۔

آپ نسب میں حضرت عمر رضؓ کی اولاد میں سے ہیں۔ آپ کے دادا شیخ داؤد چنگیز خان کے مظالم کی وجہ سے ہندوستان آئے تھے۔ اور حضرت شیخ نصیر الدین چراغ دہلیؒ کے مرید ہوئے۔ حضرت شاہ عبدالقدوس گنگوہی نے آپ کے مفصل

حالات لکھے ہیں جو کتاب مرآۃ الاسرار میں نقل کئے گئے ہیں - آپ فرماتے ہیں کہ منصور بچہ تھا، برداشت نہ کر سکا اور راز فاش کر دیا - مردانِ خدا ایسے ہیں جو دریا نوش کر جاتے ہیں اور دم نہیں مارتے -

جب آپکی عمر ایک سو بیس سال ہو گئی تو آپ نے اہل خانہ سے فرمایا کہ حق تعالی کے فرشتے کئی مرتبہ مجھے لینے آئے ہیں لیکن میں نے انکو کہا ہے کہ جبتک اپنے اکلوتے بیٹے کی شادی نہیں دیکھ لیتا اس دنیا سے نہیں جاؤنگا اسلئے اب جلدی اسکی شادی کر دو اب زیادہ دیر تک نہیں ٹھہر سکتا - چنانچہ چند یوم میں آپ کے بیٹے کی شادی ہو گئی اور آپ جہان فانی کو چھوڑ کر جہان باقی کی طرف رحلت کر گئے تاریخ وصال پندرہ جمادی الثانی ۸۳۷ھ ہے -

## حضرت شیخ احمد عارف بن شیخ احمد عبد الحقؒ

آپ اپنے والد حضرت شیخ احمد عبد الحقؒ کے مرید و خلیفہ ہیں - آپ نے پچاس سال تک حق سجادگی ادا کیا اور اپنے بیٹے شیخ محمدؒ کو خلافت دیکر راہیٔ ملک بقا ہوئے -

## حضرت شیخ محمدؒ بن شیخ عارفؒ

آپ کے مقام کا اندازہ اس بات سے ہو سکتا ہے کہ حضرت شاہ عبد القدوس گنگوہیؒ جیسے شاہباز آپ کے مرید اور خلیفہ ہیں اور حضرت شاہ عبد القدوس گنگوہیؒ حضرت مجدد الف ثانیؒ شیخ احمد سرہندی قدس سرہ کے والد ماجد حضرت شیخ عبد الاحدؒ کے پیر و مرشد ہیں جنکو خرقۂ خلافت حضرت شاہ عبد القدوسؒ کے بیٹے حضرت شاہ رکن الدینؒ سے حاصل ہوا -

## شیخ بدھؒ

آپ اپنے والد حضرت شیخ محمدؒ کے مرید و خلیفہ تھے - ایک دفعہ آپ سوئے ہوئے تھے آپکی اہلیہ نے بیدار ہو کر دیکھا کہ بیک وقت سو بھی رہے ہیں اور مصلے پر بیٹھے نماز بھی پڑھ رہے ہیں -

## حضرت شیخ منصورؒ

آپ اپنے والد شیخ بدھؒ کے مرید و خلیفہ تھے اور اور بڑے مرتاض اور عبادت گزار تھے صاحب مرآۃ الاسرار کا بیان ہے کہ میں

نے بارہا شیخ منصورؒ کے بیٹے شیخ عالمؒ کی زیارت کی ہے۔

**حضرت شیخ عبدالرحمٰنؒ** آپ حضرت شیخ بڈھؒ کے مرید تھے لیکن خلافت آپ نے حضرت شیخ منصورؒ سے حاصل کی۔ آپ مرآۃ الاسرار کے مصنّف کے گہرے دوست تھے اور طریقت میں ماہر فن مشائخ تھے۔ آپ نے ہمیشہ گمنامی میں زندگی بسر فرمائی۔

**حضرت شیخ پیرؒ بن شیخ بڈھؒ** آپ حضرت شیخ بڈھؒ کے بڑے بیٹے تھے۔ آپ بڑے قوی الحال بزرگ تھے۔ مشاہدۂ جمال الٰہی میں آپکی آنکھیں ہمیشہ سُرخ رہتی تھیں۔

**حضرت شیخ قطب الدینؒ** آپ اپنے والد حضرت شیخ پیرؒ کے مرید و خلیفہ تھے جب آپ کلیر شریف پہنچے تو حضرت مخدوم صابرؒ نے فرمایا کہ تمہاری زندگی ختم ہونے والی ہے۔ فوراً جاؤ اور اپنی ہڈیوں کو اپنے آباؤ اجداد کے ساتھ ملاؤ۔ آپ نے عرض کیا کہ میرے آباؤ اجداد کی عمریں تو بہت زیادہ تھیں مجھے کیوں اتنی جلدی بلاوا آگیا ہے۔ حضرت مخدومؒ نے فرمایا کہ تم کو یاد نہیں کہ تم نے اپنی عمر کے بیس سال رحمت خان کو دیئے تھے۔ رحمت خان بادشاہ اکبر کا مصاحب تھا جو قریب المرگ تھا لیکن آپ نے اپنی عمر میں سے بیس سال اُسے دیکر موت سے بچالیا تھا۔ اس کے بعد آپ فوراً واپس ردولی آئے اور تین ماہ کے اندر وصال فرمایا۔

**حضرت شیخ حمیدؒ** آپ شیخ قطب الدینؒ کے بیٹے اور خلیفہ جانشین تھے اور تمام ظاہری اور باطنی کمالات کے جامع تھے۔ مرآۃ الاسرار کے مصنّف شیخ عبدالرحمٰنؒ اِن ہی کے مرید و خلیفہ تھے حضرت شاہ احمد عبدالحقؒ نے فرمایا تھا کہ میری ساتویں پشت کا جب ظہور ہو گا تو وہ بعینہ میری طرح ہو گا۔ صاحب مرآۃ الاسرار لکھتے ہیں کہ حضرت شیخ حمیدؒ قطب وقت تھے۔ اور یہ بات اُنکو حضرت شیخ احمد عبدالحقؒ نے عالم معاملہ میں بتائی تھی۔ آپ کا وصال جہانگیر کے عہد حکومت میں ۲/ جمادی الاوّل ۱۰۳۲ھ کو ہوا اور ردولی شریف میں دفن ہوئے۔

Marfat.com

**حضرت شاہ عبد القدوس گنگوہی ؒ** آپ کا سلسلہ نسب حضرت امام ابو حنیفہ رضؓ سے جاملتا ہے آپکے دادا حضرت شیخ صفی الدین حنفی رحؒ چشتیہ سلسلہ کے مشہور شیخ حضرت شیخ اشرف جہانگیر سمنانی رحؒ کے خلیفہ تھے۔ اگرچہ بظاہر آپ حضرت شیخ محمدؒ بن شیخ عارفؒ بن شیخ احمد عبد الحق رحؒ کے مرید و خلیفہ تھے لیکن باطنی طور آپ کی تربیت حضرت شیخ احمد عبد الحق ردولوی قدس سرہٗ کی روحانیت سے ہوئی۔ ایک خرقۂ خلافت آپکو حضرت شیخ قاسم اودھی سہروردیؒ سے بھی حاصل ہوا۔ آپ مادرزاد ولی تھے۔

آپکو سلسلہ عالیہ قادریہ اور نقشبندیہ کے مشائخ سے بھی خلافت حاصل تھی۔ اور آپ کے ذریعے اِن تینوں سلاسل کی نسبت آجتک آپ کے سلسلہ چشتیہ صابریہ قدوسیہ میں جاری وساری ہے۔

**تصانیف** آپ کی تصانیف میں سے سب زیادہ اہم آپکے مکتوبات ہیں جو آپ نے مریدین کی ہدایت و تربیت کیلئے تحریر فرمائے۔ مکتوبات کیا ہیں حقائق و معارف کا بلند پایہ خزانہ ہیں۔ احقر راقم الحروف نے اِن مکتوبات کا فارسی سے اردو میں ترجمہ کیا ہے جو عنقریب طبع ہونے والا ہے۔ آپکی دوسری تصنیف انوار العیون ہے جس میں آپ نے حضرت شیخ احمد عبد الحق رحؒ ردولوی قدس سرہٗ کے حالات و کرامات بیان کیئے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ نے مندرجہ ذیل کتب تالیف فرمائی ہیں۔

۱۔ تعلیقات علی شرح الصحائف علم کلام

۲۔ شرح عوارف المعارف۔

۳۔ حاشیہ تعرف۔

آپ کے حالات آپکے فرزند و خلیفہ حضرت شیخ رکن الدین رحؒ نے قلمبند کیئے ہیں اس کتاب کا نام لطائف قدوسی ہے۔ آپ کے حالات مرآۃ الاسرار اقتباس الانوار اور انوار العارفین میں بھی تفصیل سے پائے جاتے ہیں

**کمالات** آپ کے کمالات اسقدر زیادہ ہیں کہ اس مختصر کتاب میں گنجائش بیان نہیں ہے۔ صرف ایک واقعہ سے آپ کے بلند مقام

Marfat.com

کا اندازہ ہو جائیگا۔ حضرت شاہ محمد غوث گوالیاری شروع میں عامل تھے بعد میں ولی اللہ ہوئے۔ ایک دفعہ انہوں نے اپنے تابع جنّوں کو حکم دیا کہ شیخ عبدالقدوس گنگوہی کو اٹھا کر لے آؤ۔ جب جن وہاں پہنچے تو آپ مسجد میں مراقب تھے۔ جن دُور کھڑے دیکھ رہے تھے لیکن قریب آنے کی ہمت نہیں ہوتی تھی۔ آپ نے سر اٹھا کر فرمایا کہ تم کون ہو۔ انہوں نے عرض کہ محمد غوث زیارت کے مشتاق ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ ہم لوگ آپکو وہاں لے چلیں۔ آپ نے فرمایا کہ میں تمکو حکم دیتا ہوں کہ محمد غوث کو یہاں لے آؤ۔

چنانچہ جن واپس گئے اور انکو اٹھا کر لے آئے۔ راستے میں انہوں نے جنّوں سے پوچھا کہ تم تو میرے تابع ہو میرے حکم سے یہ سرکشی کیسے کر رہے ہو۔ جنوں نے جواب دیا کہ باقی سب لوگوں کے مقابلے میں ہم آپ کے مطیع ہیں مگر حضرت شیخ کے مقابلے میں ہم آپ کی اطاعت نہیں کرینگے۔ غرضیکہ انکو لیکر حضرت شیخ کی خدمت میں پہنچے تو آپ نے دیکھ کر فرمایا کہ تمہیں شرم نہیں آتی کہ یہ حرکتیں کرتے ہو۔ آخر کار انہوں نے توبہ کی اور بیعت ہو کر ولایت کے مراتب کو پہنچے۔ آپ کا مزار گوالیار میں ہے۔ حضرت شاہ عبدالقدوس کی تاریخ وصال ۱۱/جمادی الآخر ۹۴۴ھ ہے۔ مرض الموت کے دوران ایک رات آپ نے ستر مرتبہ تازہ وضو کر کے نوافل تحیۃ الوضو پڑھیں۔ اور نماز پڑھتے ہوئے جاں بحق ہوئے۔

**خلفاء** ویسے تو آپ کے خلفاء کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ یہاں صرف چند مشاہیر کے اسمائے گرامی درج کیے جاتے ہیں:۔

۱۔ حضرت شیخ رکن الدین جو آپ کے فرزند اور خلیفہ جانشین تھے جو حضرت مجدد الف ثانی کے والد ماجد حضرت شیخ عبدالاحد کے پیر و مرشد تھے۔ حضرت مجدد کو سلسلہ چشتیہ کی نسبت آپ کے ذریعے حاصل ہوئی۔

۲۔ حضرت شیخ بھورا۔ ۳۔ حضرت شیخ عمر۔ ۴۔ حضرت شیخ عبدالغفور اعظم پوری۔

Marfat.com

۵۔ حضرت شیخ عبدالکبیر المعروف بالا پیرؒ جو آپ کے فرزند نسبی تھے۔
۶۔ حضرت شیخ جلال الدین تھانیسریؒ۔

یہاں صرف حضرت جلال الدین کابلی تھانیسریؒ اور انکے خلفا اور خلفا کے خلفا کے حالات بیان کیئے جاتے ہیں۔

**حضرت شیخ جلال الدین کابلی تھانیسریؒ** آپ حضرت شاہ عبدالقدوسؒ کے اکابر خلفا میں سے تھے۔ آپ حضرت عمر فاروقؓ کی اولاد ہیں۔ آپ نے سات سال کی عمر میں قرآن حفظ کیا اور سترہ سال کی عمر میں تمام علوم اسلامیہ پر عبور حاصل کر لیا۔ اور تصنیف و تالیف میں مصروف ہو گئے۔ اتباع شریعت میں آپ بہت سخت تھے۔ بیعت سے پہلے آپ بہت بڑے عالم تھے اور ایک مدرسے میں درس دیتے تھے۔ آپ کے شاگرد حضرت شاہ عبدالقدوس گنگوہیؒ کے مرید تھے ایک دفعہ جب وہ مرید گھر جانے لگا تو مولانا جلال نے اُس سے کہا کہ اپنے ناچنے والے پیر کو میرا سلام کہنا (یعنی جو سماع میں رقص کرتے ہیں) جب انہوں نے سلام پہنچایا تو آپ نے فرمایا کہ اُنکو میرا سلام کہنا اور یہ کہنا کہ ہمارے پیر ناچتے بھی ہیں اور نچواتے بھی ہیں۔ جب طالب علم نے یہ پیغام دیا تو انکی حالت دگرگوں ہو گئی اور غلطاں و خیزاں حضرت اقدس کی خدمت میں پہنچے۔ حضرت اقدس نے ایک تیز نگاہ ڈالی جس سے وہ اپنے تمام علوم کھو بیٹھے اور بالکل کورے بن گئے۔ لیکن جب اُنہوں نے توبہ کی اور معافی مانگی تو انکو تمام علوم واپس مل گئے۔ اس کے بعد حضرت اقدس کے ہاتھ پر بیعت کی سلوک تمام کیا اور بلند مراتب کو پہنچے۔ ارشاد الطالبین آپ کی تصنیف ہے جو سلوک الی اللہ پر ایک جامع لیکن مختصر درس ہے۔ اکبر بادشاہ اکثر آپ کی ملاقات کا شرف حاصل کرتا تھا۔

**کرامات** آپکی کرامات تو بیشمار ہیں یہاں صرف ایک پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ تھانیسر میں ایک میلہ لگتا تھا جہاں ایک ہندو جوگی زمین میں غوطہ لگا کر جہاں چاہتا تھا باہر آجاتا تھا۔ چنانچہ آپ بھی تماشا دیکھنے کی خاطر

Marfat.com

وہاں چلے گئے۔ جب جوگی نے غوطہ لگایا تو آپ نے اپنا پاؤں اس جگہ رکھ دیا جہاں اُس نے غوطہ لگایا تھا۔ جس کا اثر یہ ہوا کہ وہ جوگی باہر نہ آسکا اور زمین کے اندر مرگیا۔ آپکی تاریخ وصال ۱۴ ربیع یا ۲۲ ربیع یا ۲۵ ذوالحجہ سنہ ۹۸۰ھ یا ۹۸۹ھ ہے۔

**حضرت شیخ نظام الدین بلخی رحمۃ اللہ علیہ** آپ حضرت شیخ جلال الدین تھانیسری قدس سرہٗ کے مرید و خلیفہ ہیں۔ آپ تمام ظاہری و باطنی علوم سے مزین تھے۔ اور علم کیمیا بھی جانتے تھے۔ اس وجہ سے حاسدین نے اکبر بادشاہ کو آپ کے خلاف بھڑکایا اور بادشاہ نے آپکو دو مرتبہ ملک بدر کیا۔ آپ اپنے شیخ علیہ رحمہ کے خلیفہ ہونے کے علاوہ بھتیجے اور داماد بھی تھے۔ آپ نے تھوڑے عرصے میں اسقدر ترقی کرلی کہ حضرت شیخ نے اپنی زندگی ہی میں اپنے مریدین و خلفا کو آپکے حوالے کردیا تھا۔ آپ جس شخص پر نظر کرتے صاحب شہود بنادیتے تھے۔ اسلئے لوگوں میں آپ کا لقب "ولی تراش" ہوگیا تھا۔

**تصانیف** آپکی تصانیف میں شرح سوانح غزالی رحمۃ اللہ علیہ۔ لمعات کی دو شرحیں (مکی و مدنی) ریاض قدسی، تفسیر نظامی، رسالہ حقیقت، رسالہ بلخیہ (در جواز سماع) شامل ہیں۔

**وصال** آپ کی تاریخ وصال ۸ رجب سنہ ۱۰۳۵ھ ہے۔ مزار مبارک بلخ میں ہے۔

**خلفا** آپ کے مشہور خلفا یہ ہیں۔

۱۔ صاحبزادہ عبد الکریم رحمۃ اللہ علیہ۔ ۲۔ سید علی غواص ترمذی رحمۃ اللہ علیہ (جو بلخ میں سجادہ نشین ہوئے اور علاقہ سوات میں پیر بابا کے نام سے مشہور ہیں)

۳۔ حضرت شاہ ابو سعید رحمۃ اللہ علیہ جو گنگوہ میں سجادہ نشین ہوئے۔

۴۔ حضرت شیخ اللہ داد رحمۃ اللہ علیہ۔ ۵۔ حضرت شیخ جان اللہ لاہوری رحمۃ اللہ علیہ (مزار باغ مہان سنگھ)

۶۔ حضرت شیخ حسین لوہیری رحمۃ اللہ علیہ۔ ۷۔ حضرت شیخ ولی محمد نارنولی رحمۃ اللہ علیہ۔

۸۔ حضرت پائندہ بنوری رحمۃ اللہ علیہ۔ ۹۔ حضرت سید اللہ بخش لاہوری بھکھری رحمۃ اللہ علیہ

۱۰۔ حضرت شیخ عبد الکریم لاہوری رحمۃ اللہ علیہ (مدفن موضع نواں کوٹ) ۱۲۔ حضرت شیخ مصطفےٰ

۱۱۔ حضرت شیخ دوست محمد رحمۃ اللہ علیہ لاہور۔

Marfat.com

۱۳۔ حضرت شیخ عبدالفتاح اندوریؒ۔ ۱۴۔ حضرت شیخ عبدالرحمٰن کشمیریؒ
۱۵۔ حضرت سید قاسم برہانپوریؒ۔ ۱۶۔ حضرت قاضی عبدالحی ولد قاضی سالمؒ
۱۷۔ حضرت شیخ صادق برہان پوریؒ۔ ۱۸۔ حضرت شیخ فتحی رحؒ

اب حضرت شاہ نظام الدین بلخیؒ کے چند نامور خلفا کے حالات بیان کیے جاتے ہیں

## حضرت شیخ علی غوّاص ترمذی چشتیؒ

آپ حضرت نظام الدین بلخی قدس سرہٗ کے خلیفہ تھے جب حضرت شیخ ہندوستان سے بلخ تشریف لے گئے تو شیخ علی غوّاصؒ وہاں مرید ہوئے اور سلوک تمام کرکے علاقہ یوسف زئی میں قیام فرمایا۔ اس علاقے میں آپ پیر باباؒ کے نام سے مشہور ہیں۔ کتب سیرّ میں لکھا ہے کہ آپ غوث الوقت تھے۔ آپ سماع بلا مزامیر (بغیر آلات) سُنتے تھے۔ آپ چونکہ غوّاص بحرِ معرفت تھے اپنے شیخ کی طرف سے آپ کو غوّاص کا لقب ملا تھا۔ آپ کا وصال ۱۰۴۵ھ میں شاہجہان بادشاہ کے عہد میں ہوا۔

## حضرت مولانا اخوند درویزہ چشتیؒ

آپ حضرت شیخ علی غوّاصؒ کے خلیفہ ہیں۔ آپ علوم ظاہری و باطنی سے آراستہ تھے اور باطنی کمالات کو درس تدریس میں چھپاتے تھے۔ آپ سختی سے پابند شریعت تھے اور ملحدین اور رافضین سے ہر وقت برسرپیکار رہتے تھے۔ خصوصًا بایزید جو اپنے آپ کو پیر روشن کہتا ہے اسکا آپ نے بڑا مقابلہ کیا اور اسے پیر تاریک کا لقب دیدیا۔ اسی طرح حضرت عیلسی بلوتی کے غیر اسلامی عقائد کا بھی آپ نے خوب مقابلہ کیا۔ اِن دونوں اشخاص کے عقائد باطلہ کی آپ نے اپنی کتاب مخزن الاسلام میں خوب تردید کی ہے۔ معارج الولایت کے مصنف نے اس کتاب کی شرح لکھی ہے جس کا نام کلمات الوافیات ہے۔ مخزن الاسلام کا نصف حصّہ حضرت اخوند درویزہؒ نے لکھا ہے اور آپکے وصال کے بعد باقی نصف حصّہ آپکے فرزند اور خلیفہ حضرت مولانا عبدالکریم پشاوریؒ نے لکھا ہے۔ آپکی تاریخ

وصال ۱۰۴۸ھ ہے

**حضرت مولانا عبدالکریم پشاوریؒ** آپ حضرت اخوند درویزہؒ کے فرزند اور خلیفہ ہیں۔ آپ بڑے باکمال درویش تھے۔ آپ کو اخوند کریم داد بھی کہتے ہیں۔ آپ شریعت، طریقت اور حقیقت میں کمال رکھتے تھے۔ آپ سے کسی نے پوچھا کہ غوث کسے کہتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ غوث وہ ہے کہ جب فوت ہو جائے اور کوئی اسکے چہرہ کی زیارت کرے تو وہ تبسم کرتا ہے۔ چنانچہ جب آپکا وصال ہوا تو اس شخص نے چہرہ مبارک پر نظر ڈالی تو آپ نے تبسم فرمایا۔ سبحان اللہ! مردانِ خدا کی شان نرالی ہے۔ آپ کا سن وصال ۱۰۷۲ھ ہے۔

**حضرت پنجو بابا پشاوریؒ** آپ بھی اخوند درویزہؒ کے مرید و خلیفہ ہیں اور وہی مسلک رکھتے تھے جو انکا تھا۔ آپ ہندی و فارسی کے شاعر تھے۔ مولانا چالاک میانہؒ، مولانا شیخو شاہ جہان پوریؒ اور شیخ علیؒ آپ کے نامور مرید تھے۔ آپ کی وصال ۱۰۷۳ھ ہے۔ اور مزار پشاور میں ہے۔

**حضرت شیخ محمد عارف لاہوریؒ** آپ بھی سلسلہ عالیہ چشتیہ سے تعلق رکھتے تھے۔

**حضرت شیخ محمد صدیق لاہوریؒ** آپ حضرت شیخ محمد عارف لاہوریؒ کے مرید و خلیفہ تھے اور جامع شریعت و طریقت و حقیقت تھے۔ دن کے وقت آپ درس و تدریس میں اور رات کو تربیت مریدین میں مشغول رہتے تھے۔ سن وصال ۱۰۸۴ھ آپ کا مزار لاہور میں مزارات میدان زین خان میں ہے

**حضرت شیخ جان اللہ چشتی لاہوریؒ** آپ بھی حضرت شاہ نظام الدین بلخیؒ کے مرید و خلیفہ تھے۔ شروع میں آپ کا مشغلہ درس و تدریس تھا بعد میں آپ نے تھانیسر جاکر حضرت شیخ سے بیعت کی اور کمال کو پہنچے آپ بلخ میں بھی اپنے شیخ کے ساتھ رہے۔ آپ کا سن وصال ۱۰۳۶ھ ہے اور مزار

Marfat.com

مبارک لاہور میں باغ مہان سنگھ میں ہے

**حضرت شیخ ابو سعید چشتی صابری گنگوہیؒ** آپ حضرت شیخ نور الدینؒ کے بیٹے اور شاہ عبد القدوس گنگوہیؒ کے پوتے تھے۔ آپکی والدہ حضرت شیخ جلال الدین تھانیسریؒ کی بیٹی تھیں۔ آپ حضرت شیخ نظام الدین بلخی قدس سرہ کے اکمل و اعظم خلفا میں سے تھے۔ پہلے آپ نے اپنے دادا علیہ رحمتہ کے ہاتھ پر بیعت کی۔ اس کے بعد اپنے دادا سے اشارۂ غیبی پاکر حضرت شیخ نظام الدینؒ کی خدمت میں بلخ پہنچے اور سلوک تمام کر کے خلافت سے فیض یاب ہوئے۔ حضرت شیخ نظام الدینؒ نے بہت سخت مجاہدات لیئے۔ جن میں سے آپ کامیاب اترے اور پھر خلافت حاصل کی۔ آپ کو حضرت شیخ حمیدؒ سے بھی خلافت ملی تھی۔ آپ مرآۃ الاسرار کے مصنف شیخ عبد الرحمنؒ کے ہم عصر اور دوست تھے۔

**خلفاء** آپکے خلفا کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

۱۔ حضرت شیخ محمد صادقؒ۔ ۲۔ حضرت شیخ محمد ابراہیم سید پوریؒ (نزد گنگوہ)
۳۔ حضرت شاہ محب اللہ الہ آبادیؒ ۴۔ حضرت شیخ محمد ابراہیم سہارنپوریؒ
۵۔ حضرت شیخ خواجہ پانی پتیؒ

**وصال** آپ کا سن وصال ۱۰۴۹ھ ہے۔ مزار مبارک گنگوہ شریف میں ہے

**حضرت شیخ محمد صادقؒ** آپ حضرت شیخ ابو سعیدؒ کے چچا زاد بھائی اور خلیفہ جانشین تھے۔ آپ سماع کے دلدادہ تھے۔

**حضرت شیخ داؤدؒ** آپ حضرت شیخ محمد صادق کے فرزند اور خلیفہ جانشین تھے اور بڑے باکمال بزرگ تھے۔ کسی نے بادشاہ اورنگزیب عالمگیر کے ہاں شکایت کی کہ شیخ داؤد سماع سنتے ہیں اور شریعت کی پرواہ نہیں کرتے۔ بادشاہ نے آپکو بلا بھیجا۔ جب آپ دہلی پہنچے تو بادشاہ نے ملا عبد القوی فقیہ سے کہا کہ ان کے ساتھ مناظرہ کرو۔ جب اس نے مناظرہ

Marfat.com

شروع کیا تو اس کا علم جاتا رہا اور جاہل ہو کر رہ گیا۔ آخر اس نے توبہ کی اور معافی کا طلب گار ہوا۔ آپ نے اس کو معاف کیا اور علم واپس دلایا۔

نقل ہے کہ آپ نے وصال سے تین روز پہلے اپنے بھائی سے کہا کہ میرے جنازہ کا انتظام کرو۔ مجھے تین رات سے متواتر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے ہیں کہ داؤد جلدی آؤ۔ مجھے تمہارا اشتیاق ہے۔

آپ کا یوم وصال ۵/ رمضان ۱۰۹۵ھ ہے۔ وصال کی رات آپ نے قوالوں کو طلب کیا اور ساری رات وجد و تواجد میں مشغول رہے۔ اور صبح کے وقت اسی سماع کی حالت میں جاں بحق ہوئے۔ مزار مبارک گنگوہ میں ہے۔

**خلفا** آپ کے خلفاء کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

۱۔ حضرت شیخ سوندھا بن عبدالمومنؒ ۔ ۲۔ حضرت شیخ بلاقی کیتھلیؒ ۔
۳۔ حضرت سید غریب اللہ ساکن کرانہؒ ۔ ۴۔ حضرت شاہ ابوالمعالی ساکن امبٹھہؒ
۵۔ حضرت شیخ عبدالقادر ساکن سنورؒ ۔

**حضرت شاہ ابوالمعالیؒ** آپ حضرت شیخ داؤد قدس سرہ کے مرید و خلیفہ ہیں۔ پہلے آپ نے بیعت حضرت شیخ محمد صادقؒ کے ہاتھ پر کی تھی لیکن خلافت انکے فرزند حضرت شیخ داؤد سے حاصل ہوئی۔ روایت ہے کہ ایک شخص آپ کا سخت مخالف تھا اور اکثر بد کلامی اور دشنام سے کام لیتا تھا۔ جب وہ آدمی فوت ہوا تو آپ نے اس کا ماتم کیا اور بہت روئے۔ جب آپ سے کسی نے پوچھا کہ دشمن کی موت پر آپ اسقدر کیوں رو رہے ہیں تو فرمایا کہ انبیاء اور اولیاء جب دنیا کی گرد و غبار سے آلودہ ہوتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو پیدا کر دیتا ہے جو ان خدا کے دوستوں کو ملامت کرتے ہیں اور برا بھلا کہتے ہیں اس سے دنیا کی گرد و آلائش مٹ جاتی ہے اور وہ پاک و صاف ہو جاتے ہیں۔ اب جبکہ یہ آدمی مر چکا ہے۔ مجھے اس بات کا غم ہے کہ اب مجھے دنیا کی آلائش سے کون پاک کرے گا۔ آپ پر استغراق کا اس قدر غلبہ رہتا تھا کہ ایک دفعہ تین ماہ تک نہ کچھ کھایا نہ پیا۔ نماز کیلئے بھی خدام

Marfat.com

آپکو مشکل سے استغراق سے نکال کر وضو کراتے تھے اور نماز ادا کرانے تھے لیکن بعد میں یہ حالت جاتی رہی اور آپ پابندئ شریعت میں کمربستہ ہو گئے۔ آپ کا سن وصال سنہ ۱۱۱۶ھ ہے۔

**حضرت شیخ سوندھا** آپ بھی حضرت شیخ داؤد قدس سرہٗ کے خلیفہ تھے۔ اور مریدین کی تربیت میں آپکو کمال حاصل تھا۔ حالت سماع میں آپکی نظر جس شخص پر پڑتی تھی بے ہوش ہو جاتا تھا۔ آپ کا سلسلۂ نسب حضرت ابوبکر صدیقؓ سے جاملتا ہے۔ جب آپ کے وصال کا وقت قریب آیا تو آپ نے قوالوں کو طلب کر کے خواجہ حافظ شیرازؒ کے اس شعر کو پڑھنے کا حکم دیا۔

صحبت غیر نخواہم کہ بود عین قصور　　　باخیالِ تو چرا با دگراں پردازم۔

جونہی قوالوں نے گانا شروع کیا آپ کو وجد آگیا اور وجد ہی میں جاں بحق ہو گئے آپکی تاریخ وصال ۴ جمادی الاوّل سنہ ۱۱۲۹ھ ہے۔

**خلفا** آپکے خلفاء کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

۱۔ حضرت سید محمد سعید سیّد میراں بھیکؒ۔ ۲۔ حضرت شیخ محمد علیؒ بن شیخ اللہ بخشؒ ساکن قصبہ براس۔ ۳۔ حضرت شیخ پیر محمدؒ ساکن تھانہ۔

۴۔ حضرت شیخ عثمان کرنالیؒ۔ ۵۔ حضرت شیخ محمد صدیق کیتھلیؒ۔

۶۔ حضرت شیخ محمد اکرم براسویؒ مؤلفِ کتاب سواطع الانوار و اقتباس الانوار[ع۱]

**حضرت شاہ میراں بھیکؒ** آپ حضرت شاہ ابو المعالیؒ کے خلیفۂ اعظم ہیں آپ بڑے باکمال ولی اللہ ہیں۔ ذوق و شوق اور وجد سماع میں آپ بے نظیر تھے۔ تربیت مریدین میں آپکو کمال حاصل تھا۔ آپ کے علاقے میں ایک ہندو زمیندار تھا جو مسلمانوں سے سخت نفرت کرتا تھا۔ ایک دفعہ وہ کسی

---

ع۱ کتاب ہذا کا راقم الحروف مؤلف نے اردو ترجمہ کیا ہے اور طباعت کے مراحل طے کر رہی ہے۔

Marfat.com

جرم میں گرفتار ہو گیا اور حاکم وقت نے اسے قتل کی سزا سنا دی۔ چنانچہ اسے شہر کے کونے کونے میں لیے پھرتے تھے اور لوگوں کو دکھا رہے تھے کہ آج فلاں جگہ پر قتل ہونے والا ہے۔ چنانچہ تمام لوگ۔ جائے قتل پر جمع ہو گئے جب اس مجرم کو راستے میں حضرت میراں بھیک نظر آئے تو قدموں پر گر گیا اور عرض کیا کہ اب مجھے زندگی کی کوئی امید باقی نہیں رہی اور چند منٹوں میں مجھے قتل کر دیا جائے گا۔ اگر آپ مجھے اس مصیبت سے بچالیں تو میں مسلمان ہو جاؤنگا۔

حضرت شیخ نے فرمایا کہ فکر مت کرو۔ تمہیں کوئی شخص نقصان نہیں پہنچا سکتا جب جلاد تلوار ہاتھ میں لیکر آیا تو عین اسی وقت حاکم وقت کا حکم پہنچ گیا کہ اسے قتل مت کرو۔ اور خلعت دیکر رخصت کر دو۔ چنانچہ وہ اپنے وعدہ کے مطابق حضرت شیخ کی خدمت میں حاضر ہوا اور مسلمان ہو کر پیر شاہ نام پایا۔

آپ کا وصال ۵ رمضان المبارک ۱۱۳۱ھ کو ہوا۔ آپ کے چالیس خلفاء تھے جن میں سے ہر ایک سے سلسلہ جاری ہوا ہے۔

## حضرت شیخ محمد سعید چشتی شرقپوری لاہوری رح :

آپ کا سلسلہ چند واسطوں سے حضرت شیخ نظام الدین بلخی صابری رح سے اس طرح جاملتا ہے کہ شیخ محمد سعید رح بن محمد باقر چشتی رح خلیفہ شاہ مراد چشتی ملتانی رح خلیفہ شیخ جیوی شاہ گجراتی رح خلیفہ شاہ زکریا چشتی رح خلیفہ شیخ حاجی قطب رح خلیفہ شاہ درگاہی چشتی لاہوری رح، خلیفہ حضرت شاہ ابو سعید گنگوہی رح، خلیفہ حضرت شاہ نظام الدین بلخی قدس سرہ۔ آپ بڑے صاحبِ کشف و کرامات تھے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی توجہ سے صاحبِ ولایت ہوئے۔ وہ اس طرح کہ ایک دفعہ آپ شرقپور سے بیل پر غلہ اٹھائے لاہور جا رہے تھے راستے میں بیل کی ٹانگ ٹوٹ گئی اور وہ گر گیا آپ پریشان ہو کر بیٹھے تھے ایک گھوڑے سوار نمودار ہوا انہوں نے سمجھا یہ کوئی راہزن ہے اور میرا بیل چرانا چاہتا ہے چنانچہ قریب آتے ہی انہوں نے کہا کہ میرے بیل کی ٹانگ ٹوٹی ہوئی ہے تمہارے کام کا نہیں ہے گھوڑے سوار نے کہا تمہارا بیل ٹھیک ہے اسے اٹھاؤ۔ انہوں نے بیل کو پاؤں مارا تو کھڑا ہو گیا اب وہ سمجھے کہ یہ راہزن نہیں بلکہ راہنما

Marfat.com

ہے۔ اب ان کی خدمت میں عرض کیا کہ حضور آپ نیچے آ کر میرے ساتھ غلہ کی بوری اٹھوائیں اور بیل پر رکھوائیں انہوں نے نیزے کی نوک سے بوری اٹھا کر بیل پر رکھ دی اور جانے لگے تو شیخ محمد سعیدؒ نے عرض کیا کہ آپ کون ہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ علیؓ بن ابی طالب ہوں مجھے تیری امداد کا حکم ملا ہے اس کے بعد آپ کی حالت تبدیل ہو گئی اور شیخ کامل سے بیعت کر کے بلند مراتب کو پہنچے۔

## حضرت شاہ عتیق اللہ جالندھریؒ:

آپ سادات جالندھر میں سے ہیں۔ آپ حضرت شاہ ابو المعالیؒ کے خلیفہ تھے جو حضرت شاہ میراں بھیکؒ کے خلیفہ تھے۔ آپ مدت دراز تک ہدایت خلق میں مشغول رہے۔ آپ کی عمر ایک سو پینتیس سال تھی۔

## حضرت شاہ علیم اللہ جالندھریؒ:

آپ حضرت شاہ عتیق اللہ کی فرزند اور خلیفہ تھے۔ نسبتاً آپ صحیح الطرفین سید تھے اور حضرت بندگی سید اسماعیل سرہندیؒ کی اولاد ہیں۔ آپ علوم ظاہری و باطنی سے آراستہ تھے۔

### تصانیف:

آپ کی تصانیف بے شمار ہیں جن میں سے چند یہ ہیں۔ انہار الاسرار۔ شرح بوستاں سعدیؒ۔ رسالہ نزہتہ السالکین (در علم سلوک) شرح اخلاق ناصری۔ زبدۃ الروایات فقہ۔ نثرالجواہر فارسی (ترجمہ الدر المرجان عربی مؤلفہ مرزا خان برکی محدث)۔

آپ شروع میں شاہ ابو المعالیؒ سے بیعت ہوئے لیکن روحانی تربیت حضرت میران بھیکؒ سے حاصل کی۔ آپ نے ساری عمر مریدین کی تعلیم و تربیت میں گزاری آپ بلند پایہ شاعر بھی تھے۔ آپ کی ایک غزل بطور قوت و تبرک یہاں درج کی جاتی ہے ؎

یار از خلوتِ گہہِ قدسی بمیدان تاختہ — تیغ استغنا بہ گردن ہائے اغیار آختہ
از تلون ہائے تو شکر لبا! گاہے علیم — ہمچو سیخ افسردہ گاہے چوں نمک بگداختہ

آپ کی کرامات شیخ عبداللہؒ نے کتاب اسرار العلیم میں درج کی ہیں آپ کا سن وصال ۱۲۰۲ھ ہے آپ کی عمر ترانوے سال تھی۔

Marfat.com

## حضرت سید علی شاہ چشتی صابری جالندھریؒ :

آپ حضرت شاہ علیم اللہؒ کے خلیفہ جانشین تھے اور ایک مدت تک خلق خدا کی ہدایت میں مشغول رہے آپ کا سن وصال ۱۲۱۳ھ ۔ مزار مبارک جالندھر میں ہے۔

## حضرت شیخ محمد چشتیؒ :

آپ بھی حضرت سید علیم اللہ جالندھریؒ کے خلیفہ ہیں آپ علوم ظاہری و باطنی میں یگانہ تھے۔ اور تمام عمر تعلیم و تلقین اسلام میں بسر فرمائی۔ آپ کا سن وصال ۱۲۲۰ھ ہے۔

## حضرت سید اعظم چشتی روپڑیؒ :

آپ کا سلسلہ بھی حضرت میراں بھیکؒ سے جاملتا ہے آپ اپنے والد حضرت سید عالم روپڑی کے مرید تھے اور وہ حضرت میران بھیکؒ کے مرید و خلیفہ تھے ایک دفعہ آپ گھوڑی پر سوار ہو کر جا رہے تھے کہ راستے میں راہزن مل گئے اور گھوڑی پر قبضہ کرنے لگے۔ آپ نے فرمایا بھائی میری یہ گھوڑی بہت کمزور اور کم قیمت ہے۔ ذرا ٹھہرو میں تمہیں اپنے گھر سے ایک نہایت ہی عمدہ گھوڑی لائے دیتا ہوں۔ آپ گھر گئے اور عمدہ گھوڑی لا کر چوروں کو دے دی اور وہ لے کر چلے گئے۔ دوسرے دن تمام راہزن اپنے بال بچوں سمیت آئے۔ توبہ کی اور آپ کے ہاتھ پر بیعت کی۔ آپ کا سن وصال ۱۲۲۷ھ ہے مزار آپ کا روپڑی میں ہے۔

## حضرت حافظ موسیٰ مانک پوریؒ :

آپ حضرت سید اعظم چشتی روپڑی کے خلیفہ ہیں۔ آپ کے جذب و مستی کا یہ عالم تھا کہ سماع میں آپ کی نظر جس پر پڑتی مجذوب ہو جاتا تھا۔ چنانچہ چند اشخاص مثل کرم شاہ اور محمد شاہ مجذوب ہو گئے۔ آپ کا وصال ۱۵ رمضان المبارک ۱۲۴۷ھ کو ہوا مزار مانک پور میں ہے۔ آپ کے خلفاء میں مولوی امانت علیؒ اور غلام معین الدین عرف خاموش دکھنیؒ اور خواجہ عبداللہ امروہی، امانت علی ثانی۔ محمدؒ بخش سہگہ والا اور پیر شاہ زیادہ مشہور ہیں۔

Marfat.com

## حضرت مولوی غلام مصطفیٰ چشتی وزیر آبادیؒ:

آپ کا سلسلہ کئی واسطوں سے حضرت شیخ محمد صدیق لاہوریؒ سے جاملتا ہے۔ آپ کے خلفاء میں سید چراغ شاہ سبزواریؒ لاہوری ہیں جو مفتی غلام سرور مؤلف خزینۃ الاصفیاء کے خالہ زاد بھائی ہیں۔ آپ کا سن وصال ۱۲۶۷ھ ہے۔

## حضرت امانت علی چشتیؒ:

آپ حضرت موسےٰؒ کے خلیفہ تھے آپ خلوت نشین تھے اور اہل دنیا سے کوئی سرو کار نہیں رکھتے تھے۔ آپ نے حضرت شیخ احمد کشمیریؒ سے بھی فیض صحبت حاصل کی

### خلفاء:

آپ کے خلفاء یہ ہیں۔

شیخ عبدالرحیمؒ، شیخ عبدالرحمٰنؒ، شیخ سمیع اللہ ساکن پٹیالہ وغیرہ۔

## حضرت شیخ محمد عارف چشتی صابری لاہوری:

آپ حضرت شیخ عبدالخالق چشتی صابری لاہوریؒ کے خلیفہ تھے جو حضرت نظام الدین بلخیؒ کے خلیفہ حضرت شیخ جان اللہ لاہوری چشتی کے خلیفہ تھے۔ فقرو تجرید میں آپ کا مقام بہت بلند ہے جو کچھ زبان مبارک سے نکلتا تھا ہو جاتا تھا آپ کی تاریخ وصال ۷ ذی الحجہ ۱۰۷۱ھ ہے مزار لاہور میں ہے۔

## حضرت شیخ محمد صدیق چشتی صابری لاہوریؒ:

آپ حضرت شیخ محمد عارفؒ کے خلیفہ تھے۔ علوم شریعت وطریقت میں یگانہ تھے۔ آپ نے ساری عمر درس وتدریس میں بسر کر دی۔ لیکن شام کے وقت آپ طالبان راہ طریقت کی روحانی تربیت فرمایا کرتے تھے۔ آپ کی تاریخ وصال ۸ ذی الحجہ ۱۰۸۴ھ ہے آپ کا مزار مزارات میدان زین خان میں واقع ہے۔

Marfat.com

## حضرت شیخ محمد سلیم چشتی صابری لاہوریؒ:

آپ حضرت شیخ محمد صدیق چشتی صابری لاہوری کے مرید و خلیفہ تھے۔ خلق کثیر نے آپ کے دست حق پرست پر بیعت کی۔ آپ سماع کے دلدادہ تھے۔ آپ کے ہاں ہر وقت محفل سماع جاری رہتی تھی۔ علمائے ظاہر نے آپ کی بڑی مخالفت کی لیکن ناکام ہوئے آخر لاہور کا صوبیدار (گورنر) جب آپ کا مرید ہوا تو مخالفت ختم ہو گئی۔ تاریخ وصال ۳ ذوالحجہ ۱۱۵۱ھ ہے آپ کا مزار مبارک لاہور میں ہے۔

## حضرت شیخ خیرالدین چشتی صابری عرف خیر شاہ لاہوریؒ:

آپ حضرت شیخ سلیم چشتی صابری لاہوریؒ کے اکابر خلفاء میں سے تھے۔ جذب و وجد اور سماع میں یگانہ تھے۔ آپ کا لنگر عام تھا جس میں سب امیر و غریب حصہ لیتے تھے۔ آپ کی تاریخ وصال ۱۹ ذوالحجہ ۱۲۲۸ھ ہے۔ مزار لاہور میں ہے۔

## حضرت شیخ سید عبدالرشید چشتی صابریؒ:

آپ حضرت میراں بھیکؒ کے خلیفہ تھے۔ نزہتہ السالکین میں لکھا ہے کہ ایک دن حضرت میراں بھیکؒ نے حضرت شاہ علیم اللہؒ سے فرمایا کہ میں تمام مریدین کا چھ ماہ تک امتحان لیتا ہوں اور پھر مرید کرتا ہوں لیکن سید عبدالرشید کو میں نے اول روز سے راسخ العقیدہ پایا۔ آپ کا وصال یکم ربیع الاول ۱۱۲۱ھ کو ہوا۔ مدفن جالندھر ہے۔ آپ کے فرزند حضرت غلام محی الدین کو حضرت شاہ میراں بھیک سے خلافت حاصل تھی۔

Marfat.com

# مشائخِ چشتیہ صابریہ محبّ الٰہیہ

## حضرت شاہ محبّ اللہ الہ آبادیؒ:

آپ کا اصلی وطن صدر پور تھا۔ تحصیل علوم کے بعد آپ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی قدس سرہٗ کے مزار مبارک پر مراقب ہوئے تو ارشاد ہوا کہ سلسلہ چشتیہ صابریہ میں آج کل شاہ ابو سعید گنگوہی کا بازار گرم ہے وہاں جاؤ۔ وہاں جاکر بیعت ہو گئے اور چند روز ہی آپ نے ان کو پایہ تکمیل تک پہنچادیا (یہ دیکھ کر دیرینہ مریدین نے شکایت کی تو آپ نے فرمایا ذالِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُوتِیہِ مَنْ یَشَاءُ)

خلافت کے بعد آپ نے الہ آباد کو اپنا مرکز بنایا اور تربیت مریدین میں مشغول ہو گئے۔ آپ کے سلسلے میں زیادہ تر علماء داخل ہوئے۔ الہ آباد میں آپ بیس سال تک فیض رسانی میں مشغول رہے۔ بقول صاحب مرآۃ الاسرار آپ حضرت شاہ ابو سعید گنگوہیؒ کے خلیفہ اعظم تھے۔ صاحب مرآۃ الاسرار شیخ عبد الرحمٰن چشتی صابریؒ لکھتے ہیں کہ جس وقت میں ردولی شریف میں حضرت شیخ احمد عبدالحق قدس سرہٗ کے ہاں مجاور تھا۔ حضرت شاہ محبّ اللہ الہ آبادیؒ بھی وہاں تشریف لائے اور میرے مکان پر قیام فرمایا اور کچھ عرصہ یکجارہ کر خوب مجالس درویشی گرم کیں۔ صاحب مرآۃ الاسرار لکھتے ہیں کہ حقائق و معارف بیان کرنے میں آپ دست گاہِ تامہ رکھتے تھے۔ اور آپ کے کلمات بہت مؤثر تھے چنانچہ بڑے بڑے علما جو مسلک توحید (وحدت الوجود) کے منکر تھے آپ کے فیض و صحبت سے قائل ہو گئے اور یہی مسلک اختیار کیا۔ جیسا کہ آپ کی تصانیف سے ظاہر ہے۔ آپ نے فصوص الحکم مصنفہ شیخ اکبرؒ کی دو شرحیں لکھی ہیں ایک فارسی میں دوسری عربی میں۔ شاہزادہ داراشکوہ کو آپ سے بڑی محبت تھی اور اکثر حاضر خدمت ہوا کرتا تھا آپ کی تاریخ وصال ۹ رجب ۱۰۵۰ھ ہے مدفن آپ کا الہ آباد ہے۔

## حضرت مولانا شیخ سید محمدی اکبر آبادیؒ:

آپ حضرت شاہ محب اللہ الہ آبادی قدس سرہ کے مرید و خلیفہ تھے آپ نے چودہ سال اپنے شیخ کی خدمت میں رہ کر روحانی تربیت حاصل کی اور کمال کو پہنچے۔ آپ کی تاریخ وصال ۳رجب ۱۱۰۷ھ ہے مدفن اکبر آباد ( آگرہ ) ہے۔

## حضرت شاہ محمد مکیؒ:

آپ اپنے والد ماجد حضرت سید محمدی اکبر آباد کی فرزند اور خلیفہ ہیں آپ کی پیدائش چونکہ مکہ معظمہ میں ہوئی اس لئے شاہ محمد مکی کے نام سے مشہور ہوئے۔

## حضرت شاہ عضد الدینؒ:

آپ کا وطن ہرگام ہے اور شیخ حامد بن شیخ [illegible] ہرگامی کے فرزند ہیں آپ عربی فارسی اور سنسکرت کے عالم تھے آپ حضرت شاہ مختار مکیؒ کے مرید و خلیفہ تھے۔ آپ کی تاریخ وصال ۲۷ رجب ۱۱۷۰ھ یا ۱۱۷۲ھ ہے آپ کی عمر تقریباً ایک سو سال تھی۔ مزار شریف امروہہ میں جامع مسجد کے قریب ہے۔

## حضرت شیخ عبدالہادیؒ:

آپ حضرت شاہ عضد الدین کے خلیفہ ہیں۔ آپ تنہائی پسند تھے۔ ایک دفعہ خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آبادی میں رہ کر خلق کو نفع پہنچاؤ۔ اس حکم کی تعمیل میں آپ آبادی میں آئے اور لوگ کثرت سے مرید ہوئے۔ آپ کا وصال ۱۴رمضان ۱۱۹۰ھ بروز جمعہ ہوا مدفن امروہہ ہے۔

## حضرت شاہ عبدالباریؒ:

آپ اپنے اپنے دادا شاہ عبدالباری قدس سرہٗ کے مرید تھے آپ بارہ سال کی عمر میں مرید ہو گئے تھے اور تعلیم و تربیت حاصل کی۔ آپ کے سات خلفاء تھے حضرت شاہ عبدالرحیمؒ۔ حضرت شاہ سید حاتم علیؒ۔ حضرت شاہ حاجی خیال دینؒ۔ حضرت حافظ کلن

شاہ" حضرت شاہ منیر"۔ حضرت شیخ منیر"۔ حضرت شیخ امین اللہ۔ حضرت حافظ عبد الکریم"۔ تاریخ وصال ۱۱ یا ۲۸ محرم ۱۲۲۶ھ ہے۔ مدفن امروہہ ہے۔

## حضرت شیخ الحاج شاہ عبد الرحیم ولایتی":

آپ سادات افغان میں سے تھے۔ طلب معرفت میں ہندوستان آئے۔ اول سلسلہ قادریہ میں حضرت شاہ رحم علی ساڈھوروی" (مزار پنجلاسہ) سے بیعت ہو کر کمالات ظاہری و باطنی حاصل کئے۔ اس کے بعد سلسلہ عالیہ چشتیہ صابریہ میں حضرت شاہ عبد الباری" کے ہاتھ بیعت کی اور نسبت کی تکمیل ہوئی۔ ان کے وصال کے بعد آپ نے حضرت شاہ سید احمد شہید بریلوی" کے ہاتھ پر بیعت جہاد کی۔ آپ ستائیس ذیقعد ۱۲۴۶ھ کو سکھوں کے ساتھ جہاد کرتے ہوئے شہید ہوئے۔ مدفن آپ کا پنجتار علاقہ یوسف زئی ہے۔

## حضرت میاں جی نور محمد جھنجھانوی:

آپ حضرت شاہ عبد الرزاق جھنجھانوی" کی اولاد میں سے تھے آپ نسبتاً علوی ہیں۔ آپ شاہ عبد الرحیم" کے مرید و خلیفہ ہیں۔ آپ قصبہ لوہاری میں بچوں کو پڑھاتے تھے اور اپنی ولایت کو چھپائے رکھا۔ تیس سال تک آپ کی تکبیر اولیٰ فوت نہیں ہوئی۔ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی آپ کے خلیفہ تھے۔ آپ ہی کے خواب نے حضرت میاں جی" کی ولایت کو ظاہر کیا۔ جس میں سرور کائنات فخر موجودات علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت حاجی صاحب کا ہاتھ پکڑ کر حضرت میاں جی" نور محمد کے ہاتھ میں دیا۔ اس خواب کے بعد آپ تلاش شیخ میں نکلے۔ لیکن کہیں پتہ نہیں لگتا تھا۔ کئی سالوں کی تلاش کے بعد مولانا قلندر علی" نے جو حاجی صاحب کے استاد تھے فرمایا کہ لوہاری جاؤ اور حضرت میاں جی" کی خدمت میں حاضری دو۔ شاید تمہارا اضطراب ختم ہو جائے۔ چنانچہ آپ سواری کا انتظار کئے بغیر پیدل روانہ ہوئے۔ جذب و شوق کا یہ عالم تھا کہ اگرچہ پاؤں میں آبلے پڑ گئے تھے آپ چلتے رہے اور لوہاری پہنچ کر حضرت شیخ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو وہی شکل نظر آئی تو

Marfat.com

خواب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دکھائی تھی۔ آپ جاتے ہی حضرت کے قدموں میں گر گئے حضرت نے فوراً قدموں سے آپ کا سر اٹھایا اور سینہ سے لگا کر فرمایا کہ کیا

تمہیں اپنے خواب پر پورا یقین ہے۔ یہ حضرت شیخ کی پہلی کرامت تھی جس سے حضرت صاحب کا قلب اور بھی مائل ہوا۔ روایت ہے کہ جب حضرت شاہ عبدالرحیم نے حضرت سید احمد کے ہاتھ پر بیعت کی تو حضرت میاں جیؒ کو بھی ایک قاصد کے ذریعے بلوا کر بالا کوٹ میں حضرت سید احمد شہید سے بیعت کرائی اور پھر دونوں حضرات کو لوہاری واپس جانے کا حکم دیا۔ حضرت حافظ محمد ضامنؒ بھی حضرت میاں جی صاحبؒ کے مرید و خلیفہ ہیں۔ آپ کا وصال ۸۰ سال کی عمر میں ۴ر مضان ۱۲۵۹ کو ہوا مزار جھنجھانہ میں ہے۔

## کرامات:

آپ کی کرامات بے شمار ہیں ایک بزرگ لکھتے ہیں کہ ایک دفعہ میں نے حضرت میاں جیؒ کے کمرے میں جھانک کر دیکھا تو کیا دیکھتا ہوں کہ آپ کا جسم ٹکڑے ٹکڑے ہوا پڑا تھا۔ مجھے دیکھ کر تمام اعضا یکجا ہو گئے اور آپ اٹھ بیٹھے۔ اور مجھے فرمایا یہ بات کسی کو نہ بتانا۔

ایک دفعہ ایک سادھو نے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ کو اکسیر دی اور کہا کہ اس سے آپ لنگر کا انتظام کریں۔ آپ نے فرمایا مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے۔ جب اس نے دوسری بار اور پھر تیسری بار اصرار کیا تو آپ نے ایک ڈھیلا اٹھا کر سامنے دیوار پر مارا جس سے ساری دیوار سونے کی ہو گئی۔ یہ دیکھ کر سادھو نے کہا تب تو میاں جی آپ کو اس کی ضرورت نہیں ہے۔

روایت ہے کہ جو حالت حضرت منصور حلاجؒ پر وارد ہوئی اور انا الحق کہہ اٹھے وہی حالت حضرت میاں جی نور محمدؒ پر چھ ماہ تک رہی لیکن کسی کو خبر نہ ہونے دی اور بچوں کو پڑھاتے رہے۔

خلفاء :

آپ کے خلفاء کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں۔

۱ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ

۲ حضرت حافظ محمدؒ ضامن شہیدؒ

۳ حضرت مولانا فتح محمد فاروقیؒ

۴ حضرت شیر محمد خان لوہارویؒ

۵ حضرت سید محمدؒ امیر جھنجھانویؒ

۶ حضرت شیخ برکت علیؒ

حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ :

شیخ العرب والعجم حضرت حاجی صاحب کا اصلی نام امداد حسین تھا لیکن شیخ وقت شاہ محمد اسحاقؒ نے اپنی کرامت وفراست سے آپ کا نام امداد اللہ رکھا۔ آپ کا سلسلہ نسب پچپن واسطوں سے حضرت خواجہ ابراہیم بن ادھم سے جاملتا ہے۔ آپ نسباً فاروقی ہیں۔ آپ شریعت، طریقت اور حقیقت کے امام تھے آپ کی ولادت ۲۲ صفر ۱۲۳۳ھ کو قصبہ نانوتہ میں ہوئی جو سہارن پور سے بائیس میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ آپ کی عمر تین سال کی تھی کہ حضرت شاہ احمد شہید کے آغوش میں دئے گئے اور حضرت نے بیعت تبرک سے نوازا۔ ابتدا ہی میں آپ نے قرآن حفظ کر لیا تھا سال ۱۲۴۹ھ میں آپ سولہ سال کی عمر میں مولانا مملوک علیؒ کے ہمراہ دہلی گئے اور ظاہری تعلیم حاصل کی لیکن علوم اسلامیہ سے فارغ التحصیل ہونے سے قبل آپ کو حقیقت کی اس قدر کشش ہوئی کہ اٹھارہ سال کی عمر میں آپ نے شیخ وقت حضرت نصیر الدین نقشبندیؒ کے ہاتھ پر بیعت کی اور اذ کار نقشبندیہ پر عمل کیا۔ حضرت مولانا نصیر الدینؒ شاہ محمد آفاقؒ کے خلیفہ تھے اور شاہ محمد اسحاق دہلویؒ کے شاگرد اور داماد تھے۔ نیز شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ سے بھی پڑھا تھا۔ چند ایام کی صحبت کے بعد حضرت شیخ نے

آپ کو خرقہ و اجازت سے مشرف فرمایا۔ آپ نے مشکوٰۃ شریف مولانا قلندر علیؒ سے پڑھی اور حصن حصین اور فقہ اکبر حضرت شاہ عبدالرحیم نانوتویؒ سے پڑھا۔ یہ دونوں صاحبان حضرت مفتی الٰہی بخشؒ کے شاگرد تھے جنھوں نے مثنوی رومی کا دفتر ہفتم لکھ کر تکمیل فرمائی ہے

حضرت حاجی امداد اللہ علیہ رحمۃ نے ۱۸۵۷ میں انگریزوں کے خلاف جہاد کیا اور کئی ایک معرکوں میں فتح بھی پائی جیسے جنگ شاملی وغیرہ لیکن آخر انگریز غالب آگئے اور آپ ہجرت کر کے مکہ مکرمہ میں مقیم ہوئے۔ اور وہیں آپ کا مدفن ہے آپ کا مزار مبارک مکہ کے مشہور قبرستان جنت المعالےٰ میں حضرت ام المومنین خدیجۃ الکبریٰؓ کے مزار مبارک کے قریب ہے۔ تاریخ وصال آپ کی بارہ یا تیرہ جمادی الثانی ۱۳۱۷ھ مطابق ۱۸۹۹ء ہے۔

## تصانیف :

آپ کی تصانیف حسب ذیل ہیں۔

۱۔ حاشیہ مثنوی مولانا رومؒ

۲۔ غذائے روح

۳۔ جہاد اکبر

۴۔ رسالہ درد غم ناک۔ ۵ مثنوی تحفۃ العشاق۔

۶۔ ارشاد مرشد

۷۔ ضیاء القلوب

۸۔ فیصلہ ہفت مسائل

## ارشادات :

آپ کے ملفوظات کا مجموعہ شمائم امدادیہ کے نام سے مشہور ہے جس میں شریعت طریقت و حقیقت کے بیشمار نکات درج ہیں۔ جن میں چند بطور نمونہ یہاں درج کئے جاتے ہیں۔

Marfat.com

اتحاد المسلمین کے سلسلے میں حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی ؒ کی اہم ترین تالیف فیصلہ ہفت مسائل ہے جس میں بریلوی اور دیوبندی دونوں مکاتیب فکر کے باہمی متنازعہ سات مسائل کو حضرت اقدس ؒ نے اس خوبی سے حل کیا ہے کہ اختلاف کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی اور یہ جو آج کل دونوں فرقوں میں اختلاف باقی نظر آ رہا ہے یہ کچھ غلط فہمی کی وجہ سے پیدا ہو گیا ہے اور کچھ غیر ملکی حکمرانوں نے مسلمانوں کے درمیان انتشار ڈالنے کی غرض سے کھڑا کیا ہے۔ علمائے بریلوی حضرت حاجی صاحب ؒ کے ان فیصلوں سے راضی ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ حضرت حاجی صاحب کے خلفاء و مریدین ان فیصلوں کو صحیح نہیں سمجھتے بلکہ یہاں تک کہتے ہیں کہ اکابر علمائے دیوبند نے ان پر نظر ثانی کر کے ترمیم کر دی ہے۔ اس سلسلے میں ہمیں دیوبندی ذرائع سے اکابر دیوبند کا مذکورہ بالا فیصلہ موصول ہوا ہے جس کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ یہ حضرت حاجی صاحب کے فیصلوں کی تردید ہے لیکن در حقیقت تردید نہیں تائید ہے۔ قارئین پڑھ کر خود انصاف کریں کہ تائید ہے یا تردید۔

سوال: "چونکہ فیصلہ ہفت مسائل سے اکثر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے اس لئے اس کے متعلق رسالہ ہفت مسائل جو مطبع نظامی میں طبع ہوا ہے اور حضرت حاجی صاحب سلمہٗ کی طرف منسوب ہے اور اس میں اہل بدعت کی تائید اور اہل حق علمائے دین محققین کی مخالفت کی گئی ہے آیا اس کا حاجی صاحب مدظلہم کی جانب منسوب ہونا درست ہے یا نہیں علاوہ اس کے اس پر عمل کرنا اور ترغیب دلانا درست ہے یا نہیں؟"

جواب: "رسالہ ہفت مسائل میں امکان کذب[1] و امکان نظیر[2] میں کوئی امر ایسا نہیں لکھا کہ کسی کے خلاف ہو بلکہ اس کے امکان کا اقرار اور اس کے بحث سے احتراز لکھا ہے۔ تو اس میں کسی اہل حق کی مخالفت نہیں۔ اور مسئلہ[3] تکرار جماعت میں بہ سبب اختلاف روایات فقہ کے فریقین کو نزاع سے منع کیا گیا ہے کہ مسئلہ مختلف میں مخالفت کرنا مناسب نہیں اور مسئلہ ندائے غیر[4] (یعنی یا رسول اللہ ؐ کہنا) میں صاف صاف حق لکھا ہے کہ ندائے غیر و علم غیب جان کر کرے گا تو شرک ہو گا اور جو بے اس کے شوق میں کہا ہے تو گنہ گار

نہیں۔ اور جو بدون عقیدہ شرکیہ کے اور بدون شوق کے یہ سمجھ کر کہ شاید ان کو حق تعالیٰ خبر کر دے تو خلاف محل نص میں خطاء و گناہ ہے مگر شرک نہیں۔ اور جو نص سے ثابت ہو جیسا صلوٰۃ و السلام بخدمت فخر عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام ملائکہ کا پہنچانا تو وہ خود ثابت ہے یہ سب حق ہے اس میں کوئی اہل حق مخالف اس کے نہیں کہتا۔

اب رہے تین مسائل یعنی قیود (منعقد کرنا) مجلس مولود اور قیود ایصال ثواب اور عرس بزرگان کا کرنا، تو اس میں وہ خود لکھتے ہیں کہ دراصل مباح ہیں۔ اگر ان کو سنت اور ضروری جانے تو بدعت اور تعدی حدود اللہ تعالیٰ اور گناہ ہے۔ اور اس کے بدون کرنے میں اباحت لکھتے ہیں (یعنی اگر مجلس میلاد اور عرس کو اسلام کا جزو ضروری نہ سمجھے) تو مباح ہے (یعنی جائز ہے) اور ہم لوگ جو منع کرتے ہیں تو وجہ یہ ہے رسوم اہل زمانہ سے خبر نہیں کہ یہ لوگ ضروری اور سنت جانتے ہیں لہٰذا ہم بدعت کہتے ہیں۔ پس فی الحقیقت مخالفت اصل مسائل میں نہیں ہوئی بلکہ بہ سبب عدم علم اہل زمانہ کے یہ امر واقع ہوا ہے۔ اس کی ایسی مثال ہے۔ جیسے امام صاحب (امام ابو حنیفہؒ) نے صابی کو ایک حکم دیا اور صاحبین (یعنی ان کے شاگرد امام محمدؒ اور امام یوسفؒ) نے دوسرا حکم دیا اور یہ بہ سبب اختلاف حال کے ہوا ہے کہ امام صاحب کے وقت میں اون کا حال اہل کتاب جیسا تھا اور صاحبین کے وقت میں مجوس جیسا۔ پس اختلاف اصل مسئلہ کا نہیں بلکہ بوجہ حال اہل زمانہ کے ایسا ہے دیگر مسائل میں ہے ورنہ حضرت سلمہٗ کے عقائد ہرگز بدعت کے نہیں ہیں کہ اہل فہم و دانش عبارتِ رسالہ سے سمجھ سکتے ہیں۔

کتبہٗ احقر عبدالرشید احمد گنگوہی عفی عنہٗ

اس سے ظاہر ہے کہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کے فیصلوں کی علمائے دیوبند نے ترمیم یا تردید نہیں کی بلکہ جس طرح حاجی صاحبؒ نے شرائط اور قیود کے ساتھ ان اختلافی مسائل کو جائز قرار دیا ہے ان ہی شرائط و قیود کے ساتھ علمائے دیوبند بھی جائز سمجھتے

Marfat.com

ہیں۔ اگر غیر جانب دارانہ نظر سے دیکھا جائے تو مجالس عرس اور میلاد کو کوئی مسلمان فرض یا سنت مؤکدہ کا درجہ نہیں دیتا۔ ممکن ہے آپس میں لوگ ان امور کو ضروری اور سنت مؤکدہ سمجھتے ہوں۔ آج کل کے زمانے میں حالات بہت بدل گئے ہیں۔

مغربی تہذیب کی وجہ سے مسلمانوں کے عقائد میں بہت تبدل و تغیر آ گیا ہے۔ مثلاً حضرت مجدد الف ثانیؒ۔ حضرت جلال الدین تھانیسری کو خط میں لکھتے ہیں کہ میں نے سنا ہے آپ کے مرید آپ کو سجدہ کرتے ہیں۔ ان کو کہیے کہ سجدہ نہ کریں صرف زمین بوسی پر اکتفا کریں۔ یہ بات آپ نے اس نازک زمانے میں کہی جب اکبر بادشاہ نے دین الٰہی کھڑا کیا اور اپنے آپ کو سجدہ کرا رہا تھا لیکن آج کل کون ہے جو شیخ کے سامنے زمین بوسی کو جائز رکھتا ہے۔ لہٰذا آج کل کے زمانے میں عرسوں کو کوئی شخص فرض یا سنت قرار نہیں دیتا ہے۔

اکثر دیکھا گیا ہے کہ جو حضرات عرس اور مجالس میلاد مناتے ہیں۔ وہی لوگ کئی بار عرسوں میں شامل نہیں ہوتے اور نہ ہی اس عدم شمولیت کو گناہ یا تقصیر سمجھتے ہیں لہٰذا بدعت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ہے۔ ہاں جو کوئی ان امور کو فرائض اور سنت مؤکدہ کا درجہ دے تو یہ کام بلاشبہ بدعت میں داخل ہو گا۔ دراصل آج کل لوگوں نے بدعت کی حقیقت کو نہیں سمجھا۔ آج کل کے اکثر دیوبندی حضرات ہر اس کام کو بدعت کہہ دیتے ہیں جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں مروج نہ تھا۔

اس زمانے میں تو باقاعدہ علم تفسیر، علم حدیث، علم صرف و نحو اور علم فقہ بھی علوم و فنون کی صورت میں نہ مرتب ہو چکے تھے نہ ان کے درس دیئے جاتے تھے۔ تو کیا یہ امور بھی بدعت ہیں۔ یا اس زمانے میں ریل گاڑی اور ہوائی جہاز کا سفر نہیں تھا کیا یہ بھی بدعت ہے۔ بدعت دراصل وہ کام ہے کہ جو دین اسلام کے فرائض اور سنن مؤکدہ میں شامل نہ ہو لیکن کوئی شخص اس کو فرض اور سنت مؤکدہ قرار دیدے۔ ہمارا خیال ہے کہ عرس اور مجالس میلاد کو کوئی شخص فرض اور سنت مؤکدہ قرار نہیں دیتا اس لئے حضرت حاجی صاحب کے فیصلوں اور اکابر دیوبند کی ان پر نظر ثانی کے مطابق یہ امور بدعت نہیں بنتے۔ مولانا رشید احمد گنگوہیؒ نے صاف لکھا ہے کہ مجلس میلاد، ایصال ثواب اور عرس دراصل مباح ہیں (مباح کا مطلب یہ ہے کہ کرو تو ثواب نہ کرو تو گناہ نہیں ہے) ہاں اگر ان کو ضروری اور سنت قرار دیا

Marfat.com

جائے یعنی ان کو فرائض اور سنت مؤکدہ کا درجہ دیا جائے تو پھر ناجائز ہے۔ یہ ہیں اکابرین دیوبند کے فیصلے۔ لیکن افسوس ہے کہ آج کل کے دیوبندی حضرات ان امور کو برابر بدعت وشرک کہے جاتے ہیں اور اختلافات کی خلیج کو کم کرنے کی بجائے وسیع کرتے جا رہے ہیں۔

اسی طرح ہم نے مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کی کتاب امداد السلوک کا مطالعہ کیا ہے اس کتاب میں بھی آپ کا مسلک جس طرح نظر آتا ہے اسے آج کل کے دیوبندی حضرات نے کچھ اور بنا دیا ہے۔

## مسئلہ حاضر وناظر:

مسئلہ حاضر وناظر کے متعلق علمائے دیوبند اور علمائے بریلوی کے درمیان شدید اختلاف جاری ہے آج کل کے دیوبندی حضرات کا مؤقف یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہر جگہ حاضر وناظر نہیں ہیں اور علمائے بریلوی حاضر وناظر مانتے ہیں۔ لیکن امداد السلوک میں مولانا گنگوہی نے تو ہر شیخ طریقت کو حاضر وناظر قرار دیا ہے۔ امداد السلوک کے صفحہ ۲۴ پر لکھا ہے کہ:

"مرید اس بات کا یقین رکھے کہ شیخ کی روح ایک جگہ پر مقید نہیں ہے بلکہ جس جگہ مرید ہو گا قریب یا بعید۔ اگرچہ شیخ کی ذات بعید ہو لیکن اس کی روحانیت سے دور نہیں ہے۔ جب اس بات کو راسخ کرلے اور شیخ کو ہر وقت یاد رکھے تو روحانی تعلق پیدا ہو جائے گا اور ہر آن میں عجیب فائدہ حاصل کرے گا۔

تب مرید ہر وقت عقدہ کشائی میں شیخ کا محتاج ہو گا۔ اور شیخ کو دل میں حاضر کر کے جب زبان حال سے پوچھے گا تو یقیناً شیخ کی روح اللہ کے حکم سے اس کو بتلائے گی۔"

اس سے ظاہر ہے کہ آپ ہر شیخ طریقت کو ہر جگہ موجود، مریدین کے حال سے آگاہ اور حاضر وناظر مانتے ہیں آپ کے نزدیک جب سرور کائنات فخر موجودات علیہ الصلوٰۃ والسلام کے غلامانِ غلامان یہ مرتبہ رکھتے ہیں تو خود آقائے نامدار علیہ الصلواۃ والسلام کے مدارج کے کیا کہنے۔

Marfat.com

## مسئلہ نور و بشر:

علمائے بریلوی اور دیوبندی کے مابین دوسرا اختلافی مسئلہ نور و بشر کا ہے علمائے بریلوی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر لفظ بشر کا استعمال جائز نہیں رکھتے اور سراپا نور مانتے ہیں۔ لیکن علمائے دیوبند نور کے ساتھ آپؐ کی بشریت کے بھی قائل ہیں۔ اب آیئے دیکھتے ہیں کہ علمائے دیوبند کے سردار مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کیا فرماتے ہیں۔ امداد السلوک کے صفحہ ۱۵۶ پر لکھا ہے کہ

"حق تعالیٰ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں فرماتے ہیں کہ "تحقیق آئے ہیں تمہارے پاس اللہ کی جانب سے نور اور کتاب مبین"۔ نور سے مراد حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پاک ہے۔ نیز حق تعالیٰ فرماتے ہیں کہ "تمہیں شاہد مبشر، نذیر، داعی الی اللہ اور سراج منیر بنا کر بھیجا ہے"۔ منیر روشن کرنے والے اور روشنی دینے والے کو کہتے ہیں۔ اگر انسانوں سے کسی کو روشن کرنا محال ہوتا تو حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات میسر نہ ہو سکتی کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں۔ مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ذات پاک کو ایسا پاکیزہ کیا کہ خالص نور ہو گئے اور حق تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نور فرمادیا اور متواتر احادیث سے ثابت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سایہ نہیں رکھتے تھے اور یہ واضح ہے کہ نور کے سوا تمام اجسام سایہ رکھتے ہیں۔ اسی طرح آپ نے اپنے پیروکاروں کا ایسا تصفیہ فرمایا کہ وہ بھی نور ہو گئے جیسے کہ ان کی حکایات اور خرق عادات سے کتابیں بھری پڑی ہیں.............. اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ حق تعالیٰ نے مجھے اپنے نور سے پیدا کیا اور مومنوں کو میرے نور سے" .............. یہ نور ان کے تزکیہ نفس کا

ہے۔ جب نفس کا کام بلند ہو جاتا ہے تو اس کا نور بدن میں سرایت کر جاتا ہے اور وہ ہوتے ہوتے بدن کی طبیعت اور مزاج ہی بن جاتا ہے۔ اس کے بعد اگر نفس بدن سے جدا ہو جائے (موت کے وقت) تو پھر بھی وہ جسم انوار کا منبع اور منفذ بن جاتا ہے جس طرح زندگی کی حالت میں تھا۔"

لیجئے آج کل دیو بندی حضرات تو سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو نور کہنے سے منع فرماتے ہیں لیکن ان کے سردار یہ فرما رہے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نہ صرف خود نور تھے بلکہ اپنے پیروکاروں کو بھی نور بنا دیا۔ یاد رہے کہ آپ نے لفظ پیروکار استعمال کیا ہے صحابہ کرام نہیں کہا۔ جس سے اشارہ اس کی طرف ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہر زمانے کے پیروکار تزکیہ نفس کے بعد نور بن سکتے ہیں"

مسئلہ توسل:

بریلوی اور دیو بندی حضرات کے درمیان تیسرا شدید اختلاف توسل پر ہے۔ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ نے کتاب فیصلہ ہفت مسائل میں توسل یعنی انبیاء اور اولیاء کو وسیلہ بنا کر خدا سے دعا مانگنا جائز قرار دیا ہے لیکن آجکل کے دیو بندی حضرات اس سے لرزاں اور گریزاں نظر آتے ہیں۔ لیکن مولانا رشید احمد گنگوہی نے اپنے سلسلہ چشتیہ صابریہ کا جو منظوم شجرہ لکھا ہے وہ فتاویٰ رشیدیہ میں درج ہے اس میں ہر سطر پر مشائخ عظام کا وسیلہ دیا گیا ہے اور اس کا تمام اکابرین دیو بند صبح روزانہ ورد کرتے آئے ہیں۔ آپ لکھتے ہیں۔

بحر امداد و بہ نور و حضرت عبد الرحیم عبد باری عبد ہادی عضد دین مکی ولی
ہم محمدی و محب اللہ شاہ بو سعید ہم نظام الدین جلال و عبد قدوس احمدی
الیٰ آخرہ

مقطع یہ ہے:

عبد واحد ہم حسن بصری علی فخر دین سید الکونین فخر العالمین بشریٰ نبی

Marfat.com

غرضیکہ غور سے دیکھا جائے تو دیو بندی اور بریلوی مکاتب فکر کے درمیان کوئی بنیادی نزاع یا اختلاف نظر نہیں آتا ہے لیکن طرفین کی طرف سے وہ شد و مد اور جوش و خروش، عناد اور فساد پایا جاتا ہے کہ ہندؤوں عیسائیوں اور یہودیوں کے خلاف بھی اتنا زور و شور نہیں ہے۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ جب سے غیر ملکی حکمرانوں نے "پھوٹ ڈالو اور حکومت کرو" کے اصول کے مطابق مسلمانوں کو آپس میں لڑایا اس وقت سے فریقین کے سینگ آپس میں کچھ ایسے پھنس گئے ہیں کہ اب چھوٹنا محال ہو گیا ہے۔ بلکہ یہ بات بھی اب پایہ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ اگرچہ غیر ملکی حکمران چلے گئے ہیں وہ گھر بیٹھے بھی تاریں کھینچ رہے ہیں کیونکہ مسلمان اب بیدار ہو رہے ہیں جس سے بڑی بڑی سوپر پاورز بھی خائف ہیں۔ ان حقائق کی تفصیلات ہماری کتاب "پاکستان کی عظیم الشان دفاعی قوت" میں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

اختلافی مسائل کے اس جملہ معترضہ کو یہاں لانے کا مقصد یہ دکھانا تھا کہ تاریخ اسلام اس نازک دور میں حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کی روحانی بلندی، اعتدال پسندی، فراخ دلی اور انصاف پسندی کی سخت ضرورت ہے۔ اگر آپ کے خلفاء اور مریدین جو دیو بندی مکتب فکر کے حامل ہیں اس پر عمل فرماویں تو امت کا یہ شدید ترین اختلاف فوراً ختم ہو سکتا ہے لیکن یہ ہو رہا ہے کہ دیو بندی حضرات ویزوں، اقاموں اور تابعوں کی خاطر غیر مقلد مکتب فکر سے زیادہ قریب اور ہم آہنگ ہوتے جاتے ہیں حالانکہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی قدس سرہ نے شمائم امدادیہ میں حکماً" اپنے مریدین کو فرمایا ہے کہ

"فقیر وہ ہے جو حنفی المذہب اور صوفی المشرب ہو جو کوئی میرے یاروں میں سے اس سے تجاوز کرے گا میرے رابطہ اور واسطہ سے اس کو کچھ حصہ نہیں ملے گا اور جو کوئی فقیر سے اخلاص رکھتا ہو اس پر لازم ہے کہ صوفی المشرب اور حنفی المذہب ہو"

اس سے ظاہر ہے دنیاوی اغراض کی خاطر غیر مقلدین اور مخالفین طریقت اور مسلک مشائخ کے منکرین کے ساتھ روابط قائم کرنا اور ان کے عقائد اختیار کرنا حضرت حاجی امداد

اللہ مہاجر مکیؒ کے حکم کی خلاف ورزی ہے اور اہل دیو بند کو اس سے اجتناب کرنا چاہئے۔

ذیل میں حضرت حاجی امداد اللہ قدس سرہٗ کے چند ملفوظات درج کئے جاتے ہیں جن پر مولانا اشرف علی تھانویؒ نے حواشی لکھے ہیں اور کتاب امداد المشتاق میں شائع کئے ہیں۔ اس سے بھی ظاہر ہوتا ہے اکابر دیو بند کا مسلک عین صوفیاء کرام اور مشائخ عظام کا مسلک ہے لیکن افسوس ہے کہ آج کل کی نئی پود نے بالخصوص تبلیغی جماعت نے جس کا منبع و مصدر مشائخ دیو بند ہیں۔ اکابر دیو بند کا مسلک ترک کر کے تو ہبّ اختیار کر لیا۔

## مسئلہ زیارت قبور اور اصحاب قبور سے روحانی فیض حاصل کرنا:

کتاب امداد المشتاق کے صفحہ نمبر ۱۱۸ پر مولانا تھانوی لکھتے ہیں کہ ایک دفعہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کے شیخ طریقت حضرت شاہ نور محمد جھنجھانویؒ کے رشتہ دار حج پر آئے اور حضرت حاجی صاحبؒ سے ان کے شیخ علیہ رحمہ کی قبر کو مرمت کرنے کی اجازت طلب کی۔ آپ نے فرمایا کہ جس مزار پُر انوار سے میں نے فیض حاصل کیا ہو میرے نزدیک اس کی درستی اور اصلاح فرض ہے۔

## فیضان مزارات کی دوسری شہادت:

کتاب مذکور کے صفحہ نمبر ۱۱۷ پر لکھا ہے کہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ نے فرمایا ہے کہ "جب میرے شیخؒ بیمار ہوئے اور وصیت کرنے لگے تو میں رونے لگا۔ حضرت شیخ نے تشفی دی اور فرمایا کہ فقیر مرتا نہیں ہے صرف ایک مکان سے دوسرے مکان میں انتقال کرتا ہے۔ فقیر کی قبر سے وہی فائدہ حاصل ہو گا جو ظاہری زندگی میں میری ذات سے ہوتا تھا۔ اس کے بعد حضرت حاجی صاحبؒ نے فرمایا کہ میں نے حضرت کی قبر مقدس سے وہی فائدہ اٹھایا جو حالت حیات میں اٹھایا تھا۔"

Marfat.com

## جواز نذر و نیاز:

کتاب مذکور کے صفحہ ۸۸ پر مولانا اشرف علی تھانویؒ لکھتے ہیں کہ

"جب مثنوی کا ختم ہوا تو حضرت حاجی صاحبؒ نے حکم دیا کہ شربت بنائی جائے اور ارشاد ہوا کہ اس پر مولانا رومؒ کی نیاز بھی کی جاوے گی چنانچہ گیارہ گیارہ بار سورۃ اخلاص پڑھ کر نیاز کی گئی اور شربت بٹنا شروع ہوا۔ آپ نے فرمایا کہ نیاز کے دو معنی ہیں ایک عجز و بندگی اور وہ سوائے خدا کے بندوں کے لئے جائز نہیں بلکہ ناجائز اور شرک ہے۔ اور دوسرے خدا کی نذر اور اس کا ثواب بندوں کو پہنچانا یہ جائز ہے۔ لوگ اس کا انکار کرتے ہیں۔ اس میں کیا خرابی ہے اگر کسی عمل میں عوارض غیر شرع ہوں تو ان عوارض کو دور کرنا چاہئے نہ کہ اصل عمل سے انکار کر دیا جائے۔ ایسا امور سے انکار کرنا خیر کثیر سے باز رکھنا ہے"

## میلاد نبیؐ کے موقعہ پر کھڑا ہونے کا جواز:

فرمایا کہ

"جیسے قیام میلاد شریف اگر بوجہ آنے نام آنحضرتؐ کے کوئی شخص تعظیماً کھڑا ہو جائے تو اس میں کیا خرابی ہے۔ جب کوئی آتا ہے تو لوگ اس کی تعظیم کے لئے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اگر اس سرور عالم و عالمیاں روحی فداہ کے اسم گرامی کا تعظیم کی جائے تو کیا گناہ ہوا"۔

## اجمیر شریف کہنا جائز ہے:

کتاب مذکور کے صفحہ ۸۸ پر لکھا ہے کہ

"ایک شخص نے اجمیر شریف کہا تو دوسرے نے کہا کہ اجمیر اجمیر ہے

شریف کیونکر ہو گیا۔ اس نے جواب دیا کہ تمہارا مزاج شریف کہا جائے اس پر خوش ہوتے ہو اور منع نہیں کرتے۔ اور اجمیر کی شرافت پر جو مقبولان الٰہی کی وجہ سے پیدا ہوئی اس کا ایسا انکار"۔

**جوازِ عرس:**

کتاب امداد المشتاق کے صفحہ ۸۸ پر مولانا تھانوی لکھتے ہیں کہ حضرت حاجی صاحب نے فرمایا

"جب منکر نکیر قبر میں آتے ہیں مقبولان الٰہی سے کہتے ہیں "نم کنومۃ العروس" عروس کی نیند سو جاؤ (حدیث نبویؐ) عرس کہ رائج ہے اسی سے ماخوذ ہے کوئی اس دن کا خیال رکھے اور اس میں عرس کرے تو کون سا گناہ لازم ہوا"

عرس کے جواز کے متعلق مفصل بیان آگے آرہا ہے۔

**عقائد اہل سنت والجماعت اختیار کرنا۔ شیخ کامل سے بیعت ہونا اور شیخ کامل کے لوازمات:**

کتاب مذکور کے صفحہ ۳۶ پر حضرت مولانا تھانوی لکھتے ہیں کہ حضرت حاجی صاحب نے فرمایا

"میں نے اپنے بزرگوں سے سنا ہے کہ اب وہ زمانہ آیا ہے کہ آدمی کو ضروری ہے کہ اولاً عقائد ضروریہ اہل سنت والجماعت یاد کرے اور مسائل ضروریہ متعلقہ صوم و صلوٰۃ وغیرہ موافق اپنے مذہب کے سیکھے اور کسی ایسے درویش سے طریقہ ذکر کا اخذ کرے کہ جس کا سلسلہ متصل ہو اور کچھ عرصہ کسی عارف کامل کی خدمت میں زانوئے ادب تہ کیا ہو اور اس طائفہ عالیہ کے انوار و برکات سے مستفیض ہوا ہو"

Marfat.com

## شریعت اور طریقت :

کتاب مذکور کے صفحہ نمبر ۱۴۱ پر مولانا تھانویؒ لکھتے ہیں کہ حضرت حاجی صاحبؒ نے فرمایا۔

"لوگ گمان کرتے ہیں کہ طریقت شریعت سے جدا ہے۔ بھلا یہ کیسے ہو سکتا ہے اقرار باللسان اشارہ ہے طرف شریعت کے اور تصدیق بالقلب سے مطلب طریقت ہے پس ایک بغیر دوسرے کے کام کا نہیں۔ اقرار بغیر تصدیق نفاق ہے اور تصدیق بلا اقرار بیکار ہے۔

## مسئلہ وحدت الوجود کی تصدیق :

کتاب مذکور کے اسی صفحہ پر لکھا ہے کہ

"ایک دن ایک شخص نے مسئلہ وحدت الوجود کا سوال کیا۔ فرمایا یہ مسئلہ حق و صحیح ہے۔ اس مسئلہ میں شک و شبہ نہیں۔ تمام مشائخ کا اس میں اعتقاد ہے مگر قال و اقرار نہیں ہے۔ البتہ حال و تصدیق ہے۔ یعنی اس مسئلہ میں یقین اور تصدیق قلبی کافی ہے اور چھپانا اس کا لازم ہے اور افشا ناجائز ہے۔ کیونکہ اسباب اس مسئلہ کے کچھ نازک ہیں بلکہ اسقدر مشکل ہیں کہ فہم عوام بلکہ فہم علمائے ظاہر میں جو اصطلاحات عرفاء سے عاری ہیں نہیں آتے۔ تو الفاظ میں کہنا اور دوسروں کو سمجھانا کب ممکن ہے بلکہ جن صوفیوں کا سلوک ناتمام ہے اور مقام نفس (لطیفہ نفس) سے ترقی کر کے مرتبہ قلب (لطیفہ قلب) تک نہیں پہنچے اس مسئلہ سے شدید ضرر پاتے ہیں اور مکر نفس سے چاہ الحاد و قعر ضلالت میں پڑ جاتے ہیں نعوذ باللہ من ذالک اس جگہ پر زبان روکنا واجب ہے"۔

Marfat.com

## وحدت الوجود کی مزید وضاحت:

کتاب مذکور کے صفحہ نمبر ۲۴ پر فرمایا کہ

کلمہ لاالہ الا اللہ کے باعتبار مراتبِ مردمان تین معنی ہیں لامعبود الا اللہ، لا مطلوب الا اللہ، لاموجود الا اللہ اور یہ سب مراتب سے اعلیٰ ہے۔

## مسئلہ رویت (دیدار) حق تعالیٰ:

کتاب مذکور کے صفحہ ۵۱ پر لکھا ہے مولانا تھانوی نے پوچھا کہ آیا حق تعالیٰ کی رویت یعنی دیدار اس جہاں میں ممکن ہے یا نہیں حضرت حاجی صاحبؒ نے فرمایا۔

"ممکن ہے۔ مصداق آیہ "لَا تُدْرِکُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ یُدْرِکُ الْاَبْصَار" (اس کو آنکھیں نہیں پہنچ سکتیں۔ بلکہ وہ آنکھوں تک پہنچتا ہے) کے یہ معنی ہیں کہ ان ظاہری آنکھوں سے رویت باری تعالیٰ ممکن نہیں اور جب باطنی بصیرت حاصل ہو جاتی ہے تو ظاہری بصارت پر غالب آ جاتی ہے۔ پس عارف حقیقت میں باطنی بصیرت سے دیکھتا ہے............اس کے بعد مولانا تھانوی نے عرض کیا کہ پھر خطاب لن ترانی (تو مجھے نہیں دیکھ سکتا) حضرت موسیٰ سے کیوں کہا گیا؟ فرمایا " اس میں نفی رویت ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے اور یہ درست ہے کہ عارف اپنی آنکھ سے نہیں دیکھتا بلکہ دیدۂ حق سے دیکھتا ہے اور نیز اس میں نفی رویت ذات ہے کیونکہ فنائے عبد اس کو لازم ہے جب فنا ہوا تو پھر رویت کجا۔

## علم غیب انبیاء اور اولیا کو ہوتا ہے:

کتاب مذکور کے صفحہ ۶۷ پر فرمایا

لوگ کہتے ہیں کہ علم غیب انبیاء اور اولیاء کو نہیں ہوتا میں کہتا ہوں کہ اہل

Marfat.com

حق جس طرف نظر کرتے ہیں دریافت وادراک غیبات کا ان کو ہوتا ہے۔

وہ یہ دلیل دیتے ہیں کہ آنحضرتؐ کو حدیبیہ اور حضرت عائشہؓ کے معاملات سے خبر نہ تھی۔ یہ غلط ہے کیونکہ علم کے واسطے توجہ ضروری ہے (یعنی توجہ کرنے سے ان کو علم غیب ہوتا ہے)۔

## شاہ اسماعیل شہید کا مسلک:

حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ نے شاہ اسماعیل شہید کے مسلک کی تائید فرمائی اور ان کے بعض مسائل میں اختلاف کی توجیہہ فرمائی ہے۔ کتاب مذکور کے صفحہ ۷۹ پر فرماتے ہیں

"مولوی اسماعیل شہیدؒ مؤحد تھے۔ چونکہ محقق تھے چند مسائل میں اختلاف کیا اور مسلکِ پیران خود مثل شاہ ولی اللہؒ وغیرہ پر انکار فرمایا۔ وحدت الوجود کے قائل تھے ان کے مرشد حضرت سید احمد صاحبؒ مسلک وحدت الشہود کا رکھتے تھے باہم گفتگو ہوئی سید صاحب کچھ کبیدہ خاطر ہوئے عرض کیا کہ یہ اور بات ہے کہ دن کو رات کہے۔ یہ حکایت مقام مخہ (سرحد) میں ہوئی۔ وحدت الوجود پر انہوں مثنوی بھی تصنیف فرمائی ہے"۔[1]

## یارسول اللہ کہنا:

کتاب امداد المشتاق کے صفحہ ۹۷ پر لکھا ہے

"فرمایا کہ الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ بصیغہ خطاب میں بعض لوگ کلام کرتے ہیں (یعنی اعتراض کرتے ہیں) یہ اتصال معنوی پر مبنی ہے "لہ الخلق والامر" عالم امر مقید بجہت وطرف وقرب وبعد

---

[1] نیز انہیں نے وحدت الوجود کے جواز میں ایک مستقل کتاب لکھی جس کا نام "عبقات" ہے اس کا عربی سے اردو ترجمہ ہو چکا ہے۔

Marfat.com

وغیرہ نہیں ہے پس اس کے جواز میں شک نہیں ہے" (یعنی ارواح زمان و مکان کی قید سے بالاتر ہیں اور ہر جگہ موجود ہیں بلکہ ہر جگہ کہنا بھی صحیح نہیں۔ جگہ کا نام ونشان نہیں ہے۔

یہ ہے فتویٰ اکابرین دیوبند کے شیخ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کا جسے ان کے مرید و خلیفہ حضرت مولانا اشرف علی نے اپنی کتاب امداد المشتاق میں نقل کیا ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ اسی مسئلہ کی آج کے دیوبندی حضرات شدت سے تردید کرتے ہیں اور کٹ مرنے کو تیار ہو جاتے ہیں

**مسئلہ ہمہ اوست :**

کتاب کے اسی صفحہ پر لکھا ہے کہ

"ایک آدمی نے پوچھا کہ ہم اوست اور لاموجود الا اللہ کے کیا معنی ہیں حضرت حاجی صاحب نے فرمایا کہ دونوں مرادف (ہم معنی) ہیں"

**نذر نیاز حضرت امام احمد بن حنبلؒ کے نزدیک بھی جائز ہے :**

کتاب مذکور کے صفحہ ۹۴ پر لکھا ہے۔

"فرمایا حنبلیہ کے نزدیک جمعرات کے دن کتاب احیاء العلوم (مصنفہ امام غزالیؒ) تبرکاً پڑھی جاتی ہے۔ جب ختم ہوئی تو تبرک کا دودھ لایا گیا اور بعد دعا کے حالات مصنف کے بیان کئے گئے۔ طریق نذر و نیاز قدیم زمانہ سے جاری ہے اس زمانہ میں لوگ انکار کرتے ہیں"

Marfat.com

## عبدالرسول نام رکھنا اہل دیوبند کے نزدیک جائز ہے:

کتاب امداد المشتاق کے صفحہ ۹۳ پر مولانا تھانوی لکھتے ہیں

"چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم واصل بحق ہیں عباد اللہ کو عبادالرسول کہہ سکتے ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے قل یا عبادی الذین اسرفوا علیٰ انفسہم۔ اس آیۃ مبارک میں مرجع ضمیر عبادی میں متکلم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں یہ سن کر مولانا اشرف علی تھانوی نے کہا کہ قرینہ بھی انہی معنی کا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ آگے فرماتا ہے لاتقنطوا من رحمتہ اللہ۔ اگر لفظ عبادی میں ضمیر اللہ تعالیٰ کی طرف راجع ہوتی تو من رحمتہ اللہ کی بجائے من رحمتی ہوتا)۔

## خلفاء

شیخ العرب والعجم حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی کے خلفائے کرام کی فہرست بہت طویل ہے۔ ان حضرات نے برصغیر ہندو پاک میں انگریزوں کے تسلط کے پر آشوب دور میں فریضہ رشد و ہدایت اور ترویج و اشاعتِ اسلام کو نہایت جانفشانی سے جاری رکھا اور دیگر اسلامی و عرب ممالک، مصر و ترکستان میں بھی سلسلۂ عالیہ چشتیہ صابریہ کو ان کے ذریعے فروغ حاصل ہوا۔

چنانچہ حضرت خواجہ غلام فرید (کوٹ مٹھن شریف) جو کہ حضرت حاجی صاحب کے ہمعصر تھے۔ اپنے ملفوظات اشارات فریدی جلد دوئم میں آپ کے بارے میں یوں فرماتے ہیں۔

"عربستان میں سلسلۂ چشتیہ زیادہ تر حضرت حاجی امداد اللہ قدس سرہٗ کی بدولت پھیلا ہے۔ جو چشتی صابری ہیں...
حاجی امداد اللہ صاحب جو بہت کامل بزرگ ہیں، زندہ ہیں... مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی بھی حاجی صاحب کے مرید اور خلیفۂ اکبر ہیں"......

مقابیس المجالس (فارسی)، جلد۲ ص۴۳

Marfat.com

## حضرۃ مولانا رشید احمد محدّث گنگوہی رح

آپ حضرت حاجی صاحب رح کے خلیفۂ اعظم واکبر ہیں۔

فیصلہ ہفت مسئلہ (تالیف ۱۳۱۲ھ) کے آخر میں حضرت حاجی صاحب قدس سرہٗ ارشاد فرماتے ہیں۔

"اہل اللہ کی صحبت اختیار کریں خصوصاً عزیزی جناب مولوی رشید احمد صاحب کے وجود بابرکت کو ہندوستان میں غنیمتِ کبریٰ ونعمتِ عظمیٰ سمجھ کر ان سے فیوض و برکات حاصل کریں"۔ صـ ۱۳

آپ کی تاریخ وصال ۸/جمادی الثانی ۱۳۲۳ھ ہے۔ اور مدفن گنگوہ (ہبیرون شہر) ہے

## اقتباساتِ تصوّف از کتاب امداد السلوک

(مؤلفہ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی چشتی دیوبندی رح)

آج کل کے دیوبندی حضرات مانیں نہ مانیں لیکن اُن کے اکابرین سب تصوّف کے دلدادہ، طریقت کے حامی اور مسلکِ اولیاء کے علمبردار تھے۔ ذیل میں مولانا رشید احمد گنگوہی چشتی رح کی کتاب امداد السلوک کے چند نمونے پیش کیے جاتے ہیں، تاکہ آج کل کے دیوبندی حضرات جو تصوف اور طریقت، پیری مریدی اور زیارت قبور کے سخت مخالف نظر آتے ہیں اہلِ تصوّف و طریقت کی مخالفت ترک کر کے اُمّتِ اسلامیہ کے اندر اتفاق، اتحاد، محبت اور یگانگی کی فضا پیدا کریں اور آپس میں لڑنے کی بجائے سب مل کر دشمنانِ اسلام کے حملوں کا مقابلہ کریں۔

### اپنے پیر کو حاضر و ناظر سمجھنا

عام طور پر یہ مشہور ہے کہ دیوبندی حضرات حضورِ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو حاضر و ناظر نہیں مانتے لیکن مولانا رشید احمد چشتی رح کتاب مذکور کے صـ ۲ پر تو ہر پیر و مرشد کو حاضر و ناظر ہونے کا عقیدہ

Marfat.com

رکھتے ہیں اور تلقین کرتے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ:۔

"مرید اس بات کا یقین رکھے کہ شیخ کی روح ایک جگہ مقید نہیں بلکہ جس جگہ مرید ہو گا قریب یا بعید اگرچہ شیخ کی ذات بعید ہو لیکن اسکی روحانیت سے دور نہیں ہے۔ جب اس بات کو راسخ کرے اور شیخ کو ہر وقت یاد رکھے تو روحانی تعلق پیدا ہو جائے گا اور ہر آن میں عجیب فائدہ حاصل کرے گا۔"

## پیر کا مرید کی عقدہ کشائی کرنا

آج کل کے دیوبندی حضرات مشائخ اور بزرگوں سے امداد طلب کرنے کے مخالف نظر آتے ہیں لیکن ان کے اکابر مولانا رشید احمد چشتیؒ فرماتے ہیں کہ:۔

"تب مرید ہر وقت عقدہ کشائی میں شیخ کا محتاج ہو گا اور شیخ کو دل میں حاضر کر کے جب زبانِ حال سے پوچھے گا تو یقیناً شیخ کی روح اللہ کے حکم سے اسکو بتلائیگی لیکن اس میں ربط تام شرط ہے۔"

## مقامِ فنا فی الشیخ کا اقرار

کتاب مذکور کے صہ ۲۹ پر آپ مقامِ فنا فی الشیخ کا بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:۔

"اور لا الہ کہتے وقت شیخ کو دل میں لائے اور اسکی روح کو اپنی ذات میں یا اسکی ذات کو اپنی ہی ذات خیال کرے۔"

## ایک حدیث پاک کی صوفیانہ تشریح اور طریقت کے لطائف ستہ کا بیان

کتاب کے صہ ۲۹ پر مولانا رشید احمد چشتیؒ اس حدیث نبویؐ کی صوفیانہ تشریح فرماتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:۔

"چنانچہ حضور رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے اس راز کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ اللہ کیلئے نور و ظلمت کے پردے ہیں اگر وہ اٹھا دیئے جائیں تو ہر چیز

Marfat.com

جل جائے وہ پردے انوار رحمانی اور جسمانی کے ہیں جو کہ حواس خمسہ، طبائع، اعراض، اخلاق ذمیمہ، نفس وہوا، ہوس، شہوت شیطان وغیرہ ہیں۔ اور نفس ذکیہ طبعی طور پر ظلمت، اور کدورت سے متنفر اور انوار سے مانوس ہے اسلئے ظلمات کے پردوں کا اٹھانا طالب کیلئے آسان ہے مگر نورانی پردوں کا اٹھانا بہت مشکل ہے انکی تفصیل یہ ہے۔ خاکی رنگ کے دس ہزار پردے لطیفۂ قلب میں ہیں..... دس ہزار نورانی پردے لطیفۂ نفس میں آسمانی رنگ کے ہیں..... دس ہزار نورانی پردے لطیفۂ روح میں آگ کی مانند سرخ رنگ کے ہیں..... دس ہزار نورانی پردے لطیفۂ سر میں شیشے کی مانند ہیں..... دس ہزار پردے لطیفۂ خفی میں ہیں جو روحی آئینہ کی مانند مصقّل اور حدقہ انسانی کے رنگ کے ہیں...... دس ہزار نورانی پردے لطیفۂ حقیقی (لطیفۂ اخفیٰ) میں ہیں جس کے ساتھ تمام لطائف قائم ہیں..... حضرت نجم الدین کبریٰ فرماتے ہیں کہ جو کوئی اس رنگ سے متصف ہوگیا بالیقین وہ مقامِ فنا تک جا پہنچا"۔

**وحدت الوجود کی تائید** کتاب مذکور کے صفحہ ۶۹ پر فرماتے ہیں کہ:۔

"ذکر لا الٰہ میں خطرات کی نفی کرے اور الا اللہ کہکر حق کا اثبات کرے یعنی کوئی معبود[۱] نہیں، مقصود[۲] نہیں، مطلوب[۳] نہیں، موجود[۴] نہیں، محبوب[۵] نہیں خدا کے سوا"۔

خدا کے سوا کسی کو موجود نہ سمجھنا یہی عقیدۂ وحدت الوجود ہے جسکی علمائے ظاہر تردید کرتے رہیں لیکن مولانا رشید احمد چشتی دیوبندیؒ اس کی تائید فرما رہے ہیں آجکل کے دیوبندی حضرات اس سے عبرت حاصل کرکے تصوف اور صوفیائے کرام کی مخالفت ترک کردیں تو وحدتِ امت کو کس قدر فائدہ ہوگا۔

**مقامِ فنا فی اللہ اور فناء الفنا کی تصدیق** علمائے وہابیہ اولیائے کرام اور مشائخ عظام کے مقامات فنا فی اللہ اور بقا باللہ کی تردید کرتے ہیں لیکن دیوبند کے حضرت مولانا رشید احمد چشتیؒ کی زبان سے تصدیق نکلتی ہے۔ کتاب مذکور کے صفحہ ۷ پر فرماتے ہیں کہ:۔

Marfat.com

اِس وقت اگر یہ جانتا ہو کہ میں ہمہ تن فانی ہو گیا ہوں تو یہ بھی قدورت متصوّر ہو گی بلکہ کمال یہ ہے کہ فنا سے بھی فنا ہو جائے۔ فنا سے فانی ہو جانا فنا کی غایت ہے اللہ تعالیٰ ہمیں اور تمام طالبین کو عطا فرمائے آمین یارب العٰلمین!

**نور اور بشر کی بحث** اہلِ تصوّف اور علمائے وہابیہ کے درمیان اکثر مسئلہ نور و بشر پر مباحثے ہوتے رہتے ہیں۔ اہلِ تصوّف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نور اور وہابیہ آپؐ کو بشر کہتے ہیں۔ اہل دیوبند کے استاد مولانا رشید احمد چشتیؒ نہ صرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو نور بلکہ اصحاب رسولؐ کو بھی نور مانتے ہیں چنانچہ کتاب امداد السلوک کے صث ۱۵۶ پر فرماتے ہیں کہ:-

> آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ذات پاک کو ایسا پاکیزہ کیا کہ خالص نور ہو گئے اور حق تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نور فرما دیا اور متواتر احادیث سے ثابت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سایہ نہیں رکھتے تھے اور یہ واضح ہے کہ نور کے سوا تمام اجسام سایہ رکھتے ہیں۔ اس طرح آپؐ نے اپنے پیروکاروں کا ایسا تصفیہ فرمایا کہ وہ سبھی نور ہو گئے جیسا کہ انکی حکایات اور کرامات سے کتابیں بھری پڑی ہیں!

یہ ہیں دیوبندی حضرات کے استاد اور مشائخ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی چشتیؒ کے تصوّفانہ اور عارفانہ کمالات جس سے صاف ظاہر ہے کہ آپ کا مسلک صوفیانہ تھا نہ کہ وہابیانہ۔ اور لطف کی بات یہ ہے کہ بریلوی حضرات اکثر و بیشتر اپنی کتابوں میں اکابرین دیوبند کی کرامات، پیری، مریدی، زیارت قبور، توسّل، استمداد وغیرہ جیسے اختلافی مسائل کا ذکر کرتے ہیں لیکن بریلوی حضرات علمائے دیوبند کی اس صوفیانہ روش کو تضاد بیانی کا نام دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ انکے عقائد وہابیانہ ہیں لیکن احوال صوفیانہ۔ ہمارا خیال ہے کہ علمائے دیوبند کی یہ تضاد بیانی نہیں بلکہ بات یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ **تکلمون النّاس**

Marfat.com

علیٰ قدر عقولھم (لوگوں کے معیار عقل کے مطابق ان کے ساتھ کلام کرو) چنانچہ ہمارا خیال یہ ہے کہ جب علمائے دیوبند خواص کے ساتھ بات کرتے ہیں تو اعلیٰ روحانی مقامات اور صوفیانہ حقائق بیان کرتے ہیں لیکن جب عوام سے بات کرتے ہیں یا عوام کیلئے کتابیں لکھتے ہیں تو بلند روحانی مقامات و منازل بیان کرنے کی بجائے انکی عقل اور سمجھ کے مطابق شرعی مسائل پر زور دیتے ہیں جسکی وجہ سے بریلوی حضرات انکو وہابی کہنا شروع کر دیتے ہیں۔ ایک دفعہ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ کے اصحاب نے آپ سے ان کے ہمعصر ولی اللہ حضرت محی الدین ابن عربیؒ کے متعلق دریافت کیا تو حضرت شیخ نے جواب دیا کہ: ھٰذا رَجُلٌ زِنْدِیْقٌ (یہ زندیق یعنی بے دین آدمی ہے) لیکن جب حضرت ابن عربیؒ کا وصال ہوا تو حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ نے فرمایا کہ :-

"آہ جہان کا قطب رحلت کر گیا"۔

یہ سن کر آپکے اصحاب نے عرض کیا کہ حضور پہلے تو آپ نے یہ فرمایا تھا کہ یہ بے دین آدمی ہے اور آج آپ انکو قطب وقت کہہ رہے ہیں۔ اگر آپ انکو زندیق نہ کہتے تو ہم بھی انکی زیارت سے فائدہ اٹھاتے۔ آپ نے فرمایا اسی وجہ سے میں نے انکو زندیق کہا تھا کہ تم لوگ اُن کے پاس نہ جاؤ۔ کیونکہ انکی باتیں اس قدر لطیف اور دقیق ہیں کہ تم لوگ نہ سمجھتے اور فتنہ میں مبتلا ہو جاتے۔ اب غور کا مقام ہے کہ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ کے اصحاب کون تھے آپکے اصحاب حضرت شیخ بہاء الدین زکریا ملتانیؒ، حضرت شیخ مصلح الدین سعدی شیرازیؒ، حضرت شیخ جلال الدین گل سرخ اوچیؒ اور حضرت خواجہ حمید الدین ناگوریؒ جیسی بلند مقام ہستیاں تھیں لیکن حضرت شیخ نے انکو بھی اس قابل نہ سمجھا کہ ابن عربیؒ سے ملاقات کریں تا کہ انکی اونچی اور دقیق باتیں سن کر گمراہ نہ ہو جائیں۔

لہٰذا اگر اکابرین علمائے دیوبند عوام اور خاص کے سامنے مختلف باتیں کرتے ہیں تو ہمارے خیال میں یہ انکی تضاد بیانی نہیں ہے جن پر بریلوی حضرات انکی گرفت

کرتے ہیں بلکہ یہ حدیث نبویؐ کے عین مطابق ہے کہ لوگوں کے ساتھ انکے عقل کے مطابق بات کرو۔ نیز یہ بات اکابرین صوفیائے کرام کی روش کے بھی عین مطابق ہے جیساکہ حضرت شہاب الدین سہروردیؒ کے واقعہ سے ظاہر ہے۔

نیز بعض لوگ کہتے ہیں کہ علمائے دیوبند اور علمائے بریلوی کے مابین جو اختلاف پایا جاتا ہے وہ غیر ملکی حکمرانوں کا پیدا کردہ ہے انگریزوں نے اس عیاری اور چالاکی سے مسلمانوں کے درمیان پھوٹ ڈالی کہ دونوں فریقوں کو پتہ بھی نہ چل سکا کہ کوئی غیبی ہاتھ ہمیں لڑوا رہا ہے۔ چنانچہ بنگال کا گورنر ولیم ہنٹر اپنی کتاب "ہندوستانی مسلمان" میں اس بات کا اعتراف کرتا ہے کہ جب مجاہدین یعنی سید احمد شہیدؒ کی جماعت کے ساتھ جنگ کے وقت ہماری چھاونیوں میں فوج نہیں تھی اور ہمارے خزانوں میں روپیہ نہیں تھا تو اس نازک وقت میں ہماری ڈپلومیسی کام آئی۔ ان کی ڈپلومیسی (چال) کیا تھی وہ یہ تھی کہ انہوں نے پٹھانوں میں مشہور کر دیا کہ مجاہدین کی جماعت وہابی ہے اور پٹھانوں کو وہابی بنانا چاہتی ہے یہ سن کر پٹھان جماعت مجاہدین سے الگ ہو گئے اور جماعت ناکام رہی یاد رہے کہ برصغیر میں وہابی کا لفظ سب سے پہلے انگریز نے استعمال کیا جو اب تک استعمال ہو رہا ہے اور تفرقہ جاری ہے۔

## حضرۃ مولانا شاہ وارث حسن کوڑہ جہاں آبادیؒ

آپ کا شمار دورِ حاضر کے جلیل القدر اولیاءاللہ میں سے ہوتا ہے آپ عالم متبحر اور پیر کامل تھے۔ آپ کے حالات کتاب شمامتہ العنبر میں درج ذیل ہیں جو آپ کے ملفوظات کا مجموعہ ہے۔ شرف بیعت حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی قدس سرہ سے حاصل ہے اور آپ کی تربیت حضرت مولانا رشید احمد محدث گنگوہی قدس سرہ نے فرمائی۔ اور خلافت سے نوازا۔ چنانچہ آپ کا شمار حضرت محدث گنگوہیؒ کے کامل واکمل ترین خلفاء میں ہوتا ہے۔

آپ کی تاریخ وصال ۱۷ / جمادی الاوّل ۱۳۵۵ھ ہے۔ مدفن ٹیلہ (لکھنؤ) ہے۔ رحمتہ اللہ علیہ

Marfat.com

# سلسلہ عالیہ چشتیہ ذوقیہ

یہ سلسلہ حضرت مولانا سید محمد ذوقی شاہ قدس سرہٗ سے شروع ہوتا ہے جن کے درمیان اور حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کے درمیان دو واسطے، آپ کے اور حضرت شاہ عبد القدوس گنگوہی قدس سرہٗ کے درمیان چودہ واسطے اور آپ کے اور حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری قدس سرہٗ کے درمیان بیس واسطے ہیں۔ نیز بعض مشائخ کے باہمی ارتباط کی وجہ سے اس سلسلہ عالیہ چشتیہ ذوقیہ میں نسبت نقشبندیہ قادریہ اور سہروردیہ بھی شامل ہوگئی ہے۔

## حضرت مولانا ذوقی شاہؒ

حضرت مولانا ذوقی شاہؒ کا اصلی نام سید محمدؒ ہے لیکن وفور ذوق و شوق اور جذبہ للّٰہیت کی وجہ سے آپ کے شیخ حضرت مولانا وارث حسن کوڑہ جہاں آبادی قدس سرہٗ نے آپ کو لقب "ذوقی" سے ملقب فرمایا اور "ذوقی شاہ" مشہور ہوگئے۔ حضرت مولانا سید محمد ذوقی علیہ رحمہ کا شمار عصر حاضر کے اُن مشائخ میں ہوتا ہے جو علوم اسلامیہ کے ساتھ علوم جدیدہ کے بھی حامل تھے۔ آپ سابق علی گڑھ کالج کے گریجوایٹ ہونے کی حیثیت سے عصر حاضر کے جملہ امور و امراض سے بخوبی آگاہ تھے اور تمدنِ جدیدہ کے زبردست نقاد تھے۔ آپ نے ابتدا میں جرنلزم کا فن اختیار کیا اور بعیت سے قبل صحافی دنیا میں ناموری حاصل کی۔ آپ کے رفقائے کار میں علامہ اقبال، سر عبد القادر، جسٹس شاہ دین، چوہدری خوشی محمد ناظر، حکیم اجمل خاں، مولانا ابو الکلام آزاد، مولانا محمد علی جوہر، مولانا شوکت علی، نواب وقار الملک اکبر الہ آبادی اور نواب محسن الملک جیسے درخشندہ ستارے شامل تھے۔ لاہور میں پیسہ اخبار اور مخزن میں کام کرنے کے علاوہ صوبہ سندھ میں آپ انگریزی ہفتہ وار رسالہ "الحق" شائع کرتے تھے جو انگریز کے جابرانہ دور کے باوجود حق و انصاف حق گوئی اور حق بیانی میں اس قدر مشہور ہو چکا تھا کہ خود انگریزی حکام کے حلقوں میں بھی مقبول ہو چکا ہے اور انگریزوں کی نکتہ چینی کے باوجود انگریز اُسے عزت کی نگاہ سے دیکھتے تھے یہ رسالہ اس قدر مقبول ہوا کہ اس کے متعلق یہ شعر لوگوں کی زبان پر آنے لگا ؎

حق کو جتانے کے لیے، حق نے حق کو پیدا کر دیا

لیکن حضرتِ اقدس کے قلب میں عشق الٰہی کا جو طوفان موجزن تھا وہ آپ کو کوچۂ صحافت سے نکال کر کشاں کشاں کوچۂ عشق اور معرفت میں لے گیا۔ حق تعالیٰ کے کمال لطف و کرم سے آپ کو خواب میں ہونے والے شیخ کا مشاہدہ کرایا گیا اور چند ماہ کی پریشان حالی کے بعد آپ نے آخر اپنے شیخ کو پا ہی لیا۔ پھر کیا تھا رات دن ذکر و فکر، عبادات اور ریاضات و مجاہدات کا دور شروع ہو گیا

Marfat.com

اور اپنی خداداد قابلیت کی بنا پر چند سالوں میں سلوک تمام کر کے فنا فی اللہ اور بقا باللہ کے مقامات حاصل کر لیے، خلافت سے مشرف ہوئے۔ اور تادم وصال فریضۂ رشد و ہدایت خلق میں پوری تندہی اور جانفشانی سے ممکن رہے۔ آپ کے فیض صحبت سے حضرت شہید اللہ فریدی جیسے جلیل القدر اولیاء اللہ وجود میں آئے

چونکہ برصغیر ہند و پاکستان چشتیوں کا ورثہ ہے، اس لیے تحریک پاکستان اور قائداعظم کو آپ کی ظاہری و باطنی پشت پناہی حاصل رہی۔

حقائق و معارف کے بیان میں آپ کو کمال حاصل تھا۔ اور آپ کی تصانیف ایمان، اسلام اور احسان کے فیضان سے لبریز ہیں۔

آپ کا وصال سفر حج کے دوران یوم عرفہ، بحالت احرام ہوا۔ اور میدان عرفات میں دفن ہوئے۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

## تصانیف

۱۔ سرِّ دلبراں

آپ بڑے بلند پایہ صاحب تصنیف تھے۔ آپ کا شاہکار آپ کی کتاب سرِّ دلبراں ہے جو ابجد کی ترتیب سے تصوف کا انسائیکلو پیڈیا مانا جاتا ہے اس کتاب میں سلوک الی اللہ کے تمام منازل و مقامات اور اصطلاحات تصوف شرح و بسط کے ساتھ بیان کیے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں کتاب کے آخر میں تین ضمیمہ جات درج ہیں جو تنزلات ستہ اور مراتب وجود پر مکمل اور جامع درس کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ظاہری کمالات کے اعتبار سے کتاب اس قدر جامع ہے کہ اس میں آیات قرآن، احادیث نبویؐ، فارسی اشعار کی علیحدہ علیحدہ انڈکسوں کے علاوہ مضامین کتاب کی انڈکس اور الفاظ کتاب کی انڈکس بھی درج ہیں۔ مختصراً یہ کہ یہ کتاب معرفت حق کا آئینہ ہے اور آج تک ایسی جامع کتاب نہ عربی، نہ فارسی اور اردو زبان میں تالیف ہوئی ہے۔

۲۔ آپ کی دوسری مایہ ناز کتاب بادہ و ساغر ہے جو ایک روحانی ناول کی حیثیت رکھتی ہے اس کتاب میں کمال معرفت سے آپ نے تجلیات الٰہی اور حسن حقیقی کے جس قدر کرشمے اور مجسمے دیکھے، ان کو محبوبان مجازی کے رنگ میں ڈھال کر حسن و عشق کی قدیم داستان اور محب اور محبوب کے دائمی تعلق کو ایسے سوز و گداز، اور درد و داغ سے بیان کیا ہے کہ کتاب کو ایک ہی نشست میں ختم کیے بغیر چین نہیں آتا۔

۳۔ تربیت العشاق۔ یہ کتاب جو تقریباً سات سو صفحات پر مشتمل ہے آپ کے ملفوظات کا مجموعہ ہے جو آپ کے خلفاء حضرت شاہ شہید اللہ فریدی قدس سرہٗ اور مصنف کتاب ہذا نے جمع کیے ہیں۔ اس کتاب میں نکات معرفت اور حقائق طریقت کے علاوہ عصر حاضر کے تمام اہم رموز مثل اسلام اور جمہوریت اسلام اور سائنس، اسلام اور تمدن جدید، اسلام کا اقتصادی نظام، اسلام کا معاشرتی اور تعلیمی نظام، اسلام

اور کمیونزم وغیرہ تمام امور پر سیر حاصل بحث موجود ہے۔

۴۔ مضامین ذوقی اُردو و انگریزی۔ یہ دو کتابیں آپ کے اُن اردو اور انگریزی مضامین کا مجموعہ ہیں جو آپ وقتاً فوقتاً ملک کے مختلف اخبار و جرائد میں دیتے رہے۔ ان مضامین میں سب سے زیادہ اہم وہ ہیں جن میں آپ نے اپنے رفیق کار علامہ اقبال کے نظریۂ خودی پر عارفانہ انداز میں بحث کی ہے۔ مولانا مودودی کی جماعت پر ناقدانہ نظر ڈالی ہے، وحدت الوجود اور وحدت الشہود پر بحث کی ہے محمد مارماڈیوک پکتھال کے نظریۂ وحدتِ ادیان کی خبر لی ہے۔ اور ترکی کے مشہور مسلم راہنما سعید حلیم پاشا شہید کی فرانسیسی زبان میں لکھی ہوئی کتاب اسلام لشمک (اسلامی نظام) کی اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تصیح فرمائی ہے۔ ان دونوں کتابوں کے دیگر مضامین بھی بے حد جاذبِ نظر ہیں۔ اور دورِ حاضر کے مسلمانوں کے لیے درسِ حیات کی حیثیت رکھتے ہیں۔

۵۔ برزخ۔ یہ وہ کتاب ہے جس میں آپ نے قرآن وحدیث اور اپنے کشف کی روشنی میں موت کے بعد آنے والے واقعات اور حالات بیان فرماتے ہیں۔

۶۔ کتب سماوی پر ایک نظر۔ اس کتاب میں آپ نے تورات اور انجیل پر ریسرچ کرکے ثابت کر دیا ہے کہ یہ دونوں کتابیں کئی بار عیسائیوں اور یہودیوں کی باہمی جنگوں میں صفحۂ ہستی سے مٹ گئیں اور انسانی یادداشت سے از سرِ نو لکھی گئیں۔

۷۔ نیو سرچ لائٹ آن ویدک ایرینز (NEW SEARCH LIGHT ON VEDIC ARIANS) جس میں آپ نے ہندو اور یورپین مصنفین کی کتابوں کے حوالہ جات سے ثابت کیا ہے کہ ہندو لوگ یہودی الاصل ہیں جو قرآن مجید کی پیش گوئیوں کے مطابق جہاں جاتے تھے مار اور پھٹکار سے نوازے جاتے تھے آخر انہوں نے بھیس بدل کر ہندوستان کا رُخ کیا اور یہاں کے اصلی باشندوں کو مار بھگا کر جنوبی ہند کی طرف دھکیل دیا۔ اگرچہ انہوں نے اپنا نام اور لباس بدل ڈالا لیکن عادات و خصائل نہ بدل سکے۔ چنانچہ آج تک ہندو لوگوں میں یہودیوں کی طرح ذات پات چھوت چھات، گاؤ پرستی سود خواری وغیرہ خصائل پائے جاتے ہیں۔

۸ القاء، الہام، وحی — یہ ایک مختصر لیکن جامع رسالہ ہے جس میں عالم قدس کی طرف سے حق تعالیٰ کے مقبول بندوں کو ہدایات و ارشادات بذریعۂ کشف حاصل ہوتی ہیں۔ بیان کیے گئے ہیں۔

۹۔ رسالہ صوفی ازم۔ انگریزی زبان میں یہ ایک مختصر لیکن جامع رسالہ ہے جس میں سلوک الی اللہ اور فنا فی اللہ اور بقا باللہ کو قال کی زبان میں نہیں بلکہ حال کی زبان میں بیان کیا گیا ہے۔

# خلفاء

## حضرت شاہ شہید اللہ فریدیؒ

آپ کے خلفاء میں خلیفۂ اکبر و اعظم حضرت شاہ شہید اللہ فریدی قدس سرہٗ ہیں۔ آپ کا تعلق انگلستان کے ایک معزز ترین گھرانے سے ہے۔ آپ کے والد بہت بڑے تاجر تھے۔ بلکہ انجمن تاجران کے صدر تھے۔ لندن میں عالیشان مکان کے علاوہ گھر کی ضروریات کے لیے چار موٹر کاریں تھیں۔ عیش و عشرت کا تمام سامان مہیا تھا لیکن بمصداق ؎

پنجہ زد شفقت لباسِ پارسائی پارہ شد　　طاعت صد سالہ ام تاراج یک نظارہ شد

حضرت شاہ شہید اللہ اور آپ کے بھائی حضرت فاروق احمدؒ پر عشقِ الٰہی کا ایسا جذبہ کارفرما ہوا کہ گھر بار چھوڑ کر اسلامی تعلیمات کی طرف رجوع کیا اور حضرت سید علی ہجویری۔ داتا گنج بخش لاہوری قدس سرہٗ کی کتاب کشف المحجوب کا انگریزی ترجمہ پڑھ کر مشرف بہ اسلام ہوئے۔ اس کے بعد حضرت نیاز بریلویؒ کے شعر ؎

عشق میں تیرے کوہِ غم سر پہ لیا جو ہو سو ہو
عیش و نشاط چھوڑ کر درد لیا جو ہو سو ہو

کے مطابق آپ نے امیر گھرانے کا عیش و آرام ترک کر کے کوچۂ عشقِ الٰہی میں قدم رکھا اور تلاشِ شیخ میں مصر اور شام سے ہوتے ہوئے برصغیر میں آپہنچے۔ چونکہ نواب صاحب بہاولپور سے لندن کی مجالس میں متعارف ہو چکے تھے۔ دونوں بھائی سب سے پہلے ڈیرہ نواب چھاؤنی پہنچے اور ہر شخص سے یہی سوال کرتے تھے کہ ہمیں شیخِ کامل کا پتہ بتاؤ ہم مرید ہونے اور حق تعالیٰ تک رسائی حاصل کرنے کے لیے آئے ہیں۔ اس سلسلے میں دونوں بھائی تھانہ بھون بھی گئے اور مولانا اشرف علی صاحب کے پاس رہے لیکن چونکہ وہ انگریزی نہیں جانتے تھے اور یہ بھائی اردو سے ناواقف تھے اس لیے سلسلۂ رشد و ہدایت قائم نہ ہو سکا۔ دوسری بات یہ ہے کہ جہاں جس کسی کا حصہ ہوتا ہے وہیں سے ملتا ہے۔ غرضیکہ برصغیر کی خاک چھان ڈالنے کے بعد حیدرآباد دکن میں ان کی ملاقات حضرت مولانا سید محمد ذوقی شاہ علیہ رحمہ سے ہوئی اور آپ کے کمالاتِ ظاہری و باطنی سے اس قدر متاثر ہوئے کہ فوراً بیعت کر لی اور اپنی خداداد استعداد اور "ہمت مرداں مدد خدا" کے اصول کے مطابق حق تعالیٰ کے فضل و کرم سے قرب و معرفت کی منازل تیزی سے طے کرنے لگے۔ لیکن قضائے الٰہی سے بڑے بھائی حضرت فاروق احمد علیہ رحمہ آٹھ سالہ اسلامی زندگی کے بعد

Marfat.com

داصل باللہ ہوتے اور حضرت داتا گنج بخشؒ کے مزار مبارک کے قرب میں دفن ہوئے۔

حضرت شاہ شہید اللہ قدس سرہٗ نے ریاضات، عبادات، مجاہدات پر نہایت مستعدی سے پابند رہے اور سلوک الی اللہ کی تکمیل کے بعد عہدۂ خلافت سے مشرف ہوئے۔ حضرت شیخؒ کے وصال کے بعد آپ نے اپنے شیخ کے مریدین اور اپنے مریدین کی روحانی تربیت کے لیے روحانی تعلیم گاہ (خانقاہ) قائم کی اور شب و روز رشد و ہدایت میں مصروف ہونے لگے۔ آپ کے مریدین میں کراچی کے علاوہ صوبہ سندھ، پنجاب اور سرحد کے ارباب شوق شامل ہوتے رہے اور ہر شخص کو اس کی استعداد کے مطابق روحانی منازل طے کراتے رہے۔ آپ بہت باکمال شیخ تھے۔ روحانی کمالات کے علاوہ آپ ظاہری علوم اسلامیہ بھی بڑی دسترس رکھتے تھے۔ برصغیر کے قیام کے چند سالوں میں آپ نے عربی، فارسی اور اردو زبانوں میں مہارت حاصل کر لی اور مضامین اور کتابیں لکھیں۔ آپ نے روحانی طور پر پورا سلوک الی اللہ طے کیا۔ اور مقام قرب و معرفت الٰہی میں بہت بلند درجات حاصل کیے۔ معرفت الٰہی میں آپ کو اس قدر کمال حاصل تھا کہ بڑے بڑے مشائخ عظام کے نکات معرفت نہایت سادہ الفاظ میں بیان فرما کر تشنگان کی پیاس بجھا دیتے تھے۔ ایک دفعہ احقر راقم الحروف کے ساتھ حضرت سیدنا غوث الاعظم شیخ عبد القادر جیلانیؒ کے ایک ملفوظ "من ارد العبادۃ بعد الوصول کفر" پر ایسی نکتہ آموز گفتگو فرمائی کہ عقل دنگ رہ گئی۔ ایک دفعہ حضرت خواجہ غلام فریدؒ کے سرائیکی دیوان کے ایک شعر پر ان کے سلسلہ کے ایک عالم فاضل نے حضرت شاہ شہید اللہ فریدیؒ سے استفسار کیا تو آپ نے نہایت ذوق و شوق اور جوش و خروش سے شعر کے ایسے باطنی معنی بیان فرمائے کہ وہ عالم جو صوفی باعمل بھی تھے عش عش کر اٹھے اور کہنے لگے کہ حضرت خواجہ غلام فریدؒ کے خاص خلفاء اور علماء اور صوفیا میری تشفی نہ کرا سکے لیکن حیرت کی بات ہے کہ ایک انگلستان کے رہنے والے نے میرا دیرینہ عقدہ حل کر دیا ہے۔ کسی نے سچ کہا ہے ؎

ایں سعادت بزورِ بازو نیست   تا نہ بخشد خدائے بخشندہ!

**تصنیف و تالیف** سب سے پہلے حضرت شاہ شہید اللہ فریدی قدس سرہٗ نے اپنے شیخ کی کتابوں کی اشاعت کے لیے محفل ذوقیہ کے نام سے ادارہ قائم کیا اور ان کی تمام تصانیف کو شائع کر کے دم لیا۔ اس کے بعد آپ نے خود تصنیف و تالیف کا سلسلہ شروع کیا۔

اس سلسلے میں آپ کی سب سے اہم کتاب INNER ASPECTS OF FAITH ہے جو نہایت ہی اعلیٰ مضامین پر مشتمل ہے۔ ایک انگریز نو مسلم حبیب اللہ جو برطانیہ میں ایک کالج کے پروفیسر تھے۔ یہ کتاب پڑھ کر نہایت حیرت کے عالم میں اعتراف کیا کہ "اس سے بہتر کتاب میں نے آج تک نہیں دیکھی"۔ تالیف کے

علاوہ آپ ہر اتوار کے دن ایک مجلس مذاکرہ منعقد فرمایا کرتے تھے جس میں مریدین کی ہدایت کے لیے آپ مضامین تصوف اور دیگر اہم سوالات و معاملات پر روشنی ڈالتے تھے۔ ان ملفوظات کو آپ کے محب مریدین نے کیسٹوں میں محفوظ کر لیا ہے اور "گلِ صد برگ" کے نام سے ان اسرار و رموز کی اب آہستہ آہستہ نقاب کشائی ہو رہی ہے۔

علمی ادبی مشغولیوں کے ساتھ ساتھ آپ ہر جمعرات کو حلقۂ ذکر منعقد کیا کرتے تھے جس سے مریدین کا تزکیۂ نفس عمل میں آتا اور روحانی مقامات طے ہوتے تھے۔ لیکن اس شدید مصروفیت اور رشد و ہدایت خلق کے بھرپور پروگرام نے آپ کی صحت پر بہت اثر کیا اور آپ پر دل کے دَورے شروع ہو گئے لیکن یہ آپ کے استقلال و ہمت کا کمال ہے کہ اس موذی مرض کے باوجود آپ نے اپنے تمام مشاغل باقاعدگی سے جاری رکھے، اور آخر داعی اجل کو لبیک کہہ کر روحانی اور جسمانی طور پر واصل باللہ ہو گئے۔ آپ کا مدفن شمالی کراچی میں سخی حسن قبرستان میں ہے جہاں آپ کا سالانہ عرس منایا جاتا ہے آپ کو بھی مشائخ عظام کے عرائس اور قبور سے فیوض و برکات حاصل کرنے کا اس قدر شوق دامن گیر تھا کہ آپ تقسیم ہند سے پہلے ہر سال اجمیر شریف، کلیر شریف، پاکپتن شریف عرس پر حاضر ہوتے تھے اور پورا رمضان المبارک اجمیر شریف میں بسر کر کے روحانی فیوض و برکات سے مالا مال ہوتے تھے تقسیم ہند کے بعد آپ کا دستور یہ رہا کہ سال میں دو مرتبہ پاکپتن شریف حاضری دیتے ایک مرتبہ حضرت بابا فریدالدین گنج شکرؒ کے عرس پر ماہ محرم کا پہلا ہفتہ وہاں بسر کرتے تھے اور ایک بار حضرت خواجۂ بزرگ خواجۂ خواجگان حضرت خواجہ معین الدین حسن چشتی اجمیریؒ کا عرس پاکپتن شریف میں منایا کرتے تھے اور اپنے مسکن پر خصوصی محافل سماع، مشائخ عظام کے آداب سماع کے مطابق منعقد کرایا کرتے تھے۔ اور یہ دستور آج تک جاری ہے اور بفضلہ تعالیٰ جاری رہے گا۔

آپ کے وصال کے بعد سلسلۂ رشد و ہدایت حضرت شاہ سراج علی مدظلہ کے سپرد ہوا ہے۔ آپ بڑے صاحبِ معرفت اور متقی و پرہیزگار بزرگ ہیں۔ علوم ظاہری کے ساتھ آپ کو علوم اسلامیہ میں بھی درک حاصل ہے۔ اور تمدنِ جدید کے تمام امور و مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں۔ آپ نہایت جانفشانی سے اپنے مشائخ عظام کے مسلک کے مطابق حلقہ ہائے ذکر، درس و تدریس اور عرائس و محافل اور رشد و ہدایت میں پورے انہماک سے مشغول ہیں۔ آداب مشائخ اور پابندیٔ شریعت میں آپ کی روش ضرب المثل ہے۔

Marfat.com

حضرت مولانا ذوقی شاہ قدس سرہ کے دیگر خلفاء یہ ہیں۔

**حضرت مولانا محمد عمرؒ** آپ کا تعلق بمبئی سے تھا۔ اور خلافت کے حصول کے بعد آپ بمبئی میں مریدین کی ہدایت کا کام کرتے رہے اور حضرت شیخ کی زندگی میں اُن کا وصال ہو گیا تھا۔

**حضرت مولانا عبد السلامؒ** آپ پہلے ہندو مذہب پر تھے بلکہ برہمن گھرانے سے آپ کا تعلق تھا۔ حضرت خواجہ غریب نواز خواجہ معین الدین چشتی قدس سرہ کے فیضِ نظر سے اجمیر شریف آنے کا اتفاق ہوا تو نگاہِ کرم ایسی ہوئی کہ مسلمان ہو گئے اور حضرت مولانا سید محمد ذوقیؒ سے بعیت ہو کر سلوک تمام کیا۔ پہلے آپ تبلیغ اسلام کے لیے انگلستان چلے گئے وہاں سے آپ ہندوستان تشریف لے گئے اور وہیں وصال فرمایا۔ مدفن آپ کا لکھنؤ میں ہے۔

## ۴۔ مصنّف کتاب (الحاج کپتان واحد بخش سیّال ربّانی)

مصنفِ کتاب کو شرفِ بعیت اور خلافت حضرت مولانا سید محمد ذوقی شاہ قدس سرہ سے حاصل ہے۔ اگرچہ یہ احقر خلافت کے ہرگز ہرگز قابل نہ تھا۔ لیکن مثال مشہور ہے۔ صحرا میں جہاں کہیں درخت نہ ہو تو ایک چھوٹی سی خار دار جھاڑی کو بھی لوگ درخت کا نام دیدیتے ہیں بس اب یہ خاردار جھاڑی مشائخ عظام کے حکم کے مطابق درخت کا کام دینے پر مامور ہے۔ قارئین کرام سے دعا کی استدعا ہے کہ خداوندِ عالم اس جھاڑی کو سرسبز اور شاداب کرے اور سایہ افگنی اور رفاہ و ہدایت عامہ کی توفیق عطا فرماوے۔ آمین!

زاہد شدہ ز بندگیٔ خود متکبر ۔۔۔ مائیم و نظر بر کرمِ بندہ نوازے!
روزیکہ مقدسانِ حنا کی مدفن! ۔۔۔ گردند باز سوار بر مرکب تن
آغشتہ بخوں آلودہ کفن ۔۔۔ از خاکِ سر کوئے تو خیزم من

Marfat.com

## تالیف و تصنیف

حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی قدس سرہٗ کے ملفوظات موسومہ "شمائم امدادیہ" میں آیا ہے کہ: ایں راگفتنی نیست رفتنی است۔ یعنی حق تعالےٰ تک رسائی کا راستہ گفتار سے طے نہیں ہوتا بلکہ چلنے سے طے ہوتا ہے۔ لہٰذا مشائخ عظام نے تصوف طریقت اور سلوک الی اللہ کے مضمون پر جو کتابیں تصنیف کی ہیں اُن کے پڑھنے یا زبان پر دہرانے سے یہ سفر طے نہیں ہوتا بلکہ اُن سے یہ فائدہ ہوتا ہے کہ منزل مقصود پر پہنچنے اور راستے کی نشان دہی کے لیے سالک راہِ حقیقت کے لیے ایک نقشہ تیار ہو جاتا ہے جس کے ذریعے منزل مقصود تک رسائی آسان ہو جاتی ہے۔

چنانچہ احقر مصنف جو بارہ سال تک اپنے شیخ کامل کے زیر تربیت رہا ہے اور تقریباً چھیالیس ۴۶ سال سے عملی تصوف کو اپنایا ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مختلف ممالک کے سالکین کی روحانی تربیت میں مشغول ہے۔ احقر نے جو کتابیں لکھی ہیں اور مشائخ کرام کی جن کتابوں کے تراجم کیے ہیں ان کا اجمالاً ذکر کیا جا رہا ہے۔ تا کہ جن حضرات کو حق تعالیٰ تک رسائی کا شوق ہو نقشہ دیکھ کر منزل مقصود تک رسائی حاصل کر سکیں

## تصانیف

کتب مصنف حسب ذیل ہیں:

۱۔ حجِ ذوقی۔ جس میں اپنے شیخ حضرت مولانا و مرشدنا سید محمد ذوقی شاہ قدس سرہٗ کے سفر حج کی تفصیلات اور ارکان حج کے باطنی مطالب و معانی بیان کیے ہیں۔

۲۔ مشاہدۂ حق۔ اس کتاب میں مشائخ عظام کی راہِ طریقت میں تعلیمات کا نچوڑ دیا گیا ہے تاکہ سالکین راہِ طریقت آسانی سے یہ سفر طے کر سکیں۔ کتاب کے آخر میں تصوف کے مآخذ کے متعلق یورپی مصنفین اور دیگر مخالفین تصوف کے غلط اور بے بنیاد الزامات کے جوابات بھی دیتے گئے۔

۳۔ مقام گنجشکو۔

۴۔ اسلامک صوفی ازم۔ یہ کتاب شروع میں بزبان انگریزی شائع ہوئی ہے جس کا اردو ترجمہ کتاب ہذا کے ذریعے پیش کیا جا رہا ہے۔ اس میں حقیقت تصوف اور شرعی جواز کے علاوہ مخالفین اسلام اور مخالفین تصوف کی طرف سے عائد کردہ غلط اور بے بنیاد الزامات کی تردید کی گئی ہے۔ حتیٰ کہ اسلامی اور غیر اسلامی ذرائع سے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ ہندو اور عیسائی ارباب روحانیت نے تصوف اور مشائخ عظام

پر اثر انداز ہونے کی بجائے اُلٹا اُن سے تصوف یعنی علم روحانیت سیکھا ہے۔ اس قسم کی جامع اور واضح کتاب آج تک وجود میں نہیں آئی۔

Marfat.com

۵۔ **تربیت العشاق** ۔ یہ کتاب حضرت مولانا و مرشدنا سید محمد ذوقی شاہ علیہ رحمہ کے ملفوظات کا مجموعہ ہے جو آپ کے خلیفہ اعظم حضرت شاہ شہید اللہ فریدی قدس سرہ اور اس احقر نے جمع کیے ہیں۔

۶۔ **وحدت الوجود و وحدت الشہود** ۔ جس میں حضرت ابن عربیؒ کے مسلک وحدت الوجود اور حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مسلکِ وحدت الشہود میں تطبیق ثابت کر کے اولیاء اللہ کے مابین ایک خیالی اختلاف کو ہمیشہ کے لیے ختم کر دیا گیا ہے۔ نیز حقیقتِ وحدت الوجود بھی بطریقِ احسن نہایت آسان زبان میں بیان کی گئی ہے۔

۷۔ **عظمت اھل بیت رسولؐ** ۔ یہ بھی ایک مختصر لیکن جامع کتاب ہے جس میں ایک خارجی محمود عباسی کی ایک کتاب "خلافت معاویہ و یزید" کے اُن لغو اور بے بنیاد الزامات کا جواب دیا گیا ہے جو اُس نے امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور امیر المؤمنین حضرت امام حسین رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے خلاف لگائے ہیں۔

۸۔ **اقوامِ متحدہ اسلامیہ کا تصوّر** : یہ کتاب انگریزی زبان میں لکھی گئی ہے۔ اور اس میں مسلمانانِ عالم کو بیدار کیا گیا ہے تاکہ وہ متحد ہو کر اور اپنے وسائل کو مجتمع کر کے دنیا کی عظیم ترین قوت بن سکیں۔

## تراجم

احقر راقم الحروف نے مندرجہ ذیل اہم کتبِ تصوف کے فارسی سے اُردو میں تراجم کیے ہیں:

۱۔ **مقابیس المجالس یا اشاراتِ فریدی** جو حضرت خواجہ غلام فرید رحمۃ اللہ علیہ کے ملفوظات کا مجموعہ ہے جو پانچ جلدوں پر مشتمل تھا۔ اس کتاب پر تقریباً ڈیڑھ سو صفحات پر مشتمل ایک مقدمہ بھی لکھا ہے جس میں سماع پر اعتراضات اور قرآن و حدیث کی روشنی میں جوابات دیئے گئے ہیں حقائق تصوف پر بڑی جامع کتاب ہے۔

۲۔ **مراۃ الاسرار** مصنفہ حضرت شیخ عبدالرحمن چشتی۔ یہ کتاب آج تک غیر مطبوعہ چلی آرہی تھی اور برصغیر میں نایاب ہو چکی تھی۔ حضرت شاہ شہید اللہ فریدی علیہ رحمہ نے جانفشانی سے لندن کی میوزیم لائبریری سے اس کا ایک مائیکرو فلم نسخہ حاصل کیا اور احقر کے حوالہ کیا۔ عرصہ چھ سال میں اس کا ترجمہ کر کے شائع کیا گیا ہے۔ یہ وہ کتاب ہے کہ جس میں عہد نبویؐ سے لے کر گیارہویں صدی ہجری تک کے تمام اولیائے کرام اور مشائخ عظام کے حالات ملفوظات اور بلند روحانی مقامات درج ہیں۔

۳۔ **جوامع الکلم** جو بندہ نواز سید محمد گیسو دراز قدس سرہ کے ملفوظات اور خواجگان چشت کے بالخصوص اور دیگر مشائخ کے بالعموم حالات اور مقامات کا مجموعہ ہے۔

Marfat.com

۴۔ مکتوباتِ قدوسیہ جو مجموعہ ہے حضرت شاہ عبدالقدوس گنگوہیؒ کے خطوط کا جن کے ذریعے مریدین، سالکین اور خلفاء کی روحانی تربیت کی گئی ہے۔

۵۔ ملفوظات حضرت خواجہ خدا بخش خیرپوریؒ۔ یہ کتاب حضرت خواجہ خدا بخش خیرپوری علیہ رحمہ کے ملفوظات کا مجموعہ ہے جو آپ کے خلیفہ حضرت مولانا عبیداللہ ملتانیؒ نے جمع کیے۔ یہ کتاب شائع ہو چکی ہے۔

۶۔ ترجمہ تلقینِ لدنی۔ یہ کتاب حضرت خواجہ محکم الدین سیرانی علیہ رحمہ کے ملفوظات کا مجموعہ ہے۔ جن کا مزار مبارک بمقام خانقاہ شریف نزد سمرسٹہ جنکشن ہے۔ یہ کتاب اردو اکیڈمی بہاولپور نے چھاپی ہے

۷۔ ترجمہ و شرح لوائح جامیؒ۔ یہ وہ مختصر لیکن جامع کتاب ہے جس کا بڑے بڑے مشائخ طریقت نے درس دیا ہے اور درس لیا ہے۔ یہ کتاب بفضلہ تعالیٰ متن فارسی سمیت شائع کی گئی ہے تاکہ اصل کتاب بھی محفوظ ہو جاتے اور بلند معانی بھی سمجھ میں آ جائیں

۸۔ اقتباس الانوار: یہ کتاب سلسلۂ عالیہ چشتیہ صابریہ کے اولیائے کرام کا تذکرہ ہے اور اس کے مصنف بھی اس سلسلۂ عالیہ کے ایک بزرگ سید محمد اکرم براسویؒ ہیں۔ یہ کتاب مشائخ کرام کی محبوب کتاب ہے اور حضرت خواجہ غلام فریدؒ نے اسے بادشاہ کتاب قرار دیا ہے۔ اس کتاب کا ترجمہ بھی احقر نے حضرت شاہ شہید اللہ فریدیؒ کی پرزور فرمائش پر مکمل کیا۔

۹۔ حقیقتِ تصوف: یہ حضرت مولانا و مرشدنا سید محمد ذوقی شاہ علیہ رحمۃ کے انگریزی رسالہ صوفی ازم کا اردو ترجمہ ہے۔

## کتب مرتبہ

احقر راقم الحروف نے اپنے شیخ علیہ رحمہ کی مندرجہ ذیل کتب کو بھی مرتب کیا ہے۔

۱۔ مضامین ذوقی (اردو) یہ اُن بلند پایہ مضامین کا مجموعہ ہے، جو آپ نے وقتاً فوقتاً مختلف اخبارات، رسائل و جرائد میں شائع کیے۔

۲۔ مضامین ذوقی (انگلش)، یہ آپ کے انگریزی مضامین کا مجموعہ ہے جو مختلف اخبار اور رسائل میں شائع ہوئے۔

## کتب زیرِ تصنیف و ترجمہ

مندرجہ ذیل کتابیں زیرِ تصنیف و ترجمہ ہیں:

۱۔ فضائل جہاد ۲۔ حج العارفین ۳۔ حکایات مثنوی۔

۴۔ ترجمہ مرصاد العباد، مصنفہ حضرت شیخ نجم الدین رازیؒ ۵۔ تاریخ مشائخ چشت بزبان اردو انگریزی

۶۔ ترجمہ و شرح کشف المحجوب بزبان اردو و انگریزی۔

۷۔ پاکستان کی عظیم الشان دفاعی قوت ۹۔ انگلش ترجمہ و شرح کیمیائے سعادت

۸۔ انگلش ترجمہ و شرح عوارف المعارف ۱۰۔ لغت تصوف (انگریزی۔ اردو)

Marfat.com

# باب نمبر ۴

## مخالفین کے اعتراضات وجوابات

### اولیائے کرام کا مسلک تصوّف روح اسلام اور جان ایمان ہے

افسوس ہے کہ مفاد پرستوں اور کج فہم لوگوں نے نہایت ہی معمولی اور فروعی قسم کے مسائل کو ہوا دے کر امت محمدیہ میں تفریق پیدا کر دی ہے اور اولیائے کرام کے مسلک و مشرب کو جو درحقیقت عین اسلام، عین شریعت بلکہ روح اسلام اور جان شریعت ہے محض ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانے اور چند لوگوں کو اپنے گرد جمع کرنے اور چندے وصول کرنے کی خاطر بدنام کرنے کی ناکام کوشش کی ہے لیکن حق، حق ہے اور باطل، باطل خدا تعالیٰ کے فضل وکرم سے دین حق کو ایسی عظیم الشان کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ کہ نہ صرف پاکستان اور برصغیر میں بلکہ دنیا کے ہر اسلامی ملک میں ننانوے فی صد اکثریت اہل طریقت کی ہے اس وجہ سے کہ دنیا میں اسلام پھیلا ہی اولیائے کرام کی جان پرور روحانی تعلمات سے ہے۔ اب چونکہ پروپیگنڈہ مشینری اور کفار کی امداد مخالفین کے شامل حال ہے ناواقف اور سادہ لوح مسلمانوں کو گمراہ کرنے اور امت میں تفرقہ پیدا کرنے میں ان لوگوں کو جو تھوڑی

Marfat.com

بہت کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ اس کے پیش نظر اور مسلمانوں میں یکجہتی اور اتفاق پیدا کرنے کی خاطر اس کتاب میں ہم ان کے بودے اعتراضات اور ناجائز الزامات کے جوابات پیش کریں گے تاکہ حقیقت آشکارا ہو جائے اور خلقِ خدا کو ان محبوب پیشواؤں کی صحیح تعلیمات جو درحقیقت عین اسلام ہیں، سامنے آجائیں اور ان پر عمل کرکے خلقِ خدا کو خدا تعالےٰ کا قرب۔ وصال اور معرفت حاصل ہو جو غایتِ اسلام ہے۔

**تصوّف پر اعتراض:** تصوف پر یہ لوگ یہ اعتراض کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ کرام کے زمانے میں تصوف کا کوئی وجود نہیں تھا۔ اس لیے یہ غیر اسلامی ہے۔ یہ لوگ اتنا بھی نہیں سمجھتے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کے زمانہ میں تو علم تفسیر، علم حدیث، علم فقہ، علم معانی، علم بیان اور علم صرف، نحو کا بھی کوئی نام نہیں تھا۔ بلکہ یہ تمام علوم بعد میں تابعین اور تبع تابعین وغیرہ کے زمانے میں مرتب و مدوّن ہوئے ہیں تو کیا یہ علوم بھی غیر اسلامی ہیں؟ بات یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین کے زمانے میں تمام حضرات جہاد میں مصروف تھے اور ان علوم وفنون کو باقاعدہ علوم کی صورت میں مرتب کرنے کا ان کے پاس وقت نہیں تھا۔ لیکن چونکہ قرآن وحدیث میں تصوف اور طریقت سمیت ان تمام علوم کے تخم موجود تھے۔ بعد میں جب مسلمانوں کو جہاد سے فراغت حاصل ہوئی تو مختلف طبائع اور مختلف استعداد کے لوگوں نے اپنی طبیعت اور اپنی قابلیت کے مختلف علوم وفنون کی طرف توجہ کی اور ان کے قواعد وضوابط مقرر کرکے باقاعدہ علوم کی شکل میں مرتب کیا۔ چنانچہ جن حضرات نے قرآن مجید کی تشریح میں زور لگایا وہ مفسرین کے نام سے مشہور ہوئے۔ جنہوں نے علم حدیث مرتب کیا محدث کہلائے۔ جن حضرات نے فقہ کے مسائل کی طرف توجہ کی وہ فقیہ کے نام سے مشہور ہوتے۔ اور جن حضرات نے روحانیت یعنی قرب الی اللہ اور معرفت حق کی طرف توجہ کی وہ اولیاء اور عارفین کے نام سے مشہور ہو گئے۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ جو حضرات ایک علم کو لے کر بیٹھ گئے۔ وہ دوسرے علوم سے ناواقف تھے۔ ہرگز نہیں مطلب یہ ہے کہ اگرچہ ان کو کمال صرف ایک علم میں حاصل

Marfat.com

ہوا۔ جس کی وجہ سے ان کو شہرت حاصل ہوئی۔ لیکن مسلمان ہونے کی حیثیت سے وہ تمام اسلامی علوم اور عقائد و مسائل سے بخوبی واقف تھے۔

**لفظ تصوّف کی وجہ تسمیہ:** جن حضرات نے روحانیت یعنی قرب و معرفت حق کے حصول کے لیے نفس کشی اور مجاہدات کیے اور صوف یعنی اونی کپڑے پہننا شروع کیے تو وہ صوفی کے نام سے مشہور ہو گئے اور ان کے مسلک کو تصوف کا نام دیا گیا۔ بعض کا خیال ہے کہ لفظ صوفی صفا سے مشتق ہے۔ جس کے معنی ہیں باطن کی صفائی یا تزکیۂ نفس۔ بعض کے نزدیک تصوف لفظ صفہ سے نکلا ہے۔ چونکہ اصحاب صفہ بھی تارک الدنیا تھے اور اذکار و مشاغل میں ہمہ تن مصروف رہتے تھے۔ اس لیے اس مسلک کو اختیار کرنے والے صوفی کے نام سے مشہور ہو گئے۔

**تصوّف کی اصل مرتبۂ احسان ہے:** لیکن حقیقت یہ ہے کہ تصوّف کی اصل مرتبہ احسان ہے۔ جس کی تعریف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں فرمائی کہ مرتبۂ احسان یہ ہے کہ تو اللہ کی عبادت اس طرح کرے کہ گویا تو اسے دیکھ رہا ہے۔ اگر تو اللہ تعالےٰ کو دیکھ نہیں سکتا تو یہ خیال کرے کہ وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔ چنانچہ جن حضرات نے ان مراتب کو حاصل کرنے کے لیے بڑھ چڑھ کر مجاہدے کیے اور سب کام چھوڑ کر اسی ایک کام میں منہمک ہو گئے وہ عوام میں تارک الدنیا، گوشہ نشین اور صوفی مشہور ہو گئے۔

**اسلام کی غرض و غایت:** اب یہ جو حدیث بالا میں حکم ہے کہ تم اللہ تعالےٰ کی اس طرح عبادت کرو کہ گویا تم اسے دیکھ رہے ہو اور اگر دیکھ نہیں سکتے تو یہ خیال کرو کہ وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔ یہ حکم عام ہے۔ اور ہر شخص کے لیے ہے۔ اس سے کوئی مسلمان مستثنیٰ نہیں ہے۔ یہ حدیث تصوف کی جان اور طریقت کی روح ہے اور اسلام کی غرض و غایت ہے یعنی قرب الٰہی کا وہ درجہ نصیب ہو جائے کہ انسان کو رویت باری تعالیٰ اور مشاہدۂ حق حاصل ہو جائے اور یہ مشاہدہ دل کی آنکھوں سے یعنی روحانی بصیرت سے ہوتا ہے نہ کہ ظاہری آنکھوں سے

Marfat.com

کیونکہ ظاہری آنکھیں محدود ہیں اور ذاتِ لامحدود کا مشاہدہ نہیں کر سکتیں اور باطنی آنکھیں لامحدود ہیں اور ذاتِ لامحدود کا ادراک ان کو حسبِ استعداد ہو جاتا ہے۔ قرآن حکیم اور احادیث شریف میں اس قسم کے احکام بے شمار ہیں جن میں اللہ تعالےٰ کے قرب و معرفت کے بلند سے بلند مراتب کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ مثلاً اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں۔

وفی انفسکم افلا تبصرون ط

وہ تمہارے اندر ہے (اندر) کیوں نہیں دیکھتے۔

نیز فرمایا نحن اقرب الیہ من حبل الورید

ہم انسان سے اس کی رگِ جان سے بھی زیادہ قریب ہیں۔

نیز فرمایا وھو معکم اینما کنتم ط

اللہ تعالےٰ تمہارے ساتھ ہے تم جہاں بھی جاؤ

نیز فرمایا اینما تولوا فثم وجہ اللہ ط

جس طرف دیکھو اللہ ہی اللہ ہے

اس طرح احادیث نبوی میں قرب و معرفت کے بلند مقامات کی طرف راہنمائی کی گئی ہے۔ بخاری شریف میں ایک حدیث قدسی میں اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں۔

"جب میرا بندہ نوافل (یعنی زائد عبادت) کے ذریعے میرا قرب حاصل کرنا چاہتا ہے تو میں قریب ہو جاتا ہوں۔ یہاں تک کہ میں اس کی آنکھیں بن جاتا ہوں اور وہ مجھ سے دیکھتا ہے میں اس کے کان بن جاتا ہوں اور وہ مجھ سے سنتا ہے۔ میں اس کے ہاتھ بن جاتا ہوں اور مجھ سے پکڑتا ہے۔ میں اس کی زبان بن جاتا ہوں اور وہ مجھ سے بات کرتا ہے۔"

اس حدیث کو اولیائے کرام حدیثِ قربِ نوافل کہتے ہیں اور اس میں فنا فی الصفات کا ذکر ہے۔ یعنی اللہ تعالےٰ کی صفات میں فنا ہونا۔ اس کے بعد ایک اور مقام آتا ہے۔ جب سالک ذاتِ حق میں فنا ہو جاتا ہے۔ اس مقام کو صوفیائے کرام قربِ فرائض کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

Marfat.com

ایک اور حدیث میں مسلمانوں کو حکم صادر ہوتا ہے کہ تَخَلَّقُوا بِاَخلاقِ اللہ یعنی اللہ تعالیٰ کی صفات سے متصف ہو جاؤ۔ اس کا مطلب یہ ہے جو اوپر گزر چکا ہے۔ یعنی حق تعالیٰ کی بصر تمہاری بصر بن جائے اس کا سمع تمہارا سمع بن جائے۔ وغیرہ۔

ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ انسان کا قلب حق تعالیٰ کا عرش ہے ایک اور حدیث کے ذریعے حق تعالیٰ نے مسلمانوں کو مطلع فرمایا ہے کہ:

لا یسعنی ارضی ولا سمائی ولکن یسعنی قلب عبدی المؤمن نہ میں اپنے آسمانوں میں سما سکتا ہوں نہ اپنی زمین میں سما سکتا ہوں بلکہ اپنے بندۂ مومن کے قلب میں سما سکتا ہوں اس سے ظاہر ہے کہ قلب مومن کس قدر وسیع ہے جس میں ذات لا محدود سما سکتی ہے۔ جب حق تعالیٰ قلب مومن میں سما سکتے ہیں۔ تو قلبِ مومن بھی لازماً لامحدود ہونا چاہیے۔

ایک حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میں پیچھے کی طرف بھی اسی طرح دیکھتا ہوں جس طرح آگے کی طرف۔

ایک حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

الصلوٰۃ معراج المومنین، نماز مومن کی معراج ہے

اور معراج سے مراد ہی قرب کا مقام ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو شبِ معراج حاصل ہوا نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اِتقوا فراست المؤمن انہ ینظر بنور اللہ

مومن کے نور بصیرت سے ڈرو کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔

ان تمام آیات اور احادیث سے صاف ظاہر ہے کہ مومن کے لیے قربِ الی اللہ اور معرفتِ حق کا حصول ضروری ہے اور اسلام کی غرض و غایت بھی یہی ہے۔ لیکن افسوس صد افسوس ہے کہ مخالفین نہ خود یہ مقامات حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور نہ یہ گوارا کرتے ہیں کہ کوئی اور حاصل کرے اور ہر وقت مخالفت پر ہی کمر بستہ رہتے ہیں۔ اس سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ اسلام کے مقصد اور اس کی غرض و غایت سے یہ

Marfat.com

لوگ بے بہرہ ہیں۔ لیکن دعوہ یہ ہے کہ صرف ہم ہی مسلمان ہیں۔ باقی سب کافر اور مشرک ہیں۔ لیکن خالی دعوؤں سے کام نہیں چلے گا۔ ان لوگوں کو چاہیے کہ پہلے اپنے آپ کو ٹیسٹ کریں کہ واقعی مسلمان ہیں اور مسلمان کی شان وہی ہے جو احادیث بالا میں بیان ہو چکی ہے۔ یعنی مومن ذات وصفات میں فنا ہو جانے کے بعد حق تعالیٰ کی آنکھوں سے دیکھتا ہے۔ حق تعالیٰ کے کانوں سے سنتا ہے اور سب کام اس کی قدرت سے کرتا ہے اور یہی وہ مرتبہ ہے جہاں پہنچ کر وہ کشف وکرامات کی دولت سے مالا مال ہوتا ہے۔ لہذا علمائے ظاہر کے لیے جو ٹیسٹ مقرر ہو چکا ہے وہ یہ ہے کہ اپنی کیفیت کا جائزہ لیں کہ آیا یہ دولت ان کو نصیب ہے یا نہیں۔ اگر نہیں ہے اور یقیناً نہیں ہے تو خود فریبی سے نکل کر سچائی کے میدان میں آئیں اور ان پاک اور مقدس ہستیوں پر اعتراض کرنے سے پرہیز کریں جن کو حق تعالیٰ نے یہ دولت عطا فرمائی ہے۔ لیکن ظلم یہ ہے کہ جب ان کو کشف وکرامات کے حصول کے لیے کہا جاتا ہے تو فوراً جواب دیتے ہیں کہ کشف وکرامات کے سارے قصے من گھڑت ہیں۔ بھلا صحابہ کرام کو اس قسم کے کشف وکرامات کیوں نہ ہوتے تھے۔ کس قدر بے باکی ہے۔ یہ لوگ جانتے ہیں کہ حدیث کی کتابیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات اور صحابہ کرام کے کشف وکرامات سے بھری پڑی ہیں۔ لیکن جب ہم اولیائے کرام کی کرامات کا ذکر کرتے ہیں تو سب کچھ جانتے ہوئے یہ لوگ اعتراض کرتے ہیں۔ دیوبند کے مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رح نے ایک کتاب "جمال الاولیا" میں صحابہ کرام کے کشف وکرامات کے کثرت سے واقعات بیان کیے ہیں۔ اس کتاب کے صفحہ ۲۸ پر لکھا ہے :

> ایک مرتبہ حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کے گھر پر تین مہمان آئے۔ لیکن کھانا تھوڑا تھا۔ پھر بھی انہوں نے سیر ہو کر کھانا کھایا۔ جو کھانا بچ رہا۔ وہ اس سے زیادہ تھا جو پہلے موجود تھا۔ یہ واقعہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں درج ہے
> ایک حدیث میں آیا ہے کہ حضرت ابو الدرداء رضی اللہ تعالےٰ عنہ، اور حضرت سلمان فارسی رضؓ ایک پیالے میں کھانا کھا رہے تھے کہ پیالہ اور غذا

Marfat.com

نے تسبیح پڑھنا شروع کر دیا۔

ایک حدیث میں آیا ہے کہ حضرت ابو عبس رضؓ بن جابر جب رات کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھ کر بنی حارثہ کی طرف گئے تو رات اندھیری تھی اور بارش بھی تھی۔ اس وقت ان کی لاٹھی چراغ کی طرح روشن ہو گئی اور وہ آسانی سے گھر پہنچ گئے۔

روایت ہے کہ ایک شخص نے حضرت امام حسن رضؓ کے قبر کے قریب پیشاب کیا تو وہ مجنون ہو گیا اور کتے کی طرح بھونکنے لگا۔ پھر جب مر گیا تو اس کی قبر سے وہی بھونکنے کی آواز آتی تھی۔

بیہقی میں یہ لکھا ہے کہ فاطمہ خزاعہ نے جب حضرت امیر حمزہ رضؓ کی قبر پر جا کر السلام علیکم کیا تو وعلیکم السلام کا جواب ملا۔

بخاری شریف میں ایک حدیث آئی ہے۔ جس میں حضرت امیر حمزہ رضؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ ہم لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں شریک تھے اور اندھیری رات تھی۔ اس وقت میری انگلیاں روشن ہو گئیں جن کی روشنی میں سب لوگوں نے سواریاں ایک جگہ پر جمع کر لیں اور میری انگلیاں برابر چمکتی رہیں۔

بیہقی میں ایک حدیث ہے کہ ایک مرتبہ حضرت خالد بن ولید رضؓ کو کسی نے ڈرایا کہ فلاں شخص کے پاس زہر ہے۔ خیال رکھنا۔ حضرت اقدس نے اس سے زہر لے کر کھا لی اور کچھ اثر نہ ہوا۔

بخاری اور مسلم شریف میں حضرت سعد بن ابی وقاص کی کرامات کثرت سے بیان کی گئی ہیں۔ اس طرح حضرت سعد بن ربیع رضؓ، حضرت سعد بن عبادہ رضؓ، حضرت سعد بن معاذ رضؓ، حضرت سعید بن زید رضؓ حضرت سلمان فارسی رضؓ حضرت عاصم بن شاہد رضؓ، حضرت عامر بن فہیرہ رضؓ، حضرت عباد بن بشر رضؓ، حضرت عباس رضؓ، حضرت عبد اللہ جحش رضؓ حضرت عبد اللہ بن جابر رضؓ،

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن عمرؓ، حضرت عبداللہ بن زبیرؓ، حضرت عبیدہ بن حارثؓ، حضرت علیؓ، حضرت عمر ابن خطاب ؓ، و دیگر حضرات کی بے شمار کرامات کتاب مذکور میں بیان کی گئی ہیں۔

**صحابہ کرام سے کم کشف و کرامات ظاہر ہونے کی وجوہات:** البتہ یہ بات صحیح ہے کہ بعد میں آنے والے اولیاء کرام کی نسبت حضرات صحابہ سے کشف و کرامات کا ظہور کم ہوا ہے۔ اس کی دو وجوہات ہیں۔ ایک وجہ یہ ہے کہ کرامات کی ضرورت وہاں ہوتی ہے جہاں ایمان کمزور ہو چونکہ صحابہ کرام حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے تربیت یافتہ تھے۔ اور ایمان ان کا نہایت پختہ تھا۔ ان کو کشف و کرامات دیکھنے اور دکھانے کی ضرورت نہیں ہوتی تھی۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ کشف و کرامات کا تعلق عالم صفات اور عالمِ ارواح اور عالمِ مثال سے ہے۔ چونکہ صحابہ کرام عالم ملکوت، عالم ارواح اور عالم صفات سے گزر کر ذاتِ احدیت میں فنا ہو چکے تھے۔ ان سے کشف و کرامات کا ظہور زیادہ نہیں ہوتا تھا۔ اسی طرح بعد میں آنے والے اولیاء کرام اور مشائخ عظام جو مقام احدیت اور ذاتِ لاتعین میں گم ہو چکے تھے ان سے کشف و کرامات کا ظہور کم ہوا۔ اولیاء کرام فرماتے ہیں کہ کشف و کرامات کا ظہور کم درجہ کے بزرگان سے ہوتا ہے۔ جوں جوں آدمی ذاتِ حق میں ترقی کرتا ہے۔ کشف و کرامات کا ظہور کم ہوتا جاتا ہے۔ تیسری وجہ یہ ہے کہ کشف و کرامات کے ظہور سے مدارج کم ہوتے ہیں۔ شیخ محی الدین ابنِ عربی فرماتے ہیں کہ جب سے مجھے معلوم ہوا ہے کہ کرامات کے ظہور سے مراتب میں کمی واقع ہوتی ہے تو مجھے افسوس ہوا ہے کہ کاش میں کشف و کرامات کی طرف زیادہ توجہ نہ کرتا۔

**اقسام حجابات:** یاد رہے کہ اولیاء کرام نے اپنی کتابوں میں حجابات جو بندہ اور مولا کے درمیان حائل ہوتے ہیں۔ ان کی تین اقسام بیان فرمائی ہیں۔ اوّل حجابات ظلمانی جو معصیت یعنی گناہوں سے پیدا ہوتے ہیں۔ دوم حجابات نورانی جو کشف و کرامات کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔ سوم حجابات کیفی

Marfat.com

جو اس لذت کی وجہ سے بندہ اور مولا کے درمیان حائل ہو جاتے ہیں جو سالکین کو قربِ حق تعالےٰ یعنی فنا فی اللہ میں محسوس ہوتی ہے لہٰذا جب کوئی شخص اس لذت کی وجہ سے مراقبات فنا میں کوشاں رہتا ہے تو حق تعالیٰ یہ بات پسند نہیں فرماتے اور وہ شخص محجوب ہو جاتا ہے۔ لیکن جو بلند ہمت عشاق لذت کی خاطر نہیں، خالصتاً ذاتِ باری تعالیٰ کی خاطر ریاضت کرتے ہیں ان کے لیے وہ لذت حجاب نہیں بن سکتی۔ اب چونکہ صحابہ کرام کا مرتبہ عام اولیاء کرام، غوثوں اور قطبوں سے بھی زیادہ بلند ہے۔ اس لیے لازماً ان سے خوارق عادات یعنی کرامات کا ظہور نسبتاً کم ہوا ہے۔ چنانچہ اولیاء کرام کا مسلک و مشرب بھی بعینہٖ وہی ہے جو صحابہ کرام کا تھا۔ صحابہ کرام نے بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ یعنی سنت پر سختی سے عمل کیا اور اولیاء کرام نے بھی۔

## اتباعِ نبویؐ کے اقسام :

لیکن اتباع یا سنت پر عمل کی دو قسمیں ہیں۔ ایک اتباع ظاہری، دوسرا اتباع باطنی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ظاہر اتباع یہ ہے کہ جس طرح آپ نماز پڑھتے تھے۔ روزہ رکھتے تھے۔ دوسرے کام کرتے تھے۔ اسی طرح کیا جائے۔

باطنی اتباع یہ ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حق تعالےٰ کے ساتھ عشق و محبت اور قرب و معرفت کا جو تعلق تھا۔ امت کے لیے بھی اس کا حصول ضروری ہے چنانچہ صحابہ کرام اور اولیاء سلف نے اتباع نبویؐ کی دونوں اقسام پر عمل کیا اور ذاتِ حق سے قرب و معرفت اور وصال سے مشرف ہوئے۔ اس کے برعکس علمائے ظواہر نے صرف اتباع ظاہری کو لے لیا ہے۔ اور باطنی نعمت سے محروم ہو گئے ہیں۔ اس لیے نہ ان کو کشف و کرامات کی دولت سے حصہ ملا۔ نہ قرب و معرفت سے۔ عارف رومی فرما گئے ہیں کہ ؎

قال را بگذار و مردِ حال شو     پیشِ مردِ کاملے پامال شو

(زبانی جمع خرچ کو ترک کرو اور حال یعنی فنا فی اللہ کے حصول کی کوشش کرو اور یہ بات صرف مشائخ عظام کے قدموں کی خاک بننے کے بعد حاصل ہوتی ہے)

Marfat.com

لیکن مشائخ کے قدموں کی خاک بننا تو درکنار۔ یہ لوگ مشائخ عظام کو حقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور ان پر طرح طرح کے الزامات عائد کرتے ہیں۔ حالانکہ حق تعالےٰ نے ایک حدیث کے ذریعے ان کو خبردار کیا ہے۔

"جو میرے ولی کے ساتھ گستاخی اور بے ادبی سے پیش آتا ہے۔ وہ میرے ساتھ اعلانِ جنگ کرتا ہے"۔

**عرس پر اعتراض:** تصوّف کے علاوہ مخالفین عرس پر بھی یہ اعتراض کرتے ہیں کہ یہ بدعت ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام سے عرس کہاں ثابت ہے؟ اس کا جواب یہ ہے۔ عرس بدعت نہیں بلکہ اس حدیث سے وجود میں آیا ہے جس میں اللہ تعالےٰ اپنے مخلص بندہ کو وصال کے وقت فرماتے ہیں:

"نم کنومة العروس" (یعنی اب تم سو جاؤ آرام سے دولہے کی نیند)

اس کی تفصیل پہلے آچکی ہے۔

باقی رہا یہ سوال کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام بھی عرس مناتے تھے، یا نہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ جس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کی مجالس اور تقاریب واجتماعات کی وہ صورت نہ تھی جو آجکل کی تقاریب کی ہے۔ مثلاً اس زمانے میں نہ شامیانے لگتے تھے۔ نہ فرش لگائے جاتے تھے۔ نہ میز کرسی، نہ لاؤڈ سپیکر ہوتے تھے۔ نہ اخباروں اور رسالوں میں ان کا چرچا ہوتا تھا۔ نہ پوسٹر تقسیم ہوتے تھے۔ نہ دعوت نامے جاری کیے جاتے تھے۔ لیکن اجتماعات ضرور ہوتے تھے۔ اور ہمارے زمانے کے اجتماعات سے بھی زیادہ بڑے اور زیادہ مؤثر ہوتے تھے۔ اسی طرح اس زمانے میں بھی صحابہ قبروں کی زیارت کے لیے جاتے تھے، فاتحہ پڑھتے تھے۔ سلام کرتے تھے ان کے حق میں دعا مانگتے تھے۔ مثلاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام کے ساتھ ہر سال شہدائے احد کے مزارات پر اسی یوم (شہادت کے دن) تشریف

Marfat.com

لے جاتے تھے۔ السلام علیکم کہتے تھے ان کے حق میں دعا فرماتے تھے۔ اور ان سے باطنی راہ و رسم بھی قائم رکھتے تھے۔ اسی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد صحابہ کرامؓ روضۂ اقدس پر کثرت سے حاضر ہوتے۔ اور درود و سلام پیش کرتے تھے چنانچہ غیر مقلدوں کی حکومت کے باوجود آج تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ اقدس پر یہی دستور جاری ہے۔ اب چونکہ حدیث کی رو سے اولیاء کرام حضور نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحیح وارث ہیں۔ اس لیے ان کے مزارات پر بھی ہر وقت عام طور پر اور وصال کے دن خاص طور پر نزولِ رحمت اور انوار و برکات کی بارش ہوتی ہے اور جو شخص وہاں حاضر ہوتا ہے اس پر بھی چھینٹے پڑ جاتے ہیں اور بخشش کے لیے تو رحمت حق کا ایک قطرہ بھی کافی ہے۔

**عرس کی مخالفت کی اور وجہ:** بعض لوگ عرس کی مخالفت میں یہ حدیث پیش کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میری قبر کو عیدگاہ نہ بناؤ۔ دوسری حدیث میں ہے:

کہ میری قبر کو سجدہ گاہ نہ بناؤ۔ لیکن ہم لوگ جب کسی بزرگ کا عرس مناتے ہیں تو کھیل تماشہ کی خاطر یا سجدہ گاہ بنانے کی خاطر نہیں کراتے بلکہ یوم وصال کے فیوض و برکات کے علاوہ اور فوائد بھی مدنظر ہوتے ہیں مثلاً عرس کے موقع پر تمام پیر بھائی جمع ہوتے! ولیا کرام تشریف لاتے ہیں اور ان کی زیارت سے لوگ مستفیض ہوتے ہیں۔ نئے لوگوں کو بیعت کا موقع مل جاتا ہے۔ پرانے لوگ ایمان کی تجدید کر لیتے ہیں۔ عرسوں پر مخالفین یہ اعتراض بھی کرتے ہیں کہ وہاں نئے دوکان لگ جاتے ہیں۔ بازاریں بن جاتی ہیں کھیل تماشے ہوتے ہیں اور غیر شرع امور واقع ہو جاتے ہیں۔ یہ کس قدر سادہ لوحی اور کم عقلی کا ثبوت ہے۔ اگر نئے دوکان لگانا اور بازاریں قائم ہونا گناہ ہیں' تو پھر تمام شہروں میں دوکان اور بازار بند کر دینے چاہییں۔ البتہ کھیل تماشے پر اعتراض ہو سکتا ہے لیکن یہ کھیل تماشے تو ان شہروں میں یا بستیوں میں بھی کثرت سے ہوتے رہتے ہیں، جہاں یہ لوگ خود رہتے ہیں۔ کیا کھیل تماشوں کی وجہ سے انہوں نے ان شہروں میں رہنا چھوڑ

Marfat.com

دیا ہے۔ ان کے شہروں میں کھیل تماشے ہوتے رہتے ہیں۔ اور وہ بھی نماز روزہ وغیرہ میں مصروف رہتے ہیں۔ اسی طرح جس شہر میں عرس منایا جارہا ہے۔ وہاں نئے بازار وغیرہ اس لیے لگ جاتے ہیں تاکہ لوگوں کی خورد و نوش وغیرہ کی ضروریات پوری ہو سکیں۔ اگر کوئی شخص روپیہ کمانے کی غرض سے وہاں کھیل تماشے کا انتظام کرتا ہے تو اس کا گناہ اسے ہوگا۔ آپ کھیل تماشے کی طرف نہ جائیں۔ کون آپ کو مجبور کرتا ہے۔ اگر کھیل تماشے بند کرانے کا آپ مطالبہ کرتے ہیں تو پہلے ان شہروں میں بند کیوں نہیں کراتے، جہاں یہ کھیل تماشے مستقل طریق پر ہو رہے ہیں۔ عرسوں میں تو عارضی ہوتے ہیں۔

**زیارتِ قبور پر اعتراض :** بعض لوگ مزار پر جانے سے منع کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ شرک ہے حالانکہ حدیث کی کتابوں میں کثرت سے ایسی احادیث موجود ہیں۔ جن میں حضور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو قبروں کی زیارت کی تاکید فرمائی ہے۔ نیز اہلِ قبور کو سلام کرنے۔ ان کے لیے دعا خیر مانگنے اور ان سے مدد مانگنے کے متعلق بھی احادیث میں تاکید کی گئی ہے۔ حضرت مولانا شیخ عبدالحق محدث دہلوی ؒ مشکوٰۃ شریف کی شرح میں زیارت قبور کے باب میں فرماتے ہیں کہ :

"زیارت قبور مستحب است باتفاق زیرا کہ سبب رقتِ قلب و تذکرہ موت و بوسیدگی استخوان و فنائے دنیا است۔ و جز آں از فوائد و عمدہ دراں دعائے خیر اموات را و استغفار برائے ایشاں و بایں دار شدہ است سنت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کہ بہ بقیع مے رفت و بر اہل آں استغفار مے کرد برائے ایشاں واما استعداد باہل قبور در غیر نبی صلی اللہ علیہ وسلم یا غیر انبیاء علیہم السلام منکر شدہ اند آنرا بسیارے از فقہا مے گویند نیست زیارت مگر برائے دعائے موتی استغفار برائے ایشاں و رسانیدن نفع بالشان بدعا و استغفار و تلاوت قرآن و اثبات کردہ است نزد اہل کشف و اکمل از ایشان تا آنکہ بسیارے را فیوض و فتوح از ارواح رسیدہ ایں طائفہ را در اصطلاح ایشاں اویسی

خوانند۔ امام شافعیؒ گفتہ است قبر موسیٰ کاظم تریاق مجرب است اجابت دعا را۔ حجۃ الاسلام امام غزالیؒ گفتہ ہر کہ استمداد کردہ شود بوئے در حیات استمداد کردہ مے شود بوئے بعد از وفات ویکے از مشائخ عظام گفتہ است دیدم چہار کس از مشائخ کہ تصرف مے کنند در قبور خود مانند تصرف ہائے ایشاں در حیات خود یا بیشتر۔ شیخ معروف کرخیؒ۔ شیخ عبد القادر جیلانیؒ و کس دیگر را از اولیاء۔ و مقصود حصر نیست آنچہ خود دیدہ و یافتہ است گفتہ و سیدی احمد مرزوقؒ کہ از اعاظم فقہاء و علماء و مشائخ دیار مغرب است گفت کہ روزے شیخ ابو العباس از من پرسید کہ امداد حیّ اقویٰ است یا امداد میت من گفتم کہ قومے گویند کہ امداد حیّ قوی است۔ و من می گویم کہ امداد میت قوی تر است۔ پس شیخ گفت نعم زیرا کہ در بساط حق است و در حضرت اوست و نقل درین معنی ازیں طائفہ بسیار است کہ حصر و حصار کردہ شود و یافتہ نمے شود در کتاب و سنت و اقوال سلف صالح کہ منافی و مخالف ایں باشد و رد کند ایں را و بہ تحقیق ثابت شدہ است بآیات و احادیث کہ روح باقی است و او را علم و شعور بہ زائران و احوال ایشان ثابت است و ارواح کاملان را قربے و مکانتے در جناب حق ثابت است چنانکہ در حیات بود یا بیشتر ازاں، و اولیاء را کرامات و تصرف در اکوان حاصل است و آں نیست مگر ارواح ایشاں را و ارواح باقی است و متصرف حقیقی نیست مگر خدا عز شانہ، و ہمہ قدرت اوست، و ایشاں فانی اند در جلال حق در حیات و بعد از ممات پس اگر دادہ شود مر احدے را چیزے بوساطت یکے از دوستان حق و مکانتے کہ نزد حق دارد دور نباشد چنانکہ در حالت حیات بود و نیست فعل و تصرف در ہر دو حالت مگر حق را جل جلالہ و عم نوالہ، و نیست چیزے کہ فرق کند میان ہر دو حالت و یافتہ نشدہ است دلیلے بر آن۔

**ترجمہ:** حضرت شیخ عبد الحق دہلوی فرماتے ہیں کہ زیارت قبور یعنی قبروں کی زیارت کرنا مستحب ہے اور اس پر تمام محدثین، فقہا، علما، صلحا کا اتفاق ہے کیونکہ اس سے رقت قلب ہوتی ہے، موت یاد آتی ہے اور ہڈیوں کا بوسیدہ ہو جانا اور دنیا کا فنا ہو جانا ثابت ہوتا ہے علاوہ ازیں زیارت قبور کے اور بھی فوائد ہیں نیز ان کے لیے

دعا بھی مانگی جاتی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دستور تھا کہ مدینہ کے قبرستان بقیع میں تشریف لے جاتے تھے اور ان کے لیے دعائے مغفرت کرتے تھے۔ لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور دوسرے انبیاء علیہم السلام کی قبروں کے سوا کسی دوسری قبر سے بعض مدد مانگنا جائز نہیں سمجھتے۔ فقہا کا قول ہے کہ مردوں کی قبروں پر دعا اور استغفار کرنا اور ان کو نفع پہنچانا دعا سے اور استغفار سے اور تلاوت قرآن سے مشائخ صوفیہ اسرارہم اور بعض فقہا رحمۃ اللہ علیہم کے نزدیک محقق و مقرر است یعنی ثابت ہو چکا ہے اور اہل کشف و مشائخ کبار فرماتے ہیں کہ اہل قبور کی ارواح سے بہت فیض اور فتوح حاصل ہوتے ہیں۔ اہل تصوف کی اصطلاح میں ایسے لوگوں کو یعنی جو مزارات سے فیوض حاصل کرتے ہیں اویسی کہتے ہیں۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت امام موسے کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مزار قبول دعا کے لیے تریاق مجرب یعنی آزمایا ہوا نسخہ ہے اور حجۃ الاسلام امام محمد غزالیؒ فرماتے ہیں کہ جن بزرگوں سے زندگی میں مدد مانگی جا سکتی ہے ان سے موت کے بعد بھی مدد مانگی جا سکتی ہے۔ مشائخ عظام میں ایک فرماتے ہیں کہ میں نے چار بزرگوں کو دیکھا ہے جو اپنی قبروں میں بیٹھے تصرف کر رہے ہیں یعنی لوگوں کے کام کر رہے ہیں جیسا کہ وہ اپنی زندگی میں تصرف کرتے تھے یعنی کرامات دکھاتے تھے۔ بلکہ اس سے بھی زیادہ۔ ان میں سے ایک حضرت شیخ معروف کرخیؒ ہیں۔ دوسرے حضرت شیخ عبد القادر جیلانیؒ ہیں اور دو اور بزرگ ہیں لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ ان کے علاوہ کوئی بزرگ اپنی قبروں میں بیٹھے فیض نہیں دیتا یہ تو فقط وہی کچھ ہے جو اس بزرگ نے دیکھا یعنی ان چار بزرگوں کے تصرفات دیکھے۔ سیدی احمد مرزوقؒ جو دیار مغرب کے اکابر مشائخ میں سے ہیں فرماتے ہیں کہ ایک دن شیخ ابو العباس نے مجھ سے دریافت کیا کہ زندہ بزرگوں کی امداد زیادہ قوی ہے یا وہ جو اس جہان سے رحلت کر گئے ان کی امداد زیادہ قوی ہے۔ میں نے جواب دیا کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ زندہ بزرگوں کی امداد زیادہ قوی ہے لیکن میں کہتا ہوں کہ وہ جو اس جہاں سے جا چکے ہیں ان کی امداد قوی تر ہے۔ یہ سن کر شیخ ابو العباسؒ نے کہا کہ بیشک آپ درست کہتے ہیں اس کی وجہ

Marfat.com

یہ ہے کہ حق تعالےٰ کی دستگاہ میں ہیں اور اس کے حضور میں ہیں ۔ اس قسم کے اقوال بے شمار ہیں جن کا احاطہ اس کتاب میں نہیں ہو سکتا ۔ نیز قرآن مجید اور حدیث میں اور بزرگانِ دین کے اقوال میں کسی جگہ پر اس چیز کی تردید نہیں آئی نہ اس کی مخالفت کی گئی ہے ۔ اور آیاتِ قرآنی اور احادیث نبوی سے ثابت ہو چکا ہے کہ مُردوں کی رُوح فنا نہیں ہوتی بلکہ زندہ رہتی ہے اور اس کو زیارت کرنے والوں کا علم اور شعور ہوتا ہے ۔ اس کے حالات کو بھی جانتے ہیں (یہ تو عام مُردوں کا حال ہے) اور کاملین کی ارواح کو حق تعالےٰ کے ساتھ ایسا قرب اور رتبہ حاصل ہوتا ہے کہ جیسا کہ زندگی میں تھا بلکہ اس سے بھی زیادہ اور اولیاء کرام کی ارواح کو کون و مکان میں تصرّف اور کرامات میسر ہیں لیکن یہ یاد رکھنا چاہیے کہ متصرفِ حقیقی حق تعالےٰ ہیں اور جو کچھ ہوتا ہے اس کی قدرت سے ہوتا ہے اور اولیا کرام جلال حق میں فانی ہوتے ہیں اپنی زندگی میں بھی اور بعد از مرگ بھی ۔ اس لیے اگر کسی شخص کو کسی بزرگ کی وساطت سے جو ولی اللہ ہے کوئی چیز ملتی ہے تو یہ بعید نہیں ہے جیسا کہ وہ زندگی میں تصرّف (کرامات) کرتے تھے اور حیات و ممات میں جو تصرّفات اولیاء کرام سے صادر ہوتے ہیں وہ حق تعالیٰ کی قدرت سے ہوتے ہیں اور دونوں حالتوں میں یعنی زندگی اور موت میں کوئی فرق واقع نہیں ہوتا اور اس قول کے خلاف کوئی دلیل نہیں ملی ۔"

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ایک دن میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ زیارتِ قبور کے وقت کیا کروں اور کیا پڑھوں ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کہو : "اسلام علیکم اھل الدیار من المومنین والمسلمین ویرحم اللہ المقتدین ومناد المتاخرین وانشا اللہ بکم ملاحقون (رحمت کرے اللہ تعالےٰ آگے جانے والوں پر یعنی جو مر گئے ہیں اور پیچھے رہنے والوں پر یعنی جو زندہ ہیں اور انشاء تعالےٰ ہم بھی اگر تم سے ملیں گے) اس حدیث کو صحیح مسلم نے بھی روایت کیا ہے اور یہ حدیث اس وقت کی ہے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دوبارہ مردوں اور عورتوں کو قبروں پر جانے کی اجازت دے دی ہے ۔

Marfat.com

حضرت صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ جس مکان میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضؓ دفن تھے میں وہاں آیا جایا کرتی تھی بغیر چادر اوڑھے اس وجہ سے کہ میرے شوہر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور میرے والد حضرت ابوبکر رضؓ وہاں دفن تھے لیکن جب حضرت عمر وہاں دفن ہوئے تو خدا کی قسم میں وہاں چادر اوڑھے بغیر داخل نہیں ہوتی تھی اس وجہ سے کہ مجھے حضرت عمر رضؓ سے شرم آتی تھی۔ رواہ احمد رضؓ

(اس حدیث کو امام احمدؒ نے بھی روایت کیا ہے)

اس حدیث کو نقل کرنے کے بعد حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلویؒ لکھتے ہیں کہ:

"دریں حدیث دلیلے واضح است بر حیات میت وعلم وے وآنکہ واجب است احترام میت نزد زیارت وے خصوصاً صالحان ومراعات ادب بر قدر مراتب ایشاں است چنانچہ در حیات ایشاں زیرا کہ صالحان را مدد بلیغ است بر زیارت کنندگان خود را بر اندازہ ادب ایشان کذا فی شرح الشیخ"

**ترجمہ:** اس حدیث میں واضح دلیل ہے اس بات کی کہ اہل قبور زندہ ہوتے ہیں اور ان کو آنے والوں کا علم ہوتا ہے اور وہ آداب واحترام زیارت کو بھی دیکھتے ہیں خصوصاً بزرگ اور اہل اللہ جن کا رحلت کے بعد بھی اسی قدر احترام واجب ہے جیسا کہ زندگی کی حالت میں تھا۔ اس وجہ سے اہل اللہ اپنے زیارت کرنے والوں کی مدد کرتے ہیں ان کے ادب واحترام کے مطابق جیسا کہ اس حدیث میں پایا جاتا ہے۔

## غیر مقلدین نے زیارت قبور کو کیوں حرام کہا ہے:

غیر مقلدین کا یہ فتوےٰ کہ زیارت قبور حرام ہے

دراصل ان کے امام ابن تیمیہ کا فتوےٰ ہے امام موصوف کا انداز سخن اور استدلال کچھ عجیب سا ہے وہ کہتے ہیں کہ مزارات کی زیارت کے لیے اگر آدمی پیدل جائے تو جائز ہے لیکن اونٹ پر سوار ہو کر جائے تو حرام ہے معلوم نہیں اونٹ پر سوار ہونے میں کیا خرابی ہے۔ انہوں نے یہ فتویٰ اس حدیث کی بنا پر دیا لاتشد الرحال الا الی ثلاثۃ المساجد (تم سوائے تین مساجد کے سفر کے اونٹوں پر کجاوے نہ لگاؤ) ظاہر ہے کہ اس

حدیث پاک میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مساجد یعنی حرم مکہ، مسجد نبوی اور مسجد اقصیٰ کے علاوہ کسی اور مسجد کے سفر کو منع فرمایا کیونکہ حرم مکہ میں اگر ایک رکعت نماز پڑھی جائے تو ایک لاکھ رکعت کا ثواب ملتا ہے۔ مسجد نبوی میں پچاس ہزار کا اور مسجد اقصیٰ میں پچیس ہزار رکعت کا ثواب ملتا ہے۔ لیکن دنیا کی باقی کسی مسجد میں فضیلت نہیں اس لیے ان کا سفر بھی غیر ضروری ہے لیکن پھر بھی حرام نہیں ہے کیونکہ کسی عالیشان مسجد کو جا کر دیکھنے میں کیا مضائقہ ہے لیکن امام موصوف نے تو کمال ہی کر دیا ہے کہ ایک تو حدیث کے غلط معنی لیے ہیں کیونکہ مطلق سفر مراد لیا جائے تو پھر نہ آدمی کسی تجارت کے لیے اونٹوں پر سوار ہو کر جا سکتا ہے نہ والدین کو یا اساتذہ کو ملنے کے لیے جا سکتا ہے نہ تحصیل علم کے لیے سفر کر سکتا ہے۔ جب امام صاحب سے کہا گیا کہ اس حدیث میں تو اونٹ کا سفر کر کے مزارات پر جانا حرام ہے۔ اگر کوئی پیدل جائے تو کیا فتوے ہے۔ آپ نے فرمایا اگر کوئی پیدل جائے تو پھر جائز ہے۔ اس تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ بچارے اونٹوں پر سفر کرنا حرام ہے نہ کہ مزارات پر جانا۔ جب ایک آدمی نے امام موصوف سے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک تین مساجد کے علاوہ مسجد قبا کے لیے اونٹ پر سوار ہو کر جایا کرتے تھے تو امام صاحب نے فرمایا کہ یہ بھی کوئی سفر ہے جس میں نہ پانی ساتھ لیا جائے نہ زادِ راہ۔ یک نشد دو شد۔ پہلے تو اونٹ کا سفر حرام تھا اب پانی اور زادِ راہ ساتھ لینا بھی حرام ہو گیا۔ کس قدر حیرت کا مقام ہے کہ ایک امام وقت اور یہ استدلال چھوٹا منہ بڑی بات۔ سچ ہے کہ ہم چھوٹے لوگ تو امام صاحب کے متعلق کچھ نہیں کہہ سکتے لیکن ابن بطوطہ اور حضرت مولانا انور علی شاہ کاشمیری رح نے جب امام ابن تیمیہ کا استدلال دیکھا تو فوراً بول اٹھے کہ کان علمہ اکبر من العقل (یعنی ان کا علم ان کے عقل سے زیادہ تھا)، دانشمندوں کا قول ہے کہ یک من علم را دہ من عقل باید (یعنی ایک من علم کے لیے دس من عقل درکار ہے)، لیکن جب یہاں معاملہ برعکس ہے دس من علم کے لیے ایک من عقل ہے۔ تو نتیجہ وہی نکلنا تھا جو نکلا۔ یعنی امام موصوف پر ہمیشہ کفر کے فتوے لگتے رہے اور مسلمانوں کے درمیان خواہ مخواہ افتراق و انتشار پیدا کرنے کے جرم میں حکومت وقت نے ان کو ہمیشہ قید و بند میں رکھا۔

لیکن جو ہونا تھا وہ ہو گیا اور امام موصوف کے اس مضحکہ خیز استدلال سے اُمت میں ایسی کشمکش اور انتشار پیدا ہوا جس میں ہم آجکل گرفتار ہیں اور نجات کی کوئی صورت نظر نہیں آرہی۔ شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ نے یہ خیال بھی فرمایا کہ جب حضور سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بے شمار احادیث میں قبروں پر جانے، سلام کرنے، مُردوں کے لیے دعائے خیر مانگنے وغیرہ کی تاکید فرمائی تو صرف ایک لاتشد الرحال والی حدیث سے باقی صحیح احادیث پر کیسے پانی پھیرا جا سکتا ہے اور پھر لا تشد الرحال والی حدیث میں نہ مزارات پر جانے کی ممانعت ہے۔ نہ قبروں پر جانے کی بلکہ صرف تین مساجد کا ذکر ہے کہ سوائے ان تین مساجد کے باقی کسی مسجد میں فضیلت نہیں سب برابر ہیں اس لیے ان کی زیارت کے لیے وقت صرف کرنا بے کار ہے۔ لیکن پھر بھی یہ امتناعی حکم نہیں ہے بلکہ عام بات ہے کیونکہ تاریخی اہمیت کی مساجد یا عالی شان مساجد کو دیکھنے کے لیے ہر شخص کا جی چاہتا ہے اور اگر کوئی شخص جا کر دیکھ لے تو یہ کام حرام اور ناجائز نہ ہوگا۔ لیکن کمال ہے امام موصوف کی فراست کا کہ انہوں نے اس حدیث کو زیارت قبور کا امتناع سمجھا حالانکہ قبور کا اس میں کوئی ذکر نہیں۔ اگر اس سے عام سفر کی ممانعت سمجھی جائے تو پھر دنیا کے تمام سفر حرام اور ناجائز ہو جاتے ہیں۔

**نذر، نیاز، فاتحہ پر اعتراض:** باقی اختلافی مسائل تو درکنار بعض ظاہر بین حضرات نذر، نیاز اور فاتحہ کو بھی حرام سمجھتے ہیں اور اگر کسی بزرگ یا رشتہ دار کو ثواب پہنچانے کی خاطر کھانا تیار کیا جائے اور اس پر فاتحہ پڑھا جائے تو وہ کھانا حرام ہو جاتا ہے اور اٹھا کر پھینک دیتے ہیں۔ حالانکہ نہ کھانا جو پکایا گیا حرام تھا۔ اور نہ قرآن کا پڑھنا حرام ہے معلوم نہیں جب کھانا اور قرآن دونوں کو جمع کیا جائے تو کس منطق سے یہ حرام ہو جاتا ہے کہ دُور پھینک دیا جاتا ہے حالانکہ احادیث میں کثرت سے شواہد ملتے ہیں کہ صحابہ کرام مُردوں کو ایصالِ ثواب کے لیے طعام تقسیم کرتے تھے اور قبروں پر جا کر ان کے لیے تلاوتِ قرآن بھی کرتے تھے۔ ائمہ مجتہدین میں سے بھی کسی نے اس چیز کو حرام قرار نہیں دیا۔ نیز قرآن حکیم میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو

Marfat.com

حق تعالیٰ کی طرف سے اس بات کا حکم آیا ہے کہ مسلمانوں سے نذر قبول کر لیا کریں کیونکہ اس سے مسلمانوں کا تزکیہ نفس ہوتا ہے۔

## امام احمد بن حنبلؒ کے نزدیک فاتحہ و نذر و نیاز جائز ہے:

اگرچہ تمام اہلحدیث حضرات اپنے آپ کو امام احمد بن حنبلؒ کا مقلد کہتے ہیں لیکن ان کے مسلک پر نہیں چلتے۔ امام موصوف کا مشرب تصوف تھا اور آپ بغداد کے بہت بڑے صوفی اور ولی اللہ حضرت بشر حافیؒ کے معتقد اور گرویدہ تھے۔ امام احمد کے ایک شاگرد نے اعتراض کیا کہ حضور ساری دنیا آپ کے سامنے جھکتی اور آپ ایک مست قلندر صوفی کے پیچھے پیچھے چلتے ہیں۔ آپ نے جواب دیا کہ مجھے احکام خدا کا علم ہے اور ان کو مجھ سے زیادہ خدا کا علم ہے۔ دوسری بات یہ ہے حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ نے شمائم امدادیہ میں فرماتے ہیں۔

حنبلیوں کے ہاں یعنی امام احمد بن حنبلؒ کے فرقہ کے لوگوں کے ہاں جمعرات کے دن کتاب احیاء العلوم کا تبرکاً درس ہوتا ہے اور جب درس ختم ہوتا ہے تو تبرکاً دودھ تقسیم کیا جاتا ہے۔ غرضیکہ طریق نذر و نیاز قدیم زمانہ سے جاری ہے اس زمانہ میں لوگ انکار کرتے ہیں۔"

## اسماع موتیٰ سے انکار:

بعض حضرات یعنی وہی مٹھی بھر لوگ یہ اعتراض کرتے ہیں کہ اہل قبور کوئی بات نہیں سن سکتے حالانکہ احادیث میں کثرت سے اس بات کی وضاحت کی گئی ہے کہ جب تم قبروں پر جا کر السلام علیکم یا اہل قبور کہتے ہیں تو وہ وعلیکم السلام کہتے ہیں اور جب تم ان کے لیے دعا مغفرت کرتے ہو تو وہ تمہارے لیے دعا کرتے ہیں اور اگر تمہاری حالت اچھی ہے تو تمہارے والدین اور رشتہ دار جو مر چکے ہیں خوش ہوتے ہیں اگر تمہاری حالت بری ہے تو وہ مغموم ہوتے ہیں۔ اگر مردے سن نہیں سکتے تو پھر سلام کا جواب سلام اور دعا کا جواب دعائیں کیسے دیتے ہیں۔ ایک دفعہ ایک اہل حدیث راقم الحروف کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ اسماع موتیٰ کے متعلق جتنی احادیث ہیں ان کا مطلب آپ لوگوں نے نہیں سمجھا۔ احادیث کا مطلب سمجھنے کے لیے قرآن کو دیکھنا چاہیے کہ اس مضمون کے متعلق قرآن کیا کہتا ہے۔ قرآن حکیم میں

Marfat.com

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ اِنَّکَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی (اے پیغمبرؐ آپ مردوں کو نہیں سنا سکتے ہیں) میں نے کہا ذرا اس سے آگے بھی پڑھیں۔ انہوں نے پس و پیش کیا تو میں نے اس آیت کو خود مکمل کیا جو یہ ہے۔ اِنَّکَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی وَاِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِیْنَ (اے پیغمبرؐ آپ مُردوں کو نہیں سنا سکتے کیونکہ جب آپ ان کو دعوت دیتے ہو تو وہ پیٹھ پھیر کر چلے جاتے ہیں)

میں نے کہا اگر موتیٰ سے مراد مُردے ہیں تو کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کافروں کے قبرستان میں جا کر مُردوں کو اسلام کی دعوت دیتے تھے اور پھر وہ مُردے پیٹھ پھیر کر چلے جاتے تھے کس قدر مضحکہ خیز بات ہے۔ خدا کے واسطے قرآن کے غلط معنیٰ نکال کر لوگوں کو گمراہ نہ کرو اور اُمت میں تفرقہ نہ ڈالو۔ میں نے کہا کہ قرآن مجید میں جہاں جہاں موتیٰ کا ذکر آیا ہے اس سے مراد کافر لوگ ہیں جن کے دل مُردہ ہو چکے ہیں۔ اسی طرح جب قرآن مجید میں کافروں کو صُمٌّ عُمْیٌ بُکْمٌ کہا گیا ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ لوگ فی الواقع گونگے اندھے اور بہرے تھے بلکہ چونکہ ان کے دل مُردہ ہو چکے ہیں ان کو اندھے بہرے اور گونگے کہا گیا ہے اسی طرح کافروں کو مُردہ بھی کہا گیا ہے۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے

خشتِ اوّل چوں نہد معمار کج تا ثریا مے رود دیوار کج

جب ان لوگوں نے آیۂ قرآن کے معنیٰ ہی غلط سمجھے ہیں تو اس غلطی کی وجہ سے وہ ان تمام احادیث کو غلط کہتے ہیں جن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مُردے تمہاری بات سُنتے ہیں۔

یہ تو عام مُردوں کا حال ہے لیکن وہ خاصانِ خدا اور اہل اللہ جو اس دنیاوی زندگی میں حدیث قدسی بی یُبصرُ و بی یسمع بی یبطش کے مطابق اللہ کی آنکھوں سے دیکھتے ہیں اور اللہ کے کانوں سے سنتے اور اللہ کے قدموں سے چلتے ہیں تو اُن کے لیے تو بدرجہ اولیٰ اور بدرجہ اتم بعد مرگ لوگوں کی باتیں سُننے کی توفیق ہونی چاہیے۔ جب عوام سُن سکتے ہیں تو خواص کیوں نہیں سُن سکتے۔

دوسری بات یہ ہے انسان جب مرجاتا ہے تو اس کا جسم مرجاتا ہے۔ روح زندہ

Marfat.com

رہتی ہے اس لیے جب اہل قبور سے کوئی بات کی جاتی ہے تو اس کی روح سن کر جواب دیتی ہے اور ہمارے لیے دعا کرتی ہے بلکہ ان کا تصرف اس قدر بڑھا ہوا ہوتا ہے کہ آپ کے کاموں میں بھی امداد کرتے ہیں۔ قرآن مجید میں شہدا کو مردہ کہنے کی سخت ممانعت آئی ہے۔ جب شہدار زندہ ہیں تو صدیقین یعنی اولیاء اللہ اور انبیاء علیہم السلام بھی زندہ ہیں بلکہ بدرجہ اتم زندہ ہیں کیونکہ قرآن مجید میں ان کے مراتب اس ترتیب سے بتائے گئے ہیں انبیاء و صدیقین والشہداء والصالحین۔ اس سے ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک انبیاء علیہم السلام اور اولیاء کرام کا مرتبہ شہداء سے زیادہ بلند ہے۔ جب شہید زندہ ہیں تو اولیاء کرام اور انبیاءؑ ان سے بھی زیادہ زندہ ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حدیث میں فرمایا ہے۔ اِنَّ اَولیاءَ اللّٰہِ لَا یموتون یَنْتَقِلُوْنَ مِن دارٍ اِلیٰ دار (یعنی اولیاء اللہ مرتے نہیں ہیں۔ بلکہ ایک گھر سے دوسرے گھر میں چلے جاتے ہیں۔

**ایک نکتہ:** یہاں ایک نکتہ قابلِ غور ہے وہ یہ کہ تمام فرقے اس بات پر متفق ہیں کہ موت کے وقت آدمی کا جسم مر جاتا ہے لیکن روح زندہ رہتی ہے خواہ وہ مسلمان ہو یا کافر۔ اگر روح زندہ نہ ہو تو عذاب و ثواب قبر وغیرہ بے معنی ہو جاتا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ جب عام مسلمانوں بلکہ کافروں کی روح بھی زندہ ہے تو پھر شہداء میں اور ان میں کیا فرق ہوا۔ اور اللہ تعالےٰ نے شہداء کو قرآن میں کیوں زندہ کہا ہے بعض ظاہر بین اس کا جواب یہ دیتے ہیں کہ شہدا ایسے کام کر جاتے ہیں کہ ان کا نام زندہ رہ جاتا ہے۔ یہ مفہوم بالکل غلط ہے کیونکہ کافر لوگ بھی ایسے کام کر جاتے ہیں جن سے ان کا نام زندہ ہو جاتا ہے۔

اس آیت کریمہ کا مطلب یہ ہے کہ شہداء کی زندگی عام مُردوں کی زندگی نہیں ہے عام مُردے تمہارے کاموں میں متصرف نہیں ہوتے لیکن شہداء کو یہ تصرف حاصل ہوتا ہے۔ ان معنوں کے سوا یہ آیت کسی اور معنی کی متحمل ہو ہی نہیں سکتی خواہ کوئی کتنا زور لگائے۔ اب جب شہداء کو یہ تصرّف حاصل ہے کہ ان سے یہ کرامات صادر ہو سکتی ہیں تو پھر صدیقین۔ یعنی اولیاء اللہ اور انبیاء علیہم السلام

کو بدرجہ اتم یعنی اُن سے بھی زیادہ تصرّف کی طاقت ہونی چاہیے۔ یہ عام فہم بات ہے۔ اس کو معمولی عقل کے لوگ بھی سمجھ سکتے ہیں۔

**استمداد اور توسّل:** بعض لوگ یہ اعتراض کرتے ہیں کہ لوگ قبروں پر جاکر مرادیں طلب کرتے ہیں۔ ایک واعظ ممبر پر کھڑے یہ کہہ رہے تھے کہ یہ جو لوگ کہتے ہیں اے داتا گنج بخش میری فلاں مراد پوری کر دے، فلاں مراد پوری کر دے۔ نہ کوئی داتا ہے نہ کوئی گنج بخش نہ کوئی حاجت روا ہے یہ سب شرک ہے۔ جب وعظ ختم ہوا تو اس احقر نے ان کی خدمت میں عرض کیا کہ حضور آپ کے منہ سے تو یہ کلمات اچھے نہیں لگتے کیونکہ اس مسجد کی امامت کے لیے جتنے لوگ چندہ دیتے یا آپ کے پاس کھانا بھیجتے ہیں۔ قربانی کی کھالیں عطا کرتے ہیں یا صدقہ فطر عطا کرتے ہیں وہ سب کے سب آپ کے داتا اور حاجت روا ہیں۔ یہ سُن کر انہوں نے جواب دیا کہ یہ لوگ تو زندہ ہیں اور تم لوگ مردوں سے حاجت طلب کرتے ہو۔ میں نے کہا قرآن مجید میں غیر اللہ سے مراد طلب کرنے کی ممانعت آئی ہے تو کیا آپ کے نزدیک زندہ لوگ غیر اللہ نہیں، اللہ ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ جب اولیاء کرام کو قرآن اور حدیث زندہ بتاتی ہے تو آپ ان کو کس طرح مردہ کہہ سکتے ہیں۔ اگر زندوں سے کچھ طلب کرنا شرک ہے تو جو لوگ آپ کو چندہ دیتے ہیں وہ بھی زندہ ہیں یہ بھی شرک ہونا چاہیے کیونکہ وہ غیر اللہ ہیں۔ اس نے جواب دیا کہ جو شخص دے سکتا ہے اس سے لینا شرک نہیں ہے۔ میں نے کہا اوّل تو جو شخص دے سکتا اس سے لینا زیادہ شرک ہے کیونکہ جو نہیں دے سکتا اس سے طلب کرنا بے وقوفی ہوگی شرک نہ ہوگا۔ اگر آپ خدا کو چھوڑ کر کسی بندے سے حاجت روائی کرائیں تو یہ ضرور شرک ہونا چاہیے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہمارے نزدیک لوگوں سے حاجت طلب کرنا بھی شرک نہیں ہے۔ کیونکہ ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ، فاعل حقیقی اللہ ہے اور فاعل مجازی انسان ہے۔ جب کوئی افسر آپ کو ملازم رکھتا ہے تو آپ کہتے ہیں کہ اللہ کا شکر ہے میری روزی لگ گئی ہے لیکن روزی دینے والا تو وہ افسر ہے آپ اللہ کا شکریہ اس لیے ادا کرتے ہیں کہ اصل دینے والا اللہ تعالیٰ اور مجازی دینے والا افسر ہے۔ البتہ

Marfat.com

قرآن مجید میں جس غیر اللہ سے طلب کرنے کی ممانعت آئی ہے، اُن سے مراد بُت ہیں یا کاہن اور جادوگر ہیں جو شیطانی قوت سے لوگوں کی حاجت روائی کرتے ہیں۔ لیکن اولیاء کرام غیر اللہ میں شمار نہیں ہوتے ہیں کیونکہ وہ اللہ کے دوست ہیں۔ اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں کہ عزت سب میرے لیے ہیں رسول اللہ کے لیے ہے اور مومنین کے لیے ہے اس آیۃ سے ظاہر ہے کہ اللہ تعالےٰ نے اولیاء۔ انبیاء اور مومنین کو اپنے زمرہ میں شامل کیا ہے اور جو چیزیں اللہ کے زمرے سے خارج ہیں وہ ہیں بُت، شیطان، جادوگر اور کاہن اس لیے قرآن میں ان چیزوں سے امداد طلب کرنے کی ممانعت آئی ہے لیکن خدا کے دوستوں سے امداد طلب کرنا تو گویا خدا سے امداد طلب کرنا ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اللہ یعطی وَاَنَا قاسم‘ (عطا کرنے والا اللہ اور تقسیم کرنے والا میں ہوں)

یہ نظامِ الٰہی ہے اس لیے قدرت کے اس نظام میں معطی یعنی (عطا کرنے والے) سے طلب کیا جائے یا قاسم سے نظامِ قدرت میں دونوں امور جائز ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ صحابہ کرامؓ آنحضرتؐ سے مرادیں طلب کرتے تھے اور آنحضرتؐ ان کی مرادیں پوری فرما دیتے تھے۔ اب چونکہ اولیاء اللہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خلفاء ہیں اس لیے وہ بھی اپنے دائرہ میں ایک حد تک قاسم ہیں۔ اور قاسم سے طلب کرنا اس حدیث کے بمصداق نظامِ خداوندی کے عین مطابق ہے۔ خیر یہ تو مسئلے کی بات ہے کہ دوستانِ خدا سے حاجات طلب کرنا یعنی ان کو مجازی حاجت روا سمجھنا اور حق تعالےٰ کو حقیقی حاجت روا سمجھنا شریعت میں جائز ہے لیکن عام طور پر مزارات پر جانے والے اس حد تک بھی نہیں جاتے اور صاحبِ مزار سے مرادیں طلب کرنے کی بجائے وہ ان کو وسیلہ بناتے ہیں اور ان کی خدمت میں یہ عرض کرتے ہیں کہ حق تعالےٰ سے میری یہ دعا قبول کرا دیجئے۔ مزارات پر جانے والے جانتے ہیں کہ مرد عورتیں سب اکثر یہی کہتے نظر آتے ہیں کہ پیرا ہم تیرے در کے سوالی ہیں اور تو ہمارے لیے خدا کے در کا سوالی بن۔ اب اس میں کون سی شرک کی بات ہے جس سے یہ حضرات بگڑ جاتے ہیں اور ہمیں جلنے نہیں دیتے۔

**اکابر دیوبندؒ کا فتویٰ:** اس سلسلے میں ہم علمائے دیوبند کے پیرو مرشد حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کی کتاب ہفت مسائل کے اقتباسات پیش کرتے ہیں تاکہ آجکل کے دیوبندی حضرات کو معلوم ہو جائے کہ ان کے اکابر کا مسلک کیا تھا اور انہوں نے کیا سے کیا کر دیا ہے۔ ندائے غیر اللہ کے مضمون پر حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ فرماتے ہیں:

"اس میں تحقیق یہ ہے کہ ندا سے مقاصد و اغراض مختلف ہوتے ہیں۔ کبھی محض اظہار شوق کبھی تحسّر یعنی حسرت کا اظہار، کبھی محبوب کو اپنی فریاد سنانا، کبھی ان کو پیام پہنچانا، سو اگر مخلوق غیب کو پکارنا محض شوق وصال اور حسرت فراق کے لیے ہے جیسے عاشق اپنے معشوق کا نام لیا کرتے ہیں تو اس میں کوئی گناہ نہیں۔ مجنون کا قصہ مثنوی میں مذکور ہے۔ ایسی ندا صحابہ رضؓ سے بکثرت روایات میں منقول ہیں اگر مخاطب کو اسماع یعنی سنانا مقصود ہے تو اگر تصفیہ باطن سے مخاطب کا مشاہدہ کر رہا ہے تو بھی جائز ہے اور اگر مشاہدہ نہیں کرتا اور سمجھتا ہے کہ فلاں ذریعہ سے اس کو خبر ہو جائے گی اور وہ ذریعہ معتبر ہے تو بھی جائز ہے۔۔۔ اس اعتقاد سے اگر کوئی شخص الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ کہے تو کچھ مضائقہ نہیں۔۔۔ یہاں سے معلوم ہو گیا حکم وظیفہ یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ کا لیکن اگر شیخ کو فاعل حقیقی سمجھے تو شرک کی طرف لے جانے والی بات ہے۔ ہاں اگر وسیلہ اور ذریعہ جانے یا ان الفاظ کو بابرکت سمجھ کر خالی الذہن ہو کر پڑھے تو کچھ حرج نہیں۔ یہ ہے تحقیق اس مسئلہ میں۔"

**ایک نکتہ:** یہاں ایک نکتہ بیان کرنے کے قابل ہے وہ یہ ہے کہ روح زندہ رہتی ہے اور مرنے کے بعد عالم برزخ یا عالم ارواح میں موجود رہتی ہے۔ عالم ارواح میں نہ زمین ہے نہ آسمان، نہ سورج نہ زمان، نہ مکان۔ یاد رہے کہ زمان اور مکان اس وقت وجود میں آتے جب زمین اور سورج پیدا ہوئے سورج

Marfat.com

کی رفتار سے وقت (TIME) یعنی سال، ماہ، دن اور گھنٹے وجود میں آئے اور زمین کے پیدا ہونے کے ساتھ مکان (SPACE) وجود میں آیا۔ زمین اور آسمان پیدا ہونے سے پہلے نہ وقت تھا نہ زمان نہ مکان۔ بلکہ لامحدودیت (ETERNITY) تھی۔ اسی طرح کائنات کے فنا ہو جانے کے بعد بھی وقت، زمان و مکان ختم ہو جائیں گے اور لامحدودیت رہ جائے گی۔ چنانچہ جب کوئی آدمی فوت ہوتا ہے تو اس کی روح عالم ارواح میں موجود ہوتی جہاں نہ کوئی زمان ہے نہ مکان، بس لامحدودیت قائم ہے چونکہ روحیں مکان و زمان کی قید سے آزاد ہیں اس لیے وہ ہر جگہ اور ہر وقت موجود ہوتی ہیں۔ روحوں کے لیے یہ کہنا کہ فلاں کی روح لاہور میں ہے یا اجمیر میں ہے مدینہ میں ہے یا مکہ میں ہے صحیح نہیں ہے بلکہ جب روحوں کے لیے نہ وقت ہے نہ مکان تو ہر روح ہر جگہ موجود ہے۔ اس لیے یہ جو لوگ کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تو مدینہ میں ہیں۔ تمہاری آواز کیسے سن سکتے ہیں یا تمہاری مجلس میں کیسے آسکتے ہیں۔ محض مضحکہ خیز ہے وہ گئے ہی کہاں تھے کہ آنے کا سوال پیدا ہو۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تو جلیل القدر پیغمبر ہیں معمولی آدمیوں کی روح بھی ہر جگہ موجود ہوتی ہے اس لیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب تم کسی مُردے کو السلام علیکم کہتے ہو تو وہ جواب دیتا ہے لیکن تم اس کا جواب نہیں سُن سکتے۔ اس بات کا مشاہدہ تو آجکل کے فنِ رابطۂ ارواح سے بھی ہو سکتا ہے جو ٹیبل ٹیپنگ (TABLE TAPPING) کے نام سے مشہور ہے۔ اگر آپ چاہیں تو جس روح کو بلائیں وہ آپ کے پاس آسکتی ہے اور جو سوال کریں جواب دے سکتی ہے۔ راقم الحروف کے لڑکوں کو بھی یہ طریقہ آتا ہے اور اپنے رشتہ داروں کی ارواح کو بلا کر سوال و جواب کرتے ہیں لیکن سوال جواب بات چیت کے ذریعے نہیں ہوتا بلکہ اور قسم کے اشارات سے ہوتا ہے۔ میز پر ایک بڑے کاغذ پر الف سے ے تک تمام حروف لکھ لیے جاتے ہیں اور کاغذ کے وسط میں کوئی چیز مثلاً سیاہی کی شیشی کے ڈھکنے کی طرح کوئی چیز رکھ دی جاتی ہے اور جب ارواح کو سوال کیا جاتا ہے تو وہ چیز خود بخود حرکت میں آکر مختلف حروف کی طرف جاتی ہے اور الفاظ

Marfat.com

بن جاتے ہیں اس حرکت کے محرک ارواح ہوتے ہیں اسی طرح حاضرات کا علم ہے جس کے ذریعے جنات کی روحوں کو بلا کر کام لیا جاتا ہے۔ اس سے ندا بالغیب اور حاضر و ناظر کے مسائل خود بخود حل ہو جاتے ہیں۔

**مسئلہ نور اور بشر:** اسی طرح مسئلہ نور اور بشر کو بھی کم فہم لوگوں نے نزاعی مسئلہ بنا دیا ہے حالانکہ معاملہ صاف ہے۔ ویسے تو ہر انسان مجموعہ ہے روح اور جسم کا۔ جسم خاکی چیز ہے اور فانی ہے اور روح غیر فانی ہے کیونکہ بمصداق آیہ کریمہ فَنَفَخْتُ فِيهِ مِن الروحی یہ حق تعالیٰ کی روح کی صدائے بازگشت ہے۔ نیز یہ بھی امر مسلّمہ ہے اور آجکل کی سائنس نے بھی اسے ثابت کر دیا ہے کہ اشیاء کا وجود مستقل وجہ نہیں ہے بلکہ وہمی اور اعتباری (RELATIVE) ہے نظریہ اضافیات (THEORY OF RELATIVITY) کے ماہر ڈاکٹر آئن سٹائن کی تحقیق یہ ہے کہ مادہ اور فضا یعنی خلا دونوں کا وجود ایک ہے۔ خلا ٹھوس شکل اختیار کر کے مادہ بن گئی ہے اور مادہ ابخارین کر خلا بن گیا ہے۔ اس صورت میں مادہ اور خلا کی اصل ایک ہے اب خلا کو آپ نور کہیں، بخارات کہیں، فضا کہیں یا وحدتِ وجود کہیں سب جائز ہے۔ چونکہ عقلاء اور عرفاء کے نزدیک اشیاء کا وجود وہمی ظنی اور اعتباری ہے۔ لہٰذا جو کچھ موجود ہے نور ہی نور ہے یہ تو عام اشیاء اور عام موجودات کا حال ہے۔ اب حضرتِ انسان کو لیجئے۔ حضرتِ انسان تو اشرف المخلوقات ہے کیونکہ اس کے اندر روح اللہ موجود ہے۔ اس حقیقت کو مزید واضح کرنے کے لیے حق تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ نَحْنُ اَقْرَبُ الیہ من حبل الورید (میں انسان کی شہ رگ سے بھی زیادہ اس سے قریب ہوں) اب جو چیز آپ سے قریب تر ہے وہ شہ رگ ہے اس سے زیادہ اقرب یعنی قریب تر کیا ہو سکتا ہے وہ ہے ذاتِ باری تعالیٰ۔ یہ قرآن مجید کی فصاحت و بلاغت ہے اس کا مطلب اس کے سوا اور کوئی نہیں کہ انسان کا وجود کالعدم ہے اور جو کچھ ہے روح ہی روح ہے۔ یہ تو عام انسان کی پوزیشن ہے۔ لیکن وہ حضرات جو اپنے وجود اور جسم کو مجاہدات کی بھٹی میں جلا کر خاکستر کر چکے ہیں اور

Marfat.com

سراپا روح بن کر ذاتِ باری تعالےٰ میں فنا حاصل کر چکے ہیں اور حدیثِ قدسی بی یسمع اور بی یبصر اور انہ ینظر بنور اللہ کے مطابق ذات وصفاتِ حق میں گم ہو چکے ہیں وہ تو عام اشیاء عالم اور عام انسانوں سے زیادہ نور ہیں بلکہ نورٌ علیٰ نورٌ ہیں۔ یہ ہے حالت اولیاء کرام کی۔ اب آپ اس ذاتِ بابرکات کی طرف آئیں جو بمصداق لولاک لما خلقت الافلاک باعثِ تخلیق کائنات ہیں۔ تجلّی اول، تعیّن اوّل اور نور اوّل ہیں جس سے ساری کائنات وجود میں آئی ہے اور بمصداق حدیثِ اوّل ما خلق اللہ نوری وخلق کل شیئٍ من نوری (اللہ تعالےٰ نے سب سے پہلے میرا نور پیدا فرمایا اور پھر میرے نور سے ساری کائنات کو پیدا فرمایا) ساری کائنات اور تمام موجودات کا منبع ومصدر ہیں ان کے روح کی کیا کیفیّت ہوگی۔ جب اولیاء کرام بھی کہتے چلے آئے ہیں کہ اشیائے عالم کا وجود ظنّی، وہمی اور اعتباری ہے اور جب سائنس کی تحقیقات بھی یہی ہے تو اشیائے عالم کا وجود خارج میں حقیقی نہیں ہے لیکن ہمیں اسی طرح نظر آیا ہے۔ یہ حال عام اشیاء کا ہے اس سے اوپر آدمی کا مرتبہ ہے جس میں روح ربانی جلوہ گر ہے اس سے اوپر اولیاء کرام کا مرتبہ ہے۔ جو جسم کی بچی کھچی راکھ کو بھی معدوم کر چکے ہیں۔ ان سب کے اوپر انبیاء کا مرتبہ ہے اور سب سے اُوپر اللہ کے نزدیک حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ ہے جو بدرجہ اتم جسم کی قیود کو ختم کر چکے ہیں حتیٰ کہ سایہ بھی نہیں تھا اور نور ہی نور رہ گئے تھے۔

دوسری بات یہ ہے کہ قرآن مجید میں جہاں جہاں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بشر کہا گیا ہے وہاں وحی کا امتیاز بھی لگا دیا گیا۔ مثلاً فرمانِ ربّی ہے قل انا بشرٌ مثلکم یوحیٰ الیّ یعنی میں بھی تمہاری طرح کا انسان ہوں لیکن وہ انسان جس پر وحی نازل ہوتی ہے۔ علامہ شبلی نعمانی لکھتے ہیں عام بشر اور وہ بشر جس پر وحی نازل ہو دونوں میں اتنا فرق ہے جتنا کہ ایک حیوان اور انسان میں ہے۔ یہ شبلی کا قول ہے لیکن ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ اس سے بھی زیادہ فرق ہے۔ یوں سمجھ لینا چاہیے کہ ہر انسان حیوان ہے یعنی جاندار ہے لہٰذا اگر کوئی شخص آپ کو کہے کہ آپ حیوان ہیں تو ایک

Marfat.com

لحاظ سے وہ سچ کہہ رہا ہے لیکن وہ آپ کی بے ادبی بھی کر رہا ہے کیونکہ اللہ تعالےٰ نے جو عقل کی امتیازی خصوصیت آپ کو عطا فرمائی ہے وہ آدمی اس کو ترک کر رہا ہے۔ اسی طرح عام انسان اور ایک نبی یا رسول میں جو وحی الٰہی کا امتیاز اللہ تعالےٰ نے عطا فرمایا ہے اس کو بھول کر کوئی شخص ایک نبی کو بشر کہہ دے تو وہ بھی اسی قدر گستاخی کا مرتکب ہوگا جیسا کہ ایک انسان کو حیوان کہنے والا بلکہ اس سے بھی زیادہ گستاخ ہوگا کیونکہ حیوان اور انسان کے درمیان صرف عقل کا فرق ہے لیکن عام بشر اور وہ بشر جس کو وحی الٰہی کا شرف حاصل ہے اس میں جو فرق ہے وہ وحی کا فرق ہے اور عقل سے وحی کا مرتبہ اور فضیلت کئی درجے زیادہ ہے۔ اس لیے وہ حضرات جن پر وحی ہوتی ہے بشریت کی حد سے اُسی طرح بلند و بالاتر ہو جاتے ہیں جس طرح کہ ایک انسان عقل کی بدولت جانوروں سے بلند اور بالاتر اور ایک بالکل علیحدہ جنس بن جاتا ہے اسی طرح نبی بھی وحی کی بدولت بشر کی جنس سے نکل کر بالکل علیحدہ جنس بن جاتا ہے۔ جس پر سوائے نور کے اور کوئی اسم صادق نہیں آتا۔ کیونکہ وہ بشری قیود اور بشری تقاضا جات سے ارفع و اعلیٰ پہنچ کر سراپا نور بلکہ نورٌ علیٰ نور بن جاتا ہے اور ذاتِ حق میں گم ہو کر فرد بن جاتا ہے اور جو کچھ کہتا ہے اور کرتا ہے اس حدیثِ قدسی کے مطابق اللہ کی صفات سے کرتا ہے اور کہتا ہے۔

تیسری بات یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ تجلّی اوّل اور تعین اوّل اور نور اوّل ہیں اور سارا جہان آپ کے نور سے پیدا ہوا ہے اس لیے درحقیقت آپ ساری کائنات کا منبع و مصدر ہیں اور صرف مجازی طور پر ابن آدم ہیں حقیقت میں آپ ابوالآدم ہیں اور بشریت سے بے حد اوپر ہیں۔ حقیقتِ محمدؐ کے تجلّی اوّل اور تعین اوّل ہونے کا علم انبیاء ماسبق کو بھی ہوا تھا۔ اس لیے یونانی فلسفہ میں حقیقتِ محمدیؐ یا تعین اوّل کا نام لوگاس (LOGOS) آیا ہے۔ جس کا مطلب ہے رُوح یا نور یا نفسِ رحمانی۔ اور پلیلیسوس جو بہت بڑا عارف اور فلسفی تھا۔ اس کے نزدیک حقیقتِ محمدیہ کا نام نوُز (NOUS) ہے جو دراصل نور ہے۔ جب اگلی اُمتوں کے اکابرین

Marfat.com

فلاسفر اور عارفین بھی آنحضرت کو نور اول اور منبع و مصدر موجودات قرار دیتے رہے ہیں تو معلوم نہیں ہمارے چند مٹھی بھر مسلمانوں کو کیا ہو گیا کہ بشر بشر کی رٹ لگا رہے ہیں۔

عارف جامی نے مسئلہ بشر کو کس خوبی سے سمجھایا ہے فرماتے ہیں:

نہ بشر خوانمت اے دوست نہ حور و نہ پری — ایں ہمہ بر تو حجاب است تو چیزے دیگری
نور پاکی و فسانست حدیث گل و آب — محض لطفی و بہانست لباس بشری

(اے دوست نہ میں تجھے بشر کہتا ہوں اور نہ حور اور نہ پری۔ یہ سب تجھ پر حجاب ہے۔ تو اور چیز ہے۔ تو پاک نور ہے۔ اور یہ تیرے مٹی اور پانی ہونے کی بات ایک افسانہ ہے۔ تو محض لطف ہے اور یہ تیرا بشریت کا لباس ایک بہانہ ہے)

## خانقاہی نظام پر اعتراض:

بعض لوگوں کو اعتراض کرنے کی ایسی عادت ہو گئی ہے کہ ایسی چیزوں پر بھی اعتراض کر بیٹھتے ہیں کہ جن کی وجہ سے اسلام اور امت کے لوگوں کو بے حد فائدہ ہوا ہے۔ ان میں سے ایک چیز خانقاہی نظام ہے۔ جس نے اسلامی ممالک میں ایسی عدیم المثال ہستیاں پیدا کیں کہ جنہوں نے اپنے نور ہدایت سے سارے جہاں کو منور کر دیا اور لاکھوں کروڑوں انسانوں کو کفر و گمراہی سے نکال کر اسلام کی آغوش میں لا کر کھڑا کر دیا۔ خانقاہی نظام پر یہ لوگ یہ اعتراض وارد کرتے ہیں کہ اس میں توکل اور قناعت کی تعلیمات سے مسلمانوں کے اندر جمود پیدا ہو گیا اور ترقی نہ کر سکے۔ اس سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ معترضین حقیقت اسلام سے واقف ہیں نہ تاریخ اسلام سے۔ کیونکہ توکل اور قناعت وہ اوصاف حمیدہ ہیں کہ جن کی قرآن مجید اور حدیث نبوی میں تاکید آئی ہے اور ان ہی صفات حسنہ سے متصف ہو کر مسلمانوں نے حرص و ہوس اور نفس پرستی جیسی بہیمانہ صفات سے پاک ہو کر فرشتوں سے بھی اوپر مقام پیدا کیا اور دنیا بھر میں ایسے مقبول ہوئے کہ مختلف ممالک کے لوگ مسلم فاتحین کو دعوت دے کر اپنے ملکوں میں بلاتے تھے اور ظالم بادشاہوں سے نجات حاصل کرتے تھے۔ نیز معلوم ہوتا ہے کہ معترضین نے توکل اور قناعت کے معنی ہی نہیں سمجھے۔ توکل کا مطلب یہ نہیں کہ ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ جاؤ اور غیب سے

رزق کے منتظر رہو بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ فاعل حقیقی اللہ تعالے ہے کوئی کام اس کی منشاء و امداد کے بغیر نہیں ہو سکتا۔ آدمی خواہ کتنا زور لگائے جب تک اللہ کو منظور نہیں ہوگا وہ کامیاب نہیں ہو سکتا۔ اس لیے اسلام نے توکل کی تعلیم اس لیے دی ہے کہ اپنی مادی اور روحانی ترقی کے لیے خوب محنت کرو لیکن جہاں تک نتائج کا تعلق ہے ان کو اللہ پر چھوڑ دو۔ اسی پر بھروسہ رکھو اور اسی کی امداد طلب کرو۔ اسی طرح قناعت کا مطلب یہ نہیں کہ تم روکھی سوکھی پر اکتفا کرو اور ہاتھ پاؤں ہلانا بند کر دو بلکہ قناعت کا مطلب یہ ہے کہ خوب کماؤ اور ترقی کرو لیکن اپنی ذات پر کم سے کم صرف کرو اور باقی جو کچھ بچ رہے اُسے قوم کے مستحق افراد میں تقسیم کر دو۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمانوں نے توکل اور قناعت جیسی صفات حسنہ کو اپنا کر نفسانیت کا قلع قمع کیا اور اپنی بے لوثی اور ایثار کی بدولت دنیا پر چھا گئے۔

اس میں شک نہیں کہ خانقاہوں میں قیام کے دوران جس طرح معلمین یعنی مشائخ عظام کو شدید مصروفیت کی وجہ سے رزق کمانے کی فرصت نہیں ہوتی تھی متعلمین اور سالکین کو بھی ان خانقاہوں میں عارضی قیام کے دوران دیگر مشاغل کو ترک کر کے ہمہ تن اور ہمہ وقت اپنی دینی تعلیم اور روحانی تربیت میں منہمک رہنے کی ضرورت تھی اور یہ چیز کس فن اور کس پیشہ میں نہیں ہے۔ کیا آجکل کے ترقی اور تمدن کے زمانے میں تعلیم کے دوران طالب علموں کو بورڈنگ ہاؤس کے تنگ و تاریک کمروں میں نہیں رہنا پڑا اور دیگر تمام مشاغل کو ترک کر کے تعلیم اور صرف تعلیم کو پورا وقت نہیں دیا جاتا۔ اس کے بعد فنون یعنی ڈاکٹری، انجینیرنگ اور وکالت وغیرہ میں مہارت حاصل کرنے کے لیے کیا ان کو ہمہ تن اور ہمہ وقت اپنے فن کے حصول میں مصروف نہیں ہونا پڑتا لیکن جب تعلیم و تربیت سے فراغت حاصل ہو جاتی ہے تو شادی بھی کی جاتی ہے بیاہ بھی کیا جاتا ہے، ملازمت کی جاتی ہے۔ مکان بنائے جاتے ہیں اور زندگی کی تمام سہولتیں بہم پہنچانے کی کوشش کی جاتی ہے بعینہٖ اسی طرح جب سالکین یعنی طالبان راہِ خدا مشائخ عظام کے زیر نگرانی روحانی تعلیم و تربیت ختم کر کے قرب اور معرفتِ الٰہی کے بلند مراتب پر پہنچ جاتے تھے تو ان کو خلافت دی جاتی تھی اور مختلف

Marfat.com

علاقوں میں بھیج کران کو ہدایت خلق کے لیے مامور کیا جاتا تھا۔ ان خانقاہوں میں بلاشبہ معلم حضرات نہ خود کوئی اور کام کر سکتے تھے نہ طالبان راہ خدا کو تعلیم و تربیت کے دوران رزق کمانے دیتے تھے بلکہ توکل اور قناعت کی تلقین کرتے تھے تاکہ دنیاوی جاہ و جلال کی بجائے وہ درویشی کو شیوہ بنائیں اور آگے چل کر اسی بے لوثی اور بے غرضی سے اپنی اپنی خانقاہوں میں محض توکل علی اللہ پر طالبانِ راہ خدا کی تعلیم و تربیت میں مصروف ہوں جس طرح ان کے مشائخ ہوئے تھے۔

## مشائخ عظام کیوں رزق کمانے سے پرہیز کرتے تھے

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ خانقاہوں کے معلم حضرات یعنی مشائخ عظام کیوں روزی کمانے سے گریز کرتے تھے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے ایسا کام اختیار کر لیا تھا کہ جسے اہم ترین، بلند ترین اور شریف ترین مشغلہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح انہوں نے ہدایتِ خلق اور اصلاح امت جیسی اہم ترین اور بلند ترین ذمہ داری اپنے سروں پر لے لی تھی اور یہ وہ کام تھا جو پورا وقت پوری ہمت اور پوری توجہ کا محتاج تھا۔ اگر مشائخ عظام خلقِ خدا کی تعلیم و تربیت کے ساتھ روزی کمانے میں بھی مصروف ہوتے تو وہ اپنے منصب میں کبھی کامیاب نہ ہوتے۔ اس واسطے جس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے زبردست قربانی دے کر اپنی ضروریات کو بالائے طاق رکھا اور فقر و فاقہ میں زندگی بسر کر کے اصلاحِ اُمّت کا اہم فریضہ انجام دیا بعینہٖ اسی طرح مشائخ عظام نے فقر و فاقہ کو نازِ نعمت پر ترجیح دی اپنے آپ کو بال بچوں کو بھوکوں مارا، مخالفین کی طعن و تشنیع برداشت کی لیکن ہدایتِ خلق کے کام کو نہ چھوڑا اگر معترضین کے دل میں ذرا بھر انصاف ہو تو ان کو اُلٹا مشائخ عظام کی اُن قربانیوں اور کاوشوں کو سراہنا چاہیے کہ جب باقی لوگ دونوں ہاتھوں سے دولت جمع کرنے میں مشغول ہوتے تھے تو یہ خاصانِ خدا جنگلی پھلوں، سوکھے ٹکڑوں پر گزارہ کر کے نبوت کی تعلیمات کی نشر و اشاعت اور سالکان راہِ خدا کی روحانی تربیت میں ہمہ تن اور ہمہ وقت مصروف ہوتے تھے۔ چنانچہ

Marfat.com

یہاں کی عظیم الشان قربانی تھی نہ کہ کاہلی اور بے کاری کہ املاک اور کوٹھیاں بنانے کی بجائے انہوں نے لوگوں کے کردار بلند کرنے، اصلاح نفس کرنے اور ان کو خدا رسیدہ کرنے کے لیے زندگیاں وقف کر دی تھیں اور اس کا نتیجہ کیا نکلا۔ اس کا نتیجہ یہ ظاہر ہوا ہے کہ جہاں دنیا کے دون کے طالبون کی کمائی ہوئی دنیا نے ان کو فتنہ و فساد میں مبتلا کیا اور آپس میں لڑ مر کر انہوں نے اُمت محمدیہ کا شیرازہ بکھیر دیا۔ ان درویشوں اور فقر و فاقہ پر قناعت کرکے عوام کی اصلاح کرنے والوں نے اسلام کی جڑیں لوگوں کے دلوں میں اس قدر مضبوط کر دیں کہ آج تک اسلام قائم و دائم ہے۔

آج کل جب کہ حکومت کے پاس تیز سے تیز ذرائع آمد و رفت موجود ہیں اور کافی فوج اور پولیس بھی ہے لیکن لوگوں کے اعمال کیوں خراب ہیں اور لوگ قانون شکنی پر کیوں آمادہ ہیں اس لیے کہ ان کے قلوب کی اصلاح نہیں کی جا رہی۔ اس کے برعکس جب قرون اولیٰ میں مشائخ عظام کا خانقاہی نظام زوروں پر تھا اور چپے چپے پر اولیاء کرام کے مرکز قائم تھے تو معاشرہ کی اس طرح اصلاح ہوتی تھی کہ ہر شخص خوف خدا اور ایثار و محبت کے جذبات میں آ کر حکومت وقت کا ہاتھ بٹا رہا تھا۔ لیکن آج کل معاشرہ کی یہ حالت ہو گئی ہے کہ لوگوں کو قانون شکنی اور حکم عدولی میں مزہ آتا ہے لہٰذا اس دور میں بھی لوگوں کے قلوب کی اصلاح کے لیے خانقاہی نظام کی سخت ضرورت ہے اور جہاں جہاں اپنے محدود انداز میں امت کے بہی خواہ اس کام میں مشغول ہیں۔ ان پر طعن و تشنیع کی بجائے ان کے ہاتھ بٹانے کی ضرورت ہے۔

---

Marfat.com

## پختہ مزارات اور مقبرہ پر اعتراض

بعض حضرات یہ اعتراض کرتے ہیں کہ حدیث میں پختہ قبر اور مقبرہ بنانا جائز نہیں۔ اس کا ایک جواب تو یہ ہے کہ جہاں حدیث میں پختہ قبر بنانے کی ممانعت آئی ہے، وہاں پختہ مکان بنانے کی بھی ممانعت آئی ہے۔ اب جو حضرات پختہ مزارات پر اعتراض کرتے ہیں، پہلے ان کو اپنے عالیشان مکانات کی طرف دیکھنا چاہیے۔ جس مصلحت سے پختہ مکانات بنائے جاتے ہیں اُسی مصلحت سے پختہ قبور اور مقبرے بنائے جاتے ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ پختہ مزارات یا مقبرہ جات اصحابِ قبور کے لیے نہیں، بلکہ زائرین کی سہولت اور آرام کے لیے تعمیر کیئے جاتے ہیں، تاکہ سردی، گرمی، آندھی، بارش وغیرہ سے محفوظ رہیں۔

## خواتین کے مزارات پر جانے پر اعتراض

بعض حضرات یہ اعتراض کرتے ہیں کہ احادیث میں خواتین کے لیے زیارتِ قبجہ کی ممانعت آئی ہے۔ بات یہ ہے کہ شروع میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں اور عورتوں دونوں کو زیارتِ قبور سے منع فرمایا تھا لیکن کچھ عرصہ کے بعد آپ نے دونوں کو اجازت دے دی تھی۔ چنانچہ اس کتاب کے شروع میں بتایا گیا ہے کہ کس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ صدیقہؓ کو اپنے بھائی کی قبر پر جانے کے آداب تعلیم فرمائے تھے۔ اس کے بعد عورتیں ہمیشہ قبور پر جاتی رہی ہیں۔

## مزارات پر پھول اور چادر چڑھانے پر اعتراض

بعض حضرات مزارات پر پھول اور چادر چڑھانے پر اعتراض کرتے ہیں۔ حالانکہ احادیث میں اس کی ممانعت نہیں ہے۔ اگر کوئی امتناعی حدیث ہو تو ان حضرات سے درخواست ہے کہ مطلع فرمائیں۔ در اصل پھول اور چادر محبت کی علامات ہیں۔ ہمیں اولیاء کرام سے محبت اس لیے ہے کہ وہ اللہ کے دوست ہیں۔ ولی کے معنی دوست کے ہیں۔ اولیاء اس کی جمع ہے اور قرآن عظیم ہی

Marfat.com

ہیں ان حضرات کو اولیاء اللہ کا خطاب ملا ہے۔ ہمارے گھر کی بات نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ اِنَّ اولیاء اللہ لاخوف علیہم ولا ھُمْ یحزنون (اللہ کے دوستوں کیلیے نہ خوف ہے نہ غم) بعض لوگ کہتے ہیں کہ مزارات پر پھول اور غلاف چڑھانا فضول خرچی ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ جہاں حضرت عشق خیمہ زن ہوتا ہے وہاں انسان سب کچھ قربان کر دیتا ہے معترض حضرات پہلے اپنے گھروں کی طرف نظر کریں کہ بیوی بچوں کے لیے کس قدر اسراف سے کام لیتے ہیں اور کتنے قیمتی زیورات اور قیمتی لباس تیار کراتے ہیں۔ مزار کا غلاف ان زیورات اور ریشمی ملبوسات کا عشرِ عشیر بھی نہیں ہوتا۔

**مزارات پر بوسہ دینے پر اعتراض** بعض حضرات مزارات پر بوسہ دینے کو ناجائز سمجھتے ہیں، حالانکہ سجدہ کرنا منع ہے، بوسہ دینے کی کہاں ممانعت آئی ہے۔ اگر غیر اللہ کو بوسہ دینا منع ہوتا تو حجرِ اسود، کعبہ اور غلافِ کعبہ اور بیوی بچوں کو بوسہ دینا منع ہوتا۔ کیونکہ یہ بھی غیر اللہ ہیں۔

**مزارات کے سامنے سجدہ کرنا۔** البتہ مزارات کے آگے سجدہ کرنا گناہِ عظیم بلکہ کفر اور شرک ہے اس کی صریحاً قرآن حکیم اور احادیث میں ممانعت آئی ہے۔ لیکن ہم اکثر مزارات پر جاتے ہیں ہم نے تو کوئی ایسا آدمی نہیں دیکھا جو مزارات کو سجدہ کرتا ہو، البتہ جھک کر چوکھٹ اور قبر کو چومتے ضرور ہیں۔ لیکن جیسا کہ پہلے کہا جا چکا ہے، غیر اللہ کو چومنا کہاں منع ہے۔ آثار سے ثابت ہے کہ بعض صحابۂ کرام، آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کی چوکھٹ چوما کرتے تھے۔ حضرت ابوایوب انصاری نے بھی چوما ہے۔ نیز احادیث سے یہ بھی ثابت ہے کہ بعض صحابہ کرام فرطِ محبت میں آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے قدموں میں گر جایا کرتے تھے اور چومتے تھے لیکن آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ان کو منع نہ فرمایا اور نہ مشرک کہا۔

**اولیا کرام سے بے ادبی خدا تعالیٰ کو سخت ناپسند ہے۔** حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ "جو شخص میرے اولیا کی اہانت کرتا ہے میں اس کے ساتھ اعلانِ جنگ کرتا ہوں"۔ کس قدر سخت وعید ہے۔ لیکن آجکل بے ادب لوگ ذرا بھر پرواہ نہیں کرتے اور اولیاء اللہ کے خلاف زہر اگلتے رہتے ہیں۔ عقل اور ادب کا تقاضا تو یہ ہے کہ جو شخص اللہ کا دوست ہے اس سے محبت کرنی چاہیے نہ کہ دشمنی، بغض و عداوت، بلکہ جو لوگ اللہ کے دوستوں سے محبت کرتے ہیں ان سے بھی محبت کرنی چاہیے!

# سماع صوفیہ پر اعتراض

صوفیاء کرام اور مشائخ عظام پر سب سے زیادہ اعتراضات سماع کے بارے میں کیے جاتے ہیں اس لیے ہم کسی قدر شرح وبسط کے ساتھ اس مضمون پر بحث کریں گے تاکہ حق حق ہو جائے اور باطل باطل۔ اس مضمون میں پہلے ہم حقیقت سماع بیان کریں گے اس کے بعد سماع کے متعلق آیات قرآنی اور احادیث نبوی بیان کریں گے۔ اور ان کے متعلق مفسرین محدثین اور ائمہ مجتہدین کے اقوال بیان کریں گے اور آخر میں نہ صرف مشائخ چشت بلکہ مشائخ قادریہ، نقشبندیہ اور سہروردیہ کے وہ واقعات درج کریں گے جن میں ان حضرات کا سماع سننا ثابت ہوتا ہے۔

**حقیقت سماع:** ہم سب انسان ہیں اور اچھی طرح جانتے ہیں کہ تمام انسانوں کے دل میں محبّت کے جذبات موجود ہیں۔ لیکن یہ جذبات بعض لوگوں کے دل میں بہت زیادہ ہوتے ہیں بعض میں کم۔ جن لوگوں میں محبّت کی کمی ہوتی ہے ان کی سب مذمت کرتے ہیں اور اُن کو مُردہ دل، مٹی کی دیوار، سنگدل وغیرہ القاب دیئے جاتے ہیں۔ یہ محبت صرف انسان کے دل میں نہیں ہے بلکہ جانور بھی اس سے بہرور ہیں اور اب تو سائنس کی نئی ایجادات نے ثابت کر دیا ہے کہ یہ محبت نباتات اور جمادات میں بھی کارفرما ہے جیسے کشش ثقل (GRAVITY) اور کائنات کے مختلف ذرات مثل الیکٹرانس، پروٹرانس اور نیوٹرانس کے آپس کے ملاپ کشش اور جذب کے ناموں سے تعبیر کیا گیا ہے اور یہ ذرات کائنات کی ہر چیز میں موجود ہیں اور ان ہی وجہ سے کائنات کی ہر چیز میں حرکت پائی جاتی ہے اور دنیا کا پروگرام چل رہا ہے اور کائنات کے ذرہ ذرہ میں جذب و محبت اس لیے کارفرما

Marfat.com

ہے کہ خالق کائنات نے کائنات کو پیدا ہی اس غرض سے فرمایا ہے۔ اللہ تعالٰے فرماتے ہیں کہ کُنتُ کنزاً مخفیاً فاحببت ان اُعرف فخلقت الخلق (میں حسن و جمال اور کمالات کا ایک مخفی خزانہ تھا مجھے اس بات کا عشق ہوا کہ میں پہچانا جاؤں یعنی میرے حسن وجمال وکمالات کو پہچان کر لوگ مجھ سے محبت کریں)، اس عشق ومستی کا ایک بار پھر اعادہ اس وقت ہوا جب حق تعلٰے نے روحوں سے خطاب فرمایا اَلَستُ بِرَبِّکُم (کیا تمہارا رب نہیں ہوں) اس کے جواب میں روحوں نے جواب دیا قالوا بلیٰ (بے شک تو ہمارا رب ہے) یہ کہتے ہی مسلمانوں کی روحیں مست وسرشار ہو کر حق تعالیٰ کے سامنے سجدہ میں گر گئیں۔

## آئینِ محبّت پر قرآنِ عظیم کی مزید شہادت:

نیز حق تعالےٰ نے کلام پاک میں عشق ومحبّت کو آئین مذہب قرار دیا ہے۔ ایک جگہ فرمان ہوتا ہے: والذین آمنوا اشد حباً للّٰہ (جو لوگ ایماندار ہیں ان کے دل میں حق تعلٰے کے لیے شدید محبت ہے) اس کا مطلب یہ ہے کہ جس شخص کے دل میں حق تعالےٰ کی محبّت نہیں ہے وہ ایماندار بھی نہیں ہے بے ایمان ہے۔ ایک جگہ فرمایا ہے: اِن کُنتُم تُحِبُّونَ اللہ فاتبعونی یُحببکم اللہ (اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میرا اتباع کرو اللہ تم سے محبت کرے گا۔ یعنی تم اللہ کے محبوب بن جاؤ گے) اس آیت میں نہ صرف عاشقی کی تاکید کی گئی ہے۔ بلکہ معشوق و محبوب رب العلمین بننے کا طریقہ بھی بتایا گیا ہے وہ طریقہ کیا ہے اتباع رسولؐ ہے اتباع دو قسم کی ہوتی ہے۔ اتباع ظاہری یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ظاہری اعمال کا اتباع کرنا اور اتباعِ باطنی یعنی آپ کے باطنی مراتب مثل قرب ومعرفت اور عشق ومحبت الہٰی کی تمنا کرنا۔ صرف ظاہری اتباع پر اکتفا کرنا نصف سے زیادہ اسلام کو چھوڑ دینا ہے۔

## احادیث میں عشق ومحبت کی تاکید:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے الا لا ایمان لہ من لا محبۃ لـہ۔

Marfat.com

(خوب اچھی طرح سن لو کہ جس کے دل میں محبت نہیں ہے وہ ایماندار نہیں ہے) بلکہ بے ایمان ہے۔ یہ کلمات آپ نے تین مرتبہ دہرائے۔ نیز حدیث قدسی میں آیا ہے جسے امام بخاری و مسلم وغیرہ نے بیان کیا ہے کہ اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں جب میرا بندہ مجھ سے محبت کرتا ہے اور نوافل یعنی زائد عبادات و ریاضت کے ذریعے میرا قرب حاصل کرنا چاہتا ہے تو میں اس کے قریب ہو جاتا ہوں حتیٰ کہ میں اس کی آنکھیں بن جاتا ہوں اور وہ مجھ سے دیکھتا ہے (بی یبصر) میں اس کے کان بن جاتا ہوں اور وہ مجھ سے سنتا ہے (بی یسمع) میں اس کے ہاتھ بن جاتا ہوں اور وہ مجھ سے پکڑتا ہے (بی یبطش) میں اس کے پاؤں بن جاتا ہوں اور وہ مجھ سے چلتا ہے (بی یمشی) اور میں اس کی زبان بن جاتا ہوں اور وہ مجھ سے بات کرتا ہے (بی ینطق) اور میں اس سے محبت کرتا ہوں اور مجھ سے جو کچھ طلب کرتا ہے دیتا ہوں۔ اس حدیث پاک میں بھی نہ صرف عشق و محبت الٰہی کی تاکید وارد ہوئی ہے بلکہ محبوب بننے اور اللہ تعالےٰ کی صفات سے متصف ہونے اور اس کی ذات میں فنا ہونے کا طریقہ بتایا ہے۔ یعنی ریاضت و مجاہدہ کرنا اور عشق الٰہی میں کوشاں رہنا۔

اب سماع صوفیہ کی حقیقت یہ ہے کہ کلام پاک میں احادیث میں اور دوسرے لوگوں کے اقوال و اشعار میں جو محبوب حقیقی کی مدح و ثنا بیان کی گئی اس کے سننے کا اہتمام کرنا اور آتشِ عشق الٰہی کے شعلوں کو اس قدر بھڑکانا کہ غیر اللہ کا وجود جل کر راکھ ہو جائے حضرت شاہ نیاز احمد بریلوی قدس سرہٗ نے خوب فرمایا ہے ؎

سر و سامانِ وجودم شررِ عشق بسوخت
زیرِ خاکسترِ دل سوزِ نہانم باقی است

امیر خسروؒ فرماتے ہیں ؎

روزیکہ ذرّہ ذرّہ شود استخوانِ من
باشد ہنوز در دلِ ریشم ہوائے تو

ایک صاحب فرماتے ہیں ؎

مپنداری کہ عشق تو رَوَد از دلِ عاشق
چو میرد مبتلا میرد چو خیزد مبتلا خیزد

اب زاہدانِ خشک سماع اور شعر و سخن سے اس لیے منع کرتے ہیں کہ اس سے

Marfat.com

شہوانی جذبات اُبھرتے ہیں ہم ان سے سوال کرتے ہیں کہ کیا شہوانی جذبات کھانا کھانے سے نہیں اُبھرتے اور کیا آپ نے کھانا کھانا بند کر دیا ہے۔ ہرگز نہیں، کھانا کھایا جاتا ہے اور شہوانی جذبات اُبھرتے رہتے ہیں لیکن ان جذبات کی صحیح طور پر پرورش کی جاتی ہے۔ یعنی شادی بیاہ کے ذریعے مشروع طریقے پر ان جذبات کو پورا کیا جاتا ہے۔ اسی طرح دنیا میں عورت کے وجود سے بھی شہوانی جذبات اُبھرتے رہتے ہیں لیکن کون عقلمند ہے جو ان جذبات کو بند کرنے کی خاطر عورت کے وجود کو دنیا سے مٹانے کی کوشش کرتا ہے بعینہٖ سماع سن کر دل میں عشق و محبت کے جذبات بھڑک اٹھتے ہیں۔ لہٰذا جس طرح غذا سے پیدا شدہ شہوانی جذبات کو صحیح طور پر پورا کیا جاسکتا ہے اسی طرح سماع کے جذبات کا بھی صحیح استعمال کیا جاسکتا ہے یعنی حق تعالیٰ کے عشق و محبت اور قرب و معرفت میں ترقی کی جاسکتی ہے جو اسلام کی غرض و غایت۔ بلکہ اگر غور سے دیکھا جائے تو غذا سے جو جذبات پیدا ہوتے ہیں وہ خالص شہوت کے جذبات ہوتے ہیں اور ان کو غیر محرم کی بجائے محرم یعنی اپنی بیوی کے ذریعے پورا کیا جاتا ہے لیکن غذا کا کھانا ہرگز بند نہیں کیا جاتا لیکن سماع سے جو جذبات پیدا ہوتے ہیں وہ خالص شہوت پر مبنی نہیں ہوتے بلکہ وہ حق تعالیٰ کے عشق و محبت کے جذبات بھی ہو سکتے ہیں۔ لیکن غذا سے پیدا شدہ جذبات عشق و محبت الٰہی سے بالکل خالی ہوتے ہیں۔ لہٰذا زاہدانِ خشک اگر جذبات کو ختم کرنا چاہتے ہیں تو وہی جذبات ختم کریں جن سے خالص شہوت پیدا ہوتی ہے اور کھانا چھوڑ دیں۔ ان جذبات کو کیوں بند کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جس میں عشق مجازی کے علاوہ عشق حقیقی بھی وافر در وافر ہوتا ہے چنانچہ شریعت نے نہ کھانا بند کرنے کا حکم دیا ہے نہ سماع سننے سے منع کیا ہے بلکہ ان دونوں چیزوں کے غلط استعمال سے منع کیا ہے۔

## سماع سے عام طور پر کیوں پرہیز کیا جاتا ہے:

اگرچہ سماع بالمزامیر یعنی باجوں کے ساتھ سماع سننے کے واقعات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کی زندگی میں بے شمار ملتے ہیں لیکن پھر بھی بعض صحابہ کرام تابعین، تبع تابعین اور بعض مشائخ عظام نے سماع

Marfat.com

سے پرہیز کیا ہے اس کی کیا وجہ ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بعض احادیث میں بجا طور پر اس لہو ولعب اور بے ہودہ کھیل تماشے اور غیر مشروع اشعار سننے کی ممانعت آئی ہے جو اُس زمانے میں بھی اور آج کل ہمارے زمانے میں بھی ہر شخص کے نزدیک بے ہودہ اور لغو ہیں مثلاً فلمی گانے اور سینما میں فلمی کھیل تماشا جس میں نامحرم عورتوں سے عشق و مستی کی داستانیں بیان کی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ سماع کی ممانعت میں بعض احادیث ایسی بھی آئی ہیں جو محدثین کے نزدیک ضعیف اور ظنّی ہیں لیکن چونکہ ان ضعیف اور ظنّی احادیث کے صحیح ہونے کا خفیف سا بھی امکان موجود ہوتا ہے اس لیے بعض صلحار نے جو فرمانِ نبوی کی بجا آوری میں کمر بستہ رہتے تھے۔ کمال احتیاط کے جذبہ میں آکر ان ضعیف اور ظنّی احادیث کو بھی آنکھوں پر رکھا اور سماع ترک کر دیا۔ یہ احادیث تو کیا سنّتِ نبوی کے پروانوں نے تو ایسا کمال کیا جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کم کھانے کی ہدایت فرمائی تو انہوں نے کئی کئی روز کے مسلسل روزے یعنی صوم دوام (بغیر سحری و افطار شروع کر دیئے) جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا کہ اگر جسم کے بالوں میں سے ایک بال بھی خشک رہ جائے تو غسل صحیح نہیں ہوتا اور جنابت دور نہیں ہوتی تو حضرت علیؓ نے سارا سر منڈوا دیا حالانکہ سر نہ منڈوانے کے باوجود بھی سر کے بالوں کو تر کیا جا سکتا تھا۔ اسی طرح جب حضرت رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کے آداب میں قرآنِ پاک کی یہ آیت نازل ہوئی۔ لاترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی (نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی آواز سے اوپر اپنی آواز کو نہ جانے دو) تو حضرت ابوبکر صدیقؓ کمال احتیاط سے منہ میں کنکریاں رکھ کر بات کرتے تھے۔ حالانکہ کنکریوں کے بغیر بھی اپنی آواز کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز سے نیچے رکھ سکتے تھے۔ اسی طرح جب حضرت بایزید بسطامیؒ کو احادیث سے یہ معلوم نہ ہو سکا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خربوزہ کس طرح کاٹ کر تناول فرمایا تو آپ نے خربوزہ کھانا ہی بند کر دیا اس وجہ سے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ کسی اور طریقہ سے خربوزہ کھا لوں اور خلافِ سنّت کا مرتکب ہو جاؤں۔ ایک دفعہ ایک صحابی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ ایک جگہ پر بیٹھ کر قضائے حاجت

Marfat.com

فرمائی تھی۔ چنانچہ وہ صحابی جب ہی اس مقام سے گزرتے تھے تو اسی جگہ پر تھوڑی دیر بیٹھ جاتے تھے حالانکہ ان کو قضائے حاجت کی ضرورت نہ ہوتی تھی۔ محض سنت پر عمل کرنے کا شوق دامنگیر تھا۔

اسی وجہ سے بعض صلحا نے ان ضعیف اور ظنی احادیث پر بھی عمل کیا جو سماع کی حرمت میں آئی ہیں اگرچہ ماہرین فن یعنی محدثین حضرات کے نزدیک وہ احادیث قابل اعتبار نہیں ہیں۔ اسی طرح قرآن حکیم میں یشتری لہو الحدیث کی آیت کریمہ وارد ہوئی ہے اس میں ایک کافر نضر بن حارث کی ان لغویات سننے سے منع کیا گیا جن کا وہ اپنے گھر پر اس لیے اہتمام کیا کرتا تھا تاکہ لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نہ جائیں۔ ہوا یہ تھا کہ اس نے ایران سے ایک گانے والی عورت منگوائی تھی اور رات بھر اس کے گانے کا انتظام کرتا تھا اور رستم و اسفندیار کے قصے کہانیاں بیان کرتا رہتا تھا۔ حالانکہ رستم و اسفندیار کے قصے سننا شرع میں منع نہیں ہے لیکن چونکہ اس شخص کا مقصد یہ تھا کہ لوگوں کو ان دلچسپ مشاغل میں مشغول رکھا جائے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت مبارک سے باز رکھا جائے اس لیے قرآن عظیم میں بجا طور پر نضر بن حارث کی صحبت اور اس کے گھر پر گانا سننے کی ممانعت آگئی۔ لیکن سماع صوفیہ اس کے بالکل برعکس ہے۔ صوفیائے کرام اس واسطے مجالس سماع منعقد نہیں کرتے کہ لوگوں کو اسلام سے منحرف کیا جائے بلکہ اس لیے کہ خدا اور رسول خدا کی محبت دلوں میں تازہ ہو۔

اب ہم پہلے وہ احادیث بیان کریں گے جن میں سماع کی ممانعت آئی ہے۔ اس کے بعد ان احادیث کے متعلق محدثین حضرات کی رائے پیش کریں گے۔ پھر ہم وہ آیات اور احادیث بیان کریں گے جن میں سماع سننے کی تاکید اور جواز ثابت ہے۔

**آیات و احادیث در ممانعت سماع:** سب سے پہلے یہ بات واضح کرنے کی ضرورت ہے کہ جن احادیث میں سماع کی ممانعت آئی ہے وہاں سماع کے لیے عربی زبان کا لفظ "غنا" استعمال کیا گیا ہے اور "غنا" عربی زبان میں اس گانے کو کہتے ہیں جو مغنیہ عورت یعنی پیشہ ور عورتیں

Marfat.com

گاتی ہیں۔ اور بے پردہ اپنے حسن و جمال کی زیب و زینت دکھاتی پھرتی ہیں۔ ان کا گانا بلاشبہ حرام ہے لیکن اس بنا پر سماع صوفیاء کو حرام نہیں کہا جا سکتا۔

## ممانعت سماع کی آیات:

ممانعت سماع میں پہلی آیت جو عام طور پر پیش کی جاتی ہے وہی لہو الحدیث والی آیت ہے جس کی وضاحت ہم پہلے کر چکے ہیں۔ دوسری آیت جو عام طور پر پیش کی جاتی ہے۔ یہ ہے۔ الشعراء یتبعھم الغاوٗن (شعر شیطان کی پیروی کرتے ہیں اور جو کچھ کہتے ہیں اس پر عمل نہیں کرتے)

لیکن یہ آیت پیش کرنے والے عام طور پر یہ دیکھنا بھول جاتے ہیں کہ اس آیت کے آخر میں اللہ تعالےٰ نے کیا فرمایا ہے آگے یہ آتا ہے کہ الا الذین آمنوا و عمل الصالحات (یعنی وہ شعراء اس زمرہ میں نہیں آتے جو ایماندار یعنی مومن ہیں اور نیک عمل کرتے ہیں) اس سے ظاہر ہے کہ اس آیت میں بھی ان ایامِ جاہلیت کے شعراء کی مذمت آئی ہے۔ جو خلاف شرع کلام کہتے تھے۔ اگر شعر گوئی کی مطلقاً مذمت مقصود ہوتی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابی حضرت حسان بن ثابت رضؓ اور دیگر شعراء کا کلام کیوں سنتے۔

## ممانعت سماع کی احادیث:

ایک حدیث میں آیا ہے کہ دو لڑکیاں دف بجا کر گانا گا رہی تھیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سن رہے تھے لیکن جب حضرت ابوبکرؓ آئے تو فرمایا رسول اللہؐ کے گھر میں شیطانی "مزمار" اس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر انہیں چھوڑ دو۔ ہر قوم کی عید ہوتی ہے آج ہماری بھی عید ہے بعض لوگ اس حدیث سے یہ استدلال کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق نے گانے بجانے کو شیطانی کام قرار دیا۔ اس لیے حرام ہے لیکن وہ یہ غور نہیں فرماتے ہیں کہ شارع اسلام حضرت ابوبکر صدیق رضؓ ہیں یا رسول اللہ ہیں۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود گانا سن رہے ہیں اور باجے کے ساتھ سن رہے ہیں اور پھر حضرت ابوبکر صدیق کو منع بھی فرما رہے ہیں کہ ان کو مت چھیڑو، تو اور کون ہے جو گانے کو حرام کہے۔ منکرینِ سماع ابو امامہ کی روایت کردہ حدیث بھی پیش

Marfat.com

کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر وہ شخص جو گانے میں اپنی آواز کو اونچا کرتا ہے اس پر اللہ تعالے دو شیطان مسلط کر دیتا ہے ایک ایک کندھے پر اور دوسرا دوسرے کندھے پر۔ اوّل تو اس حدیث کو محدثین حضرات نے قبول ہی نہیں کیا کیونکہ فنِ حدیث کے مطابق اس کی اسناد متصل نہیں ہیں۔ جیسا کہ شیخ عبدالرحیم عراقیؒ اور مجدالدینؒ نے اپنی کتاب صراطِ مستقیم میں فرمایا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اگر اس حدیث کو صحیح بھی تسلیم کر لیا جائے تو پہلی حدیث سے اس کا تعارض ہوتا ہے حالانکہ ابوامامہ کے مقابلے میں حضرت عائشہؓ جنہوں نے پہلی حدیث بیان فرمائی ہے زیادہ ثقہ راوی ہیں تیسری بات یہ ہے کہ ابوامامہ کی حدیث میں آواز کو حد سے زیادہ بلند کرنے کی مذمت آئی ہے نہ کہ گانے کی۔ اگر گانے کی مذمت ہوتی تو بے شمار ایسی احادیث موجود ہیں جن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کا گانا سننا ثابت ہے۔ بلکہ اس حدیث سے بھی گانے کی اجازت لیکن زیادہ بلند آواز سے گانے کی مذمت ثابت ہے۔

ایک اور حدیث بھی پیش کی جاتی ہے جو حضرت جابرؓ سے مروی ہے وہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سب سے پہلے شیطان نے نوحہ کیا اور گایا ہے۔ اس حدیث میں بھی نوحہ کرنے اور ریاکاری اور مکر و فریب سے گانے کی ممانعت ثابت ہوتی ہے نہ کہ اس گانے کی جس میں خدا اور اس کے رسولؐ کی تعریف کی جائے۔

ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ باجے کی آواز سن کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے کانوں میں انگلیاں دے دیں اور ایک صحابی کو جو ساتھ تھے فرمایا کہ جب آواز ختم ہو جائے تو مجھے بتانا۔ اوّل تو اس حدیث کو محدثین حضرات نے تسلیم نہیں کیا۔ مثلاً ابو داؤد کہتے ہیں کہ یہ حدیث منکر ہے۔ یعنی محدثین حضرات نے اس کا متفقہ طور پر انکار کیا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اگر اس کی صحت کا احتمال بھی کر لیا جائے تو الٹا یہ ظاہر ہوتا ہے کہ باجے کا سننا حرام نہیں ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی کو حکم دیا کہ سنتے رہو اور جب بند ہو جائے تو مجھے بتانا۔ اگر اس کا سننا مطلق حرام ہوتا تو شانِ نبوت کے لیے یہ کب گوارا تھا کہ خود تو پرہیز کریں اور دوسروں کے لیے جائز

Marfat.com

قرار دیں۔ البتہ کانوں میں انگلیاں دینے کا سبب یہ ہوسکتا ہے کہ اس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر کوئی وحی آرہی ہوگی یا آپ پر کوئی خاص حالت طاری ہو جسے آپ منقطع نہ کرنا چاہتے تھے۔ حضرت بایزید بسطامیؒ فرماتے ہیں کہ بعض اوقات مجھ پر یہ حالت طاری ہوتی ہے کہ جو شخص میرے سامنے یا اللہ کہتا ہے تو جی بس آتا ہے کہ اس کے سر پر ڈنڈا ماروں اور بعض اوقات یہ حالت ہوتی ہے کہ اس کے منہ میں شکر دے دوں۔ ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ راستے میں میں ایسی حالت میں مست ہو کر چلتا ہوں کہ میں تمنا کرتا ہوں کہ مجھ پر السلام علیکم کوئی نہ کہے کیونکہ اس کا جواب بھی میں نہیں دے سکتا۔

بخاری شریف میں ایک روایت ہے کہ جس میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ "میری اُمت میں ایسی جماعت ہوگی جو عورتوں، ریشم کے کپڑوں، شراب، معازف یعنی باجوں کو حلال سمجھے گی"۔ اس حدیث کے ایک راوی صدقہ بن خالد ہیں۔ علامہ ابن حزم کہتے ہیں کہ صدقہ بن خالد میں اتصال نہیں۔ یہ بخاری کی تعلیقات میں سے ہے جو حجت اور دلیل نہیں ہے۔ علامہ یحییٰ بن معین جو فن رجال کے امام ہیں۔ فرماتے ہیں کہ صدقہ بن خالد روایت میں مضبوط نہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ اگر یہ حدیث صحیح بھی ہو تو اس میں عورتوں سے بھی پرہیز لازم آیا ہے لیکن اس سے تمام عورتوں سے پرہیز ضروری نہیں۔ اپنی بیوی یا لونڈی سے پرہیز کیسے ہوسکتا۔ اسی طرح معازف سے بھی پرہیز آیا ہے۔ یعنی وہ باجے جو لہو ولعب کے طور پر بجائے جائیں اور ان میں غیر شرع امور یعنی شراب نوشی اور فحاشی شامل ہو۔ اگر بالعموم باجوں کی ممانعت آتی تو پھر شادی بیاہ اور جنگ جہاد اور خوشی کے موقعوں پر احادیث میں ان کی اجازت کیوں آتی۔ ظاہر ہے کہ سماع صوفیہ میں نہ شراب کے ساتھ گانا ہوتا ہے نہ فحاشی کے ساتھ۔

منکرین سماع حضرت ابن مسعود کا یہ قول پیش کرتے ہیں کہ غنا دل میں نفاق پیدا کرتا ہے جس طرح پانی کھیتی کو اُگاتا ہے۔ اس حدیث میں بھی لفظ غنا سے مراد وہی ناجائز گانا ہے جو مغنیہ یا رنڈیوں سے سنا جاتے اگر مرد بھی ایسا فحش گانا گائے تب بھی ناجائز ہے۔

Marfat.com

دوسری بات یہ ہے کہ یہ حدیث نہیں ہے بلکہ ایک صحابی کا قول ہے جو فحش گانوں کے متعلق ہے۔

ایک حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ غنا حرام ہے، اور اس کے ساتھ لذت حاصل کرنا کفر ہے۔ اس پر بیٹھنا فسق ہے۔ شیخ الحدیث علامہ احمد سعید کاظمی مقالات کاظمی میں فرماتے ہیں کہ اولاً تو یہ حدیث کسی صحیح سند سے حضور اکرمؐ تک مرفوع نہیں ہے۔ دوم یہ کہ اگر اس سے مطلق غنا کو حرام ثابت کیا جائے تو یہ حدیث دوسری احادیث صحیحہ مرفوعہ کے معارض ہوگی جن میں صراحۃً جواز غنا پر دلالت پائی جاتی ہے۔ اس کے بعد علامہ موصوف نے ایسی احادیث بیان کی ہیں جن میں غنا کو جائز قرار دیا گیا ہے۔ اس حدیث کے متعلق علامہ موصوف نے آگے چل کر لکھا ہے کہ اس روایت کو دیکھ کر طبیعت تسلیم نہیں کرتی کہ افصح العرب والعجم کی حدیث ہو کیونکہ اس میں گانے میں لذت حاصل کرنے والے کو کافر کہا گیا ہے اور اس میں بیٹھنے والے کو فاسق کہا گیا ہے۔ اب آپ خود سمجھ سکتے ہیں کہ کفر کے بعد ایمان کے درجے میں آکر فاسق کیسے کہلاتا ہے۔ پس یہ روایت نہ روایۃً درست ہے نہ درآیۃً اس لیے اس کو رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کرنا گستاخی اور سوء ادبی کے مترادف ہوگا۔

ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ رسول کریمؐ نے فرمایا میں نے تم کو دو چیزوں سے منع کیا ایک نوحہ کی آواز سے ایک غنا کی آواز سے۔ اس حدیث کے متعلق علامہ احمد سعید کاظمی فرماتے ہیں کہ اس روایت کا کسی حدیث کی کتاب میں نام و نشان تک نہیں ہے۔ اگر فرض محال یہ حدیث صحیح بھی ہو تو اس میں ماضی کا صیغہ ہے یعنی میں نے تم کو دو چیزوں سے منع کیا تھا۔ اسی طرح حضور اکرمؐ ایک حدیث میں فرماتے ہیں کہ میں نے تم کو زیارتِ قبور سے منع کیا تھا اور وہ حکم بعد میں منسوخ ہو گیا۔ اس لیے ممکن ہے معترض کی یہ حدیث اسی قبیل سے ہو۔

اب ہم وہ آیات و احادیث پیش کریں گے جن سے سماع کا جواز ثابت ہے۔

**آیاتِ جوازِ سماع:** قرآن مجید کے ساتویں پارے کے شروع میں اللہ تعالےٰ

Marfat.com

فرماتے ہیں۔ وَاِذَا سَمِعُوْا مَا اُنْزِلَ اِلَی الرَّسُوْلِ (جب مسلمان لوگ قرآن کی آیات سنتے ہیں تو ان کی آنکھوں میں آنسو امڈ آتے ہیں اس وجہ سے کہ وہ اپنے رب کو پہچانتے ہیں اور اس کا مشاہدہ کرتے ہیں)

یہ تو قرآن مجید کی آیات سننے کا اثر ہے کہ مومنین کی آنکھوں میں آنسوؤں کے طوفان برپا ہو جاتے ہیں اب ظاہر ہے کہ کلام پاک میں حق تعالےٰ کی مدح وثنا وار وہوئی عشقیہ کلام قرآن پاک میں بہت کم پایا جاتا ہے لیکن مجالس سماع میں شعراء کرام کا عشقیہ کلام پیش کیا جاتا ہے تو عشاق تڑپ تڑپ کر جان دے دیتے ہیں۔

ایک اور آیت یہ ہے فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَہٗ (آپ میرے ان بندوں کو بشارت دے دیں جو قول کو سنتے ہیں اور اس کی عمدہ پیروی کرتے ہیں)

حضرت شیخ فخرالدین زرادی رحؒ اپنے رسالہ سماع میں لکھتے ہیں: کہ اس آیت میں لفظ "قول" تعمیم واستغراق کا مقتضی ہے ۔۔۔ لہذا ثابت ہوا کہ قول سے مراد جنس قول ہے جو کلام باری تعالےٰ اور کلام مخلوق دونوں کو عام ہے۔

## جوازِ سماع احادیث نبویؐ کی رو سے:

قرآن عظیم کے بعد دوسری چیز جس پر ایمان کا دارومدار ہے۔ حدیث نبویؐ ہے۔ احادیث میں کثرت سے سماع کی حلّت (جائز ہونا) کا ثبوت موجود ہے۔ نیز بعض احادیث میں اس کی مذمت بھی آئی ہے لیکن محدثین کے نزدیک یہ احادیث غیر معتبر اور موضوع (جعلی) ہیں۔ اس کی تفصیل آئندہ اوراق میں آرہی ہے۔ اس وقت قارئین کے سامنے وہ احادیث نقل کی جاتی ہیں جو صحاح ستہ میں درج ہیں اور جن کے صحیح ہونے میں کسی مذہبی فرقہ کے لوگوں کو اعتراض نہیں۔

(۱) صحیح بخاری میں ربیع بنت معوذ بن عفراء سے روایت ہے کہ جب میری شادی ہوئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے۔ اس وقت چند لڑکیاں دف بجا کر گا رہی تھیں جب ایک لڑکی نے یہ مصرعہ گایا کہ وَفِیْنَا نَبِیٌّ یَعْلَمُ مَا فِیْ غَدٍ (ہمارے

Marfat.com

درمیان ایک نبی ہے جو کل کی باتیں بتاتا ہے) تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "یہ مت کہو اور جو گیت تم پہلے گا رہی تھیں وہی گاتی رہو۔" اب غور کا مقام ہے کہ اگر قرآن شریف کی مذکورہ آیت میں لہو الحدیث سے مراد ہر قسم کا گانا ہوتا تو آپ اس شادی کی مجلس میں گانا کیوں سنتے رہتے۔ نیز آپ کے دف کے ساتھ گانا سننے سے سماع بامزامیر بھی جائز ہو جاتا ہے کیونکہ دف بھی تو آلاتِ غنا میں سے ایک آلہ ہے چنانچہ یہ حدیث سماع بالمزامیر کی کھلی دلیل ہے۔

(۲) صحیح بخاری میں حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ ایک انصار کی شادی ہوئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے ساتھ کوئی کھیل تماشا نہیں تھا۔ کیونکہ انصار لوگ کھیل تماشے سے بڑی دلچسپی رکھتے ہیں۔ لیجئے اس حدیث میں تو کھیل تماشا بھی جائز ہوا جس کی بعض علماء نے آیت لہو الحدیث کی رُو سے غلط مذمت کی ہے۔ معلوم نہیں یہ لوگ کس وجہ سے شادی بیاہ کے موقعوں پر گانے بجانے کو بُرا کہتے ہیں۔ جب شادی کے موقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کھیل تماشا کے طور پر گانا جائز رکھا تو پھر کسی عالم کی کیا مجال ہے کہ اولیاء کرام اور ان کے مریدین کی ان مجالس سماع کو خلافِ شرع قرار دے جو بطورِ خاص ذکرِ حبیب اور عشقِ حبیب میں منعقد کی جاتی ہیں نہ کہ بطور کھیل تماشا۔

(۳) صحیح بخاری کے علاوہ حدیث کی ایک اور کتاب ابنِ ماجہ ہے جو صحاح ستہ (چھ مستند کتابیں) میں شامل ہے۔ ابنِ ماجہ میں حضرت ابنِ عباس رضؓ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضؓ نے اپنی ایک رشتہ دار لڑکی کو انصار میں بیاہ دیا۔ جب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم گھر تشریف لائے تو دریافت فرمایا کہ "ان کے ساتھ کوئی گانے والا بھی تھا یا نہیں۔ کیوں نہ تم نے ایک گانے والا شخص ساتھ کر دیا۔" اس صحیح حدیث سے بھی ثابت ہوا کہ "لہو الحدیث" سے عام گانا مراد نہیں بلکہ کافر نضر بن حارث کا اسلام کے خلاف پراپیگنڈہ جیسی حرکات مراد ہیں۔

(۴) صحیح ابنِ حبان میں حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ میرے زیرِ پرورش ایک

Marfat.com

لڑکی تھی جس کو میں نے انصار میں بیاہ دیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی گانے والا کیوں نہ ساتھ بھیجا۔ انصار لوگ اس سے خوش ہوتے ہیں۔

(۵) صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ عید کے دنوں میں میرے پاس دو لڑکیاں کچھ گا رہی تھیں اور دف بجا رہی تھیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم چادر اوڑھ کر لیٹے ہوئے تھے۔ اتنے میں حضرت ابوبکر صدیق رضؓ آئے اور لڑکیوں کو ڈانٹنے لگے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے چادر منہ سے ہٹا کر فرمایا: ابوبکر ان کو کچھ نہ کہو۔ ہر قوم کی عید ہوتی ہے جس کی وہ خوشی مناتے ہیں۔ آج ہماری بھی عید ہے یہ سماع بالمزامیر نہیں تو اور کیا ہے۔

(۶) حدیث کی کتب ترمذی، مسند امام احمد، سنن نسائی اور ابن ماجہ میں حاطب جمیحی رضؓ سے مسلسل روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حلال اور حرام کے درمیان یہ فرق ہے کہ جائز اور شرعی نکاح میں دف بجائے جاتے ہیں اور گیت گائے جاتے ہیں۔ اگر گانے کے ساتھ باجے بجانا حرام ہوتا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نکاح میں باجوں کو کیوں جائز فرماتے۔

(۷) اسی مضمون کی ایک اور مستند حدیث حضرت عائشہ رضؓ، حضرت جابر رضؓ اور حضرت ربیع بنت معوذ سے منقول ہے۔

(۸) جامع ترمذی میں حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نکاح کا اعلان کیا کرو۔ عقد نکاح مسجد میں ہوا کرے اور دف بجایا جائے۔ اس حدیث پاک کی رو سے تو دف یعنی باجوں کا مسجد میں بجانا بھی جائز ہوا۔ لیکن مولوی صاحبان نہیں مانتے۔

(۹) حضرت خوات بن جبیر سے روایت ہے کہ ہم حضرت عمر رضؓ کے ساتھ حج کو جا رہے تھے۔ حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضؓ اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف بھی ساتھ تھے۔ حضرت عمر رضؓ نے حضرت ابوعبیدہ رضؓ سے گانے کی فرمائش کی۔ ابوعبیدہ گاتے رہے حتیٰ کہ صبح ہو گئی۔ حضرت عمر رضؓ نے فرمایا۔ اب بس کرو۔ ہم نے گاتے گاتے صبح کر دی ہے۔

Marfat.com

(۱۰) ایک رات حضرت عمرؓ کا گزر ایک خیمہ پر ہوا جس کے اندر کوئی شخص گا رہا تھا ؎

علیٰ محمدٍ صلوٰۃ الابرار صلی علیہ المصطفون الاخیار

قد کنت قواما ابکار الاسحار یالیت شعری والمنایا اطوار

یہ سن کر حضرت عمرؓ پہ گریہ طاری ہوا اور بآواز بلند روئے۔ مکرّر فرمائش کی اور مکرّر گریہ فرمایا اس کے بعد فرمایا کہ ابیات میں عمر کا نام بھی شامل کر لو اور یہ کہو ؎

وعمرُ فا غفرلہ، یا غفّار

(۱۱) ایک حدیث میں آیا ہے کہ حبشی لوگ مسجد نبوی میں گا رہے تھے اور ناچ رہے تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہؓ کو اوپر اٹھا کر یہ تماشا دکھایا۔ اس حدیث کی رو سے بھی مسجد میں گانا، باجا بجانا اور ناچنا جائز ہوا۔

(۱۲) ایک حدیث میں آیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابن عباسؓ کے ساتھ جا رہے تھے راستے میں بانسری کی آواز سنائی دی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کانوں میں انگلیاں دے دیں اور حضرت ابن عباسؓ سے فرمایا کہ جب آواز بند ہو مجھے بتانا۔ اس حدیث سے عام لوگ بانسری کی آواز کو ناجائز قرار دیتے ہیں لیکن اولیاء کرام اسی حدیث سے جوازِ سماع بالمزامیر نکالتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ اگر مزامیر (بانسری) کا سننا حرام ہوتا تو ایک نبی کی شان کے شایانِ شان نہیں تھا کہ خود تو کانوں میں انگلی دے دیتے اور ایک صحابی کو فعل حرام کا مرتکب ہونے دیتے۔ امام غزالی اور دیگر اولیائے کرام نے کانوں میں انگلیاں دینے کی وجہ یہ بتائی ہے کہ اس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر کوئی وحی نازل ہو رہی ہوگی یا کوئی خاص حالت طاری ہوگی جس میں بانسری کی آواز کو خلل انداز ہونا پسند نہ فرمایا۔

(۱۳) بعض احادیث میں سارنگی کی ممانعت آئی ہے اس سے یار لوگوں نے جملہ آلاتِ سماع اور بعض نے صرف سارنگی کو حرام قرار دے دیا ہے۔ حضرت خواجہ غلام فریدؒ سے جب کسی نے یہ مسئلہ دریافت فرمایا، تو آپ نے جواب دیا کہ نہ سماع حرام ہے نہ مزامیر حرام ہیں بلکہ جب سماع اور مزامیر کے ساتھ کوئی غیر شرعی عوارض شامل ہو جاتے ہیں

Marfat.com

تو یہ فعل حرام ہو جاتا ہے مثلاً زمانۂ جاہلیت میں عرب لوگ شراب کی محافل میں سارنگی بجایا کرتے تھے۔ جب شراب حرام ہو گئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سارنگی کا بجانا بھی منع کر دیا تاکہ شراب کی یاد تازہ نہ ہو۔ لیکن ہمارے ملکوں میں شراب کی مجالس میں کون سارنگی بجاتا ہے۔ ہمارے لیے سارنگی اور شراب میں کوئی نسبت ہی نہیں۔

## حرمتِ سماع والی احادیث کے متعلق محدثین کی رائے:

جن احادیث سے بعض فقہانے سماع کو حرام قرار دیا ہے۔ ان کے متعلق (۱) امام نووی ؒ کا فتویٰ یہ ہے کہ "یہ تمام روایات بے بنیاد ہیں۔ (۲) امام سخاوی ؒ اپنی کتاب مقاصد حسنہ میں فرماتے ہیں کہ "جن احادیث سے فقہا سماع کو حرام کہتے ہیں ان کی کوئی اصلیت نہیں پائی جاتی"۔ (۳) امام ابنِ حجر عسقلانی ؒ شارح حدیث بخاری اپنی کتاب فتح الباری میں فرماتے ہیں کہ سماع کے حرام ہونے میں جو احادیث متاخرین نے بیان کی ہیں وہ محض گپیں ہیں۔ اگر اس بارے میں کوئی صحیح حدیث ہوتی تو ضرور مجتہدین عظام اس کو اپنا دستور العمل بناتے" اس سے ظاہر ہے کہ حرمتِ سماع کے بارے میں نہ کوئی آیتِ قرآن ہے نہ کوئی مستند حدیث ہے۔ یہ کسی ان پڑھ کا قول نہیں ہے بلکہ امام نووی ؒ۔ امام سخاوی ؒ اور امام ابن حجر عسقلانی جیسے جلیل القدر محدثین کے اقوال ہیں معترضین کو ذرا ہوش سے کام لینا چاہیے۔

## حرمتِ سماع کی احادیث کے متعلق ائمہ مجتہدین کی رائے:

محدثین کے علاوہ ائمہ اربعہ یعنی حضرت امام ابو حنیفہ ؒ، امام مالک ؒ، امام شافعی ؒ اور امام احمد بن حنبل ؒ نے بھی ان حدیث کو معتبر نہیں مانا۔ ان حضرات کا کہنا ہے کہ یہ احادیث بعض متاخرین نے بیان کی ہیں جن کو صحیح و سقیم میں تمیز کا ملکہ نہیں تھا۔ ان احادیث کی تردید میں ابن عربی مالکی نے لکھا ہے کہ حرمتِ سماع کے بارے میں ایک بھی حدیث صحیح نہیں ہے اس بارے میں جو احادیث منقول ہیں وہ سب کی سب موضوع (جعلی) ہیں۔ ابنِ طاہر کا بھی یہی قول ہے بعض اہل علمائے شافعیہ کا یہ قول ہے کہ اس قسم کی احادیث صرف منکرین کی کتابوں میں پائی جاتی ہیں

Marfat.com

## حضرت علقبہ رضؓ کا سماع :

حضرت علقبہ رضؓ فرماتے ہیں ایک دن میں نے شعر سن کر اس زور سے تالی بجائی کہ انگلی سے خون نکل آیا

## استاذ الائمہ والمحدثین حضرت امام ابراہیم بن سعد اور سماع :

امام شافعیؒ اور امام بخاری جیسے جلیل القدر علمار کے استاذ امام ابراہیم بن سعدؒ اپنے شاگردوں کو محظوظ اور ان کے قلوب کو نرم کرنے کے لیے حدیث سنانے سے پہلے سماع سنایا کرتے تھے اور ان کے سماع میں دف بجایا جاتا ہے۔ یہ سماع با مزامیر پر کھلی شہادت ہے۔ امام بخاری اور امام شافعی کے استاد سے زیادہ کس کی شہادت درکار ہے۔

## رئیس المحدثین حضرت امام شعبہ کا سماع سننا مزامیر کے ساتھ :

حضرت ابوطالب مکیؒ اپنی کتاب قوت القلوب میں لکھتے ہیں کہ حضرت امام شعبہ نے جو بڑے محدث تھے، منہال کے گھر پر تنبور کے ساتھ گانا سنا۔

## صحابہ کرام کا سماع :

مادردی حضرت امیر معاویہؓ اور حضرت عمر بن عاصؓ سے حکایت کرتے ہیں کہ ان دونوں نے حضرت عبداللہ بن جعفر طیارؓ (حضرت علیؓ کے بھتیجے) کے ساتھ عود پر گانا سنا۔ عود ایک آلہ سماع ہے۔ یہ بھی مروی ہے کہ جب حضرت عبداللہ بن جعفرؓ اپنی لونڈیوں سے تاروالے باجے کے ساتھ گانا سنتے تھے تو آپ کے چچا حضرت علی کرم اللہ وجہہ بھی ساتھ ہوتے تھے ایک دفعہ جب کسی جنگ کے بعد گانے والی عورتیں قید ہو کر آئیں تو امیرالمومنین نے حضرت عبداللہ بن جعفر بن ابوطالب کے حوالہ کیا کیونکہ ان کو گانا بہت پسند تھا۔

## آنحضرتؐ کے صحابی حضرت حسان بن ثابتؓ کا سماع بالمزامیر :

ابوالفرج اصفہانی روایت کرتے ہیں کہ مشہور صحابی حسان بن ثابت شاعر مزامیر کے ساتھ گانا سنتے تھے۔ ابوالعاص مبرّد نے بھی حضرت حسان بن ثابتؓ کے متعلق یہی روایت بیان کی ہے۔

Marfat.com

## رسُول اللہ صلعم کا سماع اور وجد:

حضرت انس بن مالک رضؓ سے روایت ہے کہ جب حضرت جبرائیل عؑ نے امت کے مساکین کے متعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بشارت دی تو آپ نے فرطِ مسرت میں آکر گانے والا بلایا۔ اس نے گانا سنایا جس سے آپ پر وجد طاری ہوا۔ یہاں تک کہ آپ کے کندھے سے چادر گر گئی۔ آپ نے اس چادر کے ٹکڑے کیے اور حاضرین میں تقسیم کر دیئے۔ اس پر امیر معاویہ رضؓ نے کہا۔ ما احسن لعبك یا رسُول اللہ (یا رسول اللہ آپ کا لہو ولعب کیا ہی اچھا تھا)، تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اے معاویہ جو شخص ذکرِ محبوب سن کر وجد و حرکت میں نہیں آتا وہ صاحبِ کرامت نہیں۔"

## دیگر صحابہ جنہوں نے سماع سُنا:

شیخ عبدالحق محدث دہلوی قادری اپنی کتاب مدارج النبوت میں تحریر فرماتے ہیں کہ "جن صحابہ کرام نے سماع سُنا ہے اُن میں حضرت عمر رضؓ، حضرت علیؓ، حضرت عبداللہ ابن جعفر رضؓ، حضرت ابومسعود انصاری، حضرت سعید ابن مسیب رضؓ، حضرت سعید بن جبیر رضؓ، حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ، حضرت عبداللہ بن زبیر رضؓ، حضرت معاویہؓ، حضرت عمر بن عاص اور حضرت حسان بن ثابت رضؓ شامل ہیں۔ یہ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی قادری کی تحقیق ہے۔

## حضرت عمر رضؓ کا غنا پر سکُوت:

ایک دفعہ حضرت عمر رضؓ اپنے عہد خلافت میں جا رہے تھے کہ کانوں میں مزامیر کی آواز سنائی دی۔ فرمایا، یہ کیا ہے۔ لوگوں نے جواب دیا کہ ختنہ کی تقریب ہے۔ یہ سُن کر آپ خاموش ہو گئے اور منع نہ فرمایا۔ اس قسم کی مثالیں دیکھ کر فقہا نے لکھا ہے کہ عید، نکاح، ختنہ وغیرہ خوشی کے موقعوں پر سرود جائز ہے۔ اچھا اب جب مسلمانوں کو اپنے تہوار اور شادی بیاہ اور خوشی منانے کے لیے سرود جائز ہے تو جو خاصانِ خدا عشق و محبّت الٰہی میں ڈوبے ہوئے ہیں کیا ان کو دل کی آگ ٹھنڈا کرنے اور خدا اور رسولؐ کے عشق میں نعرے مارنے اور ذوق وشوق کی اجازت نہیں ہو سکتی۔ یہ تو شادی بیاہ ختنہ

Marfat.com

وغیرہ کی خوشی سے بھی بڑھ کر خوشی کا مقام ہے۔ یہاں عشق الٰہی کا جوش و خروش، سوز و گداز اور ولولہ کارفرما ہوتا ہے اور عشاق محبوب حقیقی پر جان قربان کرنے کو تیار ہوتے ہیں نہ کہ شادی و ختنہ کی خوشی منا رہے ہوتے ہیں۔ کس قدر غضب ہے، ظلم ہے اور اندھیر ہے کہ عشق مولا میں آہ بھرنے اور گریہ و زاری کی بھی یہ لوگ اجازت نہیں دیتے۔ سنگدلی اور کج فہمی نہیں تو اور کیا ہے۔

## مختلف سلاسل کے مشائخ عظام اور سماع:

دلائل قرآن، حدیث، عمل صحابہ کرام، ائمہ مجتہدین و محدثین کے بعد اب ہم صرف سلسلہ چشتیہ کے نہیں بلکہ دیگر تمام روحانی سلاسل کے مشائخ عظام کا سماع کے متعلق موقف بیان کرتے ہیں تاکہ معترضین حضرات یہ کہتے سے باز آجائیں کہ صرف مشائخ چشتیہ نے سماع کو جائز قرار دیا ہے۔ باقی سب کے نزدیک حرام ہے۔

## حضرت داتا گنج بخش سید علی ہجویری لاہوری رح اور سماع:

حضرت سید علی ہجویری داتا گنج بخش لاہوری قدس سرہٗ کے تبحر علمی، پابندی شریعت اور باطنی کمالات سے کون واقف نہیں۔ آپ بھی سماع سنتے تھے۔ نیز آپ نے اپنی کتاب کشف المحجوب میں حقیقت سماع، جواز سماع اور آداب سماع پر گیارہ مستقل باب باندھے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ:

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص داؤد علیہ السلام کی خوش الحانی سننا چاہتا ہے۔ وہ ابو موسیٰ اشعری رض کی آواز سنے۔ نیز روایات میں آیا ہے کہ بہشت میں بھی اہل بہشت کے لیے سماع ہوگا اور اس طرح ہوگا کہ ہر درخت سے مختلف نغمات اور مختلف سرود جاری ہوں گے۔ جس سے سننے والوں پر محویت طاری ہو جائے گی۔ ابراہیم خواص رح لکھتے ہیں کہ ایک دفعہ غلہ اٹھاتے وقت دو اونٹوں کا بوجھ ایک اونٹ پر لادا گیا۔ اور حدی خوان کی آواز سے مست ہو کر اونٹ جلدی منزل مقصو پر پہنچ گیا لیکن جاتے ہی مر گیا۔ ایک دفعہ ایک آدمی اونٹوں کو پانی پلاتے

وقت حدی گا رہا تھا۔ حدی کی آواز سے اونٹ اس قدر مست ہوئے کہ پانی پینا ترک کر دیا۔ حالانکہ وہ تین دن کے پیاسے تھے۔ عراق میں لوگ ہرن پکڑنے کے لیے ایک خاص قسم کا گیت گاتے ہیں جسے سن کر ہرن اس قدر مست اور بے خود ہو جاتا ہے کہ لوگ جا کر پکڑ لیتے ہیں۔ اسی طرح ہندوستان میں بھی لوک گیت گا کر ہرن پکڑ لیتے ہیں۔ یہ بات تو عام ہے کہ جب چھوٹے بچے روتے ہیں تو ماں ان کو گہوارے میں ڈال کر لوری دیتی ہے۔ جس سے ان کو لذت محسوس ہوتی ہے اور سو جاتے ہیں۔

کشف المحجوب میں حضرت داتا گنج صاحبؒ مزید لکھتے ہیں کہ:

"جو شخص خوش آواز سن کر کہتا ہے کہ مجھ پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوا تو وہ یا تو جھوٹ بولتا ہے یا منافق ہے یا بے حس ہے۔"

حضرت داتا گنج بخشؒ اسی کتاب میں لکھتے ہیں کہ:

"حضرت داؤد علیہ السلام کو حق تعالیٰ نے خوش آوازی دی تھی۔ جب آپ نغمات الاپتے تھے تو جنگلی جانور، پرندے، انسان سب جمع ہو جاتے تھے۔ جو لوگ ایک دفعہ نغمات سن لیتے تھے ایک ماہ تک کھانا نہیں کھاتے تھے۔ بچے رونا اور دودھ پینا بند کر دیتے تھے۔ جب مجلس برخاست ہوتی تھی تو کئی آدمی مردہ پائے جاتے تھے۔ ایک دفعہ ایک مجلس میں سات سو عورتیں مردہ پائی گئیں اور دو ہزار پرندے مردہ نکلے۔"

کتاب مذکورہ میں حضرت داتا صاحبؒ نے سماع کے متعلق اولیاء کرام کے بیشمار اقوال نقل کیے ہیں جو طوالت کے خوف سے یہاں درج نہیں کیے جاتے مختصر یہ کہ:

"سماع علامت مہجوری ہے اور اس میں مشاہدہ محال ہے لیکن بعض حضرات نے سماع کو علامت حضوری اور وصال تصور کیا ہے۔ کیونکہ سماع میں سالک دوست میں مستغرق ہو جاتا ہے اور جب تک محویت کامل نہ ہو محبت کامل نہیں ہوتی۔"

کتاب مذکور میں حضرت داتا صاحبؒ نے آداب سماع بیان فرمائے ہیں جن میں سے چند یہ ہیں:

(۱) جب تک شوق زیادہ نہ ہو سماع نہ سنے (۲) سماع کو عادت نہ بنائے اور

کافی وقفوں کے بعد سننے تاکہ سماع کی تعظیم دل سے نہ جاتی رہے (۳) محفلِ سماع میں کسی بزرگ کا ہونا ضروری ہے۔ (۴) مجلسِ سماع میں عوام کا داخلہ نہ ہو (۵) قوال باادب ہوں (۶) دل تمام اشغال سے خالی ہوں اور طبیعت جمع ہو (۷) تکلف نہ ہو (۸) جب تک کیفیت طاری نہ ہو بناوٹی طور پر کیفیت نہیں لانی چاہیے (۹) جب کیفیت پیدا ہو اُسے تکلف سے روکنا نہیں چاہیے (۱۰) طبیعت قابو میں رکھنی چاہیے۔ اگر قابو سے نکل جائے تو معذور ہے۔ (۱۱) قوالوں کو نہ ٹوکے نہ فرمائش کرے (۱۲) جب کسی پر حال طاری ہو تو تکلف سے خود حال میں نہ آئے بلکہ ضبط اور استقلال سے کام لے (۱۳) سلطانِ وقت (وارداتِ سماع) کی قدر کرے تاکہ برکات حاصل ہوں اور میں علی بن عثمان الجلابی یہ پسند کرتا ہوں کہ مبتدیوں کو سماع سے پرہیز لازم ہے تاکہ ان کی طبیعت پراگندہ نہ ہو۔"

## حضرت امام غزالیؒ اور سماع:

حجۃ الاسلام امام محمد غزالیؒ نے حقیقتِ سماع، جوازِ سماع، برکاتِ سماع اور آدابِ سماع پر اپنی کتاب احیاء العلوم میں مفصل بحث کی ہے اس کے علاوہ آپ نے سماع پر ایک علیحدہ رسالہ بھی لکھا ہے حقیقتِ سماع کے متعلق آپ فرماتے ہیں:

"اے عزیز! اس بات کو جان اور اس حال کو پہچان کہ آدمی کے دل میں حق تعالیٰ کا ایک بھید پوشیدہ ہے جیسے آگ، لوہے اور پتھر کے درمیان ہے جس طرح لوہا پتھر پر مارنے سے وہ آگ نکلتی ہے اور صحرا میں لگ جاتی ہے اسی طرح اچھی اور موزوں آواز سننے سے آدمی کے دل کو جنبش ہوتی ہے اور بے اختیار اس کے دل میں ایک چیز پیدا ہوتی ہے جس سے اُسے عالمِ علوی اور عالمِ ملکوت کے ساتھ ایک مناسبت پیدا ہوتی ہے۔ عالمِ علوی کیا ہے۔ عالمِ حسن و جمال ہے۔"

امام غزالیؒ حلت و حرمتِ سماع کے متعلق فرماتے ہیں:

"اس میں علماء کا اختلاف ہے کہ سماع حرام ہے یا حلال۔ جس عالم نے حرام کہا ہے وہ فقط اہلِ ظاہر ہے۔ کیونکہ اس پر یہ بات منکشف ہی نہیں ہوئی کہ خدا کی محبت اس کے دل میں نزول کرتی ہے۔ جوازِ سماع کے متعلق امام غزالیؒ نے وہ تمام

Marfat.com

احادیث نقل کی ہیں جو پہلے اس کتاب میں درج ہو چکی ہیں اس کے علاوہ آپ نے لکھا ہے کہ :

"جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ پہنچے تو مدینہ کے لوگوں نے آپ کا استقبال کیا اور دف بجا بجا کر خوشی میں یہ گایا ـ

طَلَعَ البدرُ علینا من ثنیات الوداع وَجَبَ الشکر علینا ما دعی للہ داع

(طلوع ہوئے ہم پر چودھویں کے چاند (آنحضرتؐ) اور شکر واجب ہوا اور قبول ہوئی ہماری دعا)

اسی طرح عید کے دن خوشی کرنا اور سماع سننا بھی درست ہے ـ

## شرائط سماع :

امام غزالیؒ نے سماع کے لیے جو شرائط مقرر کی ہیں حسب ذیل ہیں :

(۱) عورت یا مرد (بے ریش لڑکا) سے سماع نہ سُنے (۲) سرود کے ساتھ رباب و چنگ بربط اور نائے عراقی نہ ہو کیونکہ ان کی ممانعت آئی ہے۔ اس وجہ سے کہ یہ شراب نوشوں کی عادت ہے اور یہ چیزیں شراب کی یاد دلاتی ہیں لیکن طبل، شاہین اور دف اگرچہ اس میں جلاجل (جھانجھ) بھی ہوں جائز ہیں ـ کیونکہ ان کا بجانا شراب خوروں کی عادت نہیں ـ بلکہ دف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بجایا گیا ہے ـ شاہین کے حلال ہونے کی دلیل یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرؓ سے فرمایا کہ سنتے رہو جب آواز بند ہو جائے تو مجھے بتانا ـ لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کانوں میں انگلی دینا اس بات کی دلیل ہے کہ آپ پر اس وقت کوئی بہت بزرگ حال طاری ہو جو شاہین کی آواز سے موقوف ہو جاتے (۳) سماع میں کلام فحش اور غیر شرع نہ ہو ـ (۴) سننے والے ہم مشرب اور اہل اللہ ہوں (۵) سماع ایسی جگہ ہونا چاہیے جہاں عوام کا گزر نہ ہو (۶) وقت ایسا ہونا چاہیے کہ جس میں کوئی شرعی مجبوری نہ ہو مثلاً نماز کا وقت نہ ہو بلکہ ہر طرف سے فارغ ہو کر اطمینان سے سماع سنے اور متوجہ الی اللہ ہو ـ

Marfat.com

**مقاماتِ سماع:** امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ سماع میں تین مقام ہیں پہلا مقام فہم ہے یعنی کلام کا سمجھنا، دوسرا مقام وجد ہے۔ یعنی حال کا طاری ہونا، تیسرا مقام حرکت ہے یعنی رقص کرنا۔

**بعض صحابہ کا رقص:** امام غزالیؒ رقص کو مباح کہتے ہیں کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں حبشیوں کا رقص دیکھا اور دَف کے ساتھ گانا سنا۔ نیز امام موصوف فرماتے ہیں کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ سے فرمایا کہ تم مجھ سے ہو اور میں تجھ سے تو حضرت علیؓ نے خوشی میں آکر رقص کیا اسی طرح جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امام حسینؓ سے فرمایا کہ صورت اور سیرت میں تم میری طرح ہو تو انہوں نے بھی خوشی میں آکر رقص کیا۔ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید بن حارث سے فرمایا تو میرا مولا (غلام) اور بھائی ہے تو انہوں نے خوشی میں آکر رقص کیا۔

**حضرت غوث الاعظمؒ اور سماع:** عام لوگوں کا خیال ہے کہ قادریہ سلسلہ میں سماع ناجائز ہے۔ ان کو معلوم نہیں کہ سلسلہ عالیہ قادریہ کے سردار حضرت غوث الاعظم قدس سرہ نے سماع کو جائز قرار دیا ہے۔ قادری بزرگوں کی روایات سے ثابت ہے کہ حضرت غوث الثقلینؓ نے خود بھی سماع سنا ہے اور اپنے سلسلہ کے لوگوں کے لیے اپنی مشہور و معروف کتاب غنیۃ الطالبین میں آدابِ سماع پر ایک مستقل باب تحریر فرمایا ہے۔ اگر آپ کے نزدیک سماع حرام ہوتا تو آپ آدابِ سماع کیوں تحریر فرماتے کتاب مذکور میں آپ لکھتے ہیں کہ:

"فقیر کو چاہیے کہ گانا سننے کے لیے اپنے آپ کو عمداً آمادہ نہ کرے۔ اگر مجلس سماع پر گزر ہو تو ادب سے بیٹھے اور اپنے دل کو پروردگار کی یاد میں مشغول کرے۔ اور دل کو غفلت اور فراموشی (ذکر اللہ کو بھولنا) سے محفوظ رکھے۔ جب مشائخ مجلس سماع میں موجود ہوں تو ہر فقیر کو حتی الامکان سکون سے شیخ کا ادب ملحوظ رکھنا

Marfat.com

چاہیے۔ اگراس پر حال کا غلبہ ہو تو باندازہ غلبہ وہ حرکت کرسکتا ہے۔ لیکن حال فرد ہونے پر سکون سے بیٹھے اور شیخ کا ادب لازم رکھے اور فقیر کو لازم ہے کہ کلام کی فرمائش نہ کرے۔ اگر کسی فقیر پر وجد طاری ہو اور وہ رقص کرے تو سب فقیر اس کی موافقت میں کھڑے ہو جائیں۔ جس شخص کا حال بناوٹی ہو اس کی چشم پوشی کرنی چاہیے۔ اگر اس کو آگاہ کرنا ضروری سمجھے تو قوت قلب سے (یعنی باطنی توجہ سے) اس کو آگاہ کرے نہ کہ زبان سے" اس کے بعد حضرت غوث الاعظم رح نے اس خرقہ کے آداب بیان فرمائے ہیں جو حالت وجد میں فقرا، قوالوں کی طرف پھینکتے ہیں۔

## حضرت غوث الاعظم رح کا خود سماع سننا:

حضرت شاہ ابوالمعالی قادری رح لاہوری کا شمار سلسلۂ عالیہ قادریہ کے جلیل القدر مشائخ میں ہوتا ہے۔ آپ اپنی کتاب تحفہ قادریہ میں لکھتے ہیں:

"حضرت شیخ عمر بزاز رح، شیخ علی رح، شیخ بقا رح، شیخ ابوسعید قناوی رح اور دیگر مشائخ اکھٹے ہو کر بقصد زیارت حضرت شیخ محی الدین ابو محمد عبدالقادر جیلانی رض کی خدمت میں آئے اور حضرت غوث الثقلین نے قوالوں کو بلا کر سماع کی فرمائش کی۔ سماع سنتے ہی حضرت غوث الاعظم رح جوش میں آگئے اور کھڑے ہو کر رقص کرنے لگے۔ مشائخ مذکور بھی شیخ کی تعظیم میں کھڑے ہو گئے۔ حضرت غوث الاعظم رح وجد کی حالت میں ہوا میں اُڑ کر نظروں سے گم ہو گئے۔ اس کے بعد لوگوں نے آپ کو اس مدرسہ میں پایا جو آپ نے تعمیر کرایا تھا۔ اس وقت علماء نے آپ سے سوال کیا کہ سماع میں حالت ذوق پیدا ہو، اور تلاوت قرآن میں نہ ہو اس کی کیا وجہ ہے۔ آپ نے جواب دیا کہ یہ حالت دو چیزوں سے ہوتی ہے ایک سخن خوش، دیگر ذکر عشق، اگر خوش الحان اور صاحب دل قاری معنی سمجھ کر سورۃ یوسف پڑھے تو سامعین کو ذوق ہوتا ہے۔ لیکن قرآن مجید میں پند و نصائح اور قصص پڑھنے سے خوف طاری ہوتا ہے"۔

اس کے بعد کتاب مذکور میں حضرت شاہ ابوالمعالی رح فرماتے ہیں کہ:

"میں نے حضرت امام عبداللہ یافعی قدس سرہ کی تصانیف میں دیکھا ہے کہ

Marfat.com

حضرت غوث الاعظمؒ کے پوتے شیخ جمال اللہ اس وقت زندہ تھے۔ میں نے علمائے بغداد سے ان کے متعلق دریافت کیا تو انہوں نے بتایا کہ یہ اپنے دادا کے ہم شکل ہیں۔ ان کا نام شیخ عبدالرزاق بھی ہے۔ ہم نے اکثر ان کو بسطام کے جنگل میں اور کبھی کبھی بسطام کے شہر میں دیکھا ہے۔ ہم نے ان کی عمر دریافت کی تو فرمایا کہ انسانِ کامل کی حیات و ممات یکساں ہے معلوم نہیں کس قدر باقی ہے۔ البتہ ایک دفعہ میرے جدامجد سید محی الدین عبدالقادر جیلانیؒ نے بموقعہ سماع حالتِ وجد میں فرطِ عنایت میں مجھ کو بغلگیر کر کے فرمایا تھا کہ "اے جمال اللہ عیسیٰ علیہ السلام کو میرا سلام کہنا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھوں گا۔"

## حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ اور سماع :

عام طور پر یہ بھی مشہور ہے کہ سلسلہ عالیہ سہروردیہ میں سماع ممنوع ہے۔ حالانکہ سلسلہ عالیہ سہروردیہ کے سربراہ شیخ الشیوخ حضرت شہاب الدین عمر سہروردی قدس سرہٗ نے اپنی معرکۃ الآرا کتاب عوارف المعارف میں سماع، آداب سماع اور جوازِ سماع پر چار مستقل باب باندھے ہیں۔ تفصیل کے خواہاں حضرات اصل کتاب کی طرف رجوع کر سکتے ہیں۔ یہاں کتاب مذکور سے چند اقتباس پیش کیے جاتے ہیں۔

---

ے حضرت امام عبداللہ یافعیؒ کا شمار اکابر اولیاء اللہ میں ہوتا ہے۔ آپ قطب مکہ تھے اور مکہ معظمہ میں قیام پذیر تھے حضرت مخدوم جہانیاں سید جلال الدین اوچی کو ایک خرقۂ خلافت حضرت امام عبداللہ یافعیؒ سے بھی ملا تھا۔ حضرت خواجہ نصیرالدین محمود چراغ دہلویؒ کو "چراغ دہلی" کا خطاب حضرت امام عبداللہ یافعیؒ کا دیا ہوا ہے۔ آپ نے مخدوم جہانیاں سے فرمایا کہ اس وقت خواجہ نصیرالدین "چراغ دہلی" ہیں۔ چنانچہ جب حضرت مخدوم جہانیاں حج سے واپس آئے تو دہلی جا کر سلسلۂ عالیہ چشتیہ میں خواجہ نصیرالدین چراغ دہلویؒ کے مرید ہوئے اور خلافت حاصل کی۔ امام عبداللہ یافعیؒ متعدد کتب کے مصنف ہیں۔ تاریخ امام عبداللہ یافعیؒ تصوف کی مشہور کتاب ہے۔

Marfat.com

## حضرت شیخ کا قرآن سے اخذ جواز سماع :

عوارف المعارف کے بائیسویں باب میں آپ نے قرآن مجید کی مندرجہ ذیل آیات نقل کی ہیں جن میں سماع کی تعریف اور تاکید آئی ہے۔ حضرت شیخ لکھتے ہیں کہ آیہ فَبَشِّرْ عِبَادِی الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ (بس خوشخبری دو میرے ان بندوں کو جو قول سنتے ہیں اور اس میں جو چیز احسن ہے اس کی پیروی کرتے ہیں) اسی آیت میں آگے لکھا ہے کہ اولٰئک الذین ھداھم اللّٰہ (وہی لوگ ہیں جن کو اللہ نے راہ راست دکھایا ہے) نیز حضرت شیخ فرماتے ہیں کہ آیہ واذا سمعوا ما انزل الی الرسول تریٰ اعینھم تفیض من الدمع (جب وہ لوگ اس چیز کو سنتے ہیں جو رسولِ خدا صلی اللہ علیہ پر نازل ہوئی ہے تو ان کی آنکھوں میں آنسو اُبل پڑتے ہیں۔

"ایک اور آیت میں اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں تقشعر منہ جلود الذین یخشون ربھم (حق تعالےٰ کے ڈر سے ان کی کھال کے بال کھڑے ہو جاتے ہیں) حضرتِ شیخ نے جوازِ سماع میں یہ بھی لکھا ہے کہ ایک دفعہ حضرت عمرؓ نے گشت کے دوران جب ایک آیت قرآن سنی تو بے ہوش ہو کر گر پڑے۔ پس سماع اللہ تعالےٰ کی رحمت کو کھینچتا ہے۔" آیاتِ قرآن کے بعد حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی قدس سرہٗ نے وہ احادیث نبویؐ نقل کی ہیں جن سے سماع ثابت ہے۔

## احادیثِ نبوی کی رُو سے حضرت شیخ شہاب الدینؒ کا اخذ جوازِ سماع :

اس بارے میں آپ نے وہ تمام احادیث نقل کی ہیں جو پہلے اس کتاب میں درج ہو چکی ہیں۔ اگر سلسلہ سہروردیہ میں سماع حرام ہوتا تو حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ قرآن و حدیث سے اس کا جواز کیوں نکالتے۔

## وجد و حال حضرت شیخ کی نظر میں :

عوارف المعارف کے تیئیسویں باب میں حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی

قدس سرہٗ نے سماع کے وجد و حال کا ذکر کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ:
"نغمات سے روح کو لذت حاصل ہوتی ہے اور یہ میلان فطرتی ہے۔ اس وجہ سے سماع سننے والوں پر وجد طاری ہو جاتا ہے۔ ... شیخ ابوبکر کتانیؒ فرماتے ہیں کہ عوام کا سماع طبیعت کی مطابقت سے ہے۔ مریدوں کا سماع خوف و رجا سے ہے اولیا کا سماع نعمتوں کے دیکھنے سے ہے۔ عارفین کا سماع مشاہدہ ہے اور اہل حقیقت کا سماع کشف و عیاں ہے۔"

## شیخ الشیوخ کے ہاں آداب سماع:

کتاب مذکور کے پچیسویں باب میں حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ نے آداب سماع بیان فرمائے ہیں جو تقریباً وہی ہیں جو امام غزالیؒ نے بیان فرمائے ہیں اس لیے اعادہ کی ضرورت نہیں۔

## ائمہ اربعہ اور سماع:

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی قادریؒ اپنی کتاب مدارج النبوۃ میں لکھتے ہیں کہ:

## امام ابو حنیفہ اور سماع:

امام ابو حنیفہؒ اور سفیان ثوری سے سماع کے متعلق سوال کیا گیا تو دونوں نے جواب دیا کہ "سماع نہ گناہ کبیرہ ہے نہ گناہِ صغیرہ۔ بلکہ جائز ہے۔" اور یہ بھی نقل ہے امام ابو حنیفہؒ کا ایک پڑوسی تھا جو ہر روز گایا کرتا تھا اور امام صاحب اس کا گانا سنا کرتے تھے۔ ایک رات امام نے اس کی آواز نہ سنی۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ قید ہو گیا ہے۔ یہ سن کر امام صاحب خود قید خانہ کے حاکم امیر عیسیٰ بن موسیٰ کے پاس تشریف لے گئے اور اس کی سفارش کی۔ حاکم نے اس کا نام دریافت کیا تو امام صاحب نے فرمایا اس کا نام عمر ہے۔ حاکم نے حکم دیا کہ عمر نامی جتنے قیدی ہیں سب آزاد کر دیئے جائیں۔ جب عمر رہا ہو گیا تو امام صاحب نے اُسے فرمایا کہ جس طرح پہلے گاتے تھے اب بھی گایا کرو۔

## علاّمہ نابلسیؒ اور سماع:

علاّمہ عبدالغنی نابلسیؒ جو مشہور حنفی بزرگ اور علاّمہ شامیؒ کے استاد ہیں لکھتے ہیں کہ اس واقعہ سے

امام ابوحنیفہ کا سماع سننا ثابت ہے۔ اس لیے اگر آپ کے نزدیک گانا جائز نہ ہوتا تو آپ عمر قوال کی سفارش نہ کرتے اور نہ اُسے گانے کی فرمائش کرتے بلکہ منع کرتے۔

**علامہ ملا علی قاری حنفی اور سماع:** علامہ ملا علی قاری حنفی اپنے "رسالہ سماع" میں فرماتے ہیں کہ "امام یوسف (امام اعظم کے شاگرد) جب ہارون الرشید کی مجلس سماع میں جاتے تھے تو آپ پر گریہ طاری ہو جاتا تھا۔ جب لوگ آپ سے جواز سماع کے بارے میں سوال کرتے تو آپ امام ابوحنیفہ کا وہی قصہ بیان کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ اگر سماع حرام ہوتا تو ہمارے امام اپنا وقت گانے میں کیوں ضائع کرتے۔"

**علامہ شامی حنفیؒ اور سماع:** علامہ شامی حنفیؒ اپنی کتاب علی درالمختار میں لکھتے ہیں کہ: اس سے ثابت ہوا کہ "آلہ لہو" بذاتہ حرام نہیں بلکہ جب اس سے لہو کا قصد کیا جائے تو بلحاظ قصد حرام ہے خواہ یہ قصد سامع کی طرف سے ہو خواہ گانے والے کی طرف سے۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اسی آلہ کو بعینہٖ بجانا کبھی حلال ہوتا ہے کبھی حرام ہوتا ہے۔ نیت کے اختلاف کی وجہ سے۔ اس میں سادات صوفیہ کرام کے لیے دلیل ہے۔ جن کے مقاصد سماع اس جلیل القدر ہیں کہ جن کو وہی خود بخوبی جان سکتے ہیں۔ پس معترض کو اعتراض میں دلیری اور جلد بازی نہیں کرنی چاہیئے تاکہ ان کی برکت سے محروم نہ رہے کیونکہ وہی خالص اخیار اور نیک بندگانِ خدا ہیں۔ خدا ان کی وساطت سے ہمیں امداد کرے اور ہم پر ان کی دعائیں اور برکات نازل کرے۔"

**امام مالکؒ اور سماع:** امام مالکؒ سے پوچھا گیا کہ سماع کے متعلق اہلِ علم کا کیا خیال ہے تو آپ نے فرمایا کہ: "میرے علاقے میں (آپ ہمیشہ مدینہ منورہ میں رہے) اہلِ علم اس کا انکار نہیں کرتے بلکہ جائز سمجھتے ہیں اور اس کو بُرا سمجھنے والے عام لوگ یا تو جاہل ہیں یا عراق کے باشندے ہیں جن کی طبائع سخت ہیں۔" ابن حمدونؒ نے اپنی کتاب تذکرہ اور علامہ ابوالفرحؒ نے اپنی کتاب

Marfat.com

آغانی میں لکھا ہے کہ امام مالکؒ کے سامنے ایک آدمی گاتا ہوا گزرا تو آپ نے اس کے کلام کی تصحیح فرمائی۔ علامہ عیسےٰ بن عبدالرحیم رسالہ سماع میں لکھتے ہیں کہ امام مالکؒ نے گانا سنا اور خود بھی گایا۔

**امام شافعیؒ کا سماع سننا:** امام غزالی احیاالعلوم میں لکھتے ہیں کہ: امام شافعی کے مذہب میں راگ ہرگز حرام نہیں۔ علامہ یونس بن عبدالعلی کہتے ہیں کہ امام شافعی سے پوچھا گیا کہ اہل مدینہ راگ کو مباح اور جائز خیال کرتے ہیں تو آپ نے فرمایا کہ علمائے عرب سے ایسا کون ہے جو راگ کو مکروہ سمجھے امام احمد غزالی بوارق السماع میں لکھتے ہیں کہ امام شافعی نے ایک گانے والی عورت سے راگ سنا اور جب سن چکے تو اپنے ساتھی علامہ یونس بن عبدالعلی سے کہا کہ کیا تم راگ سن کر خوش ہوئے۔ اس نے کہا نہیں۔ اس پر امام موصوف نے فرمایا کہ تم سچ کہتے ہو تمہاری حس صحیح نہیں۔"

**امام احمد بن حنبلؒ اور سماع:** امام احمدؒ اپنی مشہور کتاب مسند امام احمد میں روایت کرتے ہیں کہ حبشی لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دف بجا رہے تھے، ناچ رہے تھے اور یہ گا رہے تھے ؎

رسولٌ محمدٌ عبدٌ صالحٌ

جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ تم کیا کہہ رہے ہو تو انہوں نے کہا ؎

رسولٌ محمدٌ عبدٌ صالحٌ

اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ ناچنا، دف بجانا، گانا اور ناچ دیکھنا جائز ہے۔ امام احمد بن حنبلؒ سے بروایت صحیح ثابت ہے کہ آپ نے اپنے بیٹے صالحؒ کے پاس گانا سنا اور شرح مقنع میں امام احمدؒ سے مروی ہے کہ انہوں نے قوال کو گاتے سنا اور انکار نہ کیا اس پر آپ کی بیٹے صالحہؒ نے کہا کہ آپ تو اس کو برا سمجھتے تھے۔ آپ نے جواب دیا کہ لوگ برائی کی آمیزش سے سنتے ہیں۔" ختم ہوا شیخ عبدالحق کی کتاب مدارج النبوۃ کا اقتباس۔

## شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ اور سماع:

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی قادریؒ اپنے رسالہ نکات میں تحریر فرماتے ہیں:

**نکتہ:** جاہل کیست (جاہل کون ہے) جواب جاہل آنکہ سماع مطلق را بحر حال، در ہر وقت از ہر کس اندک وبیش حرام داند وفاسق آنکہ مطلق آں را حلال داند (جاہل وہ ہے جو مطلق سماع کو ہر حال میں ہر وقت میں اور ہر شخص کے لیے خواہ کم ہو یا زیادہ حرام سمجھے اور فاسق وہ ہے جو مطلق سماع کو حلال سمجھے (یعنی بلاشرائط) اس کا مطلب یہ ہے کہ نہ ہر قسم کا سماع حلال ہے نہ ہر قسم کا سماع حرام ہے بلکہ حرام چیزوں کی آمیزش سے حرام ہو جاتا ہے اور حرام چیزوں کو خارج کرنے سے حلال ہو جاتا ہے"

## امام یوسفؒ اور امام محمدؒ کا سماع:

لطائف اشرفی (ملفوظات حضرت شیخ اشرف جہانگیر سمنانی قدس سرہ جو غوث وقت تھے) میں لکھا ہے کہ امام یوسف سے مسئلہ سماع کے متعلق دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ جائز ہے۔ امام محمدؒ بھی سماع کو جائز سمجھتے ہیں۔ فتاویٰ تتارخانیہ میں ان دونوں حضرات سے جواز سماع ثابت ہے"

## مولانا عبدالحی فرنگی محلیؒ اور سماع:

مولانا عبدالحی لکھنوی فرنگی محلی اپنے فتاویٰ میں لکھتے ہیں کہ:

"قول فیصل اس بات میں جو احادیث پر مبنی ہے یہی ہے کہ نفس سماع عموماً ممنوع نہیں۔ بلکہ اس کی حرمت یا کراہت بوجہ عوارض خارجہ عارض ہوتی ہے"

## فتاویٰ خیریہ اور سماع:

فتاویٰ خیریہ میں لکھا ہے کہ:

"جو شخص سماع حلال کو حرام کہے وہ گمراہی میں پڑ گیا اور عقوبت ونکال کا مستحق ہے۔ اس لیے کہ سماع حرام نہیں"

## اہل حدیث کے امام قاضی محمد بن علی شوکانی یمنیؒ اور سماع:

اہل حدیثوں کے امام حضرت قاضی محمد بن علی شوکانی یمنیؒ نے سماع پر ایک مدلل رسالہ لکھا ہے جس کا نام ہے۔

Marfat.com

ابطال دعویٰ اجماع۔ اس رسالہ میں آپ نے احادیث نبوی سے ثابت کیا ہے۔ سماع جائز ہے آپ نے یہ بھی لکھا ہے کہ "امام ابو حنیفہؒ اور امام احمد بن حنبلؒ سے کوئی بات راگ کے حرام ہونے میں نہیں آئی بلکہ دونوں نے راگ سننا ثابت کیا ہے۔ امام موصوف نے یہ بھی لکھا ہے کہ:

عبداللہ بن جعفرؓ ابن ابو طالب سماع سنتے تھے اور اپنی خوش الحان لونڈیوں سے تار والے ساز کے ساتھ امیر المومنین حضرت علیؓ کے زمانہ خلافت میں گانا سنا کرتے تھے۔ قاضی شریح، سعید ابن مسیّب، عطا ابن رباح، اور امام زہری، اور امام شعبیؒ سے بھی یہی منقول ہے"

## استاذ العلماء والمحدثین امام ابراہیم بن سعد مدنی اور سماع:

حضرت امام ابراہیم بن سعد مدنیؒ امام شافعیؒ اور امام بخاریؒ۔ امام احمد اور امام شعبہ کے استاد ہیں۔ اور بڑے بلند پایہ محدث ہیں۔ کتاب میزان الاعتدال جلد اوّل۔ مدارج جلد اوّل اور احیاء العلوم جلد چہارم میں لکھا ہے کہ:

استاذ الائمہ حضرت امام ابراہیم بن سعد مدنیؒ عود (یعنی باجا) کے ساتھ گانا سنتے تھے۔ جب آپ بغداد تشریف لائے تو ہارون الرشید سے کہا کہ عود منگواؤ۔ ہارون نے کہا کہ کیا خوشبو دار لکڑی مطلوب ہے۔ انہوں نے فرمایا نہیں عودِ طرب۔ ہارون الرشید نے باجا منگوایا اور حضرت ابراہیم بن سعدؒ نے اس کے ساتھ گانا گایا۔ اس پر ہارون الرشید نے دریافت کیا کہ کیا مدینہ میں اس کا کوئی منکر ہے آپ نے فرمایا کہ جس دل پر خدا نے مہر لگا دی ہو وہی منکر ہوگا۔

## امام احمد غزالیؒ اور سماع:

امام محمد غزالیؒ کے چھوٹے بھائی امام احمد غزالیؒ نے جن کا شمار اکابر مشائخ میں ہوتا ہے سماع پر ایک رسالہ لکھا ہے کہ جس میں ثابت کیا کہ احادیث کی رو سے سماع حلال ہے۔ آپ نے یہ بھی لکھا ہے کہ سماع فعل رسول ہے اور فعل رسول کو حرام کہنے والا بالاجماع کافر ہے۔

## شیخ الشیوخ حضرت ضیاءالدین ابو النجیب سہروردیؒ اور سماع:

حضرت شیخ الشیوخ ابو النجیب سہروردیؒ

Marfat.com

حضرت شیخ شہاب الدین عمر سہروردیؒ کے چچا اور مشائخ متقدمین میں سے ہیں آپ کا مقام اس قدر بلند ہے کہ حضرت خواجۂ بزرگ خواجۂ خواجگان خواجہ معین الدین حسن چشتی اجمیریؒ نے ایک مدت تک بغداد میں آپ کی صحبت میں رہ کر فیوض حاصل کیے۔ حضرت شیخ ضیاء الدین ابوالنجیبؒ نے اپنی مشہور کتاب "آداب المریدین" میں سماع پر ایک مستقل باب لکھا ہے اور آدابِ سماع بیان فرمائے ہیں۔

## حضرت شیخ بہاؤالدین زکریا ملتانی سہروردیؒ کا سماع و رقص:

کتاب مرأۃ الاسرار میں لکھا ہے کہ حضرت شیخ بہاؤ الحق والدین زکریا ملتانی قدس سرہٗ نے بھی سماع سنا ہے۔ ایک دفعہ جب عبداللہ رومی قوال نے آپ کے سامنے عرض کیا کہ مجھ سے حضرت شیخ شہاب الدین قدس سرہٗ نے بھی قوالی سنی تھی آپ کو سنانے آیا ہوں تو آپ نے فرمایا اگر میرے شیخ نے سماع سنا ہے تو میں بھی سنتا ہوں اس کے بعد عبداللہ رومی نے یہ غزل گائی ؎

عاشقاں کز شراب ناب خورند　　از پہلوئے خود کباب خورند

(عاشق لوگ جب شرابِ عشق پیتے ہیں تو اپنے پہلو سے کباب (سوختہ دل) کھاتے ہیں) تو اس پر آپ کو وجد آگیا اور چراغ بجھا کر آپ نے رقص فرمایا۔ صبح کے وقت آپ کے قوال کو خلعت کے علاوہ بیس روپے نقد عطا فرمائے۔

## حضرت شیخ حمید الدین ناگوری سہروردی اور سماع:

حضرت شیخ حمید الدین ناگوری سہروردیؒ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ کے خلیفہ فی الہند تھے۔ آپ کا شمار جلیل القدر مشائخ میں ہوتا ہے۔ آپ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار اوشی قدس سرہٗ کے دوست تھے اور دونوں حضرات مل کر خوب مجالس سماع گرم کیا کرتے تھے۔ بلکہ آپ نے کوشش تمام کے ساتھ سماع کو تربیت دی اور آجکل جو باقاعدہ سماع ہم سنتے ہیں آپ کا مرتب شدہ ہے۔ جب مولانا احمد جام کی غزل ؎

کشتگانِ خنجر تسلیم را — ہر زماں از غیب جان دیگر است

پر حضرت خواجہ قطب الدین قدس سرہٗ کا وصال ہوا تو حضرت قاضی حمید الدین ناگوری شریکِ محفل تھے۔

**حضرت شیخ فخر الدین عراقی سہروردیؒ:** حضرت شیخ بہاؤ الدین زکریا ملتانی کے مرید اور داماد حضرت شیخ فخر الدین عراقیؒ بھی اہلِ سماع تھے۔ جب آپ نے ملتان میں رہ کر غزلیں لکھیں اور وہ غزلیں قوالوں نے شہر میں گانا شروع کیا تو مخالفین نے حضرت شیخ بہاؤ الدین زکریاؒ کی خدمت میں شکایت کی لیکن آپ نے درگزر فرمایا:

**حضرت شیخ سعدی شیرازیؒ سہروردی اور سماع:** حضرت شیخ سعدی شیرازی جو حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ کے مرید و خلیفہ ہیں سماع کے دلدادہ تھے۔ آپ کے یہ اشعار آپ کے ذوقِ سماع پر دلالت کرتے ہیں ؎

مکن عیب درویش حیران و مست — کہ غرق است ازاں مے زند پاؤ دست

نہ بینی شتر را بر حدائے عرب — کہ چونش برقص اندر آرد طرب

(اونٹ حدی کی آواز سے مست ہو جاتا ہے اور خوشی اور وجد میں آتا ہے)

سماع کے متعلق آپ کے صریح الفاظ ملاحظہ ہوں ؎

سماع اے برادر بگویم کہ چیست — مگر مستمع را بدانم کہ کیست

گر از برج معنی بود طیر او — فرشتہ فرو ماند از سیر او

جہاں پر سماع است مستی و شور — ولیکن چہ بیند در آئینہ کور

نہ بم داند آشفتہ سامان نہ زیر — با آواز مرغے بنالد فقیر

**حضرت مخدوم جہانیاں اوچی سہروردیؒ:** حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت قدس سرہٗ بڑے عالم و فاضل اور جلیل القدر مشائخ میں سے تھے۔ آپ کے اہلِ سماع

Marfat.com

ہونے کی تائید اس بات سے ہوتی ہے کہ آپ چشتیہ سلسلے میں حضرت شیخ نصیر الدین چراغ دہلوی قدس سرہ کے خلیفہ تھے جو اہتمام کے ساتھ سماع سنتے تھے۔

## حضرت شاہ نعمت اللہ سہروردی ملتانی رح اور سماع:

حضرت شاہ نعمت اللہ سہروردی ملتانی رح فرماتے ہیں کہ:

"عارف کامل کے لیے سماع فرض ہے اور سچے طالبانِ خدا کے لیے سماع مفید اور سنت مشائخ ہے۔ غافلین کے لیے جو اذکار و اشغالِ الٰہی پر مداومت نہیں کرتے سماع بدعت اور مضر ہے۔"

## قادری بزرگان حضرت میاں میر لاہوری، حضرت ملا شاہ بدخشی، شاہ ابو المعالی کا سماع

داراشکوہ رح اپنی کتاب سکینۃ الاولیاء میں لکھا ہے کہ حضرت میاں میر لاہوری رح اور آپ کے دونوں خلفا یعنی حضرت ملا شاہ بدخشی اور حضرت شاہ ابو المعالی رح قادری سماع کے بےحد مشتاق تھے اور ان کے ہاں مجالس سماع بڑے ذوق و شوق سے منعقد ہوا کرتی تھیں۔

---

Marfat.com

# مشائخ نقشبندیہؒ اور سماع

مشائخ قادریہ اور سہروردیہ سے جوازِ سماع ثابت کرنے کے بعد اب ہم حضرات مشائخ نقشبندیہؒ کے ذوقِ سماع کو بیان کرتے ہیں تاکہ معترضین یہ نہ کہنے کے قابل رہیں کہ صرف مشائخ چشتیہ نے سماع کو جائز قرار دیا ہے باقی کسی نے نہیں دیا۔

## حضرت خواجہ بزرگ خواجہ بہاؤالدین نقشبندؒ اور سماع :

خواجۂ بزرگ حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند جو سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے سردار ہیں سماع کے متعلق فرماتے ہیں کہ "من نہ ایں کار میکنم نہ انکار مے کنم" (یعنی نہ میں سماع سنتا ہوں نہ اسے حرام کہتا ہوں) اس سے ظاہر ہے کہ آپ منکر سماع نہیں ہیں۔ آپ کے سماع نہ سننے کی وجہ یہ ہے کہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کا تعلق چونکہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے جو نہایت خاموش طبیعت تھے۔ اس سلسلے میں ذکر جہری کی بجائے ذکر خفی مروج ہے اور خاموشی میں ان کے مراتب طے ہوتے ہیں۔ مرزا مظہر جانجاناں دہلویؒ سے کسی نے پوچھا کہ نسبتِ چشتیہ اور نسبتِ نقشبندیہ میں کیا فرق ہے تو آپ نے جواب دیا کہ نسبتِ چشتیہ کا نشہ شراب کا سا ہے اور نسبتِ نقشبندیہ کا نشہ افیون کی پینک کی طرح ہے کہ اس سلسلے میں جوش و خروش کی بجائے خاموشی سے مراتب طے ہوتے ہیں۔

## حضرت خواجہ محمد پارسا نقشبندیؒ اور سماع :

حضرت خواجہ محمد پارساؒ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے اکابر مشائخ میں سے ہیں اور حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند قدس سرہٗ کے خلیفۂ اعظم ہیں آپ کا مقام اس قدر بلند ہے کہ حضرت خواجۂ بزرگ نے آپ کو برزخ کا لقب عطا فرمایا

تھا۔ یاد رہے کہ بُرخ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اُمت میں ایک بزرگ تھے جو مستجاب الدعوات تھے۔ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام ان سے دعا منگوایا کرتے تھے۔ چنانچہ حضرت اویس قرنیؓ کو بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کا بُرخ فرمایا تھا۔ حضرت خواجہ محمد پارساؒ فرماتے ہیں کہ:

"حق تعالےٰ عاشق کے دل میں ایک مسرت رکھی ہے اور ایک گوہر امانت پیدا کیا ہے کہ آواز دلکش اس گوہر کو ہلا دیتی ہے اور آدمی کے دل میں وہ چیز پیدا ہو جاتی ہے کہ اس کو اس میں کچھ اختیار نہیں۔ اس کو وجد کہتے ہیں۔ ایسے وقت میں اگر اس کو مکاشفہ ہو اور راگ کے الفاظ اس کی زبان سے نکلیں تو یہ ایک احوال لطیف ہوتا ہے۔ اس کو نقد وجد کہتے ہیں۔ وجد میں اس کا دل ایسا پاک وصاف ہو جاتا ہے جیسے آگ میں چاندی اور وہ تمام کدورتیں جاتی رہتی ہیں جو بہت ریاضتوں سے بھی دور نہ ہوں"

## مولانا عبدالرحمن جامیؒ نقشبندی اور سماع:

حضرت مولانا عبدالرحمن جامیؒ کا شمار اکابر مشائخ نقشبندیہ میں ہوتا ہے

آپ سماع کے بڑے شائق تھے اور اکثر مجالس سماع منعقد کیا کرتے تھے۔ مثنوی یوسف وزلیخا لکھتے وقت جو آپ کی حالت ہوتی تھی بیان سے باہر ہے آپ خود فرماتے ہیں کہ اس وقت مجھ پر ایسا حال طاری ہوتا تھا کہ جس میں سماع کے سوا میری کوئی چیز معاون ثابت نہیں ہوتی تھی۔ آپ کے ذوقِ سماع کا انداز آپ کے اشعار ذیل سے بخوبی ہوسکتا ہے ؎

منع سماع ونغمہ و نے میکند فقیہ | بیچارہ پے نہ برد بہ سرِ لفحنت فیہ
مے دہ بہ بانگ نے کہ ندارم بہ فسرِّ عشق | پروائے ریش محتسب وسبت فقیہ
واعظ لطعنِ بادہ پرستاں زباں کشاد | یارب تو ئی پناہ من از شرِّ آں سفیہ
جامی حریم کوئے مغاں کعبۂ صفا است | طوبیٰ لساکنہ و بشریٰ لزائرہ

## حضرت مولانا خواجگی اور مولانا ہبیدی نقشبندی کا سماع:

حضرت مولانا خواجگیؒ اور مولانا ہبیدیؒ

Marfat.com

جن کا شمار اکابر مشائخ نقشبندیہ میں ہوتا ہے اور جو حضرت خواجہ عبید اللہ احرار کے خلیفہ مولانا محمد قاضی کے خلیفہ ہیں۔ اپنے بعض مریدین کو ذکرِ جہری اور سماع سننے کا حکم دیتے تھے اور بعض کو رقص و سرود کا حکم دے دیتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ:

"ہمارے خواجگان (نقشبندیہ) کا طریقہ صحو و سکر، سکون و اضطرار، اور جہر و خفا ہے مبتدی و متوسط کے مناسب حال اخفاء ہے اور منتہی کے مناسب حال اظہار ہے۔"

## حضرت مجدد الف ثانیؒ اور سماع:

حضرت مجدد الف ثانیؒ نقشبندی قدس سرہ بڑے پابند شریعت تھے۔ مولوی نعیم الدین اپنی کتاب معمولات مظہریہ میں لکھتے ہیں کہ ایک دفعہ کسی نے حضرت مجدد الف ثانیؒ کی خدمت میں یہ شکایت پیش کی کہ خواجہ ابو ہاشم کسمیؒ جو آپ کے خلیفہ اور جامع مقامات امام ربانی ہیں سماع سنتے ہیں۔ آپ نے جواب دیا کہ تجھے ان سے کیا کام۔ وہ مرتبۂ کمال پر پہنچ چکے ہیں۔ میرے ساتھ بھی ان کو اختلاف جائز ہے۔ جب میں ان کے حال سے تعرض نہیں کرتا تو کسی اور کی کیا مجال کہ ان کے حال پر معترض ہو۔

## حضرت امیر ابو العلی نقشبندیؒ اور سماع:

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اپنی کتاب انفاس العارفین میں فرماتے ہیں کہ سلسلہ ابو العلائی کے بانی مبانی سماع سنتے تھے۔ کتاب مذکور میں شاہ صاحب لکھتے ہیں کہ:

"آپ کا سلسلہ دو طریقوں سے حضرت خواجہ عبید اللہ احرار نقشبندیؒ سے جا ملتا ہے آپ کی بیعت سلسلۂ نقشبندیہ میں اپنے خالو خواجہ یحییٰؒ کے ساتھ تھی جو حضرت خواجہ عبید اللہ احرارؒ کے فرزند و خلیفہ تھے۔ ملا عمر جنہوں نے شرح ملاّ پر حاشیہ لکھا ہے بھی ابو العلائی تھے اور امیر ابو العلی کے خلیفہ خواجہ ولی محمدؒ کے مرید تھے۔۔۔ امیر ابو العلی بڑے ذوق و شوق سے سماع سنتے تھے۔ کبھی آپ کا سماع مزامیر کے ساتھ ہوتا تھا کبھی بغیر مزامیر۔"

شاہ ولی اللہ صاحب کتاب مذکور میں آگے چل کر لکھتے ہیں کہ: ملا لطف اللہ

Marfat.com

اپنی کتاب جامع مقامات ابوالعلیٰ میں لکھتے ہیں کہ: حضرت امیر کے حاضرین پر ہمیشہ بے اختیار وجد طاری رہتا تھا یوں نہیں کہ ان کی محفل میں کوئی خلاف شرع ارتکاب کرے اور مزامیر یا سرود کی آواز پر رقص کرے۔ آپ مزامیر کو بھی حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبندؒ کے اس فرمان کے مطابق کبھی کبھی سن لیتے تھے کہ "من نہ انکار میکنم نہ ایں کار میکنم"

یاد رہے کہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کے والد ماجد شاہ عبدالرحیم نقشبندیؒ نے حضرت شاہ ابوالعُلیٰ سے بھی خرقہ خلافت حاصل کیا تھا۔ شاہ عبدالرحیم صاحبؒ نے بھی انفاس العارفین میں اس بات کی تصدیق کی ہے کہ امیر ابوالعُلیٰ سماع سنتے تھے۔ نیز آجکل بھی اس سلسلہ عالیہ کے جتنے مشائخ اور مریدین ہیں سب اہلِ سماع ہیں اور مزامیر کے ساتھ سماع سنتے ہیں اور رقص کرتے ہیں۔ لاہور میں احقر راقم الحروف نے بارہا ان کی مجالس میں شمولیت کی ہے۔

## حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی نقشبندیؒ اور سماع:

حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ حضرت مرزا مظہر جانان جانان دہلوی نقشبندیؒ کے خلیفہ اور تفسیر مظہری اور ارشاد الطالبین کے مصنف ہیں۔ آپ نے سماع پر ایک رسالہ لکھا ہے جس کا نام ہے مسئلۃ السماع۔ اس رسالہ میں آپ نے نہایت فاضلانہ طریق پر سماع کی حلت اور حرمت میں جو احادیث ہیں۔ ان پر بحث کی ہے اور محدثین حضرات کے حوالہ جات دے کر ثابت کیا ہے کہ حرمت سماع کی تمام تر احادیث موضوع یا ضعیف ہیں۔ آپ نے اس رسالہ میں امام غزالی کا وہ قول بھی نقل کیا ہے جس میں امام صاحب فرماتے ہیں کہ:

"راگ کی حرمت (حرام ہونا) پر جو احادیث آئی ہیں وہ اس گانے کے متعلق ہیں جو شہوت اور عشق بازی سے دل کی شیطانی مرادیں پوری کرتا ہے لیکن وہ گانا جو خدا تعالےٰ کی محبت میں ہو وہ محبوب ہے اور عبادت ہے اور وہ گانا جو نہ شیطان کی مراد پوری کرے، نہ خدا کی محبت میں وہ مباح ہے۔ جیسے شادی کے موقعوں پر گانا سننا جس سے خوشی بڑھتی ہے اور وہ گانا بھی مباح ہے جو عید کے دن یا

Marfat.com

نکاح کے موقعہ پر گایا جائے اور کسی بچھڑے ہوئے عزیز کی آمد پر اور ولیمہ کی دعوت پر، اور بچے کی پیدائش پر اور عقیقہ اور ختنہ کے دن اور حفظِ قرآن کی آمین کے دن وغیرہ وغیرہ پر گایا جائے۔ اس قول کو اکثر علمائے حنفیہ نے بھی اختیار کیا ہے۔" اس کے بعد حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی نقشبندیؒ حنفی کتابوں یعنی خزانۃ، الکافی اور امتناع کے حوالہ جات پیش کر کے ثابت کرتے ہیں کہ خوشی کے موقعوں پر گانا بجانا مباح ہے اور خدا تعالیٰ کی محبت میں سماع سننا عبادت ہے۔ کتاب امتناع کی عبادت حسب ذیل ہے:

"راگ سننے سے رقتِ قلب اور خشوع اور وصال الٰہی کے شوق کا جوش اور اس کے قہر و عذاب کا خوف پیدا ہوتا ہے اور جس کام کا نتیجہ یہ ہو وہ ایک عبادت ہے۔"

## حضرت شیخ شہاب الدین کا ایک قول قاضی ثناء اللہ کی زبانی:

اس کے قاضی ثناء اللہ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی کا یہ قول نقل کرتے ہیں:

"السماع یستجبُ من اللہِ الکریم۔

(سماع خداوند کریم کی رحمت لاتا ہے)

اس کے بعد حضرت شیخ فرماتے ہیں کہ:

"اگر یہ کہا جائے کہ سماع اہل کیلئے مباح ہے اور نااہل کے لیے گناہ اور یہ کہ آجکل کے درویش اس کے اہل نہیں تو یہ کہنا غلط ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ لایزال امتی امۃ قائمۃ بامر اللہ لایضرھم من خذلھم ولا من خالفھم (میری امت میں برابر ایک جماعت ایسی موجود رہے گی جو خدا کے حکم پر قائم ہوگی اور اس کی کوئی مخالف نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ نیز فرمایا: مثل امتی کمثل المطرلا یدری اَوّلُھا خیرٌ اَو آخرُھا (میری امت کی مثال بارش کی سی ہے جس کی نسبت معلوم نہیں کہ اس کا اوّل اچھا ہے یا آخر)، برادرِ من! اہل وجد تین قسم کے ہیں۔ ایک تو اہلِ کمال ہیں جن کے باطن میں عشق الٰہی ان کو بے اختیار کر دیتا ہے۔ یہ جماعت خدائی جماعت ہے۔ ان کا انکار خرابئ دین کا موجب ہے۔

حدیث قدسی میں آیا ہے کہ من عادیٰ لی ولیاً بارزنی بالمحاربۃ (بخاری و مسلم)
اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جس نے میرے ولی سے عداوت کی وہ میرے ساتھ جنگ کرتا
ہے) دوسری جماعت وہ لوگ ہیں جو اعلیٰ حالات پیدا کرنے کے لیے راگ سنتے ہیں اور
چاہتے ہیں کہ اس کے ذریعے واردات حاصل کریں یہ بھی محمود ہے۔ تیسرے وہ لوگ
ہیں جو ریا کے طور پر وجد کرتے ہیں تاکہ لوگ ان کو اہل کمال سمجھیں۔ یہ لوگ فاسق اور
بدعتی ہیں۔۔۔۔۔ لیکن ہر شخص کے ساتھ بدظنی جائز نہیں کیونکہ بدظنی گناہ ہے۔ اللہ
تعالیٰ فرماتے ہیں۔ اِنَّ بعض الظّنِ اثم (بعض بدظنی گناہ ہے) کیونکہ بدظنی کی وجہ
سے آدمی خود فاسق بن جاتا ہے۔ دوسرا فاسق ہو یا نہ ہو۔

ہر کرا جامہ پارسا بینی     پارسادان و نیک مرد انگار

---

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

Marfat.com

# خواجگانِ چشتیہ کا سماع

قرآن وحدیث، ائمہ مجتہدین، فقہا و محدثین، صحابہ، تابعین، تبع تابعین اور مشائخ قادریہ، سہروردیہ، نقشبندیہ کے اقوال وعمل سے جواز سماع ثابت کرنے کے بعد اب ہم مشائخ چشت اہل بہشت کے سماع کا ذکر کرتے ہیں اس وجہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح مشائخ چشتیہ کی نسبت شدید عشقیہ نسبت ہے جو اصل اسلام اور اصل ایمان ہے بصداق قولہٗ تعالےٰ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰہِ (جو ایمان دار ہیں ان کو اللہ تعالےٰ سے شدید محبت ہے)

**حضرت خواجہ حسن بصریؒ:** حضرت خواجہ حسن بصریؒ تابعی ہیں اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ، کے فیض یافتہ ہی آپ ہیں نہ صرف سلسلہ عالیہ چشتیہ کے شیخ الشیوخ ہیں بلکہ سلسلہ عالیہ قادریہ اور سہروردیہ کے بھی شیخ الشیوخ ہیں آپ سماع کو بہت عزیز رکھتے تھے۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ وجد ایک بھید ہے جو دل میں آتا ہے اور اسے محرک کر دیتا ہے نیز فرماتے ہیں کہ سماع جو حق سے سنتا ہے۔ حق رسیدہ ہو جاتا ہے اور جو نفس سے سنتا ہے زندیق ہو جاتا ہے۔

**حضرت ابو اسحاق شامیؒ:** حضرت ابو اسحاق شامیؒ قدس سرہٗ بکثرت سماع سنتے تھے اور علمائے وقت میں سے کسی کو آپ پر اعتراض کرنے کی جرأت نہ ہوتی تھی جو شخص ایک مرتبہ آپ کی مجلس میں حاضر ہوتا۔ دنیا سے کنارہ کش ہو جاتا تھا مریض آتا تو مرض سے خواہ کتنا خطرناک کیوں نہ ہو، شفا ہو جاتی اہل دنیا کو اجازت نہ تھی۔ لیکن کوئی اہل دنیا شریک مجلس ہوتا تو تارک الدنیا ہو کر اٹھتا تھا جب آپ مجلس سماع میں رقص کرتے تو تمام حاضرین پر وجد طاری ہو جاتا تھا اور در و دیوار

رقص کرتے نظر آتے تھے۔ ایک دفعہ بادشاہ وقت نے حاضر ہو کر بارش کی درخواست کی تو آپ نے محفل سماع منعقد کی۔ فوراً موسلا دھار بارش شروع ہوگئی دوسرے دن بادشاہ شکریہ ادا کرنے کی خاطر آیا تو آپ نے رو دیا اور فرمایا۔ نامعلوم مجھ سے کون سی خطا سرزد ہوئی ہے کہ بادشاہ میرے پاس بار بار آرہا ہے۔ یہ سُن کر بادشاہ شرمندہ ہوا اور روتا ہوا گھر چلا گیا جب آپ کے ہاں مجلس سماع ہوتی تو آپ کے حکم سے تمام یارانِ مجلس اور قوال تین دن طے کا روزہ رکھتے تھے اور قوالوں کو پہلے توبہ کرائی جاتی ہیں۔

## حضرت خواجہ ابو احمد ابدال چشتیؒ:

آپ جس وقت سماع میں ہوتے تو جس شخص پر آپ کی نظر پڑ جاتی بھی صاحب کرامت ہو جاتا کسی مریض پر نظر پڑ جاتی تو فوراً صحت یاب ہو جاتا۔ سماع میں آپ کے جبین مبارک سے ایک نور کی شعاع نکلتی تھی جو آسمان تک نظر آتی تھی۔ یہ دیکھ کر تمام اہل شہر کو معلوم ہو جاتا کہ حضرت شیخ سماع سُن رہے ہیں آپ فرماتے ہیں کہ جو فتح باب (باطن دروازوں کا کھلنا) سماع میں حاصل ہوتا ہے کسی دوسرے شغل میں حاصل نہیں ہوتا سو برس کی ریاضت شاقہ سے بھی یہ مرتبہ حاصل نہیں ہوتا۔ آپ کی مجلس میں حضرت خواجہ سری سقطیؒ اکثر شرکت فرمایا کرتے تھے یاد رہے کہ حضرت سری سقطیؒ سید الطائفہ حضرت جنید بغداد قدس سرہ کے شیخ تھے۔ حضرت جنید بغدادیؒ بھی اہل سماع تھے اس لیے حضرت جنید بغدادیؒ سے جس قدر بے شمار سلاسل وجود میں آئے ہیں کسی کو سماع سے انکار نہیں۔ سلسلہ قادریہ وسہروردیہ بھی حضرت جنیدؒ کے فیض یافتہ ہیں۔

## حضرت خواجہ ابو یوسف چشتیؒ:

سماع میں آپ کے جبین مبارک سے نور تاباں نکل کر آسمان تک پہنچ جاتا تھا اور خلقت معائنہ کرتی تھی۔ آپ کی مجلس سماع میں حضرت شیخ ابو بکر شبلی جو حضرت جنید بغدادیؒ کے خلیفہ تھے اکثر شریک ہوتے تھے۔ آپ کا قول ہے کہ جو چیز میں نے سماع میں پائی۔ سو سال کی عبادت میں بھی حاصل نہیں ہو سکتی آپ کی مجلس میں بھی دنیا داروں کو شرکت کی اجازت نہ تھی جو دنیا دار شریک ہوتا مجذوب ہو جاتا تھا فاسق فاجر میں بھی آپ کی مجلس میں

شریک ہو کر صاحب نسبت ہو جاتے تھے اور مریض صحت یاب ہو جاتے۔

**حضرت خواجہ قطب الدین مودود چشتی رح:** آپ ایک دن مجلس سماع میں بیٹھے لوگوں کی نظروں سے غائب ہو گئے بعد میں ایک بزرگ نے اس کی وجہ معلوم کرنا چاہی تو فرمایا کہ اجازت لے کر جواب دوں گا۔ دوسرے دن جب سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ حق تعالیٰ کا ایک مقام ہے جسے نورِ اسود (سیاہ نور) کہتے ہیں کوئی سالک اس مرتبہ تک نہیں پہنچ سکتا۔ مگر بذریعہ سماع۔ جب صاحب سماع اس مرتبہ پر پہنچتا ہے تو لوگوں کی نظروں سے گم ہو جاتا ہے مثل اس ستارہ کے جو آفتاب کی روشنی میں گم ہو جاتا ہے"۔

**حضرت خواجہ عثمان ہارونی رح:** حضرت خواجہ عثمانی ہارونی سماع کا ازحد شوق رکھتے تھے اور بکثرت سنتے تھے جب بعض علمائے ظواہر نے بادشاہ وقت سے شکایت کی تو بادشاہ نے آپ کو سماع سے منع کر دیا لیکن آپ نے جوش میں آکر فرمایا کہ سماع اللہ کے بھیدوں میں سے ایک بھید ہے۔ حالت سماع میں بندہ اور خدا کے درمیان پردے اُٹھ جاتے ہیں سماع ہرگز ہرگز بند نہیں ہوگا۔ کس میں قدرت ہے کہ مجھے سماع سے روکے۔ میں نے خدا تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ قیامت تک میرے مرید اور فرزند سماع سنتے رہیں اور کسی کو اہل سماع پر ظفر حاصل نہ ہوگا۔ آپ سات سات دن تک مسلسل سماع سنتے رہتے تھے۔ ایک دفعہ بادشاہ وقت کے حکم سے مجلس مناظرہ منعقد ہوئی لیکن آپ کی کراہت سے تمام مخالف علماء کی زبانیں بند ہو گئیں اور ان کا سارا علم سلب ہو کر رہ گیا اور امّی محض بن گئے لیکن جب انہوں نے توبہ کی اور معافی مانگی تو ان کا علم لوٹ آیا اور بحث و مباحثہ سے تائب ہوئے۔

**حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رح:** خواجہ خواجگان حضرت خواجہ بزرگ خواجہ معین الدین حسن سنجری اجمیری قدس سرہ بکثرت سماع سنتے تھے اور علماء و فقہائے وقت میں سے کسی کو آپ کے سماع پر انکار نہ تھا۔ اکثر علمائے متبحر اور مشائخ کبار آپ کی مجلس سماع میں حاضر ہوتے اور آپ کے

Marfat.com

فیوض و برکات سے مالامال ہوئے۔

**حضرت خواجہ قطب الدین بختیار اوشی رح:** آپ کے سماع کا یہ عالم تھا کہ سماع میں جان دے دی آپ کے ایک دوست نے مجلس سماع منعقد کرائی۔ قوالوں نے مولانا احمد جام کی غزل گائی جب اس شعر پر پہنچے

کشتگانِ خنجر تسلیم را ، ہر زماں از غیب جانِ دیگر است

تو آپ پر وجد طاری ہوگیا اور چار دن رات آپ مسلسل رقص کرتے رہے اس سے سارے شہر دہلی میں تہلکہ مچ گیا۔ جب نماز کا وقت آتا تھا تو آپ باہر آکر نماز پڑھ لیتے تھے اور پھر محو رقص ہو جاتے جب قوال پہلا مصرعہ پڑھتے تو آپ جاں بحق ہو جاتے تھے۔ جب دوسرا مصرعہ پڑھتے تو پھر سے زندہ ہو جاتے تھے اور رقص کرنے لگتے آخر آپ نے قوالوں کو اشارہ کر دیا کہ دوسرا مصرعہ نہ پڑھنا۔ اس طرح آپ نے رقص کرتے ہوئے جان جان آفرین کے سپرد کر دی آپ کی اس حالت کو احقر راقم الحروف نے منقبت میں یوں بیان کیا ہے ؎

ز تیغ لا فنا فی اللہ ز الا اللہ بقا باللہ۔ چہ خوش خوش جاں بجاں پرور سپرد آں مرد رحمانے

حضرت خواجہ غلام فریدؒ اشارات فریدی میں فرماتے ہیں کہ وصال سے دو ماہ پہلے حضرت خواجہ قطب رض باربار یہ شعر پڑھ کر مست ہو جاتے تھے۔ آخر محفل سماع میں چار دن رات رقص کر کے جان دے دی۔ لقب آپ کا شہید محبت ہے۔

**حضرت شیخ فرالدین مسعود گنج شکر رح:** آپ بھی بڑے ذوق و شوق سے سماع سنتے تھے اور اکثر یہ رباعی آپ کا وردِ زبان تھی ؎

خواہم کہ ہمیشہ در ہوائے تو زیم ، خاکے شوم و وزیر پائے تو زیم
مقصودِ من بندہ ز کونین توئی ، بہر تو میرم و ز برائے تو زیم

ایک مرتبہ سماع کے متعلق علماء کے اختلاف کا ذکر آیا تو آپ نے فرمایا "سبحان اللہ! یکے بسوخت و خاکستر شد و دیگر ہنوز در اختلاف است" آپ نے اپنے وصال سے چند روز پہلے حضرت محبوب الٰہی رح سے فرمایا کہ میں نے دین کے متعلق جو خواہش کی۔ مجھے

Marfat.com

بخشی گئی۔ بعد میں پشیمان ہوا کہ حالت سماع میں موت کیوں نہ طلب کی۔ حضرت خواجہ غلام فرید صاحبؒ اشارات فریدی میں لکھتے ہیں کہ حضرت خواجہ شکر گنج کا لقب "حریق محبت" ہے۔ یعنی محبت میں جلا ہوا۔

**سلطان المشائخ حضرت محبوب الٰہیؒ:** حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء قدس سرہٗ کو جس قدر سماع کا شوق تھا بیان سے باہر ہے حالتِ سماع میں آپ پر بکا کا غلبہ رہتا تھا۔ گو آپ کی مجلس میں مزامیر اور تصفیق (تالی بجانا) منع تھا تاہم علماء ظواہر نے تغلق بادشاہ کے زمانے میں سماع کے متعلق آپ نے مناظرہ کیا اور شکست کھائی۔ جب آپ نے سماع کے جواز میں احادیثِ نبویؐ پیش کیں تو علماء نے کہا کہ آپ امام ابوحنیفہؒ کا قول پیش کریں۔ یہ سن کر آپ خشمگیں ہوئے اور فرمایا کہ تم لوگوں پر خدا کا غضب تو نہیں آنے والا۔ میں سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کا قول پیش کرتا ہوں اور تم امام ابوحنیفہؒ کا قول طلب کرتے ہو۔

مولانا فخرالدین زرادیؒ نے جو آپ کے اعاظم خلفاء میں سے تھے اور صاحب سیر الاولیاء۔ سید محمد کرمانیؒ کے استاذ تھے، اباحتِ سماع پر ایک رسالہ لکھا ہے جس کا نام "اصل الاصول" ہے۔ اس رسالہ میں سماع پر فاضلانہ بحث کر کے سماع کا جواز ثابت کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ ہمارے مشائخ کا سماع بلا مزامیر تھا۔ لیکن اس کی وجہ یہ نہیں تھی کہ مزامیر حرام ہیں، کیونکہ مزامیر کا ثبوت احادیثِ نبویؐ میں موجود ہے۔ بلکہ وجہ یہ ہے کہ شانِ بقا باللہ کی بدولت آپ پر عبدیت اور عجز و انکسار کا غلبہ تھا اور احتیاط کا پہلو مدنظر رکھتے تھے۔ نیز چونکہ آپ کا مقام محبوبیت تھا۔ آپ کی طبیعت ازحد نازک تھی اور شاید مزامیر کی آواز کو طبعِ مبارک برداشت نہ کرتی تھی۔ لیکن آپ کے خلفاء اکثر مزامیر کے ساتھ سماع سنتے تھے۔

**حضرت شاہ عبدالقدوس گنگوہیؒ:** مشائخ چشتیہ صابریہ بھی سماع میں بہت زیادہ شغف رکھتے تھے۔ حضرت شاہ عبدالقدوس گنگوہیؒ صابریہ طریقہ کے موجودہ سماع کے راس و رئیس ہیں۔ آپ بڑی شان

Marfat.com

کے صاحب علم، عمل، ذوق وحلاوت وجد و سماع تھے۔

حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ جو نقشبندی تھے اپنے رسالہ سماع میں لکھتے ہیں کہ:

"حضرت پناہ عالمین، شیخ عبد القدوس گنگوہیؒ باوجود کمال علم ظاہری و باطنی میں رفعت شان رکھنے کے سماع بامزامیر میں افراط رکھتے تھے۔ آپ کی تصنیف۔ شرح المعارف۔ میں سماع کی اباحت پر طویل بحث آئی ہے۔"

## علماء دیوبند اور سماع:

ہمارے ملک میں بریلوی اور دیوبندی بحث ومباحثہ کی وجہ عام طور پر یہ مشہور ہے کہ علمائے بریلوی تصوف کے حامی اور دیوبندی مخالف ہیں اس لیے ہم یہاں علماء دیوبند کا جواز سماع کے متعلق فتویٰ پیش کرتے ہیں تاکہ بقول عارف رومیؒ ؎

خوشتر آن باشد کہ ستر دلبراں
گفتہ آید در حدیثِ دیگراں

حجت تمام ہو جائے۔

علماء دیوبند کے سردار پیر و مرشد حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ نے — فیصلہ ہفت مسائل کے نام سے ایک رسالہ لکھا ہے جس میں آپ نے مجالس میلاد عرس و سماع، ندائے غیر اللہ، جماعت ثانیہ وغیرہ مسائل کا جواز نکالا ہے۔ سماع کے متعلق آپ کا فیصلہ جو دراصل علماء دیوبند کا فیصلہ ہے یہ ہے۔

"رہا سماع کا مسئلہ یہ بحث از بس طویل ہے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ مسئلہ اختلافی ہے سماع محض میں بھی اختلاف ہے جس میں محققین کا یہ قول ہے کہ اگر شرائط جواز مجتمع ہوں اور عوارض مانعہ مرتفع ہوں تو جائز، ورنہ ناجائز، کما فصلہ الامام غزالیؒ اور سماع بالآت (باجوں سمیت) میں بھی اختلاف ہے۔ بعض لوگوں نے احادیث منع کی تاویلیں کی ہیں اور نظائر فقہیہ پیش کیے ہیں۔۔۔"

چنانچہ قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ نے اپنے رسالہ سماع میں اس کا ذکر فرمایا ہے مگر آداب سماع کا ہونا سب کے نزدیک ضروری ہے۔

Marfat.com

.... مشرب فقیر کا اس امر میں یہ ہے کہ ہر سال اپنے پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کرتا ہوں اول قرآن خوانی ہوتی ہے اور گاہ گاہ مولود پڑھا جاتا ہے۔ اور پھر ماحضر تقسیم کیا جاتا ہے ....

## مولانا تھانویؒ کا سماع سُننا اور سُنوانا:

کتاب — خم خانۂ باطن — میں مولانا تھانوی صاحبؒ بھی یہ لکھتے ہیں کہ:

"ایک دفعہ میں نے بھی ایک طالب علم کا علاج سماع سے کیا تھا۔ مدرسہ جامع العلوم کانپور میں ایک طالب علم پر شورشِ باطنی کا غلبہ ہوا۔ کسی طرح سکون نہیں ہوتا تھا۔ میں نے اس کے لیے سماع تجویز کیا۔ میرے ایک ملنے والے صاحبِ سماع تھے۔ میں نے ان سے کہا ہم لوگ تو مولوی ہیں اپنے ہاں سماع کا انتظام نہیں کر سکتے۔ تم اپنے ہاں لے جاؤ۔ اور سماع سنوا لاؤ۔ امید ہے کہ ان کو سکون ہو جاوے گا۔ وہ بہت خوش ہوتے اور خوشی خوشی ان کو اپنے ہاں لے گئے۔ ان کی جماعت نے بھی اس کو اپنے لیے فخر سمجھا کہ ہم سے مولویوں نے رجوع کیا۔ مگر جب وہاں ڈھولکی اور ستار کا انتظام ہوا تو وہ طالب علم بہت بگڑا۔ اور ان کو دھمکایا کہ تم مجھے بدعت کا آلہ کار بنانا چاہتے ہو۔ یاد رکھنا سب ڈھولکی اور ستار توڑ دوں گا۔ خبردار جو میرے سامنے بدعت کا ارتکاب کیا۔ وہ لوگ بہت گھبرائے اور اس کو واپس کر دیا۔ میں خوش ہوا کہ الحمد للہ ان کی حالت سنت کے مطابق ہے، پھر میں نے ایک خوش الحان طالب علم سے کہا کہ ان کو کوئی غزل تنہائی میں سنا دو۔ اس طالب علم نشست میرے سامنے ہی تھی۔ اس نے امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ کی یہ غزل سنائی ؎

از ہجر تو دل کباب تا کے — جاں در طلبت خراب تا کے
در مصحفِ روئے او نظر کن — خسروا غزل و کتاب تا کے

میرے کانوں میں بھی آواز آ رہی تھی۔ جب تک غزل سنائی جاتی رہی ان پر حال کا غلبہ رہا۔ بار بار جوش میں کھڑے ہو جاتے اور "تا کے" "تا کے" پکارتے۔ پھر سکون ہو گیا۔ تو یہ در اصل دوا ہے اور اس کو طبیب ہی سمجھ سکتا ہے کہ کس مریض کو اس دوا کی ضرورت ہے۔ بغیر شیخ کی اجازت کے کوئی سماع سنے تو غلطی میں مبتلا ہو گا۔"

اس کے بعد لکھا کہ —

Marfat.com

## مولانا رشید احمد گنگوہی رح اور سماع:

"حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کے یہاں بعض ذاکرین پر ایسی حالت طاری ہوتی تھی کہ وہ ذاکرین تالیاں بجانے لگتے تھے اور تالیاں بجانا بھی سماع کے قریب قریب ہے کیونکہ لہو میں داخل ہے۔ مگر حضرت نے کوئی نکیر نہیں فرمائی۔ مولانا محمد حسن صاحب مراد آبادیؒ حضرت کے یہاں بہت کھلے ہوئے تھے اور حضرت ان سے بہت محبت کرتے تھے انہوں نے ایک دن عرض کیا کہ حضرت اب تو آپ کے ہاں تالیاں بجنے لگی ہیں۔ حضرت نے ان کو ڈانٹ دیا کہ تم کیا جانو خاموش رہو۔"[۱]

اس کے بعد کتاب مذکور میں مولانا اشرف علی صاحبؒ تھانوی لکھتے ہیں کہ:

"غرض مزامیر کے ساتھ سماع کو قریب قریب سب صوفیہ نے حرام کہا ہے۔ البتہ بعض نے اس کی اجازت بھی دی ہے[۲] اور علامہ شامیؒ نے (مشہور حنفی بزرگ ہیں جو علوم ظاہری و باطنی سے مزین تھے)، ان پر سے اعتراض کو اس طرح رفع کیا ہے کہ فقہا نے تین وقتوں میں اس طرح اجازت دی ہے جس طرح امراء کے یہاں تین مختلف اوقات میں نوبت بجتی ہے اور یہ حکمت بیان کی ہے کہ اس میں نفحات ثلثہ کی تذکیر ہے۔

علامہ شامیؒ لکھتے ہیں کہ تذکیر نفحات کے لیے طبل کے لیے اجازت ہے تو جو حضرات صوفیہ اس قسم کے مصالح سے آلات کی اجازت دیتے ہیں تو ان پر بھی اعتراض نہ کرنا چاہیئے۔"

---

[۱] اس سے ظاہر ہے کہ مولانا تھانویؒ کے نزدیک سماع حلال ہے اور اجازت شیخ کی ضرورت ہے۔

[۲] ان واقعات سے ظاہر ہے کہ مولانا تھانوی صاحبؒ اور مولانا رشید احمد صاحب گنگوہیؒ سماع کو جائز سمجھتے تھے نہ کہ حرام۔[۳] جس مسئلہ پر بعض علماء کا اختلاف ہو تو عام لوگوں کو اجازت ہے کہ وہ جس عالم کا فتویٰ چاہیں قبول کریں، اختلافی مسائل میں کسی ایک فریق کے فتویٰ پر عمل کرنا جائز ہے اور فقہا کے نزدیک اس کا کوئی مواخذہ نہیں ہے۔ جب علماء کی ایک جماعت سماع بالمزامیر کو جائز قرار دیتی ہے تو عوام کے لیے یہ فتویٰ کافی ہے۔

Marfat.com

اس وجہ سے مولانا قاری عبد الرحمٰن صاحب پانی پتی علامہ شامی کے معتقد نہ تھے۔ مگر حضرت مولانا گنگوہی ان کے معتقد تھے اور علامہ شامیؒ کی بہت تعریف فرماتے تھے۔

بات یہ ہے کہ قاری عبد الرحمٰن صاحب میں غالب علمی بزرگی تھی اور مولانا گنگوہی میں علمی اور باطنی دونوں بزرگیاں تھیں۔ جو شخص ایسا ہوگا وہ علامہ شامیؒ کا معتقد ہوگا۔ کیونکہ علامہ شامیؒ صرف علمی بزرگ ہی نہ تھے۔ بلکہ صاحب باطن بھی تھے۔

## مولانا تھانویؒ کا ایک بار سماع سننا:

کتاب مذکور میں آگے چل کر مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ لکھتے ہیں کہ:

"ایک مرتبہ مجھے ریل میں مولانا محمد حسین صاحب الہ آبادی (یہ آپ کے پیر بھائی تھے) کا قوال فرزند علی مل گیا۔ اس وقت وہ بوڑھا ہو چکا تھا۔ کہنے لگا میرا دل چاہتا ہے کہ حضور کو کچھ سناؤں۔ چونکہ وہ بوڑھا تھا۔ مزامیر وغیرہ ساتھ نہ تھے۔ صرف سماع ہی سماع تھا۔ اور قوال بھی تھا کس کا؟ مولانا کا۔ میں نے اجازت دے دی۔ اس نے ایک غزل سنائی۔ گو ریل چل رہی تھی اور اس کی گھڑگھڑ کی آواز کانوں کو پریشان کر رہی تھی مگر اس کی آواز غالب تھی اور یہ معلوم نہ ہوتا تھا۔ کہ ریل چل رہی ہے یا کھڑی ہے۔ ایک غزل کے بعد میں نے آگے اجازت نہ دی۔"

## مولانا محمد حسین الہ آبادی دیوبندیؒ کا صاحب سماع ہونا:

حضرت مولانا محمد حسین الہ آبادیؒ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کے مرید و خلیفہ ہیں۔ لیکن سماع خوب سنتے تھے اور مزامیر کے ساتھ سنتے تھے۔ مولانا اشرف علی صاحب اپنے رسالہ "خم خانۂ باطن" میں لکھتے ہیں کہ:

"ایک مرتبہ مکہ معظمہ میں حضرت حاجی صاحبؒ کی خدمت میں ایک صاحب حاضر ہوئے۔ جو مولانا رومؒ کے سلسلہ میں تھے۔ ان کو گانے بجانے میں کمال حاصل تھا۔ انہوں نے حضرت حاجی صاحب سے عرض کیا کہ میں نے "نے" بجانے میں جو کمال حاصل کیا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ برکت کے واسطے حضرت کے سامنے اسے پیش کر دوں۔ اب اگر حضرت بالکل انکار فرماتے ہیں تو ان کی دل شکنی ہوتی ہے

Marfat.com

اور اہل سماع صوفیہ پر انکار لازم آتا ہے[1] اور سنتے ہیں تو اپنے طریقہ کی مخالفت لازم آتی ہے[2]۔ آپ نے ان دونوں پہلوؤں کو کس طرح سنبھالا۔ فرمایا بھائی مجھے تو اس فن سے ذرا بھی مناسبت نہیں۔ ایسے شخص کو سنا کر اپنے فن کی کیوں بے قدری کراتے ہو۔ کسی قدردان کو سنائیے جو اس فن سے واقف ہو۔ اور کمال کی داد دے سکے۔ ہاں ہمارے مولوی محمد حسین صاحب الہ آبادیؒ جو حضرت حاجی صاحبؒ کے مرید و خلیفہ تھے، ہوتے تو وہ آپ کے کمال قدر کرتے"۔

حضرت شاہ محمد حسین الہ آبادیؒ جن کا اوپر ذکر آیا ہے۔ دیوبندی ہونے کے باوجود بڑے ذوق و شوق سے سماع سنتے تھے۔ اور آپ کا وصال بھی عرس اجمیر شریف کے موقع پر حضرت شاہ عبدالقدوس گنگوہیؒ کی اس غزل پر ہوا ؎

آستیں بر رُخ کشیدہ ہمچو مکار آمدی
باخودی درخود تماشا سوئے بازار آمدی

**شرائط و آداب سماع:** جوازِ سماع کے بعد اب شرائط سماع کا بیان ضروری ہے۔ چونکہ سماع میں مضرت کا پہلو بھی موجود ہے۔ اس لیے اولیائے کرام نے ہرکس و ناکس کو سماع سننے کی اجازت نہیں دے رکھی۔ بلکہ انہوں نے مجالسِ سماع کے لیے چند شرائط مقرر کی ہیں جن سے نا اہل لوگوں کا داخلہ بند ہو جاتا ہے۔ اور صرف خواص باقی رہ جاتے ہیں۔ امام غزالی نے ــــــ احیاء العلوم ــــــ میں اور دیگر مشائخ نے سماع کے لیے تین شرائط قائم فرمائی ہیں۔ مکان۔ زمان۔ اخوان

---

[1] اس سے ظاہر ہے کہ حاجی امداد اللہ صاحبؒ اور ان کے مریدین اہل سماع صوفیہ پر انکار یا اعتراض نہیں کرتے تھے۔ بلکہ ان کو حق بجانب سمجھتے تھے۔

[2] اپنے طریقہ کی مخالفت لازم آنے کے یہ معنی نہیں کہ آپ حرام سمجھ کر سماع نہیں سنتے تھے۔ بلکہ عام فقہا کی طرح بعض مصلحتوں کے تحت عوام کو سماع سے منع کرتے تھے۔ اگر ناجائز سمجھتے تو پھر صاحب سماع صوفیہ پر انکار سے کیوں پرہیز کرتے۔

**شرطِ مکان :** مکان، جہاں مجلس سماع منعقد ہو رہی ہو۔ ایسا ہونا چاہیے کہ وہاں عوام اور نا اہلوں کا گزر نہ ہو۔ پُرسکون مقام ہو۔ غیر شرعی امور کا دخل نہ ہو

**زمان :** سماع سننے کے لیے ایسا وقت مقرر کیا جائے۔ کہ جس میں کوئی شرعی ممانعت نہ ہو۔ مثلاً نماز کا وقت نہ ہو۔ ایسا وقت ہو کہ جب ہر طرف سے فراغت اور سکون میسر ہو۔ اور کسی قسم کی مداخلت کا امکان نہ ہو۔

**اخوان :** مجلس سماع میں ایسے لوگ بلائے جو اہل سماع ہوں، محرم راز ہوں۔ اہل حق ہوں۔ فاسق فاجر اور منکر سماع نہ ہوں اور کلام مجاز کو حقیقت پر محمول کرنے والے ہوں۔ حق تعالیٰ اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں کلام سننا اور اپنی یہ پیاس بجھانا چاہتے ہوں۔

**آدابِ سماع :** مجلس سماع کے لیے بزرگان نے جو آداب سماع مقرر فرمائے ہیں۔ ان میں سے چند حسبِ ذیل ہیں۔

۱۔ مجلس سماع میں باوضو رہنا چاہیے۔

۲۔ غیر شرعی امور سے پرہیز کرنا چاہیے۔ مثلاً شراب نوشی نہ ہو۔ مرد اور عورتیں یکجا نہ ہوں۔ خلاف شرع اور بے ہودہ کلام نہ گایا جائے۔ ننگے سر نہیں بیٹھنا چاہیے۔ باادب یعنی دوزانوں یا مربعہ بیٹھنا چاہیے پاؤں پھیلا کر نہیں بیٹھنا چاہیے۔ گاؤ تکیہ لگا کر نہیں بیٹھنا چاہیے۔ توجہ الی اللہ سب سے بڑی شرط ہے۔ یعنی ہر وقت متوجہ الی اللہ ہونا چاہیے ادھر اُدھر دیکھنے اور ہنسی مذاق سے پرہیز لازم ہے۔ دورانِ سماع میں سگریٹ، بیڑی، پانی شربت، چائے، پان منع ہے البتہ درمیان میں وقفہ دے کر چائے پانی پی سکتے ہیں۔

۳۔ محفل سماع میں چھوٹے بچے یا امرد نہ ہوں۔ حتیٰ کہ قوالوں میں بھی امرد نہ ہو۔

۴۔ قوالوں کو جو نذرانے پیش کیے جائیں۔ میر مجلس کے ذریعے پیش کیے جائیں۔ براہِ راست قوالوں کو کوئی چیز دینا یا ان کی طرف پھینکنا منع ہے۔

۵۔ مجالس سماع میں کلام کی فرمائش منع ہے۔ بلکہ یہ کام میر مجلس کی مرضی پر چھوڑ دیا جائے

۶۔ دورانِ سماع قوالوں کی غلطی پکڑنا یعنی ان کے الفاظ صحیح کرنا منع ہے۔ ہاں اگر

Marfat.com

کوئی بیجا کلام ہو تو میر مجلس اس کی تصحیح کر سکتے ہیں۔ ہر شخص کو اس کا حق نہیں پہنچتا۔

۷۔ سماع میں اگر کسی شخص پر وجد طاری ہو جائے اور وہ کھڑا ہو جائے تو اس کی تعظیم کیلئے تمام اہل مجلس کو کھڑا ہو جانا چاہیے۔ ہاں اگر کوئی مسخرہ کھڑا ہو جائے تو اسے اچھے طریقہ سے مجلس سے باہر لے جانا چاہیے۔

۸۔ حتی الوسع تواجد اور رقص اور ہا ہو سے پرہیز کرنا لازم ہے اور مغلوب الحال ہونے کی بجائے غالب الحال رہنا چاہیے۔ کیونکہ تواجد سے ایک تو فیضان بند ہو جاتا ہے۔ دوسرے باقی لوگ جو وہاں موجود ہوں ان کے حال میں خلل واقع ہوتا ہے۔ ضبط و استقلال سے فیضان میں اضافہ ہوتا ہے اور تواجد سے نقصان ہوتا ہے۔ تواجد کا مطلب یہ ہے کہ فیضان برداشت نہیں ہو سکا جو ایک دو پیالے پی کر مست ہو جائے اسے مزید کون دیگا۔

۹۔ اگر کسی کو حال آجائے تو اس پر اعتراض نہیں کرنا چاہیے نہ اس کا مذاق اڑانا چاہیے بلکہ خاموشی اور ادب کے ساتھ رہنا چاہیے۔ تصنع اور عمداً حال پیدا کرنے سے پرہیز لازم ہے۔

۱۰۔ اگر تجدید وضو کی ضرورت پیش آئے تو محفل سے باہر چلا جائے اور تجدید کرے۔

۱۱۔ آجکل چونکہ ان تمام آداب و شرائط کی پابندی مشکل ہو گئی ہے اس لیے اگر علماء کرام ان غلطیوں پر اعتراض کریں تو ان کو برحق سمجھ کر اپنی اصلاح کی کوشش کرنی چاہیے نہ کہ ان پر جوابی حملے کیے جائیں۔

**ترتیب سماع:** چونکہ نماز کی طرح سماع بھی سلوک الی اللہ کا خلاصہ ہے۔ سماع میں جس قسم کا کلام گایا جاتا ہے۔ سالکین پر ان ہی واردات کا نزول ہوتا ہے اس لیے مشائخ عظام نے کلام کی ایسی ترتیب مقرر کی ہے کہ جس سے سلوک الی اللہ کی ابتدائی منازل شروع ہو کر آخری منازل تک رسائی ہو جائے۔ چنانچہ سماع تبرک کے طور پر نعت نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام سے شروع کیا جاتا ہے۔ نعت کے بعد عشقیہ کلام آتا ہے تاکہ سامعین کے قلوب میں آتش عشق کے شعلے بلند ہوں اور پرواز میں مدد ملے۔ چونکہ سیر عروجی میں پرواز کی پہلی منزل فنا فی اللہ ہے۔ عشقیہ کلام کی متعدد غزلیات کے بعد جب زمین تیار ہو جائے تو توحید یا فنائیت کا کلام گایا جائے۔ جس سے سالکین مراقب ہو کر مراقبہ فنا میں چلے جاتے

Marfat.com

ہیں۔ فنا کے بعد چونکہ فنار الفنا کا مقام ہے ۔اس کے بعد قوال ایسا کلام شروع کریں جس سے لاتعین اور احدیت کی طرف رجوع ہو۔ فنار الفنا کے بعد عبودیت یا بقا باللہ کا مقام ہے جس کا خاصہ عجز وانکسار اور تسلیم ورضا ہے ۔یہاں پہنچ کر تسلیم ورضا اور نیستی اور عجز وانکسار کا کلام گایا جائے تاکہ سالکین مراقبہ ذات بحت اور لاتعین سے نکل کر عبدیت اور دوئی میں آئیں۔ اور حق تعالےٰ کی الوہیت کے سامنے اپنی نیستی اور عجز کا اقرار کریں۔

دوران سماع میں اس بات کا خیال نہایت ضروری ہے کہ مندرجہ بالا ترتیب کو بحال رکھا جائے اور اگر فنا کا کلام ہورہا ہے تو مضمون بدل کر نہ عشقیہ کلام کی طرف جائیں نہ نعت و منقبت مشائخ شروع کریں ورنہ انقباض طاری ہوجائے گا۔ اسی طرح آخر میں بقا، عبدیت، نیستی اور تسلیم ورضا کے کلام کے بعد پھر فنا یا نعتیہ کلام شروع نہ کرے بلکہ سالکین کو اپنے منازل و مراحل سلوک میں رہنے دیا جائے۔ نیز اگر کسی کلام پر کسی شخص پر وجد طاری ہوگیا ہے تو تنگ آکر کلام بند نہیں کرنا چاہیے بلکہ جاری رہنے دیا جائے ورنہ یکایک بندش سے اس کی موت واقع ہوسکتی ہے۔ البتہ اگر مجلس کا وقت ختم ہورہا ہو تو اس شخص کو قوالوں کے ساتھ علیحدہ چھوڑ کر درمیان میں حلقہ قائم کیا جاسکتا ہے تاکہ دیگر رسومات مجلس پوری کی جاسکیں۔ ہاں جب یہ معلوم ہوجائے کہ وجد کرنے والے کی تسکین ہوچکی ہے اور وہ تھک چکا ہے تو قوالوں کو وہ کلام چھوڑنے اور آگے بڑھنے کا اشارہ کرنا چاہیے۔

**منقبت اولیار:** مجلس سماع میں مشائخ عظام کی منقبت کا وقت شروع میں یا نعت کے بعد ہے۔ جب کسی ولی اللہ کی منقبت ہورہی ہو تو سالکین کو اس بزرگ کی روحانیت کی طرف متوجہ ہونا چاہیے۔ اس سے اس ولی اللہ کی طرف سے سالکین پر فیضان جاری ہوجاتا ہے۔ لیکن قوالوں کو چاہیے کہ سب کو خوش کرنے کی خاطر مختلف اولیاً کرام کا نام لے کر منقبت مخلوط نہ کریں۔ ورنہ فیضان میں خلل واقع ہوگا۔ منقبت اولیاً کے وقت سامعین کو مؤدب ہوکر بیٹھنا چاہیے۔ اور غیر ضروری حرکات سے پرہیز کرنا چاہیے ورنہ دوسری طرف سے خفگی ہوگی۔ مؤدب اور متوجہ ہوکر بیٹھنے سے فیضان کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔

Marfat.com

# باب نمبر ۵

## اوراد، وظائف، اذکار، اشغال و مراقبات

اب ہم ان اذکار و مشاغل وغیرہ کی قدرے تفصیل بیان کرتے ہیں جن پر عمل کر کے غوث، قطب، ابدال وجود میں آئے ہیں۔ اس سلسلہ میں سب سے پہلے ہم یہ بتا دینا چاہتے ہیں کہ :

**فضلِ ربّی :** حق تعالیٰ تک رسائی کا دارومدار حق تعالیٰ کی عنایت اور لطف و کرم پر ہے۔ کسی نے خوب کہا ہے ؎

این سعادت بزور بازو نیست
تانہ بخشد خدائے بخشندہ

لیکن یہ راستہ انسان کے اپنے قدموں سے طے ہوتا ہے جس طرح ہر کام میں محنت کر کے نتائج کو اللہ تعالیٰ پر چھوڑ دیا جاتا ہے، اس کام میں بھی یہی کرنا پڑتا ہے۔

**شیخ کامل کی توجہ :** دوسری بات یہ ہے کہ شیخ کامل کا ہاتھ ضروری ہے۔ عارف رومیؒ فرماتے ہیں۔

ہیچ مرد خود بخود شیخے نشد
ہیچ آہن خود بخود تیغے نشد

نہ کوئی لوہا خود بخود تلوار بن سکتا ہے نہ کوئی آدمی خود بخود درجۂ کمال کو پہنچ سکتا ہے۔ بلکہ شیخ کامل کے قدموں کی خاک بننا پڑتا ہے۔ جیسا کہ عارف رومیؒ نے فرمایا ہے ؎

قال را بگذار مردِ حال شو
پیشِ مرد کاملے پامال شو

Marfat.com

زبانی جمع خرچ ترک کر دا ور حال کے حاصل کرنے کی کوشش کرو۔ اور حال کیسے حاصل ہوتا ہے۔ مردِ کامل کے پاؤں کی خاک بننے سے۔

اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ دنیا کا کوئی کام استاد اور رہبر کے بغیر نہیں ہو سکتا۔ پھر یہ سب سے اہم اور سب سے اعلیٰ کام اس قاعدہ کلیہ سے کیوں مستثنیٰ ہو! جب کہ باقی علوم و فنون اور پیشہ جات میں دیکھی دکھائی چیزوں سے تعلق ہوتا ہے لیکن اس کوچہ میں ہمارا نصب العین وہ ہوتا ہے جو نہ آنکھوں سے دیکھا جا سکے اور نہ کانوں سے سنا جا سکے، نہ ہاتھوں سے پکڑا جا سکے۔

شیخ کامل کا ہاتھ پکڑنے کی دوسری وجہ یہ ہے کہ وہ آپ کی بیماری تشخیص کر کے مناسب دوائی تجویز کرتے ہیں۔ تیسری وجہ یہ ہے کہ شیخ کامل اپنی طرف سے بھی کچھ دیتے ہیں علماء ظواہر کے طریقۂ ہدایت اور کاملین کے طریقۂ ہدایت میں یہی فرق ہے کہ جہاں علماء ظواہر ہر بیمار کو ایک ہی دوائی پلا دیتے ہیں، شیخ کامل مرض کے مطابق دوائی دیتے ہیں۔ دوسرا فرق یہ ہے کہ علماء ظواہر بھوکے اور پیاسے کے سامنے شربت اور پلاؤ کے محاسن پر سامعین کو صرف لیکچر پلاتے ہیں جس سے شربت کی خوبیوں سے تو پیاسا بخوبی آگاہ ہو جاتا ہے۔ لیکن اس کی پیاس نہیں بجھتی، ان کی خدمت میں پیاسا جاتا ہے اور پیاسا واپس آتا ہے۔ لیکن شیخ کامل پیاسے کے حلق میں شربت ڈال کر اُسے اچھی طرح سیراب کر دیتے ہیں۔

لہٰذا ان اذکار و مشاغل کو پڑھ کر خود بخود ان پر عمل نہیں کرنا چاہیے بلکہ شیخ کامل کے زیرِ ہدایت ان پر عمل کرنا چاہیے۔

**کیا ہر شخص ولی اللہ بن سکتا ہے:** ایک دفعہ فوج کے ایک بہت بڑے افسر نے راقم الحروف سے پوچھا کہ کیا ہر شخص ولی اللہ بن سکتا ہے؟ ہم نے کہا، ہاں، بن سکتا ہے کیونکہ۔

**ولایت کی اقسام:** ولایت کی کئی قسمیں ہیں۔ ولایت عام، ولایت خاص اور ولایت اخص، اللہ تبارک و تعالیٰ قرآنِ عظیم میں فرماتے ہیں۔

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

"اللہ تعالٰے مومنین کا دوست ہے۔"

اس لحاظ سے ہر مومن مسلمان ولایت کے کسی نہ کسی درجے پر فائز ہوتا ہے۔ کیونکہ ولایت تعلق باللہ کا نام ہے اور یہ تعلق جس قدر مضبوط ہوگا ولایت اسی قدر اعلیٰ وارفع ہوگی۔

فرض کرو بہت سے لوگ ایک بلند پہاڑ کی چوٹی سر کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اب پہاڑ کی بلندترین چوٹی پر پہنچنا تو کسی قسمت والے کو نصیب ہوگا۔ لیکن باقی لوگ کسی نہ کسی بلندی پر تو ضرور پہنچ جائیں گے۔ کوئی ایک میل کی بلندی تک پہنچے گا۔ کوئی دو میل پر، کوئی تین میل پر، غرضیکہ سطح زمین سے تو ہر شخص اوپر ہوگا اور یہی ولایت کے مقامات ہیں۔ جو ہر شخص اپنی استعداد اور قابلیت کے مطابق طے کرتا ہے جب سالک مقام فنافی اللہ تک پہنچ جاتا ہے تو اسے ولایت خاص نصیب ہوتی ہے۔ اس کے بعد تمام بزرگ اپنی استعداد کے مطابق مراتب طے کرتے رہتے ہیں اور یہ ترقی تمام عمر جاری رہتی ہے۔ کیونکہ ذات باری تعالٰے کی کوئی حد نہیں ہے۔ اس لیے پرواز کی بھی کوئی حد نہیں ہے۔ بلکہ موت کے بعد قیامت تک اور قیامت کے بعد بہشت میں بھی پرواز جاری رہتی ہے۔ جاننا چاہیے کہ ذات باری تعالٰے کی طرف پرواز یا ترقی ہر نیک کام کرنے سے ہوتی ہے۔ جب آپ نماز پڑھتے ہیں، روزہ رکھتے ہیں۔ زکوٰۃ دیتے ہیں، حج کرتے ہیں یا کوئی اور نیکی کا کام کرتے ہیں تو قرب کے مراتب میں ترقی ضرور ہوتی ہے۔ لیکن اس کی رفتار اس قدر کم ہوتی ہے کہ آدمی کو ترقی محسوس نہیں ہوتی اس لیے مزید ریاضت و مجاہدہ اور اذکار و مشاغل کی ضرورت پڑتی ہے۔ تاکہ قلب پر جو زنگ جمع ہوجاتی ہے دُھل کر صاف ہوجائے اور روح میں قوت پرواز پیدا ہو۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت ان اذکار و مشاغل کی ضرورت نہ تھی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانی قوت اس قدر تیز تھی کہ صحابہ کرام کے کئی منازل آپ کی صورت دیکھ کر طے ہوجاتے تھے۔ آپ سے ہم کلام ہونے اور ہاتھ ملانے سے بھی کئی مراتب طے ہوجاتے تھے۔ لیکن جوں جوں زمانۂ نبوی سے بُعد ہوتا گیا۔ قلوب پر زنگ جمع ہوتا گیا اس لیے مشائخ عظام کو کئی قسم کے اذکار و مشاغل کی ضرورت محسوس ہوئی۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالٰے فرماتے ہیں کہ۔

Marfat.com

"جب میرا بندہ نوافل کے ذریعے میرا قرب حاصل کرنا چاہتا ہے تو میں اس کے قریب ہو جاتا ہوں۔ یہاں تک کہ اس کے کان، آنکھیں، ہاتھ، پاؤں بن جاتا ہوں جن سے وہ سنتا ہے۔ دیکھتا ہے، پکڑتا ہے، چلتا ہے۔"

اس حدیث سے بھی ظاہر ہے کہ قربِ الٰہی حاصل کرنے کے لیے زائد عبادت کی ضرورت ہے، نوافل کا مطلب صرف نمازِ نفل پڑھنا نہیں ہے۔ بلکہ نفلی روزے بھی ہوتے ہیں۔ نفلی اذکار بھی ہوتے ہیں۔

## ذکر اللہ کی اہمیّت

قرآن مجید اور حدیث پاک میں ذکر اللہ کی بہت فضیلت آئی ہے اور جابجا کثرتِ ذکر کی تاکید وارد ہوئی ہے۔ یہاں تک کہ اُٹھتے، بیٹھتے، سوتے، ذکرِ الٰہی میں مشغول رہنے والوں کی حق تعالیٰ نے ان الفاظ میں تعریف فرمائی ہے:

يَذْكُرُونَ اللهَ قِيَامًا وَّقُعُودًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ (جو اللہ کے ذکر میں مشغول رہتے ہیں کھڑے ہوئے، بیٹھے ہوئے اور سوتے ہوئے۔)

اس سے بڑھ کر ذکر اللہ کی کیا تاکید ہو سکتی ہے۔ ہر حالت میں ذکر جاری رہے۔ خواہ انسان کھڑا ہے، بیٹھا ہے یا لیٹا ہوا ہے۔ اس ذکر سے نماز مراد نہیں ہے۔ کیونکہ ان آیات کے شروع میں نماز کی علیحدہ تاکید وارد ہوئی ہے۔

اس سے بڑھ کر ذکر اللہ کی اور تاکید ملاحظہ ہو۔ فرمان ہوتا ہے:

وَهُمْ فِي صَلَاتِهِمْ دَائِمُوْنَ (ایسے مردانِ خدا بھی ہیں جو) ہر لحظ اور ہر لمحہ نماز میں مشغول ہیں۔ اس سے بھی مراد نماز نہیں۔ کیونکہ نماز زندگی کے ہر لمحہ میں ادا نہیں ہو سکتی۔ اس صلوٰۃِ دائمی سے مراد ذکر اللہ ہے۔ کیونکہ ایک اور روایت میں حق تعالیٰ نے نماز کی غرض و غایت ذکر الٰہی ٹھہرایا۔ فرمایا:

اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ (نماز قائم کرو میرے ذکر کی خاطر)

اس سے ظاہر ہے کہ نماز مقصود بالذات نہیں۔ ذکر مقصود ہے اور نماز اس کا ذریعہ ہے۔ دراصل ذکر بھی مقصود بالذات نہیں ہے۔ بلکہ مذکور (جس کا ذکر کیا جائے یعنی خود حق تعالیٰ) مقصود بالذات ہے۔ جیسا کہ حق تعالیٰ نے فرمایا ہے:

اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰهَا (تیری آخری منزل خود حق تعالیٰ ہے)

جو علم روحانیت کی اصطلاح میں فنا فی اللہ کے نام سے موسوم ہے۔

اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ حق تعالیٰ نے ذکر کو اس قدر کیوں اہمیت دی ہے کہ چلتے پھرتے،

Marfat.com

اُٹھتے بیٹھتے، سوتے ذکر میں مشغول رہنا چاہیے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انسان کا نفس بہت شریر ہے اور وہ

بہت مشکل سے مسخر ہوتا ہے اور جب تک نفس کا زور نہ توڑا جائے، سرکش گھوڑے کی طرح سوار کو تباہ و برباد کر ڈالتا ہے۔ کیونکہ انسان مرکب ہے رُوح اور جسم کا۔ رُوح بمنزلہ سوار ہے اور نفس بمنزلہ سواری یعنی گھوڑا وغیرہ۔ اگر گھوڑا سرزور ہو تو سوار کی خیر نہیں۔ لیکن اسلام میں گھوڑے کی بھی خیر منائی گئی ہے کیونکہ گھوڑے کے بغیر سفرِ آخرت طے نہیں ہوتا۔ جہاں دیگر مذاہب میں اربابِ روحانیت کے لیے نفس کچل کر رہبانیت کی زندگی بسر کرنا اور ہمیشہ کے لیے غاروں اور جنگلوں میں رہنا ضروری تھا، اسلام نے رُوح کی پرورش کے ساتھ جسم کی پرورش اور نفسانیت کو حدِ اعتدال پر رکھنے کی تعلیم بھی دی ہے۔ آیۂ:۔ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ۔۔۔ سے یہی تکمیلِ انسانیت اور تکمیلِ منزل مراد ہے اور کثرتِ ذکر، کثرتِ صوم وصلوٰۃ اور کثرتِ شب بیداری کے بغیر نہ نفس کا زور ٹوٹتا ہے، نہ اس کے اندر اعتدال واقع ہوتا ہے۔ بعض لوگ (علماء کرام تک) یہ اعتراض فرماتے ہیں کہ اسلام میں عبادات کا پروگرام تو نہایت مختصر تھا، صوفی لوگوں نے خواہ مخواہ اسے مشکل بنا کر اپنے نفس پر مظالم ڈھائے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے قرآن حکیم کی ان آیات کو نہیں پڑھا، یا پڑھ کر نظر انداز کر دیا ہے:

تَتَجَافٰی جُنُوْبُھُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ (ایسے مردانِ خدا بھی ہیں) جن کے جسم رات میں بستروں سے الگ رہتے ہیں۔ نیز فرمایا:

یٰٓاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا نِّصْفَہٗ (اے نبی! رات کو جاگو نصف شب کے قریب یا اس سے کم وبیش، کیونکہ رات کا جاگنا نفس پر بھاری ہے۔)

اِنَّ نَاشِئَۃَ الَّیْلِ ھِیَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِیْلًا: بے شک رات کا جاگنا نفس کا زور کم کرتا ہے اور قول کو مضبوط کرتا ہے (یعنی اس سے انسان مستجاب الدعوات بن جاتا ہے اور جو دعا کرتا ہے پوری ہوتی ہے)

یاد رہے کہ نفس کشی کے بغیر اسلام کے احکام پر عمل ناممکن ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عالموں کا علم خواہ کتنا ہی وسیع ہوتا ہے، نفس کے پھندوں میں پھنس کر رسُولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام کی مثالی زندگیوں پر ہرگز ہرگز پورے نہیں اتر سکتے۔ یہ اولیاء کرام اور مشائخ عظام کا وجود ہے کہ نفس کشی، شب بیداری اور کثرتِ ذکر، قلتِ طعام، قلتِ منام وغیرہ کی انہوں نے دنیا میں مثالیں قائم کر دی ہیں اور رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام کی مجاہدانہ اور عاشقانہ زندگیوں کے مطابق زندگیاں بسر فرمائی ہیں۔

## اقسام ذکر

جیسا کہ سابقہ ابواب میں بیان ہو چکا ہے۔ انسان کے جسم کے اندر چھ روحانی مرکز ہیں جن کا احادیثِ نبویؐ میں بھی اشارہ ملتا ہے (یہ حدیث پہلے بیان ہو چکی ہے) ان کو لطائف ستہ کہا جاتا ہے اور جب ذکر اللہ کے ذریعے ان لطائف کو زندہ کیا جاتا ہے تو یہ تمام کے تمام ذاکر ہو جاتے ہیں اور سارے جسم کے اندر ذکر اللہ جاری ہو جاتا ہے۔ خواہ آدمی جاگتا ہے یا سوتا ہے۔ قرآن مجید کی صلوٰۃِ دائمی اور ذکرِ قیام، قعود ہم وجنوبہم سے مراد یہی لطائف ستہ کا ذکر ہے۔ جو ہر آن، ہر لمحہ اور ہر لحظہ جاری رہتا ہے اور انسان کے مراتب قرب بلند سے بلندتر ہوتے رہتے ہیں۔ لطائف ستہ یہ ہیں: لطیفۂ نفس، لطیفۂ قلب، لطیفۂ روح، لطیفۂ سر، لطیفۂ خفی، لطیفۂ اخفیٰ۔ اس لحاظ سے ذکر کی مندرجہ ذیل اقسام ہوتی ہیں جو اجازتِ شیخ کے بغیر ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔ اجازت بے حد ضروری ہے۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ جیسے کوئی مریض حکیم یا ڈاکٹر کی بجائے خود دواخانہ میں جا کر دوائیاں کھانا شروع کر دے۔

**ذکرِ لسانی:** ذکرِ لسانی وہ ذکر ہے جو زبان سے کیا جاتا ہے۔

**ذکرِ قلبی:** وہ ذکر ہے جو لطیفۂ قلب میں کیا جاتا ہے، جس کا مرکز دل ہے جو بائیں چھاتی میں ہے۔

**ذکرِ روحی:** وہ ذکر ہے جو لطیفۂ روح میں کیا جاتا ہے، جس کا مرکز دائیں چھاتی ہے۔

**ذکرِ سری:** وہ ذکر ہے جو لطیفۂ سر میں کیا جاتا ہے، جس کا مرکز لطیفۂ قلب اور روح کے درمیان ہے۔

**ذکرِ خفی:** وہ ذکر ہے جو لطیفۂ خفی میں کیا جاتا ہے، جس کا مرکز پیشانی ہے۔

**ذکرِ اخفیٰ:** وہ ذکر ہے جو لطیفۂ اخفیٰ میں کیا جاتا ہے، جس کا مرکز ام الدماغ یعنی سر کی چوٹی ہے۔

## اشغال و مراقبات

یاد رہے کہ جو ذکر باطنی یا ذہنی طور پر دیگر لطائف میں کیا جاتا ہے ان کو اشغال (جمع شغل)، اور مراقبات کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

## ضرورتِ اذکار و مشاغل و مراقبات

ویسے تو صحابہ کرام بھی کثرتِ ذکر اور کثرتِ صوم و صلوٰۃ و تلاوت میں ضرب المثل تھے لیکن جوں جوں زمانہ گذرتا گیا اور مسلمانوں کے قلوب پر غبار اور زنگ کے ڈھیر لگتے گئے، ان کو مٹانے اور ہٹانے کے لیے مزید محنت اور اذکار و مشاغل کی ضرورت شدت سے محسوس ہوئی۔ نیز حدیثِ قدسی: بِی یَسْمَعُ میں جو زائد نوافل کی تاکید وارد ہوئی ہے ان سے مراد بھی یہی زائد عبادت ہے۔ یعنی اذکار وغیرہ ہیں جن کی ہر زمانے میں زیادہ سے زیادہ ضرورت پڑتی ہے۔

اب ہم مختلف اذکار، مشاغل و مراقبات کی اختصار کے ساتھ تفصیل بیان کرتے ہیں۔

# اقسامِ ذکر

(ماخوذ از ضیاء القلوب مصنفہ حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ و قول الجمیل مصنفہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ)

## ذکرِ اسمِ ذات

ذکر اسمِ ذات سے مراد اسمِ مبارک اللہ، اللہ کا ورد ہے جس کی ضربیں کثرت سے لطائف ستہ پر لگائی جاتی ہیں، جس سے نفس کا زور ٹوٹتا ہے۔ تزکیۂ نفس ہوتا ہے۔ اور لطائف کے اندر ذکر اللہ جاری ہوتا ہے اور انوارِ الٰہی چمکتے ہیں۔

## ذکرِ اسمِ ذات یک ضربی

ذکر اسمِ ذات کی کئی قسمیں ہیں۔ مثلاً ذکر یک ضربی۔ جس سے لطیفۂ قلب پر اس کی ضرب لگائی جاتی ہے آواز کے زور سے نہ کہ ہاتھ سے۔

ذکر اسمِ ذات زیادہ سے زیادہ چوبیس ہزار یومیہ کیا جاتا ہے۔ یہ نہ ہوسکے تو بارہ ہزار بار، یہ بھی نہ ہوسکے تو دس ہزار بار۔ یہ بھی نہ ہوسکے تو چھ ہزار بار روزانہ کرنا چاہیے۔

## ذکرِ نفی و اثبات

ذکر نفی و اثبات میں لا الٰہ الا اللہ کا ورد کیا جاتا ہے اور الا اللہ کی ضربیں مختلف لطائف پر لگائی جاتی ہیں۔ چشتیہ اور قادریہ سلسلہ میں یہ ذکر بارہ سو بار روزانہ کیا جاتا ہے۔ اس لیے اسے ذکر بارہ تسبیح کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔

ذکر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ چار زانوں بیٹھ کر کمر سیدھی اور سر اونچا رکھے۔ لا الٰہ الا اللہ کا ورد دو سو مرتبہ اس طرح کیا جائے۔ کہ لفظ لا کو ناف سے اس طرح کھینچا جائے جیسے کوئی پھاوڑے سے مٹی ہٹاتا ہے۔ اور لفظ الٰہ کہتے ہوئے سر کو دائیں جانب حرکت دے کر غیر اللہ کو پیٹھ پیچھے پھینک دے۔ پھر سر کو بائیں طرف جھٹکا دے کر الا اللہ کی ضرب لطیفۂ قلب پر لگائے۔ اور ہر سو پر پہنچ کر کلمہ طیبہ پورا کرے یعنی محمد الرسول اللہ کہے۔

## ذکرِ اسمِ ذات دو ضربی

اس قسم کے ذکر میں اسمِ مبارک اللہ کی دو ضربیں لگائی جاتی ہیں۔ ایک دائیں طرف لطیفۂ روح پر اور دوسری بائیں طرف لطیفۂ قلب پر۔

## ذکرِ سہ ضربی

ذکر اللہ کی ضربیں لطیفۂ روح پر، لطیفۂ قلب پر، لطیفۂ سر پر لگائی جاتی ہیں۔

## ذکرِ چہار ضربی

اس ذکر میں اسمِ مبارک اللہ کی ضربیں مندرجہ بالا تین لطائف کے علاوہ ایک ضرب لطیفۂ نفس پر لگائی جاتی ہے۔

اسی طرح چار سو مرتبہ الا اللہ کی ضرب لطیفۂ قلب پر لگائے۔ یہ کل چھ سو مرتبہ ہوگیا۔ اس کے بعد اسمِ اللہ اللہ کی ضربیں چھ سو بار دائیں طرف لطیفۂ روح اور بائیں طرف لطیفۂ قلب پر لگائے اور دو دو دفعہ اللہ اللہ کہنے

Marfat.com

پر ایک دانہ تسبیح کا گرائے۔ یہ کل بارہ سو ہو گئے۔

ذکر نفی اثبات کی بھی چار قسمیں بتائی گئی ہیں۔ لا الٰہ الا اللہ کو ذکر ناسوتی، ذکر الا اللہ کو ذکر ملکوتی، اللہ اللہ کو ذکر جبروتی اور ہُو ہُو کو ذکر لاہوتی کہتے ہیں۔

ذاکر کو چاہیے کہ لا الٰہ الا اللہ کہتے وقت غیر اللہ کی نفی کرے یعنی ہر قسم کے مقاصد کو چھوڑ کر صرف ایک مقصد یعنی حصولِ قربِ الٰہی کو مقصود بالذات سمجھے۔

سالک مبتدی کو چاہیے کہ لا الٰہ الا اللہ کہتے وقت لا معبود الا اللہ کا تصور کرے۔

سالک متوسط لا مقصود الا اللہ کا اور

سالک منتہی لا موجود الا اللہ کا تصور کرے۔ اور ذاتِ حق میں جم جائے۔ اس ذکر سے بہت جلدی تزکیۂ نفس ہو کر لطائف ستہ پر انوارِ الٰہی چمکتے ہیں اور مُشاہدہ حاصل ہوتا ہے۔

## ذکر پاس انفاس

یہ ذکر سانس کے اندر جانے اور باہر آنے سے کیا جاتا ہے۔ جب سانس اندر جائے تو خیال میں اسم مبارک اللہ کہے نہ کہ زبان سے اور سانس باہر آئے تو ہُو کہے۔ خیال میں نہ کہ زبان سے۔

بعض اوقات سانس اندر جاتے وقت اور باہر آتے وقت دونوں مرتبہ اسم مبارک اللہ کہا جاتا ہے۔

بعض اوقات سانس باہر آتے تو لا الٰہ اور اندر جاتے تو الا اللہ دل میں کہا جاتا ہے۔ اس سے بہت جلد تزکیۂ نفس ہوتا ہے۔ عشقِ الٰہی سے دِل لبریز ہوتا ہے اور انوارِ الٰہی چمکتے ہیں۔ یہ ذکر بغیر وضو بھی ہو سکتا ہے اور چلتے پھرتے، گاڑی میں سفر کرتے، لیٹے ہوئے، ہر وقت ہو سکتا ہے۔ لیکن منہ بند رکھا جائے۔ اور زبان ساکن ہو۔ ان اذکار سے شیطان کا زور کم ہوتا ہے۔ اور وہ بہت ہی کمزور ہو جاتا ہے اور اس کا مومن پر بس نہیں چلتا۔

## شیطان کے شر کو مٹانے کا طریقہ

جب شیطان دل میں کوئی وسوسہ یا خیال فاسد ڈالے تو چاہیے کہ سانس کو ناف سے کھینچ کر دل میں حبس کرے۔ اور لا الٰہ الا اللہ کی ضربیں دل پر لگائے ہوئے یہ خیال جمائے کہ ان ضربوں سے شیطان کا سر کچل رہا ہوں۔ اور اس کا سر پاش پاش ہو گیا ہے۔ اور وہ دل سے بھاگ گیا ہے۔ اس سے بفضلہٖ تعالیٰ شیطان کے شر سے نجات ملتی ہے اور شیطان ہلاک ہو جاتا ہے اور قلب نورِ الٰہی سے منور اور روشن ہو جاتا ہے۔

یہ ذکر بے حبس دم بھی ہو سکتا ہے لیکن حبس دم کے ساتھ زیادہ مؤثر ہے۔ کیونکہ دل کی رگوں پر چربی جم جاتی ہے اور اس کی آڑ میں شیطان شکار کرتا ہے۔ حبس دم سے یہ چربی پگھل جاتی ہے اور شیطان کو کوئی جائے پناہ نہیں ملتی۔

Marfat.com

## حبسِ دم کا دوسرا طریقہ

ذکر حبسِ دم کرنے کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ سانس قلب کے اندر بند کر کے قلب پر اسمِ مبارک اللہ اللہ کی ضربیں لگائے۔ یہ ذکر اکیس سے شروع کرکے اور روزانہ آہستہ آہستہ بڑھاتا جائے۔ کل تعداد اکی (طاق) ہونی چاہیے۔ جفت تعداد سے پرہیز کرے۔

حبسِ دم اکثر پانی میں غوطہ لگا کر کیا جاتا ہے۔ اور سردی کے موسم میں کیا جاتا ہے۔ اگر پانی میسر نہ آ سکے تو خشکی میں بیٹھ کر ہو سکتا ہے۔ لیکن موسم سرما ضروری ہے۔ موسم گرما میں پرہیز کیا جائے۔ کیونکہ اس سے قلب میں بے حد حرارت پیدا ہوتی ہے۔ بعض مشائخ کا دستور یہ رہا ہے کہ عشاء کی نماز پڑھ کر پانی میں غوطہ لگا کر بیٹھ جاتے تھے۔ اور ذکر اسمِ ذات میں مشغول ہوتے تھے۔ جب صبح کی آذان ہوتی تو باہر آکر نماز فجر ادا کرتے تھے۔ گویا ساری رات ایک سانس میں بسر کرتے تھے۔ یہ کام ورزش سے آسان ہو جاتا ہے۔ اور فوائد بے حد زیادہ حاصل ہوتے ہیں۔

## شغل سہ پایہ

شغل سہ پایہ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ آنکھیں بند کرے اور چہار زانو بیٹھ کر اللہُ سمیعٌ، اللہُ بصیرٌ، اللہُ علیمٌ کا ذکر اس طرح کرے کہ دل میں اللہُ سمیعٌ کہتے وقت لطیفۂ نفس (ناف) میں کہے، اللہُ بصیرٌ لطیفۂ قلب میں کہے، اور اللہُ علیمٌ لطیفۂ خفی (پیشانی) میں کہے اور پھر تصور میں عرشِ معلّیٰ پر ایک نظر ڈالے۔ اس کے بعد اللہُ سمیعٌ لطیفۂ خفی میں۔ اللہُ بصیرٌ لطیفۂ قلب میں اور اللہُ علیمٌ لطیفۂ نفس میں دل سے کہے نہ کہ زبان سے۔

اس شغل میں تصورِ شیخ بہت ضروری ہے یعنی یہ سمجھے کہ میں نہیں ہوں میرا شیخ ہے جو یہ شغل کر رہا ہے۔ اور میں شیخ کے ذریعے، اور شیخ اللہ کے ذریعے سمیع، بصیر اور علیم ہے۔

یہ شغل حبسِ دم سے بھی کیا جاتا ہے اور حصرِ دم سے بھی۔ حبسِ دم میں سانس اندر لے جائے اور جتنی مرتبہ ہو سکے یہ دائرے مکمل کرے۔ پھر سانس چھوڑ کر آرام کرے اور پھر شروع کرے۔

حصرِ دم سے کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سانس بند نہ کیا جائے بلکہ تھوڑے سانس لیے جائیں۔ مثلاً اگر عام طور پر ایک منٹ میں دس سانس لیتا ہے تو شغل کے دوران پانچ سات مرتبہ سانس لے۔ اس شغل سے قربِ نوافل اور قربِ فرائض حاصل ہوتا ہے۔ قربِ نوافل سے مراد فنا فی الصفاتِ الٰہی ہے۔ اور قربِ فرائض میں فنا فی الذاتِ الٰہی ہے یعنی سالک کا تعین ذاتِ باری تعالیٰ میں گم ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

# مراقبات

جب اوراد، وظائف اور اذکار کے ذریعے تزکیۂ نفس اور تصفیۂ قلب ہوجاتے تو مراقبات شروع کرائے جاتے ہیں جو حسب ذیل ہیں:

**مراقبۂ یقین**

خلوت میں بیٹھ کر آنکھیں بند کرکے اور چہار زانوں بیٹھ کر یہ تصور کرے کہ اللہ ہے۔ بس اس خیال میں جم جائے اور خطرات اور وساوس اگر دل میں آئیں تو دور کرتا رہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ فلاح کثیر اور فوائد عظیم رونما ہوں گے اور انوار چمکیں گے۔

**مراقبۂ قرب**

خلوت میں چار زانوں ہوکر بیٹھ جائے اور دل میں آیۂ مبارک: نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ۔ (ہم انسان کی شہ رگ سے بھی اس سے زیادہ قریب ہیں) کا مفہوم رکھ کر یہ سمجھے کہ اللہ تعالیٰ میری شہ رگ سے بھی زیادہ مجھ سے قریب ہے۔ اس سے انوار و تجلیات کی بارش ہوتی ہے۔

**مراقبۂ رویت**

خلوت میں چہار زانوں ہوکر بیٹھے اور دل میں آیۂ مبارک: اَلَمْ یَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ یَرٰی (کیا وہ نہیں جانتا کہ اللہ تعالیٰ دیکھ رہا ہے) کا مفہوم رکھ کر یہ خیال جمائے کہ اللہ تعالیٰ عزوجل مجھے دیکھ رہا ہے۔ اور قریب سے دیکھ رہا ہے۔ اس سے قلب اور دیگر لطائف پر انوار و تجلیات رونما ہوں گے۔ لیکن ظاہری آنکھوں سے دیکھنے کی کوشش نہ کرے۔ بلکہ باطنی طور پر روحِ انسانی پر یہ انوار چمکتے ہیں۔ جس کے اثرات مخفی نہیں رہتے۔

**مراقبۂ ذات**

مراقبۂ ذات اس وقت شروع کیا جاتا ہے جب مذکورہ بالا اذکار و اشغال کے ذریعے تزکیۂ نفس اور تصفیۂ قلب ہوجاتا ہے۔ اور سیر الی اللہ کے لیے زمین تیار ہوجاتی ہے۔ یاد رہے کہ سیر الی اللہ نقطۂ آغاز ہے سیر فی اللہ کا جسے فنا فی اللہ کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

مراقبۂ ذات کا طریقہ یہ ہے کہ خلوت میں چہار زانو بیٹھ کر آنکھیں بند کرے اور یہ خیال کرے کہ اندر، باہر، اُوپر، نیچے، دائیں، بائیں سب ذاتِ الٰہی ہے اور کسی چیز کا وجود نہیں۔ حتیٰ کہ میں بھی نہیں ہوں۔ سب جگہ اللہ ہی اللہ ہے۔ اس مراقبہ کی مداومت سے بفضلہٖ تعالیٰ سالک کی پرواز ذاتِ حق میں

Marfat.com

شروع ہو جاتی ہے۔ اور اس کے بعد جس قدر کثرت سے اس مراقبہ میں شغول ہوگی، ذات باری تعالیٰ (یعنی رُوحِ حق)، میں روحِ انسان کی پرواز تیز تر ہوتی جائے گی۔ اور مقام لاتعین میں واصل ہو جائے گا۔ اب چونکہ ذاتِ حق کی کوئی انتہا نہیں، سیر فی اللہ کی بھی کوئی انتہا نہیں۔ اور سالک ہمیشہ کے لیے ذاتِ حق میں مستغرق ہو جاتا ہے۔ بلکہ موت کے بعد عالمِ ارواح میں ذاتِ حق میں اس کی پرواز جاری رہتی ہے۔ اور بہشت میں یہ پرواز قربِ الٰہی کی طرف ہمیشہ ہمیشہ کے لیے جاری رہے گی۔ اس وجہ سے کہ ذاتِ حق کی کوئی انتہا نہیں۔

**شغلِ ہوا** مراقبہ ذات کے ساتھ ساتھ یا اس کے بعد شغل ہوا کیا جاتا ہے۔ جو سیر فی اللہ میں بہت ہی متاثر ممد اور معاون ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ تاریک کمرہ میں چہار زانوں بیٹھ کر آنکھیں کھُلی رکھے اور سامنے دیوار پر ایک نقطہ تصور کر کے اس پر نظر جمائے رکھے اور آنکھ جھپکنے نہ پائے اس سے شروع میں آنکھوں سے پانی جاری ہوگا۔ لیکن اس کی فکر نہ کرے اور دل میں یہ خیال جمائے رکھے

کان اللہ ولم یکن معہٗ شیئًا — اللہ تھا اور اس کے ساتھ کسی چیز کا وجود نہ تھا۔

اور الآن کما کان — اب بھی وہی ہے اور اس کے ساتھ کسی چیز کا وجود نہیں ہے

اس سے سیر فی اللہ میں ترقی ہوگی۔ نیز اس شغل کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ سالک سکر یعنی استغراق سے مغلوب ہونے نہیں پائے گا بلکہ مزید فیضان انوار و تجلیات اور مراتب قرب طے ہوں گے۔ سالک مغلوب الحال ہونے کی بجائے ابوالحال رہے گا۔ یاد رہے کہ سکر و مستی اور محویت یا استغراق میں مستغرق ہو کر سالک کی پرواز رُک جاتی ہے۔ لیکن اس شغل کی برکت سے مراتب قرب بھی طے ہوتے رہتے ہیں محویت بھی رہتی ہے لیکن مغلوب الحال نہیں ہوتا۔ جو بہت بڑی کامیابی ہے۔ اور جس سے قرب کے آخری مقام بقا باللہ کے حصول میں مدد ملتی ہے۔

**شغل یَاظَاہِرُ وَیَابَاطِنُ** یہ شغل بھی اذکار و مشاغل کے ذریعے تزکیہ نفس کے بعد کیا جاتا ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ خلوت میں بیٹھ کر آنکھیں کھول کر سامنے دیکھے تو اسم الٰہی یا ظاہرُ کا تصور کرے۔ اور سر نیچے کر کے آنکھیں بند کرے اور اسم مبارک یا باطنُ کے معانی پر غور کرے۔ اس پر مداومت کے کچھ عرصہ بعد یا ظاہرُ کے ساتھ یا آخرُ بھی شامل کر دے۔ اور یا باطنُ کے ساتھ یا اولُ شامل کر دے۔ اس سے بھی جس قدر محویت اور محبت میں اضافہ ہوگا۔ مغلوبیت نہیں ہونے پائے گی۔

**شغل دائرہ حقی** اس کا طریقہ یہ ہے کہ خلوت میں چہار زانو ہو کر بیٹھ جائے۔ اور لطیفہ سر جو وسط سینہ میں ہے کے گرد نور کا ایک سفید گول دائرہ تصور کرے جو لفظ حق

Marfat.com

کے طرح ہو۔ اور یہ خیال کرے کہ لطیفہ سِر سے ذکر اسم پاک حق حق حق جاری ہے۔ بلکہ کچھ عرصہ بعد خیال کرے کہ سارے جسم بلکہ ہر بال سے لفظ حق حق حق جاری ہے۔

غرضیکہ مراقبات بہت ہیں جو مشائخ عظام حسب استعداد طالبانِ حق کو تعلیم فرماتے ہیں لیکن یہ تمام اذکار، مشاغل اور مراقبات اجازتِ شیخ کے بغیر ہرگز نہیں کرنے چاہئیں۔ کیونکہ جو مریض حکیم یا ڈاکٹر سے بے نیاز ہو کر اپنا علاج آپ کرتا ہے اور دواخانے سے جو دوائی جی میں آئے اٹھا کر کھالے تو ہلاکت کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے؟

**مراتبِ فنا** یاد رہے کہ فنا کے کئی مراتب یا درجے ہیں۔ جس طرح ذکر کے پانچ مراتب، ذکر لسانی، ذکر نفس، ذکر قلب، ذکر روح، ذکر سِر و خفی اسی طرح فنا کے بھی پانچ مدارج ہیں۔

**اوّل غلبۂ ذکرِ ربانی:** (ذکر لسانی) جس کے ذریعے نفسانی خواہشات، غصہ، بغض، کینہ، لالچ، تکبر وغیرہ ختم ہو جاتے ہیں۔ اور صفاتِ حمیدہ مثل محبت، ایثار، ہمدردی، عجز و نیاز کا غلبہ ہو جاتا ہے۔

**دوم ذکرِ نفس:** کے غلبہ کی وجہ سے نفس امارہ (نفس لوامہ) کا زور کم ہو جاتا ہے اور کشف و الہام کا دروازہ کھل جاتا ہے۔

**سوم ذکرِ قلبی:** کے غلبہ کی وجہ سے موجوداتِ عالم کے صفات و افعال حق تعالیٰ کے صفات و افعال میں فنا ہو جاتے ہیں۔ اور ہر شے میں افعالِ حق کا جلوہ نظر آتا ہے۔ اور اطمینانِ قلب میسر آتا ہے جو قرآن مجید میں نفس مطمئنہ کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔

**چہارم ذکرِ روح:** کے غلبہ سے مشاہدہ حاصل ہوتا ہے۔ یعنی کثرتِ موجودات، وحدتِ ذات میں فنا ہو جائے یہاں تک کہ ذاتِ حق کے سوا کچھ نظر نہ آئے۔

**پنجم ذکرِ خفی:** کے غلبہ سے مشاہدہ مُبدّل ہو جائے گا۔ معائنہ میں یعنی انسان کا اپنا تعین، تعینِ حق میں فنا ہو جائے اور خود نہ رہے۔ یہ معائنہ ہے یعنی عین ہونا۔

اس کے بعد فناء الفناء کا درجہ ہے جہاں پہنچ کر سالک کو یہ احساس بھی نہیں رہتا کہ میں فنا ہوں یعنی اس کی فنائیت بھی فنا ہو جاتی ہے۔ اور یہ مقام بقا باللہ ہے۔ جو آخری مقام ہے۔

تو دریں گم شو کہ توحید ایں بود  گمشدن گم کن کہ تفرید ایں بود

حدیث پاک:

لی مع اللہ وقتٌ لایسعنی نبی المرسل و ملک المقرب۔  قربِ حق میں مجھے وہ مقام حاصل ہے کہ جہاں نہ کوئی نبی پہنچا ہے نہ کوئی مقرب فرشتہ

Marfat.com

نیز حدیث پاک:

مَنْ رَاٰنِیْ فَقَدْ رَاَءَ الْحَقَّ — جس نے مجھے دیکھا حق کو دیکھا۔

دونوں احادیث سے یہی مقام مراد ہے۔ جو بدرجہ اتم رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل تھا۔

اسی مقام پر پہنچ کر حضرت خواجہ بایزید بسطامیؒ نے فرمایا کہ جب میں غائب تھا تو خدا کو ڈھونڈتا تھا اور خود کو پاتا تھا۔ اب تیس سال ہو گئے ہیں کہ خود کو ڈھونڈتا ہوں اور خدا کو پاتا ہوں۔

## مقام لقا باللہ سے مراد

عارفین کا قول ہے:
اَلنِّھَایَۃُ رُجُوْعٌ اِلَی الْبِدَایَۃِ (آخری مقام کیا ہے۔ شروع کے مقام پر واپس آنے کا نام ہے) یعنی سالک جب مقام فنا فی اللہ میں ذات وصفات حق تعالیٰ سے متصف ہوجاتا ہے تو پھر وہ سیر من اللہ کے ذریعے پھر مقام دوئی پر واپس آتا ہے اور حدیث پاک بی یسمع اور بی یُبصر کے مطابق اندرونی بصیرت سے ہر چیز کو دیکھتا ہے۔ خلافت الٰہیہ کا تاج اس کے سر پر رکھا جاتا ہے۔ اور ہدایت خلق اور دنیا کے تکوینی امور پر اسے مامور کیا جاتا ہے۔ سطحی نظر کے لوگوں نے رہبانیت کا جو الزام اولیاء اللہ پر لگایا ہے، اس سے اس کی تردید ہوتی ہے۔ کیونکہ مقام لقا باللہ پر پہنچ کر وہ انسانِ کامل بلکہ مکمل اور اکمل بنتا ہے اور جس فرض شناسی، بےنفسی، ایثار اور محبت سے خدمتِ خلق اور عبادتِ خالق اور ہدایت خلق میں منہمک ہوتا ہے اس کی مثال نہیں ملتی۔

(ضیاء القلوب مصنفہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ)

حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ نے جو علمائے دیوبند کے پیر و مرشد ہیں کتاب مذکور میں یہ بھی فرمایا ہے:
"اس مرتبہ میں بندہ خدا کا خلیفہ ہوکر لوگوں کو خدا تک پہنچاتا ہے۔ اور ظاہر میں بندہ اور باطن میں خدا سے واصل ہوتا ہے۔ اور اس وقت وجوب و امکان مساوی ہوجاتے ہیں کسی کو کسی پر غلبہ نہیں ہوتا۔
مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیَانِ بَیْنَھُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیَانِ، اس مرتبہ پر پہنچ کر عارف عالم پر متصرف ہوجاتا ہے اور سَخَّرَ لَکُمْ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ۔ کا انکشاف ہوتا ہے۔ اور وہ ذی اختیار ہوجاتا ہے اور خدا کی جس تجلّی کو چاہتا ہے اپنے اوپر کرلیتا ہے اور جس صفت کے ساتھ چاہتا ہے متصف ہوکر اس کا اثر ظاہر کرسکتا ہے۔ چونکہ اس میں خدا کے اوصاف (صفات) پائے جاتے ہیں۔ اور وہ خدا کے اخلاق سے مزین ہوتا ہے (بمصداق حدیث: تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللّٰہِ) اور اس نے جمال اَسْبَغَ عَلَیْکُمْ نِعَمَہٗ ظَاھِرَۃً وَّبَاطِنَۃً کو دیکھا ہے۔ اور نورٌ علیٰ نور ہوگیا ہے۔ اس وجہ سے حال اس کے تابع ہوگیا ہے۔

Marfat.com

(ضیاء القلوب صہ ۳۶ مطبوعہ دار الاشاعت کراچی)

## اچھے اور بُرے انوار کی پہچان

جب سالک کا دل خدا کا ذکر کرنے لگتا ہے اور ذکر تمام اعضا میں سرایت کر جاتا ہے اور غیر خدا سے دل پاک و صاف ہو جاتا ہے اور روحانیت سے تعلق خاص پیدا ہو جاتا ہے۔ تو انوارِ الٰہی ظاہر ہونے لگتے ہیں۔ کبھی وہ انوار اپنے اندر اور کبھی باہر نظر آتے ہیں۔ تو اچھے انوار وہی ہیں جن کو وہ دلِ سینہ اور سر میں یا دونوں طرف اور کبھی بدن میں پائے اور جو انوار کبھی دائیں طرف اور کبھی سامنے نظر آئیں وہ بھی اچھے ہیں لیکن ان کی طرف توجہ نہ کرنی چاہیے۔

## رنگوں کی پہچان

کسی رنگ کا نور اگر داہنے شانے کے برابر ظاہر ہو تو وہ فرشتوں کا نور ہے اگر سفید رنگ کا ہو تو کراماً کاتبین کا ہے۔ اگر سبز پوش خوبصورت آدمی یا کوئی اچھی صورت ظاہر ہو تو وہ فرشتہ ہے۔ جو ذاکر کی حفاظت کو آیا ہے۔

اور اگر داہنے شانے سے ہٹا ہوا یا آنکھ کے برابر ہے تو وہ مرشد کا نور ہے۔ جو راستہ کا رفیق ہے۔ اور اگر سامنے ہے تو وہ نور محمدی ہے۔ جو سیدھے راستے کی تعلیم فرماتا ہے۔ اگر بائیں شانے کے متصل ظاہر ہو تو فرشتوں کا نور ہے۔ اگر بائیں شانے سے دُور ظاہر ہو تو خواہ کسی رنگ کا ہو وہ شیطان کا نور ہے اور بعض کہتے ہیں کہ دنیا کا نور ہے۔ اسی طرح جو صورت یا آواز پیچھے سے یا بائیں طرف سے ہو وہ شیطان کا دھوکا ہے لاحول سے دفع کرنا چاہیے اور اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم پڑھنا چاہیے اور اس کی طرف توجہ نہ کرے۔ اور اگر نور اوپر سے آئے تو وہ ان فرشتوں کا نور ہے جو حفاظت کیلیے مقرر ہیں۔ اگر اس سے دل میں خوف پیدا ہو اور اس کے نکل جانے کے بعد بھی اور اس کے دفعہ ہو جانے کے بعد بھی باطنی حضور نہ رہے تو وہ شیطان کا نور ہے۔ لاحول پڑھنا چاہیے ... اگر دھوئیں یا آگ کے رنگ کا نور سینہ یا ناف کے اوپر سے ظاہر ہو تو یہ خناس کا نور ہے۔ اعوذ باللہ پڑھنا چاہیے۔ اگر سینہ کے اندر یا دل پر ظاہر ہو تو وہ صفائے دل کا نور ہے۔ اگر سر کی جانب سے ظاہر ہو تو وہ بھی رُوح کا نور ہے۔ اور آفتاب کے رنگ کا نور بھی رُوح کا نور ہے۔ اور بعض اس کو نورِ ذات ٹھہراتے ہیں۔ تو اگر یہ اُوپر سے کا ہے نورِ ذات ہے۔ اگر سامنے کا ہے تو رُوح کا ہے، اگر چاند جیسا ہے تو دل کا ہے۔ اور بعض کے نزدیک ایک سامنے کا نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہے جو ذکر سلطاناً نصیراً اور سلطاناً محموداً کی طرف سے ظاہر ہوتا ہے۔ وہ بھی نور ذات ہے۔ لیکن سالک کو چاہیے کہ مطلوب کے سوا کسی کی طرف متوجہ نہ ہو۔"

حضرات قادریہ کے اذکار و مشاغل بھی کم و بیش اسی نوعیت کے ہیں۔

Marfat.com

## ذکر برائے شفائے مریض

داہنی طرف یَا اَحَدُ بائیں طرف یَا صَمَدُ آسمان کی طرف یَا وَِترُ اور دل میں یَا فَردُ ایک ہزار مرتبہ ضرب لگائے اور مریض کے لیے دُعا کرے۔ بفضلہٖ تعالیٰ شفا پائے گا۔

## مقاصد کے حصول اور آئندہ حالات سے واقفیت کے لیے

نماز تہجد کے بعد ایک ہزار بار دائیں طرف یَا حَیُّ، بائیں طرف یَا قَیُّومُ، آسمان کی طرف یَا وَهَّابُ اور دل میں یَا اللہُ کی ضربیں لگائے۔ اور دُعا کرے۔ انشاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔

## کشفِ قبور کے لیے

پہلے اکیس بار یَا رَبُّ کہے پھر آسمان کی طرف یَا رُوحُ اور قبر کی طرف یَا رُوحُ اور دل کی طرف یَا رُوحَ الرُّوحِ کی ضرب لگائے۔ انشاء اللہ خواب یا بیداری میں صاحبِ قبر کا حال معلوم ہو جائے گا۔

## کشفِ قبور کا دُوسرا طریقہ

پہلے قبر پر بیٹھ کر میّت پر فاتحہ پڑھے۔ اور پھر آسمان کی طرف اَکْشِفْ لِیْ یَا نُورُ اور دل پر اکشِفْ لِیْ یَا نُورُ اور میّت پر عَنْ حَالِہٖ کی ضرب لگائے اور میّت کی طرف متوجہ ہو جائے۔

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے لیے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صورتِ مثالیہ کا تصور کرے اور دائیں طرف یَا اَحمَدُ بائیں طرف یَا مُحَمَّدُ اور یَا رسُولَ اللہِ ایک ہزار بار پڑھے۔ بفضلہٖ تعالیٰ بیداری یا خواب میں زیارت ہوگی۔

## حاجت براری کا ذکر

جو مشکل پیش آئے اس کے موافق اسمائے حسنہ میں سے کوئی نام لے کر سہ ضربی، یا چہار ضربی ذکر میں مشغول ہو جائے۔ مثلاً کشائش رزق کے لیے یَا رَزَّاقُ اور مریض کی شفا کے لیے یَا شَافِیْ اور موذی جانور سے بچنے کے لیے یَا حَفِیظُ اور فتح کے لیے یَا صَمَدُ اور دشمن کے دفع کے لیے یَا مُذِلُ اور بلا کے دفع کے لیے اور دل کی تسکین اور مضبوطی کے لیے یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ پڑھے۔ علیٰ ہٰذا القیاس مناسب اسمِ الٰہی کا ورد ہر کام کے لیے کرے۔

## مشائخ کے تصرفات کرنے اور توجہ دینے کا طریقہ

شیخ تمام خیالات سے خالی ہو کر اپنے نفسِ ناطقہ کی طرف سے مُرید پر اُس نسبت میں توجہ کرے جس کا القا مُرید پر ضروری ہو۔ اور اپنے قلب کی توجہ مرید پر جمائے۔ اور یہ

Marfat.com

خیال جمائے کہ میری کیفیتِ جذب مرید میں اثر کر رہی ہے۔ مرید کے تمام لطائف میں ذکر جاری کرنے کا طریقہ بھی یہی ہے۔ کہ ہر لطیفہ پر یکے بعد دیگرے توجہ کرے۔ اور انوار، مراقبات اور لطائف کے القا میں توجہ کرے۔ اگر مرید موجود نہ ہو تو اس کی صورت کا تصور کر کے غائبانہ توجہ کرے اور اسے فائدہ پہنچائے

## زندہ اور مردہ اہل اللہ کی نسبت معلوم کرنے کا طریقہ

اگر زندہ ہے تو اس کے سامنے بیٹھے اگر مُردہ ہے تو اس کی قبر کے سامنے بیٹھے۔ اور اپنے دل کو تمام باتوں سے خالی کر کے اور اپنے آپ کو ہر نسبت سے باہر کر کے علام الغیوب کی بارگاہ میں دعا کرے کہ یَا علیمُ، یَا خبیرُ، یَا مُبِینُ مجھے آگاہ کر اور اس کی باطنی کیفیت مجھ پر منکشف فرما۔ پھر اس کی رُوح کی طرف پوُری توجہ کرے۔ اور تھوڑی دیر بعد اپنی رُوح اس کی رُوح کے ساتھ ملا دے۔ اور پھر تھوڑی دیر بعد اپنی طرف توجہ ہو تو اگر اپنے اندر کچھ کیفیت پائے تو سمجھے یہ نسبت اسی شخص کی ہے۔

## کسی کے دل کے خطرات معلوم کرنے کا طریقہ

اپنے دل کو تمام خیالات اور حدیثِ نفس سے خالی کر کے اس کی طرف متوجہ ہو جائے پھر جو کچھ اچھا یا بُرا خیال دل میں آئے، اسی کی طرف سے خیال کرے۔

## آئندہ واقعات معلوم کرنے کا طریقہ

دِل سے تمام خیالات دُور کر کے بارگاہِ الٰہی میں دُعا کرے کہ یَا عَلیمُ، یَا خبیرُ، یَا مُبِینُ مجھے اس واقعہ کی خبر دیدے۔ اور پھر پوُری توجہ ملا۔ اعلیٰ کی طرف جما دے۔ بفضلہٖ تعالیٰ آوازِ غیبی یا مشاہدہ یا خواب کے ذریعے معلوم ہو جائے گا۔

## مرض سلب کرنے کا طریقہ

دل کو تمام خیالات سے خالی کر کے اپنے آپ کو اس مرض میں مبتلا سمجھے جو مُرید کو ہے۔ تو وہ مرض اس کی طرف منتقل ہو جائے گا۔ اور یہ انسان کی عجیب [illegible]وں میں سے ہے۔ اور پھر یہ تصور کرے کہ اس مرض اپنے پاؤں کے ذریعے زمین میں داخل کر رہا ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ شفا ہو گی۔

## مرض سلب کرنے اور گناہ گار سے گناہ دُور کرنے کا دُوسرا طریقہ

صاحبِ نسبت وضو کر کے دو رکعت نماز نفل ادا کرے۔ اور درُود اور استغفار پڑھ کر نہایت خشوع و خضوع کے ساتھ درگاہِ الٰہی میں التجا کرے کہ مریض یا گناہ گار سے مرض اور گناہ دُور ہو جائے۔ اس کے بعد مریض یا گناہ گار کے سامنے بیٹھے اور پوُری

Marfat.com

ہمت کے ساتھ سانس لے۔ اور سانس لیتے وقت یہ خیال کرے کہ مریض سے اس کا مرض اور گناہ گار سے اس کا گناہ دور ہو رہا ہے اور ایک لمبی سانس لے کر یہ تصور کرے کہ اس کا مرض یا اس کا گناہ زمین پر گرا رہا ہے۔ بفضلہ تعالیٰ مریض شفایاب ہوگا۔ اور گناہ گار گناہ سے توبہ کرے گا۔

## بلا دفع کرنے کا طریقہ

جس بلا کو دفع کرنا ہو۔ اپنے دل کو تمام خیالات سے خالی کر کے اس بلا کی صورتِ مثالیہ کا تصور کرے۔ اور پوری ہمت اور توجہ سے اس بلا کے دفع کرنے کی طرف مائل ہوکر خدا سے دعا کرے۔ انشاء اللہ بلا دفع ہو جائے گی۔

## احتیاط کی ضرورت

یاد رہے کہ ان باتوں کا اظہار اور تاثر اکثر متوسط درجہ کے سالکوں سے ہوتا ہے۔ اور چونکہ منتہی دنیا کی چیزوں کی طرف متوجہ نہیں ہوتے اسلیے ان سے یہ باتیں کم واقع ہوتی ہیں۔ نیز یہ بھی معلوم رہے کہ عارف کے تمام مکشوفات کا صحیح ہونا بھی ضروری نہیں ہے۔ اس میں غلطی کا احتمال بھی ہوتا۔ اس لیے ایسی باتوں کو ہر کس و ناکس کے سامنے ظاہر کرنا چاہیے

## آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا دوسرا طریقہ

عشاء کی نماز کے بعد نئے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر ادب سے مدینہ منورہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے۔ اور خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں جمالِ مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے حصول کی دعا کرے۔ اور پھر دل کو تمام خیالات سے خالی کر کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت کا یہ تصور کرے کہ سفید شفاف لباس ہے اور سر پر سبز رنگ کی دستار ہے اور منور چہرہ ہے۔ اور پھر الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ کی داہیں طرف ضرب لگائے۔ الصلوٰۃ والسلام علیک یا نبی اللہ کی باہیں طرف۔ اور الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ کی ضربیں دل پر لگاتے اور پھر متواتر جس قدر ہو سکے درود شریف پڑھتا رہے۔ ایک ہزار بار پڑھے تو بہتر ہے۔ اس کے بعد اکیس بار صورت نصر پڑھ کر جمال مبارک کا تصور کرے اور اس طرح سو جائے کہ سر قطب کی طرف اور منہ قبلہ کی طرف ہو اور داہیں کروٹ پر سو جائے۔ اپنے ہاتھ کی داہیں ہتھیلی پر الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ دم کر کے ہاتھ سر کے نیچے رکھ کر سو جائے۔ یہ عمل شب جمعہ یا شب دوشنبہ کو کرے اور چند بار کرنے سے بفضلہ تعالیٰ مقصد حاصل ہوگا۔

## نمازِ استخارہ

جس کام کو شروع کرنا ہو حدیث شریف میں اس کے متعلق استخارہ کرنے کی تاکید آئی ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ دو رکعت نفل استخارہ کی نیت سے ادا کرے۔ پہلی رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ قل یاایہا الکافرون اور دوسری رکعت میں قل ہو اللہ پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد یہ دعا پڑھے۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ ۔ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ۔ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ اَوْفِیْ عَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِہٖ فَاقْدِرْہُ لِیْ وَیَسِّرْہُ لِیْ ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ اَوْفِیْ عَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِہٖ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْہُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ ۔

## استخارہ کا دوسرا طریقہ

مشائخ چشتیہ نے کہا ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد استخارہ کی نیت سے دو رکعت نفل پڑھے ۔ اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ قل ہو اللہ پڑھے ۔ سلام کے بعد اول و آخر درود شریف کے ساتھ یہ دعا پڑھے ۔

یَا سَلَامُ سَلِّمْنِیْ : تین سو ساٹھ بار

یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ ، ایک سو بار — یَا خَبِیْرُ بَشِّرْنِیْ : ایک سو بار ۔

یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ ایک سو بار — یَا مُبِیْنُ بَیِّنْ لِیْ ایک سو بار پڑھے ۔

اس کے بعد اس طرح سو جائے کہ سر قطب کی طرف اور منہ قبلہ کی طرف ہو گفتگو کرے اور درود شریف پڑھتا ہوا سو جائے ۔ اس عمل کو دو شنبہ یا جمعرات کو شروع کرے ۔ اگر ایک شب معلوم نہ ہو تو تین یا سات رات تک کرے انشاء اللہ مقصد پورا ہوگا ۔

اگر کوئی طالب حق ان اذکار و مشاغل پر عمل کرنا چاہے تو احقر راقم الحروف سے خط و کتابت یا ملاقات کے ذریعے پوچھ سکتا ہے ۔ اگرچہ عام طور پر تربیت دینے والے کی طرف سے اس قسم کا ایلاوا نہیں دیا جاتا ۔ لیکن چونکہ یہ زمانہ روحانیت کے قحط کا زمانہ ہے اور قحط کے زمانہ میں عموماً عوام کو کھانا بہم پہنچانے کے لیے خصوصی انتظامات کیے جاتے ہیں ۔ لہٰذا راقم الحروف کی یہ دعوت بھی اس قحط سالی میں خصوصی نوعیت کی ہے ۔

**وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِیْنُ**

Marfat.com

# ہماری دیگر تصانیف

پتہ

۱۔ سرِ دلبراں (مصنف) قطبِ زماں حضرت مولانا سید محمد ذوقی شاہؒ — محفلِ ذوقیہ، ۶۰ سی سیکٹر اے ۱۴ ناظم آباد کراچی ۳۶

۲۔ تربیۃ العشاق ملفوظات 〃 〃 〃 — نزد سخی حسن قبرستان 〃 〃

۳۔ برزخ (مصنف) 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

۴۔ مضامینِ ذوقی (اردو) 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

۵۔ مضامینِ ذوقی (انگلش) 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

۶۔ بادہ و ساغر (روحانی ناول) 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

۷۔ اسلامک سپریچوالزم (انگلش) 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

۸۔ نیو سر چلائٹ آن ویدک ایرینز 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

۹۔ حقیقتِ تصوف (اردو) 〃 〃 〃 — بزم اتحاد المسلمین ۸۰۔بی طارق روڈ لاہور چھاؤنی

۱۰۔ اِزالسپیکٹس آف فیتھ (مصنف) حضرت شاہ شہید اللہ فریدیؒ — محفلِ ذوقیہ، ۶۰ سی سیکٹر اے

۱۱۔ ایوری ڈے پریکٹس اِن اسلام 〃 〃 〃 — ۱۴ ناظم آباد کراچی ۳۶ نزد سخی حسن قبرستان

۱۲۔ مارل میسیج آف گاڈ اینڈ ہز پرافٹ (مجموعہ احادیث) 〃 〃 〃 〃 〃

۱۳۔ پاکستان کی عظیم الشان دفاعی قوت: کپتان واحد بخش سیال ربانی 〃 — بزم اتحاد المسلمین لاہور

۱۴۔ اسلامک صوفی ازم (انگلش) 〃 〃 〃 — ۸۰۔بی طارق روڈ لاہور چھاؤنی

۱۵۔ روحانیتِ اسلام (اردو) 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

۱۶۔ مشاہدۂ حق 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

۱۷۔ عظمتِ اہلِ بیتِ رسولؐ 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

۱۸۔ شرح لوائح جامیؒ 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

۱۹۔ مسئلہ وحدت الوجود و وحدت الشہود 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

۲۰۔ مرآۃ الاسرار: تصوف کی ایک ہزار سالہ تاریخ (مصنف) شیخ عبدالرحمٰن چشتیؒ 〃 〃 〃 〃 〃

۲۱۔ اقتباس الانوار (تاریخ صوفیائے چشتیہ صابریہ) (مصنف) حضرت محمد اکرم قدوسیؒ 〃 〃 〃 〃 〃

۲۲۔ جوامع الکلم (اردو ترجمہ) مصنف: حضرت بندہ نواز سید محمد گیسو درازؒ 〃 〃 〃

۲۳۔ مکتوبات قدوسیہ (اردو ترجمہ) مولانا الحاج کپتان واحد بخش سیال چشتی صابری 〃 〃 〃 〃

۲۴۔ مقابیس المجالس (ملفوظات) حضرت خواجہ غلام فریدؒ 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

۲۵۔ تذکرہ حضرت خواجہ خدا بخش خیر پوریؒ 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃 〃

۲۶۔ تلقینِ لدنی (اردو ترجمہ) مصنف: حضرت شیخ محکم الدین سیرانیؒ — اردو اکیڈمی معرفت شہاب دہلوی صاحب ماڈل ٹاؤن اے۔ بہاولپور

Marfat.com

الفیصل
ناشران و تاجران کتب
غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ

# مقامِ گنجشکر رحمۃ اللہ علیہ

## معارف و حقائق اور تاریخی واقعات کا حسین مرقع

حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ کے مشائخ عظام و خلفاء، در خلفاء، تا زمانہ حال،
اور آپ کی حیاتِ طیبہ کے مستند تاریخی حالات، ملفوظات و تعلیمات،
مسلکِ اولیاء پر اعتراضات کے قرآن و حدیث کی روشنی میں جوابات،
سلسلۂ عالیہ چشتیہ کے اوراد، وظائف، اشغال و مراقبات،

تالیف

مولانا الحاج (کپتان) واحد بخش سیال چشتی صابری

Marfat.com